UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224109
UNIVERSAL
LIBRARY

تهذیب الاخلاق

جلد چهارم

بابت سال تمام سنه ۱۲۹۰ هجري

مطبوعه — مطبع علیگڈه انسٹیٹیوٹ پریس

باهتمام حافظ عبدالرزاق

سنه ۱۲۹۰ هجري مطابق سنه ۱۸۷۳ ع

اطلاع

بخدمت خریداران تہذیب الاخلاق

۱

اُن صاحبوں کو جن کے پاس تہذیب الاخلاق سنہ ۱۲۹۰ ہجری جمع ہی مناسب ہی کہ اب اُس کو ایک جلد میں مجلد فرمالیں اور یہہ ہو ورقہ جس میں پہلا ورق بطور ٹیبتل پیج کے ہی اور دوسرے ورق پر فہرست مضامین ہی اُس جلد کے اول لگادیں تاکہ وہ سب پرچے بصورت کتاب بن جاویں اوز فہرست سے مضامین کا نکالنا جب چاہیں آسان ہوجاوے *

*

فہرست

مضامین تہذیب الاخلاق بابت سنہ ۱۲۹۰ ہجری

نمبر	نام مضمون	نام مصنف	نمبر صفحہ
۱۳۱	ریویو یعنی غور اوپر حالات سال گذشتہ یعنی سنہ ۱۲۸۹ ہجری کے ...	سید احمد	۲
۱۳۲	عقاید سریم مذہب الاسلام متعلق بہ صفات باری جل جلالہ ...	سید احمد	۱۰
۱۳۳	مسئلہ جبر و اختیار ...	سید احمد	۱۱
۱۳۴	گذرا ہوا زمانہ یعنی خواب ایک بچہ کا جسنے اپنے تئیں خواب میں بڈھا دیکھا اور گذرا ہوا زمانہ یاد کیا ...	سید احمد	۱۵
۱۳۵	دارالعلوم مسلمانان کی نسبت مخالفین کے کیدوں کی تصریح	سید احمد	۱۸
ایضاً	نقل خط معصوم علی خاں صاحب	*	۲۵
۱۳۶	بحث و تکرار ...	سید احمد	۲۵
۱۳۷	تدابیر ترقی مسلمانان از جانب گورنمنٹ معہ عبارت انگریزی	سید محمود	۲۸
۱۳۸	مہذب قوموں کی پیروی ...	سید احمد	۳۸
۱۳۹	سوال و جواب نسبت حدیث من تشبہ بقوم فہو منہم ...	سید احمد	۴۰
۱۴۰	سخاوت و گدائی ...	منشی غلام محمد	۴۱
۱۴۱	خط مظہر الحق معہ جواب مولوی مہدی علی صاحب ...	مولوی مہدی علی	۴۲
۱۴۲	فہرست چندہ مدرسۃ العلوم ...	سید احمد	۴۶
۱۴۳	جلسہ عظیم آباد پٹنہ درباب چندہ مدرسۃ العلوم ...	سید احمد	۵۰
۱۴۴	خط بنام ایڈیٹر شمس الاخبار مدراس در تردید مضامین حیدر آبادی نسبت مدرسۃ العلوم	سید احمد	۵۹
*	روئداد اجلاس کمیٹی نسبت ترتیب و درستی کتب ...	سید احمد شامل نمبر ۶۰	
۱۴۵	عزت ...	مولوی مہدی علی	۶۲
۱۴۶	موجودہ تعلیم و تربیت کی شبیہہ	مولوی مہدی علی	۶۵
۱۴۷	مسجد میں جوتا پہنے نماز پڑھنا ...	مولوی مہدی علی	۶۷
۱۴۸	جواب شبہات مولوی علی بخش خانصاحب نسبت مدرسۃ العلوم	سید احمد	۷۰
۱۴۹	تدبیر چندہ مدرسۃ العلوم در لندن	سید احمد	۷۷
۱۵۰	اُمید کی خوشی ...	سید احمد	۸۲
۱۵۱	عربی مدرسہ دیوبند اور مسلمانوں کا جھوٹا دعوی دینداری ...	سید احمد	۸۴
۱۵۲	مضامین کتاب الرحلۃ ...	مولوی مہدی علی	۸۷
۱۵۳	ترقی تعلیم مسلمانان ...	سید احمد	۹۴
۱۵۴	احسان عام ...	مولوی چراغ علی	۹۶
۱۵۵	روئداد مجلس خزنۃ البضاعۃ ...	سید احمد	۱۰۱
۱۵۷	مکاتبہ مولوی مہدی علی بنام کاشف الغطا و کشاف حقیقت	مولوی مہدی علی	۱۰۴
۱۵۸	مہمان و میزبان ...	منشی مشتاق حسین	۱۰۶
۱۵۹	روئداد سب کمیٹی علیگڈہ ...	مولوی محمد سمیع اللہ خاں	۱۱۲
۱۶۰	یازدہ مسایل جنمیں سید احمد اور مولوی مہدی علی متفق ہیں ...		۱۲۲
۱۶۱	تکفیر مسلمانان ...		۱۲۲
۱۶۲	روئداد سب کمیٹی کانگرہ ...	منشی احمد شاہ	۱۳۱
۱۶۳	روئداد کمیٹی خزنۃ البضاعۃ معہ مسودہ قواعد سکرٹ ...	سید احمد	۱۳۴
۱۶۴	الکچر مسلمانوں کی گذشتہ و موجودہ اور آیندہ تہذیب پر	مولوی مہدی علی	۱۳۸
۱۶۵	الکچر رسم و رواج کی اصلاح پر	سید احمد	۱۵۸
۱۶۶	شیعہ مذہب کی روایت اہل کتاب کے ساتھہ کھانا جائز ہونے میں	مولوی مہدی علی	۱۶۶
۱۶۷	روئداد سب کمیٹی مرزا پور ...	منشی محمد اکرام حسین	۱۶۶
۱۶۸	روئداد سب کمیٹی علیگڈہ ...	مولوی محمد سمیع اللہ خاں	۱۷۴
۱۶۹	روئداد صدر سب کمیٹی پنجاب	*	۱۸۲
۱۷۰	روئداد انجمن پنجاب جسمیں سید احمد خاں کو آدریس دی گئی	*	۲۰۴
۱۷۱	روئداد کمیٹی خزنۃ البضاعۃ درباب لینے زمین کے مدرسۃ العلوم کے لیئے ...	*	۲۰۸
۱۷۲	عربی مدرسہ دیو بند اور تقریر مولوی محمد قاسم صاحب درباب ضرورت تعلیم علوم جدیدہ ...	*	۲۰۹

حساب جمع خرچ پرچه تهذیب الاخلاق بابت سنه ۱۲۹۰ هجري *

باقیات سابق بتحویل منیجر ... . اسمالعه ۱۱ر۹ پائي

آمدني زر چنده از ممبران باقیات سنه ۱۲۸۹ هجري *

جناب حضرت مولوي سید امداد علي صاحب بابت سنه ۱۲۸۹ هجري ... ... ــــ

آمدني سالانه از خریداران اخبار *

صفدر حسین خاں صاحب ناظر عدالت گورکھه پور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

محمد معصوم خاں صاحب منصرم عدالت گورکھه پور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

منشي محبوب مسیح صاحب از بندرابن ابتدای سنه ۱۲۸۷ هجري لغایت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري عــه ــــ

مرزا جلال الدین صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

مولوي شجاع الدین حیدر صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

حافظ فضل الرحمن صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

مولوي عبدالستار صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

منشي غلام حسین صاحب صوبه دار رجمنٹ ۲۸ پنجابي بابت سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. للعه

حافظ محمد حسین صاحب از اجمیر بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للعه

منشي محمد مسعود شاه خاں صاحب منصرم منصفي هاترس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

محمد امین الدین خاں صاحب سب انسپکٹر ڈاکخانجات .. فتحپور هنسوا بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... للعه

مولوي رکن الدین احمد صاحب ڈپٹي انسپکٹر مدارس گورکھه پور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

منشي محمد یسین صاحب سکرٹري محمڈن امپرومنٹ ایسوسي ایشن کشنگڑهي ابتدای شوال سنه ۱۲۸۷ لغایت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... عــه ــــ

مولوي شیخ محمد صاحب از محکمه بندوبست اعظم گڈه بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

نصیر الدین احمد صاحب از کلکته بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للعه

منشي سبحان حیدر صاحب سب ڈپٹي کلکٹر دانتنگنج ضلع لوهار ڈگه بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... للعه

منشي حافظ مجتبي کریم صاحب داروغه صفائي شهر بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

سید محمد نورالحسین صاحب منصف مقام آره ضلع شاه آباد بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

مولوي احمد شفیع صاحب هیڈ ماسٹر اسکول وزیرآباد بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

راجه شنبهو نراین سنگه بهادر راجه بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

لاله کولیشر پرشاد صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس ابتدای سنه ۱۲۸۹ هجري لغایت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري ــــ

مولوي عبیدالله صاحب عبیدي پروفسر عربي و انگریزي هوگلي کالج بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

نواب احمدالله خاں صاحب پٹرول پرمٹ از هردا بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

مولوي محمد کریم بخش صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بهادر کونچ ضلع جالون بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للعه

سید غلام حیدر خاں صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بهادر لکهم پور کهیڑي بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... للعه

شیخ فخرالدین احمد صاحب هیڈ ماسٹر ضلع اسکول نرسنگپور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

منشي اودے بهاري لعل صاحب پیشکار کلکٹري بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

گورنمنٹ رپورٹران دي ورنیکیولر پریس آف اپر انڈیا ابتدای سنه ۱۲۸۹ لغایت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري ــــ

مولوي انوارالحق صاحب وکیل عدالت دیواني مرادآباد بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

سید عطاءالله خاں صاحب از ناگپور بابت بقیه سنه ۱۲۹۰ هجري ... . ــــ ۸ر

پادري ایم اے شیرنگ صاحب ایم اے بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

سي جي لایل انڈر سکرٹري گورنمنٹ ممالک مغربي و شمالي ابتدای شوال سنه ۱۲۸۷ لغایت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... عــه ــــ

جناب خلیفه سید محمد حسن صاحب وزیر اعظم ریاست پٹیاله بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للعه

محمد یسین صاحب از بنگلور ابتدای سنه ۱۲۸۷ لغایت سنه ۱۲۸۸ هجري ... ... صه

محمد اکرام الله خانصاحب از دهلي بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للعه

خاں بهادر شیخ عبدالقادر صاحب انسپکٹر پولس پونا بابت بقیه سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... ــــ

منشي محمد رعایت حسین صاحب محافظ دفتر عدالت دیواني بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... للعه

لاله چنني لعل صاحب وکيل عدالت ديواني بنارس بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

مولوي عبيدالله صاحب وکيل هائي کورٹ بابت
سنه ۱۲۸۹ هجري ... ... للاح

بابو محمد شايق صاحب سب اسسٹنٹ سرجن گورکهه پور
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي محمد عبدالستار صاحب وکيل عدالت گورکهه پور
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

سيد محمد علي صاحب سرشته دار اجلاس خاص مهاراجه
پٹياله بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ..

شيخ فخرالدين صاحب نايب صدر عدالت پٹياله بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... . للاح

مولوي عبدالواسع صاحب مدرس لور اِسکول ديواڑي بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... .

لاله چهنون لعل صاحب وکيل عدالت ديواني بنارس بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

خواجه مولوي فضل احمد خاں صاحب ڈپٹي کلکٹر بهادر
بانڈا بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

سيد عبدالحکيم صاحب وکيل عدالت کانپور بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

شيخ الطاف حسين صاحب از کانپور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للاح

سيد مير بادشاه صاحب منصف غازيپور بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي بحال سنگه صاحب سرشته دار نيابت عدالت
صدر ديواني پٹياله بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... للاح

مولوي عبدالقيوم صاحب سب آرڈينٹ جج آگره بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

سيد اقبال علي صاحب وکيل عدالت پرتابگڈه بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... . للاح

مولوي سيد اکرام علي صاحب از کوٹله علاقه فيروزآباد بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

مولوي وارث علي صاحب از الهٰ‌آباد بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للاح

منشي عبدالطيف صاحب رائيٹر کمسريٹ اکزامنر آفس
مدراس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

مولوي احمد حسين صاحب از حيدرآباد دکهن ابتداي
سنه ۱۲۸۷ هجري لغايت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري .. عـه

منشي اجودهيا پرشاد صاحب سب آرڈينٹ جج سهارنپور
ابتداي شوال ۱۲۸۷ لغايت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري عـه

نواب محمد نقي علي خاں صاحب از کاکوري ضلع
لکهنؤ بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

مولوي سيد محمد صاحب از جونپور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للاح

منشي محمد سلطان خاں صاحب ڈپٹي مجسٹريٹ
نهر گنگ ڈيويزن ميرٹهه بابت سنه ۱۲۹۰ هجري للاح

منشي غلام محمد صاحب از بمبئي بهوساروڑه بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

مولوي سيد امير حيدر صاحب از بانکيپور بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

راجه جيکشنداس صاحب بهادر سي ايس آئي بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

مولوي سيد محمد ابو سعيد صاحب از پٹنه ابتداي
شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري ... عـه

نواب محمد محمود علي خاں صاحب بهادر از رامپور
ابتداي شوال سنه ۱۲۸۷ هجري آخر سنه ۱۲۹۰ هجري عـه

منشي محمد مشتاق حسين صاحب نايب تحصيلدار عليگڈه
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري .. ... للاح

خواجه احمد حسن صاحب انسپکٹر پوليس شاهجهانپور
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري .. ... للاح

منشي شيخ احمد مقبه صاحب از بمبئي بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي عين‌الحق صاحب نايب صدر منصرم بندوبست
گونڈه منجمله قيمت بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... عصا

حضور عالي جناب مهاراجه صاحب بهادر بنارس
کاشي نريش دام اقباله ابتداي شوال سنه ۱۲۸۷
لغايت آخر سنه ۱۲۹۰ هجري ... .. عـه

ظهيرالدين محمد ابوالعلي صاحب از رنگ پور ابتداي
شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري ... للاح

منشي محمد ذکاءالله صاحب پروفسر ميور کالج الهٰ‌آباد
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. للاح

مولوي زين‌العابدين صاحب وکيل عدالت مين پوري بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... . للاح

راى بهادر پنڈت دهرم نارائن صاحب بهادر مير منشي
رزيڈنسي اندور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... للاح

مولوي نورالحق صاحب مدرس عربي مشن اِسکول
گورکهه پور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. للاح

منشي حشمت حسين صاحب از مظفر پور ضلع ترهت
منجمله قيمت بابت سنه ۱۲۹۰ هجري .. صم

۱۳/

محمد عبدالمجيب صاحب سکرٹري کتب خانه زمرهٔ احباب
بنگلور بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... .. للاح

هائي اِسکول اودهيانه از ابتداى شوال سنه ۱۲۸۷
لغايت سنه ۱۲۸۹ هجري ... ... للاح

هائي اِسکول اودهيانه منجمله قيمت بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري .. ..

مرزا حشمت بهادر صاحب از قصبه ٹيکاري ضلع گيا
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... .

شيخ محمد کريم صاحب عطا زميندار اعظم گڈه بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. للاح

خاں بهادر محمد حيات خاں صاحب سي ايس آئي
اسسٹنٹ کمشنر بهاگسو ضلع کانگڑه بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري .. .. سح

سيد فيض‌الحسن صاحب اورسير از دپال پور بابت
سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي محمد عبدالله صاحب مدرس چے نرايں کالج
بنارس بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

سيد حسن عسکري صاحب سرشته دار کلکٹري بهاگل پور
بابت سنه ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي سيد ابراهيم حسيني صاحب از بنگلور ابتداي
شوال سنه ۱۲۸۷ لغايت سنه ۱۲۸۸ هجري ... صم

مستر ایف . ایچ بیرنگ صاحب از آگرہ بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

راجہ سید محمد حسن صاحب از دیو بند ضلع سہارن پور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي تفضل حسین صاحب سرشتہ دار مال ضلع بستي بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... . للاح

منشي محمد عنایت علي صاحب از مرادآباد منجملہ قیمت بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... .. عصا

مولوي منیرالدین صاحب منصف جون پور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري . ... للاح

محمد عبداللہ صاحب زمیندار از مین پوري ابتداي شوال ۱۲۸۷ لغایت آخر سنہ ۱۲۹۰ هجري ... عـہ ـت

حافظ احمد رضا صاحب وکیل عدالت صاحب گنج ضلع گیا ابتداي شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت آخر سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... عـہ ـت

منشي محمد مظفر حسین صاحب سب کلکٹر سکندرآباد ابتداي شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت آخر سنہ ۱۲۹۰ هجري معہ جلد بندي .. .. عـہ ـت

فضل اللہ صاحب از بانکے پور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري للاح

ڈاکٹر صدرالحق صاحب سب اسسٹنٹ سرجن پٹنہ ابتداي شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت آخر سنہ ۱۲۹۰ هجري عـہ ـت

مولوي محمد ابوالحسن صاحب منصف تاج پور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

محمد نصیرالدین صاحب سکرٹري کمیٹي مناظرۃالحکمت مرزا پور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

امام الدین خانصاحب از بنارس بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري للاح

مولوي محمد امین الدین صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... .. للاح

ماسٹر محمد خدا بخش خاں صاحب ناظم نہر از پٹیالہ بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

منشي محمد سعید صاحب سرشتہ دار فوجداري بلند شہر بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... . للاح

سید محمد مرتضي صاحب از میرٹھہ بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري .. .. للاح

دو جلد اخبار جو لاہور میں فروخت ہوئي ابتداي شوال سنہ ۱۲۸۷ لغایت سنہ ۱۲۸۹ هجري ... للاح

مولوي عبدالصمد صاحب وکیل عدالت غازي پور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

سید فدا حسین صاحب سب انسپکٹر پولیس بنارس بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... . للاح

نواب علي محمد خاں صاحب بہادر جھجروالہ از لودھیانہ بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري .. ... للاح

راجہ جگت سنگھ بہادر از تاجپور بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري للاح

منشي فضل ربي صاحب ملازم نواب ناظم بنگال مقیم لندن بابت سنہ ۱۲۹۰ هجري ... ... للاح

بابت محصول روانگي اخبار بمقام لندن ... .. ـے

مولوي سید عبداللہ صاحب پروفسر انگریزي و فارسي راجکمار کالج بابت محصول اخبار سنہ ۱۲۹۰ هجري عصا ۸ر

سید لعل محمد صاحب خلف سید رحم علي صاحب از اجمیر بابت محصول اخبار سنہ ۱۲۹۰ هجري .. عصا

بابت قیمت پرچہ هاي متفرق .. .. .. ـے ۷ر

پیشگي جو خریداروں سے وصول هوا بابت سال آیندہ *

مولوي سید فضل الرحمن صاحب از پٹنہ بابت سنہ ۱۲۹۱ هجري .. .. عصا

مولوي شیخ محمد صاحب از اعظم گڈہ بابت سنہ ۱۲۹۱ هجري ... ... عصا

مولوي وارث علي صاحب از الہ آباد بابت سنہ ۱۲۹۱ هجري ـے

شیخ محمد کریم صاحب عطا زمیندار از اعظم گڈہ بابت سنہ ۱۲۹۱ هجري ... .. عصا

محمد عبداللہ صاحب زمیندار از مین پوري بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري ... ... للاح

ڈاکٹر محمد صدرالحق صاحب سب اسسٹنٹ سرجن پٹنہ بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ و سنہ ۱۲۹۲ هجري عصا

حافظ فضل الرحمن صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سنہ ۱۲۹۱ هجري ... . للاح

امام الدین خاں صاحب از بنارس بابت ۱۲۹۱ هجري للاح

لالہ کولیشر پرشاد صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري .. .. للاح

مولوي محمد عبدالستار صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري ... للاح

بابو مادهو داس مدہ سودن داس صاحب رئیس بنارس بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري ... .. للاح

سید محمد میر بادشاہ صاحب منصف غازي پور بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري .. ... للاح

مولوي شجاع الدین حیدر صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري للاح

منشي محمد مظفر حسین صاحب سب کلکٹر سکندرآباد بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري ... للاح

حکیم محمد امجد علي خاں صاحب تحصیلدار متهرا بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري ... ... للاح

لالہ انند سہای صاحب تعلقہ دار فتح پور هنسوا بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري ... .. للاح

منشي محمد مسعود شاہ خاں صاحب منصرم منصفي هاترس بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري .. للاح

منشي محبوب مسیح صاحب از متهرا بابت سنہ ۱۲۹۱ هجري ... ... للاح

سید فدا حسین صاحب سب انسپکٹر پولیس بنارس از ابتداي محرم سنہ ۱۲۹۱ لغایت ۱۵ صفر سنہ ۱۲۹۱ هجري ۸ر

راي بہادر پنڈت دهرم نارایں صاحب میر منشي رزیڈنسي اندور بابت سال تمام سنہ ۱۲۹۱ هجري للاح

مولوي امين‌الدين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري ... ... للعه

منشي محمد رعايت حسين صاحب محافظ دفتر عدالت
ديواني بنارس بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

راجه شنبهو نراين سنگه بهادر راجه بنارس بابت سال
تمام سنه ۱۲۹۱ هجري ... . للعه

مولوي سيد امير حيدر صاحب از بانكے پور بابت سال
تمام سنه ۱۲۹۱ هجري ... . للعه

راجه جگيكشن داس بهادر سي ايس آئي بابت سال تمام
سنه ۱۲۹۱ هجري ... ... للعه

سيد جعفر حسين صاحب وكيل عدالت ديواني بنارس
بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. للعه

نواب علي محمد خاں صاحب جهجروالہ از لودهيانه
بابت سنه ۱۲۹۱ هجري ... ... للعه

مرزا حشمت بهادر صاحب از قصبه ٹيكاري ضلع گيا
بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري .. ... للعه

مولوي سيد زين‌العابدين صاحب وكيل عدالت مين پوري
بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري ... .. للعه

ٹهاكر گر پرشاد سنگه صاحب رئيس بيسواں بابت
سنه ۱۲۹۱ هجري .. .. .. للعه

جناب عالي خليفه سيد محمد حسن صاحب وزير اعظم
رياست پٹياله بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري للعه

راجه جگت سنگه بهادر از تاج پور بابت سال تمام
سنه ۱۲۹۱ هجري .. ... للعه

مولوي سيد محمد ابو سعيد صاحب از پٹنه بابت سال
تمام سنه ۱۲۹۱ لغايت ۱۵ صفر سنه ۱۲۹۲ هجري للعه ۸/

مولوي فخرالدين خاں صاحب ڈپٹي انسپكٹر مدارس
بدايوں بابت سال تمام سنه ۱۲۹۱ هجري .. للعه

ميزان كل الـ ماركه ۱۵/۹ پائي

اخراجات بابت سنه ۱۲۹۰ هجري *

خريد كاغذ از لندن معه اخراجات كرايه جهاز و ريل وغيره مار ۸/

أجرت چهپائي معمولي .. .. ما للعه ۱۲/

بابت كام زايد كي بطور ٹهيكه .. ... لـه ۰۸/

أجرت چهپوائي ٹكٹ نامونكي جو لفافه پر لگائي
جائي هيں ... . عـه ۰۲/

أجرت چهپوائي خطوط بنام خريداران بطلب زر چنده
محصول خطوط و تقسيم پرچه تهذيب‌الاخلاق معه محصول
آمد رفت صندوقهاى پرچه مذكور از عليگڈه و بنارس ما ص ۱۰/

چار عدد الماري واسطے ركهنے تهذيب الاخلاق كے ـــه
مُهر جس سے نمبر رجسٹري لفافه پر چهاپه جاتا هى صم
ٹيسبندي پرچهاى سنه ۱۲۸۹ هجري ... ... سـه
تنخواه محرر معمولي بابت يک سال ... .. ـــه
تنخواه محرر جديد من ابتداى ۲۲ فروري سنه ۱۸۷۳ع
لغايت آخر جنوري سنه ۱۸۷۴ ع ... مابـه ۱۲/

واضع هو كه يهه محرر جديد تهذيب‌الاخلاق اور كميٹي
مدرسه مسلمانان دونونكا كام كرتا هى مگر إسكي كُل
تنخواه تهذيب‌الاخلاق كي حساب ميں إسليئے
ڈالدي گئي هى كه كميٹي مدرسه مسلمانان ميں
كفايت هو اور اُميد هى كه ممبران تهذيب‌الاخلاق
إسكو نا پسند نفرماويں گے ۞

أجرت چهپوائي پرچه حساب ... . عـه

ميزان كُل الـ ماركه ۱/۶ پائي

باقي بتحويل منيجر لـه ۱۲/۳ پائي

جن لوگوں كا چنده تاريخ پندرهويں ذي‌الحجه سنه ۱۲۹۰ هجري كے بعد آيا هى وه سنه ۱۲۹۱ هجري كي حساب كے ساتهه چهاپا جاوے گا ۞

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم محرم الحرام سنہ ۱۳۰۴ ۱۱۹۰ ھجری نبوی [نمبر ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار انہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

تہذیب الاخلاق
یکم محرم سنہ ۱۲۹۰ هجري
سنہ ۱۳۰۴ فصلي

شروع سال جدید

شروع سال جدید

مضمون نمبر ۲۰۳

اختتام سال سنہ ۱۲۸۹ هجري

و

شروع سال سنہ ۱۲۹۰ هجري

شکر خدا کا کہ نواسي سنہ تمام هوگیا — همارے اس پرچہ کو جاري هوئے سوا دو برس هوئے — همکو خیال کرنا چاهیئے کہ پچھلے سال میں مسلمانوں کي ترقي تعلیم و تہذیب میں کیا کچھہ هوا اور همارے اس پرچہ نے کیا کیا اور لوگوں نے اسکو کیا کہا اور همنے اپني قوم سے کیا سہا *

حال خود و یاران خود

همارے اور هماري قوم کے حال پر حافظ کا یہہ شعر بالکل ٹھیک هی

بدم گفتي و خورسندم عفاک اللہ نیکو گفتي
جواب تلخ می زیبد لب لعل شکر خارا

پرانے دل بعضے تو همکو برا کہتے کہتے ٹھنڈے هوگئے اور بعضے مہربان اب اَور نئے دل جوش پر هیں اور همکو برا کہنے پر نہایت تیز زبان مگر همارا دل اپنے کام سے ٹھنڈا نہیں هی همکو وهي جوش محبت و همدردي اپني قوم کے ساتھہ هی اُنکي دین دنیا کي بھلائي اور تہذیب و شایستگي کي دن رات فکر هی اُن کے غصہ سے همکو رنج نہیں اُن کي سخت کلامي کا همکو غم نہیں کیونکہ هم جانتے هیں کہ وہ نہیں جانتے اور هم سمجھتے هیں کہ وہ نہیں سمجھتے — جوکچھہ کہ وہ کرتے هیں هم جب هي سے جانتے تھے جب کہ وہ نکرتے تھے *

من عہد تو سخت سست میدانستم
بشکستن آں درست میدانستم
هر دشمني اے دوست کہ بامن کردي
آخر کردي نخست میدانستم

همکو پچھلوں کے حالات سے اور خود اپنے دادا محمد رسول اللہ صلعم کے حالات سے بالکل تسلي هی هم دیکھتے هیں کہ جن لوگوں نے عام بھلائي پر کمر باندهي اور عام برائي کا هوکرنا چاها اور اپني قوم کي بہتري اور بہبودي میں کوشش کي تو اُنکو دنیا کے هاتھہ سے اور بالتخصیص اپني قوم کے هاتھہ سے کیا ملا — کوئي سولي دیا گیا کوئي آرہ سے چیرا گیا کوئي جلا وطن کیا گیا پس همکو جو اپني قوم کے هاتھہ سے هونا چاهیئے تھا اُسکا کروڑواں حصہ بھي ابھي نہیں هوا *

همکو دیکھنا چاهیئے کہ هماري قوم نے هم سے کیا کیا ؟ کچھہ نہیں کیا بھت کیا تو یہہ کیا کہ دوچار خط گمنام سب و دشنام کے لکھہ بھیجے همنے شکر کیا کہ همارا تو کچھہ نہیں بگڑا اور اُنکا دل ٹھنڈا هوگیا *

اس سے زیادہ کسیکر غصہ آیا اور کوئي اخبار نویس بھي اتفاق سے اُنکا دوست هوا یا دو پتھر اور ایک کاٹ کي نل اُنکے هاتھہ میں هوئي تو اُنهوں نے اپنے دل کے غصہ کو جھوٹ سچ باتیں چھاپ کر یا چھپواکر ٹھنڈا کیا — هم تو اسپر بھي راضي هیں مگر اُس دن کا همکو افسوس هی جبکہ وہ لوگ خود اپني باتوں پر افسوس کرینگے اور سمجھینگے جو سمجھینگے *

همکو ملحد اور زندیق اور لا مذهب کہنا کچھہ تعجب نہیں هی کیونکہ هماري قوم نے خداے واحد ذوالجلال کے سوا باپ دادا کي رسم و رواج کو اور اپنے قدیمي چال چلن کو دوسرا خدا مانا هی اور پیغمبر آخرالزماں محمد رسول اللہ کے سوا اور بھت سے پیغمبر پیدا کیے هیں کتاب اللہ کے سوا انسانوں کي بنائي هوئي بھت سي کتابوں کو قرآن بنایا هی اور هم اُس جھوٹے خدا اور فرضي پیغمبروں اور جعلي قرانوں کو ایسے هي برباد کرنے والے هیں جیسے همارے جد امجد ابراهیم اپنے باپ آذر کے بتوں کے توڑنے والے تھے هم سچے خداے واحد ذوالجلال کا جلال اور سچے پیغمبر محمد رسول اللہ کي نبوت اور سچي کتاب اللہ کي اطاعت دنیا میں قایم کرني چاهتے هیں پھر وہ لوگ همکو ملحد و زندیق و لا مذهب نہ کہیں اور نہ سمجھیں تو کیا کہیں اور کیا سمجھیں کیونکہ هم اُن کے خداؤں اور پیغمبروں اور قرانوں کو نہیں مانتے *

مگر طرفہ یہہ هی کہ همکو کرسٹان بھي کہتے هیں اور هماري قوم کے ایک اخبار نویس نے چھاپا کہ هم عیسائي هوگئے اور ایک گرجا میں جاکر بپتسما یعني اصطباغ لیا — همکو اپني قوم کے حال پر نہایت افسوس آیا کہ اب هماري قوم کا یہہ حال هوگیا هی کہ علانیہ جھوٹ بولنے اور جھوٹ چھاپنے میں کچھہ شرم و غیرت و حیا نہیں آتي — قومي همدردي جو خدا کي ایک بڑي نعمت هی خدا نے هماري قوم کے دل سے کیسي مٹا دي هی کہ اُس شخص کو یہہ بھي غیرت نہیں هوتي کہ میں ایک مسلمان شخص کي نسبت کس دل اور غیرت سے ایسي جھوٹ بات چھاپ دوں — ان باتوں سے همکو بلحاظ اپني ذات کے کچھہ بھي رنج نہیں هوتا مگر جو رنج اور غم اور افسوس هوتا هی وہ یہي هوتا هی کہ افسوس هماري قوم پر خداکي کیسي خفگي هی جو ایسي حالتوں میں گرفتار هی ربنا ظلمنا انفسنا و ان لم تغفر لنا و ترحمنا لنکونن من الخاسرین *

کانپور سے همکو مختلف صورتوں میں عجیب عجیب آوازیں آتي هیں جناب حاجي مولوي سید امدادالعلي صاحب ڈپٹي کلکٹر بہادر نے جو رسالہ مطبوعہ همارے پاس بھیجا هی اُس میں یہہ مضمون بطور نصیحت لکھا هوا هی *

"بعض اہالیان ہند نے واسطے دھوکا دینے حکام وقت کے اپنا طریقہ مذہبی اور لباس ملکی اور وضع قومی چھوڑ کر برخلاف اپنے ہم مذہبوں اور ہموطنوں اور ہم قوموں اور ہم پیشوں کے جانب اور بتلون پہننا اور میز و کرسی پر بیٹھکر چھوری کانٹے سے کھانا اور وہ ہیئت جو نصرانیوں کی ہی بنانا اس مواد سے اختیار کیا ہی کہ ہمکو حکام وقت جنکے لباس و طعام کی یہہ وضع ہی اپنا مخلص اور مطیع اور پیرو جانیں اور اُن کے محکومین ہمکو حکام کا ہمسر مانند صاحب لوگوں کے سمجھیں سو نتیجہ اُن کی خبث طینت کا کہ مکر و دغا ہی یوں ظاہر ہی کہ اکثر حکام سوا فریبی دغاباز سمجھنے کے اُن کو کچھہ اچھا نہیں جانتے ہیں اور اُن کی وضع اور چلن کو بالکل پسند نہیں کرتے ہیں اگرچہ بعض حکام ظاہر میں پاداش منش اُنکی حال شکنی اس وجہہ سے نہیں کرتے ہیں کہ خیال اُن کا یہہ ہی کہ شاید اُن کے ذریعہ سے اہل اسلام کے عقاید میں کچھہ فتور آسکتا ہی اور اُن کے دلوں میں ہمارے مذہب کی طرف کچھہ رغبت پیدا ہوسکتی ہی حالانکہ اس خیال کا وقوع میں آنا ہرگز ممکن نہیں ہی اس لیئے کہ ان صاحبوں کی بے اعتباری نے اہل اسلام کی طبیعتوں میں اس طرح رسوخ نہیں پایا ہی کہ کوئی بات ان کی نکالی ہوئی یا کہی ہوئی یا لکھی ہوئی وہ قبول کرسکتے ہوں بلکہ میرا گمان یہہ ہی کہ کوئی مسلمان کسی سچی راے کو بھی اُن کے ذریعہ سے صحیح اور درست نہیں سمجھہ سکتا ہی بہر حال یہہ اہالیان ہند کسیطرح اپنی مراد اس طریقہ سے نہیں پاسکتے ہیں بلکہ اپنی بدنیتی سے خسر الدنیا و الآخرۃ ہوسکتے ہیں انا للہ و انا الیہ راجعون" *

اگرچہ اس تحریر کی وجہہ لوگ اور ہی کچھہ خیال کرتے ہیں مگر ہم اُنکی اسی بات کا کہ اُنہوں نے ہمکو اپنے ہم مذہبوں اور ہم وطنوں اور ہم قوموں میں شمار کیا شکر ادا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ

عمرت دراز باد کہ ایں ہم غنیمت است

مگر جب تھوڑی دور اور اُس رسالہ کو پڑھتے جاتے ہیں تو پھر یہہ نقرہ اپنی نسبت پاتے ہیں *

"مفتی سعد اللہ صاحب کا فتوی تکفیر میں جناب سید احمد خاں صاحب کے جو ترجمہ تاریخ پر مرتب ہوا ہی راقم کے پاس موجود ہی معلوم نہیں کہ سید احمد خاں صاحب کے حواریین اُس فتوے پر بھی ایمان رکھتے ہیں یا نہیں" *

پہلے تو ہم گھبرائے کہ یہہ مفتی سعداللہ صاحب کون ہیں وہی ہیں جنکو ہم نے دلی میں دیکھا ہی — اور یہہ وہی مفتی سعداللہ صاحب ہیں جنہوں نے لکھنؤ میں ایک نیکبخت مسلمان آل رسول ابن علی اولاد نبی کے کفر اور قتل کا فتوی دیکر عشرۂ محرم میں اُنکا سر ہنومان گڑھی سے نیزہ پر چڑھاکر لکھنؤ میں لانا چاہا تھا تو ہمارا دل ٹھنڈا ہوگیا اور سمجھے کہ آل رسول کے قتل و کفر پر فتوی دینا اُن کا قدیمی پیشہ ہی *

مگر جو صاحب ہماری تکفیر کے فتوی لینے کو مکہ معظمہ تشریف لیگئے تھے اور ہمارے کفر کی بدولت اُن کو حج اکبر نصیب ہوا اُن کے لائے ہوئے فتووں کے دیکھنے کے ہم مشتاق ہیں —

بہ بیں کرامت بتخانہ مرا اے شیخ
کہ چوں خراب شود خانہ خدا گردد

سبحان اللہ ہمارا کفر بھی کیا کفر ہی کہ کسیکو حاجی اور کسیکو ہاجی اور کسیکو کافر اور کسیکو مسلمان بناتا ہی واللہ در من قال

باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست
در باغ لالہ روید و در شور بوم خس
ترانم آنکہ نیازارم اندروں کسی
حسود را چکنم کوز خود برنج درست

اب ہمارے محبوب مہدیعلی اور ہمارے عزیز مشتاق حسین کا حال سنو — یہہ ہمارے دونوں دوست ایسے ہیں جنکا حال کچھہ چھپا نہیں ہی مولوی مہدیعلی کا علم اُسکی ذاتی خوبیاں اُسکی پیاری پیاری باتیں اُسکی سچی ایمانداری اُسکی فصیح تقریر اس قابل ہیں کہ اگر ہماری قوم کے دلکی آنکھیں اندھی نہوتیں تو اُسکے نام سے فخر کیا کرتے *

منشی مشتاق حسین کی ذاتی نیکی اور نہایت سخت دینداری بے ریا عبادت سچی خدا پرستی غایت تشدد سے نماز و روزہ اور احکام شریعت کی پابندی جو درحقیقت بے مثل ہی اس لایق تھی کہ اگر ہماری قوم پر خدا کی خفگی نہوتی تو اُس سے مسلمانی کو فخر سمجھتے *

مگر خدا نے ایسا اپنا غضب ہماری قوم پر نازل کیا ہی کہ ایک راے یا ایک مسئلہ یا ایک ابائی رسم و رواج کے اختلاف کے سبب ایک کو نہایت حقارت سے حواری جس سے اشارہ عیسائی کا نکلا ہی اور دوسرے کو ملحد کا خطاب دیا ہی کبرت کلمۃ تخرج من افواھھم ان یقولون الا کذبا مگر ہمارے ان دونوں دوستوں کو خدا کا شکر کرنا چاہیئے کہ اُنکو بعوض سچائی اور دینداری کے یہہ خطاب اُنہی کی قوم سے ملے ہیں جنکی وہ بہتری چاہتے ہیں *

نیک باشی و بدت گوید خلق * بہ کہ بدباشی و نیکت گویند

باایں ہمہ ہم خود اپنے مخالفوں کے نہایت مداح و ثنا خواں ہیں اور دل سے اُنکی تعریف کرتے ہیں کیونکہ ہم یقین کرتے ہیں کہ اُن میں سے اکثر صرف حمیت اسلامی کے سبب اور بعض اپنی جبلت اور اپنی خلقی سخت مزاجی اور کجرائی کے سبب ہماری مخالفت کرتے

تہذیب الاخلاق
یکم محرم سنہ ۱۲۹۰ ھجری
سنہ ۱۳۰۳ نبوی

شروع سال جدید

ھیں پس ھمارا اور ھمارے اکثر مخالفوں کا مطلب واحد ھی ھم دونوں اسلام کے خیر خواہ اور اپنی قوم کی ترقی چاھنے والے ھیں صرف ھم میں اور ھمارے اُن مخالفوں میں اتنا فرق ھی کہ جو کچھہ ھمنے سمجھا اور سوچا اور دیکھا ھی وہ اُنھوں نے سوچا سمجھا دیکھا نہیں جب اُنکے دلکو بھی خدا وہ باتیں سوجھاویگا جو ھمکو سوجھائی ھیں تو وہ بھی ھمارے ساتھہ متفق ھوجاوینگے زید ابن ثابت ابوبکر صدیق اور عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالی عنھم سے جمع قران پر مخالفت ھی کرتے رھے جب تک کہ خدا نے زید ابن ثابت کے دلکو وہ باتیں نہیں سوجھائیں جو ابوبکر و عمر کو سوجھائیں تھیں لیکن جب سوجھائیں تو اُنھوں نے بھی تسلیم کیا کہ واللہ خیر پس ھم اپنے مخالفین کے لیئے یہی دعا خدا سے مانگتے ھیں کہ اللھم اشرح صدور ھم للذی شرحت لہ صدری — آمین *

ذکر پرچہ تہذیب الاخلاق

گذشتہ سال میں بسبب خاص ضرورتوں کے حالات مدرسۃالعلوم مسلمانان زیادہ تر اس پرچہ میں چھاپے گئے اسپر بھی بہت سے وہ مضامین بھی جنکے لیئے یہہ پرچہ موضوع ھی مندرج ھوئے *

ھم نے اپنی قوم کی موجودہ برائی اور اُن کی آیندہ کی بھلائی جہاں تک کہ ھوسکی اُن کو دکھائی مذھبی نقایص جو اُنھوں نے یھود و نصاری کی روایتوں سے اور ھندوؤں کے میل جول سے اختیار کیئے ھیں بد رسم و رواج جو اُن میں شامل اعمال ھوگئے ھیں اخلاق کی برائیاں جو اُن میں خرابی تربیت سے آگئی ھیں اُن کی کتب مروجہ تعلیم کی خرابیاں جس سے وہ کتابیں بے سرد ھوگئی ھیں سب کچھہ اُن کو بتلایا ھی *

علم ادب اور علم انشاء سے بھی ھمنے غفلت نہیں کی کیونکہ ھمنے اپنے آرٹیکلوں کو اُس طرز جدید صاف و سادہ پر لکھا ھی جو دل میں سے نکلنے والی اور دل میں بیٹھنے والی ھی اُس طرز پر لکھنے سے اپنی قوم کو موجودہ علم انشاء کی برائی کا بتلانا اور اُس میں تبدیل کی ضرورت کا ھونا سمجھایا ھی اور اگر ھمارا خیال غلط نھو تو ھمنے اپنی قوم میں اُسکا کچھہ اثر بھی پایا ھی *

ھمنے نامی یورپ کے عالموں ادیسن اور اسٹیل کے مضامین کو بھی اپنی طرز اور اپنی زبان میں لکھا ھی جہاں کہ ھمنے اپنے نام کے ساتھہ اے . ٹی اور ایس . ٹی کا اشارہ کیا ھی اور اپنی قوم کو دکھایا ھی کہ مضمون لکھنے کا کیا طرز ھی اور ھماری اُردو زبان میں اُن خیالات کے ادا کرنے کی کیا کچھہ طاقت ھی اور اگر ھماری قوم اسپر متوجہہ ھو تو کسقدر اَور زیادہ خوبی اور صفائی اور سادگی اُس میں پیدا کرسکتی ھی *

یہہ تو ھمنے سنا کہ بعض لوگوں نے ھمارے پرچہ کا نام تھذیب الاخلاق اور تھذیب الاناق رکھا ھی جس طرح کہ ایک پرانی قوم نے قولوا حطۃ نغفرلکم خطایا کم و سنزید المحسنین کی جگہہ حنطۃ پڑھا تھا مگر ھمنے کوئی تحریر بطور ریویو کے اسپر نہیں دیکھی جس میں بطور ایک عادل حاکم کے اُس کی بھلائی برائی پر مفصل راے دی ھو *

بعض دوستوں نے ھمارے پاس خط بھیجے ھیں جن سے معلوم ھوتا ھی کہ وہ ھماری تحریر کو اور سادگی عبارت کو پسند کرتے ھیں اور ھمارے مضمونوں کو بھی عمدہ سمجھتے ھیں ھمارے ایک انگریز دوست نے ھمکو لکھا کہ تھذیب الاخلاق نے یہہ ثابت کردیا کہ اُردو زبان میں بھی ھر قسم کے مضامین اور خیالات عمدگی اور سادگی سے ادا ھوسکتے ھیں اور یہہ بھی ثابت کیا کہ مذھب اسلام ایسا تنگ و تاریک رستہ نہیں ھی جیسا کہ اب تک سمجھا جاتا تھا *

ھمکو اس بات کے معلوم ھونے سے بھی بڑی خوشی ھی کہ ھمارے مخالف ھمارے دوستوں سے بھی زیادہ اس پرچہ کے مشتاق رھتے ھیں اور اس سے بھی زیادہ خوشی یہہ ھی کہ لوگ اس کے مضامین پر بحث کرتے ھیں اور رد و قدح پر متوجہہ ھیں بعض اخبار نویسوں نے ھمارے مضامین کے رد کرنے کا پیشہ اختیار کیا ھی اور بعض جگہہ ھمارے مضامین پر بنظر تردید بحث کرنے کو مجلسیں مقرر ھوئی ھیں بعض صاحب اس بات پر متوجہہ ھیں کہ اپنی پرانی ھی کملی کو ھر مجلس کے لایق ثابت کریں کانپور و گورکھپور و مرادآباد سے اُن مضامین کی تردید میں رسالے نکلے ھیں اور نکلنے والے ھیں — یہہ تمام واقعات ھمارے لیئے نہایت مبارک آثار ھیں کیونکہ اگر یہہ سب باتیں معرض بحث میں نہ آتیں تو ھمکو اپنی تحریروں کے موثر ھونے کا کچھہ بھی یقین نھوتا جو عمارت بغیر گہرا کھودے بنتی ھی وہ جلد ڈھے جاتی ھی وھی مسائل انجام کو ھر دل عزیز ھوتے ھیں جو بعد مباحثہ قایم رھتے ھیں سونا اگر آگ میں نہ تایا جاوے تو کبھی گلرخوں کے گلے کا ھار نہو ھمارا قول ھی کہ " سچ میں بھی کوئی ایسی کرامات نہیں ھی کہ وہ از خود لوگوں کے دلوں میں بیٹھہ جاوے اُس میں جو کچھہ کرامات ھی وہ یہی ھی کہ مباحثہ کا اُسے خوف نہیں ھے *

ھمکو اس بات سے بھی خوشی ھوئی ھی کہ ھمارے پرچہ کا ایک مضمون ھمارے ملک کے نامی عربی اخبار النفع العظیم لاھل ھذا الاقلیم مطبوعہ ۱۴ ذیقعدہ میں بزبان عربی ترجمہ ھوکر چھپا ھی — اور مسٹر ادیسن کا ایک مضمون اُمید پر جو ھمنے اپنی زبان اور اپنی طرز پر چھاپا تھا وہ دوسری طرح پر بطور ترجمہ پٹیالہ اخبار مطبوعہ

۲۰ جنوری سنہ ۱۸۷۲ع میں چھپا ھی اور اس سے ھمکو اُمید ھوتی ھی کہ جو راہ ھم اپنے بھائیوں کو دکھانی چاھتے ھیں وہ اُسکو پسند بھی کرتے ھیں —

در دلش تسلیم و برلب حرف انکار وصال
کوش گر بد بشنود چوں دل زاندازش خوش است

اثر تہذیب الاخلاق کا دلوں پر

اگرچہ ھم یہہ نہیں کہہ سکتے کہ اس پرچہ نے لوگوں کے دلوں پر بہت کچھہ اثر کیا مگر اتنا تو ضرور کہتے ھیں کہ کچھہ تو اثر کیا ھی ھماری قوم کے دل جو مردہ ھوگئے تھے اُن میں ایک تحریک تو ضرور آگئی ھی ھو ایک دل میں کسی نہ کسی بات کا جوش ھی کوئی اُسکے مضامین ھی کی تردید کی فکر میں ھی کوئی ھماری تکفیر کی دھن میں ھی کوئی ھماری تحریروں کو سراھتا ھی کوئی اُن سراھنے والوں کو لعنت و ملامت کرتا ھی مگر ایک نہایت خوشی کی بات یہہ ھی کہ بہت لوگوں کو یہہ خیال ھوگیا ھی کہ بلاشبہہ ھماری قوم خراب ھوتی جاتی ھی اُس کے لیئے کچھہ کرنا چاھیئے اگر در حقیقت ھماری تحریروں نے ایسا اثر کیا ھو تو ھمکو یقین کرنا چاھیئے کہ ھماری مراد حاصل ھوگئی *

ھمارے ایک دوست نے ھم سے نقل کی کہ ضلع سہارنپور میں ھمارے حال پر بحث ھو رھی تھی ایک شخص نے کہا کہ اُس کے مسلمانوں کے دوست ھونے میں تو کچھہ شک نہیں مگر نادان دوست ھی ایک صاحب نے کہا کہ ھی تو وہ کرسٹان مگر ھماری قوم کی بھلائی اور ترقی اگر ھوگی تو اُسی کرسٹان سے ھوگی — یہہ نقل سنکر میں نہایت خوش ھوا اور میں نے کہا کہ اگر درحقیقت سمجھے ایسا ھو تو اس کرسٹانی کے خطاب پر ھزار مسلمانی نثار ھی —

قسمت نکرد کہ کشتہ شمشیر عشق یافت
مرگے کہ زندگان بدعا آرزو کنند

صائب نے خود ایک ناواقف شاعر سے پوچھا کہ صائب کیسا شعر کہتا ھی اُس نے نہایت دلی جوش سے کہا کہ آں قرمساق ھمہ خرش میگوید صائب کہتا ھی کہ جیسی عزت مجھکو قرمساق کے لفظ سے حاصل ھوئی اعلی سے اعلی خطاب سے بھی ممکن نہیں اسیطرح خدا کرے کہ یہہ لفظ کرسٹان کا میرے لیئے عزت قومی کا باعث ھو *

اسکا اثر تعلیم و تربیت پر

اس میں کچھہ شک نہیں کہ ھماری کوششوں نے مسلمانوں کی تعلیم پر اثر نمایاں کیا ھی اب جس مسلمانی مدرسہ میں جاتے ھیں اور جن طالبعلموں سے ملتے ھیں اتنی بات تو ضرور سنتے ھیں کہ جو طریقہ تعلیم بالفعل مقرر ھی وہ بلاشبہہ تبدیل کے لایق ھی بہت سی کتابیں ایسی درس میں داخل ھیں جنسے عمر ضایع ھوتی ھی بعض علوم ایسے پڑھائے جاتے جو نہ دین کے کام کے ھیں نہ دنیا کے جو شخص کہ فارغ التحصیل ھوگیا ھو اگر اُس کے حال پر غور کرو تو صاف معلوم ھوگا کہ دین کے کام کا ھونا تو معلوم دنیا کے بھی کسی کام کا نہیں ھوا *

بہت سے لوگوں کی خواھش معلوم ھوتی ھی کہ کسی طرح علوم و فنون جدیدہ چپکے سے اُنکے ھاتھہ آجاویں مگر شرماتے ھیں اور علانیہ اُنکی خواھش کرنے میں اپنی مولویت اور قدوسیت کی کساد بازی سمجھتے ھیں *

جا بجا مسلمانوں کے مدرسے قایم ھوتے جاتے ھیں اور ھر جگھہ اُن کے قایم کرنے کا چرچا ھی — مولوی محمد سخاوت علی صاحب نے جنکی برکت سے قصبہ انبہٹہ ضلع سہارنپور میں ایک مسلمانی مدرسہ قایم ھوا ھی ھمارے ایک دوست سے فرمایا کہ " اگرچہ پہلے بھی ھمکو اپنی قوم کی بھلائی کی فکر تھی مگر کوئی تقاضا کرنے والا اور بار بار جگانے والا نہ تھا اب پرچہ تہذیب الاخلاق نے یہاں تک چرنتا اور آگاہ کیا جس کے سبب اس قصبہ میں بھی ایک مدرسہ قایم ھوگیا خدا اس پرچہ تہذیب الاخلاق کو ھمارے لیئے ھمیشہ مبارک رکھے اور شیخ نظام الدین صاحب مہتمم مدرسہ کی نیت میں بھی ترقی ھو جو میرے ساتھہ بدل متفق ھیں *

یہہ بھی اُنھوں نے فرمایا کہ ھمارے مدرسہ انبہٹہ کو اور ھمارے ضلع کے دل مدارس ' دیوبند ' سہارنپور ' گنگوہ کو بڑی تسلی ھی کہ یہہ سب مدرسے اُس مدرسۃالعلوم مسلمانان سے جس کے قایم کرنے کی کوشش ھو رھی ھی مستفیض ھونگے گویا علیگڈہ ھمارے مدرسوں کے طالبعلم کا قصر اُمید ھی اگر در حقیقت ھم اپنی ترقی کرینگے تو وہ قصر ھمارے ھی لیئے ھی پس کسقدر ھمکو اُس کے بانیوں کا شکر گذار ھونا چاھیئے " سب سے اخیر مدرسہ جو ھماری تحریروں کے اثر سے قایم ھوا وہ مدرسہ ایمانیہ لکھنؤ ھی جس میں بشمول دیگر علوم معینہ کے مذھب شیعہ اثنا و عشریہ کی بھی تعلیم ھوتی ھی اور اس سے خیال ھوتا ھی کہ ھماری کوششوں نے شیعہ اور سنی دونوں کے دل کو جگا دیا ھی *

اگرچہ ھم اپنی راے میں ان مدرسوں سے ان فوائد کے حاصل ھونے کی توقع نہیں رکھتے جنکی ھم خواھش رکھتے ھیں اس لیئے ھمکو اُن کے قایم ھونے سے چنداں خوشی نہیں ھی مگر تاھم اس بات سے نہایت خوشی ھی کہ لوگوں کو اس طرف توجہہ تو ھوئی وہ کچھہ کرنے تو لگے کیا عجب ھی کہ رفتہ رفتہ اُس راہ پر بھی جا پڑیں جو

في الحقیقت سیدھي اور ٹھیک ھی اور جس راہ سے منزل مقصود پر پھونچنا ممکن ھی اُسی سے ھاں تو شروع ھوئي *

یہہ بھي ھم دیکھتے ھیں کہ لوگ ان مدرسوں کے اخراجات میں بھي نہایت دل سے مدد کرتے ھیں اور اُن کا قایم رھنا دل سے چاھتے ھیں گو ھم اُن کے اس شوق اور اس فیاضي کو نقش بر آب اور ایک نہایت حقیر خصلت انساني سمجھتے ھیں جسکو ھم خود غرضي کہتے ھیں کیونکہ وہ لوگ بسبب اُن مقدس موٴریوں کے جو اُن مدرسوں میں مصروف ھیں اور اُن کي قدرسیت کا خیال لوگوں کے دلوں میں جما ھوا ھی اور نیز اس خیال سے کہ مذھبي کتابوں اور قران و حدیث اور عربي پڑھانے میں روپیہ روپے کا کام بھس دینے میں بڑا ثواب ھوگا اُن مدرسوں میں روپیہ دیتے ھیں اور مدد کرتے ھیں یہہ کرنا نیچر کے برخلاف ھی اور اس سے قومي عزت حاصل نہیں ھوتي ھی اور اسي سبب سے ھم اُسکي نہ بیچہہ زیادہ قدر سمجھتے ھیں اور نہ خوش ھوتے ھیں نہ اُس دن خوش ھونگے جبکہ ھماري قوم نہ خدا کے واسطے اور نہ اپنے ثواب کے لیئے بلکہ صرف اپني قوم کے لیئے کوشش کریگي اور کہے گي کہ میں اپنے ھاتھہ اپنے پاؤں اپني جان اپني محنت اپنے روپیہ کے بدلے نہ خدا کو خریدنا چاھتا ھوں نہ بہشت کو بلکہ اپني قوم کو جبکہ اس طرح پر خیال اپنے ذاتي نفع دیني و دنیوي کے لوگ اپني قوم کي بھلائي پر متوجہہ ھونگے اُسوقت ھمکو البتہ خوشي ھوگي لیکن یہہ بھي غنیمت ھی جو ھو رھا ھی اور اُمید ھی کہ آیندہ اور بھي اچھا ھو *

اثر مذھبي خیالات پر

اس پرچہ میں ھمکو عقاید و مسائل مذھبي سے بحث کرنا مقصود اصلي نہیں ھی مگر جو کہ مسلمانوں نے مثل ھندوٴں کے مذھب اور تمدن و معاشرت کو متحد سمجھہ رکھا ھی اس لیئے بمجبوري اُن مسائل مذھبي سے بحث آجاتي ھی جو ھمارے مقصود سے علاقہ رکھتے ھیں *

مگر ھماري قوم عجیب حالت مذھبي میں گرفتار ھی ھم اھل سنت و جماعت کا ذکر کرتے ھیں جنکے دو فرقے اللہ وھابي و بدعتي سے ملقب ھیں پہلے حضرت بلاشبہہ عقاید میں نہایت درست اور قریب حق کے ھیں الا ظاھري اعمال اور سختي اور سنگدلي اور قسارت قلبي اور تعصب پر اسقدر سرگرم ھیں کہ اندروني نیکي ایک بھي اُن میں نہیں رھي اور ٹھیک ٹھیک وھي حال ھی جو علماء یھود کا تھا جو دن رات ظاھري رسومات مذھبي میں مبتلا تھے اور دوسرے حضرت اگرچہ اندروني نیکیوں کي جانب کسیقدر متوجہہ ھیں الا رسوم اباٴي کے اسقدر پابند ھیں اور بدعات محدثہ کے اسقدر پیرو ھیں کہ رومن کیتھلک کے قدم بقدم ھوگئے ھیں بلکہ اُن کو بھي مات کردیا ھی پس یہہ دونوں باتیں ھمارے مقصود سے خارج ھیں اور ھم ان دونوں باتوں کو اپنے سچے دل سے مذھب اسلام کے بھي برخلاف سمجھتے ھیں اور ترقي تہذیب مسلمانوں کا بھي مانع قوي جانتے ھیں اور اسلیئے مسلمانوں میں جہاں تک کہ پھوٹ اور رومن کیتھلکیت آ گئي ھی اُسکو مٹانا اور دور کرنا چاھتے ھیں اور یقین کرتے ھیں کہ بغیر سچا اسلام بے میل اختیار کیئے کسي چیز کي بھلائي ممکن نہیں *

رسومات کو اور خصوصا مذھبي رسومات کو مٹانا کچھہ آسان کام نہیں ھی اور نہ ھمکو کچھہ توقع ھی کہ ھم اس میں کچھہ کرسکتے ھیں مگر تاھم لوگوں کو اُس سے متنبھہ کرتے جاتے ھیں اور کیا عجب ھی کہ کوئي دل نرم بھي ھوا ھو یا آیندہ ھو *

ھمکو ھمارے شفیق نیچرل اسٹ یا دھریہ کہتے ھیں اس سبب سے کہ ھمنے اپني تصنیفات میں یہہ دعوي کیا ھی کہ جو مذھب نیچر کے برخلاف ھی وہ صحیح نہیں ھی اور اُسي کے ساتھہ اپنا یہہ یقین بھي ظاھر کیا ھی کہ ٹھیٹ مذھب اسلام جبکہ وہ بدعات محدثہ سے پاک ھو بالکل نیچر کے مطابق ھی اسلیئے کہ وہ سچا ھی اور اس لیئے وہ سچا ھی — اگر یہي وجہہ ھمارے دھریہ ھونے کي ھو تو ھم پکے دھریہ سہي بلاشبہہ ھمارا یہہ دلي عقیدہ ھی کہ نیچر خدا کا فعل ھی اور مذھب اُسکا قول اور سچے خدا کا قول و فعل کبھي مخالف نہیں ھوسکتا اسلیئے ضرور ھی کہ مذھب اور نیچر متحد ھو اور بلاشبہہ یہہ بھي ھمارا اعتقاد ھی کہ انسان بسبب ذي عقل ھونے کے احکام مذھبي کا مکلف ھوا ھی پس اگر وہ احکام عقل انساني سے خارج ھوں تو معاول خود اپني ملت کا معاول ٹھہرگا ھاں یہہ بات ممکن ھی کہ وہ احکام ھماري تمھاري عقل سے خارج ھوں الا عقل انساني سے خارج نہیں ھوسکتے اور زمانہ جوں جوں انسان کي عقل و علم کو ترقي دیتا جاریگا توں توں اُنکي خوبي زیادہ منکشف ھوتي جائیگي مگر یہہ اُسیوقت ھوگا جبکہ تقلید کي پٹي آنکھوں سے کھلي ھوگي ورنہ کولہو کے بیل کي طرح بجز دن رات پھرنے اور کچھہ نجاننے کے اور کچھہ نہوگا *

کوئي مذھب ایسا دنیا میں نہیں ھی جو دوسرے مذھب پر کہ وہ کیسا ھي باطل کیوں نہو اپني ترجیح بہمہ وجوہ ثابت کردے مگر یہہ رتبہ صرف اُسي مذھب کو حاصل ھی جو نیچر کے مطابق ھو اور میں یقین کرتا ھوں کہ وہ صرف ایک مذھب ھی جس کو میں ٹھیٹ اسلام کہتا ھوں اور جو بدعات محدثات سے اور غلط خیال

اجماع سے اور خطاء اجتہادات سے اور ڈھکوسلہ قیاسات سے اور شکنجہ اُصول فقہ مخترعہ سے مبرا و پاک ہی پس میں تو اپنے تئیں بڑا بھاري اسلام سمجھتا ہوں گو سارا زمانہ مجھکو دھریہ کیوں نہ سمجھے *

ذمیگریم دریں گلشن گل و باغ و بہار از من
بہار از یار و باغ از یار و گل از یار و یار از من
نمیدانم ز منع گریہ مطلب چیست ناصح را
دل ار من دیدہ از من آستین از من کنار از من

ذکر مدرسۃالعلوم مسلمانان

اس سے زیادہ عجیب بات کونسي ہوگي کہ ہمنے جو مسلمانوں کي ترقي تعلیم و تربیت کے لیئے مدرسۃالعلوم کي بنا ڈالي ہی اُس میں بھي ہمارے چند ہموطنوں نے ہم سے مخالفت کي ہی — ہمارے مخدوم مولوي حاجي سید امدادالعلي صاحب بہادر ڈپٹي کلکٹر کے موسلہ رسالہ میں لکھا ہی کہ " میرا گمان یہہ ہی کہ کوئي مسلمان کسي سچي راے کو بھي اُن کے (یعني مجھہ گنہگار کے) ذریعہ سے صحیح اور درست نہیں سمجھہ سکتا " اگر در حقیقت مسلمانوں کا یہي حال ہو تو راے پر مسلماني و راے پر مسلمانان نیک طینت آدمیوں کا یہہ کام نہیں ہی وہ تو بدوں میں بھي جو نیک بات ہوتي ہے اُس کو پسند کرتے ہیں بلکہ در و دیوار سے نصیحت لیتے ہیں کما قال *

مرد باید کہ گیرد اندر گوش * ور نوشتست پند بر دیوار

ہمارے مکرم معظم جناب مولوي علي بخش خاں بہادر سب آرڈینیٹ جج گورکھپور نے اپنے رسالہ شہاب ثاقب کے صفحہ ۲۲ میں لکھا ہی کہ حضرت ابو ہریرہ رضي اللہ تعالی عنہ شیطان کے شاگرد ہوئے اور عمل آیۃالکرسي کا اُس سے سیکھا (نعوذ باللہ منہا) پس اے میرے بھائیوں میں ملحد مرتد زندیق کافر کرسٹان شیطان سہي مگر جو اچھي بات بتاؤں اور تمہارے فائدہ کي بات کہوں دل سرزي سے تمہاري ہمدردي کروں میري وہ بات تم نیوں نہ مانو حضرت ابو ہریرہ نے تو نعوذباللہ منہا شیطان سے بھي نیک کام سیکھنے میں عار نہیں کي سبحان اللہ کیا شان اسلام رہ گئي ہی کہ جو شخص ان باتوں پر یقین کرے وہ تو پکا مسلمان اور جو یہہ کہے کہ میاں وہ حدیث ثابت نہیں ہی یا وہ کوئي چور شیاطین الانس میں سے ہوگا تو نیچرل است کافر کرسٹان *

گر مسلماني ہمین است کہ واعظ دارد
واے گر درپس امروز بود فردائے

کیا اس سے زیادہ بد قسمتي اور بد اقبالي کم نصیبي مسلمانوں کي ہوسکتي ہی جو ایسے عمدہ کام یعني مدرسۃالعلوم کے قایم ہونے میں مخالفت کرتے ہیں اگر اُن کي مخالفت میري ذات کے سبب سے ہی تو کیسي ناداني ہی کہ ایک شخص کے سبب جو یقیني ایک دن نابود ہونے والا ہی ہمیشہ کے لیئے اپني تمام قوم کے ساتھہ دشمني کرتے ہیں — اگر انتظامي امور اور قومي باتوں میں مجھہ سے مختلف الراے ہیں تو اپني راے کي خوبي اور عمدگي ثابت کر کر بغلبہ راے ممبران کمیٹي میري راے کو معدوم کر سکتے ہیں — اگر وہ اس کام کے انجام کے لایق ہیں تو مجھکو اُس سے علحدہ کر کر خود آپ تمام کام اپنے اختیار میں لے سکتے ہیں اور میں بخوشي و منت و احسانمندي اس بوجھہ سے سبکدوش ہوسکتا ہوں بشرطیکہ اور کوئي اُسکو انجام دے پھر مخالفت معني چہ — حقیقت میں یہہ نشان بد اقبالي اور ہماري قوم سے خدا کي ناراضي کا ہی کہ نہ خود آپ اپني قوم کے لیئے کچھہ کرتے ہیں اور نہ کرسکتے ہیں اور نہ اُس کي سمجھہ رکھتے ہیں اور جو درسوا کوئي کرتا ہی تو اُس میں رسوے ڈالتے ہیں *

اُن مخالفت کرنے والوں کو اگر ہم یہہ دیکھتے کہ اپنے ذاتي اُمور اور روز مرہ کے برتاؤ میں نہایت پابند شریعت اور متبع سنت ہیں تو جو کچھہ وہ کہتے ہم سر جھکاکر سنتے مگر جب ہم دیکھتے ہیں کہ اپنے ذاتي معاملات میں تو سب کچھہ روا ہی تو پھر ہم ایسے مہمل اور بیمغز گندم نما و جوش فروش باتوں کو پسند نہیں کرتے *

اگر ہم دیکھتے کہ ہمارے مخالف قومي ہمدردي اور قومي عزت کے جوش میں سرگرم ہیں اور مدرسۃالعلوم مسلمانان کے قایم ہونے میں عرق ریزي کر رہے ہیں مگر مدرسہ میں لال ترکي ٹوپي اور انگریزي جوتہ پہنانے سے ناراض ہیں ہم خود شرمندہ ہوتے اور کہتے کہ گو وہ غلطي پر ہیں مگر اُن کي کوشش اور ہمدردي قومي اِس کي مقتضي ہی کہ اُن کي خاطر سے طالب علموں کو تہہبند باندھنے اور نعلین پہننے کا مدرسہ میں حکم دیا جاوے مگر جب ہم دیکھتے ہیں کہ ہمدردي کا ان میں نشان نہیں قومي عزت کا اُن کو خیال ہي نہیں بجز مخالفت مجسم کے (نہ کسي کینہ و عداوت سے بلکہ بمقتضاے طبیعت کے) اور کچھہ نہیں تو ہم یقین کرتے ہیں کہ وہ بولیاں ہمارے مخالف نہیں بولتے بلکہ مسلمانوں کي بد اقبالي اور اُن کا ادبار چہچہا رہا ہی *

ہم ان تمام مخالفتوں سے کچھہ اندیشہ نہیں کرتے اور خدا سے اپني استقامت چاہتے ہیں اور یقین کرتے ہیں کہ اگر خدا نے ہمکو استقامت بخشي تو ہم ضرور انشاءاللہ العزیز اِس کام کو پورا کرینگے *

اے نا خدا ترس مسلمانوں تم اتني ہي سي بات پر غور کرو کہ اگر ہماري قومي سعي سے ہمارا یہہ قومي دارالعلوم قایم ہوجاوے تو بمجرد اُس کے قایم ہونے کے بلا انتظار اُس کے فواید عظیمہ کے تمام

دنیا میں اور تمام دنیا کی قوموں میں اور خصوصاً سرلیزڈ قوموں اور سرلیزڈ ملک میں ہماری قوم کی کسقدر عزت قایم ہوگی اور ہماری قوم کو اس کام کے انجام پر کیسا کچھہ نفع ہوگا ورنہ وہی انڈین آبزرور میں آرٹیکل لکھنے والے کا قول صادق آویگا کہ سور کے بالوں سے کوئی ریشم نہیں بنا سکتا — او خدا او خدا تو ہماری مدد کر — آمین *

ای بھائیوں ابھی پچھلے پرچہ میں طریقہ انتظام و سلسلہ تعلیم مسلمانان مشتہر ہوا ہی تم اُسپر بخوبی غور کرو اور سمجھو کہ کیا بغیر اُس طریقہ کے ہماری قوم میں اعلی درجہ کی تعلیم پھیل سکتی ہی اور کیا بغیر اُس طریقہ کی تعلیم کے قومی عزت حاصل ہوسکتی ہی اور کیا ان ٹٹپونجیوں مربی مدرسوں سے جو جا بجا قایم ہوئے ہیں جن کے طالب علم مسجدوں میں پڑے ہوئے مانگ کر ٹکڑے کھاتے ہیں ہماری قوم کو کچھہ فائدہ اور ہماری قومی عزت ہونے والی ہی حاشا وکلا — میری غرض اس تقریر سے اُن مدرسوں کی ہجو کرنا نہیں جنکو نیک آدمیوں نے اپنی نیک دلی اور سچی نیت سے قایم کیا ہی اور نہ میری یہہ خواہش ہی کہ اُن میں کچھہ نقور آوے بلکہ اِس تقریر سے میرا مطلب اپنی قوم کو اِس بات سے آگاہ کرنا ہی کہ جو کچھہ تم نے کیا ہی اور کرتے ہو اُس سے بہت کچھہ زیادہ تمکو کرنا ہی خدا ہم سب کو اُس کے انجام کی توفیق دے اور پھر خود اُس کو انجام دے آمین *

یہہ بات بھی کچھہ کم تعجب کی نہیں ہی کہ ہمارے ملک کے بعض اخباروں نے بھی (خصوصاً جن کے ایڈیٹر مسلمان تھے اور جنکا فرض اپنی قومی ترقی میں کوشش کرنا تھا) اِس مدرسۃالعلوم سے کافی مخالفت کی ہی گو اُس کا کچھہ اثر ہوا ہو یا نہوا ہو مگر اُنہوں نے اپنے ملک اور اپنی قوم کے لیئے ایک ٹریٹر ہونے میں بلاشبہہ بلند نامی حاصل کی ہی با ایں ہمہ ہمارے ملک کے بہت سے نامی اخباروں نے ہمارے ساتھہ صرف اپنی قومی خیر خواہی اور پیٹریاٹزم کے جوش سے ہمدردی بھی کی ہی پس ہم اُن اخباروں کا اور اُن کے ایڈیٹروں کا جنمیں سے ہمکو پنجابی اخبار لاہور اور ٹلکتہ اُردو گائیڈ اور پٹیالہ اخبار اور علیگڈہ سین ٹیفک سوسئیٹی اخبار اور اودہ اخبار کا نام لینا چاہیئے دلی شکر ادا کرتے ہیں *

در حقیقت ہم اردو اخبار کے اُس ارٹیکل کے جو اُس کے ایڈیٹر عالی قدر نے نہایت نیکی اور صاف دلی محبت قومی سے اپنے اخبار مطبوعہ ۲۱ جنوری سنہ ۱۸۷۳ع میں چھاپا ہی بہت کچھہ ممنون ہیں *

ہم اپنے ملک کے اسٹیٹ پیپر پایونیر الہ آبادی کی مہربانیوں کو کبھی بھول نہیں سکتے جس نے ہمیشہ وقتاً فوقتاً ہمارے مدرسۃالعلوم کے حالات مشتہر کرنے سے ہماری بڑی مدد کی ہی *

ذکر ترقیات دیگر

جو کچھہ کہ پچھلے برسوں میں کمیٹی مسلمانان نے کوشش کی اُس کا بڑا نتیجہ خاص مسلمانوں کے حق میں یہہ ہوا ہی کہ گورنمنٹ مدراس و بنگال و بمبئی نے نسبت ترقی تعلیم مسلمانان خاص خاص احکام جاری کیئے ہیں جس کے لیئے تمام مسلمانوں کو شکر ادا کرنا چاہیئے چنانچہ تینوں گورنمنٹوں نے اپنی مہربانی سے تمام کاغذ جو اُس سے متعلق ہیں ہمکو مرحمت فرمائے ہیں چنانچہ ہم آیندہ کسی پرچہ میں وہ سب حال چھاپینگے علاوہ اس کے جو عام نتیجہ کمیٹی مسلمانان کے مباحثہ سے ہندوستان کو ہوا وہ یہہ ہی کہ گورنمنٹ نے تسلیم کرلیا کہ جو تعلیم ہندوستان کی یونیورسٹیوں کی تھی وہ کافی نہ تھی اہل ہند کو اور زیادہ تعلیم دینی چاہیئے چنانچہ اس کے لیئے خاص کمیٹی بیٹھی ہی جو اُس کا تصفیہ کریگی پس ہمارے ہموطن بھائی ہندو بھی ہماری کمیٹی کے ممنون احسان ہیں علاوہ اس کے سب سے بڑا فائدہ ہماری کوششوں کا یہہ ہوا ہی کہ گورنمنٹ نے تمام علوم و فنون کی کتابوں کا جنکی فہرست ہم نے مشتہر کی تھی دیسی زبان میں ترجمہ کرنے کا حکم دیا ہی اور اُمید ہی کہ ہمارا ملک آیندہ نسلوں تک ان کوششوں کے فائدوں کو یاد رکھیگا *

راقم
سید احمد

اشتہار

گذشتہ سوا دو برس کے پرچہ ہاے تہذیب الاخلاق بہ ترتیب ہمارے پاس موجود ہیں جس صاحب کو اُن کی خریداری منظور ہو مفصلہ ذیل قیمت پر مل سکتے ہیں *

تہذیب الاخلاق روز اجرا سے یعنی یکم شوال سنہ ۱۲۸۷ ھجری سے لغایت آخر سنہ ۱۲۸۸ ھجری بابت سوا برس کے ... صہ

تہذیب الاخلاق بابت سال تمام سنہ ۱۲۸۹ ھجری للصہ

از مقام بنارس
راقم
سید احمد منیجر تہذیب الاخلاق

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم صفر سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہي اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہي *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۲۰۴

عقاید مذهب اسلام

عقیدهٔ سوم

متعلق به صفات باري جل جلاله

وه هستي جسکو هم خدا یا علة العلل کهتے هیں نه همارے دیکهنے میں آتا هی نه چهونے میں اور نه خیال میں تو هم بجز اتني بات جاننے کے که هی اور کچهه حقیقت اُسکي ذات کي نهیں جان سکتے — خدا بهي تو اپني ذات کي حقیقت همکو نهیں بتا سکا — موسی نے پوچها که فرعون کے پاس تیرا پیغام لیکر جاؤں تو کیا بتاؤں که تو کون هی تو یهي جواب ملا که "میں وهي هوں جو هوں" پس جبکه هم ایک ذات کي حقیقت نهیں جان سکتے تو اُسکي صفات کي حقیقت بهي نهیں جان سکتے بلکه درحقیقت اُسکو کسي صفت کا محل نهیں قرار دے سکتے *

تمام صفات جنکو هم خیال کرسکتے هیں وه سب مفهومات هیں جو همنے باحتیاط اُن چیزوں کي حالتوں کے جنکو هم دیکهتے هیں یا چهوتے هیں یا سونگهتے هیں یا سنتے هیں یا سمجهتے هیں اخذ کیئے هیں مگر جب که وه هستي هماري ان سب حسوں سے اوپر هی تو هم کیونکر جان سکتے هیں که وه صفات اُس میں بهي هیں یا وه اُن صفات کا محل بهي هو سکتي هی اسلیئے تمام صفات جو خدا کي طرف نسبت کیجاتي هیں اُنکو یوں کها جاتا هی که وه صفات تو اُس میں هیں مگر ویسي نهیں هیں جیسیکه هم جانتے هیں یعني جو حقیقت اُن صفات کي همنے موجودات عالم سے اخذ کرکر سمجهي هی وه حقیقت اُن صفات کي نهیں هی جو اُس میں هیں اور یهه کهنا همارا صاف صاف یهي کهنا هی که اُن صفات کا جن کو هم جانتے هیں اُس میں هونا نهیں جانتے *

خدا کو هات پاؤں والا منهه والا بولتا چلتا پهرتا سنتا دیکهتا کرتا کراتا جیتا جاگتا خوش هونے والا خفا هونے والا سب کچهه کهتے هیں مگر اُسکے ساتهه یهه بهي کهتے هیں که همارے سے هاتهه پاؤں همارا سا منهه همارا سا بولنا همارا سا چلنا پهرنا همارا سا سننا دیکهنا همارا سا کرنا کرانا همارا سا جیتا جاگنا همارا سا خوش اور خفا هونا نهیں هے — مگر جب پوچهو که اگر ویسا نهیں هی تو پهر کیسا هی تو جواب یهي هوگا که هم نهیں جانتے — بات کا تو بهت اُلٹ پهیر هوا مگر نتیجه یهي نکلا که اُن صفات کا جنکو هم جانتے هیں اُس میں هونا نهیں جانتے *

صفات باري کا اُسکي نسبت یقین کرنا اِس یقین سے نهیں هی که در حقیقت وه صفتیں جسطرح پر هم اُنکو جانتے هیں اُس میں هیں یا وه اُنکا محل هی بلکه وه یقین اِس وجهه سے هی که ایسي ذات جو علة العلل هی اِن صفات کے مشابه صفتوں کا موصوف یا اِن صفات کي مانند قدرتوں پر قادر هونا لازم هی کیونکه بغیر اُنکے وه علت علة العلل نهیں هوسکتي جسکا علة العلل هونا تسلیم کیا تها *

زندگي اور موت دو صفتیں هیں جنکے مفهوم کو همنے جاندار چیزوں کے حالات سے اخذ کیا هی پس کیا هم یقین کرسکتے هیں که اُس زندگي یا موت کا جسکو هم جانتے هیں خدا محل هوسکتا هی بالبداهه هم اُسکو حي لایموت کهتے هیں — دهریوں نے مسلمانوں کي مذهبي کتابوں میں اُن لفظوں کو جو صفات باري کي نسبت بولے گئے هیں اُنهي مفهومات کا دال سمجهه لیا جو اُنهوں نے موجودات کے حالات سے اخذ کیئے تهے اور پهر اُن صفات کے منکر هوکر کهنے لگے که هم کیونکر یقین کریں که صفت قدرت کي یا رحم کي اُسمیں هی هم کهتے هیں که هم کب یقین کرتے هیں اور هم کب اُن صفتوں کا جن کو هم جانتے هیں اُس کو محل قرار دیتے هیں بلکه یهه کهتے هیں که جن صفتوں کو هم جانتے هیں ویسي هي کچهه اُس علة العلل کي ذات کو لازم هیں اور اسي لیئے اُس کے لوازم ذاتي هونے پر یقین هی اور جو که ذات اور لوازم ذات میں ذات هوتے هیں اس لیئے هم اُسکي صفات کو عین ذات اور اُس کي ذات کو عین صفات قرار دیتے هیں اور اسي بنا پر یهه ترانه گاتے هیں که "انا صفة من صفات الله و صفاته عینه فانا عینه" اور کبهي یوں کهتے هیں که "لیس في جبتي سوا الله" اور جب اور زیادة کهول کر کهنا چاهتے هیں تو یوں کهتے هیں که "انا احمد بلا میم"

عشق گر مرد است مردي بر سر کار آورد
ورنه چون موسی بسے آورد و بسیار آورد
گر همي خواهد که وصف ذات خود ثابت کند
یک اناالحق گوئي دیگر بر سر دار آورد
یوسف یعقوب را بودن به بازارش چه سود
مرد عشقے همچو احمد را به بازار آورد

غرض که هم تمام صفات کو یا بطور ایجاب یا بطور سلب ذات باري کي طرف نسبت کرتے هیں اور اُس میں اُن صفات کے هونے اور نهونے کا بهي یقین کرتے هیں مگر نه اس وجهه سے که وه اُن کا محل هی بلکه اس وجهه سے که همکو اُن مفهومات کے من حیث الاطلاق لوازم ذاتي علة العلل کے هونے پر یقین نکلي هی — بالیں همه جسطرح هم اُس کي ذات کي حقیقت کو نهیں جانتے اسي طرح اُس کي صفات کي حقیقت کو بهي نهیں جانتے *

بانی اسلام نے بھی اُن کی حقیقت کا جاننا ہمارے ایمان کا جزو نہیں قرار دیا بلکہ خود اُس نے اُن کی حقیقت کو کچھ نہیں بتلایا غفور — رحیم — قادر — حی — لایموت — بتایا اور اس بتانے سے اُس کی ذات کا اُن کا محل ہونا لازم نہ آیا تو ایسا خیال کرنا خود ہماری غلطی ہی *

خدا کے ساتھہ جن صفتوں کو ہم بتاتے ہیں گو اُن کے مفہومات تو موجودات کے حالات سے اخذ کیئے ہوئے ہیں مگر خدا کی طرف من حیث الاطلاق نسبت کرتے ہیں بلکہ اطلاق کی قید سے بھی مطلق رکھتے ہیں تاکہ صرف مفہوم ہی مفہوم باقی رہ جاوے اور اسی لیئے جب کسی صفت کو کہتے ہیں کہ ہی تو یہہ بھی کہتے ہیں کہ ایسی نہیں ہے *

یہہ ایک بحث عام صفات باری کی نسبت تھی اور آیندہ ہم وقتاً فوقتاً ہر ایک صفت کی نسبت خاص خاص بحث کرینگے واللہ ولی التوفیق * .

راقم
سید احمد

نمبر ۲۰۵

مسئلہ جبر و اختیار

خط بنام سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی

خانصاحب بہادر خیر خواہ مسلمانان اللہ آپکو سلامت رکھے اور توفیق رفیق اسکی ہمیشہ عطا کرے *

سید محمد حسن نایب تحصیلدار صدر تحصیل الہ آباد بعد اشتیاق و ادائے رسم سنت نبی علیہ السلام عرض مدعا یہہ کرتا ہی کہ اس عریضہ کے ساتھہ ایک پرچہ جو عدم ثبوت نبوت اور کتاب خدا پر ہی آپ کی خدمت میں اس غرض سے بھیجتا ہوں کہ دود دلی کے ساتھہ جو عام مسلمانان کی طرف سے آپ کے دل میں ہی جواب لکھکر مجھے عنایت فرماویں مگر واضح رہے کہ معترض صرف وحدانیت باریتعالی اور اُس کے قادر مطلق ہونے کا قایل ہی جو کچھہ اسکے جواب میں بحث کی جاویگی من حیث العقل یا نقل کتب تواریخ الہیر سے ہو چونکہ آپ سے بہتر میری دانست میں کوئی جواب اسکا معقول اور مسکت نہیں دے سکتا لہذا بھیجتا ہوں مرورخہ ۱۱ ذیحجہ سنہ ۱۲۸۹ ھجری مطابق ۱۰ فروری سنہ ۱۸۷۳ع منمقام صدر تحصیل الہ آباد *

سوال

مجھکو بڑا اعتراض نبوت پر یہہ ہی کہ خدا نے نبی و پیغمبر کیوں پیدا کیئے اسکے جواب میں اہل مذہب بہت کچھہ طول طویل بیان کرینگے مگر شاید اُس طوالت کا نتیجہ یہہ نکالیں گے کہ نبی صرف اس کام کے واسطے پیدا کیئے گئے ہیں کہ مخلوقات پر خدا کی وحدت ظاہر کریں اور اُس کی عبادت پر آمادہ کریں اور نیک و بد کی تمیز بتلاویں کیونکہ وہ نبی جو ہدایت کرتے ہیں یہہ بھی کہتے ہیں کہ خدا نے دوزخ و بہشت بھی پیدا کیئے ہیں جو لوگ خدا کو پہچانتے ہیں سوائے اُس کے دوسرے کو اپنا خالق نہیں جانتے اور اُسیکی عبادت کرتے ہیں اور بدی سے نفرت اور نیکی سے رغبت کرتے ہیں وہ بہشت میں جاوینگے اور جو اُس کے خلاف کرتے ہیں بہشت میں نہ جاوینگے *

پس ضرور ہی کہ اگر خدانے انسان کو اسواسطے پیدا کیا ہی کہ بعد مرنے کے اپنے افعال کی سزا یا جزا پاوے تو یہہ امر ضرور ہی کہ اُسنے انسان کو فعل مختار پیدا کیا ہوگا مگر مسلمانوں کے کلام اللہ سے تو انسان کا فعل مختار ہونا ثابت نہیں ہوتا کیونکہ کلام اللہ میں

شروع آیت سے سورۃ بقرہ میں لکھا ہی " ان الذین کفروا سواء علیہم
وانذرتہم ام لم تنذرہم لایومنون ختم اللہ علی قلوبہم و علی سمعہم و
علی ابصارہم غشاوۃ ولہم عذاب عظیم (سورۃ بقرہ) یعنی وے لوگ جو
کافر ہیں اُن کے لیئے برابر ہی تو نصیحت دے یا نہ دے وہ ایمان
نہ لاوینگے خدا نے اُنکے دلوں پر اور کانوں پر مہر کردی ہی اور اُنکی
آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہی وہ بڑے عذاب میں پڑینگے — من یہدی اللہ
فہو المہتد و من یضلل فاولئک ہم الخسرون — و لقد ذرأنا لجہنم کثیرا من
الجن والانس (سورۃ اعراف) یعنی جسے خدا ہدایت کرتا ہی راہ
پاویگا اور جنہیں خدا گمراہ کرتا ہی وہ لوگ ہلاک ہونگے تحقیق کہ
ہمنے بہتوں کو جنوں اور انسانوں میں سے جہنم کے لیئے پیدا کیا ہی —
اب کئی وجوہات سے انسان کا فعل مختار ہونا ثابت نہیں ہوتا —
اول یہہ کہ خدا نے کافروں کے دلوں اور کانوں پر مہر کردی اور آنکھوں
پر پردہ ڈال دیا اور وعدہ کرچکا کہ وہ بڑے عذاب میں پڑینگے دویم
یہہ کہ اُسنے بخصوص بہت آدمی جن و انس میں سے دوزخ کے لیئے
پیدا کیئے ہیں تو اُنکے سوائے جو باقی رہے وہ جنتی ہیں اب نبی
کیوں پیدا ہوئے جو خوف بعد مردن تھا وہ تو ہی ہوگیا کہ جنکو خدا
نے دوزخ کے لیئے بنایا ہی وہ دوزخ میں جاوینگے جنکو بہشت کے لیئے
وہ بہشت میں اب نبی کیا ہدایت کرینگے — میں کہتا ہوں کہ خدا
نے ایک شخص کو دوزخ کے لیئے پیدا کیا ہی اب نبی اُس پر کیا
ہدایت کریگا وہ نبی کی ہدایت سے بہشت میں تو جانے سے رہا اگر
بہشت میں جاویگا تو پھر خدا کا وعدہ جھوٹا ہوا جاتا ہی اور اگر
صرف جنتی آدمیوں کے لیئے نبی پیدا ہوئے ہیں تو اُنکو نبی کیا

ہدایت کرینگے وہ تو قطعی جنت کے واسطے پیدا ہوئے ہیں جو فعل چاہیں سو کریں اگر وہ کوئی فعل بد کرتے ہیں اس سبب سے وہ جنت کے لایق نہیں وہے دوزخ کی اُن کے لیئے ضرورت ہوئی اور کس اُمید پر اپنے نبی کی اطاعت کرینگے کیونکہ اگر اطاعت کرینگے تو بہشت میں جاوینگے نکرینگے تو جاوینگے خدا نے تو ہمکو اس واسطے پیدا ہی کیا ہی — تیسرے یہہ کہ جب وہ بہشت و دوزخ کے واسطے مخصوص آدمی پیدا کرچکا تو پھر نبی کو یہہ حکم کیوں دیا کہ جو ایمان نہ لاوے اُس کو قتل کرو اور گھر بار اوٹ لو اس سے خدا کا ظلم ثابت ہوتا ہی اور جب نبی کو حکم قتل کافران دیا گیا تو پھر نبی نے چار چار پانچ پانچ ہزار جزیہ معین کرکے کافروں کو کیوں چھوڑا اگر بحکم خدا یہہ جزیہ لیکر کافرونکو چھوڑا تو خدا لالچی ٹھہرا روپیہ کے مقابلہ میں ایمان کو کچھہ نہ سمجھا اور اگر نبی نے اپنی راے سے یہہ حکم دیا تو خدا کی عدل حکمی کی اُس کی بات کب قابل اعتبار ہوسکتی ہی *

اب آیات مذکورہ سے خدا کا بڑا ظلم ثابت ہوتا ہی جبکہ اُس نے خود انسان کو مخصوص واسطے بہشت اور دوزخ کے پیدا کیا تو پھر نبی بھیج کر زبردستی قتل کروایا گھر لٹروایا اُن کی عورات کو فوج مسلمانان کے ہاتھہ سے بے حرمت کروایا یہہ ظلم تر اُس نے خلایق پر کروایا دوسرا ظلم اُس نے اپنے نبی پر کیا وہ یہہ ہی کہ نبی نے اُسکے حکم سے کافروں کو قتل کیا تھا مگر اُس نے اس خون کا بدلا نبی سے یوں لیا کہ اُن کے ذراسہ امام حسین کو ظالم اور کافروں کے ہاتھہ سے جو بجبر ایمان لائے تھے قتل کروایا اُن کی عترت کو در بدر شہر بشہر بے عزت و بے حرمت کروایا پس خدا نہ اپنی خلایق کا دوست ہی نہ اپنے دوست کا دوست ہی میں تو یقین نہیں کرتا کہ یہہ فعل خدا کے ہیں خدا کا یہہ کام نہیں کہ ایسے ظلم کرے خدا تو واحد ہی اور رحیم ہی اُس نے اگر نبی پیدا کیئے ہونگے تو صرف خلایق کی ہدایت کو نہ کہ واسطے ظلم کے *

سایل
محمد حسن

جواب

مجھے یقین ہی کہ آپ نے یہہ سوال بنظر تحقیق ایک مسئلہ کے پیش کیا ہی جس کا حل میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح پر کسی نے نہیں کیا جس سے معترض کے دل کو تشفی ہو جاوے *

مگر قبل تحریر جواب کے دو تین باتیں بطور تمہید کے عرض کیا چاہتا ہوں *

تمہید اول یہہ بات مسلم ہی کہ خدا علۃالعلل جمیع کائنات کا ہی پس اگر تمام حوادث و واقعات اور افعال کو جو مخلوقات سے ہوتے ہیں خدا اپنی طرف نسبت کرے اور ہر چیز کی نسبت یہہ کہے کہ میں نے کیا تو یہہ نسبت بالکل صحیح و درست ہی اور ایسی حالت میں جب کہ ایک گروہ انسانوں کا یہہ سمجھتا ہو کہ خالق خیر یزداں اور خالق شر اہرمن ہی اور اُن کا مذہب اُس ریگستان میں بھی پھیل گیا ہو جہاں اُن غلطیوں کا اصلاح کرنے والا پیدا ہوا ہو تو اس باریک دقیقہ کو کہ تمام چیزوں کی علۃالعلل صرف ایک ہی ذات ہی بار بار بیان کرنا اور ہر دم یاد دلانا نہایت ضرور ہی *

مگر مجرد اس کہنے سے جو صرف بسبب علۃالعلل ہونے کے کہا جاتا ہی فاعل کا مجبور ہونا لازم نہیں آتا *

ہمنے ایک شخص کو نشانہ لگانا سکھایا اب وہ جس شخص کو مارتا ہی ہم کہتے ہیں کہ ہمنے مارا مگر صرف اس کہنے سے یہہ بات کہ قاتل کو مقتولین کے قتل پر ہمنے مجبور بھی کیا تھا لازم نہیں آتی *

تمہید دوم — وہ علۃالعلل اپنے معلولات کے تمام حالات کا علم واقعی رکھتی ہی جسکو ہم تقدیر کہتے ہیں یعنی ہماری تحقیق میں علم باری ہی کا نام تقدیر ہی پس اگر وہ علۃالعلل اپنے معلول کی نسبت بسبب اپنے علم واقعی کے یہہ کہے کہ ہمنے اُسکو ہدایت کی اور ہمنے اُسکو گمراہ کیا ہمنے اُسکو بہشت کے لیئے پیدا کیا اور ہمنے اُسکو دوزخ کے لیئے بنایا تو یہہ کہنا بالکل صحیح ہی اپنی طرف اُن باتوں کو نسبت کرنا تو بسبب علۃالعلل ہونے کے ہی اور نتیجوں کو بیان کرنا بسبب اپنے علم واقعی کے ہی مگر اس سے اُس فاعل کا مجبور ہونا لازم نہیں آتا *

مثلاً فرض کرو کہ ایک نجومی ایسا بڑا کامل ہی کہ جو کچھہ آیندہ کے احکام بتاتا ہی اُس میں سر مو فرق نہیں ہوتا اب اُس نے ایک شخص کی نسبت بتایا کہ وہ ڈوب کر مریگا اُس کا ڈوب کر مرنا تو ضرور ہی اس لیئے کہ نجومی کا علم واقعی ہی مگر اس سے یہہ لازم نہیں آتا کہ اُس نجومی نے اُس شخص کو ڈوبنے پر مجبور کردیا تھا پس جو علم الہی میں ہی یا یوں کہو کہ جو تقدیر میں ہی وہ ہوگا تو ضرور مگر اُس کے کرنے پر خدا کی طرف سے مجبوری نہیں ہی بلکہ خدا کے علم کو اُس کے جاننے میں یا تقدیر کو اُس کے ہونے میں مجبوری ہی پس کسیکی نسبت یہہ کہنے سے کہ وہ دوزخی ہی یا جنتی اُسکو دوزخی و جنتی ہونے میں کچھہ مجبوری نہیں ہی *

اس بات سے دھوکا مت کھانا کہ خدا نے یہہ کہا کہ ہمنے جنتی کیا یا دوزخی پیدا کیا کیونکہ یہہ نسبت اپنی طرف صرف علۃالعلل

ہونے کے سبب سے ہی اور تمہید اول میں بیان ہوچکا ہی کہ اُسکو ثابت کی مجبوری لازم نہیں ہی *

تمہید سوم — ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ جو افعال انسان سے سرزد ہوتے ہیں اُس کے اعضا کی ترکیب ہی ایسی ہوتی ہی جس سے اُن افعال کا اُس سے سرزد ہونا ضروری ہوتا ہی پس اُس انسان کی نسبت جو نیک بات کو نہیں مانتا اور اچھی نصیحت کو نہیں سنتا اور ہدی میں پڑتا ہی یہہ کہنا بالکل سچ ہی کہ خدا نے اُس کے دل پر مہر کردی ہی اور آنکھوں پر پردہ ڈالدیا ہی اُن کی قسمت میں سخت عذاب ہی اور اُن کو جہنم کے لیئے پیدا کیا ہی مگر اس بات سے انسان کا مجبور ہونا ثابت نہیں ہوتا *

اُن کی قسمت میں سخت عذاب کا یا اُن کو جہنم کے لیئے پیدا ہونا بیان کرنا تو بسبب اُسی علم باری کے ہی جسکو ہمنے تمہید دوم میں ثابت کیا ہی کہ اُس سے فاعل کی مجبوری لازم نہیں آتی مگر آنکھوں پر پردہ ہونے اور دل پر مہر ہونے کے سبب نصیحت کا نہ ماننا ممکن ہی کہ طبعی مجبوری کے سبب ہو مگر اُس سے انسان کسی عذاب کا مستحق نہیں ہوتا ہی *

ہمارا اعتقاد یہہ ہی کہ " نہ عابد کی نجات عبادت پر ہی اور نہ فاسق کی درکات اُس کے فسق پر بلکہ انسان کی نجات صرف اس پر ہی کہ جو قوی خدا تعالی نے اُس میں رکھے ہیں اور جسقدر رکھے ہیں اُن سب کو بقدر اپنی طاقت کے کام میں لاتا رہے اگر قوائے بہیمیہ اُس پر غالب ہیں اور قوائے ملکیہ کمزور تو اُن کم زور قوی کو بیکار نہ چھوڑے اُنکو بھی کام میں لاتا رہے کہ یہی اُن کنا ہوں کا علاج ہی جسکو انبیاء کی زبان میں توبہ اور کفارہ کہتے ہیں اور جسکو شارع نے ان عمدہ لفظوں میں کہ التایب من الذنب کمن لاذنب لہ بیان فرمایا ہی *

گو ہماری طبیعت کیسی ہی بدی پر مجبول ہو لیکن خود ہم اپنے آپ میں دو چیزیں پاتے ہیں ایک اُس کام کرنے کا ارادہ جسکو ہم کیا چاہتے ہیں اور ایک وہ دلی سچائی جو ہمکو اُس کام کی بھلائی یا برائی بتلاتی ہی جسکو عوام الناس کبھی اس تقریر سے بیان کرتے ہیں کہ " دل پکڑا جاتا ہی " انگریزی زبان میں اسکا نام کانشنز" ہی اور ہم اُسکو " نور قلب " کہتے ہیں اور خاص مسلمانی مذہب کے محاورہ میں " نور ایمان " پس ہر ایک انسان کافر و مسلمان یہہ دونوں قوتیں اپنے میں رکھتا ہی اور ہم یقینی جانتے ہیں کہ ہم ان قوتوں کو کام میں لانے پر قادر اور خود مختار ہیں *

اب اگر ہماری بناوٹ ایسی ہی جس میں قوائے بہیمیہ ہم پر غالب ہیں تو ضرور وہ گناہ ہم سے ہوگا پس اگر ہمنے اُس قوۃ کو جو اُس کی برائی ہمکو بتاتی ہی بیکار نہیں چھوڑا تو ہم پر کچھہ گناہ نہیں ہی کیونکہ ہمنے پورا پورا اپنا فرض ادا کیا ہی اور اگر ہمنے اُس نور قلب کو بیکار چھوڑ دیا ہی تو ہم خود اپنے اختیار سے گناہگار اور مستوجب عذاب ہوئے ہیں مگر جو کہ خدا اسبات کو جانتا ہی کہ کون اُس نور قلب کو کام میں لاویگا اور کون بیکار چھوڑدیگا تو قبل وقوع اُس واقع کے بہ تشبیہہ مثل اُس کامل نجومی کے فرمادیتا ہی کہ ہمنے بہتروں کو جہنم کے لیئے اور سید احمد کو بہشت کے لیئے پیدا کیا ہی *

یہہ بھی ہم خود اپنے آپے میں پاتے ہیں کہ گو ہماری جبلت میں قوائے بہیمیہ کیسی ہی زورآور پیدا ہوئی ہوں لیکن اگر ہم اُس نورانی قوت کو کام میں لائے جاتے ہیں اور افعال ذمیمہ کو برا جانے جاتے ہیں اور اُنکے کرنے پر دل میں ندامت پاتے ہیں تو کبھی تو ایسا ہوتا ہی کہ وہ قوائے بہیمیہ بالکل کمزور ہوکر اعتدال پر آجاتی ہیں اور اُس نورانی قوۃ کی سلطنت سب پر ہوجاتی ہی اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ اُن قوائے بہیمیہ کا وہ زور شور نہیں رہتا یہی نیچر کا مسئلہ ہی جو رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم نے ہمکو بتایا ہی *

عن ابی ہریرۃ قال جاء ناس من اصحاب رسول اللہ صلعم الی النبی صلعم فسالوہ انا نجد فی انفسنا مایتعاظم احدنا ان یتکلم بہ قال او قد وجد تموہ قال نعم قال ذلک صریح الایمان رواہ مسلم *

مگر جب وہ نورانی قوت بیکار چھوڑدی جاتی ہی تو وہ نہایت ہی کم زور رہتی ہی اور کبھی ایسی ہوجاتی ہی کہ گویا معدوم ہی پس جس چیز پر ہم مجبور ہیں وہ باعث عذاب نہیں بلکہ ترک فعل اختیاری کا یعنی نہ کام میں لانا اُس نورانی قوۃ کا باعث عذاب ہی *

تمہید چہارم — میں سمجھتا ہوں اور جو شخص تقلید سے علحدہ ہوکر غور کریگا یقینی جانیگا کہ اکثر عالموں نے قرآن مجید کی حالت کی نسبت غلط فہمی کی ہی قرآن مجید کی دو حالتیں ہیں ایک حالت اُس کی اُسکا قرآن یعنی وحی منزل من اللہ ہونا ہی میرا عقیدہ ہی کہ قرآن مجید بلفظہ منزل من اللہ ہی جسکو میں وحی متلو کہتا ہوں پس ہمارا ایمان ہی کہ ہم اُسکے ہر ہر لفظ کو منزل من اللہ سمجھیں — دوسری حالت اُسکی اُس کے معنی قرار دینا اور اُس سے مطلب اور مراد کا اخذ کرنا ہی اس حالت میں قرآن مجید مثل ایک فصیح و بلیغ انسان کے کلام کے متصور ہوتا ہی اور جس طرح کہ ہم ایک فصیح و بلیغ انسان کے کلام کے معنی لیتے ہیں اور اُسکا مطلب و مراد ٹھہراتے ہیں اُسی طرح بہ تشبیہہ قرآن مجید کے بھی معنی لینگے اور اُس کا مطلب و مراد قرار دینگے اور اسوقت کسیطرح کا

تفرقہ قران مجید و کلام انسانی میں نکریں کیونکہ قران مجید انسان کی زبان اور اھل عرب کی بول چال میں نازل ھوا ھی پس اُس میں باوجود دیگر حالات کے جو کچھہ بزرگی منزل من اللہ ھونے کی ھو سو ھو وہ جدا بات ھی مگر اُسکے معنی قرار دینے اور مطلب و مراد اخذ کرنے میں اُس میں اور انسان کے کلام میں کچھہ فرق نہیں ھی *

اِن تمہیدات کے بعد میں آپ سے عرض کرتا ھوں کہ ان ایات قرانی سے جنکا آپ نے اپنے سوال میں ذکر کیا ھی اور نیز مثل اُن کے جو اور ایتیں ھیں اُن سے بھی انسان کا مجبور ھونا پایا نہیں جاتا *

آیت سورہ بقر کا اخیر جملہ یعنی " ولھم عذاب عظیم " تو کافروں کے حال کی پیشین گوئی ھی جس سے حسب بیان تمہید سویم اُنکا مجبور ھونا لازم نہیں اتا اور پہلے جملے یعنی " ختم اللہ علی قلوبھم و علی سمعھم و علی ابصارھم غشاوۃ " اُنکی جبلت کا حال ھی مگر یہہ حال بشرطیکہ دوسری قوۃ بیکار نچھوڑی جاوے باعث درکات نہیں *

اب بلحاظ تمہید چہارم اس آیت پر غور فرمائیے اور اُس کو بلا تشبیہہ ایک انسان فصیح و بلیغ کا کلام سمجھیئے اور یوں خیال کیجیئے کہ ایک ناصح شفیق کسیکو افعال ذمیمہ چھوڑنے اور اخلاق حمیدہ اختیار کرنے کی نصیحت کرتا ھی اور وہ شخص اُس کی نصیحتوں پر کان بھی نہیں دھرتا اس حالت کو دیکھہ کر ایک شخص کہتا ھی کہ بدذاتوں نا اھلوں کو تم نصیحت کرو یا نکرو وہ کبھی نیک بات نہیں سیکھنے کے اُن کے دل پتھر کے اور اُن کی آنکھیں اندھی اور کان بہرے ھیں خدا نے اُن کے دلوں پر مہر لگادی ھی اور اُن کی آنکھوں پر پردہ ڈالدیا ھی *

اب جو شخص ان باتوں کو سنیگا کیا یہہ سمجھے گا کہ اس شخص نے یا خدا نے اُس بد ذات آدمی کے دل پر مہر لگاکر اور اُس کی آنکھوں اور کانوں پر پردہ ڈال کر ناصح کی نصیحت نمانے پر مجبور کردیا ھی کبھی کوئی ایسا نہیں سمجھہ سکتا بلکہ ھر کوئی یہی سمجھیگا کہ اس کہنے سے اُس بد ذات نا اھل آدمی کی نہایت بد ذاتی اور نا اھلی کا جتانا اور اور لوگوں کو عبرت دلانا مقصود ھی *

میری سمجھہ میں ایسے کلام انسانی میں کوئی شخص ان الفاظ انشائیہ سے اُن کے حقیقی معنی نہیں لے سکتا پس خدا تعالی کے اس قسم کے کلام کو جو انسانی بول چال پر ھی زیادہ اُس کی منشاء سے بڑھانا اور اُن الفاظ کو جو بطور خطابیات کے واقع ھیں حقیقی انشائیات سمجھنا بڑی غلطی ھی *

خدا نے اُن بڑے بدوؤں کے لیئے اُنھی کی زبان میں قران اوتارا ھی پس ھمیشہ قران مجید کے سیدھے سیدھے صاف صاف معنی لینے چاھیئیں اور نکات بعد الوقوع اور کنایات و اشارات و استعارات و دلالات کی قسم کو اُس میں گھوسیڑ کر اُس کو کھینچنا اور تاننا نہیں چاھیئے اس قسم کے معنی قران مجید سے نکالنے خیالات شاعرانہ سے زیادہ کچھہ رتبہ نہیں رکھتے *

اب آپ سورہ اعراف کی آیتوں پر جو آپ کے سوال میں مندرج ھیں لحاظ فرمائیے کہ اھتدا اور اضلال کی نسبت جو خدا نے اپنی طرف کی ھی وہ اُسی مستحال ھونے کے سبب سے کی ھی کیونکہ قوۃ اھتدا اور اضلال دونوں اُسی نے دی ھیں مگر اس نسبت سے یہہ لازم نہیں آتا کہ مھتد اور مضل ھونے پر اُس نے مجبور کردیا ھی *

اگر آپ کو میرا یہہ بیان پسند ھوگا تو آپ یقین کرینگے کہ قران مجید سے انسان کا مجبور ھونا ثابت نہیں ھوتا تو اب نبوۃ پر کچھہ اعتراض نہیں ھوسکتا *

ایمان نہ لانے پر قتل کرنے کا اور گھر بار لوٹ لینے کا شریعت میں کہیں حکم نہیں ھی چند روز ھوئے کہ جہاد کے مسئلہ پر میں بخوبی بحث کرچکا ھوں اور حقیقت جہاد کو میں نے اپنی کتاب خطبات احمدیہ اور ڈاکٹر ھنٹر صاحب کی کتاب کے جواب میں بالتفصیل لکھا ھی اب آپ اُس کو ملاحظہ فرما سکتے ھیں *

اور شہادت حضرت امام حسین علیہ السلام کی نسبت جو آپنے خدا کا اپنے نبی پر ظلم کرنے کا ذکر کیا ھی یہہ بات تو کوئی مسلمان کیا شیعہ اور کیا سنی نہیں کہتا اور کسی کا بھی یہہ اعتقاد نہیں ھی کہ حضرت امام کافروں کے خون کے بدلے میں شہید ھوئے ھیں *

یہہ مسئلہ جو میں نے بیان کیا کسیقدر باریک ھی اور اُس پر غور درکار ھی اور مجھے اُمید ھی کہ آپ اور نیز اور لوگ جن کی نگاہ سے میری یہہ تحریر گذرے وہ قبل اس کے کہ اس پر رد و قدح کریں ذرا دل لگاکر غور فرمارینگے *

راقم
سید احمد

نمبر ۲۰۶

گذرا ھوا زمانہ

برس کی اخیر رات کو ایک بڈھا اپنے اندھیرے گھر میں اکیلا بیٹھا ھی رات بھی ڈراونی اور اندھیری ھی گھٹا چھا رھی ھی بجلی تڑپ تڑپ کر کڑکتی ھی آندھی بڑے زور سے چلتی ھی دل کانپتا ھی اور دم

گھبراتا ھی — بڈھا نہایت غمگین ھی مگر اُسکا غم نہ اندھیرے گھر پوتی نہ واکیلے پن پر اور نہ اندھیری رات اور بجلی کی کڑک اور آندھی کی گونج پر اور نہ برس کی اخیر رات پر — وہ اپنے پچھلے زمانہ کو یاد کرتا ھی اور جتنا زیادہ یاد آتا ھی اُتنا ھی غم بڑھتا ھی ھاتوں سے ٹھنکے ھوئے مونہہ پر آنکھوں سے آنسو بھی بہی چلے جاتے ھیں *

پچھلا زمانہ اُس کی آنکھوں کے سامنے پھرتا ھی اپنا لڑکپن اُس کو یاد آتا ھی جبکہ اُسکو کسی چیز کا غم اور کسی بات کی فکر دل میں نہ تھی روپہ اشرفی کے بدلے ریوڑی اور مٹھائی اچھی لگتی تھی سارا گھر ماں باپ بھائی بہن اُس کو پیار کرتے تھے پڑھنے کے لیئے چھٹی کا وقت جلد آنے کی خوشی میں کتابیں بغل میں لے مکتب میں چلا جاتا تھا — مکتب کا خیال آتے ھی اُسکو اپنے ھم مکتب یاد آتے تھے وہ اور زیادہ غمگین ھوتا تھا اور بے اختیار چلا اُٹھتا تھا " ھاے وقت ھاے وقت ھائے گذرے ھوئے زمانے افسوس کہ میںنے تجھے بہت دیر میں یاد کیا " *

پھر وہ اپنی جوانی کا زمانہ یاد کرتا تھا اپنا سرخ سفید چہرہ سڈول ڈیل بھرا بھرا بدن رسیلی آنکھیں موتی کی لڑی سے دانت اُمنگ میں بھرا ھوا دل جذبات انسانی کے جوشوں کی خوشی اُسے یاد آتی تھی — اُس آنکھوں میں اندھیرا چھائے ھوئے زمانہ میں ماں باپ جو نصیحت کرتے تھے اور نیکی اور خدا پرستی کی بات بتاتے تھے اور یہہ کہتا تھا کہ " اُہ ابھی بہت وقت ھی " اور بڑھاپے آنے کا کبھی خیال بھی نکرتا تھا اُس کو یاد آتا تھا اور افسوس کرتا تھا کہ کیا اچھا ھوتا اگر جب ھی میں اسوقت کا خیال کرتا اور خدا پرستی اور نیکی سے اپنے دل کو سنوارتا اور موت کے لیئے طیار رھتا آہ وقت گذر گیا آہ وقت گذر گیا اب پچھتاے کیا ھوتا ھی افسوس میںنے آپ اپنے تئیں ھمیشہ یہہ کہکر برباد کیا کہ " ابھی وقت بہت ھی " *

یہہ کہکر وہ اپنی جگہہ سے اُٹھا اور ٹٹول ٹٹول کر کھڑکی تک آیا کھڑکی کھولی دیکھا کہ رات ویسی ھی ڈراونی ھی اندھیری گھٹا چھا رھی ھی بجلی کی کڑک سے دل پھٹا جاتا ھی ھولناک آندھی چل رھی ھی درختوں کے پتے اُڑتے ھیں اور ٹہنے ٹوٹتے ھیں تب وہ چلاکر بولا "ھاے ھاے میری گذری ھوئی زندگی بھی ایسی ھی ڈراونی ھی جیسی یہہ رات " یہہ کہکر پھر اپنی جگہہ آ بیٹھا *

اتنے میں اُسکو اپنے ماں باپ بھائی بہن دوست آشنا یاد آئے جنکی ھڈیاں قبروں میں گل کر خاک ھوچکی تھیں ماں گویا محبت سے اُسکو چھاتی سے لگائے آنکھوں میں آنسو بھرے کھڑی ھی یہہ کہتی ھوئی کہ ھاے بیٹا وقت گذر گیا باپ کا نورانی چہرہ اُسکے سامنے ھی اور اُس میں سے یہہ آواز آتی ھی کہ کیوں بیٹا ھم تمہارے ھی بھلے کے لیئے نہ کہتے تھے بھائی بہن دانتوں میں اُنگلی دیئے ھوئے خاموش ھیں اور اُن کی آنکھوں سے آنسوؤں کی لڑی جاری ھی دوست آشنا سب غمگین کھڑے ھیں اور کہتے ھیں کہ اب ھم کیا کرسکتے ھیں *

ایسی حالت میں اُس کو اپنی وہ باتیں یاد آتی تھیں جو اُسنے نہایت بےپروائی اور بے مروتی اور کج خلقی سے اپنے ماں باپ بھائی بہن دوست آشنا کے ساتھہ برتی تھیں ماں کو رنجیدہ رکھنا باپ کو ناراض کرنا بھائی بہن سے بےمروت رھنا دوست آشنا کے ساتھہ ھم دردی نہ کرنا یاد آتا تھا اور اُس پر اُن گلی ھڈیوں میں سے ایسی محبت کا دیکھنا اُس کے دلکو پاش پاش کرتا تھا اُسکا دم چھاتی میں گھٹ جاتا تھا اور یہہ کہکر چلا اُٹھتا تھا کہ " ھاے وقت نکل گیا ھاے وقت نکل گیا اب کیونکر اسکا بدلا ھو " *

وہ گھبراکر پھر کھڑکی کی طرف دوڑا اور ٹکٹکاتا ٹٹولتا کھڑکی تک پھونچا اُسکو کھولا اور دیکھا کہ ھوا کچھہ ٹھہری ھی اور بجلی کی کڑک کچھہ تھمی ھی پر رات ویسی ھی اندھیری ھی اُس کی گھبراھٹ کچھہ کم ھوئی اور پھر اپنی جگہہ آبیٹھا *

اتنے میں اُسکو اپنا ادھیڑپنا یاد آیا جس میں نہ وہ جوانی رھی تھی اور نہ وہ جوانی کا جوبن نہ وہ دل رھا تھا اور نہ دل کے ولولوں کا جوش — اُسنے اپنی اُس نیکی کے زمانہ کو یاد کیا جس میں وہ بہ نسبت بدی کے نیکی کی طرف زیادہ مایل تھا وہ اپنا روزہ رکھنا نمازیں پڑھنی حج کرنا زکواۃ دینی بھوکوں کو کھلانا مسجدیں اور کنویں بنوانا یاد کرکر اپنے دل کو تسلی دیتا تھا فقیروں اور درویشوں کو جنکی خدمت کی تھی اپنے پیروں کو جنسے بیعت کی تھی اپنی مدد کو پکارتا تھا مگر دل کی بیقراری نہیں جاتی تھی — وہ دیکھتا تھا کہ اُس کے ذاتی اعمال کا اُسی تک خاتمہ ھی بھوکے پھر ویسے ھی بھوکے ھیں مسجدیں ٹوٹ کر یا تو کھنڈر ھیں اور یا پھر ویسے ھی جنگل ھیں کنوئیں اندھے پڑے ھیں نہ پیر اور نہ فقیر کوئی اُسکی آواز نہیں سنتا اور نہ مدد کرتا ھی — اُس کا دل پھر گھبراتا ھی اور سوچتا ھی کہ میںنے کیا کیا جو تمام فانی چیزوں پر دل لگایا یہہ پچھلی سمجھہ پہلے ھی کیوں نہ سوجھی اب کچھہ بس نہیں چلتا اور پھر یہہ کہکر چلا اُٹھا " ھاے وقت ھاے وقت میں نے تجھکو کیوں کھو دیا " *

وہ گھبرا کر پھر کھڑکی کی طرف دوڑا اُس کے پٹ کھولے تو دیکھا کہ آسمان صاف ھی آندھی تھم گئی ھی گھٹا کھل گئی ھی تارے نکل آئے ھیں اُن کی چمک سے اندھیرا بھی کچھہ کم ھوگیا ھی

گذرا ھوا زمانہ

وہ دل بہلانے کے لیئے تاروں بھری رات کو دیکھہ رہا تھا کہ یکایک اُس کو آسمان کے بیچ میں ایک روشنی دکھائی دی اور اُس میں ایک خوبصورت دلہن نظر آئی اُس نے ٹکٹکی باندہ کر اُسے دیکھنا شروع کیا جوں جوں وہ اُسے دیکھتا تھا وہ قریب ھوتی جاتی تھی یہانتک کہ وہ اُس کے بہت پاس آگئی وہ اُس کے حسن و جمال کو دیکھہ کر حیران ھوگیا اور نہایت پاک دل اور محبت کے لہجہ سے اُس سے پوچھا کہ تم کون ھو وہ بولی کہ میں ھمیشہ زندہ رھنے والی نیکی ھوں اُس نے پوچھا کہ تمہاری تسخیر کا بھی کوئی عمل ھی وہ بولی ھاں ھی نہایت آسان پر بہت مشکل جو کوئی خدا کے فرض اُس بندے کی طرح جس نے کہا تھا کہ " واللہ لازید ولاانقص " ادا کرکر انسان کی بھلائی اور اُس کی بہتری میں سعی کرے اُس کی میں مسخر ھوتی ھوں دنیا میں کوئی چیز ھمیشہ رھنے والی نہیں ھی انسان ھی ایسی چیز ھی جو اخیر تک رھیگا پس جو بھلائی کہ انسان کی بہتری کے لیئے کی جاتی ھی وھی نسل در نسل اخیر تک چلی آتی ھی نماز روزہ حج زکواۃ اُسی تک ختم ھوجاتا ھی اُس کی موت اُن سب چیزوں کو ختم کر دیتی ھی مادی چیزیں بھی چند روز میں فنا ھو جاتی ھیں مگر انسان کی بھلائی اخیر تک جاری رھتی ھی میں تمام انسانوں کی روح ھوں جو مجھکو تسخیر کرنا چاھے انسان کی بھلائی میں کوشش کرے کم سے کم اپنی قوم کی بھلائی میں تو دل و جان و مال سے سامی ھو — یہہ کہہ کر وہ دلہن غایب ھوگئی اور بندہ پھر اپنی جگہہ آ بیٹھا *

اب پھر اُس نے اپنا پچھلا زمانہ یاد کیا اور دیکھا کہ اُس نے اپنی پچپن برس کی عمر میں کوئی کام بھی انسان کی بھلائی اور کم سے کم اپنی قومی بھلائی کا نہیں کیا تھا اُس کے تمام کام ذاتی غرض پر مبنی تھے نیک کام جو کیئے تھے ثواب کے لالچ اور گویا خدا کو رشوت دینے کی نظر سے کیئے تھے خاص قومی بھلائی کی خالص نیت سے کچھہ بھی نہیں کیا تھا *

اپنا حال سوچ کر وہ اُس دل فریب دلہن کے ملنے سے مایوس ھوا اپنا اخیر زمانہ دیکھکر آیندہ کرنے کی بھی کچھہ اُمید نہ پائی تب تو نہایت مایوسی کی حالت میں بیقرار ھوکر چلا اُٹھا " ھاے وقت ھاے وقت کیا پھر تجھے میں بلا سکتا ھوں ھاے میں دس ھزار دنیائیں دیتا اگر وقت پھر آتا اور میں جوان ھوسکتا " یہہ کہہ کر اُس نے ایک آہ سرد بھری اور بیھوش ھوگیا *

تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ اُس کے کانوں میں میٹھی میٹھی باتوں کی آواز آنے لگی اُس کی پیاری ماں اُس کے پاس آ ٹھہری ھوئی اُس کو گلے لگا کر اُس کی بیبی لی اُس کا باپ اُس کو دکھائی دیا چھوٹے چھوٹے بھائی بہن اُس کے گرد آ کھڑے ھوئے ماں نے کہا کہ بیٹا کیوں برس کے برس دن روتا ھی کیوں تو بیقرار ھی کسلیئے تیری ھچکی بندہ گئی ھی اُٹھہ منہہ ھاتھہ دھو کپڑے پہن تو روز کی خوشی منا تیرے بھائی بہن تیرے منتظر کھڑے ھیں تب وہ اوٹھا جاگا اور سمجھا کہ میں نے خواب دیکھا اور خواب میں بندھا ھوگیا تھا اُس نے اپنا سارا خواب اپنی ماں سے کہا اُس نے سنکر اُس کو جواب دیا کہ بیٹا بس تو ایسا مت کر جیسا اُس پشیمان بندے نے کیا بلکہ ایسا کر جیسا تیری دلہن نے تجھہ سے کہا *

یہہ سنکر وہ اوٹھا پلنگ پر سے کود پڑا اور نہایت خوشی سے پکارا کہ " اُو بھی میری زندگی کا پہلا دن ھی میں کبھی اُس بندے کیطرح نہ پچھتاؤنگا اور ضرور اُس دلہن کو بیاھونگا جسنے ایسا خوبصورت اپنا چہرہ مجھکو دکھلایا اور ھمیشہ زندہ رھنے والی نیکی اپنا نام بتلایا — اُو خدا اُو خدا تو میری مدد کر آمین " *

پس ای میرے پیارے نوجوان ھموطنوں اور اے میری قوم کے بچو اپنی قوم کی بھلائی پر کوشش کرو تاکہ اخیر وقت میں اُس بندے کی طرح نہ پچھتاؤ ھمارا زمانہ تو اخیر ھی اب خدا سے یہہ دعا ھی کہ کوئی نوجوان اُٹھے اور اپنی قوم کی بھلائی میں کوشش کرے آمین *

راقـــــم
این - ایم - سید احمد

اشتہار

گذشتہ سوا دو برس کے پرچہ ھاے تہذیب الاخلاق بہ ترتیب ھمارے پاس موجود ھیں جس صاحب کو اُن کی خریداری منظور ھو مفصلہ ذیل قیمت پر مل سکتے ھیں *

تہذیب الاخلاق روز اجرا سے یعنی یکم شوال سنہ ۱۲۸۷ ھجری سے لغایت آخر سنہ ۱۲۸۸ ھجری بابت سوا برس کے ... صرف
تہذیب الاخلاق بابت سال تمام سنہ ۱۲۸۹ ھجری للعہ

مقام بنارس } راقـــــم
سید احمد منیجر تہذیب الاخلاق

اشتہار

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۰ صفر سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اُجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ مع اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے خرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے سو مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي سمجھائے جاویں *

مضمون نمبر ۲۰۷.

دارالعلوم مسلمانان

امرؤ یرب الناس ملک الناس الہ الناس من شر الوسواس الخناس
الذي یوسوس في صدور الناس من الجنۃ والناس

ہماري یہہ راے ہی کہ جب مختلف رائیں پھیلیں تو بعوض اس کے کہ کسي راے کا حامي اپني راے کي حمایت کرے یہہ بہتر ہی کہ اُس کا تصفیہ لوگوں کي راے پر چھوڑا جاوے مگر ہمارے دوست ہم سے کہتے ہیں کہ دارالعلوم مسلمانان کي نسبت جو مخالف لوگوں نے کي ہی اُس میں سکوت مناسب نہیں ہی اس لیئے بمجبوري ہم کچھہ لکھتے ہیں کہ " آزردن دل دوستاں جہاں است و کفارہ یمین سہل " *

بمے سجادہ رنگیں کن گرت پیر مغاں گوید
کہ سالک بیخبر نہ بود ز راہ و رسم منزلہا

جہانتک کہ ہم نے مخالفین کي تحریرات کو دیکھا اور اُن کے خطوط کو پڑھا ہمنے سات قسم کے لوگوں کو دارالعلوم مسلمانان کے مخالف پایا *

اول خبیث النفس و بد باطن — جو ہماري ان تمام محنتوں کو اور ہمارے تمام کاموں کو جو ہم اپني دانست میں اپني قوم کي بھلائي کے لیئے کرتے ہیں ہماري ذاتي غرض پر محمول کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو کچھہ ہم کرتے ہیں اپني نام آوري اور شہرت کے لیئے اور حکام وقت کے سامنے اپنا رسوخ پیدا کرنے کو اور اُن کو دھوکا و فریب دینے کو کرتے ہیں — شاید یہہ برائي ہم میں ہو اور ہمکو

نہ دکھائي دیتي ہو " و ما ابرء نفسي ان النفس لامارۃ بالسوء الا ما رحم ربي " مگر ہم یہہ کہتے ہیں کہ اگر ہماري اس برائي ہي نے اور اس کمینہ خواہش ہي نے ہمکو ہماري قوم کي بھلائي پر آمادہ کیا ہو اور ہماري بدیوں ہي سے ہماري قوم کي بھلائي ہوتي ہو تو ہماري قوم کا اُس سے کیا نقصان ہی *

ہمارے دل کے بھیدوں کے جاننے والے اور ہماري نیتوں کا تصفیہ کرنے والے ہمارے مخالف نہیں ہیں اور نہ اُن کے تصفیہ کي ہمکو آرزو ہی بلکہ صرف اس کي آرزو ہی کہ وہ اس بات کا تصفیہ کریں کہ جو کچھہ ہم کہتے ہیں وہ اُن کے لیئے بہتر ہی یا نہیں *

شہرت کا نہ ہونے دینا ہماري طاقت سے باہر ہي جو کوئي کچھہ کام کرتا ہی کرنے والے کا ضرور ذکر ہوتا ہی پس ہم پر بدگماني کرنے والے ہمکو بتادیں کہ کس طرح ہم اپني شہرت کو روکیں اگر ہم میں یہہ بدي جو ہمارے مخالف ہم میں بتاتے ہیں ہی تو وہ اپني نیکي اور کرم سے اُس سے درگذر کریں خواہ ہمکو ایک کمینہ خصلت والا شخص تصور فرماویں نہ یہہ کہ جو کام قومي بھلائي کے ہیں اُن میں حارج ہوں *

دویم حساد — مدت سے ہمارے پرانے یار ہماري ترقیات سے جو خدا نے صرف اپني عنایت سے نہ ہمارے کسي استحقاق سے ہمکو دیں ہم پر خفا ہیں مگر اُن کو انصاف کرنا چاہیئے کہ اُن کو خدا پر خفا ہونا مناسب ہی نہ مجھہ پر اگر مجھکو سي ایس آئي ملي اور اُن کو بارصف دلي خواہشوں کے نہ ملي یا کوئي شخص قاعدہ پچپن سالہ کے سبب معطل ہوگیا اور مجھے کچھہ مہات ملي یا — بات میرے لیئے ہوئي اور اُن کے لیئے نہ ہوئي تو اس میں میرا کیا تصور ہی پس اب وہ اپنا فخر اور اپنے دل کي ٹھنڈک اسي میں سمجھتے ہیں کہ ہمارے کاموں میں جھوٹے سچے عیب نکالیں جھوٹي سچي تہمتیں ہم پر لگائیں اور اپنے دل کے جلے پھپھولے پھوڑیں *

ایسے وقت میں " سمند ناز پر ایک اَور تازیانہ ہوا " کہ دارالعلوم مسلمانان کي بنیاد پڑي حاسدوں نے خیال کیا کہ اب تو سید احمد نے بھوت بننے کا سامان کیا کہ مرے پر بھي زندہ رہیگا یہہ خیال جیسا اُن پر شاق گذرا ہوگا اور جس قدر اُن کا دل ٹکڑے ٹکڑے ہوا ہوگا اُس کا حال اُن کا دل ہي جانتا ہوگا پس اب اُن کا کیا کام ہی بجز اس کے کہ کافر بنیں اور دارالعلوم مسلمانان کي بنیاد کو کھودا کریں مگر اُن کو حافظ کا یہہ شعر خوب یاد رکھنا چاہیئے *

پس تجربہ کردیم دریں دیر مکافات
با درد کشاں ہرکہ در اُفتاد برافتاد
گر جاں بدھي سنگ سیہ لعل نہ گردد
با طینت اصلي چہ کند بد گہر اُفتاد

سویم بعض متعصب وہابي جن کو میں یہود ہذہ الامت سمجھتا ہوں اور جن کے تمام افعال صرف دکھلاوے کي باتوں پر منحصر ہیں اور جو انگریزي زبان پڑھنے کو حرام سمجھتے ہیں — انگریزوں اور کافروں سے صاحب سلامت کرنا گناہ جانتے ہیں اُن سے دوستي کفر سمجھتے ہیں اُنکي اہانت اور تذلیل کو بڑي دینداري جانتے ہیں اُنکے ساتھہ ہمدردي کرنا کفر خیال کرتے ہیں اگر اتفاقاً اُن سے مصافحہ کي نوبت آجاوے تو ہاتھہ دھو ڈالنا فرض کہتے ہیں اگر دھوکے میں عیسائي سے صاحب سلامت ہو جاوے تو جاکر اُس سے یہہ کہنا کہ میرا سلام پھیر دے اُس کا کفارہ جانتے ہیں مگر صرف دو باتوں کو مباح سمجھتے ہیں کافروں کي نوکري کرنا تاکہ قیچي کلکٹري نچاتي رہے

اور اپني غرض کے لیئے کافروں پاس حاضر ھوکر اداب و تسلیم بجالانا ذلت جب کسي مجلس میں نواب لفٹننٹ گورنر ھوں تو اس بات کے کہنے کا کہ آپ کے قدموں کي برکت سے یہہ عزت ھوئي موقع رھے میں ایسي دینداري سے کفر کو بہتر سمجھتا ھوں — میں اسلام کو نور خالص جانتا ھوں جسکا ظاھر و باطن سب یکساں ھی تمام دنیا سے اور کافر سے کافر سے سچي دوستي سچي محبت سچي ھمدردي اعلی مسئلہ اسلام کا سمجھتا ھوں جس طرح میں خدا کے ایک ھونے پر یقین کرنے کو رکن اعظم یا عین ایمان جانتا ھوں اسي طرح تمام انسانوں کو بھائي جاننا تعلیم اسلام کا اعلی مسئلہ یقین کرتا ھوں مگر اُنکے مذھب کو اچھا نہیں سمجھتا *

یہہ متعصب وھابي وہ لوگ ھیں جو علوم کے بھي دشمن ھیں فلسفہ کو وہ حرام بتلاتے ھیں منطق کو وہ حرام کہتے ھیں علوم طبعیات کا پڑھنا تو اُن کے نزدیک کفر میں داخل ھوتا ھی پس ایسے آدمي جسقدر مجوزہ دارالعلوم مسلمانان کي مخالفت کریں کچھہ بعید نہیں ھی *

چہارم خود غرض یا خود پرست — یعني وہ لوگ جو دنیا میں بجز اپني غرض کے اور اپني حظ نفساني کے دنیا و مافیہا سے غرض نہیں رکھتے وہ نہیں جانتے کہ قومي ھمدردي اور قومي عزت کیا چیز ھی وہ ھمیشہ اس خیال میں ھیں کہ لوگوں کو فائدہ پہونچنے سے ھمکو کیا فائدہ ھی قوم کي بھلائي کے لیئے روپیہ دینا سب سے بڑي حماقت سمجھتے ھیں مگر جب اُن کو لوگ شرمندہ کرتے ھیں تو ھم پر یا مجوزہ دارالعلوم پر جھوٹے الزام لگانے پر مستعد ھوتے ھیں تاکہ اپنے عیبوں کو جھوٹے الزاموں کي چادر سے ڈھانکیں *

پنجم ٹٹپونجیئے اخبار نویس جو یہہ سمجھتے ھیں کہ اس قسم کے مضامین چھاپنے سے ھمارے اخبار کے دو چار پرچے زیادہ بک جاوینگے *

ششم بے تمیز — یعني وہ لوگ جو ھمارے ذاتي خیالات اور قومي معاملات میں تمیز نہیں کرتے اور ھمارے مقصد کو جو دارالعلوم کے قایم کرنے سے ھی نہیں سمجھتے *

ساتویں نادان مسلمان جنکے دل میں پہلي پانچ قسم کے بزرگوں نے وسوسہ ڈالا ھی اور وہ اپني سچي ایمانداري سے تردد میں پڑگئے ھیں *

اِن اقسام ھفتگانہ میں سے پہلي پانچ قسم کے لوگوں سے بحث کرنا محض ذاتي ھی اس لیئے کہ وہ نادان نہیں ھیں بلکہ دیدہ و دانستہ اپني اغراض نفساني سے مخالفت کو اختیار کیا ھی ھاں پچھلي دو قسم کے لوگ ایسے ھیں کہ اُن کي تشفي خاطر کے لیئے کچھہ لکھنا شاید مناسب ھو اور غالبا اسي قسم کے لوگوں کي طمانیت کے لیئے ھمارے دوستوں نے ھمکو کچھہ لکھنے کي تکلیف دي ھی مگر ھم اتنا ھي کافي سمجھتے ھیں کہ اُن مکاید مخالفین کي جنسے وہ پچھلي دو قسم کے مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ھیں کچھہ تشریح کردیں *

کید اول — دارالعلوم مسلمانان کي کمیٹي جو دسویں فروري سنہ ۱۸۷۳ ع کو ھوئي اُس میں پوري تجویز اُس طریقہ تعلیم کي جو دارالعلوم مسلمانان میں ھوگي پیش ھوئي ھی اور جو جو علوم اُس میں پڑھائے جاوینگے سب بیان ھوئے ھیں — یہہ تجویز چند روز پہلے کمیٹي میں پیش ھونے سے مرتب ھوگئي تھي اور ھمنے اس خیال سے کہ اُن پچھلي دو قسم کے مسلمانوں کے دل میں کچھہ وسوسہ باقي نرھے کانپور کے ایک چھاپہ خانہ میں ایک سوال بطور استفتاء اس نیت سے چھپوایا تھا کہ علماء وقت کے پاس بھیجکر اُس کا جواب لیا جاوے چنانچہ وہ چھپ گیا اور تقسیم بھي ھوا ھی اور وہ استفتاء یہہ ھی جو بجنسہ ھم اس مقام پر نقل کرتے ھیں *

نقل استفتاء

کیا فرماتے ھیں علماء شرع شریف کے کہ اندنوں میں بعض مسلمانوں نے واسطے تعلیم علوم دیني اور علوم دنیاوي مسلمانوں کے ایک مدرسہ قایم کرنا تجویز کیا ھی اور جو جو علوم اُس میں پڑھائے جاوینگے اور جس طرح کہ مدرسوں اور طالب علموں کو تنخواہ ملیگي اُس کي تجویز اُنھوں نے چھاپي ھي جو بجنسہ اِس سوال کے ساتھہ مرسل ھی پس پہلا سوال یہہ ھی کہ ایسے مدرسہ کے قایم و جاري ھونے کے لیئے عموما چندہ دینا یا اس طرح پر خاص کرکے چندہ دینا کہ ھمارا روپیہ خاص فلاں علم کي تعلیم میں صرف ھو اور فلاں علم کي تعلیم میں صرف نہ کیا جاوے شرعاً درست ھی یا نہیں دوسرا سوال یہہ ھی کہ اُس تجویز میں جو علوم پڑھانے مندرج ھیں اُن میں سے کونسے علوم ایسے ھیں جنکے پڑھانے کے لیئے مسلمانوں کو چندہ دینا جائز ھی اور کونسے ایسے ھیں جنکے لیئے جائز نہیں بینوا توجروا *

ھر ایک مسلمان شخص خیال کرسکتا ھی کہ سایل نے نہایت صفائي اور سچائي سے بلاکسي ایماء و اشارہ کے تمام طریقہ تعلیم کو بجنسہ علماء کے سامنے پیش کردیا تاکہ جو کچھہ اُن کے ایمان میں آوے جواب لکھیں اُس پر قسم اول و دوم و سوم کے لوگوں میں سے بعض نے اُس کے مقابلہ میں کانپور کے اخبار نورالانوار میں ایک استفتاء چھاپا ھی جس کي نقل بلفظہ یہہ ھی *

نقل استفتاء مطبوعہ اخبار کانپور

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس میں کہ اندنوں ایک شخص اُن مدارس کو جن میں علوم دینی اور اُن علوم کی جو علوم دینی کی تائید میں ہیں تعلیم ہوتی ہی جیسے مدرسہ اسلامیہ دیوبند اور مدرسہ اسلامیہ علیگڈھ اور مدرسہ اسلامیہ کانپور کو لغو اور برا کہتا ہی اور اِن مدارس کی ضد میں ایک مدرسہ اپنے طور پر تجویز کرنا چاہتا ہی اور اُس شخص کا حال یہہ ہی کہ صدہا امور کو جو بموجب آیات اور احادیث اور روایات فقہیہ باتفاق اہل اسلام ناجائز ہیں دین کے پیرایہ میں رواج دیتا ہی اسلیئے مسلمانوں کو اس شخص کے افعال اور اعتقادات پر اعتماد نہیں ہی پس اس مدرسہ کے لیئے جو ایسا شخص کہ اہل اسلام سلف اور حال کے امور مذہبی میں مخالف ہی اپنے طور پر ایک مدرسہ ضد میں مدارس اسلامیہ قدیم و حال کے تجویز کرنا چاہتا ہی اور اُن میں کچھہ علوم دنیاویہ اور کچھہ علوم مذہبی اپنے طور پر تعلیم کرانا اُسکو منظور ہی مسلمانوں کو ایسے مدرسہ میں چندہ دینا درست ہی یا نہیں بینوا توجروا *

اب ہم اُن مسلمانوں پر جو ذرا بھی سمجھہ رکھتے ہیں اسبات کا تصفیہ چھوڑتے ہیں کہ ایا یہہ کانپور کا استفتاء سچائی اور نیک نیتی اور ایمانداری سے لکھا گیا ہی یا بالکل کذب و اتہام سے بھرا ہوا ہی *

ہماری تجویز تعلیم کے پڑھنے والوں نے دیکھا ہوگا کہ ابتداے تعلیم سے انتہا تک فقہ و حدیث و تفسیر وغیرہ دینیات اسلامی کا اُس میں پڑھانا تجویز ہوا ہی اُن طالب علموں کے لیئے تنخواہیں تجویز کی ہیں جو لوگ دینیات میں بعد امتحان کامل نکلیں اور مولوی بن جاویں اُن کے لیئے پچاس پچاس روپیہ ماہواری ملنا صرف اس غرض سے تجویز ہوا ہی کہ وہ اور زیادہ کمال اُس میں پیدا کریں—
اُس تجویز میں خاص قاعدہ بنایا گیا ہی کہ جو لڑکے مذہبی پڑھانے کو انتخاب کی جاویں وہ ایسی ہوں جن کی تعلیم پر عموماً مسلمانان ہندوستان متفق ہوں پس ان تجویزوں کو کانپور کے استفتاء سے مقابلہ کرنے پر ہر شخص سمجھہ سکتا ہی کہ وہ استفتا سچائی اور ایمانداری اور نیک نیتی سے لکھا گیا ہی یا نہیں *

جو مذہبی تعلیم اس مدرسہ میں تجویز ہوئی ہی اور جو تجویز اُسکی ترقی کی گئی ہی وہ آج تک کسی مدرسہ اسلامی کو نصیب نہیں ہوئی بچارہ غریب مدرسہ دیوبند و علیگڈھ و کانپور تو اس گنتی میں ہیں ہم موجودہ اسلامی مدرسوں کی یہہ برائی نہیں بتاتے کہ اُن میں مذہبی تعلیم ہوتی ہی بلکہ اسبات میں اُنکی شکایت کرتے ہیں کہ سواے مذہب کے اور بہت سی چیزیں پڑھائی جاتی ہیں جو محض لغو و بیفائدہ ہیں اور دین و دنیا دونوں میں بکار آمد نہیں اُن کا سلسلہ تعلیم نہایت ناقص ہی جس میں عمر ضایع ہوتی ہی اُن سب میں اصلاح و درستی کرنی چاہیئے مبہذا جو کچھہ حالت اُن مدرسوں کی ہی اُس سے ہمکو قومی ترقی اور قومی عزت حاصل ہونے کی کچھہ توقع نہیں ہی اُنکا نتیجہ قوم کے حق میں بجز اسکے کہ وہاں کے طالب علم مسجدوں میں پڑھے ہوئے بھیک کے ٹکڑے کھایا کریں اور کچھہ نہیں ہی اس لیئے ایسا دارالعلوم قایم ہو جو دین و دنیا دونوکی بہبودی اور ترقی کا باعث ہو اور ان تمام لاوارث ڈاوان ڈول مدرسوں کا حامی اور سرپرست اور نگراں ہو *

اب غور کرنا چاہیئے کہ کانپور والے ایماندار شخص نے ہماری اس تجویز کو یوں تعبیر کیا ہی کہ وہ شخص مدرسہ اسلامیہ علیگڈھ و کانپور و دیوبند کو لغو اور برا کہتا ہی اور اُس کو اس مدرسہ میں علوم مذہبی اپنے طور پر تعلیم کرانا منظور ہی پس اب مسلمانوں کو خود اُس کانپوری سایل کی ایمانداری اور سچائی اور نیک نیتی کا تصفیہ کرنا چاہیئے *

اُس سایل نے ہم میں بہت سے مذہبی نقص بتلائے ہیں ہم قبول کرتے ہیں کہ ہم میں وہ نقص سہی مگر اُن نقصوں سے اور مدرسہ میں چندہ نہ دینے سے کیا تعلق ہی سایل کو یہہ لکھنا تھا کہ فلاں فلاں علوم جو اُس مدرسہ میں پڑھائے جاوینگے اُنکا پڑھانا لغو ہی اس لیئے اُن علوم کے پڑھانے میں چندہ دینا نہیں چاہیئے اگر مجھہ میں نقص ہی اور میرے افعال و اعتقادات پر مسلمانوں کو اعتماد نہیں ہی تو اُس کا نتیجہ یہہ نہیں ہی جو سایل نے سوال میں قایم کیا ہی بلکہ اُسکا نتیجہ یہہ ہی کہ مسلمانوں کو اور خود کانپوری سایل کو اگر کچھہ غیرت و حمیت اور جوش اسلام اور قومی ہمدردی ہی کمیٹی کے اجلاس میں تشریف لاویں اور ممبروں کو صلاح دیں کہ ہمارے ہاتھہ سے اہتمام نکال کر دوسرے کے ہاتھہ میں دیں اِسوقت کمیٹی میں بارہ ممبر ہیں جن میں سے بہت سے نہایت عالم اور دیندار و نیک بخت ہیں اور کچھہ شبہہ نہیں کہ وہ ایمانداری سے جو بہتر سمجھینگے کرینگے اگر ہمارے مخالف اور کانپوری سایل ایسا کریں ہماری نہایت خوشی اور دل کی رضامندی ہی ورنہ خالی بیٹھے ہوئے بک بک کرنے اور لوگوں کو اغوا کرنے اور جھوٹے اتہام لگانے سے کیا فائدہ ہی کیا یہہ باتیں گنڈہ میں داخل نہیں ہیں یا دو بارہ حج کا ارادہ ہی *

دارالعلوم مسلمانان کے قواعد ایسی صفائی سے تجویز ہوئے ہیں کہ متعصب سے متعصب وہابی بھی اُس پر کچھہ اعتراض نہیں کرسکتا اُس کی دفعہ ۲۰ میں یہہ قاعدہ تجویز ہوا ہی کہ اگر کوئی شخص

اس دارالعلوم میں کسی خاص علم کی تحصیل کرنا چاہی تو وہ اُس خاص علم کو پڑھ سکتا ہی پس جو متعصب وہابی انگریزی پڑھنے کو کفر سمجھتا ہی اور فلسفہ و منطق و علوم طبعیات کا پڑھنا ناجایز جانتا ہی وہ اُس دارالعلوم میں وہی زبان اور وہی علم پڑھ سکتا ہی جنکو وہ جایز جانتا ہی اور جو متعصب وہابی خاص اپنے علوم کے سوا اور علوم کے پڑھانے کے لیئے چندہ دینا کفر جانتا ہی تو وہ صرف اُنہی خاص علوم کے پڑھانے کو چندہ دے سکتا ہی پس جبکہ ایسی صفائی اور سچائی سے اصول قایم کیئے گئے ہیں تو لوگ خیال کرسکتے ہیں کہ دارالعلوم کے مخالفین کس نیت اور کس طبیعت سے دارالعلوم مسلمانان کے مخالف ہوئے ہیں *

دارالعلوم مسلمانان صرف وہابیوں یا گوشہ نشین لوگوں یا تارک الدنیا صوفیوں کے لیئے نہیں بنایا جاتا بلکہ تمام مسلمانوں کے لیئے بنتا ہی جن میں مختلف اغراض اور طبیعت کے لوگ شامل ہیں جو مسلمان دنیا دار ہیں اور دنیا میں روپئی کمانا اور عزت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور سرکاری عہدہ اور اعلی عہدوں پر مقرر ہونے کی خواہش رکھتے ہیں جو انگریزی زبان اور علوم میں کامل دستگاہ حاصل کیئے بغیر ممکن نہیں ہی اُن کے لیئے تمام علوم انگریزی موجود ہیں اور جو لوگ فلسفہ و منطق و طبعیات کا پڑھنا حرام نہیں جانتے اُن کے لیئے وہ علوم بھی موجود ہیں جو اُن تمام علوم کو کفر سمجھتے ہیں اور صرف دینیات کو اور اُن علوم کو جو اُس کے معاون ہیں پڑھنا جایز جانتے ہیں اُن کے لیئے وہ علوم بھی موجود ہیں پس ظاہرا بجز خبث طینت کے اور کوئی چیز دارالعلوم مسلمانان سے مخالفت کرنے کی وجہ معلوم نہیں ہوتی *

کانپور سے جو مہیب مہیب آوازیں آتی ہیں اور عجیب عجیب وسوسے نکلتے ہیں اور مدلس استفتاء چھاپے جاتے ہیں اُس کا سبب ہمارے دوستوں کو معلوم نہیں ہی ہم سے جناب کانپور کے پریوٹ سکرٹری کی خدمت میں تقصیر ہوگئی ہی اگرچہ اُن کے شفیع مکرمی خواجہ ولی اللہ صاحب کو یقین ہوگا کہ اُس میں ہماری کچھہ تقصیر نہیں ہی مگر جناب پریوٹ سکرٹری کو اُس کا یقین نہیں آتا پس یہہ ذاتی رنجشیں ہیں جو اُن صورتوں میں ظاہر ہوتی ہیں ہمارے دوستوں کو اُن پر خیال کرنا اور ہمکو اُن لغویات پر متوجہ ہونے کی تکلیف دینا محض بیفائدہ ہی *

کیفیت دوم — یہہ بات سچ ہی کہ ہمکو متعدد مسایل میں مسلمانوں سے اختلاف ہی ہم تقلید کو تسلیم نہیں کرتے مذہب کو تقلیدا قبول کرنے سے تحقیقاً اُس پر ایمان لانا بہتر جانتے ہیں اور اسی طرح اور بہت سے مسایل اعتقادی و تمدنی ہیں جنسے یا جنکے طرز بیان و طریقہ استدلال سے ہمکو اختلاف ہی اور ہم اُسکو تہذیب الاخلاق میں چھاپتے ہیں اور چھاپینگے ہمارے مخالفین عام مسلمانوں کو دھوکا دینے کی غرض سے اُن مسایل کو اور تہذیب الاخلاق کو دارالعلوم مسلمانان میں شامل کرتے ہیں فرض کرو کہ ہم بد اعتقاد سہی مگر دارالعلوم مسلمانان میں میں تو پڑھانے والا اور سبق دینے والا نہیں ہوں مدرس تو کمیٹی کی تجویز سے تمہارے وہی مولوی مقرر ہونگے جنکو تم اچھا سمجھتے ہو اور کیا عجب ہی کہ جناب مولوی بشیرالدین صاحب ہی اگر وہ قبول کریں تو مدرس اعلی مقرر ہوں پھر میری بد اعتقادی سے اور دارالعلوم مسلمانان سے کیا تعلق ہی — کتب دینیہ جو اُس دارالعلوم میں پڑھائی جاوینگی وہ کچھہ میری تصنیف کی ہوئی کتابیں نہونگی وہی منیۃ و قدوری و ھدایہ ہوگی جن پر مسلمانوں کا اعتقاد ہی پھر میری کسی تحریر و تقریر سے دارالعلوم مسلمانان کو کیا تعلق ہی — تہذیب الاخلاق کچھہ کمیٹی اسلامی کا (جو دارالعلوم مسلمانان کے قایم کرنے کو مقرر ہوئی ہی) کاغذ نہیں ہی اُس کو دارالعلوم مسلمانان سے یا کمیٹی اسلامی سے کچھہ تعلق نہیں ہی وہ ایک پرچہ ہی جو اس سے علاحدہ بلکہ شاید اُس کے مقرر ہونے سے بھی پہلے جاری ہوچکا ہی اُسکو چند خاص دوستوں نے اپنے خاص خرچ سے جاری کیا ہی جو کچھہ وہ چاہتے ہیں اُسمیں چھاپتے ہیں فرض کرو کہ اُسمیں کفر و ارتداد کی باتیں چھپتی ہیں مگر یہہ تو بتاؤ کہ اُسکو مجرزہ دارالعلوم مسلمانان سے کیا تعلق ہی اب اسبات کو بخوبی سمجھکر ہرایک شخص جسکو خدا نے ذرا بھی عقل اور ایمانداری دی ہی یقین کریگا کہ تہذیب الاخلاق اور ہمارے اختلافات کو جو ہمارے مخالف دارالعلوم مسلمانان کے بیچ میں سناتے ہیں یہہ صرف اُن کی دھوکہ دہی اور تدلیس ہی ورنہ اُن دونوں سے کچھہ علاقہ نہیں ہی دارالعلوم مسلمانان میں تو وہی عقاید سکھائے جاوینگے اور وہی کتابیں مذہبی پڑھائی جاوینگی جنکو عام مسلمان مانتے ہیں اور وہی خواجہ ضیاءالدین اور مولوی بشیرالدین صاحب مدرس ہونگے جو اس زمانہ کے مولوی ہیں *

کیفیت سوم — ہمارے مخالفین صبیان کمیٹی کی پوری تجویز کو چھپاکر لوگوں کو اس دھوکہ میں ڈالتے ہیں کہ جو روپیہ چندہ سے جمع ہوگا وہ سود میں لگایا جاویگا اور پرامیسری نوٹ خریدے جاوینگے اور یہہ شہرت ہی کہ اسی سبب سے مسلمان چندہ دینے کو معصیت سمجھتے ہیں — اسبات میں مخالفین نے کچھہ سچ کہا ہی اور کچھہ جھوٹ ملایا ہی — تمام ہندوستان کے مسلمان جانتے ہیں کہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب نے پرامیسری نوٹ کا منافع لینے کے جواز پر فتوی دیا ہی اور اُس فتوی کی بنیاد پر سیکڑوں مسلمانوں پاس

پرامیسری نوٹ موجود ہیں جنکا منافع وہ لیتے ہیں اور مثل شیر مادر سمجھتے ہیں اور شیعہ مذہب کے مسلمان تو اُسکے جواز میں کچھہ شبہہ بھی نہیں سمجھتے ہاں البتہ ایسے بھی سنی مسلمان ہیں جو پرامیسری نوٹ کے منافع کو سود و حرام سمجھتے ہیں — کمیٹی نے زر چندہ سے پرامیسری نوٹ خریدنے اور جایداد خریدنے دونوں کی اجازت دی ہی اور قاعدہ مقرر کردیا ہی کہ جو شخص اپنے چندہ میں یہہ شرط لگادے کہ اُسکا روپیہ پرامیسری نوٹ خریدنے میں نہ لگایا جاوے بلکہ صرف جائداد خریدنے میں صرف ہو اُن کا روپیہ علاحدہ امانت رہے اور جائداد خریدنے میں صرف ہو اس قسم کے چندہ کے لیئے جدا رجسٹر بنے ہیں اُسکا حساب جدا لکھا جاتا ہی اور جسقدر روپیہ مشروط بہ جائداد آیا ہی بدستور امانت ہی اور بجز خرید جائداد کے اور کسی میں صرف نہوگا پس سود کے بہانہ سے روپیہ کا نہ دینا صرف اپنی دوں ہمتی اور قومی ہمدردی نہونے کے عیب کو چھپانا ہی اور ہمارے مخالفوں کا اس مضمون کو طول دینا اور بڑھانا اور خود سود پکارنا صرف جھوٹے مکر سے لوگوں کو اغوا کرنا ہی ورنہ ہوایک نیکدل آدمی یقین کرسکتا ہی کہ اگر وہ اپنا زر چندہ پرامیسری نوٹ کی خریداری میں لگانا نہیں چاہتا تو ہرگز اُسمیں لگایا نہیں جاویگا *

کید چہارم — ہم نے ایک خاص اپنی رائے تہذیب الاخلاق مطبوعہ یکم رجب سنہ ۱۲۸۹ ہجری میں چھاپی تھی اسباب میں کہ مدرسۃ العلوم میں کسطرح طالب علموں کا رہنا و تربیت پانا چاہیئے — اُسکے شروع ہی میں ہمنے جتایا ہی کہ اُن امور کی نسبت جو قواعد قرار پاوینگے وہ ایک کمیٹی مسلمانان کی تجویز سے قرار پاوینگے جو مجلس مدبران تعلیم کے نام سے نامزد ہوگی اور جو کچھہ کہ ہمنے اُسمیں بیان کیا ہی وہ صرف ہماری رائے ہی ہماری مخالفین نے ہماری اُس رائے کو دیدہ و دانستہ قصداً لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیئے یہہ مشہور کیا کہ یہہ وہ قواعد ہیں جو مجوزہ مدرسۃ العلوم مسلمانان میں جاری ہونگے حالانکہ یہہ بالکل جھوٹ اور اتہام تھی کیونکہ اگر مدبران کمیٹی اُن کو ناپسند کریں تو ایک بھی اُس میں سے جاری نہیں ہوسکتا مجھہ اکیلے کی رائے اکیاون موجودہ ممبروں کے مقابلہ میں یا اُس کمیٹی کے ممبروں کے مقابلہ میں جو مدبران تعلیم کے نام سے مقرر ہو کیا پیش جاسکتی ہی بلاشبہہ جسطرح اور ممبروں کو اپنی رائے ظاہر کرنے کا اختیار ہی اسیطرح مجھکو بھی اپنی رائے ظاہر کرنے کا حق ہی مگر جاری وہی چیز ہوگی جو کثرت رائے ممبران سے منظور ہوگی *

بلاشبہہ میری رائے ہی اور میں اس پر نہایت مضبوط ہوں کہ مسلمان لڑکوں کو تعلیم سے زیادہ تربیت کی حاجت ہی اُن کے نچلے پنے کی عادت اُن سے چھوڑانا اُن کو صفائی و پاکیزگی کی عادت ڈالنا اُن کی رفتار و گفتار و پوشاک کو درست کرنا نہایت ضرور ہی اور جب وہ رفت آویگا اور منتظمان مدرسہ کی کمیٹی جمع ہوگی اور میں بھی اگر زندہ رہونگا اور اُس کمیٹی کا ممبر منتخب ہولونگا تو نہایت فصیح و بلیغ تقریر سے جو میرے دامن ہی وہ اور ممبروں کے دامن بھی ڈالنا چاہونگا اور جہاں تک میرے بیان میں طاقت ہی میں اپنی رائے کی خوبی اور صحت اور سچائی اور مفید ثابت کرنے میں کوشش کرونگا اگر مدبران کمیٹی میری رائے کے موافق ہوگئے تو میں یقین کرونگا کہ مسلمانوں کی بداقبالی کے دن گئے اور بہتری کے دن آئے اور اگر میری رائے منظور نہوئی تو سمجھونگا کہ ابھی تھوڑی سی نحوست مسلمانوں پر باقی ہی *

اس حقیقت سے واقف ہوکر ہر ایک نیک دل آدمی یقین کریگا کہ ہمارے مخالفوں نے اس باب میں جو کچھہ لکھا ہی اور جو جو امر نسبت دارالعلوم مسلمانان کے بیان کیئے ہیں کسقدر لغو اور خلاف واقع ہیں زیادہ تر تعجب یہہ ہی کہ اگر میری ہی ذاتی باتوں کو اور میری ہی خاص رایوں کو دارالعلوم مسلمانان کی نسبت منسوب کرتے اور اُس میں کچھہ زیادتی اور کمی نکرتے تو بھی ایک بات تھی اُنھوں نے تو اُس میں الفظا و معنا تحریف کی ہی اور یہودیوں کے بھی کان کاٹے ہیں لاچار جو کچھہ ہمنے اپنی اُس رائے میں لکھا ہی اُسکا مختصراً پھر اعادہ کرتے ہیں *

ہم نے اُس میں یہہ رائے دی ہی کہ طالب علموں کو اختیار ہوگا کہ جیسا لباس چاہیں پہنیں الا مدرسہ میں کالے اپکیک چغہ اور لال ترکی ٹوپی جسکا رواج روم و مغرب و شام میں ہی اور اب وہ ٹوپی خاص ترکوں یعنی مسلمانوں کی سمجھی جاتی ہی پہنی ہوگی *

ہماری اس رائے کو دروغ گویوں نے انگریزی لباس اور کوٹ پتلون کا پہننا قرار دیا ہی ذرا ایمانداری سے غور کرنا چاہیئے کہ اسوقت کتنے مسلمان نکلیں گے جنکے پاس کالے اپکیک چغے موجود ہونگے کون مسلمان ہی جو کالے اپکیکا چغہ نہیں پہنتا اور اُسکو حرام سمجھتا ہی اور انگریزی کوٹ جانتا ہی — اگر بمبئی میں جاکر جہاز پر سے حاجیوں کا غول اترتے ہوئے دیکھو تو جانو کسقدر حاجی عرب سے لال ٹوپی پہنے ہوئے آئے ہیں کتنے تعجب کی بات ہی کہ گیرو ٹیا و انگرکھہ اور لکھنؤ اور بنارسی ٹوپی تو بالکل جاتو ہو اور کالا چغہ جسکا پہننا آنحضرت صلعم سے بھی بیان ہوا ہی اور لال ٹوپی جو گروہ اعظم مسلمانان کی ہی اور عرب میں بھی جاری ہی وہ معیوب ہو — بریں عقل و دنش بباید گریست * اگر ہمارے مخالف

صحیح صحیح بات ہی کے بیان پر اکتفا کرتے تو بھی خیر تھی مگر اس اتہام کو تو دیکھو کہ چغہ کو انگریزی کوٹ اور اس لباس کو انگریزی لباس بیان کیا ہی *

دوسری تجویز ہماری یہہ تھی کہ ہر طالب علم کو مدرسہ میں موزہ یعنی جراب اور انگریزی جوتہ پہنکر آنا ہوگا — اس تجویز کو تو مخالفوں نے اس طرح بیان کیا کہ گویا ہمنے سب طالب علموں کا کرسٹان کرنا تجویز کردیا قطع نظر اور سب باتوں کے ہم کہتے ہیں کہ اسوقت ہر قصبہ و شہر میں جاکر دیکھو کہ کسقدر مسلمان اور مسلمانوں کے بچے انگریزی جوتہ پہنتے ہیں اور کوئی ذرا بھی برا نہیں جانتا پس اگر ہمنے بھی انگریزی جوتہ پہننا تجویز کیا تو کیا قیامت کی اور کیوں طالب علموں کو کرسٹان بنا دیا پس ہر ایک نیک دل آدمی یقین کرسکتا ہی کہ یہہ تمام غرغا مخالفوں کا صرف خبث طینت پر مبنی ہی نہ کسی اصلیت پر *

تیسری تجویز ہماری یہہ تھی کہ سب طالب علم ایک جگہہ کھانا کھاویں اور طرز کھانے کا یا تو مثل ترکوں کے ہو جو میز پر کھاتے ہیں یا مثل عربوں کے ہو جو زمین پر بیٹھہ کر اور چوکی پر کھانا رکھہ کر کھاتے ہیں اسی بات کو مخالفوں نے چوری کانٹے سے کھانا تعبیر کیا مگر اسکو کچھہ ہی تعبیر کرو ہم اس طریقہ کو نہایت پسند کرتے ہیں اور بلاشبہہ کمیٹی میں بھی راے دینگے اور اگر اور ممبر ہماری راے کو نامنظور کرینگے تو بلاشبہہ ہمارا کچھہ بس نہیں چلنے کا مگر دل میں کہینگے کہ افسوس خرد ممبر بھی تعلیم کے محتاج ہیں *

چوتھی تجویز جو سب سے زیادہ قیامت برپا کرنے والی تھی وہ یہہ تھی کہ جو لوگ اس مدرسہ کے بڑے حامی ہوئے ہوں اُنکی روغنی تصویریں قد آدم نہایت عمدہ سنہری چوکھٹوں میں ہمیشہ کی یادگاری کے لیئے مدرسہ میں رکھی جاویں *

ظاہر ہی کہ یہہ بات کچھہ اصول تعلیم اور بناء مدرسہ سے متعلق نہیں تھی اور نہ اسوقت اسبات کی بحث ہی کہ وہ شرعاً جایز ہیں یا نہیں یہہ صرف اپنے شوق کی بات ہی مجھے تصویر سے شوق ہی میں اپنے گھر میں تصویریں رکھتا ہوں وہاں بھی خوبصورتی و شان کے لیئے تصویریں رکھنا تجویز کرتا ہوں میں تصویریں طیار کرکر وہاں ایجارنگا حامیان مدرسہ کی نہایت عمدہ و خوبصورت اور مخالفان مدرسہ کی نہایت ہیبت ناک و بد صورت ممبران کمیٹی اگر مجھکو وہاں رکھنے ندینگے میں اپنے گھر لاکر رکھہ لونگا اس میں جھگڑا کیا ہی اور مدرسہ سے مخالفت کی کون سی بات ہی *

آہ کیا افسوس کی بات ہی حافظ ہی بے شک نہایت عمدہ شخص تھا اُسکا یہہ شعر اسوقت میرے دلکو لگ گیا —

وامظان کیں جارہ در محراب و ممبر میکنند
چوں بخارت میروند ان کار دیگر میکنند

سیکڑوں مسلمان ہونگے جنہوں نے نہایت ارزو سے اپنی تصویریں بنوائی ہونگی یہاں تک کہ ہمارے قدیم دوست مخدوم جناب حاجی مولوی سید امدادالعلی صاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر کانپور نے بھی باوصف اسقدر اتقی کے نہایت محرکہ آرائی سے اپنی تصویر کھنچوائی ہی جو ہمارے کمرہ میں نہایت عمدہ چوکھٹے میں موجود ہی پس ہمنے کیا آفت برپا کی جو مدرسہ کے ہال میں تصویروں کا رکھنا تجویز کیا — غرضکہ اگر ارک ان باتوں پر غور سے اور انصاف سے نظر کرینگے تو اصل بات اور مخالف اور موافق کی ٹھیک نیتی یا بدنیتی کسی طرح پوشیدہ نہیں رہ سکتی *

کیا پنجم — وہ لوگوں کو یہہ کہکر بہکاتے ہیں کہ میاں یہہ سب خیالی پلاؤ ہیں اسقدر روپیہ نہ جمع ہوگا کہ یہہ مدرسہ قایم ہوگا پس اس میں چندہ دینا محض بےفائدہ ہی سید احمد ہی کے دم تک یہہ چرچا ہی پھر کون کچھہ کرتا ہی — اسباب کا تو ہمکو بھی رنج ہی کہ ہمارے بعد کون مسلمانوں کی خبر لیگا غالبا سب یتیم ہوجاوینگے مگر خدا کی رحمت سے ہم ناامید نہیں ہیں ضرور کوئی نہ کوئی پیدا ہوویگا *

روپیہ بغیر بلاشبہہ کچھہ نہیں ہوسکتا خصوصا ایسی ابتر حال قوم کا جیسیکہ ہندوستان کے مسلمان ہیں بغیر زر کثیر کے سنبھالنا نہایت ہی دشوار ہی مگر انصاف کرنا چاہیئے کہ ایسی حالت کا یہہ علاج ہی کہ ہم سب ملکر کوشش کریں اور سب یک دل و یک جان ہوکر روپیہ فراہم کرنے پر کوشش کریں یا یہہ کہہ کر لوگوں کو بہکا دیں کہ میاں چندہ دینے سے کیا فائدہ اس قدر روپیہ کب جمع ہو سکتا ہی *

کیا ششم — وہ لوگوں سے یہہ کہتے ہیں کہ اس مدرسہ میں تو انگریز کافروں کے علوم جدیدہ پڑھائے جاوینگے جو علم ہمارے باپ دادا پڑھتے آئے تھے اُن کو چھوڑانا چاہتے ہیں *

یہہ مکر اُن کا کسیقدر سچ ہی اور کسیقدر جھوٹ جس شخص نے تجویز و طریقہ تعلیم کو پڑھا ہوگا وہ بخوبی جانتا ہوگا کہ علوم مذہبی مثل حدیث و تفسیر و فقہ وغیرہ ' ہم وہی پڑھانے چاہتے ہیں جو ہمارے باپ دادا پڑھتے آئے ہیں عربی زبان بھی ہم وہی سکھانی چاہتے ہیں جو ہمارے باپ دادا سیکھتے آئے ہیں — ہاں بیشک دنیاوی علوم جو ہم پہلے پڑھتے تھے اُن کو ہم اس زمانہ میں کچھہ مفید نہیں سمجھتے بلکہ صحیح بھی نہیں سمجھتے اور اس لیئے بعوض اُن دنیاوی علوم کے وہ دنیاوی علوم پڑھانا چاہتے ہیں جو اس

زمانہ میں مفید ہیں اور جن کا جاننا انسان کو دنیا میں انسان بننے کے لیئے نہایت ضرور ہی اور جن کے نہ جاننے سے ہماری قوم کا لکھا پڑھا شخص بھی محض کودن رہتا ہی ہماری رائے میں دنیا میں قومی عزت اور قومی بہبودی اور قومی آسودگی اور قومی تمول اُنھی علوم کے جاننے پر منحصر اور ذریعہ حصول معاش بھی وہی علم ہیں خواہ وہ ذریعہ سرکاری نوکری کا ہو یا تجارت کا اور یا کسی پیشہ کے اختیار کرنے کا اور اس لیئے اُنھی علوم کے رایج کرنے کے لیئے اس دارالعلوم کے قایم کرنے کی تجویز ہوئی ہی پس یہہ تو بلاشبہ لاعلاج بات ہی اگر وہابی اور نادان مسلمان اُن دنیاوی علوم کے پڑھانے سے ناراض ہیں جو اس مدرسہ میں پڑھائے جاوینگے اور اس سبب سے چندہ دینے و مدد کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں تو اُنکی یہہ حماقت اُن کو مبارک رہے ہم ایسوں سے چندہ نہ ملنے کا کچھہ افسوس نہیں کرتے اس قسم کے لوگ جانوروں کی مانند ہیں کیا ہم جانوروں سے دارالعلوم میں مدد ملنے کی توقع کرسکتے ہیں *

اے میرے دوستوں! تم خوب غور کرو کہ یہہ دارالعلوم اپنی قوم کی بھلائی اور بہتری اور اُن میں علم کی روشنی پھیلانے اور اُن کو روشن ضمیر کرنے اور اُن میں اعلی درجہ کی لیاقت اور تہذیب و شایستگی پھیلانے کے لیئے بنایا جاتا ہی تاکہ وہ بھی مثل دیگر معزز اقوام کے معزز ہوں پس ہم نہایت نالایق اور دوں ہمت ہونگے اگر اپنے مخالفین کے ڈر سے ہم اپنے اس عمدہ مقصد کو چھوڑینگے — تم خیال کرو کہ اگر ہمنے اپنے اس اعلی مقصد کو چھوڑا اور اس دارالعلوم کو ایک ایسا ہی تاریک مدرسہ بنادیا جیسیکہ اس زمانہ میں ایشیائی تعلیم کے مدرسوں کا حال ہی تو شاید ہماری نام‌آوری تو ہو مگر ہم نے اپنے ملک اور اپنی قوم کے ساتھہ کچھہ بھلائی نہ کی ہوگی بلکہ نہایت دشمنی کی ہوگی اور اندھیرے پر اَور اندھیرا ڈالا ہوگا اور اندھے کو اَور کوئیں میں ڈھکیل دیا ہوگا — اور بالفرض اگر ہم اپنے مطلب پر کامیاب نہوئے اور وہابیوں اور وہابیوں کے سرگروہوں کے تعصب اور اپنے ملک اور اپنی قوم کے بدخواہوں اور ٹریٹروں کی کوشش اور ہمارے مخالفوں کی سعی یا مسلمانوں کی حماقت اور نادانی و نا فہمی سے ایسا دارالعلوم جیسا کہ ہم چاہتے ہیں قایم نہو اور لوگ کچھہ مدد نہ کریں تو ہمکو کچھہ رنج و افسوس نہوگا کیونکہ ہمارا فرض صرف کوشش کرنا ہی اُس کا پورا ہونا یا نہونا ہمارے اختیار میں نہیں ہی ہمکو صرف اپنا فرض ادا کرنا چاہیئے " السعی منی و الاتمام من اللہ تعالی " *

ہمکو اپنے بعضے دوستوں سے تعجب ہی کہ وہ ہمارے مخالفین کی مخالفت سے بہت ڈر گئے ہیں اور وہ یہہ سمجھتے ہیں کہ اُنکی مخالفت بہت کچھہ اثر کریگی اور وہ یہہ بھی سمجھتے ہیں کہ اُن کی مخالفت نے چندہ کے وصول ہونے میں ہرج ڈالا ہی مگر میں اس خیال کی صحت کو دل سے تسلیم نہیں کرتا کیونکہ جن لوگوں میں قومی ہمدردی کا کچھہ بھی اثر ہی وہ سب چندہ بھی دیتے ہیں اور دل سے اس دارالعلوم کا قیام چاہتے ہیں — حیدرآباد میں لوگ سب کمیٹی مقرر ہونے کے خواہشمند معلوم ہوتے ہیں پریسیڈنسی مدراس کے لایق آدمی اسقدر ہماری تجویزوں کو پسند کرتے ہیں کہ صوبہ مدراس کے مسلمانوں کی تعلیم بھی ہماری کمیٹی اور ہمارے مجوزہ دارالعلوم میں شامل کرنے کو تحریکیں شروع کی ہیں شمس‌الاخبار مدراس میں اُس کمیٹی کی رزلٹادیں ہمیشہ چھپتی ہیں پٹنہ کے لوگ بھی سب کمیٹی مقرر کرنے کے خواہشمند معلوم ہوتے ہیں اور چندہ بھی برابر ہوتا جاتا ہی اور وصول بھی ہوتا جاتا ہی اب ہم عنقریب چندہ جدید کی فہرست چھاپینگے جس سے معلوم ہوگا کہ کسقدر جدید چندہ ہوا ہی *

چندہ جو اب تیزی سے ترقی نہیں پاتا اس کی وجہہ یہہ نہیں ہی جو ہمارے بعض دوستوں نے سمجھی ہی بلکہ اس کی اور دو وجہہ ہیں ایک ضعیف اور ایک قوی — ضعیف وجہہ یہہ ہی کہ جو لوگ فیاضی سے اور دلیری سے دینے والے تھے اُنھوں نے جلد جلد چندہ دیا اس لیئے ضرور تھا کہ اول اول تیزی سے چندہ چلے اب ضرور ہی کہ آہستہ آہستہ ترقی پاوے تمام چندوں کا یہی نیچر ہی جس طرح کہ اول اول تیزی سے چندہ چلتا ہی اگر اُسی طرح برابر چلا جاوے تو ہم تو فرانس اور جرمن دونوں بادشاہتوں کو مول لےلیں — دوسرا قوی سبب یہہ ہی کہ ہمارے درست بھی اور وہ بھی جو دل و جان سے اس دارالعلوم کا قیام چاہتے ہیں اور خود ہماری کمیٹی کے ممبر چندہ وصول کرنے میں سعی و کوشش نہیں کرتے تقصیر معاف ہو فضل الہی سے ہماری کمیٹی کے باون ممبر ہیں اُن میں سے سواے ایک کے جس کے آگے ہم سب کو سر جھکانا چاہیئے اَور کسی نے کیا کیا ہی صرف ہمارا ایک دم ہی جس قدر ہمکو وقت و فرصت ملتی ہی اُس قدر ہم کرتے ہیں اس تحریر سے ہمکو اپنے ممبروں کی شکایت مقصود نہیں ہی بلکہ اُن کو جوش دلانا منظور ہی کہ محنت کریں در بدر پھر کر اپنی قوم کے لیئے چندہ مانگیں — حقیقت یہہ ہی کہ اب یہہ وقت نہیں رہا ہی کہ صرف کاغذ کے گھوڑے دوڑانے سے کام چلے بلکہ خود شہر بشہر اور ضلع بضلع دورہ کرنے اور اسپیچیں سنانے اور لوگوں کے دلوں کو جوش میں لانے کا وقت ہی اس کام کے لیئے علاوہ فرصت اور وقت کے روپیہ کا بھی ہونا درکار ہی کہ بدون خرچ کے دورہ نہیں ہوسکتا کمیٹی کی تھیلی میں جو کچھ پھر

نکلتا نہیں پس دورہ کرنے کا وقت اُس کی مصنف اُس کا خرچ سب ہم کو اپنی گرہ سے کرنا ہی — اگر خدا کی مرضی ہی تو ہم سب کچھہ کرینگے اگر زندہ ہیں اور خدا کی بھی مرضی ہی تو اپنے مخالفوں کو دکھائینگے کہ خدا نے کیا کیا اور اگر اس میں آنکھہ بند ہوگئی اور لحد میں جا سوئے تو یہہ امید رکھینگے کہ —

مردے از غیب بروں آید و کارے بکند

جو تجویز مدرسۃالعلوم مسلمانان کی ہمنے لکھی ہی بے خبر لوگ اُس کا لطف نہیں جان سکتے اگر ہماری قوم باخبر ہوتی تو اُس کی قدر جانتی بالفعل ہمہ ہماری ہی قوم کے بعض لوگ ایسے بھی ہیں جنھوں نے بخوبی اُس کا لطف سمجھا ہی — تجویز مذکورہ کے چھپنے کے چند روز بعد ہی ایک صاحب کا خط ہمارے پاس آیا تھا جن سے اور ہم سے اُس وقت تک ملاقات بھی نہ تھی اُس خط کو بجنسہ ہم چھاپتے ہیں اس تسلی کے لیئے کہ ناقدر دانوں کے ساتھہ ہماری قدر کرنے والے بھی موجود ہیں گو کہ صحیح مقولہ یہی ہی کہ "قدر مرداں بعد مردن" *

نقل خط

بخدمت جناب فیض مآب مربی و سرپرست مسلمانان ہند جناب مولانا مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر ستارہ ہند دامت برکاتہ

تسلیم — میں نے اخبار سین ٹیفک سوسئیٹی علیگڈہ مطبوعہ ۶ ستمبر سنہ ۱۸۷۲ ع میں آپ کا وہ مضمون جو مدرسۃالعلوم کی نسبت تھا چھپا ہوا دیکھا — یہہ الہامی مضمون مسلمانوں کے واسطے جانفزا مژدہ ہی آپ نے وہ فکریں کی ہیں جن سے مسلمان شایستگی میں یورپ کی شایستہ قوم سے بھی زیادہ ہو جاویں اور اُن کو لندن جانے کی پھر دقتیں نہ اُٹھانی پڑیں — اب کہا کہ آپ کا لندن جانا مکہ جانے سے زیادہ مفید ہوا آپ اگر مکہ جاتے تو صرف آپ کی ذات کا فائدہ تھا ایک مخلوق خدا جو گمراہی میں تھی اُس کی دستگیری کون کرتا میں نے جب سے آپ کا یہہ مضمون دیکھا ہی بے اختیار یہہ جی چاہتا ہی کہ اُس شخص کے قدم چومے ہوتے جس نے ہمکو ڈوبتے دیکھا اور گمراہی کے دریا سے نکالا — آپ نے مسلمانوں کے ساتھہ وہ سلوک کیا ہی جس کا شکریہ ادا کرنا مسلمانوں کی طاقت بشری سے باہر ہی بہرحال —

تم سلامت رہو زمانہ میں * ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

ایک بات پر مجھکو بادی النظر میں کچھہ شبہہ ہوا تھا — کہ مدرسۃالعلوم میں تصویر کیونکر ہوگی تصویر کا تو رکھنا ممنوع ہی لیکن جب خیال کیا تو معلوم ہوا کہ شارع علیہ السلام نے جو تصویر کی نسبت حکم کیا ہی وہ صرف مشابہت اہل ہنود کا سبب تھا کہ مبادا مسلمان بھی اُن کی پرستش کرنے لگیں اور جب کہ ہمارا یہہ عقیدہ نہیں ہی تو پھر کوئی الزام نہیں عاید ہوسکتا † — بلکہ اس مدرسہ میں تصویر کے رکھنے سے ایک طرح کا لوگوں کو جوش دلانا ہی سچ ہی *

صرد آخر ہیں مبارک بندۂ اسست

یہہ نہیں معلوم ہوا کہ چندہ کی تعداد کہانتک پہونچ گئی ہی کیسی خوشی کا وہ دن ہوگا جس دن مدرسہ کی بنیاد قایم ہوگی خدا کرے اب تمنائے دل جلد پوری ہو — امین ثم آمین *

جہاں پر کہ ذکر مکانات کیا گیا ہی اور جس شہر میں کہ مدرسہ قایم ہوگا اُن صفات کے ساتھہ جو آپ نے تحریر فرمایا ہی اگر حق اللہ پوچھیئے تو وہ شہر علیگڈہ ہی *

آپ کا تابعدار فرمانبردار

احقر معصوم علی

پس ہماری تمنا اپنے ہم قوموں سے یہہ تھی کہ بد گمانی کے مرض اگر نیک گمان کریں اور نیک کام میں مدد دیں اور غلطیوں کی اصلاح پر کوشش فرماویں تو صرف مخالفت کرنے سے ہزار درجہ ہمارے اور ہماری قوم کے لیئے بہتر ہوگا — واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم *

اب خاتمہ تحریر پر ہماری درخواست بالتخصیص ایڈیٹران اردو اخبار اور پنجابی اخبار لاہور سے یہہ ہی کہ اپنی عنایت و مہربانی سے جیسی کہ وہ ہمیشہ فرماتے رہے ہیں ہماری اس تحریر کو اپنے اخباروں میں مندرج فرماکر ہم کو ممنون منت فرماویں اور اُن کے سوا اگر اَور اخبار ڈیلس بھی اپنے اخبار میں اس تحریر کو جگہہ دینگے تو ہم دل سے اُن کی عنایت کے شکر گذار ہونگے *

راقـــــــم

سید احمد

نمبر ۲۰۸

بحث و تکرار

جب کئی آپسمیں ملکر بیٹھتے ہیں تو پہلے تیوری چڑھاکر ایک دوسرے کو بری نگاہ سے آنکھیں بدل بدل کر دیکھنا شروع کرتے ہیں پھر تھوڑی تھوڑی گونجیلی آواز اُن کے نتھنوں سے نکلنے لگتی ہی پھر

† اگر راقم خط یہہ خیال کرتے کہ تصویروں کا رکھنا صرف خوشی و شان کے لیئے تھا تو بہتر ہوتا — مہتمم

بحث و تکرار

تھوڑا سا جبڑا کھلتا ہی اور دانت دکھلائی دینے لگتے ہیں اور حلق سے آواز نکلنی شروع ہوتی ہی پھر پاچھیں چڑھکر کانوں سے جالگتی ہیں اور ناک سمٹ کر ماتھے پر چڑھ جاتی ہی ڈاڑھوں تک دانت باہر نکل آتے ہیں منہہ سے جھاگ نکل پڑتے ہیں اور عنیف آواز کے ساتھہ اُٹھہ کھڑے ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے چمٹ جاتے ہیں اسکا ہاتھہ اُسکے گلے میں اور اُسکی ٹانگ اُسکی کمر میں اُسکا کان اُسکے منہہ میں اور اسکا ٹینٹوا اُس کے جبڑے میں اس نے اُسکو کاٹا اور اُس نے اسکو پچھاڑ کر پھنبوڑا جو کمزور ہوا دم دبا کر بھاگ نکلا *

نامہذب آدمیوں کی مجلس میں بھی آپسمیں اسی طرح پر تکرار ہوتی ہی پہلے صاحب سلامت کوکر اپسمیں مل بیٹھتے ہیں پھر دھیمی دھیمی بات چیت شروع ہوتی ہی ایک کوئی بات کہتا ہی دوسرا بولتا ہی واہ یوں نہیں یوں ہی وہ کہتا ہی واہ تم کیا جانو وہ بولتا ہی تم کیا جانو دونوں کی نگاہ بدل جاتی ہی تیوری چڑھ جاتی ہی رخ بدل جاتا ہی آنکھیں ڈراونی ہو جاتی ہیں پاچھیں چرجاتی ہیں دانت نکل پڑتے ہیں تھوک اُڑنے لگتا ہی پاچھوں تک کف بھراتے ہیں سانس جلدی چلتا ہی رگیں تن جاتی ہیں آنکھہ ناک بھوں ہاتھہ عجیب عجیب حرکتیں کرنے لگتی ہیں عنیف عنیف آوازیں نکلنے لگتی ہیں استین چڑھا ہاتھہ پھیلا اُسکی گردن اُس کے ہاتھہ میں اور اُسکی ڈھاڑھی اُسکی مٹھی میں لپا ڈبکی ہونے لگتی ہی کسی نے بیچ بچاؤ کرکر چھوڑا دیا تو غراتے ہوئے ایک ادھر چلا گیا اور ایک اودھر اور اگر کوئی بیچ بچاؤ کرنے والا نہوا تو کمزور نے پٹ کر کپڑے جھاڑتے سر سہلاتے اپنی راہ لی *

جسقدر تہذیب میں ترقی ہوتی ہی اُسیقدر اس تکرار میں کمی ہوتی ہی کہیں غر نش ہوکر رہ جاتی ہی کہیں توں تکار تک نوبت آجاتی ہی کہیں آنکھیں بدلنے اور ناک چڑھانے اور جلدی جلدی سانس چلنے ہی پر خیر گذر جاتی ہی مگر ان سب میں کسی نہ کسی قدر کتوں کی مجلس کا اثر پایا جاتا ہی پس انسان کو لازم ہی کہ اپنے دوستوں سے کتوں کی طرح بحث و تکرار کرنے سے پرہیز کرے *

انسانوں میں اختلاف راے ضرور ہوتا ہی اور اُس کے پرکھنے کے لیئے بحث و مباحثہ ہی کسوٹی ہی اور اگر سچ پوچھو تو بے مباحثہ اور دل لگی کے آپسمیں دوستوں کی مجلس بھی پھیکی ہی مگر ہمیشہ مباحثہ اور تکرار میں تہذیب و شایستگی محبت اور دوستی کو ہاتھہ سے دینا نچاہیئے *

پس اے میرے عزیز ہمرطنوں جب تم کسیکے برخلاف کوئی بات کہنی چاہو یا کسیکی بات کی تردید کا ارادہ کرو تو خوش اخلاقی اور تہذیب کو ہاتھہ سے مت دو اگر ایک ہی مجلس میں دو بدو بات چیت کرتے ہو تو اور بھی زیادہ نرمی اختیار کرو چہرہ لہجہ آواز وضع لفظ اصطرح پر رکھو جس سے تہذیب اور شرافت ظاہر ہو مگر بناوٹ بھی نہ پائی جاوے تردیدی گفتگو کے ساتھہ ہمیشہ سادگی سے معذرت کے لفظ استعمال کرو مثلاً یہہ کہ میری سمجھہ میں نہیں آیا یا شاید مجھے دھوکا ہوا یا میں غلط سمجھا گو بات تو عجیب ہی مگر آپ کے فرمانے سے باور کرتا ہوں — جب دو تین دفعہ بات کا اولٹ پھیر ہو اور کوئی اپنی راے کو نہ بدلے تو زیادہ تکرار مت بڑھاو یہہ کہہ کر کہ میں اسبات کو پھر سوچونگا یا اُس پر پھر خیال کرونگا جھگڑے کو کچھہ ہنسی خوشی دوستی کی باتیں کہہ کر ختم کرو دوستی کی باتوں میں اپنے درسہ کو یقین دلاؤ کہ اُس دو تین دفعہ کی اولٹ پھیر سے تمہارے دل میں کچھہ کدورت نہیں آئی ہی اور نہ تمہارا مطلب باتوں کی اُس اولٹ پھیر سے اپنے دوست کو کچھہ تکلیف دینے کا تھا کیونکہ جھگڑا یا شبہہ زیادہ دنوں تک رہنے سے دونوں کی محبت میں کمی ہو جاتی ہی اور رفتہ رفتہ دوستی ٹوٹ جاتی ہی اور ایسی عزیز چیز (جیسیکہ دوستی) ہاتھہ سے جاتی رہتی ہی *

جبکہ تم مجلس میں ہو جہاں مختلف راے کے آدمی ملے ہوئے ہیں تو جہاں تک ممکن ہو جھگڑے اور تکرار اور مباحثہ کو آنے مت دو کیونکہ جب تقریر بڑھ جاتی ہی تو دونوں کو ناراض کردیتی جب دیکھو کہ تقریر لنبی ہوتی جاتی ہی اور تیزی اور زور سے تقریر ہونے لگی ہی تو جسقدر جلد ممکن ہو اُسکو ختم کرو اور آپسمیں ہنسی خوشی مذاق کی باتوں سے دلکو ٹھنڈا کرو میں چاہتا ہوں کہ میرے ہموطن اس بات پر غور کریں کہ اُن کی مجلسوں میں آپس کے مباحثہ اور تکرار کا انجام کیا ہوتا ہی *

راقم
سی ایف سید احمد

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم ربیع الاول سنہ ۱۲۹۰ ہجری سنہ ۱۳۰۳ نبوی [نمبر ۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈھ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي سمجھائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۳۷

تدابیر ترقي مسلمانان

گورنمنٹ مدراس اور گورنمنٹ بمبئي اور گورنمنٹ بنگالہ نے همکو کچھہ کاغذات مرحمت فرمائے هیں جن سے یہہ سب حالات معلوم هوتے هیں که مسلمانوں کي تعلیم و تربیت کي ترقي کے لیئے آج کل اِن تینوں گورنمنٹوں نے کیا کیا خاص تدبیریں کي هیں حکام وقت نے جو بالفعل همارے جہالت پر توجہہ فرمائي هی همکو اُس سے غایت درجہ کي خوشي اور احسان مندي حاصل هوئي هی اور اُمید هی که اُن تدبیروں میں کامیابي هو *

گورنمنٹ مدراس اور گورنمنٹ بنگالہ اس معاملہ میں سبقت لیگئي هیں اور گورنمنٹ بمبئي نے بهي بالکل عدم توجهي نہیں فرمائي هی همپر لازم اور واجب هی که هم جناب نواب گورنر جنرل بہادر کشور هند کا دل سے شکر ادا کریں کیونکہ اُنهوں نے پہلے پہل مسلمانوں کي خراب حالت پر اپني ماتحت گورنمنٹوں کو متوجہہ فرمایا *

اِن سطروں کے لکھنے سے همارے اصل غرض یہہ هی که هم بطور اختصار یہہ حال ظاهر کریں که ان تینوں گورنمنٹوں نے خاص مسلمانوں کي ترقي تعلیم کے لیئے پچھلے تین برسوں میں کیا کچھہ کیا هی *

گورنمنٹ بنگالہ

گورنمنٹ هند کي چٹھي کے جواب میں احاطہ بنگالہ کے مسلمانوں کي تعلیم کي نسبت نواب لفٹننٹ گورنر بہادر بنگالہ کي یہہ رائے اُن کے سکرٹري نے لکهي هی که صوبہ بہار کے مسلمان سرکاري ملازموں میں وهاں کے هندو باشندوں سے کچھہ کم نہیں هیں هاں اگر مسلمانوں کي کچھہ کمي اور نقصان هی تو بنگالیوں کے مقابلہ میں هی جو بڑے بڑے فائدے اُٹهاتے هیں سکرٹري گورنمنٹ بنگالہ کي اُسي چٹھي میں اس بات کے دیکهنے سے همکو افسوس هوتا هی که حضور عالي نواب لفٹننٹ گورنر بہادر بنگالہ کو یہہ یقین نہیں هوتا هی که صرف هندوستان کي دیسي زبان کے ذریعہ سے اعلی درجہ کي تعلیم هوني ممکن هی وہ فرماتے هیں که اگر هم اعلی درجہ کي تعلیم دیسي زبان کے ذریعہ سے دینا چاهیں تو همکو بہت سے لفظ اَوْر زبانوں سے لینے پڑینگے یا نئے بنانے هونگے اور هندوستاني ملکوں میں ایسے الفاظ مغربي ایشیا کي زبانوں سے لیئے جاوینگے چنانچہ عربي زبان پر توجہہ کرني پڑیگي کیونکہ یہي ایک ایسي وسیع اور لوچ دار مغربي زبان هی جس میں سے هر ایک چیز کے لیئے نئے لفظ نکل سکتے هیں خواہ هم مصنوعي اور مرکب اُردو لیریں یا نري فارسي لیویں جو نہایت آسان

We have been favoured by the Governments of Bengal, Madras, and Bombay with papers giving information as to the especial measures lately adopted by them to encourage education among the Mahomedans. We cannot but regard with great satisfaction and gratitude the attention which the rulers of this country have lately paid to our intellectual destitution, and we sincerely hope that their efforts may meet with success.

The Governments of Madras and Bengal have been foremost in this respect, nor has the Government of Bombay left the subject unnoticed altogether. Our thanks are most due to His Excellency the Governor-General of India who first called the attention of the Provincial Governments to the degraded condition of the Mahomedans.

The object of writing these lines is to give a brief account of what has been done by the three Governments during the last three years for the especial encouragement of education among the Musalmans.

In reply to a communication from the Government of India, the Secretary to the Government of Bengal gives the views of the Lieutenant-Governor upon the education of Mahomedans in that Province. The share taken by the Mahomedans of Behar in the Government Service is considered satisfactory as compared with the native Hindoos of Behar. "The competition which the Musalmans have to fear is rather that of the educated Bengalees who come in and get many good things."

In the same letter of the Secretary to the Government of Bengal we regret to read the following :—

"His Honor does not believe it to be possible to educate a high standard by means of the Vernacular Hindustani only. If we go higher we must borrow or coin words, which in Hindustani countries will be taken from the languages of Western Asia. In fact we must come to the Arabic at last, the only West Asian language sufficiently copious and elastic to give new words for every thing. Whether we take the artificial and mongrel Oordoo or Persian, in itself the most simple and beautiful of languages, we always find that for all difficult words we must introduce Arabic."

اور شیریں زبان هی مگر مشکل لفظوں کے واسطے همیشه عربی زبان سے کام لینا پڑیگا *

همارے دانست میں یهه سمجهنا بڑی غلطی هی که هندوستان کی دیسی زبان اعلی درجه کی تعلیم کے مضامین ادا کرنے کے لایق نهیں هی همارے زبان میں همیشه سنسکرت اور فارسی اور عربی کے الفاظ مستعمل هوسکتے هیں اور اس بات میں وه بالکل انگریزی زبان سے مشابه هی اب ایسے زمانه میں جبکه هم اوروں سے تهذیب سیکهتے هیں لفظ مصنوعی یا مرکب کوئی چیز نهیں هی گارسن ڈیتاسی صاحب کهتے هیں که انگریزی زبان بالکل اسیطرح پر مرکب هی جس طرح پر کلکسٹ صاحب کی تصنیفات هیں اور کیمل صاحب کے قاعده کی روسے بهی انگریزی زبان مرکب اور مصنوعی زبان هی پهر لفظ مصنوعی یا مرکب کے کیا معنی هیں کیا وه سب زبانیں جنمیں صرف و نحو هی مصنوعی هیں اس میں کچهه شک نهیں که هندوستانی دیسی زبان میں سے اگر عربی فارسی کے الفاظ نکال لیئے جاویں تو وه بالکل بے بضاعت اور ٹٹ پونجیا زبان رهجاویگی اسیطرح سے اگر انگریزی زبان میں سے بهی لیٹن اور گریک الفاظ نکال ڈالے جاویں تو اس کا بهی وهی حال هوگا اس ملک میں دیسی زبان کے ذریعه سے تعلیم علوم کی مانع یهه بات کسی طرح سے نهیں هوسکتی هی که اس میں عربی فارسی سنسکرت یا انگریزی میں سے لیٹن اور گریک الفاظ لینے پڑینگے کیونکه خود انگریزی زبان میں اصطلاحات علمی قریب کل کے غیر زبان کی هیں اب اگر انگریزی زبان میں صرف سیکسن زبان کے لفظ رهه جاویں تو وه بالکل وحشیانه زبان رهه جاوے *

گورنمنٹ بنگالهه کے سکرٹری نے بنگالهه کے مسلمانوں کی تعلیم کے باب میں ایک نهایت عمده رپورٹ طیار کی هی هم کو اس بات کے معلوم هونے سے بڑا تعجب هوتا هی که به نسبت اِن ضلعوں کے بنگالهه میں مسلمانوں کی تعداد هندوؤں سے بهت زیاده هی گورنمنٹ بنگال کی اس راے سے همکو بالکل اتفاق هی که بڑے بڑے شهروں میں چند آدمیوں کو اعلے درجه کی تعلیم دینے سے تمام قصبات اور دیهات میں ابتدائی تعلیم دینا زیاده تر مفید هوگا *

هم کو یهه بات بیان کیئے هوئے ایک مدت گذر چکی که مسلمان سورشته تعلیم پر بخوبی متوجهه نهیں هوتے جس کا سبب کچهه تو اُن کی بےپروائی اور کچهه سورشته تعلیم کا ناقص هونا سمجها جاتا هی اسی کی تائید نلیک صاحب انسپیکٹر مدارس بنگالهه بهی کرتے هیں مسٹر بلاکمن صاحب نے بنگالهه کے مسلمانوں کے گروهوں کا حال لکها هی اور بیان کیا هی که ان لوگوں میں کچهه روزوں سے تعلیم نهایت تنزل کی حالت میں هی اگر نهایت مفلس هوگئے هیں

We believe it to be a great mistake to consider the Vernacular of Hindustan unfit to express any ideas required for a high standard of education. Our language can always draw upon Sanskrit, Persian and Arabic for words, and in this it is only similar to the English language. The epithets "*artificial* and *mongrel*" mean nothing in this age of borrowing civilization. "L'Anglais est" says M. Garcin de Tassy the distinguished orientalist of Paris "tout a fait compose de la meme maniere, ainsi que re cessait de l'enseigner le celebre Gilchrist. Il est aussi par consequent, d'apres le systeme de M. Campbell un *bastard hybrid language*. Que veut dire ce mot artificiel? Tontes tes langues fixees par la grammaire sont donc artificielles?*

We confess that Hindustani would be very poor if deprived entirely of its Persian and Arabic element, but English would have no better fate if deprived of its Latin and Greek element. The fact that words will have to be borrowed from Sanskrit, Arabic, and Persian, say also from Greek and Latin through English, can be no objection to Hindustani being made the medium of Scientific instruction in this country. Almost all scientific terms in English are of foreign origin, and English would be a barbarous langugae if confined to its Saxon element.

The Secretary to the Government of Bengal has prepared a good report upon the education of Mahomedans in Bengal. We are surprized to learn that the proportion of Mahomedan population to the Hindus is much higher in Bengal than in these provinces, and we fully agree with the Government of Bengal in the opinion that provincial elementary education is of greater importance than high education imparted to a few in large towns.

Mr. Clarke, an Inspector of Schools in Bengal, confirms the statement made by us long ago, that the Musulmans take no great interest in the Government Educational Department. This is attributed partly to apathy and partly to defect in the system of education. Mr. Blochman reviews the classes of Mahomedans in Bengal and observes that education among them

* La Langue et la Litterature Hindoostanies en 1872 Revue Annuelle.

اور انڈر کو نہایت کم فیس دینے کی عادت ہی بعضے انسپیکٹر یہہ بیان کرتے ہیں کہ بہ نسبت ہندو لڑکوں کے مسلمان لڑکے زیادہ کاہل اور اپنے مربیوں کی بری خصلتوں کے خوگر ہوتے ہیں *

حضور عالی نواب گورنر جنرل بہادر کی چٹھی پہونچنے کے بعد گورنمنٹ بنگالہ نے اپنے سکرٹری کو مسلمانوں کی تعلیم کی حالت اور اُس کی درستی کی تدبیر کی نسبت رپورٹ طیار کرنے کا حکم دیا چنانچہ جناب برنارڈ صاحب نے نہایت عمدہ طول طویل رپورٹ اس معاملہ میں لکھی ہی جس میں وہ لکھتے ہیں کہ سرکاری مدرسوں میں مسلمانوں کی تعداد بہ نسبت ہندوؤں کے نہایت تھوڑی ہی اور وہ یہہ تجویز خاص بتاتے ہیں کہ جو سرمایہ ہوگلی کالج کے اخراجات کے لیئے معین ہی اُس کو تقسیم کرکے مسلمانوں کی آبادیوں کے خاص خاص مقاموں میں مدرسے قایم کیئے جاویں اور وہ یہہ بھی راے دیتے ہیں کہ محمد محسن نے جو کچھہ تعلیم کے واسطے وقف کیا ہی وہ ہوگلی کالج سے نکال کر اور کلکتہ مدرسہ میں جو سرکار کی طرف سے مدد ملتی ہی اُس کو اُس میں ملاکر تین مدرسے نئے قایم کیئے جاویں ایک چھوٹا مدرسہ ہوگلی میں اور ایک بڑا مدرسہ کلکتہ میں اور ایک متوسط درجہ کا مدرسہ ڈھاکہ یا چاٹگام میں قایم ہو اُن کی یہہ بھی تجویز ہی کہ ایک انگریز پرنسپل کلکتہ اور ہوگلی کے مدرسوں کی نگرانی کے لیئے اور دوسرا ضلع مشرقی کے مدرسہ کی نگرانی کے لیئے مقرر کیا جاوے اس کے بعد وہ یہہ تجویز بتاتے ہیں کہ جو روپیہ کشن گڈہ کالج کے لیئے مل سکتا ہی اُس کی تقسیم کا انتظام از سرنو ہونا چاہیئے *

سرکاری کالج اور اسکولوں میں مسلمان طالب علموں کے کم آنے کا ایک یہہ بھی سبب بیان کیا گیا ہی کہ سرکاری سررشتہ تعلیم میں مسلمان عہدہ دار بہت کم ہیں *

برنارڈ صاحب کی رپورٹ میں سب سے زیادہ مرغوب اور پسندیدہ چیز یہہ بھی ہی کہ مشرقی بنگالہ میں بہ نسبت ہندوؤں کے مسلمانوں کی آبادی بہت زیادہ ہی گورنمنٹ نے نہایت دور اندیشی سے عام تعلیم کی طرف خوب توجہہ فرمائی ہی اور اسمیں کچھہ شک نہیں کہ اس تدبیر سے مسلمانوں میں جو کثرت سے دیہات میں آباد ہیں تعلیم پھیل جاویگی *

ہمکو برنارڈ صاحب کا اس بات کے لیئے شکر کرنا چاہیئے کہ اُنھوں نے گورنمنٹ بنگالہ کو ان اضلاع کی گورنمنٹ کی اس تدبیر کی پیروی کرنے کے لیئے صلاح دی ہی کہ مسلمانوں کے لیئے علم انشاء کی کتابیں تصنیف کرنے پر مصنفوں کو انعام دیا کرے *

has fallen off of late very greatly. Most Mahomedans are very poor and accustomed to pay only very small fees." "Some of the Inspectors explain that Mahomedans are lazier and their home influences are less satisfactory than is the case with Hindoo boys."

The Government of Bengal upon receiving a communication from His Excellency the Governor-General ordered the Secretary to prepare a report upon the condition of Musalman education and also to suggest remedies. Mr. C. Bernard has therefore written out a long and able report upon the subject. He declares the proportion of Mahomedans to the Hindoos in Government Schools to be very unsatisfactory, and suggests chiefly that the funds devoted to the College at Hoogly should be distributed among educational institutions to be established at the principal centres of Mahomedan population. "The Mohamed Mohsin Educational Endowment," says he, "should be withdrawn from the general Hoogly College and with this endowment and the present Government grant to the Calcutta Madrasah, three Madrasahs might be maintained namely.—

a small one at Hoogly,
a large one at Calcutta,
a moderate sized one at Chittagong or Dacca."

It is also proposed that a European Principal should be appointed to supervise the Calcutta and Hoogly institutions, and another European should be appointed to the Eastern district Madrasah. It is then suggested that the distribution of funds available for the Kishnagurh College should be re-arranged.

The limited attendance of Mahomedan students in Government Colleges and Schools is also attributed to the fewness of Musulman Officers in the Educational Department.

The most interesting information from Mr. Bernard's report is that the number of Musulman population in Eastern Bengal is much greater than the Hindoos. The Government has most wisely paid great attention to the education of the masses and this measure will no doubt spread education among the Mahomedans who form the majority of the rural population.

We must not omit to thank Mr. Bernard for having suggested to the Bengal Government to follow the enlightened example of the Government of these provinces by offering prizes for the production of good literature for Mahomedans.

Besides the establishment of educational institutions it has also been suggested that especial teachers should be appointed for Arabic and Persian at any School where the number of Musulman students is large enough to justify such a concession. In places where the rural population is mostly Mahomedan—as is the case in eastern Bengal—His Honor the Lieutenant Governor has most prudently allowed Mahomedan teachers to give religious lessons at a time set apart for that subject.

We now proceed to mention the arrangements proposed by the Government of Madras for the education of Mahomedans.

At the risk of prolixity we cannot resist the temptation of quoting the resolution of the Government of India which originally called the attention of the provincial Governments to the intellectual destitution of the Mahomedans.

"Resolution.—The condition of the Mahomedan population of India as regards education has of late been frequently pressed upon the attention of the Government of India. From statistics recently submitted to the Governor-General in Council, it is evident that in no part of the country, except perhaps the North-Western Provinces* and the Panjab, do the Mahomedans adequately, or in proportion to the rest of the community, avail themselves of the educational advantages that Government offers. It is much to be

* We may here note that although the proportion of the Mahomedan population is small as compared with the Hindoos, the number of those classes who are expected to educate their children in Government Colleges is nearly equal. Most of the lowest classes in these provinces are Hindoos, and even if Mohomedan attendance in schools is only in proportion to their population as compared with the Hindoos (including all castes) the conclusion can by no means be satisfactory.

علاوہ مدرسے قایم کرنے کے یہہ بھي تجویز کي گئي ھی کہ جس ڈیرسہ میں مسلمان طالب علموں کي تعداد کافي ھو اُس میں خاص مدرس عربي و فارسي کے مقرر کیئے جاویں نواب لفٹننٹ گورنر بہادر بنگالہ نے نہایت درد اندیشي سے ایسے مقاموں میں جہاں مسلمانوں کي آبادي زیادہ تر دیہات میں ھو جیسے کہ مشرقي بنگالہ میں ھی اجازت دیدي ھی کہ مسلمان مدرس مذھبي سبق بھي خاص اُوقات میں پڑھایا کریں جو اُس سبق کے لیئے مقرر ھی *

گورنمنٹ مدراس

اب ھم اُن تدبیروں کا ذکر کرتے ھیں جو گورنمنٹ مدراس نے مسلمانوں کي تعلیم کے واسطے تجویز کي ھیں گورنمنٹ انڈیا کا ریزولیوشن جسکے ذریعہ سے پہلے پہل گورنمنٹ ھند نے اپني ماتحت گورنمنٹوں کو مسلمانوں کي جہالت کي طرف متوجہ کیا ھی ایسا عمدہ ھی کہ باوجود طوالت کے ھم اُسکي پوري نقل کرنے سے باز نہیں رہ سکتے وہ ریزلیوشن یہہ ھی *

"ھندوستان کے مسلمانوں کي تعلیم کي حالت پر گورنمنٹ ھند نے کئي مرتبہ توجہ فرمائي ھی جو نقشہ کہ حال میں جناب نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل کے حضور میں پیش ھوا ھی اُس سے ظاھر ھی کہ سوائے ممالک مغربي اور شمالي اور اضلاع † پنجاب کے اور کہیں کے مسلمان کافي طور پر یا اور لوگوں کي بہ نسبت اپني تعداد کے اندازہ پر سرکاري تعلیم سے فائدہ نہیں اُٹھاتے کمال افسوس کي بات ھی کہ ایک ایسا بڑا فرقہ جسکے ھاں قدیم علم انشاء اور اعلے درجہ کے علوم کي کتابیں موجود ھیں اور جس میں ایسے لوگ بھي ھیں جو بالتخصیص علم کے تحصیل کرنے اور رواج دینے کے عادي ھیں سرکاري سلسلہ تعلیم سے علحدہ ھی اور اُن خاص و عام فائدوں سے محروم رھتا ھی جنکو اور لوگ حاصل کرتے ھیں جناب نواب گورنر جنرل بہادر خیال فرماتے ھیں کہ اگر اعلے درجہ کي تعلیم دیسي زبان کے ذریعہ سے دي جاوے اور حال کي بہ نسبت تحصیل علوم میں اُن کو آساني ھوجاوے اور عربي اور فارسي کتابوں کي ایک مناسبت کے ساتھہ

† واضح ھو کہ گو مسلمانوں کي آبادي کي تعداد بمقابلہ ھندوؤں کے کم ھی لیکن تعداد اُس قسم کے مسلمانوں کي جن سے یہہ اُمید ھوسکتي ھی کہ اپنے لڑکوں کو گورنمنٹ کالجوں میں تعلیم دیویں قریب برابر کے ھی ان اضلاع میں ادنی درجہ کے لوگ زیادہ تر ھندو ھیں اگر مسلمانوں کي حاضري تمام ذاتوں کے ھندوؤں کے مقابلہ میں اُنکي آبادي کے اندازہ کے ساتھہ بھي ھو تب بھي کسیطرح خاطر خواہ نتیجہ نہوگا —

قدر کی جاوے تو اِن سب باتوں کو مسلمان صرف قبول ہی نہیں کرینگے بلکہ اُن میں سے جو ارگ لایق اور روشن ضمیر ہونگے وہ سررشتہ تعلیم کے ساتھہ ہمدردی بھی کرینگے *

۲ حضور نواب گورنر جنرل بہادر کی یہہ مرضی ہی کہ تمام گورنمنٹ اسکول اور کالجوں میں مسلمانوں کی قدیم زبانوں اور روز مرہ کی بول چال کی زبان کو ترقی دیجاوے اس میں یہہ ضرور نہیں ہی کہ مضامین تبدیل کیئے جاویں مگر ذریعہ تعلیم بدل دیا جاوے جو انگریزی مدرسے ایسے ضلعوں میں قایم ہیں جہاں مسلمان کثرت سے رہتے ہیں اُن میں لئیق مسلمان انگریزی کے مدرس مقرر کیئے جاویں تو ضرور فائدہ ہوگا اور جس طرح کہ اُن اسکولوں میں دستور ہی جن میں دیسی زبانوں کے ذریعہ سے تعلیم ہوتی ہی اُسیطرح اس قسم کے مدرسوں میں بھی بموجب قاعدہ گرینٹ ان ایڈ کے مسلمانوں کو مدد دیجاوے تاکہ وہ اپنے حسب دلخواہ ملحدہ مدرسے قایم کرلیں اور مسلمانوں کے واسطے دیسی زبان کی لٹریچر کی کتابیں تصنیف ہونے کے لیئے زیادہ ترغیبیں دیجاویں کیونکہ یہہ ایک ایسی تدبیر ہی جسکے لیئے خود جناب وزیر ہندوستان نے گورنمنٹ انڈیا کو کئی مرتبہ لکھا ہی *

۳ حضور گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل کی مرضی ہی کہ لوکل گورنمنٹیں اور تمام حکام امور مذکورہ کی طرف متوجہ ہوں اسلیئے حکم ہوتا ہی کہ یہہ رزلیوشن لوکل گورنمنٹوں اور حکام کے پاس اور ہندوستان کی تینوں یونیورسٹیوں یعنی یونیورسٹی کلکتہ اور یونیورسٹی بمبئی اور یونیورسٹی مدراس میں اس غرض سے بھیجا جاوے کہ وہ سب اپنی راے اس امر کی نسبت ظاہر کریں کہ سرکاری تعلیم کے اصلی اصولوں کو تبدیل کیئے بغیر کچھہ عام تدبیریں مسلمانوں کی تعلیم کے واسطے قایم ہوسکتی ہیں یا نہیں اور نیز اس امر کی نسبت کہ یونیورسٹی کے سلسلہ تعلیم میں عربی اور فارسی کو زیادہ ترقی دی جاسکتی ہی یا نہیں *

یہہ بھی حکم ہوتا ہی کہ یونیورسٹی لاہور کے اہلکاروں سے بھی جنہوں نے اس معاملہ پر زیادہ غور اور توجہہ کی ہی گورنمنٹ پنجاب کے ذریعہ سے امور مذکور کی نسبت راے طلب کیجاوے *

اس رزلیوشن کو اس موقع پر ہمنے اسلیئے پورا پورا نقل کردیا ہی کہ ہم اسکو ایک عمدہ اور بڑی چیز سمجھتے ہیں ہمارے اخبار کے پڑھنے والے اسکو دیکھیں *

بتعمیل احکام مندرجہ رزلیوشن مذکور گورنمنٹ مدراس نے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن سے کیفیت طلب کی ہم یہہ نہیں کہہ سکتے کہ ڈائرکٹر صاحب کی چٹھی مورخہ ۱۸ ستمبر سنہ ۱۸۷۱ع سے ہمکو

regretted that so large and important a class, possessing a classical literature replete with works of profound learning and great value, and counting among its members a section especially devoted to the acquisition and diffusion of knowledge, should stand aloof from active co-operation with our educational system and should lose the advantages, both material and social, which others enjoy. His Excellency in Council believes that secondary and higher education conveyed in the Vernaculars and rendered more accessible than now, coupled with a more systematic encouragement and recognition of Arabic and Persian literature, would be not only acceptable to the Mahomedan community, but would enlist the sympathies of the more earnest and enlightened of its members on the side of education.

2. The Governor-General in Council is desirous that further encouragement should be given to the classical and Vernacular languages of the Mahomedans in all Government Schools and Colleges. This need not involve any alterations in the subjects, but only in the media of instruction. In avowedly English Schools established in Mahomedan Districts, the appointment of qualified Mahomedan English teachers might with advantage be encouraged. As in Vernacular Schools, so in this class also, assistance might justly be given to Mahomedans by grants-in-aid to create schools of their own. Greater encouragement should also be given to the creation of a Vernacular literature for the Mohomedans, a measure the importance of which was especially urged upon the Government of India by Her Majesty's Secretary of State on more than one occasion.

3. His Excellency in Council desires to call the attention of Local Governments and Administrations to this subject, and directs that this Resolution be communicated to them and to the three Universities * in India, with a view of eliciting their opinions whether, without infringing the fundamental principles of our education, some general measures in regard to Mahomedan education might not be adopted, and whether more encouragement might not be given in the University course to Arabic and Persian literature.

* Calcutta, Bombay and Madras.

The authorities of the Lahore University College, who are believed to have paid much attention to the subject, should also be invited to offer views on the important questions above referred to. This may be done through the Punjab Government."

We have quoted the above resolution in full to mark the importance which we attach to it and also to bring it especially to the notice of our readers.

The Government of Madras in conformity with the resolution above quoted, called for a communication from the Director of Public Instruction and we cannot say that his letter dated Madras, 18th September 1871, quite pleases us. He expresses his regret "that the Mahomedan community should stand aloof from active co-operation in the educational labours now carried on under the auspices of the Government." I fear however " proceeds the Director of Public Instruction of Madras, " that it will be a work involving much time and difficulty to bring about a change in the feelings and course of action of the Musulmans of this presidency." But from the spirit in which the letter in question is written one would be inclined to conclude that it is equally difficult " to bring about a change in the course of action " of the Educational Department of Madras.

The 3rd paragraph of the Director's letter declares it to " be impracticable to convey higher education through the Vernaculars," and that " the intellectual views of the Musulmans will have to be greatly modified to allow of their seeking such education."

The 4th and 5th paragraphs complain of the difficulty and expense without which no change can be introduced in the education of Musulmans. " Musulman boys," says the Director," are generally somewhat heavy and apathetic, their energy decreasing as they advance in years."

In the 6th paragraph the preparation of a literature for Mohamedans is declared to be impossible, and the 7th, 8th and 9th paragraphs are no more satisfactory. " On the whole then," says the Director in conclusion, " I am of opinion that it is not practicable at present for this department to do much more than it is doing for the education of Mahomedans." But we beg to say that the Department was then doing nothing particular " for the education of Mohamedans."

بالکل خوشی حاصل ہوتی ہی وہ اسبات پر افسوس کرتے ہیں کہ مسلمان اُن کوششوں میں جو گورنمنٹ تعلیم کے باب میں کر رہی ہی شریک نہیں ہوتے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن احاطہ مدراس یہہ بھی لکھتے ہیں کہ میں خیال کرتا ہوں کہ اس احاطہ کے مسلمانوں کے خیالات اور رویہ کے تبدیل کرنے میں بہت عرصہ لگیگا — لیکن جس طرز سے اُنہوں نے یہہ چٹھی لکھی ہی اُس سے یہہ نتیجہ نکل سکتا ہی کہ مدراس کے سررشتہ تعلیم کی کارروائی کی تبدیلی بھی ویسی ہی مشکل ہی جیسے کہ مسلمانوں کے خیالات اور رویہ کی تبدیلی مشکل ہی *

ڈائرکٹر صاحب کی چٹھی کی تیسری دفعہ میں یہہ لکھا ہی کہ اعلی درجہ کی تعلیم بذریعہ دیسی زبان کے محال ہی اور ایسی تعلیم کے خواہاں مند ہونے کے لیئے اُنکے خیالات میں بہت سی تبدیلی کا ہونا درکار ہی *

چوتھی اور پانچویں دفعہ میں اور مشکلات اور خرچ کی شکایت ہی جس کے بدون مسلمانوں کی تعلیم میں کسی طرح تبدیلی جاری نہیں کی جاسکتی ڈائرکٹر صاحب فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے لڑکے عموماً کسیقدر غبی اور سرد مہر ہوتے ہیں اور جسقدر اُنکی عمر زیادہ ہوتی جاتی ہی اُسیقدر اُنکی جرات اور حوصلہ گھٹتا جاتا ہی *

چھٹی دفعہ میں وہ لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کے لٹریچر کا مرتب کرنا غیر ممکن ہی اور ساتویں اور آٹھویں اور نویں دفعہ کا مضمون بھی کچھہ اسی قسم کا ہی الغرض ڈائرکٹر صاحب آخر میں یہہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کی تعلیم کے لیئے اب تک جو کچھہ ہو رہا ہی ہماری راے میں اس سررشتہ تعلیم سے بالفعل اس سے زیادہ ہونا محال ہی — مگر میں کہتا ہوں کہ سررشتہ تعلیم میں مسلمانوں کی تعلیم کی بابت اُس زمانہ میں جبکہ ڈائرکٹر صاحب نے چٹھی لکھی ہی کوئی خاص تدبیر نہیں ہوتی تھی *

باوجودیکہ ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن مدراس نے ایسی دل کی توڑنے والی چٹھی لکھی مگر گورنمنٹ مدراس مسلمانوں کی تعلیم کے معاملہ میں کوشش کرنے سے غافل نہ رہی *

رزولیوشن مورخہ ۷ اکتوبر سنہ ۱۸۷۲ع میں گورنمنٹ مدراس نے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن کو پھر اس بات پر متوجہ کیا کہ سرکاری مدرسوں میں مسلمان طالب علم بہت کم ہیں ہم یہاں رزولیوشن کی عبارت نقل کرتے ہیں وہ یہہ ہی وہ یہہ نہیں کہہ سکتے کہ علی العموم گورنمنٹ کالج اور اسکول جن میں بقول پاول صاحب (ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن مدراس) اور لوگوں کے ساتھہ مسلمان بھی داخل ہوتے ہیں حال کے انتظام کے بموجب مسلمانوں کے لڑکوں کی تعلیم کے لیئے

مناسب مقام ھیں ادنی درجہ کے اسکول اور کیلاسوں میں جن میں تعلیم بالتخصیص بذریعہ کسي نہ کسي دیسي زبان کے ھوتي ھی وہ دیسي زبان ھمیشہ ھندوؤں کي زبان ھوتي ھی پس ایسے اسکول اور کیلاسوں میں مسلمانوں کا ایسا نقصان اٹھرتا ھی جس کے سبب سے اسبات پر کچھہ تعجب نہیں ھوسکتا کہ ان اسکولوں اور کیلاسوں میں مسلمان لڑکے کم ھیں بلکہ تعجب یہہ ھونا چاھیئے کہ وہ اُن میں پڑھتے ھیں *

في الحقیقت یہہ سب اسکول اور اِن اسکولوں کا طریقہ تعلیم بالکل بالحاظ ھندوؤں کے تجویز ھوا ھی " ھم مسلمانوں کے لیئے اس سے زیادہ اور کونسي بات رنج کي ھوسکتي ھی پھر بھي ڈائرکٹر صاحب نے اپني ایسي دلشکن اور افسردہ کرنے والي راے دینے میں جسکو ھم اوپر نقل کرچکے ھیں دریغ نہیں فرمایا *

رزولیوشن مذکور میں پھر یہہ حکم ھی کہ جہاں مسلمانوں کي بستیاں ھیں وھاں کے صدر مقاموں میں مسلمانوں کے لیئے علحدہ مدرسے قایم کیئے جاویں اور اُن مدرسوں میں ابتدائي تعلیم ھندوستاني زبان میں ھووے *

رزولیوشن مذکور کي چوتھي دفعہ میں ایک نہایت افسوس کے قابل حال ظاھر کیا گیا ھی یعني چار سو پچاسي آدمیوں میں سے جو جوڈیشل اور سررشتہ مال میں معزز عہدوں پر ممتاز ھیں صرف اُنیس مسلمان ھیں اُسي رزولیوشن میں یہہ بھي مندرج ھی کہ ایک ایسے ملک کے انتظام ملکي میں مسلمانوں کا شریک نہ رھنا جس پر وہ حکمراني کرچکے ھیں ملنساري اور تدبیر مملکت کے برخلاف ھی اوپر کے بیان کے بموجب یہہ بات تسلیم کرني چاھیئے کہ یہہ خرابي بالکل اسي سبب سے نہیں ھی کہ مسلمان سرکاري طریقہ تعلیم سے فائدہ اوٹھانے کي خواھش نہیں رکھتے بلکہ اسکا کسیقدر یہہ بھي سبب ھوسکتا ھی کہ اس سلسلہ تعلیم میں جو بالفعل جاري ھی مناسب تدبیریں نہیں ھیں *

ایک نہایت شایستہ گورنمنٹ سے اس سے زیادہ مہرباني کي امید کسي فرقہ کو نہیں ھوسکتي اور جس مہرباني کے ساتھہ کہ اس رزولیوشن میں مسلمانوں کے ساتھہ سلوک کیا گیا ھی اُس کے واسطے مسلمانوں کو تہ دل سے مشکور اور ممنون ھونا چاھیئے *

گورنمنٹ کے حکم کے بموجب ڈائرکٹر صاحب نے مسلمانوں کي تعلیم کے باب میں لئیق اور قابل شخصوں سے بذریعہ تحریر مشورہ لیا ھم اُنکي چٹھیوں میں سے اس موقع پر اکثر فقرے اس غرض سے نقل کرتے ھیں کہ مسلمانوں کو یہہ بات معلوم ھوجاوے کہ ھمارے ھم قوم اور ھموطن مدراس احاطہ کے مسلمان کیسي ذلیل حالت میں ھیں *

Notwithstanding the discouraging tone of the Director's letter, the Government of Madras has by no means been indifferent to the subject of Musulman education. In the resolution of the 7th October 1872 the Government of Madras called the attention of the Director again to the paucity of Musulman students in Government Educational institutions. "It cannot be said," to quote the words of the resolution, "that the ordinary Government Colleges and schools which Mr. Powell describes as institutions to which Mahomedans with all others are admissible, are in fact as at present arranged suitable places of instruction for Mahomedan youths. In the lower schools and classes in which instruction is imparted mainly through the medium of a Vernacular language, that Vernacular is invariably a Hindoo language and in such schools and classes Mahomedans are in consequence placed at so great a disadvantage that the wonder is not that the Mahomedan element in the schools is so small, but that it exists at all. The schools in fact are organized and the scheme of instruction is framed with exclusive reference to the Hindoos." What could be more grievous than such a state of things to our community, and yet the Director did not hesitate to give the discouraging and unsatisfactory opinion which we have quoted above.

The resolution then enjoins the establishment of separate schools for Mahomedans at principal centres of the Musulman population. In these institutions primary education is to be imparted in Hindustani.

The 4th paragraph of the resolution discloses a very lamentable state of things. "Out of 485 persons holding the higher subordinate appointments in the Judicial and Revenue Departments in this Presidency, only 19 are Mahomedans. This almost complete exclusion of the Mahomedans," continues the resolution, "from any share in the administration of the country which they once ruled is a political and social evil which it is very desirable to remove. For the reasons already given it must be admitted that this failure has not entirely arisen from a disinclination on the part of the Mahomedans to avail themselves of the education offered by the State. It is in some

measure attributable to the omission of suitable provision for Mahomedans in our present educational system."

No greater concession could be expected by any community from an enlightened Government, and the leniency with which the Mahomedans are treated in this resolution ought to fill every Mahomedan heart with deep gratitude.

The Director of Public Instruction in obedience to the orders of the Government communicated with competent persons respecting Mahomedan education, and we may hereafter quote a few passages from these communications in order to show our community the degradation in which their co-religionists of Madras have already fallen.

Mr. H. Fortey, an Inspector of Schools in the Madras Presidency is to be thanked for being most active in carrying out the direction of the Government to establish separate schools for the Musulmans. "In each of these schools," says Mr. Fortey, "provision ought to be made for the instruction of pupils up to the standard of the third class in a Zillah School included, English being taught as a language only and all other subjects through the medium of Hindoostani." We heartily agree with Mr. Fortey in this view. We have long been of opinion that one of the greatest hinderances to the spread of education in India is the persistence of the Government Educational Department to force English into the mouths of the students. In Government Anglo-Vernacular Schools almost every subject is taught in English while the language of this country is treated only as a foreign language. Euclid, Arithmetic, Algebra, and Geography are taught in English as if the schools in India were meant for English children. The tenacity with which the doctrine of English as the only medium of high education, is held makes us almost despair of ever seeing our language enriched with books on Western Sciences. The present system of education is most inimical to the improvement of our language and the production in it of sound literature; and as long as is it adhered to, the language of Hindustan bids fair either to struggle for existence or remain as primitive and

ایچیسن صاحب انسپیکٹر مدارس احاطہ مدراس مستحق اسبات کے ہیں کہ اُنکا شکریہ ادا کیا جاوے کیونکہ اُنہوں نے گورنمنٹ کے حکم کے بموجب مسلمانوں کے لیئے علحدہ مدرسہ قایم کرنے میں بڑي مستعدي کي ہی اور وہ لکھتے ہیں کہ اس قسم کے ہر ایک مدرسہ میں ضلع اسکول کي تیسري جماعت تک کي کتابوں کے پڑھانے کا انتظام ہونا چاہیئے اور انگریزي صرف بطور ایک زبان کے پڑھائي جاوے اور علوم کي تعلیم بذریعہ ہندوستاني زبان کے ہووے *

فاسٹي صاحب کي راے کے ساتھہ ہم دل سے اتفاق کرتے ہیں اور ہم ایک مدت پہلے اپني راے ظاہر کرچکے ہیں کہ سرکاري سررشتہ تعلیم کي یہہ ضد کہ طالب علموں کے منہہ میں زبردستي سے انگریزي زبان ٹھونسینگے ہندوستان کي عام تعلیم کي بڑي مزاحم اور مانع ہی اینگلو ورنیکولر اسکولوں میں ہر ایک علم انگریزي میں پڑھایا جاتا ہی اور دیسي زبان بطور ایک غیر ملکي زبان کے سکھائي جاتي ہی علم ہندسہ اور حساب اور جبر و مقابلہ اور جغرافیہ سب انگریزي میں پڑھائے جاتے ہیں ہندوستان کے مدرسے گویا انگریزوں کے لڑکوں کي تعلیم گاہیں ہیں اس بات پر جو نہایت استقلال کے ساتھہ اتفاق ہورہا ہی کہ اعلی درجہ کي تعلیم صرف انگریزي ہي کے ذریعہ سے ہوسکتي ہی اس سے ہمکو اس امر کي نسبت بالکل نا امیدي ہوتي ہی کہ ہماري زبان مغربي علوم کي کتابوں سے رونق پاویگي جو سلسلہ تعلیم کا بالفعل جاري ہی وہ ہماري زبان کي ترقي اور ہماري زبان میں عمدہ لٹریچر کي تصنیفات ہونے کے بالکل برخلاف ہی جب تک یہہ سلسلہ بحال رہیگا تب تک ہندوستان کي زبان کي ترقي کے لیئے کوششیں نہیں ہوسکتیں بلکہ اُس کا ایسي حالت میں بھي رہنا محال ہی جیسے کہ مین ڈیول کي انگریزي ہی اور جاپان کے لوگ سو برس میں یورپ کو نہایت شستہ زبان کا مقابلہ کرینگے *

ایک چٹھي جو ڈائرکٹر صاحب کے نام ہی اُس میں مفصلہ ذیل مضمون مندرج ہی جس کے پڑھنے سے اسقدر افسوس ہوتا ہی کہ بیان نہیں ہوسکتا وہ یہہ ہی کہ خاص مانع ترقي تعلیم مسلمانان ترچناپلي اُنکا سخت افلاس ہی جس میں بہت سے مسلمان مبتلا ہیں لیکن گو وہ مفلس ہیں مگر مغرور ہیں جب میٹنے مسلمانوں کے لڑکوں کو اسکول ور کلاسوں میں بلا فیس بھي داخل کرنا چاہا تو معلوم ہوا کہ کچھ

بغیر وہ نہیں اسکتے غریب سے غریب مسلمان ہرگز اپنے لڑکوں کو ویسے آدھے ننگے پن کي حالت میں باہر نہ آنے دیگا جسمیں کہ بڑے دولتمند ہندو اپنے لڑکوں کو مدرسوں میں بھیج دیتے ہیں غریب مسلمان جو شرم و لحاظ کا خیال رکھتے ہیں اُنکي اس عادت کي گو کتني ہي ہم تعریف کریں لیکن اُس کے ساتھہ ہي اُن کي مصیبت پر دل لرزتا ہی ہم ان واقعات سے اس ضلع کے مسلمانوں کو جو اپنے لڑکوں کي تعلیم کي نسبت بے پروائي کرتے ہیں خبردار کیئے دیتے ہیں ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن کہتے ہیں کہ ہم خوب جانتے ہیں کہ مسلمان بیفائدہ رسموں میں نضول خرچي کرتے ہیں اور اسقدر نضول خرچ ہوتے ہیں کہ انجام کو مصیبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں لیکن اپنے لڑکوں کي تعلیم میں روپیہ خرچ کرنا نہیں چاہتے — یہہ قول ڈائرکٹر صاحب کا بالکل صحیح ہی اور کوئي مسلمان ذي فہم ایسا نہیں ہی کہ اسکو سنکر شرمندہ نہو *

ہزایکسیلنسي لارڈ ہابرٹ صاحب بہادر نے جنکا نام مسلمانوں کو غایت درجہ کي ذلت سے بچانے والا ہمیشہ یاد گار رہیگا حکم دیا ہی کہ مسلمانوں کے لیئے علحدہ مدرسے راج مندري کرنال کڈپا اور عدني مقاموں میں جو مسلمانوں کي آبادیوں کے صدر مقام ہیں قایم کیئے جاویں اور اُن مدرسوں میں مسلمانوں کي زبانوں پر التفات کیا جاوے اور سلسلہ تعلیم بھي ایسا مرتب ہوا ہی کہ اُس سے اُن کي سب غرضیں نکل سکتي ہیں اور مدرس بھي مسلمانوں میں سے منتخب کیئے جاویں *

اگر مدراس احاطہ کے مسلمان باوجود ان خاص کوششوں کے جو گورنمنٹ کي طرف سے ہو رہي ہیں تعلیم کے اُن ذریعوں سے جو اُن کے قابو میں دیدیئے گئے ہیں فائدہ نہ اُٹھاویں تو ہمکو مسلمانوں کي آیندہ بہتري اور بہبودي سے بالکل ناأمید ہونا چاہیئے *

گورنمنٹ بمبئي

گورنمنٹ بمبئي ایسي مستعد نہیں ہوئي ہی جیسي کہ مدراس اور بنگالہ کي گورنمنٹ ہی لیکن وہاں بھي ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن سے مسلمانوں کي تعلیم کے باب میں راے طلب ہوئي تھي ڈائرکٹر صاحب نے اپني لنبي چوڑي سنہ ۱۸۷۱ع میں مسلمانوں کي تعلیم کا اچھا حال

feeble as the English of Mandevil, while the Japanes in a century hence may vie with the politest of European languages.

In a letter addressed to the Director of Public instruction we read with inexpressible regret that "the chief obstacle to the progress of education among the Mahomedan inhabitants of Trichinopoly is the wretched poverty in which the majority of them are sunk. But although they are poor they are proud. I have found when I offered to admit Musalman boys to the school classes even without any fees, that they were unable to attend for want of clothes. The poorest of Musulman parents would never permit their children to be seen in public in that state of semi-nudity in which the wealthiest Hindoos often permit their sons to attend school." However much we may admire the regard paid to public decency even by indigent Musulmans, we cannot but shudder at their miserable condition. We bring this fact as a warning to the notice of our co-religionists of these parts who seem to regard nothing with so much apathy and indifference as the education of their children. "I am aware," says the Director of Public Instruction, "that Mahomedans will needlessly incur a relatively large expenditure at the time of a festival, so large indeed as to render it necessary for them to furnish themselves subsequently, while they show a reluctance to spend money on the education of their children." This is only too true, and no sensible Mahomedan can read it without a blush.

His Excellency Lord Hobart whose name will be remembered as the saviour of the Mahomedans of that Presidency, from the lowest kind of degradation, has ordered that separate schools for Mahomedans should be established at Rajahmundry, Kurnaul, Cuddapah and Adim, the chief centres of the Mahomedan population. In these Schools the languages of the Musalmans are to receive favour, and the course is so arranged as to meet their requirements, teachers being selected from the Mahomedan community.

If the Musulmans of the Madras Presidency, notwithstanding these especial efforts on the part of the Government, fail to avail themselves of the means of

لکھا هی اور بلحاظ اسبات کے که بمبئي احاطه میں مسلمانوں کي آبادي کم هی مسلمانوں کي تعلیم کي نسبت اچھا نتیجه نکالا هی وه اسبات کو تسلیم کرتے هیں که سندھ کے مسلمان تعلیم میں کچھه پیچھے هوئے هیں اور اُس کے علاج میں یهه تجویز کرتے هیں که گورنمنٹ اسکولوں میں فارسي کلاس قایم کیئے جاویں *

بمبئي یونیورسٹي نے فارسي زبان کو بھي ڈگري کے امتحان کي زبانوں میں شامل کرلیا هی اور ایک پروفسر عربي و فارسي کا الفنسٹن کالج میں مقرر هوا هی *

ایک مضمون اور بھي بمبئي گورنمنٹ کے رزولیوشن مورخه ۱۸ مارچ سنه ۱۸۷۲ع میں مندرج هی اُسکو بھي بغیر ذکر کیئے نهیں چھوڑنا چاهیئے مسلمانوں میں ترقي تعلیم کي جو گورنمنٹ کو خواهش هی اُس کے ذیل میں اُس رزولیوشن میں یهه بھي لکھا هی که عهده قاضي کا جسکے لیئے اس سے پیشتر لکھا جا چکا هی پھر سے قایم کرنا اور اس عهده کو ایسے لوگوں کو عطا کرنا جو عربي و فارسي کے عالم هوں اور نیز پھلانا عام تعلیم کا بذریعه اُن کتابوں کے که اُن زبانوں میں لکھي هوں هماري غرض حاصل هونے میں مدد کریگا *

اسمیں کچھه شک نهیں که قاضیوں کے سبب سے اهل اسلام کے خیالوں پر ایک اچھا اثر هوتا تھا اور وه گورنمنٹ انگریزي اور هندوستان کے مسلمانوں کے باهم ایک همدردي قایم رکھنے کا عمده ذریعه تھے *

هم نے اپنے اخبار کے پڑھنے والوں کے روبرو مختصر حال اُن کارروائیوں کا جو ان تینوں احاطوں میں مسلمانوں کي تعلیم کے باب میں هوئي هیں اور اب بھي هرتي هیں پیش کردیا هی کوئي ذي شعور مسلمان ایسا نهیں هی جو ان خاص تدبیروں کا حال سنکر سچے دل سے گورنمنٹ کا شکرگذار نهو لیکن هم خیال کرتے هیں که بهت کچھه اس معامله میں کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان کي کوششوں سے هوا هی کیونکه کمیٹي مذکور نے جو انعام مسلمانوں کي تعلیم کے باب میں رسالوں پر دیئے اور اُس کا عمده اور نیک نتیجه جسکے باعث سے یهه معامله ظهور میں آیا کبھي بھولا نهیں جاسکتا *

---

education placed at their disposal, we must for ever give up any hope of their regeneration or future prosperity.

The Government of Bombay has not been so energetic as those of Madras and Bengal. But the Director of Public Instruction was required to give his opinion upon the education of the Mahomedans. In his long letter dated the 9th September 1871, he gives a good account of the state of Musulman education, and upon the whole, considering the poverty of the Musulman population in the Bombay Presidency, he draws a satisfactory conclusion. He acknowledges that the Musulmans of Sind are backward in education, and proposes the establishment of Persian classes in Government Schools.

The University of Bombay has recognized Persian as one of the languages in which examination is held for its degrees, and a professor of Arabic and Persian has been appointed at the Elphinstone College.

We must not omit to notice a passage in the resolution of the Government of Bombay dated 18th March 1872. Referring to the desire of the Government to spread education among the Musulmans, the resolution goes on to say that "the revival of the office of Kazee which has been recommended on a former occasion and the bestowal of it only on men who are learned in Arabic, Persian, and as well as the dissemination of general knowledge through works written in those languages will also contribute to the attainment of the object aimed at." We have no doubt that the Kazees exercised a good influence on the minds of their co-religionists, and were a good means of keeping up sympathy between the British Government and the Musulmans of India.

We have now laid before our readers a succinct account of what has lately been done and is still going on in the three Presidencies concerning the especial education of our community. No sensible Musulman can hear of these especial measures without sincere thankfulness to the Government. But we believe a great deal is due also to the endeavours of the Committee for spreading education among Mahomedans because the good effect which the prizes offered by that Committee for essays on Mahomedan education had in bringing the subject to prominence cannot be forgotten.

نمبر ۱۳۸

مہذب قوموں کي پیروي

چھوٹا بچا اپنے سے بڑے لڑکے کي باتوں کي پیروي کرتا ہی اور کم سمجھہ والا اُسکي جسکو وہ اپنے سے زیادہ سمجھدار سمجھتا ہی اور ناواقف اُسکي جسکو وہ اپنے سے زیادہ واقف کار جانتا ہی اسیطرح نامہذب قوم کو تہذیب یافتہ قوم کي پیروي کرني ضرور پڑتي ہی — مگر بعضي دفعہ یہہ پیروي ایسي اندھا دھندي سے ہوتي ہی جس سے بجاے اسکے کہ اُس پیروي سے فائدہ اٹھاویں اُلٹا نقصان حاصل ہوتا ہی اور جسقدر ہم نامہذب ہوتے ہیں اُس سے اور زیادہ ناشایستہ ہوجاتے ہیں *

نا مہذب آدمي جب تربیت یافتہ قوم کي صحبت میں جاتا ہی تو اُن لوگوں کو بہت عمدہ پاتا ہی اور ہر بات میں اُنکو کامل سمجھتا ہی ہر جگہہ اُنکي تعریف سنتا ہی مگر اُن میں جو خراب عادتیں ہیں اُنکو بھي دیکھتا ہی مثلہ شراب پینا جوا کھیلنا وغیرہ پس یہہ شخص ان باتوں کو بھي اُن کے کمالوں ہي میں تصور کرلیتا ہی اُن میں جو خوبیاں اور کمالات در حقیقت ہیں اُنکو تو وہ حاصل نہیں کرتا اور نہ حاصل کرنے کي کوشش کرتا ہی مگر جو بري باتیں اُن میں ہیں اُن کو بہت جلد سیکھہ لیتا ہی *

ایسا کرنا درحقیقت اس آدمي کي غلطي ہی کہ اُسنے اُن کے نقصوں کو اُنکا کمال سمجھا ہی — وہ لوگ بسبب کسي دوسرے کمال و لیاقت اور خوبي کے جو اُن میں ہی اور بسبب دوسري عمدہ خصلتوں کے جو اُنہوں نے حاصل کي ہیں مہذب و شایستہ کہلاتے ہیں نہ بسبب اُن باتوں کے جنکو اُسنے سیکھا ہی — بلاشبہہ مہذب آدمیوں کي برائیاں اُنکي بہت سي خوبیوں اور کمالوں کے سبب چھپ جاتي ہیں اور لوگ اُنپر بہت کم خیال کرتے ہیں تاہم وہ برائیاں کچھہ ہنر نہیں ہوجاتیں بلکہ جو برائي ہی وہ برائي ہي رہتي ہی گر کہ ایک مہذب قوم ہي میں کیوں نہو *

ہمکو یاد رکھنا چاہیئے کہ کوئي قوم وہ کیسي ہي عمدہ اور مہذب ہو مگر جو برائیاں اُس میں ہیں وہ اُس کے وصف نہیں ہیں بلکہ اُن کے کمال کي کمي ہی جسکي پیروي ہمکو کرني نہیں چاہیئے — اگر ایک خوبصورت آدمي کے منہہ پر ایک مسہ ہو تو ہمکو خوبصورت بننے کے لیئے ویسا ہي مسہ اپنے منہہ پر نہ بنانا چاہیئے کیونکہ وہ مسہ اُسکي خوبصورتي نہیں ہی بلکہ اُس کي خوبصورتي کا نقصان ہی ایسي حالت میں ہمکو یہہ خیال کرنا مناسب ہی کہ اگر یہہ مسہ بھي اُس کے منہہ پر نہوتا تو کتنا اور خوبصورت ہوجاتا *

ہم بلاشبہہ اپني قوم کو اپنے ہموطنوں کو سولیزڈ قوم کي پیروي کي ترغیب کرتے ہیں مگر اُن سے یہہ خواہش رکھتے ہیں کہ اُن میں جو خوبیاں ہیں اور جنکے سبب وہ معزز اور قابل ادب سمجھي جاتي ہیں اور سولیزڈ شمار ہوتي ہیں انکي پیروي کریں نہ اُن کي اُن باتوں کي جو اُنکے کمال میں نقص کا باعث ہیں *

اسي سبب سے جبکہ ہم یہہ دیکھتے ہیں کہ ہماري قوم نے کسي سولیزڈ قوم کي عمدہ خصلتوں اور عادتوں میں پیروي کي تو ہمکو بہت خوشي ہوتي ہی اور جب یہہ سنتے ہیں کہ اُسنے اُنکي برائیوں کي پیروي کي اور شراب پینے شروع کي اور پکا متوالا ہوگیا اور جوا کھیلنا سیکھا اور بے قید ہوگیا تو ہمکو نہایت افسوس ہوتا ہی — ہم اُمید کرتے ہیں کہ ہماري قوم عمدہ باتوں کو سیکھے گي اور بري باتوں کو ہمیشہ برا سمجھیگي *

راقـــــم
سید احمد

اطلاع

ہم افسوس کرتے ہیں کہ اہل مطبع کي غفلت سے ہمارے مضمونوں کے نمبر غلط چھپ گئے جنکي تصحیح ذیل میں کي جاتي ہی *

نمبر ہاے غلط	نمبر ہاے صحیح	نمبر صفحہ
۱۲۸	۱۲۸	۲۰۰
۲۰۱	۱۲۹	۲۰۱
۲۰۲	۱۳۰	۲۰۳
۲۰۳	۱۳۱	۲
۲۰۴	۱۳۲	۱۰
۲۰۵	۱۳۳	۱۱
۲۰۶	۱۳۴	۱۴
۲۰۷	۱۳۵	۱۸
۲۰۸	۱۳۶	۲۵

اخیر پروف ہماري نگاہ سے نہیں گذرتا افسوس ہی کہ بعضي دفعہ مضمون میں بھي غلطي رہ جاتي ہی *

راقم
سید احمد

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۵ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ مع اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور تونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۳۹

حدیث تشبہ

خط

زید مجدکم

جناب مکدوم مکرم مولانا سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی

تسلیم کے بعد گذارش ہی کہ حدیث شریف من تشبہ بقوم فہو منہم کے معانی اور مراد میں لوگوں کو نہایت اختلاف ہی کوئی کچھہ کہتا ہی کوئی کچھہ کہتا ہی پس واسطے حصول اطمینان اور تنقیح مراد حدیث کے ضرور ہوا کہ اُس کا مورد تحقیق کیا جائے تاکہ مراد صحیح لفظ تشبہ کی معلوم ہوجاوے لہذا بصد نیاز خدمت عالی میں گذارش ہی کہ ارشاد ہو کہ اس حدیث کا مورد کیا ہی اور لفظ تشبہ سے کس امر میں تشبیہ مقصود ہی زیاد نیاز و تسلیم *

آپ کا خادم

ح

جواب

یہہ حدیث ابو داود نے باب ما جاء فی الا قبیۃ میں نقل کی ہی اور اُس کے الفاظ یہہ ہیں " حدثنا عثمان بن ابی شیبۃ نا ابو النضر عبدالرحمن بن ثابت نا حسان بن عطیۃ عن ابی منیب الجرشی عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم من تشبہ بقوم فہو منہم " *

اول تو مجھکو یہہ بیان کرنا چاہیئے کہ یہہ حدیث ثابت نہیں ہی نہ روایتاً اور نہ درایتاً — روایتاً تو اِس لیئے ثابت نہیں کہ جو سند اس حدیث کی بیان ہوئی ہی اُس سے اتصال سند کا رسول خدا صلعم تک ثبوت نہیں ہی کیونکہ جو الفاظ روایت کے ہیں اُن سے یہہ بات لازم نہیں ہی کہ حسان اور ابی منیب اور ابن عمر کے درمیان میں اور کوئی راوی نہو پس جب کہ سلسلہ روات غیر ثابت ہی تو وہ حدیث فی نفسہ ثابت نہیں ہی *

اور درایتاً ثابت نہونے کی بہت سی دلیلیں ہیں ایک یہہ کہ راوی نے مورد حدیث بیان نہیں کیا اور لفظ تشبہ کا جو حدیث میں واقع ہی مورد حدیث کے نہ معلوم ہونے سے کسی حکم مدلولی یا استنباطی یا قیاسی کا فائدہ نہیں دیتا پس مورد اِس حدیث کا تحقیقاً معلوم نہیں ہی اور نہ معلوم ہوسکتا ہی ہاں اگر اِس حدیث کو ثابت تسلیم کرلیا جاوے تو قیاساً اُس کا مورد قرار پاسکتا ہی جیسا کہ آیندہ بیان ہوگا *

دوسرے یہہ کہ لفظ " قوم " جو اِس حدیث میں ہی وہ بھی کسی نتیجہ کا فائدہ نہیں دیتا — کسی قوم کا ہونا یا کسی قوم کے مشابہ بننا کسی نتیجہ شرعی کو مفید نہیں ہی — ایک انگریز نے ایرانی یا افغانی لباس پہنکر اپنے تئیں قوم ایران اور قوم پٹھان کے مشابہ کرلیا اور یہہ بھی تسلیم کیا کہ لوگوں نے اُس کو ایرانی یا پٹھان سمجھا مگر پھر اُس سے نتیجہ کیا ملی ہذاالقیاس ایک ہندوستانی مسلمان نے عربی یا ایرانی یا چٹھانی یا روسی یا انگریزی پوشاک پہن کر اپنے تئیں مشابہ اُن قوموں کے بنایا اور لوگوں نے بھی اُس کو اُسی قوم کا سمجھا تو پھر اُس سے نتیجہ شرعی کیا نکلا *

تیسرے یہہ کہ تشابہ ایک قوم کا دوسری قوم سے بالشبہ زیادہ تر لباس پر منحصر ہوتا ہی مگر خود رسول خدا صلعم نے یورپ کی قوم کا اور خاص رومن کیتھلک میں جو مروج تھا وہ لباس پہنا ہی — مشکوٰۃ میں بخاری و مسلم سے یہہ حدیث موجود ہی کہ " ان النبی صلی اللہ علیہ و سلم لبس جبۃ رومیۃ ضیقۃ الکمین " جبہ رومیہ بطور عبا یا چغہ کے ایک قسم کا لباس ہی تنگ آستینوں کا جو اب بھی رومن کیتھلک کے پادری پہنتے ہیں اور خاص پادریوں کی پوشاک ہی *

رسول خدا صلعم کے زمانہ میں تمام یورپ اور شام میں رومی عیسائیوں کی سلطنت تھی جو پوپ کے تابع تھی اِس لیئے تمام یورپ کی قوموں کو زبان عرب میں رومی کہتے تھے جیسا کہ قران مجید میں بھی ہی " الم غلبت الروم " اور وہ سب رومن کیتھلک تھے اور جبہ رومیہ خاص اُن کی پوشاک تھی *

بخاری کی حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ رسول خدا صلعم نے یہودیوں کی پوشاک بھی پہنی ہی جیسا کہ حدیث مغیرہ میں ہی " فتوضاء و علیہ جبۃ شامیۃ " (صفحہ ۸۶۳) اور جبہ شامیہ خاص یہود کا لباس تھا جو اب تک اُن کے ربیوں کا لباس ہی *

مسلم کی حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ رسول خدا صلعم نے خاص آتش پرستوں کا بھی لباس پہنا ہی جیسا کہ حدیث عبداللہ مولی اسماء بنت ابی بکر میں ہی " فاخرجت الی جبۃ طیالسۃ کسروانیۃ " (ص ۱۹۰ — جلد ۲) اور یہہ وہ جبہ کسروانی ہی جو بر وقت وفات آپ پہنے ہوئے تھے *

پھر جب بخاری کھولتے ہیں تو بسم اللہ کے بعد ہی یہہ عبارت پڑھتے ہیں " کتاب اللباس باب قول اللہ قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کلوا و اشربوا والبسوا (اے ماشاب لکم) و تصدقوا فی غیر اسراف ولا مخیلۃ و قال ابن عباس

کل ماشئت والبس ماشئت ما اخطاتک اثنتان سرف او مخیلۃ" پس ہم ان روایتوں سے کسی قسم کی پوشاک پہننے سے ممنوع نہیں معلوم ہوتے تو لفظ تشابہ کو مشابہت زی و لباس پر بھی حمل نہیں کر سکتے *

چوتھے یہہ کہ تمام مسلمان اور صحابہ اور خود جناب رسول خدا صلعم اور کفار عرب ایک سا ہی زی و لباس رکھتے تھے اور دونوں قومیں جو باعتبار مذہب کے دو تھیں بالکل ایک دوسرے کے مشابہ تھیں اور کوئی تفرقہ کفار اور اہل اسلام میں تمیز کا قایم نہیں کیا گیا تھا تو پھر من تشبہ بقوم فہو منہم کے کیا معنی — کیا عقل سلیم اس بات کو قبول نہیں کرتی کہ اگر جناب رسول خدا صلعم لندن میں یا جرمن و اشیا میں پیدا ہوئے ہوتے تو اُن کا لباس ویسا ہی نہوتا جیسا کہ اُن ملکوں کے لوگوں کا ہی پس تشابہ قومی سے کیا نتیجہ شرعی پیدا ہو سکتا ہی *

پانچویں یہہ کہ لفظ تشبہ اور منہم سے خواہ اُن کے کامل معنی مراد لو یا ناقص اور قوم کے معنی حقیقی بھی چھوڑ کر اُس کے فرضی معنی یعنی ایک مذہب کے لوگ لو تو بھی حدیث کے معنی درست نہیں ہوسکتے کیا ادنی مشابہت سے مثلاً دھوتی باندہ لینے سے یا بگھی و چرت پر چڑھنے سے یا بالکل پوری ظاہری مشابہت کو لینے سے باوجود اقرار توحید و رسالت کے آدمی کافر ہو جاتا ہی حاشا و کلا پس اصل یہہ ہی کہ یہہ حدیث روایتاً اور درایتاً دونوں طرح پر مردود ہی *

بالفرض اگر ہم اس کو صحیح مان لیں تو ہمکو ضرور اسکا مورد تلاش کرنا ہوگا کیونکہ بغیر مورد تحقیق کیئے اور مابہ التشبہ قرار دیئے اس کے معنی قایم نہیں ہو سکتے مگر جو کہ خود حدیث میں ان دونوں میں سے کوئی بھی مذکور نہیں ہی تو جو کچھہ قرار دیا جاویگا وہ صرف قیاسی ہوگا جو ہر شخص اپنی سمجھہ کے موافق اُس کا مورد یا مابہ التشبہ جو در حقیقت دونوں ایک ہیں قرار دیگا *

بعض عالموں نے مشابہت سے مشابہت فی خصوصیات الدین مراد لی ہی مثلاً زنار پہننا یا صلیب رکھنا یا ٹیکہ لگانا یا اعیاد کفار کو بطور عید اختیار کرنا یا اُس میں شریک ہونا — اگرچہ یہہ رائیں کسی قدر عمدہ معلوم ہوتی ہیں مگر میں اُن کو پسند نہیں کرتا اور نہ حدیث کی یہہ مراد قرار دیتا ہوں اس لیئے کہ میرے نزدیک قطعیات سے یہہ بات ثابت ہی کہ جو شخص لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پر دل سے یقین رکھتا ہی اُس کا کوئی فعل مع یقین مذکور کے اُسکو کافر نہیں کر سکتا پس اگر اُس قول پر جس پر ابوجہل کی نجات منحصر تھی اُس کو یقین ہی تو گو وہ کسی قوم کے ساتھہ تشابہ کرے و لو فی خصوصیات الدین و شعایرہا کفر کالزنار والصلیب والاعیاد وہ کافر نہیں ہوسکتا — کیا ہم دیوالی دسہرہ میں اپنے ہندو دوستوں سے اور نو روز میں اپنے پارسی دوستوں سے اور بڑے دن میں اپنے عیسائی دوستوں سے ملکر اور معاشرت و تمدن کی خرشی حاصل کرکر کافر ہو جاوینگے نعوذ باللہ منہا اگر در حقیقت ہمارا مذہب اسلام ایسا ہی ہودا ہی تو بکرے کی ماں کب تک خیر منائیگی ایک نہ ایک دن اُس کو ذبح ہونا ہی *

حقیقت یہہ ہی کہ اس حدیث کا جس کو میں آیندہ سے قول کہونگا کیونکہ میرے نزدیک اس کا حدیث ہونا ثابت نہیں ہی کوئی صحیح مورد بجز ایک کے وہ بھی قیاساً قرار نہیں پاسکتا اور وہ مورد موت اژدہام ہی یعنی جس حالت میں موت اژدہام واقع ہو اور مختلف قوموں کے مردے گڈ مڈ ہو جاویں تو حکم من تشبہ بقوم فہو منہم کا جاری ہوگا یعنی لاشوں میں جو لاش جس قوم کے مشابہ ہوگی وہ اُسی قوم کی شمار ہوگی اور اُس کی تجہیز و تکفین اُسی طرح کی جاویگی در مختار میں لکھا ہی کہ مسلمانوں کی لاش پہچاننے کی چار علامتیں ہیں خضاب اور سیاہ لباس اور حلق عانہ اور ختنہ میں سمجھتا ہوں کہ موت اژدہام کے جس قدر احکام ہمارے ہاں کی کتب فقہ میں مندرج ہیں وہ اسی قول کی بنا پر ہیں پس میری دانست میں یہی مورد اس قول کا اور یہی مراد اس قول کی ہی و بہذا اعتقادی و علی ہذا عملی والسلام *

راقم
سید احمد

نمبر ۱۴۰

سخاوت و گدائی

لفظ سخاوت کے معنی رحم کرنا مفلس اور عاجزوں پر اور اُنکی مدد کرنا ہی برخلاف اس کے اس زمانہ میں ہم لوگ محض نادانی کے سبب مفلس اور عاجزوں کی عرض اچھے تندرست جواں اور ہٹے کٹوں کو خیرات دیتے ہیں اور نہیں جانتے کہ خیرات کن کا حق ہی اور کن کو دینی چاہیئے باوجودیکہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ اسوقت کے فقیروں میں سیکڑوں بلکہ ہزاروں اچھے شہدے گنجیرے بھنگیرے انپوتی شرابی جواری چرسی دغاباز زانی فاسق اور ہر طرح کے بدکار و نالایق علاوہ اُس کے موٹے تازے کم سن توانا بھلے چنگے اور

مضبوط ھیں جو بخوبي محنت کرکے اپنا قوت پیدا کرسکتے ھیں تسپر بھي ھم اُنھیں کو خیرات دیتے ھیں یہہ نہایت نامناسب اور ٹپٹ بیجا ھی بلکہ ایسا کرنا دیدہ و دانستہ کنوئے میں گرنا ھی یعني ایسے حرام خور مجہول الطبع و ناکارے لوگوں کو کسي طرح کي مدد کرنے سے ھم اُن کو زیادہ سست نکمے اور خراب کرتے ھیں (یعني جب اُن کو کسي نے پیسا کسي نے کپڑا اور کسي نے کھانا دیا تو پھر وے سب طرح سے بے فکر ھوئے اور اُن کو اپني بدکاریوں اور ھر قسم کے گناہ کے کاموں میں مشغول ھونے کي تقریب ملي بھلا پھر کس لیئے وے محنت کریں اور جنجال میں پڑیں) اور ھم اپنے تئیں آپ ایسا کرنے سے گنہگار بناتے ھیں حق داروں کا حق تلف کرتے ھیں اور ثواب کے بدلے پاپ بٹورتے ھیں *

بے شک سخاوت بہت اچھي چیز اور نیکي کا کام ھی بشرطیکہ اُس کے حقداروں کو دي جاوے اور معقول اور مناسب کاموں کے لیئے استعمال میں آوے لازم ھی کہ اس کام کے لیئے ھر شہر میں ایک ایک مجلس معین ھووے اور چندا کرکے محتاجوں کے لیئے مکان بنائے جاویں اور بلا قید مذھب کے جو شخص محتاج اور ناقابل محنت پائے جاویں اُنھیں وھاں رکھیں اور اُنکي پرورش کي جاوے جو تونگر یا غریب جو کچھہ خیرات دیا چاھے سو مجلس مذکور کے پاس بھیجدیوے اور شہر میں منادي ھو جاوے کہ کوئي شخص کسي مانگنہار بھکاري کو کچھہ نہ دیوے اس صورت سے البتہ سخاوت اُس کے حقداروں کو پہنچیگي اور اُس کا اجر بھي بلاشبہہ حاصل ھوگا خیرات کے مستحق وے ھي ھیں کہ جو کسي وجہہ سے اپني معاش پیدا نہیں کرسکتے جو لوگ نہ محنت و مشقت سے اپني روزي پیدا کرسکتے ھیں چاھیئے کہ وے جو کام و خدمت میسر آسکے یا جو ھنر و پیشہ کرسکتے ھوں سو کرکے اپني اوقات بسر کریں *

اب ھم اپنے ھم مذھب بھائیوں کي خدمت میں التماس کرتے ھیں کہ اسوقت میں علی الخصوص مسلمانوں کو اسبات کا سخت عیب ھی اسلیئے کہ ھزارھا مسلمان بے غیرتي اور بے شرمي سے دربدر اور دہ بدہ بھیک مانگتے پھرتے ھیں جس لیئے اور قومیں ھمکو نہایت حقیر سمجھتي اور مطعون کرتي ھیں لہذا لازم ھی کہ ھمارے رئیس و امیر اور رفاہ خواہ اپني قوم کي حقارت و خجالت دور کریں اور اُس کي ترقي کے لیئے اس بات کا انصرام کریں *

ماسوا اس کے لوگ سمجھتے ھیں کہ اور بہت سي نیکي کے کام لایق سخاوت کے ھیں چنانچہ سرائیں بنوانا مسجدیں تعمیر کرنا کنوئے کھدوانا فریبوں کو پیسا دیکر بیت اللہ شریف بھجوانا کسي کے لڑکے لڑکي کي شادي کردینا وغیرہ فرض کیا کہ یہہ سب کام اچھے ھیں اب غور کیا چاھیئے کہ اُن سے زیادہ تو ضرورت کا اور بھي کوئي کام ھی یا نہیں اور اگر ھی تو کیا ھی حال میں ھمارے یہاں عام کي نہایت ضرورت ھی اور علم وہ شی ھی کہ جس سے دین اور دنیا دونوں حاصل ھوتے ھیں جس کي خامي کے لیئے ھم اور قوموں کي نظروں میں وحشي اور بے قدر دکھائي دیتے ھیں بلکہ بسا وقت وے ھمکو اِس سبب ملامت بھي کرتے ھیں اور ھم کو بسبب لاچاري کے اُن کي ملامت اور طعنے سننے پڑتے ھیں اور لاجواب ھوکر خاموش ھي رھنا ضرور ھوتا ھی پس اس حالت میں بھي اگر ھم اپنے ھم مذھب بھائیوں کي مدد نہ کریں اور اُنکے ھمراہ آپ بھي بے غیرتي اور بے شرمي سے لوگوں کے انگشت نما بنیں تو جاے افسوس ھی *

اب اے صاحبو یہہ بات کل اھل اسلام پر فرض عین ھی کہ برخلاف گذشتہ اپنے خام خیالوں کو بالکل دل سے دور کرکے ھر اعلی و ادنی اس امر میں کمر ھمت کي باندھہ حتی الامکان سعي و کوشش فرماوے اور مسلمانوں کي تعلیم و تربیت کي خاطر تامقدور مدد کرنے میں دریغ نہ کرے کہ اس سے بہتر سخاوت اور کارخیر کوئي نہیں ھی *

راقم
منشي غلام محمد مترجم بنبئي

نمبر ۱۴۱

مراسلات

مکرمي مولوي مہدي علي صاحب سلمہ

اشتیاقیکہ بدیدار تو دارد دل من
دل من داند و من دانم و داند دل من

آپ کي نصیح بلیغ تحریروں کو میں نے دیکھا آپکي استعداد کي کیا تعریف ھوسکے آپ کي لیاقت کا اظہار کون کرسکے مگر نہایت بہتر ھوتا کہ آپ کي تحریریں معقولات اور دنیاوي تہذیب ھي پر ختم ھوتیں اور مذھبي مقاید پر آپ ترجمہ نہ کرتے بھائي میرے یہہ راہ باریک ھی اور رات تاریک ایسي تیزي سے چلنا دانشمندي کے خلاف ھی *

مہدي مشتاب ایں رہ دین است نہ صحراست
ھشدار کہ رہ بر دم تیغ ست قدم را

بارہ سو برس کي عمارت کو گرانا اور نئي بنیاد ڈالنا اور اسلام کي تصویر مٹانا عقل کے بھي تو خلاف ھی اگر بے پابندي اسلام کے آپ نیا

دین قایم کریں ہمکو کچھہ عذر نہیں مگر اسلام اسلام اسلام کی ہمدردی کا جب آپ نام لیتے ہیں تب تو ہمارے بدن پر ارزہ ہوتا ہی اور تعجب کرتے ہیں کہ کیا اس ہزار برس کے عرصہ میں کوئی بھی اسلام سے واقف نہوا کسی کو حقیقت اسلام کی معلوم نہوئی کہ آپ اُسکی اصلاح پر مستعد ہیں پھر اگر بقول آپ کے جو اپنے دوست کو خط میں لکھا ہی عربی عمامہ سر پر ہوتا اور اونچے ٹخنہ کا پایجامہ تو بھی کوئی آپ کی بات سنتا وضع کرسٹانی و دہری مسلمانی ہیہات ہیہات شیطان کے وجود سے انکار کرنا حق القسم کا منکر ہونا اجماع کو نہ ماننا کتے کی طرح کھڑے ہوکر موتنا اصحاب کو برا کہنا سلف صالح کو اچھا نہ جاننا مسلمانوں کو پاجی نالایق کہنا اماموں کو صنم و بت بتانا علما کو مکار و دغا باز کہنا ہی اگر نشانیاں اسلام کی ہیں تو سلام ایسے اسلام کو * — گر ولی ایں سخن لعنت بر ولی

حضرت نہ محتسب ہی جسکے درہ کا خوف ہو نہ قاضی ہی جسکے فتوی سے دار کا ڈر ہو آزاد گورنمنٹ کی حکومت ہی ورنہ اس ازادی سے بک بک کرنے کی کیفیت معلوم ہوتی اب تک کب کی آزادی دنیا سے آپکو حاصل ہوگئی ہوتی آپکو بڑا ناز مدرسۃ العلوم پر تھا مگر اخبار الاخیار لکھنؤ نے آپ لوگوں کی فریب دہی جو مسلمانوں کو کر رہے تھے ثابت کردکھایا اور مدرسہ ایمانیہ جاری کردیا آگرہ اخبار میں بھی آپ لوگوں کی خوب خبر لی کانپور کے مشہور دیندار عالم کے نام سے تو آپ کے بدن پر ارزہ پڑتا ہوگا جبکہ یہاں تک آپ لوگوں کی ذلت کی نوبت پہونچ چکی تو باز نرہنا وہی آزادی ہی جسکو سب بیحیائی کہتے ہیں اگر آپ مسلمان نہوں تو آپ اشتہار دیدیں یا مسلمانوں کیسے عقیدے رکھو ورنہ قیامت کے دن سب حال کھل جاویگا اور اپنے کیئے کو روگے خوب آپ یقین کرلیں نہ اب آپ کا مدرسۃ العلوم چلے گا نہ فریب دہی مسلمانوں کی اس سے بہتر ہی کہ آپ مذہبی تحریروں سے باز رہیئے بدعت کے مرتکب نہ ہوجیئے ورنہ ناحق کوئی جلا ہوا مسلمان کچھہ کربیٹھے تو سب خیر خواہی اسلام کی معلوم ہو جلے ہوئے برے ہوتے ہیں یہہ تو بتاؤ کہ تمکو ان باتوں میں کیا لطف ہی اگر تمہارے خیال دین کی نسبت اچھے رہتے تو تم حقیقت میں بڑے کام کے آدمی تھے لیکن ہمارگوں کی بدنصیبی ہی کہ تم سے لوگ یوں بگڑتے جاتے ہیں والسلام علی من اتبع الہدی فقط *

اگر آپ تہذیب الاخلاق میں اس خط کا جواب چھپوادینگے تو میری نظر سے گذر جاویگا *

راقم
مظہر الحق

مخدومی مدظلہم

سلامی چو الفاظ تو درنشاں * سلامی چو اخلاق تو مشکبو

عرض کرتا ہوں قبول ہو — میں نے آپکا خط پایا مشکور ہوا آپکا شکر کیا سبحان اللہ کیا خوب خط لکھا ہی جسکے ہر نقرہ پر دل قربان ہوا جاتا ہی *

خطت می بینم و گرد سراد نامہ می گردم
فدائے جنبش آں دست و طرز خامہ می گردم

آپ نے جو نصیحت مذہبی تحریروں سے باز رکھنے کی فرمائی سب سے اول میں اُس کا شکر کرتا ہوں مگر افسوس ہی کہ آپ کی اِس آرزو کو پوری نہیں کرسکتا میں، قرآن مجید میں پڑھا ہی

لا تطع المکذبین و دو لو تدھن فیدھنون اس لیئے عزت کی خواہش اور مسلمانوں کی دلجوئی اور طعن و ملامت سے بچنے کی آرزو مجھے سچ کہنے اور حق لکھنے سے باز نہیں رکھہ سکتی نہ مداہنت کرکے جھوٹی تعریف کی تمنا میرے دل میں پیدا ہوسکتی ہی *

ہرو بکار خود اے واعظاں چہ فرہاد است
مرا فتاد دل از رہ تراچہ اُفتادست
بکام تانرسانند مرا لبش چوں نے
نصیحت ہمہ عالم بگوش من بادست

آپ لکھتے ہیں کہ رات تاریک ہی اور راہ باریک تیزی سے چلنا اچھا نہیں میں بھی جانتا ہوں کہ رات تاریک ہی اور راہ باریک لوگوں کو ٹھوکریں کھاتا اور منہہ کے بل گرتا بھی دیکھتا ہوں اسیواسطے روشنی دکھانے کے لیئے جلدی کرتا ہوں تاکہ خدا کے کلام کی روشنی پھیلے اور تاریکی جاتی رہے گر تو اُس وقت ہوتا کہ بے روشنی کے چلتا پس بھائی میرے اندھیاری رات اور تنگ راہ میں بے روشنی کے چلنا دانشمندی سے بعید ہی نہ روشنی دکھانے کے لیئے تیزی کرنا *

آپ لکھتے ہیں کہ تم بارہ سو برس کی عمارت کو گراتا اور اسلام کی تصویر کو مٹانا چاہتے ہو یہہ آپ کی لطیفہ گوئی ہی جس کو سن کر آپ کی سی طبیعت والے چند لحظہ ہا ہا ہنسینگے مگر نہ میں بارہ سو برس کی عمارت کو گراتا ہوں نہ اسلام کی تصویر کو مٹاتا بلکہ اُن بوسیدہ دیواروں اور بد نما جھونپڑوں کو جو خدا کے گرد گرد لوگوں نے ڈال رکھے ہیں اور جس کے سبب سے خدا کی بنائی عمارت کی عمدہی چھپ گئی ہی گرانے کی آرزو رکھتا ہوں اور اُن تصویروں کو جو لوگوں نے بنا رکھی ہیں مٹانا چاہتا ہوں

آپ ھی فرماویں کہ کیا یہہ تصویریں جن کی آپ پرستش کر رہے ھیں خدا کی بنائی ھوئی ھیں یا آپ کو خدا تک پہونچا سکتی ھیں آخر بتائیئے تو یہہ کیا ھیں ما ھذہ التماثیل التی انتم لھا عاکفون اگر یہہ تصویریں خدا کی بنائی ھوئی نہیں ھیں تو آپ کیوں اُن کو بغل میں لیئے پھرتے ھو اور کیوں اسلام کی اصلی تصویر کو مٹاتے ھو کیوں ان بد نما مورتوں سے اپنے دل کے کعبہ کو بتکدہ بنا رکھا ھی مالکم کیف تصنعون *

پھر آپ لکھتے ھیں کہ میں کسی کو متقدمین میں سے اسلام سے واقف نہیں جانتا یہہ آپ کی غلطی ھی میرے نزدیک کوئی زمانہ ایسا نہیں گذرا جس میں اسلام کی خوبیوں کے ظاھر کرنے والے نہ گذرے ھوں اور جنھوں نے تقلیدی اسلام کو برا نہ کہا ھو اسی واسطے میں اس بات پر آمادہ ھوا ھوں کہ آپ لوگوں کو دکھاؤں کہ کتنے لوگ اسلام کی حقیقت جاننے والے گذرے ھیں اور تقلیدی علما نے اُن کی باتوں کو ویسا ھی چھپا رکھا ھی جیسا کہ ابر آفتاب کو چھپا دیتا ھی *

آپ کا یہہ خیال کہ عربی عمامہ اور اونچے ٹخنے کا پایجامہ خلایق سے مطلب نکالنے کا وسیلہ ھی سچ ھی مگر فریب و دغا سے دنیا کمانے کے لیئے نہ سچائی و صفائی سے دین کی باتوں کو پھیلانے کے واسطے خیال شیطانی و دعوی مسلمانی افسوس بریں مسلمانی *

پھر آپ نے ایک ظرافت کے ساتھہ اصحاب کے بڑے کہنے سلف صالح کو اچھا نہ جاننے وغیرہ باتوں کو میری طرف منسوب کیا ھی اسلیئے مجھے یہ مجبوری کہنا پڑا کہ انا بری مما تقولون حاشا وکلا کہ میں اصحاب کو برا کہتا ھوں یا سلف صالح کو اچھا نہ جانتا ھوں میں اُن کو بزرگان دین اور پیشوایان اسلام سمجھتا ھوں ھاں تمھاری طرح اُن کو معصوم و رسول نہیں سمجھتا ھوں سوائے اس بات کے باقی اُن کی بزرگی اور پاکی کا ویسا ھی مجھے اقرار ھی جیسا کہ تھا *

گوھر مخزن اسرار ھمان است کہ بود
حقہ مہر بداں مہر و نشان است کہ بود
از صبا پرس کہ ما را ھمہ شب تا دم صبح
بوے زلف تو ھماں مونس جان است کہ بود

شیطان کے وجود کی نسبت جو آپ نے لکھا ھی وہ بھی صحیح نہیں میں تو اُس کے وجود خارج عن الانسان ھونے سے منکر نہیں سید صاحب گو اس سے منکر ھیں مگر اُس کے وجود حقیقی داخل انسان ھونے سے اور اُس کی شیطنت اور افوا کی تاثیرات سے منکر نہیں پھر ایسی تاویل کرنے والے کو کیا کوئی کافر کہہ سکتا ھی اگر آپ رسالہ تسویہ جو عربی میں ھی اور اُس کی شرح جو ملا عبدالحلیم نے لکھی ھی ملاحظہ کریں تو آپ کو معلوم ھوگا کہ اور لوگ بھی وجود خارجی شیطان سے منکر ھوچکے ھیں جنکو نہ کسی نے کافر ٹھہرایا نہ مرتد *

شق القمر کے انکار پر کفر کا اطلاق کرنا اُسوقت زیبا ھی جبکہ آپ اس معجزی کو متفق علیہ قرار دیں حالانکہ جب بعض مفسرین اُس سے منکر ھیں اور بعض محققین نہ دلایل اُس کا انکار کرتے ھیں تو شاید آپ کو اس تیزی سے کفر کا کلمہ زبان پر لانا مناسب نہوگا تفہیمات الھیہ میں مولوی شاہ عبدالعزیز کے والد نے صاف انکار کیا ھی اور لکھدیا ھی کہ عندنالیست من المعجزات حدیثیں جو حضرت ابن عباس سے اس باب میں ھیں اُس پر بھی جرح ھوچکی ھی کہ وہ اُسوقت تک پیدا ھی نہ ھوئے تھے حضرت انس کی حدیثوں پر بھی یہی قدح ھوچکی ھی کہ وہ مدینہ میں چار برس کے تھے پس جبکہ علما میں بحث اسکے منصرص و متواتر ھونے پر ھو رھی ھی تو کفر کا اطلاق کرنا اُس کے انکار پر تحقیق سے بیخبری پر دلیل ھی اجماع کو نہ ماننے کو کفر جاننا نادانی ھی ذرا آپ امام احمد کا یہہ قول تو مسم الثبوت میں ملاحظہ فرمائیئے کہ من ادعی الاجماع فھو کاذب کہ جس نے اجماع کا دعوی کیا وہ جھوٹا ھی اور کسی غیر منصوص مسئلہ میں اجماع اصطلاحی کا دعوی تو ثابت کردیکھائیئے وانی لکم ھذا افسوس اُنکی سمجھہ پر جو چند آدمیوں کی سمجھہ کو ایسا قوی جانیں کہ اُس کے نہ ماننے کو کفر سمجھیں *

کھڑے ھوکر پیشاب کرنے کی نسبت جو آپ نے ایک نامناسب لفظ لکھا ھی غالبا آپ کو افسوس ھوگا جبکہ آپ ترمذی شریف کو ملاحظہ کرینگے کیونکہ اُس کے دیکھنے سے آپ کو معلوم ھوگا کہ خود پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے ثبوت اسکا ھی چنانچہ بال قایما صاف موجود ھی اور پھر محدث موصوف نے اس کی اباحت اکثر محدثین اور عالموں سے منسوب کی ھی یقیناً آپ کو بڑی شرم ھوگی جبکہ آپ کو ان باتوں کا علم ھوگا اور آپ خیال کرینگے کہ جو کلمہ آپ نے لکھا ھی اُس کا اثر کہاں تک پہونچتا ھی اسی لیئے عاقل کو چاھیئے کہ

بعد تحقیقات اور علم حاصل کرنے کے زبان سے کوئی بات نکالے تاکہ افسوس و ندامت نہو آپ نے مجھے یہہ بھی نصیحت کی ھی کہ یا تو مسلمانوں کیسے عقیدے رکھو یا اسلام چھوڑ دینے کا اشتہار دو سو میں اگر اسلام کو ویسا ھی سمجھتا جیسا کہ آپ سمجھتے ھیں تو میں ضرور اُس کے چھوڑنے کا اشتہار دیتا مگر جبکہ اصلی اسلام کی سچائی سے میرا دل بھرا ھوا ھی تو اُس کے اظہار کا اشتہار دیتا ھوں اور وھمی اسلام کا چھوڑانا چاھتا ھوں *

مینے مانا کہ آپ مجھے فاسدالاعتقاد جانتے ھیں اور تسلیم کیا کہ اور لوگ بھی ایسا ھی سمجھتے ھیں مگر مجھے تو یقین ھی کہ میں سچا اور پکا مسلمان ھوں علی بصیرۃ من ربہ جس دن دلوں کے بھید کھلینگے جو کچھہ ھمارے تمھارے دل میں ھی سب کھل جائیگا اگر آپ کا اسلام آپ کو حوروں کے بوسہ و کنار کا مزہ دیگا جس کی تمنا میں بدن تڑپتے اور بھڑکے رھتے ھو تو خیر ھمکو بھی اُمید ھی کہ ھمارا الحاد ھمکو خدا تک پھونچا دیگا جس کے لیئے ھم گالیاں کھاتے ھیں طعنے سنتے ھیں اور کافر و ملحد بنے ھیں اور جس کے شوق میں نہ مرتیوں کے مکان کی آرزو ھی نہ شہد دودہ کی نہروں کی تمنا نہ حوران ماھوش کے وصال کا خیال ھی نہ سہی قدان پری پیکر کے آغوش میں لینے کی خواھش —

بسوز سینہ جنت را بسوزم
باب دیدہ آتش را دھم نم

آپ نے جو یہہ لکھا ھی کہ نہ محتسب ھی جس کے درہ کا خوف ھو نہ قاضی جس کے فتوی سے دار کا ڈر ھو بلاشک سچ لکھا ھی لیکن کیا آپ کے جگر خراش طعنے محتسب کے درہ سے اور آپ کی جانسوز ملامتیں دار کے کھینچنے سے کم ھیں —

انچہ زخم زباں کند بامرد
زخم شمشیر جاں ستاں نکند

پس جب کہ ھمارا جوش و ولولہ اس خوف سے کم نہوا اور ھمارے دل کے شعلہ زن لوگ آپ کی ملامت نہ بوجھا سکے تو محتسب کا درہ کیا کرتا اور قاضی کے فتوی سے کیا ھوتا اگر دار پر بھی کھینچے جاتے تو یہی کہتے کہ

بچرم عشق تو ام میکشند غوغائیست
تو نیز بوسر بام آ کہ خوش تماشائیست

آپ نے مدرسۃالعلوم کی نسبت جو لکھا اُس سے مجھے بڑی خوشی ھوئی بلاشبہہ لکھنؤ کے اخبارالاخیار نے ھماری فریب دھی ثابت کردی اگرہ اخبار نے بھی ھمکو ملحد ٹھہرا دیا اور مدرسۃالعلوم کا چندہ بند ھوگیا لیکن مجھے اندیشہ ھی کہ وہ لوگ یہہ سنکر مر نہ جاویں کہ قریب اَسی ھزار کے چندہ ھوچکا ھی اور ابتدائی مدرسوں کے تقرر کے لیئے جابجا سے درخواستیں چلی آتی ھیں اور اب چند روز میں شاخیں اُن مدارس ابتدائی کی جو رسی مدرسۃالعلوم کی ھیں جابجا قایم ھوا چاھتی ھیں ھاں ایک بات کا مجھے بھی افسوس ھی کہ مدرسہ ایمانیہ کی سی تعلیم ان العادی مدرسوں میں نہوگی وغاقلانہ خیالات جو اُس تعلیم سے پیدا ھوتے ھیں ان مدرسوں کے تعلیم یافتہ آدمیوں کو نہ ھونگے میں نے ابھی تھوڑے دن ھوئے مدرسہ ایمانیہ کے اخبارالاخیار میں ایک بڑے مفتی و مجتہد علامی نہامی کا محققانہ قول دیکھا تھا کہ اُنھوں نے یوم یعنی اُلو کی نسبت لکھا تھا کہ اخبار صحیحہ سے ثابت ھی کہ یوم اول بستی میں رھتا تھا جب سے امام علیہ السلام شہید ھوئے اُس نے ویرانہ میں رھنا اختیار کیا دنکو روزہ رکھتا ھی شام کو قوت لایموت پر افطار کرتا ھی رات بھر امام کے غم میں مرثیہ پڑھتا ھی ثم عرف باللہ من ھذاالھفوات *

پس ایسے عالی دماغوں کے دلوں پر ھمارے مدرسۃالعلوم کے مقرر ھونے کا داغ کیوں نہو اسلیئے کہ ایسے نازک خیال والے اُس تعلیم کے بعد کہاں دکھائی دینگے اور ایسے الو کی حقیقت بتانے والے کہاں باقی رھینگے آگرہ اخبار نے بھی اپنی محبت اسلامی کے ظاھر کرنے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا ایسے لوگوں کے حق میں سوائے یالیت قومی یعلمون کے اور کیا کہا جاے افسوس اُن مسلمانوں پر کہ آنکھہ رکھتے ھوں اور نہ دیکھیں کان بھی ھوں مگر کچھہ نہ سنیں دل بھی پہلو میں ھو مگر کچھہ نہ سوچیں *

چشم باز و گوش باز و ایں ذکا
خیرہ ام در چشم بندیئے خدا

راقم
ھادی علی

نمبر ۱۴۲

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

لغایت ۳۰ اپریل سنہ ۱۸۷۳ ع

زر چندہ مندرجہ فہرست مشتہرہ سابق ع ۳۷۶۶/۶ پائی

چندہ جدید

شب کمیٹی پٹیالہ	ع ۱۵/	
جناب عالی ہز ہینس مہاراجہ ویجے نگرام بہادر کے سی ایس آئی دام اقبالہم	...	ع
نواب مختار الدولہ محمد فیض علیخاں بہادر سی ایس آئی رئیس بہاسو ضلع بلند شہر	...	الف
سید محمد محمود اسکوائر اف لنکنز ان بیرسٹر ات لا	...	الف
جناب جے ایم کنیڈی صاحب بہادر رئیس ایڈن برا اسکاٹلینڈ	...	الف
ٹھاکر گر پرشاد سنگھہ صاحب رئیس بیسواں ضلع علیگڈہ	...	صاف
جناب مولوی محمد کریم بخش صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بہادر کونچ ضلع جالون	...	اسا
کنور جگت سنگھہ صاحب خلف اکبر راجہ صاحب تاجپور ضلع بجنور	...	سا
راے شنکر داس صاحب رئیس دھلی صدر امین مظفر نگر	...	ما
بابو سیتا رام و بابو کیشو رام ساہوان رئیس بنارس	...	ما صفر
حکیم مولوی محمد ذوالفقار حسین ابوالعلی المغفور الصدیقی المدعو بولایت حسین الحسنی متوطن قصبہ سالار فتح سنگھہ من مضافات صوبہ مرشدآباد منشی نواب ناظم کشور نزہت پرور جنت البلاد شریف آباد بنگالہ	...	نا
نواب محمد احمد اللہ خاں صاحب رئیس مورتھہ پترول ہوشنگ آباد	...	نا
جناب سید فضل الرحمن صاحب رئیس عظیم آباد محلہ مغل پورہ	...	نا
جناب سید خلیل الرحمن صاحب خلف الرشید فضل الرحمن صاحب رئیس عظیم آباد محلہ مغلپورہ	...	نا
سید نیاز علی صاحب ناظم مہندر گڑہ علاقہ سرکار پٹیالہ	...	ع
مولوی احمد شفیع صاحب ہیڈماسٹر اسکول وزیرآباد	...	ے
محمد نسیم و محمد حکیم وغیرہ معافیداران موضع کارونہ پٹیالہ	...	ے
حاجی عبداللہ مختار سایرہ بی بی مدنپورہ		ے
میر نیاز علی صاحب معافیدار موضع نوازنگر		ے
مولوی محمد یعقوب صاحب امین عدالت دیوانی بنارس	...	ع
سید برکت علی صاحب کرنیل توپخانہ پٹیالہ جنہوں نے پچاس روپیہ چندہ دیا تھا اور سہوا فہرست سابق میں اُن کے نام دس روپیہ چھپے تھے	...	ع
عبادالدین صاحب و فخرالدین صاحب از پٹیالہ	...	ے

راجه فقیرالله خان صاحب بهادر راجوزي	
واله وزیرآباد کے آنریري مجسٹریت ...	عـه
منشي مراد علي صاحب تحصیلدار وزیرآباد ...	عـه
شیخ غلام قادر صاحب سوداگر وزیرآباد ...	عـه
حاجي شاه محمد ولد دوست محمد مدنپوره ...	عـه
حاجي ولي محمد ولد حسام الدین مدنپوره	عـه
حافظ تاج محمد و حافظ وارث محمد ولد الله بخش مدنپوره ...	عـه
یار محمد ولد حاجي شیر محمد مدنپوره ...	عـه
حاجي نور محمد ولد عبدالقادر مدنپوره ...	عـه
پردل ولد جان محمد عرف نواب صاحب مدنپوره ...	عـه
حاجي حسنو ولد بهوین تماکو فروش مدنپوره	عـه
مان الله و نتهو ولد ولي مدنپوره ...	عـه
مولوي سید علي مردان صاحب وکیل عدالت نرسنگهه پور ...	عـه
منشي محمد رمضان صاحب وکیل عدالت نرسنگهه پور ...	عـه
مولوي فخرالدین احمد صاحب هیڈ ماستر ضلع اسکول نرسنگهه پور ...	عـه
شاهزاده سلطان جمال صاحب رئیس لاهور از پٹیاله ...	عـه
مولوي نور احمد صاحب مدرس اول مدرسه وزیرآباد ...	عـه
شیخ سرفراز علي صاحب محرر مرزا رحمت الله بیگ صاحب وکیل عدالت دیواني بنارس ...	عـه
احمد مسعودي ساکن کلکته ملازم تاربرقي ریلوے استیشن ٹونڈله ...	عـه
شرف الدین صاحب و صدرالدین صاحب معاني داران از پٹیاله ...	عـه
عبدالسلام صاحب وکیل از پٹیاله ...	عـه
عبدالحمید خان صاحب تحصیلدار نارنول	عـه
فدا حسین صاحب نمبردار دهرسون از پٹیاله	عـه
مرزا سیف الله خان صاحب برادر راجه فقیرالله خان صاحب وزیرآباد ...	عـه
حاجي غلام محمد و حکیم علي محمد پسر حاجي حسین مدنپوره ...	عـه
سعادت بیگ صاحب وکیل ...	عـه
منشي غلام حسین خان صاحب صوبه دار رجمنت ۲۸ پنجابي ...	عـه
منشي راے دیا کشن صاحب رئیس قصبه کراکت ضلع جونپور ...	عـه
حمیدالدین خان صاحب تهانه دار گوبند گڈه میان فضل الهي صاحب نبیره میان لاله صاحب وزیرآباد ...	عـه
سردار شیر باز خان صاحب وزیرآباد ...	عـه
کریم الله ولد چهیدي مدنپوره ...	عـه
حاجي شاه محمد عرف بهین نواسه الله رکهو مدنپوره ...	عـه
صدیق الله ولد غلام غوث مدنپوره ...	عـه
نور محمد ولد حاجي صدیق الله مدنپوره ...	عـه
تاج محمد عرف تجو ولد چهیدي مدنپوره	عـه
حاجي حافظ جان محمد ولد الله بخش مدنپوره ...	عـه
عبدل رمضان ولد حاجي ترابو ذمه حاجي عبدالله مدنپوره ...	عـه

حکیم عبدالکریم صاحب مقیم قسطنطنیہ	...	عــہ
غلام حسین خاں رسالہ دار از پٹیالہ	...	عــہ
عبدالغفار خاں صاحب	...	عــہ
لالہ بالا پرشاد صاحب	...	عــہ
جمیل الدین خاں صاحب تھانہ دار از پٹیالہ		عــہ
میر عبدالحی صاحب معافی دار ہمیر پور		صہ
یقین الدین و ولی اللہ صاحب از پٹیالہ	...	صہ
نجف بیگ صاحب و یونس بیگ صاحب		صہ
میر رجب علی صاحب محاسب منشی خانہ از پٹیالہ	...	صہ
افضل علی صاحب و رضا حسین صاحب	...	صہ
پیر احمد جان ہسوہ دار اکبر پور از پٹیالہ	...	صہ
نمبر دار منڈی	...	صہ
قاضی سید بہادر علی صاحب سایق قایم مقام کوتوال پٹیالہ	...	صہ
نمبر داران حسب پور از پٹیالہ	...	صہ
مولوی محمد عنایت اللہ صاحب رئیس مچھلی شہر ضلع جونپور مقیم بنارس	...	صہ
پرورش علی صاحب نمبر دار مکند پور	...	صہ
مرزا غلام حسین خاں صاحب وزیرآباد	...	صہ
نمبرداران ہر پورہ	...	صہ
میاں قاسم چودھری صاحب وزیرآباد	...	صہ
محمد بخش محرر تھانہ سہانی	...	صہ
میاں علیم الدین خیاط وزیرآباد	...	صہ
مولا بخش اہل مد	...	صہ
میاں محمد بخش بساطی وزیرآباد	...	صہ
نمبر دار محرم پور از پٹیالہ	...	صہ
ڈاکٹر نبی بخش صاحب وزیرآباد	...	صہ
لطف احمد خاں محرر فوجداری	...	صہ
ایک مسلمان جس نے اپنا نام ظاہر کرنا نہیں چاہا	...	صہ
حافظ کریم ولد محمد نواز مدنپورہ	...	صہ
حاجی کرم اللہ ولد حاجی چنداو مدنپورہ		صہ
منشی محمد اکبر صاحب محرر مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب وکیل ہائی کورٹ الہ‌آباد	...	صہ
لالہ جانکی پرشاد صاحب محرر لالہ چنی لعل صاحب وکیل عدالت دیوانی بنارس	...	صہ
حسن خاں صاحب نمبردار موضع کتراور	...	صہ
مولوی محمد حفیظ‌الدین صاحب نقلنویس		صہ
بدرالدین خاں صاحب رسالہ دار	...	صہ
کم از پنج روپیہ	...	ما عــہ

میزان کل ما عــہ ۵ر ۶ پائی

اشتہار

گذشتہ سوا دو برس کے پرچہ ہاے تہذیب‌الاخلاق بہ ترتیب ہمارے پاس موجود ہیں جس صاحب کو اُنکی خریداری منظور ہو مفصلہ ذیل قیمت پر مل سکتے ہیں *

تہذیب‌الاخلاق روز اجراے یعنی یکم شوال سنہ ۱۲۸۷ ہجری سے لغایت آخر سنہ ۱۲۸۸ ہجری بابت سوا برس کے ... صہ

تہذیب‌الاخلاق بابت سال تمام سنہ ۱۲۸۹ ہجری للہ

از مقام بنارس } راقم سید احمد منیجر تہذیب‌الاخلاق

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۵ ربیع الثانی سنہ ۱۲۹۰ ھجری سنہ ۱۳۰۴ نبوی [نمبر ۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے فرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط ارہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۴۳

جلسہ عظیم آباد پٹنہ

واسطے

ترقی چندہ مدرسۃالعلوم مسلمانان

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی سکرٹری کمیٹی خزنۃالبضاعۃ کی درخواست سے رئیسان و امیران پٹنہ نے مدرسۃالعلوم مسلمانان کی تائید کے لیئے اُس شہر میں ایک جلسہ ہونا تجویز کیا چنانچہ سکرٹری کمیٹی وہاں گئے اور ۲۴ مئی سنہ ۱۸۷۳ع روز شنبہ کو نہایت عمدگی سے وہ جلسہ ہوا *

اس جلسہ کے بانی جناب نواب سید ولایت علی خاں صاحب اور جناب مولوی سید ابوسعید صاحب اور جناب مولوی سید شمس الہدی صاحب تھے آٹھ بجے دن کے پٹنہ کالج کے بڑے ہال میں اکثر رئیسان و امیران شہر پٹنہ جمع ہوئے اور کرسیوں پر جو کثرت سے موجود تھیں اور بہ ترتیب اسلوب سجائی گئی تھیں بیٹھے ٹھیک آٹھ بجے وقت معین پر جناب صاحب کمشنر بہادر اور جناب صاحب ایجنٹ بہادر اریم اور اُس کے بعد جناب صاحب جج بہادر بھی تشریف لائے *

تمام حاضرین جلسہ کی درخواست سے جناب صاحب کمشنر بہادر صدر انجمن کی کرسی پر رونق افروز ہوئے اور مفصلہ ذیل گفتگو بمراد شروع ہونے کاروبار جلسہ کے اُردو زبان میں نہایت خوبی سے فرمائی *

ابتدائے گفتگو جناب مسٹر اے سی ببلی صاحب بہادر صدر انجمن و صاحب کمشنر بہادر پٹنہ

اے صاحبان — آپ کو معلوم ہی کہ سید احمد خاں ایک مدت سے اپنی قوم مسلمانوں کی بھلائی اور بہتری میں بہت کوشش کررہے ہیں اُنہوں نے اسبات میں بھی بہت کوششیں کی ہیں کہ رعایا کے خیالات کو گورنمنٹ تک اور گورنمنٹ کے مفید ارادوں کو رعایا تک پہونچاویں اور اب چند روز سے مسلمانوں کی تعلیم کی ترقی پر کوشش کر رہے ہیں اور اُن کے لیئے ایک مدرسہ بنانے کو چندہ جمع کررہے ہیں جس کا حال وہ بیان کرینگے پس آپ صاحبوں کو بھی اسکام میں شریک ہونا نہایت مناسب ہی اور مجھے اُمید ہی کہ آپ صاحب اُنکی مدد کرینگے *

بعد اس کے سید احمد خاں کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے ایک بہت لمبی اسپیچ کی جو تقریباً بلفظہ ذیل میں مندرج ہی *

اسپیچ سید احمد خاں

پریسیڈنٹ اور بزرگان و رئیسان عظیم آباد پٹنہ

میرا دل آپ کی عنایت اور مہربانی کا اُس سے زیادہ ممنون ہی کہ میں اُسکو بذریعہ الفاظ کے بیان کروں — آپ نے میری اس درخواست کے منظور فرمانے سے کہ اس قدیم شہر میں (جو بڑے بڑے معزز اور نامی مسلمانوں کی سکونت سے صوبہ بہار بلکہ ہندوستان کے اکثر شہروں سے زیادہ نام آور ہی) مسلمانوں کے تباہ حال پر غور کرنے کے لیئے ایک جلسہ ہو مجھکو بے انتہا ممنون کیا ہی — اور جب کہ میں اس موقع پر بہت سے بزرگوں کو جمع دیکھتا ہوں جو یہاں تشریف لائے ہیں تو میری وہ احسانمندی اَور زیادہ ہوجاتی ہی اور ہر ایک صاحب کا جو اس مجلس میں موجود ہیں میرا دل شکر گذار ہوتا ہی — اور جب کہ مجھکو یہہ خیال آتا ہی کہ یہہ جلسہ نہ کسی معمولی تقریب کے سبب سے جمع ہوا ہی اور نہ کسی شخص کی ذاتی خوشی اور ذاتی غرض کے لیئے بلکہ قومی ہمدردی اور قومی بھلائی کے لیئے تو مجھے بے انتہا خوشی ہوتی ہی اور مجھے اُمید پڑتی ہی کہ جو بدنصیبی اور بدبختی کے دن ہماری قوم پر ہیں شاید اب اُنکے زوال کا زمانہ قریب آتا جاتا ہی *

اسی مجلس میں جبکہ میں اپنی قوم کے ساتھہ اپنے انگریزی حکام کو بھی بیٹھا ہوا دیکھتا ہوں جو اس مجلس میں نہ اپنے اعلی عہدہ کے کسی کام کے لیئے تشریف لائے ہیں اور نہ حکومت کے کسی کاروبار کی غرض سے بلکہ صرف برادرانہ محبت اور انسان کی یا کم سے کم ملکہ معظمہ وکٹوریا کی رعیت کی بھلائی اور بہتری میں شریک ہونے اور مدد کرنے کی غرض سے تو میری وہ خوشیاں اور میری وہ احسانمندی جسکا میںنے اُوپر ذکر کیا بہت ہی زیادہ ہوجاتی ہی *

اے صاحبوں میں یقین کرتا ہوں اور جو شخص اُن باتوں پر غور کریگا جن پر میںنے غور کی ہی وہ بھی یقین کریگا کہ انگریزوں کی قوم ایک ایسی قوم ہی جس کے دل میں انسان کی بھلائی اور بہتری چاہنے کا ایک قدرتی جوش ہی اور یہی سبب ہی کہ مجھکو اپنے اس کام میں جو میں اپنی قوم کی بھلائی کے لیئے کررہا ہوں انگریزوں کی قوم سے بہت قوی مدد ملنے کی توقع ہی اور اُسکی تصدیق حضور ویسرائے و گورنر جنرل لارڈ نارتھہ بروک کی اُس فیاضانہ بخشش سے ہوتی ہی جو اُنہوں نے اپنی جیب خاص سے مسلمانوں کے قومی مدرسۃالعلوم کے قایم ہونے کے لیئے دس ہزار روپیہ بطور چندہ مرحمت فرمایا ہی *

اے صاحبو اور اے اپنی قوم کے سرداروں میں نہایت عاجزی سے عرض کرتا ہوں کہ ہم سب نے اپنی قوم کے حال سے بہت کچھ غفلت کرلی ہی اب ہمکو ہوشیار ہونا اور اپنی قوم کے تباہ حال پر رحم کرنا چاہیئے *

آپ صاحبوں میں سے جو اسوقت موجود ہیں بہت سے صاحب ایسے ہونگے جنھوں نے اپنے باپ دادا کی عزت اور حشمت اپنی آنکھہ سے دیکھی ہوگی — اُنکی خوبیاں اور اُن کے اخلاق اُنکی متانت اور اُنکا وقار بخوبی یاد ہوگا اور اگر کسی نے اپنی آنکھہ سے نہ دیکھا ہوگا تو اور ہزاروں آدمی اُن کے دیکھنے والے موجود ہونگے اُن کی خوبیاں بطور کہاوتوں کے اور اُن کی فیاضیاں بطور حکایتوں کے لوگوں میں مشہور ہونگی — اب تم اپنے حال کو اپنے بزرگوں کے حال سے مقابلہ کرو اور دیکھو کہ وہ کیا تھے اور تم کیا ہو اور تم کس درجہ کے تنزل کی حالت میں پہونچ گئے ہو اب بھی اگر اپنے تئیں سنبھالنے کی فکر نکروگے تو آیندہ اور کس درجہ کی خراب حالت پر پہونچوگے *

میرے یہہ لفظ سنکر غالباً آپ کو انقلاب زمانہ پر خیال گیا ہوگا اور آپ خیال کرتے ہونگے کہ انقلاب زمانہ نے ہمکو ایسا کردیا ہی مگر یہہ خیال اگر ہوا ہو تو صحیح نہیں ہی اصل یہہ ہی کہ آپ کے بزرگ جس زمانہ میں تھے اُنھوں نے اپنے تئیں اُس زمانہ کے لایق بنا لیا تھا اس لیئے وہ دولت اور حشمت اور عزت سے نہال تھے اور جس زمانہ میں کہ ہم تم ہیں ہمنے اپنے تئیں اُس زمانہ کے لایق نہیں بنایا اور اس لیئے ذلت و خواری میں ہیں پس اگر ہم بھی اپنے میں وہ چیزیں پیدا کریں جو اس زمانہ میں لایق اور قابل اور معزز بننے کے لیئے ضرور ہیں تو ہم بھی اپنے زمانہ میں دولت و عزت سے مالا مال ہونگے — دیکھو زمانہ دوڑتا جاتا ہی اگر ہم اُس کے ساتھہ نچلینگے تو ضرور پیچھے رہجاوینگے *

اس وقت میری زبان سے دو لفظ دولت و عزت کے نکلے ہیں اکثر لوگ دولت ہی کو ذریعہ عزت کا سمجھتے ہیں مگر ایسا سمجھنا ایک بڑی غلطی ہی دولت بلاشبہہ اس بات کا ذریعہ ہی کہ چند خوشامدی کمینہ خصلت والے خوشامد کے لیئے اور جھوٹی تعریف کرنے اور جھوٹی عزت دینے اور جھوٹی دوستی جتانے کو موجود ہو جاتے ہیں اور جب تک وہ ہی یہہ بھی حاضر ہیں اور جب وہ نہیں تو پھر یہہ بھی حاضر نہیں — عزت خود ایک صفت ہی جو مثل اور صفتوں کے خود انسان کی ذات میں ہوتی ہی سب سے پہلے خود انسان اپنے آپ کو معزز سمجھتا ہی اُس عزت کی بدولت اُس کا دل نہایت قوی اور نہایت خوش رہتا ہی وہ مطلق اس بات کی خواہش نہیں رکھتا کہ کوئی دوسرا اُس کی عزت کرے بلکہ اُس کی خوشی اسی میں ہوتی ہی کہ وہ خود ایسا ہو کہ آپ اپنی عزت پر یقین کرے جب انسان ایسا ہو جاتا ہی تو تمام دنیا از خود اُس کی عزت کرتی ہی وہ نہیں چاہتا کہ لوگ میری عزت کریں مگر بے اختیار دوست و دشمن سب اُس کے آگے جھکتے ہیں *

مجھکو اس زمانہ کے حال پر نہایت افسوس ہی میں دیکھتا ہوں کہ اس زمانہ کے لوگ قبل اس کے کہ وہ خود اپنی عزت پر آپ یقین کریں دوسروں سے اور خصوصاً اُس معزز تربیت یافتہ قوم سے جس کو خدا نے اپنی بڑی حکمت سے ہمارے ساتھہ ہندوستان میں بسایا ہی اپنی عزت کے خواہاں ہوتے ہیں اور جو کہ غلطی پر ہوتے ہیں اسی لیئے اپنے مقصد کو بھی نہیں پہونچتے *

اسی کے ساتھہ مجھکو ایک بڑا افسوس یہہ ہوتا ہی کہ ہمارے زمانہ کے لوگوں نے عزت کے معنی سمجھنے میں بھی بڑی غلطی کی ہی — اُنھوں نے عزت کے مفہوم کو چند ظاہری باتوں میں منحصر سمجھہ رکھا ہی — خانگی اُمور میں تو اپنی عزت اُنھوں نے اس میں سمجھہ رکھی ہی کہ دو چار خدمتگار دست بستہ اُن کے سامنے کھڑے ہیں حضور و جناب عالی کہہ کر اور ہاتھہ جوڑ کر کچھہ بات عرض کرتے ہیں سواری کی جلو میں دو چار عصی بردار و خاص بردار دوڑتے ہیں دو تین خواص پان کا ڈبہ اور پیک تھوکنے کا پیک دان لیئے حاضر ہیں — برادری میں اور اپنی قوم میں اپنی عزت اُس میں سمجھہ رکھی ہی کہ بیٹے کی بسم اللہ اور ختنہ کی شادی میں وہ کچھہ کیا کہ آج تک کسی نے ویسا نہیں کیا تھا کوئی دوست نہیں رہا جس کو نہ بلایا ہو کوئی رقاصہ نہیں رہی جو مجرے کو نہ آئی ہو — بھانڈوں نے ایسا سماں باندھا ہو کہ کسی کے ہاں نہ بندھا ہو — حاکموں کے دربار کی عزت اس میں منحصر ہی کہ صاحب ہمسے ہنس کر بولے شاید دو چار قدم استقبال کیا یہہ تو نہایت خوش و معزز کرسی پر بیٹھے ہیں اور صاحب اِس فکر میں ہیں کہ میں اِن سے کیا بات کروں کسی ملک کے حال سے یہہ واقف نہیں تاریخ کے دلچسپ واقعات کی ان کو خبر نہیں انتظام ملکی اور انسان کی بھلائی و بہتری کے اصول تو ان کے خیال میں بھی نہیں گذرے میں بولوں تو کیا بولوں — اتنے میں صاحب نے خیال کیا کہ آؤ میں مزاح اور دل خوش کن دو چار باتیں ان سے کروں اس خیال سے دوہری مصیبت پیش آئی اُدھر تو صاحب کو ہماری زبان میں لطیفہ گوئی و بذلہ سنجی نہیں آتی اور ادھر یہہ رئیس اُن کی انگریزی اُردو نہیں سمجھتے — صاحب زیادہ اخلاق کرتا اور ملاقات

کے خشک بدمزہ مضمونوں کا کاٹنا چاھتے ھیں وہ اپنی فوٹوگراف کی نہایت عمدہ تصویر جو اُسی دن طیار ھوکر آئی ھی اُن کو دکھلاتے ھیں (جیسا کہ چند روز ھوئے کہ ایک رئیس سے گذر چکا ھی) وہ بے اختیار پوچھتے ھیں کہ صاحب یہہ کس کی تصویر ھی وہ ھنس کر اُن کی صورت دیکھتے ھیں اور کہتے ھیں کہ ولایتی بیل کی غرض کہ جوں توں کرکر وہ منت گذر جاتے ھیں اور صاحب اُن کا ھاتھہ پکڑکر کمرہ کے باھر لاکر چھوڑ جاتے ھیں یہہ خوش خوش اپنے گھر آتے ھیں اور سمجھتے ھیں کہ حاکموں میں ھماری بڑی عزت ھی اور درحقیقت جو اُن کی عزت ھی وہی خوب جانتے ھیں جن سے وہ ملتے ھیں *

اے میرے پیارے ھم قوموں اگر میرے لفظ ناگوار گذرے ھوں تو معاف کرو میرا دل اپنی قوم کے حالات پر نہایت جلتا ھی میں اُن کو ایسی خراب حالت میں دیکھہ نہیں سکتا اور جو ٹھیک ٹھیک حال ھی وہ نہایت دل سوزی اور ھمدردی اور دلی محبت سے سب کے سامنے رکھتا ھوں اس اُمید سے کہ ھماری قوم جاگے اور ھوشیار ھو اور اصلی عزت و دولت و حشمت میں پہونچے اور جس طرح کہ اس دنیا کی اَور معزز قومیں معزز ھیں اسی طرح ھماری قوم بھی معزز ھو *

یہہ حال تو ھم لوگوں کا ھی جنکی عمر کا بہت سا حصہ گذر گیا اور جس طرح پر ھوا ھمنے اپنی زندگی عزت سے سمجھو یا ذلت سے بسر کرلی مگر ذرا آنکھہ اُٹھاکر دیکھو اور آنے والے زمانہ پر غور کرو کہ ھماری اولاد کے لیئے جنکو ھم اپنی جان سے زیادہ عزیز سمجھتے ھیں کیسا زمانہ آنے والا ھی *

اے عزیزوں اپنے باپ دادا کی عزت و بزرگی و حشمت و دولت پر ناز کرنا بہت بڑی غلطی ھی — نہایت تجربہ کار ایک بزرگ کا مقولہ ھی کہ " در چیز در در چیز راست نیاید ذکر ترنگری درفقیری و ذکر جوانی در پیری " ھمارے باپ دادا اگر بہت بڑے عالیقدر تھے اور ھم نہیں ھیں تو ھمکو اُسپر ناز کرنا نہیں چاھیئے بلکہ رونا چاھیئے کہ ھم اپنے بزرگوں کا بھی نام ڈبونے والے پیدا ھوئے اگر اولاد کی اور قوم کی تعلیم و تربیت ایسی طرح پر نہو کہ جس زمانہ میں وہ لوگ اپنی زندگی بسر کرینگے اُس زمانہ کے مناسب لیاقتیں اُن میں پیدا نہوں تو ضرور اگلے خاندانوں کا نام برباد ھوجاویگا — نواب خلیل‌اللہ خاں شاھجہانی کا آپ لوگوں نے نام سنا ھوگا اُنکے پڑوتے کو میںنے اپنی آنکھہ سے دیکھا ھی کہ لوگوں کے پانوں دابنے آتا تھا اور دو چار پیسے لیجاتا تھا تغلق‌آباد کے گانوں میں جسقدر مسلمان گھسیڑے آباد ھیں جو سارے دن گھاس کھودکر شام کو بیچتے ھیں میںنے خوب تحقیق کیا ھی کہ سلطان محمد عادل تغلقشاہ کی اولاد میں ھیں پس اگلے بزرگوں پر فخر کرنا ایسی حالت میں کہ ھم کچھہ نہیں ھیں کیا فائدہ ھی *

دنیا میں گذرے ھوئے زمانہ کے واقعات سے ھمکو عبرت اور نصیحت پکڑنی چاھیئے اگلے زمانہ کے واقعات سے ھم آیندہ زمانہ کے واقعات کی پیشین گوئی کرسکتے ھیں — دیکھو ھوشیار ھو یہی حال ھماری قوم کا ھونے والا ھی — کوئی اثار بھلائی اور بہتری کے اُن میں نہیں دیکھائی دیتے بلکہ برخلاف اُس کے تنزل اور ادبار کے علامتیں موجود ھیں — تم اپنی اور اپنے دوستوں کی بلکہ اپنی تمام قوم کی اولاد کے حال پر اور نہ صرف مظیم‌آباد میں بلکہ تمام ھندوستان میں خیال کرو کہ اُنکی تعلیم و تربیت کا جسپر دنیا کی عزت اور دنیا کی حشمت کا مدار ھی کیا حال ھی اُنکے اخلاق اُنکا چال چلن اُنکی عادتیں کیسی ھوتی جاتی ھیں تم خود اپنے دلمیں سوچو اور سمجھو کہ اُن سے تمکو کچھہ آیندہ کی بہبودی کی توقع ھی — بھلا دنیا کو جانے دو شاید اس مجلس میں کوئی ایسا شخص بھی ھو جو دنیا کو ھیچ سمجھتا ھو اور دنیا کی دولت و عزت کو بے حقیقت جانتا ھو تو میں یہہ پوچھتا ھوں کہ کیا ھماری اولاد نے دین کمانے کا سامان کرلیا ھی کیا اُن کی تعلیم و تربیت ایسی ھوئی ھی کہ اگر دنیا نہیں تو دین تو ضرور اُن کے ھاتھہ آویگا — میں دیکھتا ھوں کہ اُن کا حال دینی تعلیم و تربیت میں دنیاوی تعلیم سے بھی زیادہ بدتر ھی پس نہایت افسوس ھی کہ تھوڑا ھی زمانہ نکذرنے پاویگا کہ ھم نہ دین کے کام کے رھینگے نہ دنیا کے *

جسوقت اولاد کی تربیت کا ذکر آتا ھی تو رئیسوں اور دولتمندوں کے دل میں یہہ خیال پیدا ھوتا ھی کہ ھم اپنی اولاد کی تعلیم خاص اپنے اھتمام سے اور ھر ایک علم کے عالم نوکر رکھکر بخوبی کرسکتے ھیں بعضوں کے دل میں یہہ خیال پیدا ھوتا ھی کہ ھمکو اپنی ھی اولاد کی تعلیم و تربیت کی فکر کرنی کافی ھی مگر یہہ ایک بڑی غلطی ھی اور خود اپنی اولاد کے ساتھہ دشمنی کرنی ھی — جہالت اور ناتربیتی وبا کی مانند ھوتی ھی جب تک کہ تمام شہر اُس پد ھوا سے پاک نہو کوئی ایک گھر اپنے تئیں اُس سے بچا نہیں سکتا *

تعلیم و تربیت کا عجیب حال ھی اگر تمام قوم کچھہ نہ کچھہ تعلیم یافتہ نہو تو خاص خاص اشخاص اُس قوم میں تعلیم‌یافتہ نہیں ھوسکتے گو کہ اُنھوں نے بہ نسبت جاھلوں کے کچھہ زیادہ پڑھی لیا ھو — کسی علم کے پڑھ لینے سے انسان تربیت یافتہ نہیں ھو جاتا — جب تک کہ اُس کے لیئے ایک بہت بڑا گروہ اُس کے ھمجنسوں کا جس میں اُس کا میل جول ھو تربیت یافتہ موجود نہو ایک یا چند آدمی اپنے خیال کو اپنے اخلاق کو اپنی اندرونی نیکی کو اپنے ذھن کی

جودت کو اپنے خیال کی وسعت کو اپنی محنت کو اپنی ہمت کو ترقی نہیں دے سکتا جب تک کہ اسی قسم کے لوگ اُس کے میل جول کے لیئے نہوں تاکہ باہمی میل جول سے اور سمجھہ اور خیالات کے مبادلہ سے تمام چیزیں ترقی پاویں *

تم دیکھہ لو کہ ہندوستان اور لندن میں یہی فرق ہی وہاں کے لوگ تھوڑی سی تعلیم سے بہت زیادہ تربیت پاجاتے ہیں اور یہاں کے لوگ جو زمانہ دراز تک علم سیکھنے میں صرف کرتے ہیں اور کچھہ تربیت نہیں پاتے اس کا سبب یہی ہی کہ وہاں قومی تربیت ہی ہر فرد قوم کا صوف اپنی تربیت یافتہ قوم کے میل جول سے اُن کے خیالات سے اُن میں رہنے سے کچھہ نہ کچھہ تربیت پاجاتا ہی پس ہماری قوم خود غرضی پر خیال کرکر اگر قومی تعلیم و تربیت کی طرف متوجہہ نہوگی تو خود اپنی ذاتی غرض کو اور خود اپنی اولاد کی تربیت کو برباد کریگی *

اے بزرگوں اگر تم یہہ بات چاہو کہ تمہاری اولاد ایک پر فضا باغ کی سیر کرے اُس کے گل بوٹوں اور سایہدار درختوں اور لہلہاتی ہوئی نہروں کا لطف اُٹھاوے تو تمکو ضرور باغ بنانا پڑیگا اگر چاہو کہ اپنے گھر میں دو چار گلدستہ رکھہ کر وہ کیفیت دکھاؤ یہہ ممکن نہیں پس خوب سمجھہ لو کہ جو شخص قومی تعلیم و تربیت پر متوجہہ نہوگا وہ در حقیقت اپنا اور اپنی اولاد کا خاص نقصان کریگا *

اسکا ثبوت تمہاری آنکھوں کے سامنے موجود ہی تمام ہندوستان کے رئیسوں کی اولاد کو دیکھہ لو ہر ایک شخص نے بقدر اپنی ہمت کے اپنی اولاد کی تربیت پر کوشش کی ہوگی مگر کسی ایک گھرانے کی بھی اولاد کو بتاؤ جس نے عمدہ تعلیم و تربیت پائی ہو اسکا سبب صرف یہی ہی کہ قومی تعلیم نہ تھی *

اے صاحبوں تعلیم و تربیت کی مثال کمہار کے آوے کی سی ہی کہ جب تک تمام کچے برتن یہ ترتیب ایک جگہہ نہیں چنے جاتے اور ایک قاعدہ داں کمہار کے ہاتھہ سے نہیں پکائے جاتے وہ کبھی نہیں پکتے پھر اگر تم یہہ چاہو کہ ایک ہانڈی کو آوے میں رکھہ کر پکا لو وہ ہرگز درستی سے نہیں پک سکتی تم خیال کرو کہ جناب ملکہ معظمہ وکٹوریا کو کسقدر دولت و حشمت اور سلطنت اور اختیار حاصل ہی — اُس کے بعد اسمعیل پاشا خدیو مصر کو دیکھو کہ کیا کچھہ دولت و حکومت اُنکو حاصل ہی یہہ لوگ بھی اپنی اولاد کی پوری تعلیم اپنے گھر پر نہیں کرسکتے آپ صاحبوں نے سنا ہوگا کہ حضور پرنس آف ویلز فرزند ارجمند ملکہ معظمہ اور ولیعہد ہند و انگلنڈ یونیورسٹی اکسفورڈ کے ایک طالب علم ہیں اور جس زمانہ میں کہ میں لندن میں تھا میںنے اپنی آنکھہ سے حسن پاشا خدیو مصر کے فرزند کو دیکھا کہ یونیورسٹی اکسفورڈ میں تعلیم پاتے تھے — لباس شاہی اور تاج خسروی سے وہ والا قدر شاہزادے طالب علمی کے لباس کو اور طالب علموں کی خاص چوکونیہ سلیٹ ٹوپی کو جو اُس یونیورسٹی میں طالب علموں کے لیئے مقرر ہی زیادہ معزز سمجھتے تھے اب تم یقین کرلو کہ اگر تم قومی تعلیم قایم کرنے کی فکر نکروگے تو تمہاری قوم بھی برباد ہوجاویگی اور اُس کے ساتھہ وہ لوگ بھی نہیں بچنے کے جنکر تم اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز سمجھتے ہو *

آہ کیا افسوس کی بات ہی کہ تم اپنے عزیز بیٹے کی بسم اللہ میں ہزاروں روپیہ خرچ کردیتے ہو اس خوشی میں کہ ہمارا بیٹا پڑھنا شروع کرنے کے لایق ہوا اور اُس جگہہ کے بنانے اور قایم کرنے کی کچھہ فکر نہیں کرتے جہاں وہ پڑھے اور تمہاری اُس خوشی کو جو قبل از وقوع تمنے اُس کو فرض کرلیا ہی پورا کرے کسقدر افسوس کی بات ہی کہ بغیر پوئے ہم کھیتی کاٹنے کی توقع کرتے ہیں اور اَوْر زیادہ افسوس یہہ ہی کہ اُسی غلطی میں پڑے ہیں اور اُس کی درستی کی کچھہ فکر نہیں کرتے *

بے علمی مفلسی کی ماں ہی جس قوم میں علم و ہنر نہیں رہتا وہاں مفلسی آتی ہی اور جب مفلسی آتی ہی تو ہزاروں جرموں کے سرزد ہونے کی باعث ہوتی ہی اب تم اپنی قوم کے حال پر غور کرو کہ یہہ بد بخت دن اُن پر آ گئے ہیں بڑے بڑے قدیمی خاندان سب گر پڑے ہیں تمام قوم پر مفلسی اور محتاجی اور توضداری اور ذلت چھا گئی ہی اگر جیلخانوں میں خیال کروگے تو مسلمانوں کو بلحاظ آبادی اور قوموں سے بہت زیادہ پاؤگے *

گذشتہ سال میں گورنمنٹ ہند نے مسلمانوں کے حال پر زیادہ توجہہ فرمائی تھی اور اُس کی تعمیل پر ہزایکسیلنسی لارڈ ہابرٹ صاحب بہادر گورنر مدراس نے جنکا نام ہمیشہ مسلمانوں میں نہایت قابل ادب رہیگا سب سے زیادہ توجہہ فرمائی ہی وہ تمام کاغذ میرے پاس موجود ہیں اُن سرکاری کاغذات میں ایک چٹھی ہی جو ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن کے نام لکھی گئی ہی اُس چٹھی میں ترچناپلی کے مسلمانوں کا یہہ حال مندرج ہی کہ "خاص مانع ترقی تعلیم مسلمانان ترچناپلی اُن کا سخت افلاس ہی جس میں بہت سے مسلمان مبتلا ہیں گو وہ مفلس ہیں مگر مغرور ہیں جب میںنے مسلمانوں کے لڑکوں کو بلا فیس اسکولوں میں داخل کرنا چاہا تو معلوم ہوا کہ کپڑے اُن پاس نہیں ہیں اور بغیر کپڑا پہنے وہ نہیں آ سکتے غریب سے غریب مسلمان ہرگز اپنے لڑکوں کو ویسے آدھے

ننگے پن کی حالت میں باھر نہ آنے دیگا جسمیں بڑے دولتمند ھندو اپنے لڑکوں کو مدرسوں میں بھیج دیتے ھیں " *

اے عزیزوں اب اس سے زیادہ کونسی بد بختی اور بد نصیبی ھی جسکی مسلمانوں پرآنی کی تم راہ دیکھتے ھو کیا تمھارا دل اپنی قوم کی یہہ خراب حالت دیکھکر جس سے ایمان کانپ جاتا ھی نہیں جلتا ؟ کیا تمکو اپنی قوم پر رحم نہیں آتا ؟ کیا محبت قومی اور حب ایمانی ھماری قوم سے بالکل جاتی رھی ھی کہ ھم سب اپنے گھروں میں خوش خوش بیٹھے ھیں اور اپنی قوم کی بھلائی میں کچھہ نہیں کرتے *

ترچناپلی کے مسلمانوں کا جو حال میں نے بیان کیا اگرچہ ھم اپنے غریب محتاج بھائیوں کی غیرت سے نہایت مغرور ھیں اور وہ غریب مسلمان جو اپنی عزت اور اپنی شرم کا لحاظ کرتے ھیں حد سے زیادہ اُس کی تعریف کرتے ھیں اور یقین جانتے ھیں کہ وہ پاک خون جو مسلمانوں کی نسل میں حضرت ابراھیم خلیل اللہ سے چلا آتا ھی اُن میں بھی ھی مگر اُن کی مصیبت پر دل لرز جاتا ھی اور ھمکو اپنی زندگی تلخ معلوم ھوتی ھی اور تمام عیش و آرام خاک میں مل جاتا ھی اور کون تم میں سے ایسا ھی کہ ایسے درد ناک حالات اپنی قوم کے سنے اور اُس کا دل نہ بھر آوے — اے بھائیوں ان تمام واقعات سے میں اُن لوگوں کو جو اپنی اولاد کی اور اپنی قوم کی تربیت کی کچھہ پرواہ نہیں کرتے خبردار کیئے دیتا ھوں کہ دیکھو کیا ھوا اور سمجھو کہ آیندہ کیا ھوگا *

مگر اُسی حال کے ساتھہ صاحب ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن مدراس نے ایک فقرہ لکھا ھی جس سے وہ تمام فخر جو ھم نے اپنے غریب بھائیوں کی عادت پر ابھی کیا ھی سب برباد ھوجاتا ھی اور در حقیقت ھمکو مہذب اور تربیت یافتہ قوم کے سامنے منہہ دکھانے کو جگہہ نہیں رھتی اور ھمکو اپنی نالایقی و بے غیرتی پر خود شرم آتی ھی صاحب موصوف لکھتے ھیں کہ ھم خوب جانتے ھیں کہ مسلمان بیفائدہ رسموں میں فضول خرچی کرتے ھیں اور اس قدر فضول خرچ ھوتے ھیں کہ انجام کو مصیبت میں مبتلا ھو جاتے ھیں لیکن اپنے لڑکوں کی تعلیم میں روپیہ خرچ کرنا نہیں چاھتے — اے صاحبوں یہہ طعنہ جو ڈائرکٹر صاحب نے ھمکو دیا میں دل سے یقین کرتا ھوں کہ بالکل سچ ھی پس اس طعنہ سے جو ھماری بے عزتی اور ھماری قوم کی بیعزتی ظاھر ھوتی ھی اُس کا اندازہ تم خود کر سکتے ھو *

گورنمنٹی مدراس میں جو تحقیقات ھوئی اُس سے ایک نہایت قابل افسوس کے حال ظاھر ھوا ھی یعنی اُس گورنمنٹی میں چار سو پچاسی آدمیوں سے جو جوڈیشیل اور سررشتہ مال میں معزز عہدوں پر ممتاز ھیں اُن میں صرف اُنیس مسلمان ھیں *

بنگالہ میں بھی جس کے مشرقی حصہ میں مسلمانوں کی آبادی بہ نسبت ھندوؤں کے بہت زیادہ ھی اسی کے قریب قریب حال ھوگا جو مدراس میں ھی *

صاحب ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن اضلاع شمال و مغرب ھمکو بتاتے ھیں کہ اُن اضلاع میں یہہ حال نہیں ھی مگر ھمکو مسلمانوں کی حالت کا اندازہ صرف گورنمنٹ کی ملازمی پر کرنا نہیں چاھیئے یہہ بات کہ گورنمنٹ کی نوکری میں اُس کی رعایا میں سے کس کس قسم کے لوگوں کا ھونا چاھیئے ایک پولیٹکل بات ھی جس پر اور جس کی منفعت خواہ مضرت پر گورنمنٹ کو لحاظ کرنا چاھیئے ھم رعایا کو اُس سے چنداں غرض نہیں ھی بلکہ ھمکو اپنی قوم کے حال پر مجموع من حیث المجموع خیال کرنا واجب ھی اب تم تمام ھندوستان پر نظر ڈالو اور تمام اس کے کارخانوں کو نگاہ کے سامنے لاؤ گورنمنٹ کے محکموں کو ھی دیکھو ریل کے محکموں کو اور کارخانوں کو دیکھو سوداگروں اور بڑی بڑی کمپنیوں کی دوکانوں پر غور کرو تجارت کے کار و بار پر نظر ڈالو اور دیکھو کہ ان تمام کارخانوں میں کس قدر آدمی ملازم ھیں اور پھر خیال کرو کہ اُن میں مسلمان کس قدر ھیں تو شاید میری دانست میں ھزار میں ایک کی نسبت تکلیفی اس کا سبب بجز اس کے اور کچھہ نہیں ھی کہ ھم نے خود اُن کاموں کے لایق ھونے کی لیاقت نہیں ھی *

اے عزیزوں ھماری قوم کے بعض نیک بخت اور بزرگ دیندار لوگ یہہ خیال کرتے ھیں کہ دنیا چند روز ھی اگر اس میں ذلت سے بسر ھوئی تو کیا اور عزت سے بسر ھوئی تو کیا اور اس سبب سے وہ لوگ اپنے معتقدوں کو اُن کاموں کی طرف متوجہہ ھونے سے جو دنیاوی عزت و دولت و حشمت سے علاقہ رکھتے ھیں روکتے ھیں اور میں خیال کرتا ھوں کہ اُن لوگوں کا بہت کچھہ رعب داب ھماری قوم میں ھی انکی یہہ زھریلی باتیں ھماری قوم کے دلوں پر بہت کچھہ اثر کرجاتی ھیں مگر ذرا غور کرنا چاھیئے جو کچھہ وہ کہتے ھیں میں اُس کی حقارت نہیں کرتا مگر میں تمکو یہہ دکھاتا ھوں کہ جو ایسا کہتے ھیں وھی زیادہ دنیا کے محتاج ھیں اگر یہہ دنیا دار نہوں اور نذر و نیاز سے اُن بزرگوں کی خبر نہ لیں تو پھر ایسی نصیحت کرنے والا کوئی بھی نہ دکھائی دے *

تم غور کرو کہ اسلام کی عزت مسلمانوں کی حالت سے خیال کی جاتی ھی آپ مسلمان رئیس جو خدا کے فضل سے اس شہر میں موجود ھیں اور جن میں سے بہت سے یہاں تشریف رکھتے ھیں

اُن کی لیاقت اور اُن کی ثروت سے اسلام کی شوکت کا خیال ہوتا ہی پس اگر تمام مسلمان مفلس ذلیل اور نان شبینہ کو محتاج ہوجاوینگے تو اسلام کی کیا عزت باقی رہیگی — وہ نیک عالم اور درویش جو اس قسم کی باتیں کہتے ہیں وہ خدا کی طرف ایسے متوجہ ہیں کہ اُن کو دنیا کی باتوں پر اور مراتب امور پر کچھہ خیال نہیں ہی وہ یہہ نہیں سمجھتے کہ اگر مسلمانوں کو دنیاوی علوم اور دنیاوی دولت و حشمت کی عزت حاصل ہوگی تو اُس سے خود اسلام کو کیسی رونق و شوکت ہوجاویگی پس اگر ہم اس نیت سے دنیاوی عزت حاصل کرنے پر کوشش کریں تو میری سمجھہ میں گوشہ نشینی اور چلہ کشی سے ہزار درجہ بہتر ہی *

ایک لطیفہ پر غور کرو جو اس وقت میرے دل میں آیا ہی کہ دین اور دنیا کا عجیب رشتہ ہی — دین چھوڑنے سے دنیا نہیں جاتی مگر دنیا چھوڑنے سے دین جاتا رہتا ہی — اب تم دیکھہ لو کہ دنیا کے معاملات میں جو ہماری حالت خراب ہوگئی ہی دین کے معاملات بھی اُس کے سبب سے ابتر ہیں ہزاروں مسجدیں ٹوٹی پڑی ہیں صدہا خانقاہیں ویران ہوگئی ہیں بڑے بڑے نامی عالموں کے گھرانے برباد ہیں پرانے کتب خانے پرانے مدرسے نام و نشان کو بھی نہیں رہے عالم و فاضل تو اب صرف نام کے رہ گئے جو پچھلوں کو بھی بدنام کرنے والے ہیں پس جب تک کہ ہم دونوں چیزوں کو یعنی دین و دنیا دونوں کو برابر سنبھالے نرہینگے ہمکو ندین میں کچھہ حاصل ہوگا نہ دنیا میں *

اے بزرگوں اسبات کی ضرورت ہی کہ ہم لوگوں کو اپنی قوم کی بہتری پر متوجہ ہونا چاہیئے اور اسبات پر کہ اگر کوئی شخص بلا قومی بھلائی کے صرف اپنی ہی خیر منانی چاہے تو اُس کی کبھی خیر نہوگی اگر میں گفتگو کرتا رہوں تو شاید کئی دن گذرجاوینگے اور ختم نہوگی اور میں سمجھتا ہوں کہ یہہ ایسی بدیہی بات ہی کہ جسقدر مینے اس میں مطوالت کی وہ کچھہ ضرور نہ تھی پس اب میں اسبات کا یقین کرکر کہ بلاشبہہ آپ صاحب قومی بھلائی کی طرف متوجہ ہونے کی ضرورت سمجھتے ہیں آپ کو اس طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ وہ قومی بھلائی کیونکر ہوسکتی ہی *

تمام قوموں نے اور بڑے بڑے دانشمندوں نے اسبات کا تصفیہ کردیا ہی کہ قومی ترقی قومی تعلیم و تربیت پر منحصر ہی پس ہم اگر اپنی قوم کی بھلائی چاہتے ہیں تو قومی تعلیم اور قوم کو علم و ہنر سکھانے پر کوشش کریں — مگر افسوس یہہ ہی کہ ہم یہہ بھی نہیں جانتے کہ اس زمانہ میں علم کیا چیز ہی جس سے قومی ترقی ہوتی ہی آج تک جو ہمنے جانا اور جو ہمارے بزرگوں نے جانا علم کی حقیقت کو اسیقدر جانا کہ ایک شی مقالی ہی جو خیال میں اور حافظہ میں رہتی ہی اور نفس کو اُس سے بہت مزا اور روح کو خوشی حاصل ہوتی ہی — مگر اس زمانہ میں اُسی کو اصلی علم کہتے ہیں جو دیکھنے اور برتنے اور تجربہ میں آوے اور انسان کے لیئے اُس کے تمام کاموں میں مفید ہو یہی سبب ہی کہ ہمارے اگلے زمانہ کے عالم فاقے مرتے تھے اور خیرات کے ٹکڑوں پر اوقات بسر کرتے تھے اور اس زمانہ میں تربیت یافتہ ملکوں کے جو عالم ہیں وہ دولت و حشمت سے مالا مال ہیں اور اُن سے اپنی قوم کی بھلائی و ترقی ہردم ہوتی جاتی ہی *

اگلے زمانہ کے علوم سوائے دینیات کے اور علم طب کے کوئی علم ایسا مروج نہ تھا جو انسان کے برتنے اور اُس سے فائدہ اُٹھانے کے لایق ہو اس زمانہ کے علوم ایسے ہیں کہ جو شخص اُنکو سیکھے اُنکو اپنے کام میں لاسکتا ہی اور اس سے فائدہ اُٹھا سکتا ہی — جسقدر پیشے والے ہندوستان میں موجود ہیں اگر وہ حال کے علوم سے واقف ہوں تو وہ خود آپ اپنے پیشہ میں ایسی ترقی کریں جس سے روپیہ کی بھی آمدنی بڑھے اور ہنر و فن کو بھی ترقی ہو پس میری خواہش یہی ہی کہ ہماری قوم میں بھی ایسے علوم کا رواج ہو جو ہماری قوم کی بہتری اور ترقی کے باعث ہوں *

ہم رعایا اپنی گورنمنٹ کی نیک نیتی کے دل و جان سے ممنون و شکر گذار ہیں کچھہ شبہہ نہیں ہی کہ گورنمنٹ دل سے ہماری تعلیم و تربیت چاہتی ہی اور بے شک اُس نے ہندوستان میں جسقدر کوشش اسباب میں کی ہی اور جسقدر روپیہ خرچ کرتی ہی اس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں کہیں نہیں ہی پا ایں ہمہ سرکاری تعلیم سے مسلمانوں نے بہت کم فائدہ اوٹھایا ہی *

چند روز ہوئے کہ حضور ویسرائے لارڈ نارتھہ بروک صاحب نے یونیورسٹی کے نئے سینٹ ہوس میں سالانہ اجلاس کے وقت یہہ فرمایا کہ " ایسا کون شخص ہی جس کو اسبات کے دیکھنے سے افسوس نہوگا کہ آج باستثناء چند شخصوں کے ہماری ہمسر مسلمان رعایا میں سے کوئی شخص یونیورسٹی کے اعزاز و اکرام کے عطا میں شریک نہیں ہی " مسلمانوں کی اس بدنصیبی کے اسباب پر میں اسوقت بحث کرنا نہیں چاہتا کیونکہ اُس پر بہت بحث ہوچکی ہی بلکہ مجھکو اسوقت صرف یہہ بات دکھانی ہی کہ تمام قابل لوگ اور خود گورنمنٹ اسبات کو قبول کرتی ہی کہ سرکاری تعلیم سے مسلمان رعایا نے بہت کم فائدہ حاصل کیا ہی — پس اب ہمارا مقصد یہہ ہی کہ ہم خود مستعد ہوکر اپنی قوم کے لیئے ایسا انتظام کریں اور ایسے وسیلے پیدا کریں جس سے ہماری قوم کے تمام اغراض و مطالب پورے ہوں اور عام تعلیم بھی

مفید علوم کي هماري قوم میں پہلے اور اعلی سے اعلی درجہ کي تعلیم کے لوگ بھي هماري قوم میں پیدا هوں *

گورنمنٹ نے اپني نہایت دانائي اور هوشیاري سے اپني تعلیم سے مذهبي تعلیم کو بالکل خارج رکھا هی اور یہہ تدبیر جو گورنمنٹ نے اختیار کي هی بے انتہا تعریف و توصیف کے لایق هی مگر مسلمانوں کے حالات کو دیکھہکر یقین هوتا هی کہ عام تعلیم کے ساتھہ جو مذهبي تعلیم نہیں هوتي اس سبب سے مسلمان تعلیم کے فواید حاصل کرنے سے ضرور محروم رهتے هیں *

اُسي سالانہ اجلاس میں جس کا میںنے اوپر ذکر کیا حضور عالي لارڈ نارتھہ بروک صاحب نے یہہ بھي فرمایا تھا کہ " اگر احتیاط کا لحاظ کیا جاوے کہ اس ملک میں کسقدر مختلف مذاهب رایج هیں تو یہاں کے باشندوں کي تعلیم کے واسطے کوئي ایسا انتظام کرنا جس سے وہ سب برابر فائدہ اوٹھا سکیں اس انتظام سے بھي زیادہ مشکل معلوم هوتا هی جو آج کل پارلیمنٹ میں ایرلینڈ کي یونیورسٹي کي نسبت پیش هو رها هی " *

اور اسي گفتگو میں حضور ممدوح نے یہہ بھي فرمایا کہ " میري بڑي خواهش یہہ هی کہ اعلی درجہ کي انگریزي تعلیم ایسے مدارس کے متعلق کیجاوے جنکو گورنمنٹ سے کچھہ تعلق نهو جس ضرورت سے مجبور هوکر گورنمنٹ نے هندوستان کي انگریزي تعلیم کو مذهبي تعلیم سے علاحدہ رکھا هی میں یقین کرتا هوں کہ اس کے باعث سے بہت سي ایسي دقتیں پیش آگئي هیں جنکا مجھکو دل سے خیال هی " - پس یہہ دقت جو مسلمانوں کي تعلیم میں هی یہہ ایسي دقت هی کہ اُس کا رفع کرنا گورنمنٹ کي تدابیر مملکت کے لحاظ سے گورنمنٹ کي تدبیر سے غیر ممکن هی اور جب تک هم خود مستعد نهونگے اور اپني قوم کے لیئے هم خود اپني خواهشوں کے موافق انتظام تعلیم کا نہ کرینگے یہہ دقت رفع نهوگي هاں بے شک هوکر اپنے اس کام میں گورنمنٹ کو اپنا حامي اور مددگار اور سرپرست بنانا چاهیئے تاکہ هم اُس کي مدد اور اُسکے سایہ عاطفت میں اپنے کاموں کو حسب مراد پورا کریں *

آپ صاحبوں کو خوب معلوم هی کہ مسلمانوں کا هندوستان میں بہت بڑا گروہ هی اور سب کے اغراض مختلف هیں کوئي یہہ چاهتا هی کہ میں ایسے علوم و فنون حاصل کروں جس سے گورنمنٹ کے اعلی عهدوں کے حاصل کرنے کے لایق هوں جو بغیر کامل انگریزي دانی کے غیر ممکن هوگئے هیں اور هوتے جاتے هیں کسي کي یہہ خواهش هوگي کہ میں عربي زبان اور مذهبي علوم میں یا قدیم مشرقي علوم میں دستگاہ حاصل کروں اسي طرح کوئي اُن علوم و فنون کا حاصل کرنا چاهیگا جو تجارت اور پیشہ سے علاقہ رکھتے هیں پس ممکن نہیں هی کہ گورنمنٹ هماري ان تمام اغراض کو پورا کرسکے اور اس لیئے خود همکو چاهیئے کہ هم آپ اپنے اغراض کے پورا کرنے پر مستعد و آمادہ هوں *

ان مطالب پر غور کرنے کے لیئے چند سال سے ایک کمیٹي بنائي گئي هی جسکا نام "کمیٹي خواستگار ترقي تعلیم مسلمانان" هی اور اُس کمیٹي نے بہت سي تحقیقاتوں اور بہت سے مباحثوں کے بعد یہہ تجویز کي هی کہ خود مسلمان اپنے اهتمام اور انتظام سے مسلمانوں کي تعلیم کے لیئے ایک بہت بڑا دارالعلوم بناویں جسکے ماتحت مختلف مقاموں میں مناسب مناسب درجہ کے مدرسہ بھي هوں اور طریقہ تعلیم و تربیت کا جو اُن مدرسوں میں هو اُسکو خود چند نیک بخت مسلمان مقرر کریں جس سے هماري قوم کے تمام اغراض پورے هوں اور علوم مفیدہ کي تعلیم بشمول علوم دینیہ کے اُس میں کي جاوے اور چونکہ هندوستان میں شیعہ اور سني دو فرقہ مسلمانوں کے هیں اس لیئے دونو فرقوں کے علوم دیني کي تعلیم بذریعہ علماء هر ایک فرقہ کے هوا کرے اور انگریزي اور عربي و فارسي اور اُردو زبانیں اُن میں سکھائي جاویں اور چند قدیم زبانیں بھي جو حال کي زبانوں کي جڑهیں بطور مناسب تعلیم هوسکیں *

اس تدبیر کو بہت سے مسلمانوں نے پسند کیا اور چونکہ انجام اس تدبیر کا بغیر روپیہ کے ممکن نہیں تھا اور جب تک کہ تمام هندوستان کے مسلمان مدد نکریں اور اپني فیاضي سے اس کام کے لیئے روپیہ ندیں یہہ کام هو نہیں سکتا اسي لیئے ایک کمیٹي مقرر کي گئي جو کہ اس کام کے لیئے بذریعہ چندہ روپیہ جمع کرتي هی چنانچہ اسوقت تک چھتر هزار پانسو چوبیس روپیہ پانچ آنہ چھہ پائي چندہ هوا هی جسکي فهرست میرے هاتھہ میں هی اور اُس کمیٹي کي کارروائي کے قواعد اور اُس روپیہ کي حفاظت کے قانون اور اُس روپیہ سے منافع اور محاصل حاصل کرنے کے طریقے جو بطور پالیسي کے بنائے گئے هیں میز پر موجود هیں *

نهایت خوشي کي بات هی کہ اس تدبیر کو گورنمنٹ نے بھي پسند کیا هیاور حضور عالي جناب لارڈ نارتھہ بروک صاحب بهادر نے اپني فیاضي اور دریا دلي سے دس هزار روپیہ چندہ اپني جیب خاص سے اس کام کے لیئے مرحمت فرمایا هی اور همارے ملک کے جناب عالي نواب لفٹننٹ گورنر بهادر سر ولیم میور ایل ایل ڈي کے سي ایس آئي نے هزار روپیہ اپني جیب خاص سے چندہ دیا هی اور اور فیاض انگریزوں نے بھي اس کام میں چندہ دینے سے مدد کي هی اور کیسي خوشي کي بات هی کہ انگلستان کے رئیس و شریف بھي اس میں مدد کرتے هیں ایک شریف عالي خاندان میرے دوست جي ایم کیٹي صاحب بهادر نے جنہوں

ایڈن برا واقع اسکاٹلینڈ کے شریف و رئیس ہیں اور جنکو کچھہ تعلق ہندوستان سے نہیں ہی ہزار روپیہ اس کام کے لیئے مرحمت فرمایا ہی اور اُمید ہی کہ انگلستان کے اور شریف بھی اس میں مدد کرینگے *

علاوہ اس کے بڑی خوشی یہہ ہی کہ گورنمنٹ نے بطور ضابطہ سررشتہ کی چٹھیات کے ذریعہ سے اسبات کا وعدہ کیا ہی کہ ان مسلمانی مدارس کے واسطے گورنمنٹ بھی بموجب قواعد گرینٹ ان ایڈ کے روپیہ دینے سے مدد فرماویگی پس اب یہہ سب فواید ہمارے ہاتھہ کے پاس ہیں بشرطیکہ ہم ذرا کوشش کرکر اور ہاتھہ پھیلاکر اُنکو لے لیں *

یونیورسٹی کے سالانہ اجلاس میں جس کا میںنے ابھی ذکر کیا حضور عالی جناب لارڈ ناارتھہ بروک نے یہہ بھی فرمایا تھا کہ "گورنمنٹ اور یونیورسٹی کی مجلس سینٹ اس امر پر غور کر رہی ہی کہ یونیورسٹی کا طریقۂ تعلیم کس تدبیر سے ہندوستان کی مسلمان رعایا کے موافق ہوسکتا ہی اور ممکن ہی کہ جو تدبیریں ہندوستان کے بعض مقامات میں کی گئی ہیں اُنمیں سے بعض ایسی ہوں جنکے ذریعہ سے یہہ حاجت بخوبی رفع ہوجاویگی اور ہمارے اس ہمسر اور معتمد علیہ فرقہ اور ہمارے سررشتۂ تعلیم کے باہم اتفاق اور اتحاد زیادہ ہوجاویگا" *

اگرچہ میں نہیں کہہ سکتا کہ حضور وایسرائے نے یہہ اشارہ کن تدبیروں کی نسبت کیا ہی شاید اُن تدبیروں کی نسبت ہو جو پریسیڈنسی مدراس میں ہو رہی ہیں مگر میں یقین کرتا ہوں کہ ہماری یہہ تدبیر بھی منجملہ اُنھی تدبیروں کے ہی جس سے وہ نتیجہ جسکی توقع حضور عالی جناب لارڈ ناارتھہ بروک صاحب نے کی ہی ضرور بالضرور حاصل ہوگا *

اب میںنے آپ صاحبوں کو بہت تکلیف دی اور اس سے زیادہ تکلیف دینا نہیں چاہتا مگر چند اور نکموں کے عرض کرنے کی جو غالباً ضروری ہیں اجازت چاہتا ہوں — جب سے ہماری کمیٹی نے مسلمانوں کے لیئے مدرسۃالعلوم مقرر کرنے کی تجویز کی ہی اُس وقت سے اکثر لوگوں نے مسلمانوں کے لیئے معمولی مدرسے قایم کیئے ہیں اور اسبات کے دریافت ہونے سے بھی میں بہت خوش ہوں کہ اس شہر عظیم‌آباد میں بھی اس قسم کا ایک مدرسہ قایم ہوا ہی میں کسیطرح ان مدرسوں کے برخلاف نہیں ہوں کیونکہ غالباً ان میں دینیات زیادہ پڑھایا جاویگا جو فائدہ سے خالی نہیں مگر مجھہ کو شبہہ ہی کہ ان کے بانیوں کا جو خیال اِن مدرسوں کے قایم کرنے میں ہی شاید اُسمیں کچھہ غلطی ہی — اگر اُن لوگوں نے ان مدرسوں کو خاص اپنے نفع اور خاص اپنے ثواب آخرت کے لیئے قایم کیا ہی تو میں اسبات کو قبول کرتا ہوں اور اُن کے اس خیال کو صحیح تسلیم کرتا‌ہوں اور اُس کے ساتھہ یہہ بھی کہتا ہوں کہ یہہ مدرسے اپنی خاص غرض کے لیئے قایم کیئے گئے ہیں نہ قومی بھلائی و بہبودی کے خیال سے اور اس لیئے اُن کے بانیوں سے یہہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ یہہ نہ تصور فرماویں کہ وہ اپنی قوم کی بھلائی کرنے کے فرض سے ادا ہوگئے بلکہ یقیناً جاننا چاہیئے کہ اُنکو اپنی قومی بھلائی کے لیئے ابھی بہت کچھہ کرنا ہی *

اور اگر اُنکا یہہ خیال ہو کہ یہہ مدرسے ہمنے اپنی قومی بھلائی اور قومی ترقی کے لیئے قایم کیئے ہیں تو اس میں مجھے کلام ہی اور میں صاف صاف بیان کرتا‌ہوں کہ ان مدرسوں میں گو کہ علاوہ دینیات کے دنیاوی قدیم علوم بھی مثل منطق و فلسفہ وغیرہ پڑھائے جاویں مگر اُن سے قومی ترقی کی کچھہ توقع نہیں ہی — کیونکہ جب تک ہماری قوم علوم و فنون جدیدہ سے جو اب رایج اور بکار آمد ہیں واقف نہوگی اُسوقت تک ترقی قومی ممکن نہیں ہی — اس زمانہ کے مفید علوم و فنون کو اپنی قوم میں مروج کرنے کے لیئے بہت سا روپیہ اور بہت بڑا سامان درکار ہی اور اُن علوم و فنون کی کتابوں کا اپنی قوم کی زبان میں موجود کرنا سب سے مقدم ہی اور پھر اِن سب باتوں کے لیئے نہایت تدبیر اور دانشمندی اور دور اندیشی درکار ہی اور یہہ سب باتیں اُسی حال میں ہوسکتی ہیں جبکہ ہم سب ایکدل ہوکر اس کام کے پورا کرنے پر روپیہ سے محنت سے عقل سے تدبیر سے کوشش کریں اور صرف ان فارسی عربی کے چھوٹے چھوٹے مدرسوں کے مقرر کرنے سے یہہ مقاصد کسیطرح حاصل نہیں ہوسکتے *

اے صاحبو ہمارے ہندوستان کے رئیسوں نے بھی اپنی فیاضی اور دریا دلی کی بہت سی مثالیں دنیا میں چھوڑی ہیں اور انگلستان کے امیروں اور رئیسوں کی فیاضی کی بھی بہت سی مثالیں ہیں ہندوستان کے رئیسوں کی فیاضی کی مثالیں زیادہ تر اس میں ہیں کہ فلاں امیر نے اپنے بیٹے کی شادی میں اسقدر روپیہ خرچ کیا تھا اُسنے اپنے عیش و آرام کے لیئے نہایت عمدہ محل بنایا تھا جس کی ٹوٹی پھوٹی دیواروں کا اب بھی نشان موجود ہی اور پھٹاورخاں کی حویلی اور خلیل‌خاں والی باری کے نام سے مشہور ہی اس کے سوا اور بھی اُن کی فیاضیاں مشہور ہیں جنکی تشریح کرنے سے مجھے شرم آتی ہی — انگلستان کے امیروں کی فیاضی کی زیادہ تر مثالیں اس میں ہیں کہ فلاں امیر نے اپنا کل سرمایہ قومی تعلیم کے لیئے وقف کردیا فلاں مدرسہ اُس امیر نے قایم کیا وہ شفاخانہ اُس امیر کا بنایا‌ہوا ہی فلاں علم کی ترقی کے لیئے فلاں امیر نے اتنے لاکھہ روپیہ دیدیا — یقینی آپ لوگوں نے جان میور صاحب ہمارے لفٹننٹ

گورنر صاحب کے بھائی کا نام سنا ھوگا میںنے سنا ھی کہ اُنھوں نے یہہ بات دیکھکر کہ جرمن والوں نے سنسکرت زبان میں انگلستان والوں سے زیادہ ترقی کی ھی اپنا دل سرمایہ اپنی قوم میں سنسکرت زبان کی ترقی کے لیئے وقف کردیا ھی دو تین ھفتے ھوئے کہ میںنے ایک اخبار میں دیکھا کہ پروفسر جان ٹنڈیل صاحب نے ایمریکا کے مختلف مقامات میں علمی مضامین پر پینتیس لکچر دیئے اور اٹھتر ھزار تو سو پچھتر روپیہ اُن لکچروں کے ذریعہ سے کمایا اور اُس غریب عالم نے وہ کل روپیہ اپنے ملک کی علمی ترقی کے لیئے وقف کردیا پس آپ دیکھیں کہ اور ملکوں کے لوگ کسطرح اپنی قومی بھلائی اور ترقی میں کوشش کرتے ھیں *

اے رئیسان عظیم‌آباد پٹنہ آپ بھی ھماری قوم میں رئیس اور ھماری قوم کے سردار ھیں اور آپ سے میری یہہ خواھش ھی کہ اپنی قوم کی بھلائی میں کوشش کیجیئے اور اپنے بھائیوں جان بلب رسیدہ آب ازسر گذشتہ کی دستگیری فرمائیئے اور یہہ تدبیر جو قومی ترقی کی کی گئی ھی اور جسکے پورا ھونے کو دس لاکھہ روپیہ کی حاجت ھی جسقدر آپ سے ھوسکے آپ بھی مدد فرمائیئے *

اِس مدرسہ کے حالات اور جو کچھہ کہ اُس سے متعلق ھی بہت سے اخباروں میں چھپ چکا ھی لیکن اگر کسی صاحب کو کچھہ اور تفتیش کرنی اور کوئی خاص بات دریافت کرنی منظور ھو تو دریافت فرماویں میں اُس کے بیان کرنے کو حاضر ھوں *

ایک صاحب نے اُس مجمع میں پوچھا کہ یہہ مدرسہ اور اُسکے ماتحت مدرسے جو قایم ھونگے ان میں اور سرکاری مدرسوں میں کیا فرق ھوگا اور کس وجہہ سے یہہ مدرسے مسلمانوں کے لیئے زیادہ مفید ھونگے *

سید احمد خاں نے اُس کا جواب دیا کہ جو گفتگو میںنے ابھی کی اُس سے یہہ بات تو واضح ھوگئی کہ سرکاری مدرسوں سے مسلمانوں نے بہت کم فائدہ اُٹھایا ھی پس یہہ مسلمانی مدرسے ایسی تدبیر سے قایم ھوتے ھیں کہ مسلمان ان سے زیادہ فائدہ اُٹھاویں *

ان مدارس میں بشمول دنیاوی تعلیم کے مذھبی تعلیم بھی ھوگی جو سرکاری مدارس میں نہیں ھی اور یہہ امر وہ ھی جسکے سبب سرکاری مدارس مناسب حال مسلمانوں کے متصور نہیں ھوئے ھیں اور اسلیئے اُمید ھی کہ یہہ مدارس مسلمانوں کے لیئے بہ نسبت سرکاری مداوس کے زیادہ مفید ھونگے *

سرکاری مدارس کی تعلیم کے دو حال گذرے ھیں ایک حال اُسکا وہ تھا جو لارڈ میکالی کے انتظام تعلیم سے پہلے تھا اور جنمیں صرف مشرقی علوم اور مشرقی زبان مشرقی طریقہ پر تعلیم ھوتی تھی جسکو لارڈ میکالی نے محض بے فائدہ تصور کیا تھا اور میرے نزدیک بھی لارڈ میکالی صاحب کی یہہ راے بالکل صحیح و نہایت درست تھی *

لارڈ میکالی صاحب نے اُس طریقہ تعلیم کو موقوف کیا اور علوم مغربی کی تعلیم کا بجاے اُس کے قایم کرنا تجویز کیا یہاں تک لارڈ میکالی کی تجویز نہایت صحیح و بالکل قابل تسلیم تھی — مگر اُنکی یہہ تجویز کہ اُن علوم کی تعلیم کا ذریعہ بھی انگریزی زبان ھو صحیح نہ تھی — کوئی وجہہ نہیں ھی کہ اُن علوم مغربی کی تعلیم کا ذریعہ ھمارے ملک کی زبان نہ قرار دی جاوے — علمی مسئلہ کو خواہ انگریزی زبان میں بیان کرو خواہ اپنی ملکی زبان میں دونوں کا نتیجہ متحد ھوتا ھی دو اور دو بھی چار ھوتے ھیں تو اینٹ تو میکس بھی فور ھوتے ھیں پس کوئی وجہہ نہیں ھی کہ ھم تمام علوم کو اپنی زبان میں نہ سیکھیں *

فرانس روشیا جرمن انگلنڈ سب ملکوں پر خیال کرو کہ سب نے اپنی ملکی زبان میں علوم سیکھے ھیں انگلستان میں اگر بجاے انگریزی کے لیٹن زبان تحصیل علوم کے لیئے قایم رھتی تو آج انگلستان میں بہت ھی کم عالم نکلتے *

ممکن نہیں ھی کہ کوئی شخص تمام ملک کی زبان بدل دے اور اگر عیسائی مذھب کے طریقہ پر کہوں تو یوں کہوں کہ کسی شخص کا مقدور نہیں ھی کہ خدا کی اُس حکمت کو جو اُس نے بابل کے برج پر کی اور انسانوں کی زبانوں کو مختلف کردیا مٹا سکے *

پس ان مدارس میں اور سرکاری مدارس میں امتیاز یہہ ھوگا کہ ھمارے مدارس میں تمام علوم ریاضی و جغرافیہ و تاریخ وغیرہ اعلی سے ادنی تک سب ھماری ملکی زبان میں تعلیم ھونگے باقی رھا علم ادب یعنی لٹریچر ھر ایک زبان کا اُسی زبان میں تعلیم ھوگا اور جسقدر زمانہ کہ اب تحصیل علم میں خرچ ھوتا ھی اُس سے نصف زمانہ میں اور حال سے بہتر علوم حاصل ھونگے اور انگریزی زبان کا لٹریچر بھی بہ نسبت حال کے بہت اچھا آجاویگا اسلیئے کہ اُس پر زیادہ محنت کرنی اور زیادہ پڑھنے کا وقت ھاتھہ آویگا *

علاوہ اس کے گورنمنٹ اپنی رعایا کی تعلیم باحتیاط اپنی تدابیر مملکت کے کرتی ھی میں سنتا ھوں کہ صوبہ بہار میں ناگری جاری ھونے والی ھی پس کیا آپ اپنے لڑکوں کو ناگری پڑھانے بھیجینگے یا میں اپنے لڑکوں کو ناگری پڑھانے بھیجونگا ھرگز نہیں پس ھمکو لازم ھی کہ ھم خود اپنے حال کے مناسب طریقہ تعلیم قایم کریں اور خود

اپنے پاؤں پر کھڑے ھوں اور گورنمنٹ سے صرف یہہ بات چاھیں کہ ھمارے سر پر شفقت کا ھاتھہ رکھے *

اس کے بعد نواب سید ولایت علی خاں صاحب نے کھڑے ھوکر یہہ گفتگو فرمائی *

اس وقت سید احمد خاں صاحب نے جو کچھہ ابتر حال مسلمانوں کا بیان فرمایا اور اُن کی تعلیم کی ابتری اور اُس کی ضرورت کی وجوھات بیان کیں میں اُن سب کو تصدیق کرتا ھوں ھم سب لوگ اس کام میں چندہ دینے اور شریک ھونے کو موجود ھیں اور جو تجویز کہ مدرسۃالعلوم مسلمانان کے قایم کرنے کی سید صاحب نے کی ھی اُس کا بھی اور نیز ان کی اُس تکلیف کا جو اُنھوں نے اس وقت گفتگو کرنے میں اُٹھائی ھم سب حاضرین جلسہ شکر ادا کرتے ھیں *

یہہ جلسہ نہایت خوبی سے انجام پایا اور دو ھزار پانسو روپیہ سے زیادہ اُس وقت چندہ ھوا جناب صاحب کمشنر بہادر نے بھی سو روپیہ چندہ میں مرحمت فرمایا اور جناب مولوی سید ابو سعید صاحب نے دلی ھمدردی اور جبلی فیاضی سے ایک ھزار روپیہ چندہ دیا اور یہہ قرار پایا کہ یہاں کے رئیس بھی صدر کمیٹی خزنۃالیضاءۃ کے ممبر مقرر ھوں اور ایک سب کمیٹی واسطے وصول زر چندہ کے مقرر کی جاوے چنانچہ نواب سید ولایت علی خاں صاحب شیعہ اھل مذھب امامیہ اور جناب مولوی سید ابوسعید صاحب و جناب مولوی شمس الھدی صاحب رئیسان اھل سنت و جماعت واسطے ممبری کے منتخب ھوئے ھیں اور عنقریب جو اجلاس صدر کمیٹی کا ھونے والا ھی اُس میں ان بزرگوں کے نام نامی واسطے منظوری کے پیش ھونے والے ھیں *

اس جلسہ میں شریک ھونے کو جناب مولوی سید امداد علی صاحب حسنی الحسینی الاپرائملے بھی تشریف لائے مگر نہایت ھی تھوڑے عرصہ قبل اجلاس کے ایک نہایت سخت ضرورت کی وجہ سے پھاکلپور تشریف لیگئے *

غرضکہ خیرخواھان مدرسۃالعلوم مسلمانان کو نہایت خوشی کا مقام ھی کہ یہہ پہلا سفر سکرٹری کمیٹی کا نہایت خوبی اور مبارکی سے ھوا اور یہہ تجربہ اسبات کا ثبوت کامل ھی کہ سکرٹری کو مختلف مقامات میں جانا اور اسپیچ کرنا نہایت ضرور ھی چنانچہ بعض رئیسان شہر بہار نے پٹنہ میں سکرٹری سے درخواست کی کہ ایک دفعہ وھاں بھی جاکر اسپیچ کریں اور کچھہ شبہہ نہیں کہ وھاں کے لوگ جو بہت قوم دل اور نیک طینت ھیں اسکام کے لیئے دل سے مدد دینگے *

نمبر ۱۴۴

خط و کتابت

متعلق

مدرسۃالعلوم مسلمانان

ایک اور نئے صاحب مدرسۃالعلوم مسلمانان کے نہیں بلکہ ھمارے اور ھمارے سبب سے مدرسۃالعلوم مسلمانان کے مخالف حیدرآباد دکھن میں پیدا ھوئے ھیں اُن کے خطوط شمس الاخبار مدراس میں چھپتے ھیں اُنھوں نے اپنا لقب محمدی رکھا ھی جس سے شبہہ ھوتا ھی کہ وہ وھابی ھیں کیونکہ یہہ لقب اُسی فرقہ ضالہ کا ھی مگر غالباً وہ وھابی نہیں ھیں اسلیئے کہ وہ ھمکو وھابی بتلاتے ھیں اور مسلمانوں کو نصیحت کرتے ھیں کہ وھابی جو کام کرے اُس کی مدد کرنی نچاھیئے بعد اس کے وہ اپنی غلطی کے مقر ھوتے ھیں اور پھر ھمکو لامذھب قرار دیتے ھیں اور لوگوں کو نصیحت کرتے ھیں کہ ھمسے پرحذر رھیں ھمنے اُنکی تحریرات دیکھہ کر ایڈیٹر صاحب شمس الاخبار کے نام ایک خط لکھا ھی جو ھماری دانست میں معقول ھی اور غالباً منصف مزاج آدمی بھی اُس کو پسند کرینگے اسلیئے اُس خط کو ھم اس مقام پر بھی نقل کرتے ھیں *

نقل خط

مخدوم و مکرم بندہ ایڈیٹر شمس الاخبار مدراس سلمہ‌اللہ تعالی

بعد سلام مسنون التماس یہہ ھی کہ میں آپکے اخبار میں محمد یسین خاں صاحب کے اور ایک کسی دوسرے صاحب مقیم حیدرآباد کے خطوط نسبت مدرسۃالعلوم مسلمانان کے دیکھتا ھوں اور اخبار مطبوعہ نمبر ۱۹ میں بھی اُنکا خط دیکھا ھی وہ ارقام فرماتے ھیں کہ جو کچھہ وہ لکھتے ھیں بنظر بھبودی اھل اسلام لکھتے ھیں نہ میری عداوت سے کیونکہ اُنھوں نے مجھے دیکھا بھی نہیں ھی میں بھی اُنکی اسبات کو تسلیم کرتا ھوں اگرچہ اُنکو وہ خیالات جو انھوں نے بدلایل و براھین خیالیہ میری نسبت قایم کیئے ھیں خود اُنکی تحریر کے منافی ھیں لیکن جو کہ نہ میں کسی کا دشمن ھوں اور نہ کسیکو اپنا دشمن سمجھتا ھوں تو میں ایسے بزرگ کو جو خود فرمارے کہ مجھے عداوت نہیں میں کیوں اپنا عدو سمجھوں *

میری عادت کسی کی تحریر کے جواب دینے کی نہیں البتہ جو لوگ کہ درحقیقت بلا تعصب اور بلا نفسانیت صرف قومی بھلائی کی غرض سے کچھہ کہتے ھیں اُنکا جواب دینے میں اپنی عزت سمجھتا ھوں حیدرآبادی صاحب کا یہہ قول ھی کہ وہ بھی اسی نظر سے کہتے

ھیں اسلیئے ایک بات جو میرے نزدیک معقول اور قول فیصل ھی اُنکی اطلاع کے لیئے لکھنا چاھتا ھوں *

مجھے افسوس ھی کہ اُن صاحب نے قومی معاملات اور شخصی بحث کو گڈ مڈ کردیا ھی اگر ھم ان دونوں باتوں میں تمیز نکرینگے تو قومی بھلائی کی توقع منقطع ھوجاویگی *

ھندوستان میں غالباً مسلمانوں کے چار فرقہ ھیں شیعہ بدعتی اور وھابی چوتھا فرقہ میںنے اُن لامذھب بے دینوں کا گن لیا جنمیں اُن حیدرآبادی صاحب نے مجھکو اور میرے دوستوں کو اور جو ھماری تائید کرے اُس کو شمار کرلیا ھی — اب جو کوئی شخص مسلمانوں کی بھلائی و بہتری میں کوشش کرنے کو آمادہ ھوگا وہ انھیں میں سے کوئی ھوگا — اب فرض کرو کہ بدعتی فرقہ میں سے ایک شخص اس کام کے لیئے آمادہ ھوا تو اس کی نسبت وھابی اور شیعہ اور وہ چوتھا فرقہ ضالہ اُسی قسم کی باتیں کہیگا جو حیدرآبادی صاحب ھماری نسبت کہتے ھیں اور اگر کوئی وھابی اس کام کے لیئے کھڑا ھوا تو خدا کی پناہ حیدرآباد ھی سے لعنت ملامت سننے سے فرصت نہ ملیگی اور اگر کوئی شیعہ کھڑا ھوا تو جو اس کا حال ھوگا آپ خیال کرسکتے ھیں اور اگر کوئی چوتھے فرقہ کا گمراہ آن کھڑا ھوا تو بجز سنگسار کرنے کے اور کچھہ نہوگا اور نتیجہ اُس شخصی بحث کا یہہ ھوگا کہ قومی بھلائی معدوم ھوجاویگی اور ھماری قوم اُسی ذلت و خواری میں پڑی رھیگی جسمیں اب ھی پس قومی معاملات میں شخصی بحث کرنا اھل اسلام کی بھلائی میں داخل نہیں ھی بلکہ سخت دشمنی ھی *

مدرسۃالعلوم قومی مدرسہ ھوگا جسمیں عموماً ھر فرقہ کے لوگ تعلیم پاوینگے اگر میرے ذاتی مذھب اور میرے ذاتی خیالات پر بحث کی جاویگی تو ایک دن بھی کام نہیں چل سکیگا پہلے بسم‌اللہ شیعہ فرماوینگے کہ اُس کا بانی ایک سنّی کافر ناصبی دشمن اھل بیت ھی [نعوذ باللہ منہا] اس سے ڈرو اور کبھی شریک مت ھو پس جسطرح کہ شیعہ مجھکو راہ حق پر یقینی نہیں سمجھتے سنّی بھی نہ سمجھیں اور میرے ذاتی عقاید اور مذھب اور خیالات اور رائے سے بحث نکریں بلکہ جو قومی معاملات ھیں اُن پر قومی معاملات کیطرح بحث کریں — وہ دیکھیں کہ کمیٹی میں جو لوگ ممبر ھیں اُنمیں شیعہ اور وھابی اور بدعتی اور بے دینے سب داخل ھیں یا نہیں *

وہ دیکھیں کہ دنیاوی علوم کی تعلیم جو تمام قوم کے لیئے تجویز کی گئی ھی اور جسکے بغیر دنیاوی عزت اور دولت اور قومی ترقی غیر ممکن ھی وہ تمام قوم کے مناسب ھی یا نہیں *

شیعوں کو دیکھنا چاھیئے کہ جو مذھبی تعلیم اُنکے لیئے تجویز ھوئی ھی وہ اُنکے مذھب کے مطابق ھی یا نہیں *

سنیوں کو یہہ دیکھنا چاھیئے کہ جو مذھبی تعلیم اُن کے لیئے تجویز ھوئی ھی وہ اُنکے مذھب کے مطابق ھی یا نہیں— سید احمد کے مذھب اور اُسکے عقاید اور خیالات سے اُنکو کیا مطلب ھی — ورنہ مجھکو تو جو قومی بھلائی کے لیئے کوشش کرنے کا دعوی کرتا ھوں بڑی مشکل پڑے گی شیعوں کے خوش کرنے کو مجھے شیعہ ھونا پڑیگا بدعتیوں کے خوش کرنے کو بدعتی اور وھابیوں کے خوش کرنے کو وھابی اور بیدینوں کے خوش کرنے کو بےدین — پس ایسی آفت کس سے سہی جاسکتی ھی *

اگر حیدرآبادی صاحب درحقیقت اھل اسلام کے خیر خواہ ھیں اور کسی سے کچھہ عداوت ذاتی یا مذھبی نہیں رکھتے وہ ھماری ذاتی بحث سے ھمکو معاف فرماویں اور نہ کسی ھمارے خاص عقیدہ یا راے کو مدرسۃالعلوم کے کار بار سے متعلق کریں اپنا نام ھمکو پتلاویں ھم سے خط و کتابت جاری کریں تمام روئدادیں کمیٹی کی ھم سے طلب کریں اور جو تجویز کمیٹی کی نسبت مدرسۃالعلوم کے قرار پاوے اُس کو بغور دیکھیں اور جس تجویز کو برخلاف مذھب اسلام پاویں اُس پر بے تعصبی سے بحث کریں اُس کی اصلاح پر سعی فرمویں اور دیکھیں کہ کمیٹی کس احسان مندی سے اُنکی نصایح پر توجہ کرتی ھی سوائے اس کے اور کوئی طریقہ اختیار کرنا محض بیفائدہ ھی اور اسبات پر بحث کرنے سے کہ فلاں رافضی ھی اور فلاں وھابی اور فلاں بےدین و یا لامذھب کچھہ نتیجہ نہیں ھی یہہ تو بارہ سو برس سے ھوتی آئی ھی اور شاید یوں ھی ھوتی چلی جاویگی جبتک کہ وحدت کا زمانہ آویگا یہہ چند سچی اور سیدھی باتیں ھیں جو میںنے عرض کیں اب حیدرآبادی صاحب چاھیں قبول کریں چاھیں قبول نکریں و آخر دعوی ان الحمدللہ رب العالمین والسلام *

خاکسار
سید احمد

از بنارس ۱۷ مئی سنہ ۱۸۷۳ ع

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

No. XIII.
PROCEEDINGS.

Of the Meeting of the Mahomedan-Anglo Oriental College Fund Committee held on the 3rd May 1873.

PRESENT.

Mirza Mahomed Rahmatullah Beg.—*President.*

Munshi Syed Ali Hussan.
Munshi Subhan Hyder.
Moulvi Mahomed Arif.
Munshi Mahomed Yar Khan.
Syed Mahomed Hamid.
Moulvi Ashraf Husain Khan.
} *Members.*

Syed Ahmed Khan Bahadoor, C. S. I.—*Member and Secretary.*

The business of the Committee having commenced, the proceeding No. 12 of the Meeting held on the 14th April last, prepared under the signature of the Secretary and recorded in the book of proceedings, was inspected.

The Secretary then informed the Committee that agreeably to the directions contained in the proceedings of the last Meeting, he submitted the abstract of the proceedings of the said Meeting to the Mombers of the Committee, and invited their opinion as regards the establish-

روئداد

اجلاس ممبران مجلس خزنتہ الیضاعتہ لتاسیس
مدرستہ العلوم للمسلمین منعقدہ
۳ مئي سنہ ۱۸۷۳ ع *

نمبر ۱۳

صدر انجمن

مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب

ممبران موجودہ

منشي سید علي حسن صاحب
منشي سبحان حیدر صاحب
مولوي محمد عارف صاحب
منشي محمد یار خاں صاحب
سید حمد حامد صاحب
مولوي اشرف حسین خاں صاحب

سکرٹري

سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي ©

اجلاس شروع ہوا روئداد اجلاس منعقدہ ۱۲ اپریل سنہ ۱۸۷۳ ع نمبري ۱۲ جو بدستخط سکرٹري مرتب اور کتاب روئداد میں مندرج تھي ملاحظہ ہوئي ©

سکرٹري نے اطلاع کي کہ مینے بموجب روئداد اجلاس گذشتہ کي انتخاب روئداد بمراد طلب راے نسبت اجراے مدرسہ ھاے ماتحت ممبران کمیٹي کے خدمت میں بھیجي تھي اور یہہ درخواست کي تھي کہ قبل یکم مئي اسکا جواب آجانا چاھیئے منجملہ ممبران کي صرف اونیس ممبروں کے پاس سے جواب آئي ھیں جوکہ کمیٹي کے سامنے پیش کرتا ھوں ©

ment of subordinate schools with the request that their opinions might be sent to him before the 1st of May; and that of all the members, 19 had already sent in their opinions which he begged to lay before the Meeting.

The Members named in the margin have expressed their full concurrence in the opinion of the President as laid before the last Meeting; while the others whosenames are also given in the margin are of opinion that subordinate schools ought to be opened as soon as practicable, and that their establishment should not be made to depend upon the construction of a school building, which might be constructed after the commencement of the school when a sufficient amount of subscription had been collected for the purpose.

Meer Syed Zahoor Husain.
Syed Mahomed Ahmed Khan.
Moulvi Syed Mehdi Ali.
Nawab Mahomed Hussan Khan.
Sheikh Faiyaz Ali.
Nawab Mahomed Faiz Ali Khan, Bahadoor, C. S. I.
Moulvi Mahomed Amanat-ullah.
Sheikh Khair-ud-din Ahmed.
Moulvi Ashraf Husain Khan.
Syed Ali Hussan.

Nawab Ahmed-ullah Khan.
Hazarat Moulvi Syed Imdad Ali.
Moulvi Enayat Rasool.
Moulvi Fazal Ahmed.
Syed Meer Padshah.
Munshi Mahomed Zaka-ullah.
Moulvi Mahomed Sami-ullah Khan.

Munshi Mahomed Zakaullah and Moulvi Mahomed Samiullah have also added, that these subordinate schools should be established only at such places where there is sanguine hope of obtaining subscription for the construction of a School building.

Meer Syed Turab Ali has given no decisive

میر سید ظہور حسین صاحب
سید محمد احمد خاں صاحب
مولوي سید مہدي علي صاحب
نواب محمد حسن خاں صاحب
شیخ فیاض علي صاحب
نواب محمد فیض علیخاں بہادر سي ایس آئي
مولوي محمد امانت‌الله صاحب
شیخ خیرالدین احمد صاحب
مولوي اشرف حسین خاں صاحب
سید علي حسن صاحب

ان تمام ممبروں نے رای صدر انجمن صاحب سے جو اجلاس گذشتہ میں پیش ہوئي تھي بلا کسي اختلاف کے اتفاق رای کیا ہی ۞

نواب احمدالله خاں صاحب
حضرت مولوي سید امداد علي صاحب
مولوي عنایت رسول صاحب
مولوي فضل احمد صاحب
سید میر بادشاہ صاحب
منشي محمد ذکاءالله صاحب
مولوي محمد سمیع‌الله خانصاحب

ان ممبروں نے بھي اسبات سے کہ مدرسہ ہای ماتحت جسقدر جلد ممکن ہو جاري کیئي جاویں اتفاق کیا مگر اونکي یہہ راي ہی کہ مدرسہ ہای ماتحت کا جاري کرنا تعمیر مکان مدرسہ پر مشروط اور منحصر نہ رکھا جای بلکہ مدرسہ ہای ماتحت جاري کیئي جاویں اور جب کبھي چندہ فراہم ہو اوسوقت مکان مدرسہ تعمیر کیا جای منشي محمد ذکاءالله صاحب اور مولوي محمد سمیع‌الله خاں صاحب نے اسقدر اور زیادہ کیا ہی کہ مدرسہ ہای ماتحت اوسي مقام میں جاري ہوں جہانکہ بعد اجراي مدرسہ تعمیر مکان کا چندہ فراہم ہو جانے کي اُمید قوي ہو ۞

میر سید تراب علي صاحب نے کوئي رای صاف نہیں دي یہہ لکھا

opinion. He states that it would be well if the Committee would found a subordinate school at an expense of Rs. 1,000 at the outset, and at about Rs. 60 or 50 per month.

Munshi Mahomed Masoodshah Khan differs entirely from the above views. His letter on the subject, which deserves due consideration, was read before the Meeting by the Secretary, and it is as follows :—

Letter from Munshi Masood Shah Khan.

"I can notas yet advise the Committee to open subordinate schools which, in my opinion, under the existing circumstances, would be productive of such evils as it would be difficult to amend hereafter. It is true that subordinate schools ought certainly to be opened before the College is established ; but the time for this is, as yet, far off. Such ideas should never be entertained until (500,000,) five lacs of Rupees have been collected for the exclusive benefit of the College ; if not, the helping force of our supporters, which is now concentrated on one point, will of itself be divided.

We ought of course to encourage those people who desire to have schools according to the system proposed by us ; but to render them any pecuniary assistance, or to take them under our own protection, is what I can by no means advise the Committee to do at least at present.

In conclusion I request the College Fund Committee to see what annual income it has secured which it is now thinking of spending. I wish that the subject may be decided after due and careful consideration ; because I, as well as others who have the well-being of the Mahomedans at heart, believe that this proceeding will cause much harm."

هی کہ اگر هزار روپیہ کے لاگت میں اور پچاس ساٹھہ روپیہ ماهواري خرچ میں کوئي مدرسہ ماتحت جاري هوسکے تو بہتر هوگا ۞

منشي محمد مسعود شاہ خاں صاحب نے بالکل اختلاف کیا هی اور اونکا خط جو اِسباب میں آیا هی اور جو بلا شبہہ کافي توجہہ کے لایق هی بجنسہ کمیٹي کے سامنے پڑھتا هوں اور وہ یہہ هی ۞

† خط محمد مسعود شاہ خاں صاحب

میں بالفعل کمیٹي کو ماتحت مدرسوں کے قایم کرنے کي صلاح نہیں دیتا میري سمجھہ میں اِسوقت اِنکے جاري کرنے سے خرابیاں پیدا هونگي جنکي اِصلاح شاید مشکل هوگي یہہ سچ هی کہ مدرسۃالعلوم سے پہلے ماتحت مدرسونکا جاري هونا لا بد هی مگر ابھي وہ زمانہ نہیں آیا جب تک کہ پانچ لاکھہ روپیہ خالص چندہ دارالعلوم کا فراهم نہو جاوے ایسا ارادہ نکرنا چاهیئے ورنہ هماري معاونوں کي مجموعي قوت خود بخود متفرق هو جاویگي ۞

جو لوگ کہ هماري تجویزوں کے موافق مدرسہ جاري کریں اونکو غیبت دلانا چاهیئے مگر روپیہ سے اونکي امداد کرنا اور اونکو اپنے حمایت میں لینا بالفعل میں پسند نہیں کرتا ۞

اخیر عرض میري یہہ هی کہ ذرا کمیٹي خزنتہالبضاعتہ اِسبات پر نظر کرے کہ اوس نے کسقدر سالانہ آمدني پیدا کر لي هی جو اوسکے خرچ کي فکر میں هی میں چاهتا هوں کہ اِس معاملہ کا تصفیہ نہایت احتیاط سے کیا جاوے کیونکہ میرے سمجھہ میں اور اور

† بعد اِجلاس کمیٹي کے جناب سید باقر علي خاں صاحب رئیس پنڈراول اور منشي محمد مشتاق حسین صاحب کے اور اور دو ایک ممبروں کي خط آئي جنہوں نے اِجرای مدارس ماتحت سے حسب تجویز اِجلاس گذشتہ اِختلاف کیا هی ۞

بہت سے لوگوں کي سمجھہ میں جو مسلمانوں کي بہتري کے خواہاں ھیں اِس کارروائي سے بہت کچھہ ھرج واقع ھوگا ۞

Munshi Subhan Hyder then addressed the Meeting and observed that the first thing to be determined was, whether, under the rules framed for the conduct of the Committee, the decision of the question under consideration rested with the majority of all the members of the Committee, or whether the members now present were empowered to settle it finally.

منشي سبحان حیدر صاحب نے کھڑے ھوکر کمیٹي سے کہا کہ اول اِسبات کا تصفیہ کیا جای کہ جو امر مباحثہ میں پیش ھی اوس کا تصفیہ بموجب قواعد کارروائي کمیٹي کي جملہ ممبران کمیٹي کي کثرت راي پر منحصر ھی یا ممبران موجودہ کو اوسکي تصفیہ قطعي کا اختیار ھی ۞

The book containing the rules for the guidance and conduct of the Committee was then produced, and it was held that the members present at a Meeting of Committee were fully empowered by Rule 28 to give a decisive vote as regards points that did not relate to an amendment or cancelment of the rules; and that therefore the present members were fully competent to decide the question that was laid before them.

اِس پر قواعد کارروائي کمیٹي پیش ھوئي اور اِس بات پر اتفاق راي ھوا کہ جو امور ترمیم یا تنسیخ قواعد کارروائي کمیٹي سے علاقہ نہیں رکھتے اوسکي تصفیہ قطعي کا بموجب دفعہ ۲۸ قواعد کارروائي کمیٹي کي صرف ممبران شریک اِجلاس کو اختیار کامل حاصل ھی اور اسلیئے جو امر کہ پیش ھی اوسکي تصفیہ قطعي کا ممبران موجودہ کو اختیار کامل ھی ۞

The question under consideration was now discussed, whereupon Munshi Subhan Hyder said that his friends, the members present in the Meeting, remember perhaps that differing from the opinion of the members at the last Meeting, he had suggested that all the members of the Committee should be referred to on the subject; that he thought the result had been good; that the views of Munshi Masood Shah Khan undoubtedly deserved due consideration; that Munshi Masood Shah Khan's opinion that the income accruing from the fund collected for the benefit of the Mahomedan College should not be divided, but that it ought to be reserved entirely for its welfare, was most sound; and that he fully concurred in it. He further observed, that if sub-schools could be founded without

بعد اِسکے امر پیش شدہ پر مباحثہ شروع ھوا منشي سبحان حیدر صاحب نے کہا کہ میرے دوست ممبران موجودہ کو یاد ھوگا کہ گذشتہ اِجلاس میں میں نے ھي ممبران شریک جلسہ کے راي سے اِختلاف کیا تھا اور یہہ راي دي تھي کہ جملہ ممبران کمیٹي سے اِسباب میں صلاح لي جاوے میں دیکھتا ھوں کہ اوسکا نتیجہ عمدہ ھوا ھی منشي مسعود شاہ خاں صاحب کي راي بلا شبہہ مستحق کافي توجہہ کمیٹي کي ھی اونکي یہہ راي ھی کہ مدرستہ‌العلوم کے سرمایہ سے جو آمدني ھو وہ متفرق نکي جاوے بلکہ وہ اوسي مدرسہ کے سرمایہ کي تقویت و ترقي کے لیئے رھے نہایت عمدہ ھی اور مجھکو اونکے اِس تجویز سے اِتفاق کلي ھی لیکن اگر مدرسہ ھای ماتحت کا اِجرا اِسطرح پر ممکن ھو کہ ھمارے مدرستہ‌العلوم کے کار بار میں بھي کچھہ ھرج نہ پڑے اور اوسکي سرمایہ کي آمدني کا روپیہ بھي متفرق نہو تو مجھکو مدرسہ ھای ماتحت کے جاري ھونے میں کچھہ عذر نہیں

obstructing the progress of the Mahomedan College, and without interfering with the income arising from the funds collected for it, he had no objection to the establishment of such sub-schools.

Munshi Mahomed Yarkhan supported the above view, and Munshi Syed Ali Hussan, Moulvi Ashraf Husain Khan, Syed Ahmed Khan Bahadoor, and the President expressed their concurrence in it.

Syed Mahomed Hamid then addressed the Meeting, and said that he differed from the opinion set forth above ; that, in his opinion, if the income intended for the Mahomedan College were applied to the establishment of minor schools until such time as the College could be founded, a great stimulus would be imparted thereby in raising subscriptions for the College, in inducing people to establish it earlier than they otherwise would do, and in preparing pupils for it ; and that if the Committee abstained from rendering such assistance, the establishment of sub-schools would be a matter of difficulty.

Moulvi Mahomed Arif concurred with Syed Hamid, but with reference to the opinion of the majority of the members, the following Resolution was passed.

RESOLUTION.

"That the income arising from the College Fund shall not be spent in any sub-school, but, as far as may be practicable, shall be employed in increasing the College Fund."

After this, with the consent of the Committee, the following Resolutions regarding the

منشي محمد يار خان صاحب نے اِس راى كي تائيد كي اور منشي سيد علي حسن صاحب اور مولوي اشرف حسين خان صاحب اور سيد احمد خان صاحب سكرٹري نے بحيثيت ممبري اور صدر انجمن نے اِس راى سے اِتفاق كيا ۞

سيد محمد حامد نے بيان كيا كہ مجھے اِس راى سے اختلاف هى سرمايۂ مدرسةالعلوم كي آمدني تا قيام مدرسةالعلوم اگر مدرسة هاى ماتحت ميں دي جاوے گي تو اوس سے خود مدرسةالعلوم كے چندہ كو اور اوسكے جلد قايم هونے پر لوگوں كي رغبت كو اور اوس كے لئے طالبعلموں كے موجود هونے كو بڑي مدد ملے گي اور اگر كميٹي اوس امداد سے هاتھہ كھينچے گي تو مدرسة هاى ماتحت كا قايم هونا مشكل هوگا ۞

مولوي محمد عارف صاحب نے سيد محمد حامد صاحب كي راى سے اتفاق كيا ۞

مگر بلحاظ كثرت راى ممبران كے رزولوشن مفصلہ ذيل كثرت راي سے منظور كيا گيا ۞

رزولوشن

"منافع جو سرمايہ مدرسةالعلوم سے حاصل هو وہ كسي مدرسہ ماتحت ميں خرچ نهو بلكہ جهاں تك ممكن هو اوس منافع سے اضافہ سرمايہ مدرسةالعلوم كي تدبير كي جاوے فقط ۞

بعد اِس كے باتفاق راى كميٹي واسطے قايم كرنے مدرسة هاى ماتحت اور طيار كرنے سلسلہ كتب درسيہ كي مفصلہ ذيل رزولوشن منظور هوئي ۞

establishment of sub-schools and the preparation of a systematic course of studies, were passed.

RESOLUTION I.

"That this Committee shall not interfere in establishing any sub-school unless the people of the locality where such sub-school is desired, shall put in possession of the Committee a special fund sufficient for the construction of a School Building."

RESOLUTION II.

"That this Committee shall not interfere in establishing any sub-school unless the people of the locality where such school is desired, shall pay a monthly subscription which when added to the estimated amount of fees collected from well-to-do students, and to the sum that Government may grant under the Grant-in-aid rules, will be sufficient to pay the monthly establishment of the School."

RESOLUTION III.

"That the income accruing from the fund collected for the Mahomedan College shall be applied to the work of compiling, writing, and printing such books as shall be taught in the Mahomedan Anglo Oriental College and sub-Schools; that the price of the books and the profits thereof shall be added to the principal fund, so that reading books may be readily procurable, and the amount of income may also be raised."

RESOLUTION IV.

"That in carrying out the above Resolutions the Secretary be allowed to lay before the Committee for their approval a plan of School Build-

رزولوشن اول

جب تک اوس نواح کے لوگوں سے جہاں مدرسہ ماتحت جاري کرنا مد نظر ہو إسقدر سرمایہ خاص جمع ہوکر کمیٹي کي قبضہ میں نہ آجاوے جس سے تعمیر مکان مدرسہ ممکن ہو اوس وقت تک ہماري کمیٹي کسي مدرسہ ماتحت کي قایم کرنے میں دست‌انداز نہ ہو ۞

رزولوشن دویم

جب تک کہ اوس نواح کے لوگ جہاں مدرسہ ماتحت جاري کرنا مد نظر ہو إسقدر ماہواري چندہ نہ مقرر کر دیں جس سے بشمول تخمیني آمدني فیس طالبعلمان مستطیع اور بشمول اوس روپیہ کے جو گورنمنٹ سے بقاعدہ گریٹ ان ایڈ کي مرحمت ہونا متصور ہو ماہواري إخراجات مدرسہ ماتحت چل سکیں اوس وقت تک ہمارے کمیٹي کسي مدرسہ ماتحت کے قایم کرنے میں دست‌انداز نہو ۞

رزولوشن سویم

منافع سرمایہ مدرسۃالعلوم تالیف و تصنیف اور چھاپنے اون کتابوں میں صرف کیا جاوے جو مدرسۃالعلوم اور مدرسہ ہای ماتحت میں پڑھائي جاوینگے اور اونکي قیمت اور منافع جو اون سے حاصل ہو اسي سرمایہ میں جمع کیا جاوے تاکہ کتب درسي بھي موجود ہو جاوے اور زر منافع میں بھي ترقي ہو ۞

رزولوشن چہارم

اِن تجویزوں کي تعمیل کے لیئے سکرٹري کو اجازت ہو کہ ایک نقشہ مکان مدرسہ ماتحت کا معہ اوسکي تخمینہ کے پیش کرے تاکہ

ing together with an estimate of costs so that the Committee may know what such building will cost."

کمیٹي اوس نقشہ کو پسند کرے اور یہہ بھي کمیٹي کو معلوم ہو کہ عمارت مکان مدرسہ ماتحت میں کس قدر روپیہ خرچ ہوگا ۞

RESOLUTION V.

"That the Secretary request Moulvi Mahomed Kasim and Moulvi Mahomed Yakoob to prepare religious books bearing upon the Sunni faith, for a course of studies to be taught in the sub-Schools."

رزولوشن پنجم

سکرٹري کو اجازت دي جاوے کہ واسطے ترتیب و درستي کتب مذہب اہل سنت و جماعت کے جو قابل درس مدرسہ ماتحت ہوں مولوي محمد قاسم صاحب اور مولوي محمد یعقوب صاحب سے درخواست کرے ۞

RESOLUTION VI.

"That Khalifa Syed Muhomed Hussan be requested to undertake the work of preparing religious books bearing upon the Shia faith, for a course of studies to be taught in the sub-Schools, with the help of men learned and well versed in the Imamia faith."

رزولوشن ششم

اور اہتمام ترتیب و درستي کتب مذہب شیعہ امامیہ کا خلیفہ سید محمد حسن صاحب ممبر کمیٹي کے سپرد ہو کہ وہ بذریعہ علماي مذہب امامیہ کے کتب مذہبي جو قابل درس مدرسہ ماتحت ہوں ترتیب فرماویں ۞

RESOLUTION VII.

"That the work of selecting and fixing upon books on Arithmetic, Algebra, Euclid, the History of India, and Geography, be entrusted to Munshi Zaka-ullah."

رزولوشن ہفتم

اور ترتیب و درستي کتب حساب جبر مقابلہ اور اقلیدس اور تاریخ ہندوستان و جغرافیہ منشي محمد ذکاءاللہ صاحب کے سپرد کیا جاوے ۞

RESOLUTION VIII.

"That the Secretary be requested to select and prepare books in Persian and Urdoo Literature."

رزولوشن ہشتم

اور ترتیب و درستي کتب علم ادب زبان فارسي و اردو خود سکرٹري کے سپرد ہو ۞

RESOLUTION IX.

"That Moulvi Mahomed Sami-ullah Khan be requested to select a course of Arabic Literature."

رزولوشن نہم

اور ترتیب و درستي کتب علم ادب زبان عربي مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب کے سپرد کیا جاوے ۞

RESOLUTION X.

"That the selection of a course of studies in English Literature be entrusted to Syed Mahmood Esquire, and that he be requested to prepare, after consultation with his learned friends, such a course of studies in English as shall impart to the pupils knowledge equal to that required from the students of the Entrance class in Government Colleges."

RESOLUTION XI.

"That the Secretary to the Committee should from time to time, lay before the Committee an estimate of the expenses required for the selection and printing &c. of all such books."

Thanks were then offered to the President; and the Meeting dissolved.

SYED AHMED,
Life Secretary,
M. A. O. C. F.
Committee,
Benares.

رزولوشن دهم

اور ترتیب و درستي کتب علم ادب زبان انگریزي سید محمد محمود صاحب کے سپرد هو کہ وہ بصلاح اپنے اور دوستوں اور عالموں کي ایسا سلسلہ انتخاب کریں جس سے طالبعلموں کو زبان انگریزي میں اِسقدر لیاقت اور اِستعداد حاصل هو کہ گورنمنٹ کالجوں کي انٹرنس کے امتحان کي مساوي هو ۞

رزولوشن یازدهم

سکرٹري کمیٹي اِن تمام کتابوں کي ترتیب و درستي و چھاپہ کے اِخراجات کا تخمینہ وقتاً فوقتاً کمیٹي میں پیش کرتا جاوے ۞

بعد اِسکے شکریہ صدر انجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست هوئي فقط ۞

دستخط
سید احمد خاں بهادر سي ایس آئي
لیف سکرٹري کمیٹي خزنتہ البضاعتہ

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم جمادي الاول سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

مسلمانوں میں سے جو شخص ساٹھہ روپیہ سالانہ پیشگي بطور چندہ دے وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں ممبر متصور ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

ممبروں کو بلا قیمت یہہ پرچہ ملیگا اور اُن کو اُس کي تقسیم کا بھي بلا قیمت جسکو وہ چاہیں اختیار ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۴۵

عزت

عزت ایک اچھا خیال ہی جو انسان کی خود اختیاری اچھی حالتوں کے سبب سے اُس کی بڑائی کی نسبت دل میں پیدا ہوتا ہی عام اس سے کہ وہ حالتیں علمی ہوں یا عملی قولی ہوں یا فعلی باطنی ہوں یا ظاہری لازمی ہوں یا متعدی پس جو انسان جسقدر اپنی حالتوں کو درست کریگا اور جتنا اچھے خیالوں اچھی باتوں اچھے کاموں اچھی عادتوں سے موصوف ہوگا اُتنی ہی عزت کا مستحق ہوگا *

عزت ہی وہ شی ہی جسکے حاصل کرنے کا شوق انسان سے بڑی بڑی سخت محنتیں کراتا ہی اور اُسے بڑے بڑے رنج دیتا ہی اور جب وہ حاصل ہوجاتی ہی تو انسان اپنی زندگی بڑی خوشی سے کاٹتا ہی سارے رنج و غم بھول جاتا ہی انسان مرجاتا ہی اُس کی ہڈیاں خاک ہوجاتی ہیں اُس کی خاک کا نشان بھی نہیں ملتا پر اُس کی عزت نہ مرتی ہی نہ خاک ہوتی ہی ہمیشہ قایم اور برقرار رہتی ہی اور در حقیقت موت کی گمنامی سے محفوظ رکھہ کر انسان کو زندہ جاوید رکھتی ہی *

عزت در حقیقت ایک نتیجہ اچھے کمالات کا اور ایک ثمرہ عمدہ صفات کا ہی اسلیئے جب تک کوئی کسی کمال سے مکمل اور کسی صفت سے موصوف نہ ہو وہ عزت کا مستحق نہیں ہوسکتا اور اسیطرح جو اچھے کمال کا جامع اور اچھی صفت سے متصف ہو وہ عزت کے استحقاق سے محروم نہیں رہتا *

انسان کے اچھے خیال اچھی باتیں اچھے کام عزت کو ایسا کھینچ لیتے ہیں جیسا کہ مقناطیس لوہے کو یا کہربا گھاس کو وہ کسی سے اپنی بزرگی و عزت کا طالب نہیں ہوتا مگر لوگ خود بخود اُس کی عزت کرتے ہیں وہ کسی سے اپنی تعریف نہیں چاہتا مگر سب اُسکی صفت خود کرتے ہیں کیونکہ انسان کی اچھی حالتوں کا یہہ قدرتی خاصہ اور ذاتی تاثیر ہی جسے کوئی تبدیل نہیں کرسکتا پر جو شخص اچھے خیال رکھتا ہی اچھی صفات کا جامع ہوتا ہی وہ خود اپنے آپ کو اچھا جانتا ہی اپنی آپ عزت کرتا ہی وہ مغرور تو نہیں ہوتا مگر اپنے آپ کو سچی عظمت میں جانتا ہی وہ کمینہ آدمی کی طرح جھوٹی شیخی تو نہیں رکھتا مگر ممدوح خود داری کا خیال رکھتا ہی اُس کا دل اُس سچی عزت اور ممدوح خود داری کے سبب سے ایک پر رعب شاہنشاہ کی مانند ہوتا ہی جسے اپنی شاہنشاہی پر خود ناز ہو اسیواسطے وہ مخالفوں کے ذلیل کیئے سے اپنے آپ کو ذلیل نہیں جانتا وہ دشمنوں کے حقیر کہہ دینے سے اپنی حقارت نہیں سمجھتا اُس کا دل ایک سچے آب دار موتی کے موافق جوہری کا طالب تو ہوتا ہی مگر جھوٹے موتی کی جھوٹی چمک دکھانے سے اپنی بے آبروئی نہیں سمجھتا وہ لعل بدخشانی کی طرح سلطانی تاج کی خواہش تو رکھتا ہی مگر کسی نادان مفلس کے پھینک دینے سے اپنی بے قدری نہیں جانتا در حقیقت سچی عزت ایک قدرتی چشمہ کے موافق ہوتی ہی جسے کوئی خس و خاشاک روک نہیں سکتا اور ایک روشن آفتاب کی مانند ہوتی ہی جسکی نورانی شعاعوں کو کوئی شپرہ چشم بند نہیں کرسکتا *

جو شخص کسی قوم میں ایسی عزت کا مستحق ہو وہ در حقیقت اُس قوم کا سہیل ہی جو اپنی قوم کے دلوں کو اپنے روشن خیالات کی برکت سے ساری غلاظتوں اور کثافتوں سے پاک صاف کرکے ادیم یمنی کی طرح معطر اور منور کردیتا ہی یا وہ نسیم بہاری کی خاصیت رکھتا ہی کہ اپنے نرم و لطیف روح افزا جھونکوں سے اپنے ملک کو باغ ارم بنا دیتا ہی جس قوم میں کوئی ایسا شخص نہ ہو وہ ہارون کا ایک گلدستہ ہی جس میں کوئی پھول نہ ہو یا ریت کا ایک چٹیل میدان ہی جس میں کوئی بارور سایہ دار درخت نہو *

عزت کی خوبی جو کچھہ ہم بیان کریں وہ کم ہی لیکن جبکہ وہ موقوف ہی انسان کی اچھی حالتوں پر تو ہمکو اچھائی برائی کی تحقیق کے اصول بھی بیان کرنا ضرور ہی تا کہ ہم اصلی عزت کا ادراک کرسکیں ورنہ جب ہم دیکھتے ہیں کہ بعضے خیال بعضے کام کسی ایک قوم یا کسی ایک فرقہ یا کسی ایک شخص کے نزدیک اچھے سمجھے جاتے ہیں اور وہ عزت کے سبب تصور کیئے جاتے ہیں اور وہی خیال وہی کام دوسری قوم یا دوسرے فرقہ یا دوسرے شخص کے نزدیک برے سمجھے جاتے ہیں اور ذلت کے باعث ہوتے ہیں تو اگر اچھائی برائی کی تحقیق کے اصول اور اُن کے اختلافات ظاہر نہ کیئے جاویں تو اصلی عزت کی تنقیح بھی مشکل ہوجاوے *

اچھائی برائی کی تحقیق کے لیئے یہہ ظاہر تین اصول ہیں ایک عقل دوسرا شرع تیسرا عرف عام مگر در حقیقت اصل اصول ایک ہی ہی یعنی عقل اور شرع اگر سچی ہو تو وہ اچھائی برائی کی ظاہر کردینے والی ہی اور عقل اُس کی ثابت کردینے والی دونوں میں اختلاف نہیں ہی اور عرف عام جسے رسم و رواج کہتے ہیں وہ فی نفسہ کوئی چیز نہیں ہی مگر ہم تینوں سے کچھہ کچھہ بحث کرتے ہیں *

اکثر مذہبی لوگ دعوی کرتے ہیں کہ عقل سے اچھائی برائی کی تنقیح نہیں ہوسکتی نہ وہ مذہب کی بتائی ہوئی اچھائی برائی

کی حقیقت دریافت کرسکتی ھی مگر ھمارے نزدیک یہہ اُن کی سمجھہ غلطی ھی اور یہہ قول اُن کا عقل اور مذھب دونوں سے باطل ھوتا ھی کیونکہ مذاھب مختلفہ میں سے ایک سچے مذھب کا تحقیق کرنا اور پھر سچے مذھب کی سچی باتوں کو جھوٹی اور ملائی ھوئی لوگوں کی باتوں سے جدا کرنا عقل ھی کا کام ھی ورنہ ھر مذھب کی حقیقت اور مذھب کی ھر سچی جھوٹی بات کی تصدیق لازم ھو جیسے سوائے نادان کے کوئی نہ مانیگا پھر سچے مذھب کی خوبیوں کے دریافت کرنے کا عقل ھی ایک کامل ذریعہ ھی اور مذھب نے بھی عقل ھی سے کام لینے پر ھدایت کی ھی اقلاتعقلون اور إنما تذکرون کا خطاب عقل ھی کے سبب سے ھی انھم لایعقلون شیأ اور اولئک کالانعام کی جھڑکیاں عقل سے کام نہ لینی ھی کے باعث سے ھیں پس جو لوگ اچھائی برائی کی تحقیق یا اُس کی تسلیم سے عقل کو عاجز جانتے ھیں در حقیقت وہ انسان کی اُس قوۃ سے منکر ھیں جو خدا نے اُسے بھلائی برائی کے سمجھنے کے واسطے دی ھی اُن کے نزدیک حیوان اور انسان میں کچھہ فرق نہیں حقیقت میں ایسے لوگ خود نادان ھیں *

جو لوگ عقل کو حسن و قبح اشیاء کی تحقیق سے معطل جانتے ھیں اُن کو وہ اختلاف جو مذھبی باتوں اور عقلی تحقیقاتوں میں ھی اس خیال پر داعی ھوا ھی مگر اُن سے دو غلطیاں ھوئی ھیں ایک تو اُنھوں نے شخصی اور جزئی عقل کو پیش نظر رکھا اور عقل انسانی اور عقل کلی کو چھوڑ دیا دوسرے ظاھری اختلافات شرع اور عقل کو اپنی عقل کے نقصان کے سبب سے دور نکرسکے اور تحقیق اور تسلیم میں جو فرق بین ھی اُس سے بھی واقف نھوے ورنہ وہ ایسے غلط خیال میں نہ پھنستے اس لیئے اب ھم اُن کو بتاتے ھیں کہ ھماری مراد عقل سے عقل شخصی نہیں ھی بلکہ عقل انسانی ھی جو لوگوں کے تجربہ اور تحقیقات اور علم سے کامل ھوجاتی ھی اور ساری غلطیوں کو دور کردیتی ھی اور آخر سچی بات کو ایسا تحقیق کردیتی ھی کہ کوئی اُس سے انکار نہیں کرسکتا *

پھر مذھب کی اچھی باتوں کو گو اول عقل ظاھر نہ کرسکے مگر بعد ظاھر ھوجانے کے اُس کی اچھائی کو تسلیم کرسکتی ھی اگر تسلیم کی استعداد بھی اُس میں نھو تو ھمارے نزدیک تکلیف شرعی عبث اور عذاب و ثواب فضول ھوجاوے اور انسان کو ایمان کی تکلیف ایسی ھو جیسی کسی جانور کو صنعت اور حکمت کی تکلیف دینا معاذاللہ گو خدا ایسی تکلیف دے *

خود کسی بات کو تحقیق کرنے اور اُس کے تسلیم کرنے میں بڑا فرق ھی جسے ھم ایک ظاھری مثال سے بیان کرتے ھیں مثلاً خیال کرو کہ اقلیدس نامی ایک دانا حکیم تھا اُس نے چند شکلوں کو ایجاد کیا اور اس ترتیب اور مناسبت سے تحریر کیا کہ جس سے زیادہ ھونا ممکن نہیں اور اُن خطوط و نقوش میں اُن باتوں کا لحاظ رکھا کہ تمام انجنیری کاموں کا مدار اُس پر ھی تو اب خیال کرو کہ اُس کی تحقیق اور ھماری اُس کی صحت اور خوبی کی تسلیم میں فرق ھی یا نہیں درحقیقت بڑا فرق ھی گر ھر شخص بلکہ لاکھوں میں سے دس بیس بھی اُسکی سی ایجاد و ترتیب کی استعداد نہیں رکھتے مگر اُس کی صحت اور اچھائی کی تسلیم کی عقل سب کو ھی پس نادان ھی وہ جو ایسی تسلیم کرنے والی عقل سے منکر ھو *

الحاصل ھم اس بات پر یقین رکھتے ھیں کہ سچے مذھب نے ھمکو وھی باتیں بتائی ھیں جو فی نفسہ اچھی ھیں اچھے خیال ھمکو سکھاے اچھی باتیں ھمکو بتائیں اچھے کام کی ھمکو تاکید کی اور چونکہ ھماری عقل کو اُس کی اچھائی کے تسلیم کرنے کی استعداد اور اُس کی سمجھہ کی قوت ھی پس ھم اُسکی اچھائی کو جسے مذھب نے ظاھر کیا اپنی عقل سے ثابت کرسکتے ھیں اُسی طرح جیسے کہ اقلیدس کی کھینچی ھوئی شکلوں کی اپنی عقل سے تصدیق کرسکتے ھیں پھر ھماری عقل مذھب کی ظاھری باتوں اور ظاھری لفظوں سے اپنے خیالات کی اصلی پاکی و صفائی اُسی طرح کرسکتی ھی جس طرح کہ ھم اقلیدس کی لکیروں اور شکلوں سے بڑے بڑے کام انجنیری اور ریاضی کے اپنی سمجھہ بوجھہ کے کام میں لانے سے لے سکتے ھیں ھم اگر مذھب کی ساری باتوں کو یاد کرلیں اور اپنے خیال میں لکھہ لیں پر عقل سے اُس کی حقیقت کا ادراک نہ کریں تو ھماری مثال بمینہ ایسی ھوگی جیسے کہ ھم تحریر اقلیدس کے سارے خطوط و نقوش کو یاد کرلیں پر اُسکا مطلب سمجھہ کر اُس سے کچھہ کام نہ لیں اور اسبات کی تحقیق نہ کریں کہ اس شکل و خط کے کھینچنے والے کا اصلی مقصود ان لکیروں میں کیا تھا *

ھم اس بحث کو اس وقت نہیں بڑھاتے اور ان دونوں اصول کی موافقت پر زیادہ دلیل نہیں لاتے کیونکہ اسوقت ھمارا مقصود دوسرا ھی اسلیئے ھم اپنے اصلی مطلب پر رجوع کرتے ھیں اور کہتے ھیں کہ جس کسی نے اپنے خیالات اور اپنی باتوں کی اچھائی عقل سے ثابت کرلی تو وہ ضرور عزت کا مستحق ھوگا گو کہ جب تک اوروں پر اُس کی اچھائی ثابت نھو وہ اُس کی عزت نہ کرینگے لیکن اخر ایک روز اُس کی عزت ھوگی کیونکہ کوئی سچی بات جب ایکبار موقعہ ظاھر ھوجاوے رک نہیں سکتی کسی نہ کسی دن ظاھر ھوتی ھی *

بہت سے حکیم فلسفی دانا آدمی گذرے جنھوں نے بہت اچھی باتیں ایجاد کیں اُنکے خیالات اُن کے کام اچھے ھوئے مگر مدت تک پیچھے

عزت کے لوگوں نے اُن کی حقارت کی اور اُن کو ذلیل جانا اور اُن سے مخالفت پیش آئے مگر اُس سچی عزت نے جسکا خیال خود اُن کے دل میں تھا اُن کی خود عزت کی اور اُنھوں نے کسی دن آپ کو ذلیل ٹھجانا پر آخر جب اُن کے خیالات اور اعمال کی اچھائی ظاہر ہوئی تو مخالفوں نے اُن کی عزت کی اور اپنے آپ ہی کو حقیر جانا اور اپنے مخالفت پر نادم ہوئے پس جس بات کی سچائی اور اچھائی عقل سے ثابت ہو جاوے اُس کا حاصل کرنے والا سچی عزت کا مستحق ہوتا ہی *

اب ہم دوسرے اصول سے بحث کرتے ہیں یعنی شرع سے مذہبی باتوں کی اچھائی ثابت کرنا دو طرح سے ہوسکتا ہی ایک تو جھوٹے مذہبوں میں سے ایک سچے "مذہب" کی اچھائی پر یقین کرنا دوسرے جو سچا مذہب مان لیا جاوے اُس کی اصلی اور سچی باتوں کو تحقیق کرنا بغیر اس کے کوئی انسان مذہبی عزت کا مستحق نہیں ہو سکتا *

میں بہ نسبت اپنے مذہب اسلام کے جس کی سچائی اور اچھائی پر مجھے یقین ہی دوسرے امر سے کچھہ مختصر بحث کرتا ہوں کہ اب ہمارے زمانہ میں مذہبی عزت کا استحقاق کیونکر حاصل ہوسکتا ہی *

اس پر تو غالباً سب مسلمان متفق ہونگے کہ مذہب موجودہ امیزش سے غلط خیالات اور بے اصل باتوں کے خالی نہیں ہی اور جیسا اُسکے بانی نے ہمکو بتایا تھا ویسا ہی پاک صاف نہیں ہی اور تحقیق کی ضرورت ہی لیکن تحقیق کے اصول شاید مختلف ہیں ہمارے ہم مذہب کہتے ہیں کہ جو باتیں ابتک مذہب کے لوگوں نے بتائیں اور جیسا خیال خلفاً عن سلفاً چلا آیا اور جن کاموں کو مشہور مذہبی لوگ کرتے آئے اُن کی تقلید ہی اصلی مذہب کی اچھائی کے ثبوت کے لیئے کافی ہی اسواسطے وہ لوگ مذہبی عزت کے مستحق ہیں جو ویسے ہی خیال رکھتے ہوں ویسے ہی کام کرتے ہوں اور جو لوگ اُسکے مخالف ہوں وہ از روے مذہب کے ذلت کے مستحق ہیں چنانچہ اسی خیال سے لوگ اُن کی ذلت کرتے ہیں جو کہ اس اصول کو نہیں مانتے اور اپنے مذہبی خیال اور مذہبی چال میں اُن سے موافقت نہیں رکھتے ہمارے نزدیک وہ اس خیال میں معذور ہیں اور تارقتیکہ وہ اپنی غلطی خیال کے قائل نہوں ایسی تحقیر و تذلیل میں لایق صفر ہیں مگر ہمارے نزدیک یہہ سمجھہ اُن کی صحیح نہیں ہی کیونکہ سچے مذہب کی سچائی صرف اُسی وقت تک ہاتھ رہ سکتی ہی کہ سوائے ہاتھ مذہب کے دوسرے کا قول یا عمل مثل ہاتھ مذہب کے نہ مانا جاوے اور کوئی مثل اُس کے معصوم نہ تسلیم کیا جاوے کیونکہ جب ایسا ہوتا ہی تو اصل مذہب کی اصلی باتوں کو آدمی بھول جاتا ہی اور آہستہ آہستہ مذہب اورکاارر بلکہ اندھے کے ٹیڑھی لکیر ہوجاتا ہی یہہ ہم نہیں کہتے کہ مذہب کے جاننے والے یا اُس کے سچے طور پر ماننے والے نہیں ہوئے یا اُن کی باتوں سے ہمکو فائدہ نہیں پہونچا ہم بڑے ہی نامنصف اور نا شکر ہوں بلکہ نادان جو ایسا خیال کریں لیکن ہمکو اپنے مذہب کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھنا اور اُسی پر اپنی نظر اپنا خیال جمانا چاہیئے اور لوگوں کی تحقیقاتوں سے صرف استفادہ کرنا چاہیئے نہ کہ اُسکا کامل اتباع اور پوری تقلید کیونکہ جب ہم ایسا کرینگے تو وہ صاف نوراني شعاعیں مذہب کی ہمارے دل پر نہ پڑینگی جنکو مذہب نے ساري دنیا کے روشن کرنے کے لیئے ظاہر کیا ہی اور ہمارے خیال لوگوں کے حجاب اور پردہ کی آڑ سے تاریکی میں پڑجاوینگے کیونکہ سب مذہبوں میں ایسا ہی ہوا ہی اور اُسکی نشانیاں ہمارے مذہب میں بھی موجود ہیں *

پس ہمارے نزدیک مذہب بھی اُسی کی عزت کریگا جو کہ مذہب کی عزت کرے اور مذہب کی عزت یہہ ہی کہ وہ اپنی سچائی پر قایم رہے اس لیئے ہمارے نزدیک وہ لوگ مذہبی عزت کے مستحق ہیں جو کہ مذہب کی سچائی ظاہر کرنے اور اُسکی اچھائی ثابت کرنے پر مستعد ہوں اور جنکے مذہبی خیالات لوگوں کی پیروی سے جنکے مذہبی اعمال عامیوں کے چال چلن کی کثافتوں سے پاک و صاف ہوں *

جو لوگ مذہب کی جھوٹی باتوں کو مذہب سمجھتے ہیں اور اور مذہب کی خوبیوں کو چھپاتے ہیں اور غلطی سے اپنے آپ کو مذہبی عزت کا مستحق جانتے ہیں حقیقت میں وہ جھوٹی عزت کا دعوے کرتے ہیں اُن کی عزت اُسی قدر ہوسکتی ہی جتنی کہ قلب زر اندرد سکہ کی کہ سوائے نام اور شکل کے سچائی سے خالی اور عیار و محک سے ہمیشہ خایف ہی مگر جو لوگ مذہب کو مذہب کے طور پر اُس کے بانی کی مرضی کے موافق مانتے ہیں اُن کی عزت ایسی ہی ہوسکتی ہی جیسے کہ سونے کے ایک خالص ٹکڑہ کی جسے نہ نام و شکل پر دعوے سچائی کا ہی بلکہ اپنی ذات اور اپنی سچائی پر وہ ہمیشہ عیار و محک کا طالب ہوتا ہی وہ اپنی صفائی کے امتحان کرنے کا خواہاں ہوتا ہی *

اگلے زمانہ میں بھی بعض بعض ایسے مذہبی عزت کے مستحق گذرے ہیں مگر جھوٹی عزت رکھنے والوں نے اُن کی بڑی تحقیر کی اور بجاے عزت کرنے کے اُن کو ذلیل جانا مگر آخر اُن کی سچی عزت ظاہر ہوئی اور وہ اپنے استحقاق سے محروم نہ رہے *

اب ہم تیسرے اصول سے بحث کرتے ہیں یعنی عرف عام سے جتناکہ یہہ اصول بے بنیاد و باطل ہی اور اچھائی برائی کی تحقیق

کا مزاحم ھی ویسا ھی وہ نہایت جاری اور مروج ھی بلکہ ھمارے زمانہ میں تو وھی معیار امتحان ھی *

ھمارے ھم مذھب رسم و رواج ھی کو شرع اور عقل سمجھتے ھیں اور اُسی کی موافقت اور مخالفت کو اچھائی برائی جانتے ھیں اَن کے نزدیک وھی شخص عزت کا مستحق ھی جو کہ اُن اچھی باتوں پر چلتا ھو جسے سب لوگ اچھا جانتے ھوں گو وہ عقل کے مخالف ھوں یا مذھب کے *

ھمارے ھم قوم بڑی ھی ذلت اور حقارت کی نظر سے اُسے دیکھتے ھیں جو کہ رسم کا پابند نہو گو وہ کیسا ھی عقیل اور مذھب کا پابند ھو اُن کے نزدیک رسم کی مخالفت ھی ایک بڑا خیال ھی جس کے سبب سے انسان بڑی تحقیر اور ذلت کا مستحق ھوتا ھی *

پھر اگر ھماری قوم نے سوچ سمجھہ کر کچھہ رسمیں جاری کی ھوتیں اُن کی برائی بھلائی تحقیق کرکے اُن پر عامل ھوئی ھوتی تو بھی کچھہ کہنا اُن کا لایق لحاظ کے ھوتا پر افسوس ھی کہ وحشیانہ تمدن اور عامیانہ چلن نے جاری ھونے سے پہلے اُس کا لحاظ نہ کرایا اور اب نادانی اور جہالت نے تحقیق سے منع کردیا لیکن جو لوگ اب اس کی تنقیح پر متوجہہ ھیں اور جن کو ھماری قوم نہایت ھی ذلت کی نظر سے دیکھتی ھی اُمید ھی کہ اپنی محنت کا ثمرہ پاویں اور اُن کی سچی عزت اُن کے مخالفوں کے دل میں ایسی سما جاوے جیسے کہ روشنی ایک تاریک گھر میں جب کہ اُس کا بند دروازہ توڑ دیا جاوے *

راقم
مہدی علی

نمبر ۱۴۶

موجودہ تعلیم و تربیت کی شبیہہ

ایک روز خیال نے مجھے عالم مثال تک پہونچایا اور اُس طلسم کدہ کو جہاں سب چیزوں کی شبیہہ اور تمام حالتوں کی تصویر مصور قدرت نے کھینچ رکھی ھی دکھایا درحقیقت اُسے میں نے ویسا ھی پایا جیسا کہ سنا کرتا تھا بلاشبہہ وہ ھماری حالتوں کا آئینہ اور ھمارے خیالوں کی تصویر کا مرقع ھی *

جب میں اُس طلسم خانہ کے مغرب جانب پہونچا تو ایک چار دیواری دیکھی جو میرے خیال سے بھی زیادہ بلند اور میرے حوصلہ سے بھی زیادہ وسیع اور میری ھمت سے بھی زیادہ مضبوط تھی قدرت نے ایسا سنہرا رنگ دیا تھا کہ جب سورج کی کرن اُسپر پڑتی تو وہ دیوار زر نگار کندن کی طرح ایسی چمکتی جس سے آنکھوں کو چکاچوند ھوجاتا اُس دیوار کے چاروں طرف پھرا پر میں دروازہ نہ پایا مگر ایک جگہہ ایک بڑی نہر دیکھی جو دیوار کے نیچے سے اندر جاتی ھی اور ایک بلندی پر چشمہ دیکھا جس سے نہر میں پانی گرتا ھی *

میں وھاں ایک رفیق پایا جسکا نام خرد تھا اُس سے حقیقت اُس کی پوچھی تو اُس نے کہا کہ اس کے اندر ایک ایسا پر فضا باغ ھی جسے جنت عدن بھی دیکھے تو شرمندہ ھو اور پھر نہر اُسیکے شاداب کرنے کے لیئے بنائی گئی ھی تب تو مجھے اندر جانے کا شوق ھوا اپنے رھنما سے دروازہ کا نشان پوچھا اور میں نے اُس کی کامل اطاعت اور بڑی تابعداری کی تب اُس نے پانچ برس کے بعد دروازہ بتایا میں اُس دروازہ کی محراب کی بلندی اور اُسکے طاق اور کنگرہ کی خوبی کیا بیان کروں میں جاتے ھی بیتابانہ دوڑنے لگا اور باغ کی سیر سے سیر ھونا چاھا میری اس پرالھوسی پر میرا رھنما ھنسا اور کہا کہ اے نادان دروازہ تو پانچ برس کی محنت کے بعد پایا اس باغ کی سیر ایسی کیا آسان ھی جسکا ایک کنارہ ازل اور دوسری حد ابد ھی *

خیر میں نے ھوس کو روکا اور جس چال سے خرد نے چلایا چلا کئی برس کے بعد چند کیاریاں اُس باغ کی دیکھہ پائیں مگر اُن کی خوبی اور لطافت میرے بیان سے باھر ھی ھر چمن قدرت کا کارخانہ اور صنعت کا تماشہ تھا اُس باغ کے سبزہ کا مستانہ جھومنا قمری کی آواز بلبلوں کا پھولوں پر گرنا پھولوں کا کھلنا کلیوں کا چٹکنا نرگس کی نظر بازی شمشاد کی سروقدی نے مجھے ایسا مست کردیا کہ اپنے ھوش و حواس میں نرھا *

میں چندے اُس باغ میں رھا پر مجھہ کو اپنی صورت کا کوئی رفیق نہ ملا جس سے دل بھلاتا اور اس باغ کی بہار اوٹھتا آخر اپنی تنھائی سے گھبرایا اور پھر نکلا کہ کوئی مجھہ سا ملے تو یہاں لاؤں اور اپنا دل خوش کروں *

میں اُس باغ میں سے نکلکر برسوں اسی تلاش میں پھرا لیکن کوئی نہ ملا آخر بعد چند سال کے مشرق کی طرف مجھے ایک چاردیواری نظر پڑی جسکی صورت بھی ویسی ھی تھی اور نہر بھی ویسی ھی اور چشمہ بھی ویسا ھی تھا جہاں سے میں نکلا تھا مگر دروازہ کھلا ھوا دیوار شکستہ اور کچھہ نئی قسم کے آدمی آتے جاتے نظر آئے میں نے اپنے رھنما سے پوچھا کہ یہہ تو وھی باغ ھی مگر کیا سبب کہ نہ دیوار کی وہ خوبی و خوشنمائی ھی نہ دروازہ کی وہ رفعت و شان ھی چشمہ بھی میلا نظر آتا ھی پانی کی بھی صورت بدلی ھوئی ھی اُس نے کہا کہ یہہ وہ باغ نہیں ھی دوسرا ھی مگر پہلے اُسی باغ کی طرح اراستہ تھا خزاں کی ھوا نے اُسکو سرکھا دیا اور زمانہ کے انقلاب نے پامال کردیا *

جب میں باغ کے اندر گیا تو چمن کے نشان کچھہ نظر آئے مگر نہ وہ صفائی نہ وہ خوبی نہریں بھی کچھہ بھتی معلوم ھوئیں مگر نہ پانی کی وہ لطافت نہ وہ شیرینی پھول جتنے تھے وہ سب کملائے ھوئے میرے جسقدر تھے وہ سرکھے پڑے ھوئے سبزہ کے زمردیں رنگ

پر سیاہی چھائی ہوئی تھی گلوں کی سرخی پر زردی آگئی تھی نسیم کے بدلے صرصر کی تندی پریشان کرتی تھی بلبلوں کی چہچہہ زاغ و زغن کا شور ہورہا تھا نرگس اپنی پھوٹی آنکھہ سے حیرت کی نگاہ کر رہی تھی حرص کی انکھہ اپنی خشکی پر رو رہی تھی *

میں باغ میں پھرتے پھرتے نہر کے کنارے پہونچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ چند خوبصورت خوش شکل ماہرو نوجوان آئے اور اُس نہر میں پانی پینے اور غوطہ لگانے لگے! جب وہ نہا دھوکر اُس سے نکلے تو اُن کے چہرہ بدلے ہوئے نظر آئے نہ وہ شکل و شمایل تھی نہ وہ نزاکت و نرمی اور ہر ایک کے در دو سینگ نکل آئے تھے وہ نہر سے نکلتے ہی ایک دوسرے پر حملہ کرنے اور سینگ سے سینگ لڑانے لگے یہانتک لڑے کہ کسی کا سینگ ٹوٹا کسی کا چہرا بگڑا کسی کا غصہ سے چہرہ لال ہوا کسی کا کف مونھہ سے اوڑکر مجھہ تک پھونچا کسی کی گردن کی رگیں مارے غصہ کے تن گئیں کسی کے مونھہ سے آواز غضب کے سبب سے نہ نکلی اسیطرح وہ وحشیانہ لڑائی لڑتے ہوئے ایک عالی شان مکان کی طرف چلے میں بھی ساتھہ ساتھہ ہولیا کہ دیکھوں کیا ہوتا ہی وہاں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نصف وحشی! نصف انسان جس کا چہرہ آدمی کا دم طاؤس کی مونھہ چڑیا کا پیٹ بیل کا چال لومڑی کی ایک رنگین سنجرر کی کھال اوڑھے ہوئے کبوتر کی طرح غٹرغوں غٹرغوں کر رہا ہی جب وہ سب نوجوان اُس کے پاس پھونچے تو اُس کے آگے گر پڑے اُس نے ایک کریہہ ہولناک آواز سے اُن کو پکارا اور آپس کے جھگڑے کا حال پوچھا اُن لوگوں نے کچھہ ایسی ہوائی میں اُسے جواب دیا کہ میں نہ سمجھا مگر یہہ دیکھا کہ اُس وحشی آدمی نے کچھہ خوش ہوکر کسی کا مونھہ چوما اور کسی کو پیار کیا اور کسی کو مرحبا کہا *

میں اس معاملہ کو دیکھہ کر حیران ہوا اور پناہ مانگتا باہر نکلا اور اپنے رہنما سے اس اسرار کی خبر پوچھی اُس نے کہا کہ اس نہر کے پانی کی ایسی ہی تاثیر ہی کہ سب ایسی شکل کے ہو جاتے ہیں جیسا کہ وہ نصف وحشی نصف انسان تمنے دیکھا ہی یہہ تو جوان نازک ماہرو لڑکے بھی جب زیادہ پانی پیئینگے خوب غوطے نہر میں لگاوینگے ایسے ہی ہو جاوینگے اور جو کچھہ لڑائی تم نے دیکھی یہہ لڑائی نہ تھی بلکہ اُن کا علمی مباحثہ تھا جس کے الفاظ بھی تمہاری سمجھہ میں نہ آئے *

جب میں نے اِس تاثیر کا سبب پوچھا تو رہنما مجھے چشمہ کے کنارہ پر لیگیا وہاں کیا دیکھتا ہوں کہ دہانہ پر چشمہ کے دو چشمہ آکر ملے ہیں ایک تو سیدھا چلا گیا ہی جو کہ نہایت صاف اور پاک اور خوشگوار ہی دوسرا خم و پیچ سے گیا ہی جس میں جا بجا نالے نجاست ملتی گئی ہیں جو کہ سب کثیف اور میلے اور ناپاک ہیں مگر پہلے چشمہ کے دہانہ پر ایک پتھر کی چٹان اگئی ہی جس سے صاف پانی نہیں آسکتا مگر دوسرا چشمہ کھلا ہوا ہی اُسی کا میلا بدبودار زہریلا پانی گرتا ہی اور وہی باغ میں جاتا ہی جس کی تاثیر سے آدمی مسخ ہو جاتے ہیں *

جب میں نے اُن چشموں کا حال پوچھا تو خرد نے تحقیق نامی رفیق کو میرے ساتھہ کردیا اُس کے ساتھہ میں اُن دونوں چشموں کی حقیقت دریافت کرنے کو چلا مدت بعد سب حال دریافت کرکے اس فکر میں پڑا کہ اس پتھر کی چٹان کا حال کسی سے پوچھوں تب تاریخ نامی ایک روشن ضمیر ملا اُس نے کہا کہ ہزار برس ہوتے ہیں تب میں اس باغ میں آیا تھا نہایت تر و تازہ اور سبز و شاداب تھا جیسا یہ باغ جو تم نے اول دیکھا ہی اس باغ کی نہروں میں صاف چشمہ کا پانی آتا تھا اور گدلے چشمہ پر پتھر رکھا ہوا تھا مگر سرکتے سرکتے اب وہ صاف چشمہ پر آگیا ہی *

تب تو میں نے خیال کیا کہ اس پتھر کو ہٹا دوں چنانچہ میں عصا کو ساتھہ لیکر چلا مگر چند خونخوار وحشی درندوں نے مجھہ پر حملہ کیا اور پتھر سرکانے پر مجھے موت کا خوف دلایا میں جان بچاکر ہٹا لیکن میرے رہنما نے کہا کہ اگر بھی تیری طرح اس ارادہ پر آئے مگر اِن کے خوف سے بھاگ گئے میں تجھے ایک مشعل دیتا ہوں جس کی روشنی سے یہہ اندھے ہوکر بھاگ جاوینگے چنانچہ بصیرت کی مشعل اُس نے مجھے دی درحقیقت جب میں وہاں مشعل لیکر پھونچا تو کوئی میرے پاس نہ آیا آخر میں بفراغت پتھر سرکانے لگا پر وہ ایک مجھہ سے کب سرکتا تھا میں تھک کر بیٹھہ رہا کہ ہمدردی نامی واعظ میرے سامنے آیا اور کہا کہ مجھے اجازت دو تو کچھہ مدد کرنے والے لے آؤں میں نے خوش ہوکر اُس کا شکر کیا اور بڑے زور شور سے اُسے اپنی ہی سی صورت و شکل والوں پاس بھیجا پر افسوس کہ بہت کم لوگوں نے اُس کی بات سنی جو لوگ اُس نہر کا پانی پی چکے تھے وہ تو مارنے دوڑے اور جو لوگ ابھی اُس سے بچے ہوئے تھے اُن کے کان بھرے تھے اُنہوں نے کچھہ نہ سنی آخر وہ با حسرت و یاس واپس آیا اُس کے لوٹنے کے بعد میں نے چاہا کہ اس خیال کو چھوڑ دوں اور یہہ پتھر جیسا رکھا ہی ویسا ہی رہنے دوں پر استقلال نامی ایک رجز خوان نے میرا دل بڑھایا اور مجھے ایک تدبیر بتائی اُس نے کہا کہ میں نے ایمان نامی فقیر سے سنا ہی کہ اس چشمہ کا ایک کھرد نے والا ہی وہ سب مشکل حل کرسکتا ہی مگر بڑی مشکل سے انسان کی رسائی اُس تک ہوسکتی ہی اُس کی راہ میں اول تو مصیبت کا ایک بڑا میدان لق و دق ملتا ہی جہاں سوائے آنکھہ کے پانی کے پینے کو بھی کچھہ نہیں اگر اُس سے بچ گئے تو رسوائی و بدنامی کے سات سمندر ملتے ہیں جہاں صبر کی ٹوٹی پھوٹی کشتی کے سوا عبور کا کوئی ذریعہ نہیں تب دروازہ اُس کا ملتا ہی جہاں اخلاص کی نذر پیش کش کرنی پڑتی ہی اور دعا کے پاک صاف

هاتهوں کے ذریعه سے پهرتپهائي جاتي هی تب وه نذر قبول هوتي هی اور اجابت کا خلعت ملتا هی گو که کبهي ایسا بهي هوتا هی که برسوں نذر کي قبولیت کي نوبت نهیں آتي پس اگر تمکو اس پتهر کے سرکانے کي خواهش هی تو وهاں تک جاؤ اگر اُس تک تمهاري رسائي هوئي اور اُس نے تمهاري نذر لیلي تو وه اقبال کو تمهارے ساتهه کریگا جب تم لوگوں کے سامنے کروگے سب کي آنکهیں کهل جاوینگي جتني که وه اب بند هورهي هیں تب وه اپنے سوکهے هوئے باغ کو دیکهکر تعجب کرینگے اور تمهارے ساتهه پتهر سرکانے پر مستعد هونگے آخر چند هي روز میں گدلے چشمه کا پاني بند کرکے صاف چشمه کے پاني سے اپني نهریں بهر لینگے اور اپنے باغ کو پهلے سے بهي زیاده سرسبز اور شاداب کرینگے اور تب تم دیکهوگے که یهه سوکها هوا باغ اُس بڑے باغ سے بهي تمهاري نظروں میں زیاده سر سبز اور خوشنما معلوم هوگا کیونکه که وه باغ تمهارا باغ هی نه وهاں کوئي تمسا هی اور یهه باغ تمهارا هي هی اور سب تم سے هیں مینے اس رفیق کا شکر کیا اور اُس کے کهنے کے مطابق چلا که دیکهوں اب کیا هوتا هی *

جب میں عالم مثال سے لوٹا اور لوگوں سے یهه قصه کها تو وه سب ایک ایک لفظ کي حقیقت مجهه سے پوچهنے لگے میں صرف یهه کهکر که جو باغ هرا بهرا مینے مغرب میں دیکها وه علوم و فنون جدیده کا باغ هی جس کے پهل پهول اپني آنکهوں سے دیکهتے هیں پر همارا دل بهلانے والا کوئي وهاں نهیں هی اور جو باغ خشک مینے مشرق میں دیکها وه همارے هي علوم قدیمه کا باغ هی جسکي ویراني اور خزاں کي کیفیت همارے سامنے هی وه پتهر جو سر چشمه پر آگیا هی جهالت هی وه ندي نالے گندے پاني کے رسم و رواج کي پابندي ذیکي نما تعصب علم نما اداني جهوٹا زهد جهوٹي شیخي جاهلانه تقلید عامیانه غلامي ضرر انگیز حرارت وحشیانه تعلیم و تربیت هی جسکے نتیجے مسخ انسانیت هی جو که هم اپني آنکهوں سے دیکهتے هیں اور جسکا علاج اب هم سواے دعا کے کچهه نهیں پاتے *

راقم
مهدي علي

نمبر ۱۴۷

مسجد میں جوتا پهنے نماز پڑهنا

چند روز هوئے که تهذیب الاخلاق میں ایک مضمون تهذیب الایمان سے چهاپه گیا تها جس کا مطلب یهه تها که جوتا پهنے هوئے مسجد میں جانا اور جوتا پهنے هوئے نماز پڑهنا صرف جایز هي نهیں هی بلکه سنت هی مگر هم دیکهتے هیں که لوگوں کو ابهي تشفي نهیں هوئي اور وه بدستور اُن لوگوں پر طعنه کرتے هیں جو کبهي کبهي جوتا پهنے هوئے نماز پڑه لیتے هیں اور جوتا پهنے هوئے مسجد میں جانے کو تو ایک قیامت جانتے هیں اس لیئے هم اُن کي تشفي کے لیئے متعدد روایتیں اهل سنت و جماعت کي معتبر کتابوں سے لکهتے هیں جس سے بخوبي ثابت هی که جوتا پهنے مسجد میں جانا اور جوتا پهنے نماز پڑهنا سنت هی اور جو شخص اُن لوگوں پر طعنه کرتا هی جو جوتا پهنے نماز پڑه لیتے هیں وه گنهگار هوتا هی کیونکه عادت جناب رسالت مآب صلی الله علیه وسلم اور صحابه کرام سے جوتا پهنے نماز پڑهنا اور مسجد میں جانا ثابت هی *

ابن عدي اور ابن مردویه نے حضرت ابوهریره سے روایت کي هی که پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم نے جوتا کو زینت نماز فرمایا هی اور اُسے پهنکر نماز پڑهنے کي اجازت دي هی کما روي قال رسول الله صلی الله علیه و سلم خذوا زینة الصلواة قالوا و ما زینة الصلواة قال البسوا نعالکم فصلوا فیها عقیلي اور ابوالشیخ اور ابن مردویه اور ابن عساکر نے حضرت انس سے روایت کي هی که قال رسول الله صلی الله علیه و سلم في قول الله عز وجل خذوا زینتکم عند کل مسجد اے صلوا في نعالکم یعني پیغمبر خدا کے اس قول میں که زینت سے هو مسجد میں جایا کرو یهه فرمایا هی که جوتا پهنکر نماز پڑها کرو ابن مردویه نے مرفوعاً روایت کي هی که سما اکرم الله به هذه الامة لیس تعالهم في صلواتهم که منجمله اُن باتوں کے جو خدا نے اس امت کي بزرگي کے لیئے دي هیں جوتا پهنکر نماز پڑهنا هی ابو داؤد اور حاکم نے شداد ابن اوس سے یهه حدیث روایت کي که پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم نے فرمایا خالفوا الیهود فانهم لا یصلون في خفافهم ولا في نعالهم که مخالفت کرو یهود کي که وه موزه اور جوتا پهنکر نماز نهیں پڑهتے اور اور بیهقي اور ابن حبان اور طبراني نے بهي ایسي هي روایت کي هی بخاري نے انس سے روایت کي هی که اُن سے کسي نے پوچها که پیغمبر خدا جوتا پهنکر نماز پڑهتے تهے اُنهوں نے کها هاں اور مسلم اور نسائي اور ترمذي نے بهي ایسي هي روایت کي هی *

بعض علما نے ان احادیث سے ثابت کیا هی که جوتا پهنکر نماز پڑهنے کي عادت معمولي آنحضرت صلی الله علیه وسلم کي تهي جیسا که نتم المتعال میں لکها هی و اما صلواته علیه الصلواة والسلام في نعلیه فالظاهر انه کان في المسجد فان في الصحیحین وغیرهما من سعید بن یزید قال سالت انس ابن مالک کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلي في نعلیه فقال نعم و ظاهره ان هذا کان شانه و عادة المستمرة دایما که مسجد میں جوتا پهنکر نماز پڑهنے کي آپ کي مداومي عادت تهي * حنبلي اسي وجهه سے جوتا پهنکر نماز پڑهنے کو سنت کهتے هیں جیسا که رد المحتار میں لکها هی که واخذ جمع من الحنابلة انه سنة *

مسجد میں جوتا پہنے نماز پڑھنا

یکم جمادی الاول سنہ ۱۲۹۰ ھجری
سنہ ۱۳۰۴ فیوی

مسجد میں جوتا پہنے نماز پڑھنا

بعض لوگ یہہ فرماتے ہیں کہ جو جوتہ پہنکر سڑکوں اور گلي کوچوں میں پھرتے ہیں اُس کو مسجد میں لیجانا اور نماز پڑھنا جایز نہیں ہی وہ جوتہ مسجد میں لیجانا جایز ہی جس کے اوپر ایک اور جوتہ یا موزہ یا کوئي چیز ہو تاکہ جوتہ نجاست سے محفوظ رہے مگر یہہ فتواي ہی جیسا کہ ردالمختار میں لکھا ہی ولو کان یمشی بہا فی الشوارع لان النبي صلی اللہ علیہ وسلم و اصحابہ کانوا یمشون بہا في طرق المدینۃ ثم یصلون فیہا یعني اُسي جوتہ کو جسے پہنکر سڑکوں اور راہوں پر چلتے ہیں نماز پڑھنا جایز ہی اسلیئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام مدینہ کي گلیوں میں جوتہ پہنے پھرتے تھے اور اُسي سے نماز پڑھتے تھے *

ابوداود اور ابن حبان اور حاکم اور عبد ابن حمید اور اسحق ابن راھویہ اور ابویعلی موصلي نے ابی سعید جزري سے روایت کي ہی کہ حضرت نے نماز میں جوتہ اوتار ڈالا تو صحابہ نے بھي اپنے جوتے اوتار دیئے حضرت نے بعد نماز کے صحابہ سے پوچھا کہ جوتے کیوں اوتار ڈالے اُنھوں نے جواب دیا کہ ہم نے آپ کي تقلید کي تب فرمایا کہ مجھے جبرئیل نے خبر دي کہ میرے جوتوں میں نجاست لگي ہوئي ہی اسلیئے میں نے اوتار ڈالے اور یہہ فرمایا کہ تم مسجد میں آنے کے وقت اپنے جوتوں کو دیکھہ لو اگر کچھہ نجاست لگي ہو تو پونچھہ ڈالو اور جوتہ پہنکر نماز پڑھو الفاظ ابوداود کے یہہ ہیں ثم قال اذا جاء احدکم المسجد فلینظر فان رای في نعلیہ قذراً او اذی فلیمسحہ ولیصل فیہا *

اگلوں میں سے بھي بعض خیالي ادب کرنے والے ایسے گذرے ہیں جنھوں نے اس فعل کو مکروہ جانا مگر علما نے اُنکے قول کو رد کیا جیسا کہ علامہ مصري نے فتح المتعال میں لکھا ہی الذي یترجح ہو انہ لاوجہ لکراھتہ الصلوۃ فیہا لثبوت فعل ذلک من اصحاب الشرع و اما الا فضلیۃ فان ارادبہ اقتداء النبي صلی اللہ علیہ وسلم فنعم والا فہو فعل مباح من الرخص الشرعیۃ ھذا ھوالذي علیہ المحققون من الفقہاء والمحدثین کہ قول راجح یہہ ہی کہ کوئي وجہہ جوتہ پہنکر نماز پڑھنے میں کراھت کي نہیں ہی اسلیئے کہ اصحاب شرع سے یہہ فعل ثابت ہی باقي رہي افضلیت پس اگر جوتہ پہنکر نماز پڑھنے سے مقصود پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اقتدا ہی تو بلاشبہہ جوتہ پہنکر نماز پڑھنا افضل ہی ورنہ یہہ فعل مباح ہی منجملہ مباحات شرعیہ کے اور بھي قول منصوص ہی محققین فقہا اور محدثین کا *

لوگ تعجب کرینگے کہ جوتہ میں تو نجاست لگتي رہتي ہی تو نجس چیز کو مسجد میں لیجانا یا اُس سے نماز پڑھنا کیونکر جایز ہوگا مگر اُن کو چاہیئے کہ اپنے ہي محدثین کي روایت کي ہوئي حدیثوں کو دیکھیں اور ہم سے نہ پوچھیں کیونکہ احادیث سے ثابت ہی کہ اگر جوتہ میں کچھہ نجاست بھر جاوے تو رگڑ ڈالنا اور مٹي سے مل دینا ہي اُس کي طہارت ہی جیسا کہ ابوداود نے روایت کي ہی اذا وطی احدکم بخفیہ فطہورھاالتراب اور ابن حسان نے اپني صحیح میں لکھا ہی کہ اذا وطی احدکم بنعلیہ فان التراب لہ طہور ابوداود نے روایت کي ہی کہ ایک عورت نے آنحضرت سے پوچھا کہ ہم جس راہ سے مسجد کو آتے ہیں وہ راہ نجس اور غلیظ رہتي ہی تو جب پاني برسے تو ہم کیا کریں آپ نے فرمایا کہ کیا نجاست کے بعد صاف جگہہ نہیں ملتي اُس نے کہا کہ کیوں نہیں تو آپ نے فرمایا کہ ھذہ بھذہ یعني بس جگہہ صاف پر قدم رکھنا نجس جگہہ کي نجاست دور کرنے کے لیئے کافي ہی *

حافظ ابو زرعہ عراقي شافعي نے بھي ایسا ہي فتوا دیا ہی *

بعض فقہا نے لکھا ہی کہ جو نجاست ایسي ہو کہ جسکا جرم نہ ہو مثل پیشاب و شراب کے اگر وہ جوتہ میں لگ جاوے تو پے دھوئے پاک نہیں ہوتي مگر یہہ اُن کي خیالي طہارت ہی نہ مطابق حدیث کے کیونکہ مٹي سے رگڑ دینا ہي اُسکي پاکي کے لیئے کافي ہی اور یہہ مسئلہ فقہا کا خود امام ابو حنیفہ صاحب اور قاضي ابو یوسف کے فتوی کے خلاف ہی جیسا کہ قاضي ابو علي نسفي نے امام ابوبکر محمد بن قفال سے روایت کي ہی کہ انہ قال اذا اصاب نعلیہ بول اوخمر ثم مشي علی التراب اوالرمل حتی لزق بہ بعض التراب وجف ثم مسحہ بالارض یطہر عند ابي حنیفۃ وھکذا ذکرہ الفقیہ ابو جعفر عنہ و عن ابی یوسف مثل ذلک الا انہ لم یشترط الجفاف اُنھوں نے فتوی دیا ہی کہ اگر جوتہ میں شراب یا پیشاب لگ جاوے پھر مٹي پر چلے یا ریت پر اور کچھہ مٹي یا ریت جوتہ میں لگ جاوے اور خشک ہوجاوے اور پھر وہ پونچھہ ڈالي جاوے تو پس جوتہ پاک ہوگیا امام ابو حنیفہ کے نزدیک اور ابو جعفر نے بھي امام ابوحنیفہ سے اس مسئلہ کو منقول کیا ہی اور قاضي ابویوسف نے بھي یہي فتوی دیا ہی مگر اُنھوں نے خشک ہوجانے کي شرط نہیں کي *

بعضے آدمي فاخلع نعلیک کے حوالہ سے جوتہ اُتارنے کو ادب تصور کرتے ہیں اور اگلے لوگوں میں سے بھي بعض نے ایسا شبہہ کیا تھا مگر شکر خدا کا ہی کہ اگلے ہي عالموں نے اُسکي سخافت ظاہر کردي جیساکہ فتح المتعال میں ہی ان امر خلع النعل لموسی لادلالۃ لہ علی کراھۃ دخول المسجد متنعلاً و لدل علیہ بالفرض فلا یضرنا لوجوہ مابینتہ في شریعتنا و من ھھنا ظہر سخافۃ مافي منیۃ المصلی *

یہہ سب حدیثیں اور روایتیں جنکو ماننا مقلدین پر فرض ہی کیونکہ اُنھیں کے مقبولہ عالموں نے نہ صرف روایت کي ہیں بلکہ اُس پر فتوی دیا ہی ایک طرف رہینگي اور ہمارے ہندو مسلمان توبہ توبہ ہند کے مسلمان اپني ہي رسم پر جاینگے نہ خدا کي سنینگے نہ رسول کي اس لیئے اُنکا دین اور دین کا ادب خیالي ہی اور رسمي نہ حقیقي ہی اور شرعي *

راقم
مہدیعلي

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۵ جمادي الاول سنہ ۱۳۰۴ هجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۸

بسم الله الرحمن الرحيم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت موصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوّر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نئي پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۴۸

مراسلات

متعلق

مدرسۃ العلوم مسلمانان

سلامت

کمیٹي مدرسہ مسلمانان

سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي سکرٹري

جامع المناقب خیر خواہ اسلام و ترقي خواہ مسلمانان جناب

آپ نے جو تجویز مدرسۃ العلوم مسلمانان کے قایم کرنیکي کي هی اُس کو تو کوئي شخص برا نہیں جانتا غالباً سب مسلمان ایسے مدرسہ کا هونا ضروري سمجھتے هیں یہاں تک کہ آپ کے شدید مخالف بھي اُس کي ضرورت کو تسلیم کرتے هیں مگر بعض باتیں جو خلاف رسم و رواج اور خلاف مذهب اسلام اُسمیں تجویز هوتي هیں اُسکي نسبت لوگ غل مچاتے هیں اور اُن کا غل مچانا بھي درست هی مگر جب آپ کے حواریوں سے ملاقات هوتي هی تو وہ کہتے هیں کہ جو باتیں مخالفین مشہور کرتے هیں وہ محض غلط هیں پس بمجبوري میں آپ سے چند سوالات مفصلہ ذیل کرتا هوں اس اُمید پر کہ آپ اُن سوالات کو معہ جوابات کے پرچہ تہذیب الاخلاق میں چھاپہ کردیں اُسي پرچہ کے ذریعہ سے میري نظر سے گذر جاویگا اور اگر آپ ایسا نکرینگے تو یقین هوگا کہ جو کچھہ لوگ کہتے هیں وہ سب سچ هی زیادہ نیاز *

راقـــــم

حقیقت طلب

سوال

کمیٹي مدرسے نے یہہ تجویز کي هی کہ آپ کا ایک بت اور اُن لوگوں کي جو قیام مدرسے میں مدد کرینگے قد آدم یا نصف قد تصویریں مدرسے میں رکھي جاوینگي میں نے سنا هی کہ پہلے تو قد آدم تصویریں رکھني تجویز هوئي تھیں اور اب نصف قد کي رکھني قرار پائي هیں اگر یہہ سچ هو تو پورے قد اور نصف قد میں کیا فرق سمجھا هی *

جواب

جو کچھہ آپنے سنا محض غلط هی کمیٹي نے نہ میرا بت رکھنا تجویز کیا هی اور نہ کسیکي تصویریں قد آدم یا نصف قد مدرسے میں رکھني تجویز کي هیں *

سوال

کیا کمیٹي نے یہہ تجویز کیا هی کہ مدرسے میں طالبعلموں کو انگریزي لباس کرتہ پتلون اور انگریزي جوتا پہننا یا کسي قسم کي خاص ٹوپي یا لال ٹوپي یا کیمبرج کا چغہ پہنانا تجویز کیا هی *

جواب

محض غلط هی کمیٹي نے اسباب میں کچھہ بھي تجویز نہیں کیا *

سوال

جو طالب علم مدرسے میں رهینگے اُن کو چھري کانٹے سے انگریزوں کي طرح میز پر کھانا هوگا اور گردن مروڑي مرغي اُن کو کھلائي جائیگي یا نہیں *

جواب

افسوس هی کہ یہہ آپ کا سوال في الجملہ اخلاق کے برخلاف هی مگر جواب یہہ هی کہ کمیٹي نے طالب علموں کو چھري کانٹے سے کھلانا اور میز پر کھلانا تجویز نہیں کیا یہہ سب باتیں محض غلط هیں اور جو کہ کمیٹي میں تمام ممبر مسلمان هیں اور وہ سب مرغي کو گردن مروڑ کر مار ڈالنا حرام سمجھتے هیں پس وہ طالب علموں کو گردن مروڑي مرغي هرگز نہیں کھلانے کے *

سوال

مذهبي کتابیں کونسي پڑھائي جاوینگي کیا نئے احمدیہ مذهب کي جو قریب ارتداد هی کتابیں تصنیف هوکر پڑھائي جاوینگي *

جواب

جبکہ آپ ان اُمور کو خود مجھسے استفسار فرماتے هیں تو آپ کو ایسي کنایہ آمیز باتیں لکھني هرگز مناسب نہ تھیں اور نہ مقتضائے اخلاق تھا مگر چونکہ آپ نے بھیثیت سکرٹري مجھسے یہہ باتیں استفسار کي هیں اس لیئے بمجبوري جواب دیتا هوں جناب من مذهبي کتابیں سنیوں کو وهي پڑھائي جاوینگي جو همیشہ سے سني پڑھتے آئے هیں اور شیعوں کو وہ پڑھائي جاوینگي جو همیشہ سے شیعہ پڑھتے آئے هیں احمدیہ مذهب کي (اگر آپ کے نزدیک کوئي ایسا مذهب قایم هوا هی) کوئي کتاب نہیں پڑھائي جاویگي *

سوال

مدرسۃالعلوم میں جو قایم هوتا تجویز هوتا هی زبان انگریزي پڑهائي جاویگي یا نهیں اور انگریزي علوم بهي پڑهائے جاوینگے یا نهیں اگر پڑهائے جاوینگے تو انگریزي زبان اور انگریزي علوم کا پڑهانا گناه اور معصیت هی یا نهیں اور اُس کے پڑهنے سے طالب علموں کے دلوں میں ارتداد اور برگشتگي اسلام سے پیدا هوگي یا نهیں اور اُن کي عادت میں انگریزیت سما جاویگي اور ول اور گڈامي بولنے لگینگے یا نهیں *

جواب

سبحان الله کیا عمدہ الفاظ آپکے سوال کے هیں کمیٹي میں اب تک صرف ایک تجویز تعلیم پیش هوئي هی جس کي نسبت اب تک تصفیہ کامل نهیں هوا مگر اکثر ممبروں نے پسند کیا هی اُس سے معلوم هوتا هی که مدرسہ میں انگریزي زبان اور انگریزي علوم اُن طالب علموں کو جو اُسے پڑهنا چاهینگے پڑهائے جاوینگے کمیٹي میں کبهي اس بات کا فیصلہ نهیں هوا که انگریزي زبان اور انگریزي علوم کا پڑهانا گناه هی یا نهیں اس سبب سے میں اس کا جواب نهیں دے سکتا اور اس بات کا حال بهي پیشتر سے میں نهیں بتا سکتا که طالب علموں کے دلوں میں اُس تعلیم سے ارتداد اور برگشتگي اسلام سے پیدا هوگي اور اُن میں انگریزیت سما جاویگي اور ول و گڈامي بولنے لگینگے یا نهیں یهه بات تجربه سے معلوم هو سکتي هی *

سوال

رافضیوں کو خلاف دین سمجها جاتا هی یا نهیں اور اُن کے مذهب کي کتابیں پڑهانا گناه هی یا نهیں اور مدرسہ میں شیعہ مذهب کي تعلیم هوگي یا نهیں *

جواب

کمیٹي نے شیعہ مذهب کي تعلیم بذریعہ شیعہ ممبروں کے تجویز کي هی اور جو که شیعہ مذهب کے مسلمانوں نے بهي چندہ دیا هی اُس کي آمدني سے شیعہ مذهب کے مسلمانوں کي مذهبي تعلیم هوگي اور شیعہ مذهب کے ممبر اُس کا اهتمام کرینگے سني ممبروں سے کچهه تعلق نهوگا اور شیعہ ممبر اپنے مذهب کو خلاف دین و اسلام نهیں سمجهتے اور نه شیعہ مذهب کي کتابیں پڑهانا گناه جانتے هیں * والسلام

راقـــــم
سید احمد
سکرٹري کمیٹي خزانۃالبضاعۃ

خط جناب مولوي علي بخش خان صاحب بهادر

بنام

مولوي سید مهدي علي صاحب

سیدنا و مولانا — تسلیم * * * میں ایک اپنے دل کي بات بعد مدت ظاهر کرکے مشورہ چاهتا هوں وہ یهه هی که مدرسۃالعلوم کے باب میں انواع و اقسام کي رائیں میري نظر سے گذرتي جاتي هیں مگر میںنے اپني راے اس وقت تک اس خاص امر میں نهیں ظاهر کي هی اب که سید محمود صاحب کي راے میںنے دیکهي تو وہ شبهہ کسي قدر رفع هوا که غالباً هماري مذهبي کتابوں میں اصلاح کي نه ٹهوکي اور دینیات میں شاید دست اندازي هوکر ملت نیچریہ کي تعلیم نهوگي چونکه میں اس قدر امر میں سید احمد خاں صاحب سے مخالف نهیں هوں که هماري قوم کو علوم جدیدہ کي تحصیل ضرور هی اور تعلیم موجودہ غیر کافي هی صدرا میبذي هرح چغمیني وغیرہ کتب معقولات سے اب کام نهیں چلتا هی لهذا اگر کوئي مدرسہ ایسا قایم هو که اُس میں علوم جدیدہ انگریزي سے ترجمہ هوکر پڑهائے جاویں تو همدردي قومي کا پورا نتیجہ نکلیگا مگر پهر بهي تحصیل فقه و حدیث و تفسیر میں هرگز خلل نه آنے پائیگا مگر چند امور ابهي میرے جي میں کهٹکتے هیں جس سے میں خود بهي چندہ دینے سے باز رها هوں اور اپنے احباب سے بهي فرمایش کرنے سے معذور رها تها اگر آپ محض محبت کي نظر سے سچ سچ اصلي حالات سے میري خاطر جمع کردیں تو خوب هو اور وجهہ زیادہ تر شبهہ کي یهه هوئي که وہ هي شبهات شاه رکن الدین صاحب نے سید احمد خاں صاحب سے پوچهے تهے اُنهوں نے یهه جواب دیا که کمیٹي کي راے پر منحصر هی اس سے سبکو اور بهي شبهہ پڑه گیا که اگر خدا نخواسته کمیٹي نے وهي راے دي جسکو هم لوگ خلل انداز دین سمجهتے هیں تو ایسے مدرسہ میں روپیہ خراب کرنا معصیت هی هاں سید محمود صاحب کي تقریر سے میرا جي خوش هوا اور وہ کسیقدر پابند دینیات کے بهي معلوم هوتے هیں کیونکه میںنے سنا هی که لندن میں نماز عید پڑهي اور روزے بهي رکهے اور سواے ایک لفظ سخت کے اُنکي تقریر میں سختي بهي کم دیکهنے میں آئي گر اُنکي راے کسي قدر مخالف اهل اسلام هو مگر وہ دوسري بات هی مدرسہ کے باب میں راے اچهي لکهي هی سید صاحب آپ یهه سمجهے هونگے که میں سید احمد خاں صاحب کا هر بات میں مخالف هوں هرگز نهیں میرے نزدیک اُمور دنیوي میں جسقدر ترویج علوم جدیدہ میں وہ ساعي هوتے هیں بظاهر سمجهکر اچها معلوم هوتا هی

ھاں ابتدا میں جو وضع طالب علموں کی اور اصلاح کتب دینی کی اُن کی راے میں دیکھی تھی تو مجھکو بڑا خطرہ پیدا ھوا تھا اپتو کچھہ دوسرا ڈھنگ سید محمود ڈالا چاھتے ھیں جس سے اُمید ھی کہ دست‌اندازی عقاید اسلام و کتب مذھبی میں نہوگی اب میں اپنے شبہات بیان کرکے آپ سے راے لینا چاھتا ھوں جلد جواب دیجیئے (جو شبہات کہ جناب مولانا صاحب نے لکھے ھیں بجنسہ ذیل خط میں بطور سوال و جواب کے تحریر ھونگے) مجھکو اسوقت بلکہ مدت سے سخت افسوس ھی کہ ھماری قوم میں سید احمد خاں صاحب ایک شخص لایق اور نامور اور معزز اور ذی عقل پیدا ھوئے اور ترقی قومی پر آمادہ ھونا اُن کا ارادہ ظاھر کیا گیا مگر اپنی خود راٹی سے مذھبی دست‌اندازی و انقلاب دین ایسا اُن کی طبیعت میں جم گیا کہ اصلی غرض فوت ھوگئی اور تمام قوم کو اُن سے نفرت پیدا ھوگئی ھی مجھکو بھی جسقدر مخالفت ھی اُنکے خیالات مذھبی سے ھی نہ اُنکی ذات خاص یا تعلیم علوم جدیدہ سے واللہ علی مانقول شہید والسلام *

راقم نامہ سیاہ

علی بخش عفی عنہ

چند روز ھوئے کہ مولوی سید مھدیعلی صاحب نے یہہ خط میرے پاس بھیجاتھا کہ میں اُن شبہات کا جواب دوں چونکہ ھمارے قدیم دوست معظم جناب مولوی علی بخش خاں صاحب بہادر کی اس تحریر سے بڑے ھمدردی و محبت و صداقت پائی جاتی ھی اس لیئے میں اولاً اُن کے شبہات کا جواب لکھتا ھوں اور اُس کے بعد کچھہ اُور بھی اُن کی خدمت عالی میں عرض کرنے کی اجازت چاھتا ھوں *

شبہہ اول

اس مدرسہ کے واسطے لاکھوں روپیہ چاھیئے جسکی اُمید نہیں ھی پھر اگر اسقدر سرمایہ جمع نہوا تو ھمارا روپیہ کیا ھوگا *

جواب

اگر مسلمان متوجہ ھونگے اور کوشش کرینگے تو جسقدر روپیہ درکار ھی اُسکا جمع ھوجانا کچھہ مشکل نہیں ھی علاوہ اس کے یہہ مدرسہ کچھہ ھمارے ھی زمانہ کے لوگوں کے لیئے نہیں قایم ھوتا بلکہ تمام نسلوں کے لیئے جو آیندہ آنے والی ھیں قایم ھوتا ھی اگر ھم اپنی زندگی میں اس کام کو پورا نکر پاویں ھمارے بعد کوئی اور بندہ خدا کھڑا ھوجاویگا جو پورا کریگا اسیطرح کوشش چلی جاویگی جب تک یہہ کام پورا ھو — علاوہ اس کے جو تدبیر کہ اس کے قیام کی کی گئی وہ ایسی سوچ سمجھہ کر کی گئی جس سے بظاھر ممکن نہیں ھی کہ یہہ مدرسہ قایم نہو — جسقدر روپیہ اب چندہ ھوگیا ھی اور قریب لاکھہ روپیہ کے اُسکو قبول کرو اور یہہ بھی فرض کرو کہ آیندہ چندہ نہوگا تو بھی اُس کی آمدنی سے سرمایہ بڑھتا جاویگا اور چند سال میں وہ سرمایہ اسقدر ھو جاویگا کہ قیام مدرسہ کے لیئے مکتفی ھوگا البتہ یہہ بات ضرور ھوگی کہ اگر چندہ آیندہ بند ھوجاوے تو دیرکر مدرسہ قایم ھوگا اور اگر چندہ ھوتا گیا اور مسلمانوں نے مدد کی تو بہت جلد اسکا قیام ممکن ھی پس یہہ خیال کرنا کہ مدرسہ قایم نہوگا صحیح نہیں ھی کیونکہ موجودہ حالت میں بھی کسی نہ کسی دن ضرور قایم ھوگا پس اگر بالفرض اسوقت روپیہ کافی جمع نہو تو جسقدر روپیہ آپ دینگے وہ بطور سرمایہ رھیگا اور اُسکی آمدنی سے وہ سرمایہ اور آپ کا ثواب بڑھتا جاویگا جہاں تک کہ وہ سرمایہ کافی مقدار تک پہونچ جاویگا — شاید بعض صاحبوں کو یہہ خیالات شیخ چلی کے سے خیالات معلوم ھوں لیکن اگر شایستہ ملکوں کے حالات پر خیال کرو تو بہت سی اس قسم کی مثالیں پاؤ گے اور دنیا میں بھی اس قسم کی بہت سی مثالیں موجود ھیں رھی تاخیر یہہ ایک مجبوری کی بات ھی جسکا علاج بجز اس کے کہ ھم سب مسلمان دل سے اس کام پر متوجہہ ھوں اور اُن لغو بحثوں کو جنکو مدرسۃالعلوم سے کچھہ تعلق نہیں ھی چھوڑ دیں اور کچھہ چارہ نہیں *

شبہہ دوم

واقع میں بعد جمع ھونے چندہ اور قیام مدرسہ کے تہذیب الاخلاق کے خیالات کی تعلیم تو نہونے لگیگی کمیٹی ایک ھی جلسہ میں سب کچھہ کو دکھانے پر تو آمادہ نہو جاویگی *

جواب

در حقیقت جب آپ سا شخص ایسے شبہات پیش کرتا ھی تو نہایت افسوس ھوتا ھی خود آپ ھی خیال کریں کہ تہذیب الاخلاق کے خیالات کو مدرسۃ العلوم مسلمانان کی تعلیم سے کیا تعلق ھی کمیٹی کی نسبت جو آپ ایسا خیال فرماتے ھیں کیسا افسوس آتا ھی قبول کیجیئے کہ میں نالایق ایک ممبر بد مذھب کمیٹی کا سہی اور مولوی سید مہدی علی صاحب بھی مشتبہہ صحیح مگر آپ کو مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب کے علم و فضل و تقوی و دینداری میں اور مولوی محمد اسمعیل صاحب کے علم و کمال و اتقا و دینداری میں اور مولوی حیدر حسین صاحب اور مولوی فرید الدین احمد صاحب و مولوی امانت اللہ صاحب وغیرہ ممبران کی نیک بختی اور دینداری میں کیا شبہہ ھی جو آپ فرماتے ھیں کہ ایسا تو نہو کہ کمیٹی ایک ھی جلسہ میں سب کچھہ کو دکھائے یہہ بات آپ سے متین آدمی کے کہنے کے لایق نہیں ھی معہذا اگر آپ کو درحقیقت ایسا شبہہ ھی تو اسکا علاج یہہ ھی کہ آپ خود ھی کمیٹی کے ممبر ھوجیئے اور اَوْر لوگوں کو بھی جو آپکی راے میں ٹھیک و درست ھوں اور جن پر آپکو بھی کچھہ شبہہ نہو ممبروں میں داخل کرائیئے تاکہ اکثر آپکی راے کی تائید کرنے والے ھوجاویں ھر بات میں غلبہ اُسی راے کو رھے جسکو آپکی راے کے لوگ پسند کریں اور اس صورت میں مخالف پارٹی (اگر آپکی راے میں کوئی مخالف پارٹی ھی) نہایت ھی کم زور ھوجاویگی پس درحقیقت ایسا کرنا قومی بھلائی و ھمدردی ھی اور کسی مضمون کے لکھدینے اور رسالہ کے چھاپ دینے سے بہت زیادہ مفید و موثر ھی اس سچی بات کے سننے کے بعد مجھے اُمید ھی کہ آپ بھی کمیٹی کا ممبر ھونا قبول فرماوینگے اور جو خرابیاں کمیٹی میں ھوں اُنکی درستی پر دل سے متوجہہ ھونگے ھمارے دل کی صفائی اور خاص قومی بھلائی کی نیت اور اپنی راے پر عدم اصرار تو صاف اسی بات سے ثابت ھی کہ جو لوگ اپنے تئیں ھمارا مخالف بتاتے ھیں اُنھی کی ھم منت کرتے ھیں اُنھی سے التجا کرتے ھیں کہ براے خدا آپ بھی کمیٹی کے ممبر ھوجیئے اور اپنی عمدہ راے سے جو خرابیاں کمیٹی میں ھوں اُنکی اصلاح کیجیئے باقی رھا تہذیب الاخلاق اُسکی نسبت جو کچھہ آپنے لکھا ھی اُس کی بابت اگرچہ اسوقت لکھنے کا موقع نہیں ھی مگر پھر بھی اخیر کو میں کچھہ لکھونگا اس لیئے کہ میں خیال کرتا ھوں کہ آپنے بنظر تعمق اُس معاملہ پر غور نہیں کیا ھی *

شبہہ سوم

پوشاک و لباس و اکل و شرب وضع طلباے مسلمین کا بدلا جاویگا یا نہیں اور کس قسم کا ھوگا *

جواب

پوشاک و لباس اکل و شرب وضع کا بدلا جانا کمیٹی نے تجویز نہیں کیا اور نہ بدلا جانا کوئی امر

ضروري ولابدي هی جو لوگ حقیقت تعلیم پر نہایت غور کرچکے هیں هاں اُنکي راے میں یہہ بات هی کہ ایک سي وضع پر طالب علموں کو رکھنا اُنکي تربیت اُنکے اخلاق اُنکي باهمي دوستي پر بہت موثر هی اور شاید بعض فقراء کے خانوادوں نے بھي اسي لحاظ سے خاص ایک قسم کا نشان و لباس اپنے گروہ کے لیئے تجویز کیا هی پس اگر ممبران کمیٹي اس دقیق نکتہ پر غور کرینگے اور سب طالب علموں کي ایک سي وضع رکھني مناسب سمجھینگے تو کچھہ قواعد مقرر کرینگے اور بہر حال جو تبدل و تجویز هو وہ وهي هوگي جسکو تمام مسلمان ممبر یا اکثر پسند و تجویز کرینگے پس کیا عمدہ بات هو کہ آپ بھي اُس کمیٹي کے ممبر هوں اور جو بات قرار پاوے وہ آپ کي راے سے قرار پاوے پس اگر آپ بھي آپ ممبر هونا قبول نفرماویں تو بجز مسلمانوں کي بدبختي کے اور کیا تصور کیا جاوے *

شبہہ چہارم

اگر خاص درجہ تعلیم کتب دیني کے واسطے روپیہ دیا جاوے تو وہ اس شرط خاص کے ساتھہ منظور هوکر تعمیل شرط هوگي یا نہیں *

جواب

ضرور اسي شرط پر منظور هوگا اور اُسي کام میں خرچ کیا جاویگا *

شبہہ پنجم

علماء مسلمین واسطے تعلیم کے کس قسم کے لوگ منتخب کیئے جائینگے وہ هي مشرقي تعلیم یافتہ جنکي توهیں سے تہذیب الاخلاق بھرا هوا هی یا کسي دوسري قسم کے *

جواب

علماء مسلمین کو مسلمانوں کي جماعت منتخب کریگي جس جماعت میں انشاء اللہ تعالی آپ بھي داخل هونگے تہذیب اخلاق میں گو اُنکي توهیں هي کیوں نہوتي هو اسلیئے کہ اکثر تہذیب الاخلاق پر اُن مسلمان عالموں کا منتخب کرنا منحصر نہیں هی *

شبہہ ششم

اس مدرسہ کے قایم هونے میں کتني مدت درکار هی *

جواب

اسکي خبر خدا کو هی وهي غیب کا حال جاننے والا هی مگر بظاهر حال یہہ معلوم هوتا هی کہ اگر آپ بھي معین هوجاویں اور اَور مسلمان بھي دل سے مدد کریں تو بہت جلد قایم هوجاویگا ورنہ بلاشبہہ دیر هوگي مگر اتنا یقین جان لیجیئے کہ انشاءاللہ تعالی اب یہہ مدرسہ کسیکے روکے روکتا نہیں افسوس هی کہ هماري یہہ خواهش تهي کہ اس مدرسہ کي بنا خاص مسلمانوں کے نام پر بلا امداد دوسري قوم کي تاریخ کي کتابوں میں بطور یادگار کے رهے مگر خدا نے ایسا نہیں چاها اور دوسرے ملک سے همکو مدد مانگني پڑي جو تدبیر کہ لندن میں سب کمیٹي قایم کرنے اور چندہ جاري کرنے کي کي گئي هی اگر وہ پوري هوگئي تو آپ دیکھینگے کہ کیا هوا اور اگر بالفرض وہ بھي نچلي تو هماري موجودہ حالت سے بھي ایک نہ ایک دن مدرسہ قایم هوگا اور جو لوگ شریک نہیں هوتے اُن کو اپني مخالفت پر نہایت افسوس هوگا *

شبہہ هفتم

کب تک انتظار کرکے اپنے روپیہ کي واپسي اهل اسلام کرسکینگے یا کبھي واپس نہوگا برسوں تک یھي کہا جاویگا کہ صبر کرو انتظار دیکھو *

جواب

جو مال کہ خدا کے نام وقف کیا جاتا هی وہ کسیکي ملکیت نہیں رهتا پس صدقہ کي واپسي کا خیال نا مناسب هی البتہ یہہ دیکھنا چاهیئے کہ جو روپیہ آپ نے دیا وہ ٹھیک کام کر رها هی یا نہیں اور وہ ٹھیک کام در هونگے یا تو اُس روپیہ کي آمدني سے علم پڑهایا جاتا

ھوگا یا اُس کی آمدنی سے اصل سرمایہ بڑھا ھوگا اور یہہ درنو کام حالا و مالا نہایت ثواب عظیم کے ھیں جو مال وقف کرنے اور صدقہ دینے سے مقصود ھیں *

شبہہ ھشتم

جو مدارس بالفعل جاری ھیں اُنپر بحصالت کم جمع ھونے چندہ کے اور چھوٹا اسکول جاری ھونے کے کیا ترجیح مدرسۃالعلوم کو ھوگی *

جواب

آپ نے ملاحظہ فرمایا ھوگا کہ ممبروں کی یہہ رائے نہیں ھی کہ چھوٹاسا اسکول تھوڑے سے روپیہ سے جاری کیا جاوے بلکہ در صورت کم جمع ھونے روپیہ کے اُس کی آمدنی اصل سرمایہ میں جمع ھوتی جاویگی تاکہ مقدار مطلوبہ حاصل ھو جاوے *

جناب عالی اب ایک عرض میری بھی سنیئے کہ اگر ان جوابوں سے آپ کی تشفی خاطر ھوگئی ھو تو برائے خدا آپ بھی کمیٹی کی ممبری قبول کیجیئے اور ھمارے مدد و معاون ھوجیئے اور ھماری صفائی اور صدق نیت پر رحم کیجیئے کہ کس طرح ھماری یہہ خواھش ھی کہ جو لوگ ھماری خاص رایوں کے مخالف ھیں اُنھی کے ھاتھہ ھم سب کام ڈالتے اور اُنھی کی راے پر چلنا چاھتے ھیں پس اب ھم پر کچھہ الزام نہیں ھی اگر کچھہ الزام ھو تو اُنھی پر ھی جو اس کام کا لینا قبول نہیں کرتے ھیں *

شاہ رکن‌الدین صاحب نے بلاشبہہ مجھے خط لکھا تھا مگر جب میں یہہ بات دیکھتا ھوں کہ لوگ میری ذاتی باتوں کو کمیٹی کی طرف اور مدرسۃالعلوم کی طرف دیدہ و دانستہ اتہاماً یا غلطی سے منسوب کرتے ھیں تو میں شاہ رکن‌الدین صاحب کو بجز اس کے کہ ھربات مدرسہ کی کمیٹی کی راے پر منحصر ھی اور کیا جواب دے سکتا تھا اگر مجھسے سوال کرنے والے یہہ سمجھیں کہ یہہ ایک شخص کی یا ایک ممبر کی راے ھی تو مجھے اپنی راے ظاھر کرنے میں نہ کبھی پہلے مفر ھوا اور نہ آیندہ ھوگا *

اب میں آپ سے کچھہ اور بھی عرض کیا چاھتا ھوں اس امید سے کہ جس متانت اور صاف دلی سے آپنے مولوی مہدیعلی صاحب کو یہہ خط لکھا ھی اُسی متانت اور صاف دلی سے اس تحریر پر بھی توجہہ فرماوینگے آپ مجھکو مذھبی سخت الفاظ سے یاد کرتے ھیں اور ملت نیچریہ میری طرف منسوب فرماتے ھیں اور مذھب کا انقلاب دینے والا قرار دیتے ھیں اور اسی سبب سے مجھہ سے نفرت رکھتے ھیں میں ان باتوں سے کچھہ ناراض نہیں ھوں کیونکہ میں سمجھتا ھوں کہ آپنے اس مطلب پر غور نہیں فرمایا ھی *

آپ کو یہہ الفاظ فرمانے اُس وقت مناسب تھے جب کہ میری کوئی تحریر یا تقریر اسلام کے برخلاف دیکھی ھوتی یا اسلام پر میرے اعتراضات وارد کیئے ھوتے حالانکہ جب میری تمام تحریر و تقریر کا منشاء اور مآل یہہ ھی کہ جو اعتراض معترضوں نے اور مخالف مذھب والوں نے اسلام پر کیئے ھیں وہ در حقیقت اسلام پر وارد نہیں ھوتے تو ایسی حالت میں میں حامی اسلام ھوا یا ملحد و مرتد *

فرض کرو کہ میری تمام تحریر غلط سہی مگر میں اپنی اُس تحریر سے جب بریت اسلام کی معترضین کے اعتراضوں سے اپنی دانست میں ثابت کرتا ھوں تو آپ کو ایسے الفاظ ایک مسلمان حامی اسلام کی نسبت کہنے کیونکر زیبا ھیں ھاں البتہ یہہ آپ فرما سکتے ھیں کہ غلط اصول پر جواب دیا ھی جواب دینے میں غلطی کی ھی مگر اُس مجیب کو مرتد و دھریہ و نیچرل اسٹ کیونکر فرما سکتے ھیں *

مثلاً کوئی شخص ایک نہایت خوبصورت کی نسبت یہہ کہتا ھی کہ وہ کالا تل جو اُس کے چہرہ پر ھی اُس سے وہ چہرا نہایت بد صورت ھوگیا ھی اب دو شخص اُس برائی کے رفع کرنے کو موجود ھوئے ھیں ایک شخص نے یہہ ثابت کرنا چاھا کہ اُس خوبصورت چہرہ پر کالا تل ھی ھی نہیں اور دوسرے شخص نے اس بات کو تو تسلیم کیا کہ تل تو ھی مگر یہہ بات ثابت کرنی چاھی کہ اُس تل سے اُس کے حسن کو اور زیادہ خوبی اور چہرہ کو نہایت ھی خوبصورتی ھوگئی ھی پس اب ان دونوں میں سے کس شخص کو آپ اُس خوبصورت چہرہ کا دشمن اور بد خواہ قرار دینگے غالباً دونوں شخصوں کو اُس معترض نے جو عیب لگایا ھی اُس کو رفع کرنے والا سمجھینگے پس یہی حال میرا اور میرے مخالفوں کا مذھب اسلام کی نسبت ھی *

میری یہہ راے ھی کہ علوم جدیدہ ھندوستان میں اور تمام اسلامی ملکوں میں روز بروز پھیلتے جاوینگے اگر کوئی ھزار تدبیریں اُن کے روکنے کی کرے رک نہیں سکتے اور یہہ بھی میں اپنی راے میں (خواہ وہ غلط ھو یا صحیح) یقینی سمجھتا ھوں کہ جب وہ علوم بخوبی پھیل جاوینگے تو تمام مذاھب کے اور نیز مذھب اسلام کے سرسبز و شاداب پودے جل کر برباد ھو جاوینگے اُن علوم کے سامنے صرف اُسی مذھب کا پودہ سرسبز و شاداب رھیگا جس نے

یعنی اُن علوم کا مقابلہ کیا ہوگا اور یا تو اُن علوم کے مسایل مخالف اسلام کو ڈھا دیا ہوگا یا خود اسلام کے مسایل کو اُن علوم کے مطابق کر دکھایا ہوگا *

یہہ بات کچھہ نئی نہیں ہی جب مسلمانوں میں فلسفہ یونانی نے رواج پایا تو اُس وقت بھی علماے اسلام کو یہی کرنا پڑا کہ یا حکمت یونان کے مسئلہ کو جو مخالف اسلام تھا باطل کیا یا مسایل اسلام کو مطابق حکمت یونان کر دکھایا اور ایسا کرنے میں رکیک رکیک اور ضعیف ضعیف تاویلوں کے بھی مرتکب ہوئے جیسیکہ شاہ عبدالعزیز صاحب نے فی ذی فلک یسبحون کی تفسیر میں کی ہی و قس علی ہذا *

میں یہہ سمجھا ہوں (خواہ میری سمجھہ غلط ہو یا صحیح) کہ وہی زمانہ بلکہ اُس سے بھی زیادہ مشکل اب آ گیا ہی اور میں فرض سمجھتا ہوں کہ جو لوگ لکھے پڑھے ہیں (میں اپنے تئیں لکھے پڑھوں میں نہیں سمجھتا) وہ حال کے علوم جدیدہ کا مقابلہ کریں اور اسلام کی حمایت میں کھڑے ہوں اور مثل علماء سابق کے یا تو مسایل حکمت جدید کو باطل کردیں یا مسائل اسلام کو اُن سے مطابق کردیں کہ اس زمانہ میں صرف یہی ضرورت حمایت اور حفاظت اسلام کی ہی *

ان خیالات کے باعث میں مذہب اسلام کے مسایل سے بحث کرتا ہوں اور جو مسئلہ حکمت جدید کا میری راے میں تردید کے قابل نہیں ہی تو مذہب اسلام کے مسئلہ کو تطبیق دیتا ہوں اب فرض کرو کہ میں نے اُس تطبیق میں بسبب اپنی جہالت و بے علمی کے غلطی کی ہو مگر ایسا شخص جو بتمامہ حمایت اسلام میں مصروف ہو اُن الفاظ کا مستحق ہی جو آپ سا متین آدمی (جس سے قوم کو فخر کرنا چاہیئے اور قوم کو اُس سے بہبودی کی اُمید کرنا چاہیئے) ارشاد فرماتا ہی *

آپ خیال فرمائیے کہ میری راے میں یہہ مسئلہ حکمت جدید کا کہ "تمام کواکب کرات معلق ہیں فضاے بسیط میں" ایسا مستحکم ہی کہ اُس کی تردید کسی طرح نہیں ہوسکتی فرض کرو کہ میرا ایسا یقین کرنا فی نفسہ غلط ہو مگر مجھے یقین ہی اب میں صرف بنظر حمایت اسلام یہہ ثابت کرنا چاہتا ہوں کہ قران مجید سے بھی آسمان مجسم محیط اطراف عالم کا ہونا ثابت نہیں فرض کرو کہ میرا یہہ قول ہی فی نفسہ درست نہو مگر جس منشاء سے میں نے یہہ مسئلہ بیان کیا ہی میں مثبت قران و مصدق و حامی اسلام ہوں یا نیچرل اسٹ و مرتد — اگر آپ کو خدا نے زیادہ علم دیا ہی اور آپ اُس مسئلہ حکمت جدید کی تردید کرکر آسمان محیط عالم کو ثابت کریں اور قران مجید کی تصدیق فرماویں تو میرے اور آپ کے منشاء میں کچھہ فرق نہوگا پس کسطرح ہم ایک دوسرے پر الفاظ سخت مذہبی کا اطلاق کرسکتے ہیں *

یا میری سمجھہ میں کسی وجود خارجی غیر محسوس کا مخبر للانسان ہونا محالات سے ہی — میں اس مسئلہ کا حل اسطرح پر کرتا ہوں کہ قران مجید سے بھی اُس کا وجود خارج من الانسان ہونا ثابت نہیں پس اس میری تحریر کا منشاء گو وہ غلط ہو حمایت و تصدیق قران مجید ہی یا برخلاف اُس کے *

یا میری راے میں مخالفین کی وجوہات نسبت برائی غلامی کے ایسی ہیں جو رفع نہیں ہوسکتیں میں کہتا ہوں کہ اسلام نے بھی اِس برائی کو مٹا دیا ہی پس یہہ کہنا حمایت اسلام پر مبنی ہی یا اُس کی مخالفت پر *

میں نے دیکھا ہی کہ شیعوں کا اعتراض جو حدیث قرطاس کے معاملہ میں حضرت عمر پر ہی بعض لوگوں نے اُس حدیث کو تسلیم کرکر اُس کا جواب دیا ہی اور بعضوں نے اُس حدیث ہی سے انکار کیا ہی پس کیا اُن میں سے کوئی مخالف حضرت عمر کا قرار پاسکتا ہی *

پس اب آپ ان سب باتوں پر خیال فرماکر تہذیب‌الاخلاق کی نسبت اور میری نسبت جو راے چاہیں قایم کرلیں مگر اتنا ضرور یاد رکھیں کہ بہت جلد زمانہ آنے والا ہی جو لوگ سمجھینگے کہ میری کتاب خطبات احمدیہ اور میرا تہذیب‌الاخلاق مسلمانوں کے لیئے کیسی رحمت تھا *

بہرحال یہہ قصہ تو ہوچکا اور ہوتا ہی رہیگا آپ جو چاہیں مجھکو اور میرے تہذیب‌الاخلاق کو فرماویں مگر مدرسۃ‌العلوم کی کمیٹی میں شریک ہوجیئے اور للہ فی اللہ مسلمانوں کی بھلائی پر کوشش فرمائیئے آپ کے سبب سے مسلمانوں کو بہت فائدہ ہوگا اور کمیٹی میں بھی آپ عمدہ تجویزیں بتلا سکینگے پس تمام خیالات کو دور کیجیئے اور دین دنیا کی خوبی حاصل فرمائیئے زیادہ بجز تسلیم کے اور کیا عرض کروں — والسلام *

والا——م
سید احمد

THE MAHOMMEDAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE FUND COMMITTEE.

The Secretary to the above Committee has drawn out a Circular in order to raise subscriptions in England for the benefit of the Mahommedan Anglo-Oriental College, and has requested his friends in England to form a Committee having

The Right Honourable Lord Lawrence, G. C. B. G. C. S. I., as President, and the following Noblemen and Gentlemen as Members.

The Marquis of Salisbury.

The Earl of Derby.

The Right Honourable Lord Stanley of Alderly.

Sir Bartle Frere, G. C. S. I.

Sir Charles Trevelyan, K. C. S. I.

Sir Lawrence Peel.

Sir Robert Montgomery, K. C. S. I.

Edward Thomas, Esquire, F. R. S., Secretary.

The Secretary has also written personally to Lord Lawrence, Lord Stanley of Alderly, Sir Bartle Frere, Sir Charles Trevelyan, Sir Robert Montgomery, Edward Thomas, Esquire, and others, and thus it is hoped that the scheme will prove advantageous to the cause, and there can be no doubt that if a Committee is formed in England for the purpose it will do immense good.

His Grace the Duke of Argyll, Secretary of State for India, has been duly informed by the Secretary to the Committee of this step.

The Circular above alluded to is as follows :—

CIRCULAR.

FROM THE MAHAMMEDAN ANGLO-ORIENTAL COLLEGE FUND COMMITTEE.

Registered under Act XXI, 1860.

BENARES, N. W. P., INDIA.

Ever since the fall of the Mogul Empire in India, the Musalmans have steadily been losing ground, not only in wealth and influence, but also in education. For some years after the advent of the English rule, they continued to study Oriental Sciences and literature—chiefly Arabic and Persian—and often held the highest offices open to the natives of India under the rule of the late East India Company. Of late, however, the English language having become an indispensable requirement for any office under the English Government, the Musalmans have most remarkably

نمبر ۱۴۹

چندہ مدرسۃ العلوم مسلمانان

سکرٹري کمیٹي خزنۃ البضاعۃ نے انگلستان میں بھي مدرسۃ العلوم مسلمانان کے لیئے چندہ جمع کرنے کو ایک سرکیولر روانہ کیا ھی اور اپنے دوستوں سے جو انگلستان میں ھیں اس بات کي درخواست کي ھی کہ وھاں بھي چندہ جمع کرنے کے لیئے ایک کمیٹي بنائي جاوے اور یہہ بھي درخواست کي ھی کہ رایٹ آنریبل لارڈ لارنس جي . سي . بي . جي . سي . ایس . آئي اُس کمیٹي کے پریزیڈنٹ —

اور

مارکوئیس آف سالس بري

ارل آف ڈربي

لارڈ اسٹینلي آف ایلڈرلي

سربارٹل فریر جي سي ایس آئي

سر چارلس ٹریویلین کے سي ایس آئي

سرلارنس پیل

سر رابرٹ منٹگمري کے سي ایس آئي اُس کمیٹي کے ممبر اور ایڈورڈ تامس صاحب ایف آر ایس اُس کمیٹي کے سکرٹري ھوں *

سید احمد خاں نے اس درخواست کي منظوري کے لیئے جناب لارڈ لارنس اور لارڈ اسٹینلي اور سر بارٹل فریر اور سرچارلس ٹریویلین اور سر رابرٹ منٹگمري اور ایڈورڈ تامس صاحب کو بطور نمونے کے چھٹیات لکھي ھیں اُمید ھی کہ یہہ تدبیر کارگر ھوگي اور اگر لندن میں مذکورہ بالا امراء نے کمیٹي کا بنانا منظور کرلیا تو مدرسۃ العلوم مسلمانان کے چندہ کو بہت بڑي مدد ملیگي سید احمد خاں سکرٹري نے اپني اس تدبیر سے حضور عالي ھزگریس ڈیوک آف آرگائل وزیر اعظم ھندوستان کو بھي اطلاع دي ھی *

جو سرکیولر کہ سید احمد خاں نے لندن روانہ کیا ھی وہ یہہ ھی *

سرکیولر

از طرف مجلس خزنۃ البضاعۃ لتاسیس مدرسۃ العلوم للمسلمین

جسکي رجسٹري بموجب ایکٹ ۲۱ سنہ ۱۸۶۰ع کے ھوچکي ھی

مقام بنارس واقع اضلاع شمال و مغرب ھندوستان

جب سے سلطنت مغلیہ کا ھندوستان میں زوال ھوا اُسوقت سے مسلمانوں کي صرف دولت اور اختیار ھي کو تنزل نہیں ھوا بلکہ اُن کي تعلیم میں بھي بہت کچھہ تنزل ھوگیا ھی — ھندوستان میں انگریزي سلطنت کے شروع ھونے کے بعد کچھہ عرصہ تک مسلمان مشرقي علوم اور

مشرقی علم ادب خصوصاً فارسی و عربی پڑھتے رہے اور ایسٹانڈیا کمپنی کی عملداری میں جو اعلی سے اعلی عہدے ہندوستانیوں کو ملنے ممکن تھے اُن پر مسلمان ممتاز ہوتے تھے لیکن بالفعل جب سے انگریزی زبان کا جاننا گورنمنٹ کی ملازمت کے لیئے ایک امر ضروری ہو گیا ہی تب سے سرکاری عہدہداروں کی فہرست میں مسلمانوں کی تعداد بہت کم ہوگئی ہی — بعض اضلاع میں مسلمان عہدہ داروں کی تعداد بمقابلہ ہندوؤں کے اسقدر کم ہی کہ فی صدی تین مسلمان ہیں اور یہہ بات ہندوستان کے لیئے پولیٹکل اور سوشیئل دونوں طرح پر نہایت بڑی خرابی کی سمجھی جاتی ہی — نہایت افسوس ہی کہ افلاس اور جرایم جو جہالت کے ضروری نتیجے ہیں مسلمانوں میں بڑہ گئے ہیں اور یہہ خیال کیا جاتا ہی کہ یہہ سب خرابیاں جس میں آج کل مسلمان مبتلا ہیں صرف عمدہ تعلیم ہی سے دور ہو سکتی ہیں *

جو سلسلہ تعلیم کا گورنمنٹ نے اس ملک کے لوگوں کے سخت تعصبات کے سبب سے بمجبوری اختیار کیا ہی گو کہ وہ نہایت فیاضی کے اصول پر مبنی ہی جس میں کسی کی طرفداری نہیں ہی تو بھی مسلمانوں کی خانگی اور سوشیئل ضرورتوں کے لیئے کافی نہیں ہی — مشرقی زبان اور مشرقی علم ادب کی کافی ترقی کا نہونا — اعلی درجہ کے علوم کی تعلیم کا صرف انگریزی زبان کے ذریعہ سے ہونا — ایک ہی سی تعلیم کا تمام لوگوں کے لیئے مقرر ہونا — یہہ سب ایسے اسباب ہیں جن کے باعث سرکاری سلسلہ تعلیم سے مسلمانوں کی (جو اپنی زبان اور اپنے علم ادب کو پسند کرتے ہیں اور اُن کی تبدیلی پر راغب نہیں ہوتے) تمام ضرورتیں رفع نہیں ہوتیں — مسلمان طالبعلموں کی تعداد اب تک گورنمنٹ کالجوں اور اسکولوں میں نہایت کم ہی اور گو گورنمنٹ ہند نے بصلاح و مشورہ اپنے ماتحت کی گورنمنٹوں کے اُن موانع کے دفعیہ کی بھی کوشش کی ہی جن کے باعث سے مسلمان اپنے لڑکوں کو سرکاری مدرسوں میں تعلیم کے لیئے نہیں بھیجتے تاہم نہایت مناسب معلوم ہوتا ہی کہ خود مسلمانوں کو اس امر میں کوشش کرنی چاہیئے — چند نہایت لایق اور معزز مسلمانوں نے متفق ہوکر اکسفورڈ اور کیمبرج کے قاعدہ کے موافق ایک عمدہ مدرسۃالعلوم کے قایم کرنے کی تجویز کی ہی اور یہہ تجویز کیا ہی کہ تعلیم کے ساتھہ طالب علم مدرسہ میں رہیں اور اس لیئے چند قاعدے بھی † بنائے ہیں — جو طریقہ زندگی کا بالفعل ہندوستان میں ہی وہ کسی قسم کی عمدہ تحصیل علم کے لیئے مناسب نہیں ہی اور یہہ خیال کیا جاتا ہی کہ مدرسہ میں رہنے کا قاعدہ اُس بڑے نقصان کا علاج ہوگا — جس قدر کہ انگلستان

† اس سے اشارہ اُن قاعدوں کی نسبت ہی جو ۱۰ فروری سنہ ۱۸۷۳ ع کے اجلاس میں سید محمد محمود کی طرف سے پیش ہوئے تھے —

fallen off from the list of the Government appointments. In some provinces, the number of Musalman officials, as compared with the Hindus, is actually so low as three per cent—a circumstance regarded as a great political and social evil for India. Poverty and crime—the inevitable results of the want of education—have also most deplorably increased among the Mahammedans, and it is supposed that nothing but education can remedy the evils from which they are now suffering.

The system of education, which the Government of the country is obliged to adopt owing to the strong religious prejudices of the people, though founded upon liberal and impartial principles, is not suited to the domestic and social requirements of the Musalman community. The want of sufficient encouragement to Oriental languages and Literature, teaching high science only through the English language, and the attempt to make one kind of education suit all classes of people, make the Government system of public instruction unfit to satisfy the want of the Musalmans, who are very fond of their own languages and literature and can never be induced to exchange them for any other. The attendance of Mahammedan children in Government Colleges and schools has consequently been very small, and although the Government of India, in conjunction with the provincial Governments, has, of late, attempted to remedy the causes which keep Mahammedan parents from sending their children to Government educational institutions, it appears most desirable that the Musalmans themselves should take an active step in the matter. Some of the intelligent and leading members of the community have accordingly joined to found a good College after the system of Oxford and Cambridge, combining instruction with residence under a certain discipline. The mode of life in India as it now is, is not adapted to any kind of serious study, and the introduction of the system of residence is calculated to remedy this great defect. Residence in College, which is considered so essential at the sister Universities of England, is even more indispensable in India where home influences among the wealthier classes are by no means favorable to learning. The foundation of a College, after the system of Oxford and Cambridge, will inspire altogether a new spirit into the minds of the students,

and cannot fail to attract the higher classes of the Mahammedans. The scheme has met with favour from the Government of India and liberal support and assistance has been promised.

A subscription has been on foot for about a year, and lagre sums have been contributed, His Excellency Lord Northbrook, the Viceroy and Governor-General of India, subscribing not less than £1,000 to the fund. The Musalmans ask either their own co-religionists or the British nation for subscriptions. They think that they have a special claim upon England as the rulers of India and the well-wishers of mankind.

The Musalmans form a population of about thirty millions of British subjects in India and may be said to be an important section of the community. The attempt which they are now making, is to lay the foundation of a University which may, hereafter develope itself, and spread its influence all over India through a system of Colleges and schools imparting education suited specially to the Musalmans and their present relations with the English nation.

The chief subjects of instruction are to be European Sciences,—Pyhsical and Mental—taught through the medium of the Hindustani language, which are much needed in this country and without which no real national progress can be made. The other subjects of study, in the proposed College, are to be English literature and the classical languages combined with Oriental Literature. By such a course, it is expected that the Mahammedans, while keeping up their own national education, will pay greater attention to the English language—now the *sine qua non* of any kind of appointment under the British Government—and reconcile themselves more to the English rule in India. They have hitherto regarded the English language and sciences as at best the means for getting into Government employment, and the wealthier classes have consequently avoided the Government Education. What some of the leading Mahammedans now desire is, that the English language and literature, as well as European Sciences, should be looked upon in quite a different light, that they should not be regarded as merely for getting livelihood under the English rule, but as in themselves real objects of study for the enlightenment and refinement of the mind and intellect.

There is no doubt that, if the present attempt to regenerate the Musalmans meets with success, the

کي يورپي درستيوں ميں مدرسہ ميں رهنا ضروري سمجها جاتا هی هندوستان ميں اُس سے بهي بهت زيادہ ضرور هی اس ليئے کہ هندوستان کے دولت مند لوگوں کے گهر کي باتوں کا اثر تعليم کے ليئے نهايت هي مضر هی — اکسفورڈ اور کيمبرج کے قاعدہ کے موافق مدرسۃالعلوم قايم هونے سے طالب علموں کے دلوں ميں ايک نئي روح بهر جاويگي اور اعلی درجہ کے مسلمانوں کو بهي اپني طرف راغب کرليگي — اس تجويز کو گورنمنٹ هند نے بهي بهت پسند کيا هی اور نهايت فياضي سے امداد کرنے کا وعدہ فرمايا هی *

ايک برس کے قريب هوا جب سے چندہ جاري هی اور بهت سا روپيہ لوگوں نے اس چندہ ميں مرحمت فرمايا هی حضور عالي جناب لارڈ نارتهبروک صاحب ويسرائے اور نواب گورنر جنرل بهادر هندوستان نے بهي ايک هزار پونڈ يعني دس هزار روپيہ چندہ دينا کيا هی — مسلمانان خود اپنے هم مذهبوں يعني مسلمانوں سے اور انگريزوں سے اس چندہ کي درخواست کرتے هيں اور وہ يهہ خيال کرتے هيں کہ انگلستان کے لوگوں پر جو هندوستان کے حاکم اور انسان کے خير خواہ هيں همارا ايک خاص استحقاق هی — هندوستان ميں گورنمنٹ کي رعايا ميں مسلمانوں کي تعداد تين کرور هی بالفعل اُن کي يهہ کوشش هی کہ ايک يونيورسٹي کي بنا ڈاليں جو بعدہ خود ترقي پاکر اپنا اثر تمام هندوستان ميں بذريعہ کالجوں اور اسکولوں کے پهيلاوے اور اُن کالجوں اور اسکولوں ميں ايسي تعليم هو جو خاص مسلمانوں کي حالت اور اُس نسبت کے جو مسلمانوں اور انگريزوں ميں هی مناسب هووے *

وہ خاص علوم جنميں تعليم هوگي وہ مغربي علوم هونگے جو علم طبعيات اور علم قرائے انساني کهلاتے هيں جنکي اس ملک ميں نهايت ضرورت هی اور جنکے بغير کسي قوم کي اصلي ترقي نهيں هوسکتي اور ان علوم کي تعليم بذريعہ هندوستاني زبان کے هوگي اور اَوْر علوم جو مجوزہ مدرسۃالعلوم ميں سکهائے جاوينگے وہ يهہ هيں انگريزي علم ادب اور قديم زبانيں جنکے ساتهہ مشرقي علم ادب بهي هوگا — اس سلسلہ تعليم سے يهہ اُميد هی کہ مسلمان اپني قومي تعليم بهي پاوينگے اور انگريزي زبان کي طرف بهي زيادہ تر مترجهہ هونگے جو کہ سرکار انگريزي کي عملداري ميں هر قسم کي نوکري کے ليئے ايک ضروري شرط قرار دي گئي هی — يهہ لوگ آج تک انگريزي زبان اور انگريزي علوم کو سرکاري نوکري حاصل کرنے کا ذريعہ سمجهتے هيں اور اس سبب سے دولتمند لوگ جو نوکري کي خواهش نهيں رکهتے سرکاري سلسلہ تعليم سے پرهيز کرتے هيں — مگر بالفعل اکثر معزز مسلمانوں کي يهہ خواهش هوئي هی کہ انگريزي زبان اور انگريزي علم ادب اور مغربي علوم کو لوگ اب اَوْر نظر سے ديکهيں اور انگريزي عملداري ميں اُس کو پيٹ پالنے کا ذريعہ نہ سمجهيں بلکہ روشن ضميري اور فهم و فراست کے ليئے اُنکو حاصل کريں *

اس ميں کچهہ شک نهيں کہ مسلمانوں کي ترقي کے ليئے جو بالفعل کوشش هو رهي هی اُس ميں اگر کاميابي هو تو انگلستان

اور هندوستان کے باهم جو پولیٹکل اور سوشیئل رشتے هیں وہ اَور زیادہ مستحکم اور دوستانہ هو جاوینگے — جو عظمت مسلمانوں کو هندوستان میں حاصل تهي اور اُن کے بعد وہ عظمت انگریزي قوم کو حاصل هوئي هی اسلیئے انگریزوں کو رقیب سمجهنے پر مسلمانوں کي طبیعت مایل هوتي هی لیکن نهایت لایق اور معزز مسلمان بخوبي واقف هیں کہ انگلستان کي شایستہ حکومت نے هندوستان کو بڑے بڑے فائدہ بخشے هیں اور یہہ لوگ اپنے هم مذهبوں کو جهالت اور ذلت کي حالت سے جو بالفعل اُنکے هي خیال نے کے لیئے ایک ایسا سلسلہ اصلي اور پختہ تعلیم کا بنانا تجویز کر رهے هیں جس سے مسلمانوں کي اینده نسل کے لوگ شایستہ باشندے اور گورنمنٹ کي بهتر رعایا هوں *

مدرسہ مجوزہ ایک چهوٹے شهر میں قایم هونے والا هی اور چونکہ یہہ شهر ایک مقام متوسط میں واقع هی اسلیئے هندوستان کے مسلمان هر ایک حصہ هندوستان سے بآساني وهاں پهونچ سکینگے — تعلیم کے ساتهہ مدرسہ میں رهنے کا قاعدہ جاري کرنے سے یہہ بهي غرض هی کہ جو طالب علم هندوستان کے دور دراز حصہ سے اس مدرسہ میں تعلیم کے لیئے آویں اُنکو کچهہ دقت نهو *

مسلمانوں نے چندہ فراهم کرنے کے لیئے ایک کمیٹي مقرر کي هی اور خیال کیا جاتا هی کہ اس مدرسہ کي عمارت وغیرہ اور تقرر اسکالرشپ کے لیئے ایک لاکهہ پچاس هزار پونڈ درکار هونگے جس کے پندرهویں حصہ کے قریب چندہ هوچکا هی اور یہہ تجویز هی کہ جو لوگ اسقدر چندہ دیں جو فلوشپ یا اسکالر شپ یا انعام کے لیئے کافي هو اُنکو اختیار هوگا کہ اسبات کي هدایت کریں کہ همارا چندہ اُسي کام میں لگایا جاوے اور یہہ بهي تجویز هی کہ جو لوگ مدرسہ کے لیئے سو پونڈ یا اُس سے زیادہ چندہ دیں اُنکي یادگاري کے لیئے خاص تدبیریں کي جاویں *

جو ناموري کہ انگلستان کو اُسکي دولتمندي اور فیاضي اور سخاوت کے سبب سے حاصل هی اور جو خاص تعلق انگلنڈ کو هندوستان کے ساتهہ خدا نے قایم کیا هی اُس کے سبب سے مسلمانوں نے ایسے دور دراز ملک میں اور ایسے لوگوں سے جو بلحاظ قومیت اور مذهب کے بالکل مختلف هیں مدد مانگنے کي جرات کي هی اور اُمید هی کہ انگلستان کي قوم جو همیشہ انسانیت اور انسان کي عام بهلائي کے کاموں میں مدد کرنے کو مستعد رهتي هی ایسے لوگوں کي مدد کرنے سے انکار نکریگي جو اُسکے ساتهہ نهایت قریب رشتہ پولیٹکل کا رکهتے هیں اور جنکو انگریزي رعایا کے بالکل حقوق حاصل هیں مگر بباعث نهونے شایستگي اور تهذیب کے اُن سے فائدہ نهیں اُٹها سکتے † *

دستخط سید احمد خاں بهادر سي ایس آئي
لیف انریري سکرٹري کمیٹي خزنۃالبضاعۃ
لتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین

† واضح هو کہ جو لوگ لندن میں چندہ دینا چاهیں وہ اپنا چندہ لندن میں مسٹرز هنري ایس کنگ اینڈ کو کي کوٹهي مهاجني میں جو کارنهل میں بنمبر ۶۵ واقع هی جمع کرسکتے هیں *

SYUD AHMED KHAN, Bahadur, C. S. I.,
Life Hony. Secy. Mahammedan Anglo-Oriental College Fund Committee.

P. S.—Subscriptions in England may be paid to Messrs. Henry S. King and Co., 65 Cornhill, London.

political and social relation between England and India will become firmer and more intimate. The English nation being the successors of the Mahammedans in the supremacy over India, are apt to be regarded more as rivals than as friendly rulers. The leading and most intelligent Musalmans, however, are fully convinced of the great advantages which the enlightened rule of England confers upon India, and, with a view to raise their co-religionists from their present state of ignorance and degradation, have begun to organize a system for imparting genuine and sound education calculated to make the future generations of Mahammedans better citizens and better British subjects.

The College, which it is now proposed to establish is to be situate at a small town which, from its central position is easily accessible from all parts of the Musalman population of India. The system of combining instruction with residence is intended also to facilitate students coming from distant parts of India for receiving education at the institution.

A Committee has been formed by the Mahammedans for the purpose of raising subscriptions. It is expected that the capital required for the proposed College, sufficient to cover the expenses of building &c., and of endowing the institution with scholarships will amount to about £1,50,000, of which about a fifteenth part has already been raised. It is proposed that those who subscribe sums large enough to found a fellowship or Scholarship or a Prize, will have liberty to direct their subscriptions to be so used, and that special means will be adopted to keep the memory of those who contribute £100 or more towards the College fund.

The reputation which England enjoys for its wealth, munificence and charity, as well as the intimate relations in which Providence has placed her with India, encourage the Musalmans to seek for a helping hand, in such a distant region, from people of a different race and creed. It is most sanguinely hoped that the British nation, ever ready to countenance the cause of humanity and good to mankind in general, will not refuse to come forward to assist those who live in such a close political connection with them—possessing all the rights and privileges of British subjects, but barred from enjoying them on account of the want of enlightenment and civilization.

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چهپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اهتمام سے شایع هوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم جمادي الثاني سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ تقضا ے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب و کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۵۰

اُميد کي خوشي

اے آسمان پر بھورے بادلوں میں بجلي کي طرح چمکنے والي دھنک — اے آسمان کے تاروں تمھاري خوشنما چمک — اے بلند پہاڑوں کي آسمان سے باتیں کرنے والي دھوندلي چوٹیوں — اے پہاڑ کے عالیشان درختوں — اے اونچے اونچے ٹیلوں کے دلکش بیل بوٹوں تم بہ نسبت ہمارے پاس کے درختوں اور سرسبز کھیتیوں اور لہراتي ہوئي نہروں کے کیوں زیادہ خوشنما معلوم ہوتے ہو — اس لیئے کہ ہم سے بہت دور ہو اس دوري ہي نے تمکو یہہ خوبصورتي بخشي ہی — اس دوري ہي سے تمھارا نیلرنگ ہماري آنکھہ کو بھایا ہی ' تو ہماري زندگي میں بھي جو چیز بہت دور ہی وہي ہمکو زیادہ خوش کرنے والي ہی *

وہ چیز کیا ہی ' کیا عقل ہی جسکو سب ' سب سے اعلی سمجھتے ہیں کیا وہ ہمکو آیندہ کي خوشي کا یقین دلاسکتي ہی ؟ ہرگز نہیں ' اُسکا میدان تو نہایت تنگ ہی ' بڑي دوڑ دھوپ کرے تو نیچر تک اُسکي رسائي ہی جو سب کے سامنے ہی *

اُو نوراني چہرہ والے یقین کي ایکلوتي خوبصورت بیٹي ' اُمید ' یہہ خدائي روشني تیرے ہي ساتھہ ہی ' تو ہي ہماري مصیبت کے وقتوں میں ہمکو تسلي دیتي ہی ' تو ہي ہمارے ازے وقتوں میں ہماري مدد کرتي ہی ' تیري ہي بدولت نہایت دور دراز خوشیاں ہمکو نہایت ہي پاس نظر آتي ہیں ' تیرے ہي سہارے سے زندگي کي مشکل مشکل گھاٹیاں ہم طی کرتے ہیں ' تیرے ہي سبب سے ہمارے خوابیدہ خیال جاگتے ہیں ' تیري ہي برکت سے خوشي خوشي کے لیئے نام آوري نام آوري کے لیئے بہادري بہادري کے لیئے فیاضي فیاضي کے لیئے محبت محبت کے لیئے نیکي نیکي کے لیئے طیار ہی ' انسان کي تمام خوبیاں اور ساري نیکیاں تیري ہي تابع اور تیري ہي فرماں‌بردار ہیں *

وہ پہلا گنہگار انسان جب شیطان کے چنگل میں پھنسا اور تمام نیکیوں نے اُسکو چھوڑا اور تمام بدیوں نے اُسکو گھیرا تو صرف تو ہي اُس کے ساتھہ رہي تو ہي نے اُس نا اُمید کو نا اُمید ہونے نہیں دیا تو ہي نے اُس موت میں پھنسے دلکو مرنے نہیں دیا تو ہي نے اُسکو اُس ذلت سے نکالا اور پھر اُسکو اُسي اعلی درجہ پر پہونچایا جہاں کہ فرشتوں نے اُسکو سجدہ کیا تھا *

اُس نیک نبي کو جس نے سیکڑوں برس اپني قوم کے ہاتھہ سے مصیبت اُٹھائي اور مار پیٹ سہي تیرا ہي خوبصورت چہرہ تسلي دینے والا تھا — وہ پہلا نا خدا جب کہ طوفان کي موجوں میں بہا جاتا تھا اور بجز مایوسي کے اور کچھہ نظر نہیں آتا تھا تو ٹوٹي اُس طوفان میں اس کي کشتي کھینے والي اور اُسکا بیڑا پار لگانے والي تھي — تیرے ہي نام سے جودي پہاڑ کي مبارک چوٹي کو عزت ہی — زیتون کي ہري ٹہني کو جو وفادار کبوتر کي چونچ میں وصل کے پیغام کي طرح پہونچي جو کچھہ ہوئے ہی تیري ہي بدولت ہی *

اے آسمانوں کي روشني اور اے نا اُمید دلوں کي تسلي اُمید تیرے ہي شاداب اور سرسبز باغ سے ہر ایک محنت کا پھل ملتا ہی تیرے ہي پاس ہر درد کي دوا ہی — تجھي سے ہر ایک رنج میں آسودگي ہی — عقل کے ویران جنگلوں میں بھٹکتے بھٹکتے تھکا ہوا مسافر تیرے ہي گھنے باغ کے سرسبز درختوں کے سایہ کو ڈھونڈتا ہی وہاں کي ٹھنڈي ہوا خوش الحان جانوروں کے راگ بھتي نہروں کي لہریں اُس کے دلکو راحت دیتي ہیں اُس کے مرے ہوئے خیالات کو پھر زندہ کرتي ہیں — تمام فکریں دل سے دور ہوتي ہیں اور دور دراز زمانہ کي خیالي خوشیاں سب آموجود ہوتي ہیں *

دیکھہ نادان بے بس بچھ کھوارہ میں سوتا ہی اُسکي مصیبت‌زدہ ماں اپنے دھندے میں لگي ہوئي ہی اور اُس کھوارہ کي ڈوري بھي ہلاتي جاتي ہی — ہاتھہ کام میں اور دل بچے میں ہی اور زبان سے اُسکو یوں لوري دیتي ہی — سورہ میرے بچے سورہ — اے اپنے باپ کي صورت اور میرے دلکي ٹھنڈک سورہ — اے میرے دلکي کونپل سورہ — بڑھ اور پھول پھل — تجھہ پر کبھي خزاں نہ آنے پاوے — تیري ٹہني میں کوئي خار کبھي نہ پھوٹے — کوئي کٹھن گھڑي تجھکو نہ آوے کوئي مصیبت جو تیرے ماں باپ نے بھگتي تو نہ دیکھے — سورہ میرے بچے سورہ — میري آنکھوں کے نور اور میرے دلکے سرور میرے بچے سورہ تیرا مکھڑا چاند سے بھي زیادہ روشن ہوگا تیري خصلت تیرے باپ سے بھي اچھي ہوگي تیري شہرت تیري لیاقت تیري محبت جو تو ہمسے کریگا آخرکار ہمارے دلکو تسلي دینگي تیري ہنسي ہمارے اندھیرے گھر کا اجالا ہوگي تیري پیاري پیاري باتیں ہمارے غم کو دور کرینگي تیري آواز ہمارے لیئے خوش آیند راگنیاں ہونگي — سورہ میرے بچے سورہ اے ہماري اُمیدوں کے پودے سورہ — پرلو جب اس دنیا میں ہم تم سے جدا ہوجاوینگے تو تم کیا کروگے — تم ہماري پیچان لاش پاس کھڑے ہوگے تم پوچھوگے اور ہم کچھہ نہ بولینگے تم روؤگے اور ہم کچھہ رحم نکرینگے — اے میرے پیارے رونے والے تم ہمارے ڈھیر پر آکر ہماري روح کو خوش کروگے — آہ ہم نہونگے اور تم ہماري یادگاري میں آنسو بہاؤگے — اپني ماں کا محبت بھرا چہرا اپنے باپ کي نوراني صورت یاد کروگے — آہ ہمکو بھي رنج ہی کہ اُسوقت ہماري محبت یاد کرکر تم رنجیدہ ہوگے — سورہ میرے بچے سورہ — سورہ میرے بالے سورہ *

یہہ اُمید کی خوشیاں ماں کو اُسوقت تھیں جبکہ بچہ غوں غاں بھی نہیں کرسکتا تھا مگر جب وہ ذرا اور بڑا ہوا اور معصوم ہنسی سے اپنی ماں کے دل کو شاد کرنے لگا اور اماں اماں کہنا سیکھا اُس کی پیاری آواز ادھورے لفظوں میں اُس کی ماں کے کان میں پہونچنے لگی آنسوؤں سے اپنی ماں کی آتش محبت کو بھڑکانے کے قابل ہوا پھر مکتب سے اُسکو سروکار پڑا رات کو اپنی ماں کے سامنے دن کا پڑھا ہوا سبق غمزدہ دل سے سنانے لگا — اور جبکہ وہ تاروں کی چھاؤں میں اوٹھہ کر ہاتھہ منہہ دھوکر اپنے ماں باپ کے ساتھہ صبح کی نماز میں کھڑا ہونے لگا — اور اپنے بے گناہ دل بے گناہ زبان بے ریا خیال سے خدا کا نام پکارنے لگا تو امید کی خوشیاں اَور کسقدر زیادہ ہوگئیں اُس کے ماں باپ اُس معصوم سینہ سے سچی ہمدردی دیکھہ کر کتنے خوش ہوتے ہیں اُو ہماری پیاری امید تو ہی ہی جو مہد سے لحد تک ہمارے ساتھہ رہتی ہی *

دیکھو وہ بڈھا آنکھوں سے اندھا اپنے گھر میں بیٹھا روتا ہی اُسکا پیارا بیٹا بھیڑوں کے ریوڑ میں سے غایب ہوگیا ہی وہ اُس کو ڈھونڈتا ہی پر وہ نہیں ملتا مایوس ہی پر اُمید نہیں ٹوٹی — لہو بہرا دانتوں پھٹا کرتا دیکھتا ہی پر ملنے سے نا اُمید نہیں فاقوں سے خشک ہی غم سے زار نزار ہی روتے روتے آنکھیں سفید ہوگئی ہیں کوئی خوشی اُس کے ساتھہ نہیں ہی مگر صرف ایک اُمید ہی جسنے اُسکو وصل کی اُمید میں زندہ اور اُس خیال میں خوش رکھا ہی *

دیکھہ وہ بیگناہ قیدی اندھیرے کنوئیں میں سات تہہ خانوں میں بند ہی اُسکا سورج کا سا چمکنے والا چہرہ زرد ہی بے یار و دیار غیر قوم غیر مذہب کے لوگوں کے ہاتھہ میں قید ہی بڈھے باپ کا غم اُس کی روح کو صدمہ پہونچاتا ہی عزیز بھائی کی جدائی اُسکے دل کو غمگین رکھتی ہی قید خانہ کی مصیبت اُس کی تنہائی اُس گھر کا اندھیرا اور اُس پر اپنی بیگناہی کا خیال اُسکو نہایت ہی رنجیدہ رکھتا ہی اُسوقت کوئی اُسکا ساتھی نہیں ہی مگر اے ہمیشہ زندہ رہنے والی اُمید تجھی میں اُس کی خوشی ہی *

وہ دلاور سپاہی لڑائی کے میدان میں کھڑا ہی کوچ پر کوچ کرتے کرتے تھک گیا ہی ہزاروں خطرے درپیش ہیں مگر سب میں تقویت تجھی سے ہی — لڑائی کے میدان میں جبکہ بہادروں کی صفیں کی صفیں چپ چاپ کھڑی ہوتی ہیں اور لڑائی کا میدان ایک سن سان کا عالم ہوتا ہی دلوں میں عجیب قسم کی خوف ملی ہوئی جرأت ہوتی ہی — اور جبکہ لڑائی کا وقت آتا ہی اور لڑائی کے بگل کی آواز بہادر سپاہی کے کان میں پہونچتی ہی اور وہ آنکھہ اُٹھاکر نہایت بہادری سے بالکل بےخوف ہوکر لڑائی کے میدان کو دیکھتا ہی — اور جبکہ بجلی سی چمکنی والی تلواریں اور سنگینیں اُسکی نظر کے سامنے ہوتی ہیں اور بادل کیسی کڑکنے والی اور آتشیں پہاڑ کیسی آگ برسانے والی توپوں کی آواز سنتا ہی — اور جبکہ اپنے ساتھی کو خون میں لتھڑا ہوا زمین پر پڑا ہوا دیکھتا ہی تو اے بہادروں کی قوت بازو اور اے بہادری کی ماں تیرے ہی سبب سے فتح مندی کا خیال اُنکے دلوں کو تقویت دیتا ہی اُنکا کان نقارہ میں سے تیرے ہی نغمہ کی آواز سنتا ہی *

وہ قومی بھلائی کا پیاسا اپنی قوم کی بھلائی کی فکر کرتا ہی دن رات اپنے دل کو جلاتا ہی ہر وقت بھلائی کی تدبیریں ڈھونڈتا ہی اُنکی تلاش میں دور دراز کا سفر اختیار کرتا ہی یگانوں بیگانوں سے ملتا ہی ہر ایک کی پول چال میں اپنا مطلب ڈھونڈتا ہی مشکل کے وقت ایک بڑی مایوسی سے مدد مانگتا ہی جنکی بھلائی چاہتا ہی اُنہیں کو دشمن پاتا ہی شہری وحشی بتاتے ہیں دوست آشنا دیوانہ کہتے ہیں — عالم فاضل کفر کے فتووں کا ڈر دکھاتے ہیں بھائی بند عزیز اقارب سب سمجھاتے ہیں اور پھر یہہ شعر پڑھکر چپ ہو رہتے ہیں —

وہ بھلا کس کی بات مانے ہیں
بھائی سید تو کچھہ دیوانے ہیں

ساتھی ساتھہ دیتے ہیں مگر ہاں ہاں کرکر محنت اور دلسوزی سے دور رکھکر — بہت سی ہمدردی کرتے ہیں پر کوٹھی کٹھلے سے الگ کرکر — دل ہر وقت بیقرار ہی کسیکو اپنا سا نہیں پاتا کسی پر دل نہیں ٹھہرتا مگر اے بیقرار دلوں کی راحت اور اے شکستہ خاطروں کی تقویت تو ہی ہردم ہمارے ساتھہ ہی تو ہی ہمارے دل کی تسلی ہی تو ہی ہماری کٹھن منزلوں کی ساتھی ہی تیری ہی تقویت سے ہم اپنی منزل مقصود تک پہونچینگے تیرے ہی سبب کر مراد کو پاوینگے اُو ہمارے دل کی عزیز اور ہمارے پیارے مہدی کی پیاری "اُمید" تو ہمیشہ ہماری دل کی تسلی رہ *

ای ہمیشہ زندہ رہنے والی اُمید جب کہ زندگی کا چراغ تم ٹمٹاتا ہی اور دنیاوی حیات کا آفتاب لب بام ہوتا ہی ہاتھہ پاؤں میں گرمی نہیں رہتی رنگ فق ہوجاتا ہی مونہہ پر مودنی چھاتی ہی ہوا ہوا میں پانی پانی میں مٹی مٹی میں ملنے کو ہوتی ہی تو تیرے ہی سہارے سے وہ کٹھن گھڑی آسان ہوتی ہی *

اُس وقت اُس زرد چہرے اور آہستہ آہستہ ہلتے ہوئے ہونٹوں اور بے خیال بند ہوتی ہوئی آنکھوں اور غفلت کے دریا میں ڈوبتے ہوئے دل کو تیری یادگاری ہوتی ہی تیرا نورانی چہرہ دکھائی دیتا ہی تیری صدا کان میں آتی ہی اور ایک نئی روح اور تازہ خوشی حاصل

هوتي هی اور ايک نئي لازوال زندگي کي جسميں ايک هميشہ رهنے والي خوشي هوگي اُميد هوتي هی *

يہہ تکليف کا وقت تيرے سبب سے همارے ليئے موسم بهار کي آمد آمد کا زمانہ هوجاتا هی اُس لازوال آنے والي خوشي کي اُميد تمام دنياوي رنجوں اور جسماني تکليفوں کو بهلا ديتي هی اور غم کي شام کو خوشي کي صبح سے بدل ديتي هی گو کہ موت هردم جتاتي هی کہ مرنا بهت خوفناک چيز هی *

اُو همواري آنکهوں سے چهپي هوئي دوسري دنيا جسميں همکو هميشہ رهنا هی ' جهاں سوچ کي کرن اور زمانہ کي لهر بهي نهيں پهنچتي تيري واه تين چيزوں سے هی هوتي هی ايمان کے ترشہ اور اُميد کے هادي اور موت کي سواري سے مگر ان سب ميں جسکو سب سے زيادہ قوت هی وہ ايمان کي خوبصورت بيٹي هی جسکا پيارا نام 'اُميد' هی *

لوگ کهتے هيں کہ بے يقينوں کو موت کي کنوں کوٹي ميں کچهہ اُميد نهيں هوتي مگر ميں ديکهتا هوں کہ تيري بادشاهت وهاں بهي هی — قيامت پر يقين نہ کرنے والا سمجهتا هی کہ تمام زندگي کي تکليفوں کا اب خاتمہ هی اور پهر کسي تکليف کے هونے کي توقع نهيں هی وہ اپني اُس بے تکليف آنے والے زمانہ کي اُميد ميں نهايت بردباري سے اور رنجوں کے زمانہ کے اخير هونے کي خوشي ميں نهايت بشاشت سے يہہ شعر پڑهتا هوا جان ديتا هی *

بقدر هر سکون راحت برد بنگر ثقاوت را
دويدن رفتن استادن نشستن خفتن و مردن

راقـــــم
سيد احمد

نمبر ۱۵۱

عربي مدرسہ ديوبند
اور
مسلمانوں کا جهوٹا دعوی ديندارې

مولوي رفيع الدين صاحب مهتمم مدرسہ عربي ديوبند نے اس مدرسہ کي رپورٹ سالانہ بابت سنہ ۱۲۸۹ هجري همارے پاس بهيجي هی جس کے ديکهنے سے همکو نهايت هي رنج هوتا هی اور مسلمانوں اور مسلمانوں کي حالت پر کسقدر افسوس آتا هی اب هم اُس رپورٹ پر متعدد طرح پر نظر ڈالتے هيں *

اول بلحاظ مسلمانوں کے جوش مذهبي کے — هم سمجهتے تهے کہ جو مدرسہ هم قايم کرنا چاهتے هيں اور جسميں علوم انگريزي اور ديگر علوم دنياوي بشمول علوم ديني پڑهائے جاوينگے اُس پر جو بهي مسلمان يا متعصب ديندار يا متقشف رهابي اعتراض کرتے هيں اور اُسکو کرسٹاني مدرسہ ٹهراتے هيں اور اس سبب سے لوگوں کو اُس ميں چندہ دينے سے منع کرتے هيں تو عربي مدرسہ ديوبند ميں جسميں بجز مسلماني کے اور کچهہ نهيں هی اور جس ميں وهي پراني علوم پڑهائے جاتے هيں جنکو مسلمان چاهتے هيں بڑے بڑے مسلمانوں نے ضرور مدد کي هوگي مگر رپورٹ کے ديکهنے سے همکو نهايت مايوسي هوئي بڑے سے بڑا چندہ فهرست ميں آٹهہ روپيہ پانچ آنہ ماهواري کا هی اور اُس کے بعد پانچ روپيہ ماهواري کا اُس کے بعد چاروپيہ ماهواري کا اور اُس کے بعد تين روپيہ ماهواري کا اور يہہ چاروں قسم کے چندے غير وصولي هيں بعضوں پر دو دو برس اور بعضوں پر ايک ايک برس کا باقي هی اُس کے بعد بهت تهوڑے چندے دو روپيہ اور ايک روپيہ ماهواري کے هيں اور اُس کے بعد تو پهر روپيہ دو روپيہ تين روپيہ اٹهہ آنہ چار آنہ سال پر نوبت پهونچ گئي اور وہ بهي بآسايش وصول نهيں هوتا بمجبوري مهتمم نے تجويز کي هی کہ چندہ اُوگاهنے کے ليئے ايک آدمي نوکر رکها جاوے — پس يہہ کارروائي همارے ليئے قطعي ثبوت اس بات کا هی کہ جو لوگ اپنے تئيں مقدس اور متقي اور پکا مسلمان ظاهر کرکر مدرسۃالعلوم مسلمانان ميں شريک نهونے کي وجهہ اپني ديندارې ظاهر کرتے هيں صرف سخن ساختہ اور حيلہ نامشروع هی ورنہ کيا وجهہ هی کہ اُن لوگوں نے مدرسہ عربي ديوبند ميں جس ميں بجز مسلماني کے اور کچهہ نهيں هی کيوں مدد نهيں کي حقيقت ميں مسلمانوں پر نهايت افسوس هی کہ ايسے مدرسہ ميں بهي جيسا کہ ديوبند کا عربي مدرسہ هی اور جس ميں جناب مولوي محمد قاسم صاحب سا فرشتہ سيرت شخص نگراں هی اور مولوي محمد يعقوب صاحب سا شخص مدرس هی کچهہ مدد نکريں — ديکهو اس کا سبب صرف يهي هی کہ هماري قوم کي تعليم و تربيت اچهي نهيں هی — جس طرح کہ هم مجوزہ مدرسۃالعلوم ميں تعليم و تربيت دينا چاهتے هيں اگر هماري قوم نے اُسطرح پر تعليم پائي هوتي تو تم ديکهتے کہ اس مذهبي مدرسہ ديوبند ميں کسطرح روپيہ کي مدد پهونچتي اور کسطرح يهي مذهبي مدرسہ جو اب ايسا غريب هی جس کا حال ديکهہ کر اور مسلمانوں کے مذهبي مدرسہ کا نام سنکر رونا آتا هی کسقدر رونق اور ترقي پر هوتا — پس جو لوگ همارے مجوزہ مدرسۃالعلوم کے برخلاف جوش مذهبي ظاهر کرتے هيں درحقيقت سچائي سے نهيں هی بلکہ صرف ايک غلط حيلہ مخالفت کا هی *

دوم بلحاظ استقلال مدرسہ کے — تمام رپورٹ پر غور کرنے سے معلوم هوتا هی کہ يہہ مدرسہ خود اپنے پر يا مسلمانوں کي همدردي

پر قايم نہيں هی بلكہ صرف ايک شخص كي ذات پر اس كا مدار هی مولوي محمد قاسم صاحب درحقيقت نہايت بزرگ و نہايت نيک مادر زاد ولي هيں تمام ضلع سہارنپور اور ميرٹھہ و مظفر نگر ميں لوگ اُن

كو مصداق اس حديث كا كہ علماء اُمتي كا نبياء بني اسرائيل سمجھتے هيں اور اُن كے سبب سے يہہ چندہ هوتا هی ورنہ ايک مسلمان ايک ٹكا بهي نديتا *

دوسرا بڑا سبب مولوي محمد يعقوب صاحب كا هی جو مدرس اول اس مدرسہ كے هيں اور اُنهوں نے صرف پينتيس روپيہ ماهواري مدرسہ سے لينا قبول كيا هی اور قناعت و زهد سے اس قدر قليل ميں اوقات بسر كرتے هيں اگر وہ نهوں تو كيا دوسرا كوئي شخص اس قليل مشاهرہ پر اُن علوم كے پڑهانے كو ملیگا جو اُس ميں پڑهائے جاتے هيں — پس يہہ مدرسہ صرف اِن دو بزرگوں كي دعا پر قايم هی جس دن يہہ دونوں بزرگ خدا كے گهر يا خدا كے پاس تشريف لیجاوينگے اُسي دن مدرسہ كا خاتمہ هی *

كيا افسوس هی مسلمانوں كي عقلوں پر كہ ديوبند ميں بلاضرورت مسجد بناتے هيں اور هزاروں روپيہ خرچ هوتا جاتا هی اور اس زندہ خانہ خدا كا خيال نهيں كرتے اگر مسجد نہ بناتے اور اُس روپيہ سے اس مدرسہ كے ليئے مستقل آمدني كي جائداد پيدا كرليتے تو كيسا كچهہ مسلماني كو فائدہ هوتا اگرچہ مسلمانوں كي نيک ذاتي سے يقين تها كہ چند هي سال ميں وہ جائداد متوليوں كے صرف ميں آجاتي *

اس واقعہ سے يہہ بات ثابت هوتي هی كہ مسلمان جو يہہ دعوی كرتے هيں كہ هم خالصا لله كوئي كام كرتے هيں يہہ محض غلط هی بلكہ هر شخص اپني خواهش نفساني يا رسمي خوشي ميں مبتلا هی مسجد كے بننے كے ليئے روپيہ دينے سے اس ليئے خوشي هوتي هی كہ لوگ دهنے اور جولاهے سقے اور بهٹيارے جو سنتے هيں اُس كو نهايت ديندار اور نيک كام كرنے والا سمجهتے هيں اور يہہ اپنے دل ميں خوش اور مغرور هوتے هيں اور اگر عقل هوگي تو غالباً سمجهتے هونگے كہ جس كام كے ليئے سيد احمد روپيہ مانگتا هی حقيقت ميں وہ تو اس زمانہ ميں مسجد بنوانے سے بهي زيادہ ثواب كا كام هی مگر جو كہ اُس ميں روپيہ دينے سے عام لوگ ايسا نيک اور ثواب كار نهيں سمجهتے كے اور نہ عوام ميں ايسي نيكنامي كا شهرہ هوگا جيسے مسجد بنانے ميں اسليئے اُس ميں روپيہ نديںگے هزاروں حيلہ كرينگے كہ ميں اُس ميں تو انگريزي پڑهائي جاويگي الحاد سكهايا جاويگا حالانكہ خود اُنكا دل جانتا هی كہ جو كچهہ وہ كهتے هيں غلط هی اور مسلمانوں كے حق ميں وهي بهتر هی جو سيد احمد كهتا هی *

سوم بلحاظ نتايج ديني و دنيوي كے جنكے حاصل هونے كي اس مدرسہ سے توقع كي جاوے — اس مضمون پر كچهہ لكهنے سے پهلے كچهہ حال طالب علموں كا اور بعد امتحان سالانہ جو انعام تقسيم هوا كچهہ اُسكا حال لكهنا مناسب هوگا — معلوم هوتا هی كہ اس مدرسے ميں ايكسو پينتاليس طالب علم هيں جنميں سے تراسي خاص ديوبند كے رهنے والے هيں اور باسٹهہ بيرونجات كے هيں اُن ميں سے سات طالب علم تو ايسے هيں جو اپنے پاس سے روٹي كهاتے هيں اور پچپن وہ هيں جو ديوبند كے رهنے والوں سے يا مدرسے سے روٹي پاتے هيں كسيكر كچهہ كپڑا اور جاڑے ميں رضائي بهي ملتي هی *

تقسيم انعام كي كيفيت رپورٹ ميں يہہ لكهي هی كہ "صورت تقسيم انعام يوں تجويز هوئي كہ طلبہ مكتب قرآن ميں جو اعلی دو حافظ اور ادنی دو لڑكے كل چار مستحق انعام هوئے اُن كے ليئے ڈيڑہ روپيہ تجويز هوا اور طلبہ فارسي ادنی جو سات تهے اُن كے گيارہ انعام كے ليئے ايک روپيہ چهہ آنہ تجويز كيا كہ تخمينا هر انعام كے موازي دو آنہ هوئے اور فارسي كے طلبہ اعلی كو جو چهہ تهے سات انعام ملے بحساب في انعام پانچ آنہ كل دو روپيہ تين آنہ مقرر هوئے اور عربي ميں ادنی درجہ كے چوبيس طالب علموں كو تريپن انعام ملے بحساب في انعام پانچ آنہ اُن كا كل روپيہ سولهہ روپے نو آنہ هوئے اور اوسط كے گيارہ طلباء كو اكيس انعام اُن كو في انعام سات آنہ تخمين كيئے كل نو روپيہ تين آنہ هوئے اور طلبہ اعلی عربي كے اُنيس قابل انعام هوئے اور چوياسٹهہ انعام اُنهوں نے پائے في كتاب چودہ آنہ تخمين كيئے تو كل روپيہ اُن كا ستاون روپيہ بارہ آنہ هوا" *

اول تو هم مسلمانوں كي اِس حالت پر افسوس كرتے هيں كہ اُنكي قوم كا مسلماني مدرسہ اور ايسي خراب اور محتاج حالت ميں هی كهاں هيں بڑے بڑے ديندار كا دعوی كرنے والے اور كيوں مذهب اسلام كے مدرسے كو ايسي حالت ميں ڈال ركها هی مگر پهر هم نهايت مضبوطي اور استقلال سے كهتے هيں كہ يہہ خراب حالت مسلمانوں كي هميشہ ايسي هي رهيگي اور اُن كي كسي بات كو خواہ ديني هو يا دنياوي كبهي ترقي نهيں هونے كي اور كبهي ذلت كي حالت سے نهيں نكلنے كے جب تک كہ اُس طرح پر اُن كي تعليم و تربيت نهو جسكي بنياد هم نے ڈالي هی ديكهہ لو تمهارے هي ملک ميں ايک تربيت يافتہ قوم يعني پادريوں كے مذهبي مدرسے هيں اُن كي تائيد بهي نهايت غريب آدمي اور بيوہ عورتيں زيادہ تر كرتي هيں اور خوہ انصاف كرو كہ اُن دونوں ميں كيا فرق هی اس كا سبب صرف يهي هی كہ اُس قوم ميں تعليم و تربيت عمدہ هی اُن كے سب كام اچهے هيں هماري قوم ميں تعليم و تربيت نهايت خراب هی گو تعليم تو

برائے نام هو الا تربيت کا تو نام بهي نهيں اور اسي سبب سے همارے سب کام کيا ديني اور کيا دنيوي سب خراب اور برباد و خليل هيں *

پهر هم پوچهتے هيں که جن طالب علموں نے ايسي خراب حالت محتاجي اور خواري اور ذلت ميں تعليم پائي هي اُن سے هوکر اپني قومي ترقي کي کيا ترقع هي کيا اُن ميں عالي خيالات اور جرات اور فياضي اور قومي همدردي پيدا هوسکتي هي کيا اُن ميں سے خود غرضي کي بو جو ترقي قومي اور همدردي کي کلي صفائي هي جاسکتي هي کيا ايسي حالت سے ايسے لوگ پيدا هوسکتے هيں جو قومي ترقي کے ليئے بمنزلہ آلہ کے هوں اور کيا ايسي حالت سے لوگوں کو عموماً تحصيل علوم کي طرف رغبت دلائي جاسکتي هي يهہ وہ حالت هي جس سے هر شخص پناہ مانگتا هي پهر کون هي جو اُس ميں مبتلا هونے کي خواهش کرے — جو شخص اُن طالب علموں کو روٹي ديتے هيں اُنهي سے اُنهي کے ايمان سے دريافت کرو که وہ لوگ اُن طالب علموں کي کيا عزت سمجهتے هيں جو صبح اور چار فقيروں کو جو دروازہ پر آکر روٹي مانگتے هيں اور وہ لوگ اُن کو ايک ٹکڑا روٹي کا ترڑ کر دے ديتے هيں اُسي طرح اُن طالب علموں کو بهي روٹي پکڑا ديتے هيں پس جن لوگوں نے ايسي حالت ميں تربيت پائي هو اُن کے تمام وہ اندروني قوی جنسے قومي ترقي اور قومي عزت کو ترقي هوتي هي نيست و نابود هوجاتے هيں — تربيت يافتہ ملکوں ميں بهي غريب محتاج آدميوں کي تعليم کي تدبيريں کي جاتي هيں مگر وہ لوگ ايسے عمدہ طور پر وہ تدبيريں کرتے هيں جنسے اس قسم کي ذلتيں پيدا نهيں هوتيں اور وہ قومي همدردي کي قوت معدوم نهيں هونے پاتي پس هماري قوم ميں بهي اگر تعليم و تربيت عمدہ طور پر هوجاوے تو غريب محتاج طالب علموں کي تعليم کا سامان بهي اُڑ هي صورت پکڑ جاوے — اور مذهبي تعليم بهي ايسے عمدہ طور پر هوجاوے اور ايسي نشرت سے هونے لگے که لوگوں کو ديکهکر تعجب هو *

اب هم اس بات پر غور کرتے هيں که ان لوگوں سے قوم کو ديني بهلائي کيا پهونچنے والي هي اس زمانہ ميں مسلمانوں کو ديانيات ميں نماز روزہ حج زکوٰۃ نکاح طلاق ميراث کے مسايل کے دريافت کرنے کي البتہ حاجت هوتي هي اکثر مسايل خود لوگوں کو معلوم هوتے هيں اور جنکو دريافت بهي کيا جاوے تو اِن علماء سے اُس سے زيا بتانے کي توقع نهيں هي جو ايک اُردو خواں چند مذهبي کتابيں پڑها هوا بتا سکتا هي انصاف سے اور ايمان سے دريافت کرو که ان لوگوں نے جو بڑي بڑي کتابيں حديث و تفسير کي پڑهي هيں صرف بطور تبرک پڑهي هيں يا درحقيقت اپنے علم سے اُنکي تحقيقات و تنقيح کے بعد اُن پر عمل کرنے کے ليئے پڑهي هيں پس بمينہ ايسي مثال هي که بخاري شريف جس طرح ايک طاق ميں رکهي هي اسي طرح ايک مولوي کے سينہ ميں رکهي هي نہ اُس سے کچهہ عمل مقصود هي نہ اِس سے *

يهہ تو پوچهو که اِن لوگوں سے دين کي کچهہ حمايت هوسکتي هي اگر ابهي ايک جيالجي جاننے والا آموجود هو اور بموجب قواعد اور تجربہ جيالجي کے مذهب اسلام پر اور قران مجيد پر اعتراض کرنے شروع کرے يا ايک نيچرل اسٹ اصول نيچر کے موافق اعتراضات پيش کرے يا ايک کمسٹري جاننے والا کمسٹري کے قواعد سے مسلمات مذهب اسلام کي ترديد شروع کرے يا ايک جديد هيئت داں قران مجيد کے بيانات پر شبهات ڈالے يا جيسا که اس زمانہ ميں برابر هو رها هي که پادريوں اور مسلمانوں سے مذهبي مباحثہ هو تو يهہ لوگ کيا حمايت دين اسلام کي کرسکتے هيں اسليئے که اُن علوم سے مطلق واقف نهيں هيں پادريوں سے بهي گفتگو کرنے کے ليئے انگريزي زبان کا جاننا اور ايليزياسٹکل هسٹري سے واقف هونا يوناني اور عبري زبان سے واقف هونا واجبات سے هي پس جب يهہ لوگ ان باتوں سے واقف هي نهيں هيں تو کيا کرسکتے هيں پس صرف اس تعليم سے جو هو رهي هي هوکر دين اسلام کي حمايت کي بهي کچهہ توقع نهيں هي *

جب هم يهہ خيال کرتے هيں که يهہ لوگ خود آپ اپنے ليئے کچهہ مفيد هونگے تو اُس کي بهي هوکر کچهہ توقع نهيں هوتي کوئي فن اُنهوں نے نهيں سيکها کوئي هنر اُنکو نهيں آتا روٹي کمانے اور کهانے کا کوئي ذريعہ اُنکے پاس نهيں هي پس وہ کيا اپني بهتري آپ کرسکتے هيں اور يهہ تصور کرنا که تمام لوگ عابد و زاهد اور فاقہ‌کش اور خدا رسيدہ هو جاوينگے ايک هنسي اور دل لگي کي بات هي مولوي محمد قاسم صاحب کس کس کو اپنا سا بنالينگے اور آج تک کتنے آدميوں نے اُنهوں نے اپنا سا بنا ليا هي شبلي و جنيد تو اپنا سا کيسکر نہ بناسکے تو يهہ کيونکر توقع هوسکتي هي که هزاروں مسلمان ايسے هي دنيا سے آزاد هو جاوينگے جيسيکہ مولوي محمد مظفر حسين صاحب مرحوم تهے يا جيسيکہ مولوي محمد قاسم صاحب هيں ايسے خيالات هونے درحقيقت ٹهيک ٹهيک دشمني مسلمانوں کي قوم کے ساتهہ هي — هاں ايک بات بے شبهہ اس قسم کي تعليم سے هونے والي هي که کامل اور مال مردم خوروں کا گروہ بڑهتا جاويگا آج اُس مسجد ميں اگر هس کهيرہ خيرات کي روٹي کهانے والے موجود هيں تو کل بيس هوجاوينگے اور اگر آج نگل گانوں کي جو پاز ميں دو ملانے بے مصنف کي روٹي کهانے والے اُترے هوئے هيں تو کل چار مرجوہ هوجاوينگے اُنکي صورت سے گانوں کا جردهري کانپ جاويگا اور اُسکا سير پهر خون خشک هوجاويگا دور سے ملانے کي صورت ديکهہ کر اپني بيوي سے کهيگا که اري کلوا کي ماں ايک اور آيا اُس کے ليئے بهي کچهہ روٹي ٹکڑا دے دے *

کیا ایسي حالتوں میں همکو توقع هی که هماري قوم میں کچهه نیکي نرهے گي هرگز نهیں مفلسي تمام گناهوں کي جڑ هی اسکي اتني بڑي شان هی که خدا نے بهي مفلسي کي حالت کو مرفوع القلم کیا هی پس ان لوگوں سے بجز اسکے که هزاروں قسم کے جرایم اور گناه سرزد هوں اور کیا توقع هوسکتي هی جیساکه اب بهي هوتا هی اور خود جناب مولوي محمد قاسم صاحب اور مولوي محمد یعقوب صاحب اپنے اضلاع کے حالات سے بخوبي واقف هونگے که مسلمانوں کي نیتوں کا اُنکے حالات کا اُنکے معاملات کا اُنکي ایمانداري کا جهوٹي گواهي دینے کا جهوٹے حلف اُٹهانیکا کیا حال هی اور کیا هوتا جاتا هی یهه تمام باتیں صرف نتیجه اسکا هی که هماري قوم میں تعلیم و تربیت نهایت خراب درجه پر هی خود مذهبي تعلیم بهي ایسے خراب قاعدہ پر هی که وه دلي نیکي جو خود انسان کو اُس کے برے کاموں کو جتلاتي رهتي هی اور جسکو انگریزي میں کانسنس کهتے هیں انسان میں سے معدوم و مفقود هوجاتي هی *

هاں بلاشبهه ان لوگوں سے اسبات کي توقع هی که جب کوئي شخص دلي همدردي اور محبت قومي اور حب ایماني اور خالص عشق اسلامي سے اپني قوم کي بهلائي میں کهڑا هو جس کے خیالات بالضرور ان تاریک خیالات سے مختلف هونگے تو اُس کي نسبت کفر کے فتوے دینے کو موجود هونگے جناب مولوي نذیر حسین صاحب بهي سید احمد کے کفر پر مهر ثبت فرماوینگے اور مولوي محمد سعدالله صاحب بهي تکفیر کے فتووں پر مهریں کرینگے اور اس بات کو پهول جاوینگے که اُن دونو صاحبوں نے کیسے کیسے فتوں پر مهریں کي هیں جس سے سچے مسلمان کا ایمان کاذب جاتا هی تهوڑي سي دنیا کي توقع میں کس طرح خدا کے احکام کو تحریف کیا هی — مگر اُن بزرگوں کو یهه خیال کرنا چاهیئے که اُن فتووں سے کیا هوتا هی بقول مولوي شاه عبدالعزیز صاحب کے که گوزشتر کے براہر بهي کچهه وقعت نهیں رکهتے وه خود تو مسلمان هوهیں جب دوسروں کي تکفیر کریں —

او خویشتن گم است کرا رهبري کند

هماري غرض اس تمام تحریر سے مسلمانوں کو اسبات کي غیرت دلانا هی که اُنکے دونوں کام دین دنیا کے سب خراب و ابتر هیں اُنکو شرم آني چاهیئے که اُنکے مدرسه اسلامي دیوبند کا کیا حال هی سبکو چاهیئے که اُس مدرسه کي ایسي مدد کریں اور ایسي اعلی ترقي پر پهونچائیں جو اسلام کي رونق و شان کا نمونه هو *

دوسرے همکو اس تمام تقریر سے یهه مطلب هی که تمام مسلمان خوب یقین کرلیں که ان مدرسوں سے جیسیکه اب هیں قومي عزت یا قومي ترقي یا اسلام کي رونق و شوکت هوني ممکن نهیں هی اصلي بهلائي اُسي میں هی جس کي هم راه بتاتے هیں اور جب تک اُس طرح پر مسلمانوں کي تعلیم و تربیت نهوگي اور مدرسة العلوم قایم نهوگا جس میں تمام علوم دیني اور دنیاوي پڑهائے جاوینگے اور جس میں سے ایسے لوگ تعلیم هوکر نکلینگے جو بعوض اسکے که خود خیرات کي روٹي کهاویں دس کو کهلاسکیں اور علوم دین سے اپني عاقبت درست کریں اور علوم و فنون دنیاوي سے عام لوگوں میں منفعت پهلاویں کسي قسم کي دیني یا دنیوي بهلائي مسلمانوں کو نصیب نهوگي جو لوگ که هماري تدبیروں کي مخالفت کرتے هیں وه پکے دشمن اسلام کے اور مسلمانوں کے هیں تمام باتیں اُنکي ظاهري اور محض جهوٹي هیں اپنے مطلب پر وه وه باتیں کرتے هیں جو ایک ادني دنیادار بهي نهیں کرتا کیا اس زمانه کے لوگ واقف نهیں هیں که اپني غرض پر مولوي ژون بسر اور مولوں سین بسر اور مولوي میم بسر اور مولوي مین بسر وغیرہ وغیرہ نے کیا کیا کیا جو لوگ هماري تکفیر کا فتوے دیتے هیں ذرا اُنکو شرم کوني چاهیئے اور اپنے گریبان میں مونهه ڈالنا چاهیئے کون سي انبي پوئیش کے مولوي صاحب هیں جنکے حال اور کرتوت سے هم واقف نهیں *

خدا مسلمانوں کو هدایت کرے اور توفیق نیک دے *

راقـــــم
سید احمد

نمبر ۱۵۴

کتاب الرحلۃ

الموسوم

بالواسطۃ الی معرفۃ مالطا

و کشف المخبا عن فنون اوربا

یهه کتاب جیسا که اُس کے نام سے ظاهر هوتا هی ایک سفر نامه هی جس میں جزیرہ مالٹا کا حال اور یورپ کے علوم و فنون کي کیفیت لکهي هی — لکهنے والا اُس کا ابوالعباس شیخ احمد افندي هی جس کا گهر غالباً تونس میں هی وه مصاحب سید حسین امیرالامراء پریسیڈنٹ مجلس انتظامیه تونس کا تها جب یهه امیرالامرا فرانس کي سیر کو گیا اور پیرس دارالسلطنت فرانس میں وهاں کے حالات دریافت کرنے کے لیئے ٹهرا تب یهه شیخ بهي سفر کو نکلا اور مالٹا اور لندن اور پیرس وغیرہ یورپ کے شهروں میں بیس برس تک سیاحت کرتا رها اور توریت کے ترجمه کرنے کي خواهش سے بهت دنوں تک ڈاکٹر لي کے ساتهه کیمبرج میں رها — اس شیخ نے اپنے زمانه سیاحت میں یورپ کے حالات اور وهاں کے علوم و فنون اور لوگوں کے

چال و چلن اور امیروں و غریبوں کے گذر کرنے کے طور و طریقوں کی ایسی تحقیقات کی جیسا کہ کوئی طالب علم علوم کی تحقیقات کرتا ہو اور بوجہہ اپنی عزت اور وقعت کے اُسے ایسا موقع بھی ملا کہ وہ یورپ کے امیروں کا بلکہ نوابوں کا مہمان ہوا اور اُن کے عام اور خاص اور سرکاری جلسوں میں شریک ہوسکا اور اُن کے اخلاق اور عادات اور خیالات سے بخوبی واقفیت حاصل کی پھر یورپ کے مدرسوں اور بڑی بڑی یونیورسٹیوں اور دیگر کارخانوں میں بھی اُن کے حالات تحقیق کرنے کے لیئے گیا اور وہاں مدتوں رہ کر اُن کے اصول و فروع سے واقف ہوا پھر اس کامل تجربہ کے اور اعلی درجہ کی تحقیقات کے اس نامور عالم نے یہہ کتاب لکھی ہی اس کتاب کے دیکھنے سے ہمکو رنج بھی ہوا اور خوشی بھی — رنج تو اس بات کا ہوا کہ جو عادتیں اور خراب خصلتیں ہم ہندوستان کے مسلمانوں میں ہیں معلوم ہوتا ہی کہ وہی ہو ہو اُن ملکوں کے مسلمانوں میں بھی ہیں جہاں اس وقت تک اُن کی سلطنت قایم و برقرار ہی اور خوشی اس خیال سے ہوئی کہ اُن ملکوں کے رہنے والے مسلمان بھی خواب و غفلت سے جاگنے لگے ہیں اور بعض شخص اپنی قوم کی بھلائی پر آمادہ ہوئے ہیں اور ایک تربیت یافتہ قوم سے اپنی جہالت کو مقابلہ کرکے اُس کے دور کرنے کی تدبیریں کرتے ہیں — استنبول اور مصر کے حالات تو اخباروں اور سیاحوں کی زبانی ہم سنا کرتے ہیں اور جو ترقیاں وہاں کے مسلمان کر رہے ہیں اُس کی کچھہ کچھہ کیفیت بھی معلوم ہوتی رہتی ہی مگر ٹونس کے نام سے بہت کم مسلمان واقف تھے اب دو کتابوں کی بدولت جو ہم نے پائیں ہم کو نہ صرف ٹونس کے نام سے واقفیت ہوئی بلکہ وہاں کے وزیر اور امیروں کے عمدہ حالات بھی ہمکو معلوم ہوگئے اور جو اسباب مسلمانوں کے تنزل اور ادبار کے ہمارے ذہن میں تھے اُس کی تائید ہوئی اور جو غلط خیال اور بیہودہ اوہام مسلمانوں کے دلوں میں سما رہے ہیں اور جن کو ہم چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے دلوں سے نکلیں اُس میں ہم کو اُن سے مدد ملی اُن دو کتابوں میں سے ایک کتاب اقوم‌المسالک ہی جو امیرالامرا سید خیرالدین وزیر ٹونس نے لکھی ہی اور جو جناب خلیفہ سید محمد حسن صاحب وزیر اعظم پٹیالہ کی عالی ہمتی سے اُردو میں ترجمہ ہوکر چھپ رہی ہی اور دوسری یہہ کتاب ہی جس کا اب ہم کچھہ انتخاب لکھتے ہیں — یہہ کتاب عربی زبان میں لکھی گئی ہی جس کی عبارت نہایت فصیح اور مسجع ہی اور جس سے قابلیت اور اعلی درجہ کی استعداد علم معانی و بیان میں اُس کے لکھنے والے کی ظاہر ہوتی ہی الفاظ قلیل مطالب کثیر اور مبالغہ اور تصنع سے معرا — بہت کم کتابیں عربی کی مثل اس کتاب کے تالیف ہوئی ہونگی اس کتاب کا وہ حصہ نہایت دلچسپ اور پڑھنے کے لایق ہی جہاں مؤلف نے انگریزوں کے اخلاق اور عادات کا تذکرہ کیا ہی اور اپنے ملک کے لوگوں سے اُس کا مقابلہ کرکے اپنے ملک کی حالت پر افسوس کیا ہی *

مؤلف نے اس کتاب کو سنہ ۱۲۷۹ هجري میں تمام کیا اور سنہ ۱۲۸۳ هجري میں مطبع ٹرنس میں چھاپی گئی اُس کے دو حصہ ہیں ایک حصہ ۶۶ صفحہ کا ہی جس میں فقط مالٹا کا بیان ہی دوسرا حصہ ۳۲۰ صفحہ میں ہی جس میں یورپ کے علوم و فنون اور وہاں کے مختلف حالات کا ذکر ہی *

اس کتاب کو شیخ موصوف نے اس غرض سے لکھا ہی کہ مسلمانوں کو یورپ کے حالات اور اہل یورپ کے خیالات سے واقفیت ہو تاکہ وہ جانیں کہ اُن میں اور اہل یورپ میں کس قدر فرق ہی کیا بلحاظ علوم و فنون کے اور کیا بنظر اخلاق اور عادات کے — بعد تالیف کے، یہہ کتاب امیرالامرا سید خیرالدین وزیر ٹونس کی حضور میں پیش کی گئی وزیر موصوف نے (جو کہ ایک نامی عالم اور بڑا مدبر اور منتظم اور مسلمانوں میں ایک مشہور امیر ہی اور جس نے خود ایک عمدہ کتاب اقوم‌المسالک اسی قسم کی لکھی ہی) جب اس کتاب کو دیکھا تو مؤلف کی بڑی قدر کی اور ایک عمدہ خلعت سے اُس کا دل خوش کیا جس میں ایک بیش قیمتی ہیرے کی ایسی انگوٹھی تھی جو بادشاہوں کے لایق ہو — اس کتاب کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ مؤلف نے اپنی نہایت سچی رائے بہ نسبت یورپ اور وہاں کے علوم و فنون اور طریق تمدن کے ظاہر کی ہی اور جو خیال اُس کا بہ نسبت کسی چیز کے برائی بھلائی کے گذرا اُسے ویسا ہی ٹھیک ٹھیک بیان کردیا ہی بناوٹ یا تکلف کو ذرا بھی دخل نہیں دیا شیخ موصوف اپنی کتاب کے صفحہ ۳ میں لکھتا ہی کہ خدا جانتا ہی کہ باوجودیکہ میں نے یورپ کے شہروں میں کثرت سے عجیب و غریب چیزیں دیکھیں اور بہت سے دل کے بہلانے والے اور جی کے خوش کرنے والے مشغلے پائے مگر میں ہمیشہ غمگین اور منغص رہا کوئی جلسہ خوشی کا میں نے نہ دیکھا جس میں مجھے رنج نہ ہوا ہو اور کوئی خوبی اور عمدگی میری نظر کے سامنے نہ آئی جس نے میرے دل کو نہ دکھایا ہو کیونکہ جب میں وہاں ایسی نعمتیں دیکھتا اور ایسی عزت اور خوشی کے سامانوں پر نظر کرتا اور وہاں کے طرز معاشرت اور طریق تمدن پر خیال کرتا تو رنج اس بات کا ہوتا کہ ہائے ہم مسلمانوں کے شہر ان باتوں سے خالی ہیں نہ ہمارے شہروں میں یہہ سامان ہیں نہ ہم لوگوں کے ایسے عمدہ چال و چلن ہیں نہ کسی علم و فن میں ہماری شہرت ہی † مگر ہاں ایک بات سے کچھہ دل

† یہہ شخص تو کوئی دوسرا سید احمد ہی —

کو تسلی ہوئی کہ ہمارے ملک کے لوگ خوش اخلاق اور سخی ہیں خصوصاً اپنی عورتوں کی نسبت بڑی غیرت رکھتے ہیں مگر جب پھر میں یورپ کے شہروں کے انتظام اور وہاں کے رہنے والوں کی زندگی بسر کرنے کے سامان اور اُن کی عزت اور شہرت اور صنعتوں اور مفید کاموں پر خیال کرتا تو پھر مجھے پریشانی ہوتی اور حسرت میرے دل کو گھیر لیتی اور یہی حال میرے دوست امیرالامرا سید حسین پریسیڈنٹ مجلس انتظامیہ ٹونس کا تھا مگر شکر خدا کا ہی کہ اُنہوں نے مدتوں پیرس میں رہ کر واقفیت حاصل کی اور پھر شہر ٹونس میں جاکر یہاں کے انتظام جاری کیئے مگر مجھ سے کیا ہوسکتا ہی سوائے اس کے کہ میں اس کتاب کو لکھتا ہوں تاکہ اور مسلمان پرانگیختہ ہوں اور اُن کو طریق تمدن و حسن معاشرت میں ترقی کرنے کی فکر ہو *

اس کتاب کے پہلے حصہ میں مالٹا کا بیان ہی اور وہ اس خوبی سے لکھا گیا ہی کہ ایک اچھے جغرافیہ نویس کے شایاں ہو یہہ حصہ اس قابل ہی کہ ہم مسلمان اُس کو کسی شہر یا کسی ملک کے حالات لکھنے کے لیئے نمونہ ٹھہرا لیں ہم اس وقت اُس کا انتخاب نہیں لکھ سکتے مگر دوسرے حصہ سے کچھہ باتیں منتخب کرتے ہیں *

دوسرے حصہ میں مؤلف نے اپنے سفر کا حال لکھا ہی جو کہ سنہ ۱۸۴۸ ع میں اُس نے مالٹا سے کیا مالٹا سے لندن میں پہونچنے تک جو سیر اُس نے دیکھی اور جو واقعات اُس کی آنکھہ سے گذرے اُن سب کو لکھا ہی اور جن شہروں اور قلعوں اور نہروں اور دریاؤں کا ذکر کیا ہی اُن کی مختصر تاریخ بھی نہایت خوبی سے بیان کی ہی بعد اس کے چند صفحوں میں اس کتاب کے لندن کے حالات اور اُس کی پرانی تاریخ اور حال کی آبادی اور ترقی کا ذکر ہی پھر انگلستان کے چند دیہات کی کیفیت لکھی ہی جہاں اس شیخ کو جانے کا اتفاق ہوا مگر معلوم ہوتا ہی کہ اُس نے اُن دیہات میں کوئی عمدگی اور خوبی نہیں پائی کیونکہ بلاد شام کے دیہات سے اُنکو کچھہ فوقیت نہیں دی بلکہ اپنی تکلیف کا جو کھانا نہ ملنے سے ہوئی اُن دیہات کی نسبت بری راے دی ہی *

دیہات کی پیداوار اور بونے جوتنے کے طریقوں اور غلہ اور ترکاری اور میوہ کی قسموں کو جو وہاں پیدا ہوتی ہیں اچھی طرح بیان کیا ہی اور نیز تعجب ظاہر کیا ہی کہ وہ جسم اور وزن میں ہمارے ملک سے زیادہ ہوتے ہیں اور وہاں کے پالتو جانوروں اور اُن کی فربہی اور جسامت کی بھی بہت تعریف کی ہی — پھر لندن کے سواد اور چراگاہوں اور شکارگاہوں کا بیان کیا ہی اور فرانس کے سواد اور چراگاہوں سے اُن کو اچھا خیال کیا ہی اور اُس کے ساتھہ اُن کے محاصل اور آمدنی اور اخراجات اور مصارف کا بھی ذکر لکھا ہی — لندن اور اُس کے مقامات اور قریات کی خوبیوں میں سب سے زیادہ یہہ خوبی بیان کی گئی ہی کہ وہاں نہ سانپ ہی نہ بچھو نہ گوہ نہ گیدڑ نہ مچھر نہ پسو اور اگر کہیں ہیں تو نہایت کم — پھر لندن کے مکانات اور عمارات اور اُس کی خوبیوں کا بیان کیا ہی لکڑی کی صفائی اور شیشوں کی چمک اور فرش فروش سے آراستگی کی خوبی کی زیادہ تعریف کی ہی بلکہ ایک مقام پر لکھا ہی کہ میں ایک امیر کے ہاں مہمان ہوا وہاں رفع ضرورت کے لیئے مجھے ایک مکان بتا دیا گیا اُس کی زرنگار دیواروں اور آراستگی نے مجھے ایسا متحیر کیا کہ میں سمجھا کہ یہہ امیر شاید مجھہ سے ہنسی کرتا ہی اور وہ اس طرز سے بنایا گیا تھا کہ میں اُس کے کھولنے اور اندر جانے سے عاجز رہا اس مقام پر لندن کی تعمیرات کی قدیمی تاریخ اور حال کی نئی نئی ایجادوں کا حال بھی نہایت خوبی سے لکھا ہی — صفحہ ۸۶ میں مولف نے بڑی تعریف لندن کے رہنے والوں کی اس باب میں کی ہی کہ وہ اپنے مکانات کو نہایت خوبی سے آراستہ کرتے ہیں یعنی اول تو جو ضروری چیزیں انسان کو چاہیئیں وہ سب اُن کے مکان میں ہوتی ہیں دوسرے اس ترتیب اور قرینہ سے سجائی اور لگائی جاتی ہیں کہ جس سے زیادہ اچھا ہونا ممکن نہیں ہی بلکہ حق یہہ ہی کہ ساری دنیا میں انگریزوں سے بڑھکر اس کی لیاقت کسی میں نہیں ہی اور یہہ ایک عادت ہی جو اُن کے خمیر میں ملی ہوئی ہی دوسرا آدمی اُس کا برتاؤ کر نہیں سکتا نہ اُس طرح پر استعمال کرسکتا ہی اور چونکہ وہ اُس کے عادی ہو رہے ہیں اسلیئے بے ایسی ترتیب اور سجاوٹ کے وہ خوش نہیں رہ سکتے اگر وہ لوگ مسلمانوں کے شہروں میں جاویں تو ایک دن بھی آرام اور خوشی سے نہ رہیں اس کے بعد مؤلف لندن کے دریاؤں اور میناروں اور بحری نشانوں کا حال اور اُن کی تاریخ اور تعداد اور اُن کے مصارف کا ذکر کرتا ہی اور ایسے موقع پر دنیا کی نہایت عجیب سات عمارتوں کی کیفیت لکھتا ہی *

صفحہ ۸۹ میں انگریزوں کی جسمانی طاقت اور اُن کی عمر کا تذکرہ ہی جس میں مؤلف نے لکھا ہی کہ خاص انگلستان اور ویلز میں تین برس کے اندر ۲۶۶ آدمی ایسے مرے کہ جن کی عمر سو برس سے زیادہ تھی اور جن کے حواس بخوبی صحیح اور جن کی طاقت اچھی طرح باقی تھی بلکہ ایک آدمی ایک سو تیرہ برس کی عمر کا ہوکر مرا اور کبھی اپنی زندگی میں ایک دن کو بھی بیمار نہوا تھا اور ستر برس کی عمر تک تو اکثر آدمی انگلستان کے ایسے جوان رہتے ہیں کہ بڑھاپا اُن کی صورت پر معلوم نہیں ہوتا اور

سبب اس کا مؤلف نے یہہ بیان کیا ہی کہ بڑے سبب بڑھاپے کے غم اور تکلیف اور خوف ہیں خصوصاً بے اطمینانی جو حاکموں اور عاملوں کی طرف سے ہوتی ہی جیسا کہ ہم مسلمانوں کی سلطنتوں میں ہی انگلستان میں اگر کسی کے پاس کرور روپیہ ہو تو اُسے نہ ملکہ کا خوف ہی نہ کسی حاکم کا بلکہ ملکہ اور حاکموں کو اُن کی دولت پر اُژر نظر ہوگا کیونکہ وہ اپنی رعیت کی دولت کو اپنی دولت اور اپنے ملک کی عزت جانتے ہیں سوائے اس کے سامان خوشی کے اور جلسے عیش و طرب کے انگلستان میں اس قدر ہیں کہ ادنی ادنی آدمی دلی خوشی حاصل کرسکتا ہی خلاف ہمارے ملکوں کے کہ کوئی ایسا سامان نہیں اسی واسطے اکثر آدمی روکھے ترش رو کشیدہ خاطر ہوتے ہیں پھر لندن کے بہار کے موسم اور وہاں کے لوگوں کے کھیلوں اور وہاں کے میلوں اور لوگوں کے خوشی کرنے کا بیان کیا ہی اور برف کے گرنے اور دریاؤں کے جم جانے اور اُس پر آدمیوں کے دوڑنے اور طرح طرح سے دل بہلانے والی باتوں کا ذکر ہی *

صفحہ ۹۲ میں جہاں برف اور سردی کا بیان اس مولف نے کیا ہی وہاں ایک خوش طبعی بھی کی ہی وہ لکھتا ہی کہ اگر یہاں کے رہنے والے مسلمان ہوتے تو جنت کی صفات سنکر اُس کی تمنا نہ کرتے کیونکہ جب کوئی انسان برف اور سردی میں مبتلا ہو تو وہ کب اُس مقام کی آرزو کریگا جہاں پانی بہتا ہو اور گھنے سایہ دار درخت ہوں اور ٹھنڈی ہوا چلتی ہو ہاں وہ جب خوش ہوتے اگر جنت کی تعریف یوں ہوتی کہ اُس میں خوب آگ روشن ہی اچھے اچھے آتشدان بنے ہوئے ہیں بڑے بڑے ڈھیر جلانے کی لکڑیوں کے لگے ہوئے ہیں نہ کبھی وہاں کی آگ بجھتی ہی نہ آتش خانے سرد ہوتے ہیں پس تاپو جہاں تک تاپا جاوے اور گرم ہو جہاں تک گرم ہوا جاوے *

پھر چند صفحوں میں انگلستان کی کانوں اور معدنیات کا حال اور اُن کی پورانی تاریخ کو بتفصیل بیان کیا ہی اور لکھتا ہی کہ کوئلہ اور لوہے کی کان اُن کے حق میں چاندی سونے کی کان سے زیادہ مفید ہی اور انگلستان کی دولت کی ترقی کا بڑا ذریعہ ہی چنانچہ صرف کوئلہ کی کان پر کام کرنے والے مزدور بیس ہزار سے زیادہ ہیں *

پھر دخانی گاڑیوں اور آہنی سڑکوں کا بیان اور اُن کے تاریخی حالات اور اُن کے منافع اور فائدوں کا بیان کیا ہی اور یورپ میں جہاں جہاں یہہ آہنی سڑکیں جاری ہیں اُن کی تفصیل لکھی ہی *

صفحہ ۱۰۸ سے کچھہ بیان عورتوں اور اُن کی ظاہری باطنی خوبیوں کا ہی اول تو مؤلف اُن کے حسن و جمال کی صفت کرتا ہی پہاں تک کہ وہ لکھتا ہی کہ اگر کوئی اُن عورتوں کو دیکھے جو خدمتگاری کرتی ہیں تو یہی خیال کرے کہ کوئی امیر زادی ہی پھر اُن کی سادگی کی تعریف کرتا ہی کہ نہ وہ مہندی لگاتی ہیں نہ مسی سرمہ سے اپنے دانتوں اور آنکھوں کو سیاہ کرتی ہیں نہ رنگ برنگ کے نیلے پیلے کپڑے پہنتی ہیں بلکہ جیسا خدا نے بنا دیا ہی ویسی ہی صورت رکھتی ہیں سارا تکلف اُن کا پانوں کے گرندھنے اور کپڑوں کی تراش اور وضع میں ہی جو ہزار زیور اور جواہر سے زیادہ خوشنما ہوتا ہی — پھر مؤلف اُن عورتوں کی قناعت اور اپنے مردوں کی فرمانبرداری اور خانگی انتظام کی تعریف کرتا ہی خصوصاً اُن کی اس خوش اخلاقی کی کہ اگر کوئی ادنی تحفہ بھی اُن کو دیا جاتا ہی تو بہت خوشی سے قبول کرتی ہیں اور دینے والے کا زبان سے شکر ادا کرتی ہیں اور ایسے مقام پر وہ افسوس کرتا ہی کہ زبان سے شکر کرنے اور تھینک ادا کرنے کی عادت عرب اور مسلمانوں میں نہیں ہی اور اُن کا سکوت ایسے موقع پر جب کہ انگلستان کے لوگوں کے تھینک کہنے سے مقابلہ کیا جاوے تو نہایت ہی برا معلوم ہوتا ہی *

انگلستان کی عوام عورتوں کی جہالت اور اُن کی فال و نجوم اور رمل اور سحر وغیرہ پر اعتقاد رکھنے کی بڑی برائی بیان کرتا ہی اور ایسے جاہلانہ خیالات میں ایک ہزارہا عوام عورتوں کو پھنسا ہوا بیان کرتا ہی — صفحہ ۱۱۳ میں بیان کیا ہی کہ عورتیں قصبات اور دیہات کی اکثر پاکدامن اور صاحب عصمت ہوتی ہیں اور وہ بہ نسبت شہریوں کے زیادہ خوش رہتی ہیں مگر کیا دیہات اور کیا شہر دونوں جگہہ عورتوں میں عصمت و عفت کا بڑا خیال ہی اور وہ بہ نسبت فرانس کی عورتوں کے زیادہ پارسا اور صاحب عصمت اور حاضر و غایب یکساں رہتی ہیں *

صفحہ ۱۱۴ میں مؤلف نے لکھا ہی کہ اکثر دیہاتی مرد و عورت جاہل اور پے پڑھے ہوتے ہیں یہاں تک کہ سنہ ۱۸۵۵ ع میں اکتیس لاکھہ پچاس ہزار چار سو ستر آدمیوں کا نکاح ہوا جس میں سے نیصدی چالیس عورتیں ایسی تھیں کہ جو اپنا نام لکھنا نہ جانتی تھیں اور جنھوں نے بجاے نام کے رجسٹر میں صلیب کا نقش کردیا اور نی صدی ۲۹ مرد بھی ایسے ہی تھے اور باقی جنھوں نے اپنے نام لکھے اُن میں سے دو تہائی ایسے تھے کہ جن کو پڑھا لکھا کہنا شایاں نہیں † *

پھر صفحہ ۱۱۵ میں مؤلف نے شریف عورتوں کی خوبیوں اور اُن کے انتظام خانہ داری کی صفت بیان کی ہی یہاں تک کہ وہ لکھتا

† یہہ حال اٹھارہ برس پیشتر کا تھا اب اس عام تعلیم میں بہت ترقی ہوگئی ہی —

هی که حق یهه هی که جس نے کسی انگلستان کی عورت سے شادی کرلی اُس نے سارا عیش پالیا اور سب رنجوں سے چھوٹ گیا یهه ضرور نهیں که وه زیاده مالدار اور صاحب دولت هی هو تب خوش رهے بلکه تهوڑی سی آمدنی میں عورتیں اپنی لیاقت سے ایسا انتظام کرتی هیں که گهر بهی پاکیزه اور صاف اور ستهرا رهتا هی اور ساری ضروری چیزیں بهی مهیا کرلی جاتی هیں کفایت شعاری سے خرچ بهی کیا جاتا هی آمدنی پر بهی همیشه نگاه رهتی هی اور اپنی عزت اور غیرت کا تو خیال کسی وقت نهیں جاتا یهه سب عورتوں کی خوش انتظامی کا نتیجه هی — اس کے بعد مؤلف نے انگریزوں کے اخلاق کا ذکر کیا هی اور وهاں کے لوگوں کو پانچ طبقوں پر تقسیم کیا هی پهلے طبقه میں ڈیوک اور لارڈ اور خاندانی امیروں کو داخل کیا هی دوسرے طبقه میں اُن رئیسوں کو شمار کیا هی جو موروثی جائداد رکهتے هیں نه صرف اپنی ذاتی تجارت سے بلکه خاندانی عزت سے ممتاز هیں تیسرے طبقه میں اُن لوگوں کو داخل کیا هی جو که یه حیثیت سرکاری یا مذهبی کاموں کے اعلی رتبه رکهتے هیں چوتهے میں معزز و ممتاز تاجروں اور نوکری پیشوں وغیره کو شمار کیا هی پانچویں میں باقی عام تجارت کرنے والوں اور اهل حرفه اور عملوں وغیره کو لکها هی *

مؤلف لکهتا هی که پهلے طبقه کی عادتیں کسی طبقه سے کچهه مناسبت نهیں رکهتیں اور عوام کے طبقه سے تو اس قدر کلی مبائنت هی نه خیال میں نهیں آسکتا که یهه دونوں طبقے ایک هی قوم اور ایک هی ملک کے هیں لیکن قومی محبت اور ملکی فخر کا جوش سب کے دلوں میں یکساں هی *

مؤلف نے طبقه آخر کی بے مروتی اور خود غرضی کی نهایت شکایت کی هی مگر طبقه اعلی کے اخلاق و عادات اور عالی دماغی اور بلند نظری اور تواضع کی اس درجه ثنا و صفت کی هی که انسانوں کے طبقه سے بهی اُن کو بڑها دیا هی *

صفحه ۱۴۵ سے مؤلف نے عام اخلاق اور عادات اور ملنے جلنے کا طریق بیان کرنا شروع کیا هی وه لکهتا هی که جب کوئی کسی سے بات چیت کرتا هی تو نهایت نرمی سے کرتا هی کچهه خشونت اُسکی آواز میں نهیں پائی جاتی اور عورتوں کی آواز میں تو خاص ایک قسم کی نرمی هوتی هی اگر غیظ و غضب میں بهی کسی سے خطاب کریں تب بهی سوائے [سر] کے اَور کچهه نهیں گیتیں خطوں میں بهت اختصار القاب و آداب میں کرتی هیں تهوڑے هی سے فرق سے مغایرت اور مساوات اور محبت اور یکجهتی کے درجه ظاهر کرتی هیں مثلاً عام القاب سر هی اور جس سے کم شناسائی هو اور تعظیم عزت کے هو اُسے ڈیر سر لکهتی هیں جس سے محبت هو اُسے مائی ڈیر سر لکهتی هیں جس سے نهایت هی یک جهتی هو اُسے ڈیر سید احمد لکهتی هیں برخلاف هم لوگوں کے که کسی سے جان پهچان هو یا نهو وه القاب و آداب لکهتے هیں که جن کا پڑهنا مشکل هوتا هی اسی طرح ملنے کے وقت بهی کچهه زیاده آؤ بهگت نهیں کرتے اگر کسی سے ملاقات هوئی تو معمولی باتیں کرکے اور اپنا مطلب ظاهر کرکے ایک دوسرے سے جدا هو جاتے هیں برخلاف هم لوگوں کے که اگر پهلی ملاقات بهی نهو تو بهی ایسی خوشی سے ملتے هیں که گویا دونوں میں نهایت درجه کی دوستی هی — ملاقات کے وقت یهه امر خلاف آداب اور اخلاق کے سمجها جاتا هی که کوئی بے ضرورت کسی کا نام اور نسب اور وطن اور مقصد کا سوال کرے اور یهه سب عمده عادتیں انگریزوں نے صرف تعلیم اور تربیت کے ذریعه سے حاصل کی هیں *

یهه بهی اُن کی عادت هی که اگر کوئی کسی سے ملنے آوے اور اُس کے پاس کوئی عورت بیٹهی هو تو وه کبهی نهیں پوچهتے که یهه کون هی برخلاف هم لوگوں کے که اگر ایسا موقع هو تو پهلا سوال یهی کرینگے که یهه کون هی کهاں سے آئی هی تم سے کیونکر شناسائی هوئی — یهه لوگ حاسد بهی نهیں هوتے اور کسی کی امارت یا علم یا عزت پر حسد نهیں کرتے بلکه اس پر فخر کرتے هیں که کوئی شخص اُن کی قوم کا عالم یا امیر یا معزز هو برخلاف همارے شهروں کے که ایک آدمی بهی ایسا نه ملیگا جو حسد کی بیماری سے خالی هو *

پهر یهه بهی عمده صفت اُن کی هی که کسی کی عزت اور علم کو نهیں چهپاتے بلکه اُس کے ترقی دینے کی فکر کرتے هیں اور هر طرح سے اُس کی مدد کرتے هیں تاکه وه اپنی عزت اور علم اور فن کو بڑهاوے اور اَوْر لوگوں کو اُس کی پیروی کرنے کی رغبت هو برخلاف همارے شهروں کے که اگر کسی شخص نے تهوڑی سی عزت حاصل کی یا کسی علم و فن میں کمال پیدا کیا تو سب جل جاتے هیں کوئی اُسے دغا باز کوئی گدها کوئی خود غرض کهتا هی — یهه بهی اُن کی عادت هی که ایک دوسرے سے وحشیانه برتاؤ نهیں کرتا یهاں تک که کوئی نوکر اپنے آقا پر طعنه نهیں کرتا نه اُس کی برائیاں پیچهے بیان کرتا هی گو وه کیسا هی اُس سے ناراض هو برخلاف هم لوگوں کے شهروں کے که کسی نوکر کو کوئی ایسا نه پاویگا جو اپنے هی مالک کا بهائی نهو اور اُس کی برائیاں نه بکتا پهرے — وه اپنے نوکروں بلکه خدمتگاروں سے بهی تهذیب کی گفتگو کرتے هیں اور (سر) کهه کو بولتے هیں یهاں تک که اگر پانی مانگینگے تو کهینگے (سر) میں اُمید کرتا هوں آپ سے پانی ملنے کی اگر آپ کو تکلیف نهو اور وه بهی

نہایت ادب سے سر جھکا کر تعمیل کرتا ہی اور خفگی اور گالی گلوچ کا تو کیا ذکر ہی مگر نہ کبھی آتا خدمتگار سے ہنسی کرتا ہی نہ بے ضرورت اُس سے بات کرتا ہی نہ اُسے منہہ لگاتا ہی برخلاف ہمارے امیروں کے کہ کبھی تو ایسے خفا ہونگے کہ گالیاں دینگے اور پھر تھوڑی دیر کے بعد اُس کو اپنا یار بنائینگے *

ان لوگوں میں عادت غمازی اور غیبت کی بھی نہیں ہی نہ باہم بیہودہ بک بک کرنے کی عادت رکھتے ہیں برخلاف ہم لوگوں کے شہروں کے کہ جہاں چار آدمی بیٹھے ہوں تو ایسی قیل و قال کرینگے کہ معلوم ہوگا کہ جن بول رہے ہیں — پاک طینتی بھی ان لوگوں کا خمیر ہی اور یہی سبب ہی کہ ایک دوسرے پر کچھہ شک و شبہہ نہیں کرتے چنانچہ ملکہ نے اپنی بیٹی یمنی شاہزادی کے ہاتھہ کا بنا ہوا رومال کسی فوجی افسر کو جب کہ وہ لڑائی میں مصروف تھا بھیجا کسی نے سوائے نیکی کے برا خیال نہ کیا اگر ہمارے ملک میں کوئی امیر زادی کسی کو ایسا تحفہ بھیجتی تو طرح طرح کے خیال لوگوں کو پیدا ہوتے اور مہینوں اُس کے چرچے رہتے *

عمدہ عادات سے اِن لوگوں کی ایک یہہ ہی کہ اپنی اوقات کے نہایت پابند ہوتے ہیں ہر کام کے لیئے اُنکا ایک وقت ہی اور ہر ایک وقت کے لیئے ایک خاص کام یہاں تک پابندی رکھتے ہیں کہ اگر کوئی کسی سے بے وقت ملنے جاوے تو وہ نہایت نرمی سے کہدیتے ہیں کہ آپ مجھے معاف فرمائیے مجھے اسوقت اور ضرورت ہی اور وہ سننے والہ واپس چلا جاتا ہی اور کچھہ برا بھی نہیں مانتا برخلاف ہماروں کے کہ نہ کسی کام کا کوئی وقت ہی نہ کوئی وقت کسی بات کے لیئے مخصوص ہی بیہودہ فضول ملاقاتوں میں تمام عمر گذر جاتی ہی اور ملاقاتی جنازہ تک بھی پیچھا نہیں چھوڑتے *

اِن لوگوں کی عمدہ عادتوں میں سے ایک یہہ بھی ہی کہ اپنی عورتوں سے بدگمانی بھی نہیں رکھتے مثلاً اگر کوئی آدمی باہر سے آوے اور اپنی بی بی کو کسی مرد سے بات چیت کرتا پاوے تو اُسکی خیانت اور فسق پر کچھہ شبہہ نکریگا لیکن اگر خیانت عورتوں کی معلوم ہوجاوے تو اُسکے بعد پھر رحم نہیں کرتے اور سوائے چھری یا زہر کے دوسرا بدلا نہیں لیتے — بیشرفی بھی جو ایک نتیجہ عمدہ انتظام کا ہی ان لوگوں میں پائی جاتی ہی چھوٹے چھوٹے لڑکے رات دن گلی کوچوں میں پھرتے رہتے ہیں نہ پولیس کا اُنکو ڈر ہی نہ فوج کا نہ کسی جرنیل کا نہ کسی مجسٹریٹ کا بلکہ بادشاہ تک کی بھی ہیبت اُن پر نہیں ہوتی لڑکیاں جو دس برس تک کی عمر کو نہیں پہنچتیں آدھی رات کے بعد پولیس اور کوتوالی میں چلی جاتی ہیں اور اس طرح پر سوال و جواب کر آتی ہیں کہ گویا اپنے کسی عزیز کے پاس گئیں تھیں مگر ہمارے مشرقی شہروں میں جنکو خدا بچاتا رکھے یہہ حال ہی کہ اگر عورت کسی برقنداز یا چوکیدار سے بھی رات کو بولے تو وہ پہلے اُس نیکبخت کا ہاتھہ پکڑیگا اور اپنی طرف کھینچکر اُسکی بیحرمتی کریگا اور پھر کیا مجال ہی کسی کی کہ اُس برقنداز یا چوکیدار سے بول سکے *

مولف کتاب کا اس بیشرفی کی نسبت اپنی یہہ راے لکھتا ہی کہ ایسی بیشرفی سے وہاں کے لوگوں کے تواے جسمانی شگفتہ رہتے ہیں اور عقل بڑھتی جاتی ہی اور ضعیفی اور بڑھاپا دیر کرکے آتا ہی کیونکہ وہ چھٹپن سے خوف اور دہشت کے عادی نہیں ہوتے اور چھوٹے بچے کے دلمیں رعب اور خوف کا سمانا ایسا ہی جیسا کہ ایک نرم اور نازک پودے پر باد صرصر کا تند جھوکا — ہم لوگوں کے شہروں میں اول تو حاکموں کا دوسرے ظالم نوکروں کا تیسرے بددیانت آدمیوں کا خوف چھٹپن ہی سے ہوتا ہی ماورائے اس کے ہم لوگوں کے ہاں بچوں کی مائیں اُن کے دلوں میں بہوت پلید دیو جن کا ایسا خوف ڈالدیتی ہیں کہ جو جوانی کے زمانہ میں بھی اُن کے دل سے نہیں نکلتا اور سچ یہہ ہی کہ اگر مشرقی لوگوں خصوصاً مسلمانوں کی طبیعتوں میں مقدر پر اعتماد نہوتا تو کسی ایک پر بھی اُن میں سے مردی اور انسانیت کا اطلاق کرنا زیبا نہوتا *

انگریزوں کی عادتوں میں سے یہہ بھی ہی کہ بہت مختصر اور ادب کے ساتھہ اپنے مخاطب سے کلام کرتے ہیں مثلاً اگر کسی چھوٹے کو اپنے بڑے سے کچھہ کہنا ہو تو یوں کہتا ہی کہ میں اُمید کرتا ہوں کہ آپ مجھہ پر میری فلاں حاجت کے بر لانے سے احسان کرینگے اور میں اپ کا شکر گذار ہونگا اور اس مختصر با ادب انسانیت کی تقریر سے اُن کو وہ فضول اور لمبی چوڑی خوشامد کرنے کی حاجت نہیں ہوتی جس کا رواج ہم لوگوں میں ہی کہ جب کسی سے خطاب کرینگے تو کہینگے کہ یا ابدالکمال یا بحرالنوال وغیرہ وغیرہ جس تقریر کا خاتمہ چند ساعت تک بھی نہیں ہوتا — پھر وہ بڑا جس سے چھوٹے نے اپنی حاجت عرض کی ہی بجوات اُس کے یوں کہتا ہی کہ میں آپ کے کام کرانے میں کوشش کرونگا اور آپ کو جلد خبر دونگا اور اس سے اُن کو اس کہنے کی حاجت نہیں رہتی جو ہم لوگ کہتے ہیں کہ بسر و چشم میں آپ کا کام کردونگا آپ کا نفع تو مین میرا نفع ہی اور آپ کا کام خود میرا ہی کام ہی آپ اطمینان رکھیں ضرور یہہ کام کردیا جاویگا حالانکہ انگریزوں میں سے جو کوئی کوشش کرنے کا بھی اقرار کرتا ہی وہ اُس حالت میں جب کہ وہ کرسکے ورنہ صاف کہدیتا ہی کہ آپ مجھے معاف کیجیئے میں

معذور ہوں آپ کا کام مجھہ سے نہیں ہوسکتا اور اگر وعدہ کیا تو اُس سے زیادہ کوشش کرتا ہی جو اُس سے کہا ہو اور پھر فوراً اُس کے ہست و نیست کا جواب دیدیتا ہی برخلاف ہمارے شہروں کے کہ اُس چیز کا وعدہ کردیتے ہیں کہ جس کو وہ خود جانتے ہیں کہ اُن کے اختیار سے خارج ہی اور پھر کبھی خیال نہیں کرتے کہ اُس کے پورے کرنے میں کوشش کریں یا اُس بیچارہ کو صاف جواب دیں تاکہ وہ اپنی فکر کرے اُس شخص کا کام تمام ہو جاتا ہی مگر اُنکا وعدہ تمام نہیں ہوتا یہاں تک کہ ہم لوگوں کے امرا کی یہہ عادت ہی کہ اُن سے اگر کوئی نوکری کا طالب ہو تو جواب دینا نہیں جانتے فوراً یہہ کہتے ہیں کہ یا جبذا آپ سے بڑہ کر لایق دوسرا شخص کون ہی بلاشبہہ مجھے بھی آپ سے بڑہ کر کوئی دوسرا آدمی نہ ملیگا لیکن آپ چند روز صبر کیجیئے مجھے ایک ضرورت ہی وہ رفع ہو جاوے تب میں آپ کو نوکر کرلونگا پس اس وعدہ کی رسی میں باندھے رہتا ہی اور جب کبھی وہ متقاضی ہو تو کوئی حیلہ کر دیتا ہی یہاں تک کہ اخیر کو وہ محروم اپنی قسمت کو روتا ہوا پھر جاتا ہی مگر انگریز کبھی ایسی باتوں کے پاس نہیں پھٹکتے اور اسی لیئے اُن کی بے اعتباری نہیں ہوتی *

انگریزوں کی دیانت کا یہہ حال ہی کہ اگر کوئی چیز کسی کے پاس امانت رکھی جاوے تو وہ اپنی چیز سے زیادہ اُس کی حفاظت کرتا ہی اور یہہ دیانت صرف مال و اسباب ہی میں نہیں ہی بلکہ ہر چیز میں اس کا اثر پایا جاتا ہی مثلاً کوئی کسی کا خط نہیں کھولتا اور اگر کسی کی معرفت خط آوے تو وہ مکتوب الیہہ تک پہونچانے میں کوشش کرتا ہی یا ڈاک گھر واپس کر دیتا ہی *

یہہ ایک عمدہ عادت اُن کی ہی کہ اگر کسی کے ملنے کو کوئی جاوے تو ہرگز اُسکی کسی چیز یا کتاب یا خط یا کاغذ پر ہاتھہ نہیں بڑھاتا نہ اُسے دیکھتا ہی برخلاف ہمارے شہروں کے جن کو خدا بچاتا رکھے کہ جب کسی سے ملنے کو جائینگے تو ملاقات بھی نہو مگر پہلے ہاتھہ اُس کے کاغذ اور کتاب کی طرف بڑھائینگے اور بے پوچھے دیکھنے لگینگے یہاں تک کہ جتنے اُس مجلس میں بیٹھے ہونگے خدا کی عنایت سے سب کے پاس ہاتھوں ہاتھہ وہ پہونچیگا اور ایک دوسرے سے چھینیگا اور اس کو بڑی بے تکلفی سمجھینگے حالانکہ انگریزوں میں کوئی ایسا کرے تو پھر کبھی اُس سے بات نہ کریں اور احمق سمجھہ کر نکال دیں *

یہہ مؤلف ایسی قسم کی اپنے ملک کی بد عادتوں اور انگریزوں کی عمدہ خصلتوں کا مقابلہ کرتے کرتے اخیر کو نہایت درد و حسرت سے لکھتا ہی و الی من المشتکی و این النصیر فیالیت شعری متی تصیر

نحن ولد آدم بشرا کھولاد البشر و متی نعرف الحقوق الواجبۃ لنا و علینا

اتخال ان التمدن معناہ ان یکون الناس في مدینۃ و فیھا ذباب و سباع

کلا ثم کلا جیران اجتمع الخروف والذئب في مرعي واحد لیوجب علی

الیہود ان یومنوا بمنجي المسیح یعني کس سے شکایت کي جاوے اور کس سے مدد مانگي جاوے کہ ہاے افسوس ہم بني آدم کب انسان ہونگے مثل ان انسانوں کے اور کب ہم پہچانینگے اپنے حقوق کو اور غیروں کے حقوق کو کیا خیال کیا جا سکتا ہی کہ تمدن کے یہہ معني ہیں کہ آدمي ایسے شہر میں رہے جس میں بھیڑیئے اور درندے ہوں ہرگز ہرگز نہیں حق یہہ ہی کہ بکریوں اور بھیڑیوں کا ایک چراگاہ میں جمع ہونا واجب کر دیتا ہی یہود پر کہ وہ بھي مسیح کے آنے پر ایمان لے آویں *

بعد اس کے پھر مؤلف نے لڑکوں کي تعلیم و تربیت کا حال لکھا ہی اور جس کشادہ پیشاني سے وہ لڑکوں کو پالتے ہیں اور اُن کو خوش رکھتے ہیں اور اُن کے جذبات کي شگفتگي کے کھیل کھلاتے ہیں اور آخر کو اُن کو عمدہ تعلیم دیتے ہیں اُس کي تعریف کي ہی اور چھوٹے لڑکوں کا پھول کي طرح خوبصورت ہونا اور اُن کي خوشنما پوشاک کي جو دیکھنے والے کو نہایت ہي بھلي معلوم ہوتي ہی تعریف کي ہی *

صفحہ ۱۵۷ میں مؤلف نے انگریزوں کي وفاداري کا حال لکھا ہی اور اُس محبت کا ذکر کیا ہی جو اُن کو اپنے ملک سے ہی اور اُس عزت اور خود داري کي تعریف کي ہی جو اُن کے مزاج میں ہی یہاں تک کہ جو لوگ اُن کو مغرور کہتے ہیں اُن کے کہنے کو غلط ٹھہرایا ہی اور یہہ لکھا ہی کہ اُن کي خود داري اور وقعت اور عزت جس کا خیال ہر بات میں وہ رکھتے ہیں لوگوں کو غرور معلوم ہوتا ہی ورنہ حقیقت میں وہ غرور کچھہ نہیں رکھتے بلکہ جس کسي کو اُن سے محبت اور درستي کرنا ہو چاہیئے کہ وہ بھي اپني آپ عزت کرے اور اُن کے ساتھہ خود داري سے پیش آوے اور اُن پر یقین کرا دیوے کہ وہ اُن سے کسي ذاتي غرض کے سبب سے نہیں ملتا اور اپني عادتوں کي نسبت اُن کو مطمئن کرا دیوے کہ وہ ایک جنٹلمین کي سي خصلتیں رکھتا ہی تب اُس کو اُن سے درستي اور محبت کا خیال کرنا چاہیئے *

فضول باتوں کے پوچھنے سے اُن کو ایسي نفرت ہی کہ کبھي کوئي دوست کسي دوست کا مذہب اور اعتقاد نہیں پوچھتا برخلاف ہم لوگوں کے کہ پہلا سوال مذہب اور اعتقاد ہي سے ہوتا ہی پھر پرسش آمدني و خرچ کي پھر خانگي حالات دریافت کیئے جاتے ہیں اور دل کے بھید پوچھے جاتے ہیں پھر علم و فضل کي کیفیت دریافت کي جاتي

ھی اور پھر یہاں تک سوال کو طول ھوتا ھی کہ یہہ پوچھنے لگتے ھیں کہ آپ بدھ کے دن انڈے کھاتے ھیں یا نہیں غرض کہ جو سوال ھوتا ھی وہ دوستی کے خلاف اور انسانیت کے مخالف ھی *

پھر مؤلف موصوف صفحہ ۱۵۸ میں انگریزوں کی دیانت اور صفائی قلب کا بیان کرتا ھی وہ لکھتا ھی کہ جب وہ کسی سے دوستی کرتے ھیں اور اُس کے چال و چلن کو اچھا جان لیتے ھیں تو وہ یہاں تک بے تکلف ھو جاتے ھیں کہ اپنی بی بی اور اپنی بیٹیوں کا بھی امین سمجھتے ھیں اور بے روک ٹوک اُس کے ساتھہ اُن کو آنے جانے دیتے ھیں اُن کو اپنے دوست پر یہاں تک بھروسا ھوتا ھی کہ اگر کوئی دوست اُن کا کسی شخص کو ملاقات کی چٹھی لکھہ دیتا ھی تو وہ اُس پر بھی ویسا ھی بھروسا کرتے ھیں جیسا کہ اپنے دوست پر ھزار کوئی اُس کی طرف سے شکایت کرے وہ کبھی نہیں سنتے کیونکہ اُنکو بھروسا ھوتا ھی کہ اُن کے دوست نے اُس کی سفارش نہ کی ھوگی جب تک کہ اُس نے اطمینان اُس پر نہ کرلیا ھوگا ایسے شخص کی اس قدر وہ خاطر کرتے ھیں کہ جس کا بیان نہیں ھوسکتا مگر یہہ خاطر داری و عزت اُسی وقت تک ھی جب تک کہ وہ شخص خود غرضی یا بد چلنی ظاھر نہ کرے اور چونکہ وہ خود صاف باطن ھوتے ھیں اس لیئے اپنے ملنے والوں کو بھی ایسا ھی خیال کرتے ھیں یہہ نیک نیتی اور دل کی صفائی نہ صرف مردوں میں ھوتی ھی بلکہ اشراف عورتوں میں بھی اس کا پورا پورا اثر پایا جاتا ھی وہ اپنے ملنے والے کو ھر بات میں جو وہ کہے سچا جانتی ھیں اور اگر کوئی ھمدردی سے عورتوں کی بھلائی کی بات کہے تو اُس پر جی جان سے فدا ھو جاتی ھیں یہاں تک کہ اگر کوئی ھم میں سے اُن شریف عورتوں سے یہہ کہے کہ سبحان اللہ انگلستان کی عورتیں کیسی تربیت یافتہ اور خوش اخلاق اور نیک خصلت والیاں ھیں اور افسوس ھی کہ ھماری عورتیں جاھل بے پڑھی لکھی ھوتی ھیں نہ اُن کو خدا کے حقوق کی خبر ھی نہ بندوں کے حقوق کی ھم لوگوں کی صحبت عورتوں کے ساتھہ ایسی ھی جیسی دو دشمنوں کی ھوتی ھی اور نہایت دل بستگی اور شیدگی سے ھم لوگوں کی گذر عورتوں کے ساتھہ ھوتی ھی کاش تم ھماری عورتوں پر رحم کرو اور اُن کی تعلیم و تربیت اور تہذیب اخلاق کے لیئے مدرسہ بنواؤ اور مثل اس کے جو اَور باتیں عورتوں کی بھلائی سے متعلق ھوں کی جاویں تو وہ اشراف زادیاں اُس کہنے والے کو یہہ سمجھیں کہ یہہ کوئی پیغمبر ھی جو خدا کی طرف سے آیا ھی اور واسطے دور کرنے جہالت اپنی قوم کی عورتوں کے مبعوث ھوا ھی پس اس خیال ھی سے وہ اُس کی اتنی خاطر داری کرینگی کہ جس کا بیان نہیں ھوسکتا اور اُن کو فوراً یقین ھو جاویگا کہ ضرور یہہ اپنے وطن میں اوروں کو عورتوں کی تعلیم و تربیت کی فکر کریگا مگر اُن نیکبختوں کو یہہ خبر نہیں ھی کہ یہہ حضرت مشرقی اپنے دل میں اُسی وقت کہتے جاتے ھیں کہ تم بڑی بیوقوف عورتیں ھو کہ میرے فریب میں آئی ھو آخر عورتیں ناقصات العقل ھوتی ھیں افسوس کہ ھزاروں کتابیں تمہارے کتب خانوں میں ھیں اور صدھا قصے مکر و فریب کے اُن میں لکھے ھوئے ھیں اور تمنے دیکھے بھی ھونگے مگر پھر بھی تم میرے دھوں میں آگئیں اور تمنے نہ جانا کہ میں یہہ باتیں صرف تمہارے خوش کرنے کو کرتا ھوں مگر بہر حال وہ اشراف زادیاں اُس کے اس کہنے پر اُس کی اس قدر عزت کرینگی کہ کوئی جام کا پیالہ اپنے ھاتھہ سے بڑھا دیگی کوئی رات کے کھانے کی دعوت کریگی *

الغرض اس مؤلف نے نہایت تفصیل سے ھر قسم کی باتوں کا اس کتاب میں بیان کیا ھی کہاں تک اُس کا انتخاب اس چھوٹے سے پرچہ میں کیا جاوے اگر کوئی مسلمان نصیحت کا طالب ھو اُس کے لیئے یہہ بھی بہت ھی ورنہ دفتر کے دفتر لکھنا بھی فضول ھی *

راقم
مہدی علی

نمبر ۱۵۳

ترقی تعلیم مسلمانان

گورنمنٹ نے جو فرمان نسبت ترقی تعلیم مسلمانان کے ۱۳ جون سنہ ۱۸۷۳ ع کو جاری فرمایا ھی اُس سے مسلمانوں کو نہایت شکرگذار ھونا چاھیئے در حقیقت گورنمنٹ نے بہت زیادہ توجہہ نسبت ترقی تعلیم مسلمانوں کے فرمائی ھی اور جہاں تک کہ ممکن تھا گورنمنٹ نے اُن کی تعلیم کے ذریعوں کے قایم کرنے کی اجازت دی ھی — نہایت خوشی کی بات ھی کہ گورنمنٹ عالی نے ھماری کمیٹی کو بھی ایک عمدہ ذریعہ ترقی تعلیم مسلمانان کا تصور فرمایا ھی چنانچہ اُس فرمان میں یہہ فقرہ مندرج ھی " بنارس میں مسلمانوں کی ایک عمدہ کمیٹی اپنے ھم مذھبوں میں علم کو ترقی دینے کے واسطے ایک اینگلو اورینٹل کالج قایم کرنے کی تجویز کر رھی ھی " در حقیقت اصل بات یہہ ھی کہ اگر مسلمان خود اپنی تعلیم کی تدبیر آپ کرینگے تو گورنمنٹ کی ھزاروں تدبیروں سے زیادہ مفید ھوگی پس ھم اپنے ھموطنوں سے التجا کرتے ھیں کہ اپنی قوم کی ترقی تعلیم کی طرف خود متوجہہ ھوں اور دینی و دنیاوی فائدہ حاصل کریں *

راقم
سید احمد

بمقام علیگڈھ — مطابع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم رجب سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خراہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ تقاضے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب و کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈھ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۵۴

احسان عام

فبما رحمة من الله لنت لهم ولو كنت فظاً غليظ القلب لا نفضوا من حولك

(۱) اپنے ھمجنسوں سے شفقت اور نرمي برتني تمامي بني نوع سے خير انديشي کرني اُن کا بھلا چاھنا بلکہ اپني منفعت پر غير کي منفعت کو مقدم رکھنا اپنے دشمنوں مخالفوں اور بدخواھوں سے احسان و مروت اور عموماً دوستي کرنا بلکہ اپنے مخالفوں کي خطاؤں سے در گذر کرنا اپنے دشمنوں کي بدخواھيوں کو معاف کرنا اُن کي عداوت اور رنج دھي پر صبر کرنا اور برائي کے عوض ھميشہ بھلائي کرنا يہہ عمدہ اور افضل محاسن اخلاق ھيں جو ھمارے اسلام اور قران نے ھمکو سکھلائے ھيں — ھر چند کہ حکماے سابقين کئي زمانوں کے تجربہ اور عرصہ دراز کي فکر و غور سے ايسے محاسن اخلاق کے قريب قريب پھنچے تھے اور نہ کوئي ايک ھي حکيم تھا جس نے يہہ سب عمدہ مکارم اخلاق کي باتيں سکھلائي ھوں بلکہ مختلف اور متعدد حکيموں اور فيلسوفوں نے بہت کچھہ سرد و گرم زمانہ ديکھکر اُنميں انساني خيالات تھے جنکا ٹھيک ٹھيک ھر ملک و مزاج کي مختلف طبيعتوں کے اندازہ کے موافق ھونا اُن حکيموں کي عقل کي دوراندیشي سے باھر تھا اور خيالات انساني افراط و تفريط سے بھي خالي نہ تھے لھذا اُن پر وثوق کلي اور اعتماد قطعي بغير وحي کے انکشاف کے ممکن نہ تھا — چنانچہ وہ وحي الھي جسکا انکشاف تمام عالم پر قران کے ذريعہ سے ھوا اس وحي کامل نے اِن سب اخلاق حسنہ کو تمام و کمال ھرايک زمانہ اور ملک کے مناسب حال اور اندازہ کے موافق ھمارگوں پر ظاھر و منکشف کيا *

(۲) اِس بارہ ميں جو احکام ھمکو قران شريف کے ذريعہ سے ملے ھيں وہ ايسي وضع اور صورت ميں نہيں ھيں کہ کسي خاص سورت يا رکوع ميں بحيثيت مجموعي جمع کرکے رکھا ھو جو کہ تصنع اور تکلف سے خالي نہ ھوتا اور جس سے کہ ايک طرح کے دکھلاوےگي ترکيب اور ظاھري بندش پائي جاتي بلکہ تمام مصحف ميں اِن پاک احکام اور عمدہ اخلاق کو ھرايک قسم کے ذکر ميں ايسي سچي مصلحت سے متفرق بيان کيا ھی کہ پڑھنے اور سننے والوں کو ھر وقت اور ھر مضمون کے ساتھہ اُن نيکيوں اور اخلاق کي تنبيہہ اور ياد دھاني ھوتي رھي اور اس وحي کے جس مقام کو بلا قصد اور بلاتعين پڑھا جاوے وھيں پر ان ميں سے کوئي نہ کوئي نصيحت ضرور پائي جاوے *

(۳) ھمکو قرآن مجيد يہہ بات سکھلاتا ھی کہ ھمکو لازم ھی کہ بدي کے عوض ميں نيکي کريں اور خدا کا يہہ حکم محکم ھی کہ ھم اپنے دشمنوں سے برائي کے عوض ميں بھلائي کريں *

---

۱ و يدرؤن بالحسنة السيئة اولئک لهم عقبى الدار — (رعد — ۲۰)
جو لوگ برائي کے عوض ميں بھلائي کرتے ھيں اُن ھي لوگوں کے ليئے دار اخرت ھی *

---

۲ اولئک يؤتون اجرھم مرتين بما صبروا — ويدرؤن بالحسنة السيئة (قصص — ۵۴)
اُن لوگوں کو دوھرا اجر ميلگا اسليئے کہ اُنھوں نے صبر کيا اور بھلائي کرتے ھيں برائي کے بدلے *

---

۳ ادفع بالتي هي احسن — (مومنون — ۴۸)
بري بات کا جواب وہ کہہ جو کہ بہتر ھی *

يہہ صاف سي بات ھی کہ قران مجيد نے ھمکو محض حکماً يہہ بات سکھلادي يا ھم اُس کو بلا تصديق محض ايمان کي راہ سے تسليم کرليں — نہيں بلکہ ايسي نيکي کرنے کي بديہي دليل اور صريح نتيجہ بھي بتلا ديا *

[illegible] ادفع بالتي هي احسن فاذالذي بينک و بينه عداوة كانه ولي حميم و ما يلقها الا الذين صبروا و ما يلقها الا ذو حظ عظيم — (حم سجدة)

برابر نہيں نيکي اور نہ بدي جواب ميں تو کہہ اس سے بہتر پھر تو ديکھے کہ جسميں تجھہ ميں دشمني تھي جيسے دوست دار ناتے والا اور يہہ بات ملتي ھی اُنھيں کو جو صبر کرتے ھيں اور يہہ بات ملتي ھی اُس کو جسکي بڑي قسمت ھی *

۴ پھر قران ھمکو يہہ بھي سکھلاتا ھی کہ بدلا لينا گو معروف يا مقتضاے عدالت ھو اور ايسا کرنا سہل بھي ھی مگر اس کے کريمانہ اخلاق کا يہي حکم ھی کہ مخالفوں کي خطاؤں اور برائيوں کو معاف کرو اور عموماً در گذر کرو *

وجزاء سيئة سيئة مثلها فمن عفى و اصلح فاجره على الله — (شورى — ۳۸)
برائي کا بدلا برائي ويسي ھی ھو جو کوئي معاف کرے اور سنوارے تو اُسکا ثواب ھی اللہ کے ذمہ *

و ان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به ولئن صبرتم لهو خير للصابرين — [نحل]
اگر بدلا لو تو بدلا دو اُسي قدر جتني تمکو تکليف پھونچے اور اگر صبر کرو تو يہہ بہتر ھی صبر کرنے والوں کے ليئے *

ولمن صبر و غفر ان ذلک من عزم الامور — [شوری]
اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کیا بیشک یہہ ہمت کے کام ہیں *

فاعفوا و اصفحوا حتی یاتي اللہ بامرہ — [بقر]
سو معاف کرو اور درگذر کرو جب تک بھیجے اللہ اپنا حکم *

فاعف عنہم و اصفح ان اللہ یحب المحسنین — [مائدہ]
سو معاف کر اور درگذر کر اُنسے اللہ بیشک دوست رکھتا ہی نیکي والوں کو *

فاعف عنہم و قل سلام — [زخرف]
سو تو درگذر کر اُنکي طرف سے اور کہہ سلام *

ان آیات محکمات میں قران نے کئي طرح پر ہمکو نصیحت کي کہ برائي کرنے والوں کو معاف کرو بدلا نہ لو بلکہ صبر کرو بخش دو درگذر کرو اور مخالفوں سے نیکي کرو اُنپر احسان رکھو *

۵ اور اس سے زیادہ اور بھي صاف صاف کہدیا ہی *

یا ایہاالذین امنوا ان من ازواجکم و اولادکم عدولکم فاحذروا ہم و ان تعفوا و تصفحوا و تغفروا فان اللہ غفور الرحیم — [تغابن]
اے ایمان والو بعضي تمہاري جوروئیں اور اولاد دشمن ہیں تمہاري سو اُن سے بچتے رہو اور اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخشو تو اللہ ہی بخشنے والا مہربان *

دیکھیئے اس میں دشمنوں کے حق میں بھلائي اور احسان کے واسطے کیسي تاکید سے الفاظ فرمائے ہیں معاف کرنا درگذر کرنا بخش دینا اور اس پر بھي اخیر میں اشارہ کیا ہی کہ خدا غفور و رحیم ہی پس تم بھي اپنے دشمنوں سے ایسي خصلت بخشش اور رحم کي اختیار کرو *

۶ قران نے ہم کو یہہ بات بھي اچھي طرح سے واضح کردي کہ ہماري یہہ خصلت کہ ہم اپنے دشمنوں سے مہرباني کریں اُنکي برائیوں سے در گذر کریں کیوں پسندیدہ ہی اور ہم کیوں ایسي رعایتیں اور عنایتیں اپنے مخالفوں سے کریں چنانچہ لکھا ہی *

ولیعفوا ولیصفحوا الا تحبون ان یغفر اللہ لکم † — [نور ۶۳]
اور چاہیئے کہ معاف کریں اور درگذر کریں کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ معاف کرے تمکو *

† العفو والصفح من المسہئی حسن مندوب فربما وجب ذالک — ولوام یجب علیہ الا ہذہ الایۃ لکفي — الا تری الی قولہ الا تحبون ان یغفر اللہ لکم فعلق الغفران بالعفو والصفح — وعنہ علیہ السلام من لم یقبل عذر المتنصل کاذبا کان اوصادقا لم یرد علي حوضي یوم القیمۃ — وعنہ علیہ السلام افضل اخلاق المسلمین العفو والصفح و عنہ ایضاً ینادي منادٍ یوم القیمۃ الا من کان لہ علی اللہ اجر فلیقم الا اہل العفو ثم تلا فمن عفي و اصلح فاجرہ علی اللہ — وعنہ علیہ السلام ایضا لایکون العبد ذا فضل حتی یصل من قطعہ و یعفو من ظلمہ و یعطي من حرمہ — تفسیر کبیر

اس میں صاف سمجھا دیا کہ چونکہ تم اپنے گنہگاروں خطا کاروں دشمنوں اور مخالفوں سے ایسا شیوہ عفو و غفران کا اختیار کروگے تو خدا بھي تمہاري خطاؤں سے درگذر کریگا *

اس فقرہ میں " الا تحبون ان یغفر اللہ لکم " بڑي حکمت بھري ہی — اگر ہم چاہتے ہیں کہ خدا ہماري خطاؤں کو معاف کرے تو لازم ہی کہ ہم بھي اپنے خطاکاروں کي تقصیریں معاف کریں اگر ہم توقع رکھتے ہیں کہ خدا ہمکو بخش دے تو ضرور ہی کہ ہم بھي اوروں کي خطائیں بخشدیں — یہہ آیت ہمکو صاف یہہ سکھلاتي ہی کہ ہم ہمیشہ خدا سے یہہ دعا کریں کہ جیسے ہم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے ہیں ویسے ہي خدا بھي ہماري تقصیریں معاف کرے *

۷ باہم کي معاشرت میں [خواہ ہمارے اہل معاشرت مسلمان ہوں یا غیر مسلمان دوست ہوں یا مخالف] عدل اور احسان برتنا اور انصاف مدنظر رکھنا ایک حکم محکم اور امر لازم ہی *

ان اللہ یامر بالعدل والاحسان — [نحل]
اللہ حکم کرتا ہی انصاف کرنے کو اور بھلائي کرنے کو *

و تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان — [مائدہ]
آپس میں مدد کرو نیک کام پر اور پرہیزگاري پر اور نہ مدد کرو

پھر اس سے بھي واضح کرکے صاف سمجھا دیا کہ کسي قوم کي عداوت تمکو عدل کرنے سے نہ باز رکھے اور کسي جماعت کي دشمني تمکو انصاف کرنے سے نہ روکے — تم سب سے اپنے دوستوں سے اور دشمنوں سے عدل اور احسان اور انصاف برابر قایم رکھو *

یا ایہاالذین آمنوا کونوا قوامین للہ شہداء بالقسط ولا یجرمنکم شنان قوم علی ان لا تعدلوا اعدلوا ہو اقرب للتقوی — [مائدہ]
اے ایمان والو کھڑے ہوجایا کرو اللہ کے لیئے گواہي دینے کو انصاف کي اور ایک قوم کي دشمني کے باعث عدل نہ چھوڑو عدل کرو یہي بات لگتي ہی تقوی سے *

۸ بعضے نکتہ چین ظاہر بین مخالفان اسلام نے ان ظاہر اور روشن احکام سے تغافل کرکے ایسا گمان کرلیا کہ گویا قران ایسے احکام عفو عام بخشش تام اور محاسن اخلاق سے خالي ہی اور نہ اسیقدر پر اُنہوں نے اکتفا بلکہ اور بھي ترقي کرکے یہہ سمجھے کہ قران میں بعض احکام ان نیکیوں کے برخلاف ہیں — کبرت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون الا کذبا *

تمام محاسن اخلاق کے پیشوا اور سب نیکیوں کے نمونے ہمارے پیغمبر خدا ہیں — ولکم في رسول اللہ اسوۃ حسنۃ — اور ہمکو اُن

کے افعال کا کیا اچھا نمونہ ملا ہی کہ وہ اپنے سب دوستوں اور دشمنوں سے کمال نرمی شفقت اور رحمت سے پیش آتے ہیں اور یہہ صرف دعوی ہی نہیں ہی بلکہ اُسکی دلیل بھی بدیہی موجود ہی کہ اگر پیغمبر خدا کے اخلاق ایسے نہوتے تو یہہ جتنے لوگ اُن کے ساتھہ جمع ہوئے تھے اور مخالفین تھے اُن سے ٹوٹ کر آملے تھے اُن میں سے ایک بھی نہ آتا کسی بد مزاج خشونت کرنے والے کے پاس کوئی نہیں آتا بلکہ یہہ شفقت اور اخلاق نرم دلی اور لینت ہی جو سب کو اپنا ہو یا بیگانہ کھینچ لاتی ہی — دیکھو وہ آیت قرآن جو ہمارے مضمون کی زیبندہ عنوان ہی اُس پر پھر نظر کرو اور پڑھو کہ خدا پیغمبر سے فرماتا ہی *

فبما رحمة من الله لنت لهم و لو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا من حولك فاعف عنهم واستغفر لهم —

یہہ کچھہ خدا ہی کی مہر ہی کہ تو اُنکو نرم دل ملا اور اگر تو سخت اور سنگدل ہوتا تو وہ تیرے پاس سے بھاگ جاتے سو تو اُنکو معاف کر اور اُن کے لیئے دعاء مغفرت کر *

پس ہمکو قرآن کے احکام اور پیغمبر کے نمونہ سے بھی واجب و لازم ہی کہ ہم اپنے دشمنوں اور مخالفوں سے بھی یہ نرمی و محبت پیش آوین ان سے بھی نیکی اور بھلائی کریں اور باہم برادرانہ برتاؤ ہوجاوے *

۹ مگر اس میں شک نہیں کہ فرق مراتب ضرور ہی گو ہمکو عام محبت کا حکم ملا ہی مگر یہہ مراد نہیں کہ جو اخلاص اور محبت خاص اہل ایمان سے کی جاتی ہی اور جس کا مرتبہ عام محبت سے زیادہ ہی ویسی ہی محبت اور اخلاق غیر ایمان والوں سے بھی برتے جاویں — چنانچہ جو شدت تکفار کی سرزنش اور تنبیہہ میں اُنکے عصیان نافرمانی فساد اور ناحق ترسی کی وجہہ سے (مگر وہ بھی نرمی اور سلامتی کے ساتھہ) اُن سے برتی جاتی ہی اور جو محبت ایمانی اور خاص دوستی جس کے ایمان کی حیثیت سے مومنین مستحق ہیں (علاوہ اُس عام دوستی کے جو مقتضاے فطرت الہی ہر ایک انسان کو باہم کرنی چاہیئے) ان دونوں باتوں کی نفاذت پر اس آیت میں اشارہ ہوا ہی —

محمد الرسول الله والذين معه اشداء على الكفار رحماء بينهم —

محمد رسول اللہ کا اور جو اُسکے ساتھہ ہیں زور آور ہیں کافروں پر اور نرم دل ہیں آپسمیں *

پس یہی فرق اور امتیاز ہی جواب مندرجہ بالا اور اسکے ہم مضمون آیتوں میں بیان ہوا ہی اور اسی فرق اور امتیاز کے اعتبار پر قواعد جنگ و قتال کے متعلق مقاتلین مخالفین کی نسبت یہہ حکم ہوا کہ جو لوگ مسلمانوں سے دین کی بابت لڑتے ہیں اور مسلمانوں کو اذیتیں اور تکلیفیں پہونچاتے ہیں اُن سے ایسی حالت میں دوستی نہ کی جاوے کیونکہ حالت جنگ اور قتال میں نامناسب ہی کہ مسلمانوں کے گروہ کے آدمی مخالفین اور مقاتلین سے محبت کرکے اپنے ضعف اور شکست کا باعث ہوں مگر صاف صاف کہدیا کہ جو دشمن اور مخالف تم سے دین کی بابت قتال نہیں کرتے اُن سے نیکی اور انصاف کرنے کو خدا منع نہیں کرتا بلکہ حکم دیتا ہی مخالفوں سے نیکی اور انصاف کرو کیونکہ خدا نیکی کرنے والوں اور انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہی — صرف اُنہیں لوگوں سے ایسی حالت میں دوستی منع کی گئی ہی جو کہ دین کی بابت مسلمانوں سے لڑتے تھے اور جنھوں نے مسلمانوں کو گھر سے نکالا اور اسپر ایک دوسرے کی مدد کی *

لاينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم في الدين و لم يخرجوكم من دياركم ان تبروهم و تقسطوا اليهم ان الله يحب المقسطين —

انما ينهاكم الله عن الذين قاتلوكم في الدين و اخرجوكم من دياركم و ظاهروا على اخراجكم ان تولوهم و من يتولهم منكم فاولئك هم الظلمون (سورہ ممتحنہ)

اللہ تمکو منع نہیں کرتا اُن سے جو لڑے نہیں تم سے دین پر اور نکالا نہیں تمکو تمہارے گھروں سے کہ اُن سے کرو بھلائی اور انصاف کا سلوک اللہ چاہتا ہی انصاف والوں کو — اللہ صرف منع کرتا ہی تمکو اُن سے جو لڑے تم سے دین پر اور نکالا تمکو تمہارے گھروں سے اور مدد کی تمہارے نکالنے پر کہ اُن سے کرو دوستی اور جو کوئی اُن سے دوستی کرے تو وہ لوگ ہیں گنہگار *

پس جنگ و قتال کی حالت کا ایک خاص قاعدہ ہماری معاشرت کا دستورالعمل نہیں ہی بلکہ ہماری حسن معاشرت کا حکم عام یہی ہی *

" لاينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم في الدين و لم يخرجوكم من دياركم ان تبروهم و تقسطوا اليهم ان الله يحب المقسطين "

۱۰ یہہ بات نہ مخالفوں اور کافروں سے اُن کی شرارت اور فساد کی وجہہ سے اُن کی سرزنش اور تنبیہہ اور غلظت فی القول کرنے میں وہ رعایت عام دوستی اور صلح و اشتی کی ہونی چاہیئے اور یہہ سرزنش نرمی و سلامتی کے ساتھہ کرنی چاہیئے — اس کے ثبوت میں قرآن کے یہہ احکام ہیں *

(۱) فاصفح عنهم و قل سلام —

سو درگذر اُن سے اور کہہ سلام ہی *

۲ اذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما — (فرقان)
اور جب بات کرنے لگیں ان سے بے سمجھہ لوگ تو کہیں صاحب سلامت *

۳ ادع الي سبيل ربک بالحکمة و الموعظة الحسنة وجادلهم بالتي هي احسن — (نحل)
بلا اپنے رب کي راہ پر پکي بات سمجھا کر اور نصیحت کرکر پھلي طرح اور بحث کر اس طرح جو احسن ہو *

۴ و لاتجادلوا اهل الکتاب الا بالتي هي احسن —
نہ جھگڑو تم اہل کتاب سے مگر اس طرح سے جو سب سے بہتر ہو *

۵ و اعرض عنهم و عظهم و قل لهم في انفسهم قولا بليغا — (نساء)
اور اُن سے در گذر اور اُن کو نصیحت کر اور اُن کے حق میں پکي بات کہہ *

ان آیتوں کے حکم سے ہمکو لازم ہی کہ جب ہم اہل معاصي اور کفار سے سرزنش کریں اور اُن کے فساد اور ناخدا ترسي پر ملامت کریں تو اس کو نیک طریقہ سے نرمي کے ساتھہ بکمال اخلاق سمجھا دیں

۱۱ اس مقام پر ہمکو مسئلہ اکراہ کا بیان بھي ضرور ہی کہ آیات قران مجید میں تو مخالفوں سے ایسي نیکیاں اور نیک سلوک کرنے کا حکم ہی اور فہمایش اور سرزنش میں بھي اخلاق کي رعایت پر ضرور ہی تو ایسي صورت میں مسلمان ہونے پر مجبور کرنا کیونکر جایز ہوسکتا ہی — مگر ہمارے پاس ایک ذخیرہ عدم اکراہ کے احکام کا موجود ہی جس سے یہہ شبہہ ہوھي نہیں سکتا کہ مذہب کے باب میں زبردستي کا حکم ہوا ہو یا کبھي جبر کیا گیا ہو *

۱ فذکر انما انت مذکر لست علیهم بمصیطر — (غاشیہ)
پس تو سمجھا تیرا کام سمجھانا ہی تو اُن پر کروڑا نہیں *

۲ قل اطیعوا الله واطیعوا الرسول فان تولوا فانما علیه ما حمل و علیکم ما حملتم و ان تطیعوه تهتدوا وما علی الرسول الا البلاغ المبین — (نور)
تو کہہ حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا پھر اگر تم منہہ پھیروگے تو اُسکا ذمہ ہی جو اُس پر رکھا اور تمہارا ذمہ ہی جو تم پر رکھا اگر اسکا کہا مانو تو راہ پاؤ اور پیغام والے کا ذمہ نہیں مگر پہونچا دینا *

۳ فان تولوا فانما علیک البلاغ
پھر اگر وہ پھر جاویں تو تیرا ذمہ صرف پہونچا دینا ہی *

۴ من یطع الرسول فقد اطاع الله ومن تولی فما ارسلناک علیهم حفیظا — (نساء)
جس نے حکم مانا رسول کا اُس نے حکم مانا اللہ کا اور جو اُلٹا پھرا تو ہمنے تجھکو نہیں بھیجا اُن پر نگہبان *

۵ اتبع ما اوحي اليک من ربک لا اله الا هو و اعرض عن المشرکین — (انعام)
تابع داري کر تو خدا کے بھیجے ہوئے حکم کي جسکا کوئي شریک نہیں ہی اور مت التفات کر مشرکوں کي طرف *

۶ افانت تکره الناس حتی یکونوا مومنین — (یونس)
اب کیا زور کریگا تو لوگوں پر کہ ہو جاویں باایمان *

۷ و ما انت علیهم بجبار فذکر بالقران من یخاف وعید — (ق)
اور تو نہیں اُن پر زور کرنے والا سو تو قرآن سے اُس کو جو ڈرے میرے وعید سے *

۸ اطیعوا الله و اطیعوا الرسول فان تولیتم فانما علی رسولنا البلاغ المبین — (تغابن)
کہا مانو اللہ کا اور رسول کا پس اگر وہ پھر جاویں تو ہمارے رسول کا ذمہ صرف پیغام پہونچا دینا ہی *

۹ ان هذه تذکرة فمن شاء اتخذ الی ربه سبیلا — (دھر)
یہہ ایک نصیحت ہی پس جو کوئي چاہے اپنے رب کي راہ اختیار کرے *

۱۰ لکم دینکم ولي دین — (کافرون)
تمہیں تمہارا دین اور مجھے میرا دین *

۱۱ لا اکراه في الدین
دین میں کچھہ زبردستي نہیں (بقر)

۱۲ یہہ سب آیات محکمات ہیں جو مکہ اور مدینہ میں ظاہر ہوئیں یعني اُس زمانہ کے لیئے ہیں جب اسلام میں ضعف تھا اور اُس وقت کي بھي ہیں جب اسلام کو تمکنت اور شوکت حاصل ہوئي مگر چونکہ کسي حالت میں جبر و اکراہ جایز نہیں رکھا گیا اِسلیئے وھي ایک بات ہر جگہہ صاف صاف بیان کي گئي — اور ایسا ھي ہوتا بھي گیا چنانچہ مین جدال و قتال کي حالت میں بھي باوجود طرفین کي مخالفت کے جو مشرک طالب گار امن ہوکر جماعت اسلام کي طرف چلا آتا تو اُس کو صرف قران کے پاک احکام اور نصایح سنا دینے کا حکم تھا اور جب وہ سن چکے تو اُس کو وہین پہنچا دیں جہاں اُس کے امن کي جگہہ ہی — حالانکہ یہہ موقع اکراہ و جبر کا تھا مگر ایسي بات تو کبھي قران میں روا نہیں رکھي گئي *

و ان احد من المشرکین استجارک فاجره حتی یسمع کلام الله ثم ابلغه مامنه — ذالک بانهم قوم لا یعلمون (براۃ — ۵)

اگر کوئي مشرک تجھہ سے پناہ مانگے تو اُس کو پناہ دے جبتک وہ سن لے کلام اللہ کا پھر پہنچادے اُس کو جہاں وہ نڈر ہو یہہ اسواسطے کہ وہ لوگ جانتے نہیں *

یہہ آخري فقرہ صاف دلالت کرتا ہی کہ اُن لوگوں کو اسلام کے محاسن اور قران کے مکارم اخلاق کي خبر نہیں اِسلیئے وہ جانتے نہیں ہیں کہ اسلام کیا چیز ہی پس اُن کو مسلمان کرنے کا یہي ذریعہ ہی کہ اُن کو قران سنایا جاوے اور اُس کي افضل تعلیم اور عمدہ نصایح سننے والے کے دل میں اثر کریں *

۱۳ یہاں ذکر مقاتلات اسلامي کا آگیا اور ہمکو اُس کے ضمن میں یہہ لکھنا مناسب معلوم ہوگا مقاتلات اسلامي کي منشاء صرف مدافعت تھي اور یہي غرض تھي کہ مشرکین کے ظلم و عدوان سے ضعفاء مسلمین کو نجات ملے اور اُن کو بے روک ٹوک خدا کي عبادت کا موقع ملے اور مخالفوں کي زیادتي اور موذي کفار کا ظلم و ستم دور کیا جاوے اور اُن کي لڑائي بند ہوجاوے — یہہ غرض نہیں ہی کہ وہ جبراً مسلمان ہوجاویں *

لو لا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت صوامع و بیع و صلوٰۃ و مساجد (حج)

اگر نہ ہٹایا کرتا اللہ لوگوں کو ایک کو ایک سے تو ڈھائے جاتے سب ٹکئے اور مدرسے اور عبادت خانے اور مسجدیں *

مالکم لا تقاتلون في سبیل اللہ و المستضعفین من الرجال و النساء و الولدان یقولون ربنا اخرجنا من ھذہ القریۃ الظالم اھلھا (نساء)

کیا وجہہ کہ تم خدا کي راہ میں نہ لڑو حالانکہ کمزور مرد اور عورتیں اور بچے کہتے ہیں کہ یا رب ہمکو اِس شہر سے جسکے لوگ ظالم ہیں نکال لے *

عسے ان یکف باس الذین کفروا — [نساء]

قریب ہی کہ اللہ بند کرے لڑائي کافروں کي *

اس بات کے کہنے کي ضرورت نہیں کہ مدافعت کي لڑائي میں ابتدا مخالفوں کي طرف سے ہوني چاہیئے کیونکہ انہیں کے ظلم و عدوان پر بناچاري مدافعت کي ضرورت پڑي اور یہي بات قران میں بھي منصوص ہی *

ہم بدؤکم اول مرۃ — اور مسلمانوں کو حکم ہوا تھا کہ تم ہرگز ابتدا نہ کرو ولا تعتدو — [بقر]

۱۴ مخالفوں سے تو علی العموم قرآن میں ایسي نیکیاں اور وہ شفقت اور کریمانہ برتاؤ ہی جو سورہ براءۃ کي پانچویں آیت سے نقل کیا گیا کہ جو مشرک مسلمانوں کي پناہ میں آوے اُس کو قرآن کے احکام و نصایح سناکر یہاں تک اُس سے رعایت کي جاوے کہ جہاں اُس کي امن کا مقام ہو وہاں اُسے بخیر و عافیت پہونچا دیا جاوے اب لڑائي کے بعد مغلوب اور مقید و مخالفوں کے واسطے عام حکم دیدیا کہ یا انہیں احسان رکھہ کر مفت چھوڑ دو یا فدیہ لیکر چھوڑ دو *

حتی اذا اثخنتمو ھم فشدالوثاق فاما منابعد و اما فداء حتی تضع الحرب اوزارھا ذالک و لو یشاء اللہ لا نتصر منھم و لکن لیبلو بعضکم ببعض (محمد)

پھر جب خوب قتال کرچکو تو قید کرلو اور بعد اس کے یا احسان رکھہ کر چھوڑ دو یا فدیہ لیکر چھوڑ دو جب تک کہ لڑائي بند ہوجاوے پھر خدا چاہے تو بدلا لے اُن سے مگر وہ تمکو جانچتا ہی *

غرض کہ مقید کرلینے کے بعد کا معاملہ منحصر ہی احسان رکھہکر چھوڑ دینے میں یا فدیہ لیکر چھوڑ دینے میں — اس کے سوا اور کوئي صورت نہیں نہ اُنکو غلام بناکر رکھنا نہ ان کو قتل کرنا چنانچہ ضمیمہ آیت اسي نکتہ پر اشارہ کرتا ہی کہ اگر خدا چاہے تو اُن قیدیوں سے بدلا لیوے یعني اُنہیں قتل کردیئے جانے کا حکم دیوے مگر ترک مکافات پر ہر جگہہ ترغیب دي گئي ہی اس لیئے وہ تمکو اسي معاملہ میں آزماتا ہی کہ کون احسان رکھہ کر چھوڑتا ہی اور کون فدیہ لیکر چھوڑتا ہی *

(بعض علما نے اس آیت میں یہہ دوراندیشي کي ہی کہ قیدیوں کو اگر چھوڑدیں تو وہ پھر جاکر وہي مفسدہ پردازي اور مسلمانوں کي اذیت شروع کرینگے اس لیئے اُنہیں قتل ہي کیا جاوے مگر یہہ راے تو صاف اس حکم کے خلاف ہی اور اس اندیشہ سے یہہ تدبیر بھي مناسب نہیں ہی بلکہ اس کا علاج تو پہلے ہي قران میں فرما دیا ہی و ان تعودوا نعد (انفال) یعني اگر تم پھر وہي ظلم و زیادتي شروع کروگے تو ہم پھر اپنا بچاؤ کرنے کو تمہاري زیادتي دفع کرینگے اور تمہیں روکینگے) *

غرض کہ قرآن کا اخلاق تمام اور احسان عمیم ہر ایک شخص سے عفو اور بخشش اور درگذر کرنے کا ہی اور خصوصاً مخالفوں کو معاف کرنا علی الخصوص حالت جنگ میں بھي رعایت اور بعد جنگ بھي کمال عنایت اسلام کا طریقہ پسندیدہ ہی — اور ایسي الہامیہ تعلیم اور انسان کي ہر حالت اور حاجت کي مقدار اور اندازہ کے موافق اس تفصیل سے اسي شریعت کاملہ میں ہیں اور بس *

نمبر ۱۵۵

روئداد

اجلاس مجلس خزنۃ البضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین منعقدہ ۱۵ اکست سنہ ۱۸۷۳ع

نمبر ۱۸

صدر انجمن

مرزا محمد رحمت‌الله بیگ صاحب *

ممبران موجودہ

مولوي محمد عارف صاحب *

سید محمد حامد صاحب *

منشي محمد یار خاں صاحب *

سکرٹري

سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي *

اجلاس شروع هوا اور روئداد اجلاس منعقدہ ۲۹ جولائي سنہ ۱۸۷۳ع نمبر ۱۷ جو بدستخط سکرٹري مرتب و کتاب روئداد میں مندرج تھي ملاحظہ هوئي *

سکرٹري نے اطلاع کي کہ ایک کتاب متضمن حمایت الاسلام جسکو ایک بہت بڑے مشہور عالم گاذني هیگنس نے انگریزي میں تحریر کیا تھا اُس کا ترجمہ میں نے اپنے خرچ سے اُردو میں کیا هی اور اپنے خرچ سے مطبع صدیقي بریلي میں چھپوایا هی پانسو کتابیں اُس کي چھاپي گئي هیں جنکو میں فروخت کرکر اپنا زر لاگت اور نیز منافع جو اُن سے حاصل هو وصول کرونگا اور آیندہ کو حق تصنیف اُس کا بموجب ایکٹ ۲۰ سنہ ۱۸۴۷ع میرا رهیگا مگر میں اپنے اُس حق کو کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کو هبہ کرتا هوں اب وہ اُس کي مالک هی اور آیندہ اُس کے چھاپنے اور اُس سے نفع اُٹھانے کا حق کمیٹي موصونہ کو حاصل هوگا *

مرزا محمد رحمت الله بیگ صاحب نے سکرٹري کے اِس عطیہ کا شکر کیا اور کہا کہ هم تمام ممبروں کو یقین هی کہ آپ هر طرحپر ترقي سرمایہ کمیٹي خزنۃ البضاعۃ کے لیئے ساعي هیں اور اپنے نفع سے اُس کا نفع مقدم سمجھتے هیں اور اُسي تقریب پر یہہ بات کہي جاتي هی کہ اگر آپ اپني لاگت جو اِس کتاب کے ترجمہ و چھاپنے میں لگي هی کمیٹي سے لے لیں اور یہہ کتاب مطبوعہ بھي آپ کمیٹي کو دے دیں تو اُمید هی کہ اُس کي فروخت سے کمیٹي کو کئي سو روپیہ کا فائدہ هوجاریگا کیونکہ یہہ کتاب اِس قسم کي هی کہ بہت جلد فروخت هوگي اور اکثر لوگ برغبت اس کو خرید کرینگے *

سید احمد خاں نے کہا کہ میں دل سے کمیٹي کي اِس درخواست کو منظور کرتا هوں *

ممبران کمیٹي نے سید احمد خاں کا شکریہ ادا کیا اور یہہ تجویز هوئي کہ جو اخراجات اس کتاب کے هوں وہ منافع جائداد کے صیغہ سے دیئے جاویں اور اُسکي فروخت سے جو آمدني هو وہ بھي اُسي صیغہ میں جمع کي جاوے *

بعد اس کے سکرٹري نے اطلاع کي کہ اسوقت کوئي کتاب تاریخ هندوستان اور جغرافیہ اُردو زبان میں اِس لایق نہیں هی جو تعلیم میں داخل هو اور پورا پورا فائدہ دے بموجب رزولیوشن هفتم کے جو اجلاس ۳ مئي سنہ ۱۸۷۳ع میں منظور هوا تھا منشي محمد ذکاء الله صاحب نے ایک کتاب تاریخ هندوستان اور ایک جغرافیہ تالیف فرمایا هی اور میں نے دهلي میں بزیر اهتمام منشي صاحب موصوف اُس کے چھاپہ هونے کا انتظام کیا هی تاریخ هندوستان کے قریباً چھ سو صفحہ هونگے اور تخمیناً پانسو چالیس روپیہ پانسو کتابوں کے چھپنے میں لاگت لگے گي اور جغرافیہ کے قریباً چار سو صفحہ هونگے اور پانسو کتابوں کے چھپنے میں تخمیناً تین سو ساٹھہ روپیہ لاگت لگیگي پس میں اس انتظام کي منظوري کمیٹي سے چاهتا هوں *

ممبران موجودہ نے بالاتفاق منظور کیا اور یہہ تجویز هوئي کہ ان دونوں کتابوں کے چھپنے کے اخراجات صیغہ منافع جایداد سے دیئے جاویں اور اُنکي فروخت سے جو آمدني هو وہ بھي اُسي صیغہ میں جمع کي جاوے *

سکرٹري نے اطلاع کي کہ منشي صاحب موصوف نے اپني فیاضي سے اس بات کي بھي اطلاع کي هی کہ وہ حق تصنیف ان دونوں کتابوں کا کمیٹي کو دے دینگے *

تمام ممبروں نے منشي صاحب کي اس عنایت کا شکریہ ادا کیا *

مولوي محمد عارف صاحب نے اسبات کي تحریک کي کہ کمیٹي اسبات کي بھي اجازت دے کہ جو منشاء کمیٹي کا ان کتابوں کے تالیف کرانے اور چھپوانے سے هی وہ بھي بطور یاد داشت اس رویداد میں مندرج هو اور وہ منشاء یہہ هی کہ بالفعل یہہ کتابیں دو غرض سے چھپوائي جاتي هیں *

اول یہہ کہ ان کتابوں کے فروخت هونے سے منافع هوگا اور اُس منافع سے سرمایہ کمیٹي کي ترقي هوگي *

اطلاع

درسرے یہہ کہ اس وقت اُردو زبان میں کتابیں قابل درس موجود نہیں ھیں اور کمیٹي امید کرتي ھی کہ جو کتابیں وہ تالیف ھونا چاھتي ھی وہ قابل درس ھونگي لیکن یہہ نہ سمجھنا چاھیئے کہ یہي کتابیں بعینہٖ و بجنسہٖ ھمارے مدارس میں پڑھائي جاوینگي بلکہ بعد چھپ چکنے ان کتابوں کے یہہ کتابیں اور جو آیندہ تالیف ھوں بہت سے مسلمانوں کي نگاہ سے گذرینگي اور ھماري کمیٹي کے ممبر و نیز عموماً ھر مسلمان کو اختیار ھوگا کہ اگر کوئي مضمون اُن کتابوں میں ایسا ھو جسکو مسلمان ناپسند کرتے ھوں تو وہ لوگ اُس کي اطلاع بذریعہ خطوط کے خواہ بذریعہ اخبارات کے خواہ بذریعہ تحریر ریویو کے کمیٹي کو دینگے اُسوقت کمیٹي خواہ مجلس مدیران تعلیم اُس پر توجھہ کریگي اور اُن مضامین کي اصلاح و درستي پر سعي فرماویگي *

اس گفتگو کو بالاتفاق ممبران نے پسند کیا اور یہہ تجویز ھوئي کہ روئداد میں مندرج کي جاوے *

دستخط

سید احمد خاں بھادر سي ایس آئي
سکرٹري کمیٹي

اطلاع

ھمارے پاس بہت سے خطوط اور مضامین بے نام و نشان آتے ھیں خطوط میں تو بعض سوالات ھوتے ھیں اور کبھي مسائل شرعي پوچھے جاتے ھیں اور یہہ درخواست ھوتي ھی کہ تہذیب الاخلاق میں سمہ جواب چھاپ دیئے جاویں اور مضامین بھي جو آئے ھیں وہ ھماري اور ھمارے مدرسۃ العلوم کي حمایت اور ھمارے مخالفین اور ھمارے ذاتي افعال سے الزامات مخالفین کي تردید میں ھیں اور یہہ درخواست ھی کہ تہذیب الاخلاق میں چھاپ دیئے جاویں اُن سب بزرگوں کا جنھوں نے اس قسم کے خطوط خواہ مضامین بھیجے ھیں ھم دل سے شکر ادا کرتے ھیں اور جو کہ بہ سبب نہ معلوم ھونے نام و نشان کے ھم اُن کو جواب نہیں بھیج سکتے اس لیئے عدم تحریر جواب کا عذر کرتے ھیں باقي رھا اُن کا مندرج ھونا تہذیب الاخلاق میں اُس میں بھي ھمکو چند عذر ھیں ھمارا دستور نہیں ھی کہ کوئي بے نام مضمون تہذیب الاخلاق میں چھاپیں اور نیز کوئي ایسا مضمون جو ھمارے ذاتي افعال کي حمایت میں ھو ھمکو اپنے پرچہ تہذیب الاخلاق میں چھاپنا پسند نہیں ھی اس لیئے کہ " من آنم کہ من دانم " جو باتیں ھمارے مخالف ھماري نسبت منسوب کرتے ھیں ھم اُس سے زیادہ الزام کے لایق ھیں فرض کرو کہ وہ باتیں ھم میں نہوں مگر اور باتیں اُن سے بھي زیادہ بدتر ھیں پس ھمارے ذاتي افعال کي حمایت سے کیا فایدہ ھی ھماري تو وھي مثل ھی کہ " اونٹ رے اونٹ تیري کونسي کل سیدھي " باقي رھے مسائل شرعي اس بات سے ھر کوئي واقف ھی کہ میں ۔ ایک جاھل آدمي ھوں جس طرح اور عام لوگ شد بد جانتے ھیں میں بھي جانتا ھوں جو لوگ کہ میرے نام کے ساتھہ مولوي کا لفظ لکھتے ھیں وہ محض غلطي کرتے ھیں اور غلط صفت میري نسبت لگاتے ھیں ھذا بھتان عظیم بعض مسائل شرعي کي نسبت جو میں بحث کرتا ھوں میري واقفیت یا میرا اجتھاد اُنھیں مسئلوں پر محدود ھی ابھي مجتھد عام ھونے کا رتبہ میرا نہیں ھوا خدا کا یہہ بھي شکر ھی کہ نہ میں مولوي ھوں نہ قاضي نہ مفتي پس میں مسایل شرعي مستفسرہ کا جواب نہیں دے سکتا شرعي مسائل کے جواب دینے کو بہت سے مولوي موجود ھیں *

علاوہ اس کے ھمارا تہذیب الاخلاق اس لیئے موضوع نہیں ھوا ھی کہ ھر قسم کے سوالوں کا جواب اور ھر قسم کے مسائل کي بحث اُس میں مندرج ھو بلکہ وہ پرچہ ھمنے اپني دانست میں اپني قومي تہذیب کے لیئے جاري کیا ھی پس جن مسائل مذھبي کے بحث کرني ھم مناسب سمجھتے ھیں اور اُس بحث کو تہذیب قومي سے کچھہ تعلق جانتے ھیں اُس کو مندرج کرتے ھیں اور ایسا ھي مضامین کا حال ھی کہ عام مضامین اُس میں مندرج نہیں ھوتے اور مضامین خاص بھي وھي مندرج ھوتے ھیں جن سے اُس کے بانیوں کي راے میں لوگوں میں کسي قسم کي تہذیب کي ترقي متصور ھو اور اگر ھم اپنے تئیں عموماً لوگوں کے سوالوں یا استفتاؤں کے جوابوں کے لکھنے پر مصروف کریں تو ھمارا وقت بالکل ضایع ھو جاوے اور ھمارے پرچہ تہذیب الاخلاق کا جو منشاء ھی وہ باقي نہ رھے پس ھم اُن بزرگوں سے جنھوں نے ھمارے پاس خطوط اور مضامین بھیجے ھیں اُن کو تہذیب الاخلاق میں مندرج نہونے کي معافي چاھتے ھیں *

راقـــم
سید احمد

اشتہار

کتاب حمایۃ الاسلام

واضح ھو کہ مسٹر گاڈ فري ھیگنس صاحب نے سنہ ۱۸۲۹ ع میں مسلماني مذھب کي حمایت میں ایک کتاب بزبان انگریزي تصنیف کي تھي یہہ صاحب بہت مشہور عالم تھے اور اُنھوں نے اس کتاب میں اُن تمام اعتراضات کے جواب لکھے ھیں جو عیسائي اکثر مذھب اسلام اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید کي نسبت کیا کرتے ھیں چنانچہ اس کتاب کو سید احمد خاں بھادر سي ایس آئي نے اُردو میں ترجمہ کراکر مطبع صدیقي بریلي میں چھپوایا ھی اور پونے آٹھہ جزو کي کتاب ھی اور قیمت اُس کي في جلد ایک روپیہ اور دو آنہ محصول ڈاک قرار پایا ھی جس شخص کو اُس کي خریداري منظور ھو ایک روپیہ دو آنہ سید احمد خاں صاحب کے پاس بمقام بنارس بھیج کر کتاب مذکور طلب فرما لے *

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۵ رجب سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۱۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ مع اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۵۷

التماس
بخدمت حضرت کاشف الغطا و کشاف حقیقت

چند پرچے اخبار نورالانوار کے جنمیں میں میرا حال یا میري بعض تحریروں کا جواب تھا میرے پاس پہونچے معلوم نہیں کہ یہہ عنایت اڈیٹر صاحب کي ھی یا مہرباني اُن کے کارسپانڈنٹ کي بہر حال میں دونوں کا شکر کرتا ھوں خصوصاً اُن تہذیب بھرے فقروں کا جن سے اُن کي طینت کي پاکي ایسي ھي ظاھر ھوتي ھی جیسے آئینہ سے عکس غالباً اُن کے بھیجنے سے ھمارا آگاہ کرنا ھی کہ تمام مسلمانوں کو ھماري تحریروں پر توجھہ اور ھمارے حال پر مہرباني کي نگاہ ھی اور یقناً یہہ بھي مقصود ھوگا کہ اُسکا کچھہ جواب دیا جاوے مگر جہاں تک اُن تحریرات کو ھمارے ذاتي خیالات سے تعلق ھی اُسکا جواب شکر ھی کیونکہ جسقدر برائیاں ھم میں ھیں اُن میں سے تر کچھہ بھي بیان نہیں کیں باقي جسقدر دارالعلوم اور تہذیب الاخلاق سے متعلق ھیں وہ ھماري دلي خوشي کا سبب ھیں اُن تحریرات سے اندازہ اُس قوت اور مضبوطي کا ھوتا ھی جو ھماري رایوں کو بہ نسبت مسلمانوں کي موجودہ حالت اور اُنکي تعلیم و تربیت کے ھی اور جس کے سبب سے ھمکو اُن میں ایک عظیم تبدیلي کي ضرورت معلوم ھوتي ھی جس شخص نے اُن تحریرات کو دیکھا ھوگا وہ ضرور اُس راے کو تصدیق کریگا جو انڈین ابزرور نے نسبت مسلمانوں کے دي ھی *

ھمنے وہ فقرے بھي دیکھے جو لکھنؤ کے مولویصاحبوں نے نسبت دارالعلوم کے لکھے ھیں مگر افسوس ھی کہ اُس پر اُتنے دستخط ابتک نہیں ھوئے جتنے کہ ھندي کے دفتر ھوجانے اور فارسي کے اُٹھہ جانے کي نسبت ھوچکے ھیں کیا اِن مولوي صاحبوں سے اس سے زیادہ اور کسي فتوی کي اُمید تھي — ھمارا رونا تو اسي موجودہ حالت کے دیکھنے پر ھی اور دارالعلوم کي تجویز ایسے ھي تنگ و تاریک خیالات کے مٹانے کے واسطے ھی کیا کوئي دانشمند منصف آدمي ان فتووں کو بھي دیکھہ کر مسلمانوں کے حال پر آٹھہ آٹھہ آنسوؤں سے نہ روویگا *

ھم نے وہ اشتہار بھي دیکھا جو پرچہ نورالاناق ارفع اظلمۃ اھل النفاق کے جاري کرنے کي غرض سے مشتہر کیا گیا ھی اس اشتہار نے ھمکو خوش کیا اور بہت خوش کیا کیونکہ اُس کا صرف اُس الحاد کے روکنے کے لیئے جاري کیا جانا مقصود ھی جو تہذیب الاخلاق کے ذریعہ سے پھیلتا جاتا ھی ھمکو اُمید ھی کہ اچھے تربیت یافتہ عالم اُسکي مدد کرینگے اور اپنے علم کے جوھر دکھاوینگے اور ھمارے الحادي پرچہ کو بھي اُس سے فائدہ ھوگا کیونکہ پھول کي خوبي اُس وقت تک ظاھر نہیں ھوتي جب تک کہ کوئي خار اُس کے پہلو میں نہو *

اب میں اپنے پرانے دوست کاشف الغطا اور اپنے نئے مہربان کشاف حقیقت سے نہایت دلي درد سے ایک بات کہنے کي اجازت چاھتا ھوں اگر وہ تھوڑي دیر کے لیئے اپنے دل کو نرم کرلیں اور چند لمحہ کے واسطے منصف بنجاویں —

سر کنم شکوہ اگر تاب شنیدن داري
سینہ بشگافم اگر طاقت دیدن داري

اے حضرات جامعان فضل و کمال — اگر آپ کو اپني تحریروں سے صرف تھوڑي دیر کے لیئے دل خوش کرنا اور چند لحظہ کے لیئے مجلس کو گرم کرنا ھی تو خیر ھم منع نہیں کرتے آپ کي خوشي کو روک نہیں سکتے آپ شوق سے ذاتي عیوب کو لوگوں کے کھولیئے اور رشک سردا بنیئے لیکن اگر اسلام اور مسلمانوں کي ھمدردي مقصود ھی اور تہذیب الاخلاق یا دارالعلوم سے مذھبي یا اخلاقي یا اور کسي قسم کي خرابیوں کا خیال ھی تو نہایت خوبي کي بات ھی کہ آپ اُس پر بھث فرمائیئے مگر قبل مخالفت کے وہ مضمون جو تہذیب الاخلاق میں چھپا ھی کسي وقت کا وظیفہ چھوڑکر غور سے پڑھ لیجیئے کیونکہ میں نہایت افسوس سے کہتا ھوں کہ ھنوز آپ لوگوں کو مخالفت کرني بھي نہیں آتي *

آپ یقین کیجیئے کہ ھم آپ کي مخالفانہ تحریروں کو بہت غور سے پڑھینگے اور نہایت انصاف سے دیکھینگے اور اور لوگوں کو بھي ھماري رایوں کا آپ کي تحریروں سے مقابلہ کرنے کا عمدہ ذریعہ ملیگا *

غالباً آپ اسے تسلیم کرینگے کہ عموماً لوگوں نے مجادلہ اور مکابرہ کو مباحثہ سمجھہ رکھا ھی اور بجاے تحقیق حق کے مخالف پر الزام اور تہمت لگانے اور اُس کي تمام باتوں کو غلط اور باطل ٹھہرانے کو مایہ ناز ٹھہرالیا ھی صدھا کتابیں شیعوں نے سنیوں کے رد میں ھزارھا رسالے سنیوں نے شیعوں کے جواب میں لکھہ ڈالے مگر یہي غلط خیال دونوں کو تحقیق حق یا تسلیم حق کا مانع رھا آخر سب و شتم کي وہ نوبت پہونچي کہ مذھب بھي اُن گالي دینے والوں پر لعنت کرتا ھوگا پس جب تک یہہ خیال آپ لوگ اپنے دل سے نہ نکال ڈالینگے بجاے فائدہ کے خود اپني قوم کا آپ نقصان کرینگے *

میں تسلیم کرتا ھوں کہ بلا شبہہ تہذیب الاخلاق نے بڑي تبدیلي خیالات میں پیدا کي ھی اور ایک ایسا انقلاب پیدا کرنے کا سامان جمع کردیا ھی جو پہلے سے کبھي کسي کے خیال میں بھي نہ تھا اور

دارالعلوم کی تجویز بھی ایک نئی دنیا قایم کرنے کی تجویز ھی جسکا نقشہ عموماً مسلمانوں کے خیال میں بھی نہیں آسکتا مگر دیکھنا چاھیئے کہ اُس کا اثر کیا اور کیسا مسلمانوں پر ھوگا *

تہذیب‌الاخلاق کا اثر ظاھر ھی کہ اُس نے اپنی پر زور نصیح تحریروں سے ایک طرف تو غیر قوموں کو دکھا دیا کہ اسلام اُس پست اور تاریکی کی حالت میں نہیں ھی جو وہ خیال کرتے تھے بلکہ وہ ایک روشن آفتاب ھی جو سیاہ بدلیوں میں چھپا ھوا تھا دوسری طرف مسلمانوں کو ھوشیار کردیا کہ وہ اُس گہرے عمیق تاریک بے تھاہ گڑھے کے کنارہ آلگے ھیں جس میں گرنے سے جان کا اندیشہ ھی *

ھاں اُس نے ایک اُن مردہ دلوں میں ایک کھلبلی ڈال دی ھی جن کو لوگ زندہ جانتے تھے اور اُن طبیعتوں میں ایک شور پیدا کردیا ھی جن میں کسی قسم کی تحریک کی قوت باقی نہ تھی اُس نے رسم تقلید تعصب ساری برائیوں کے کھونے کی بھی جڑ قایم کر دی ھی اُس نے لوگوں کے خیالات میں بھی ایک تبدیلی پیدا کرنے کی راہ نکالی ھی اور جہاں تک خیال کیا جاوے مقصود اُس کا مسلمانوں کی بھلائی کے سوا کچھہ نہیں *

اگر آپ کو اُس کے بعض یا کل مضمون مضر معلوم ھوں اُن سے علمی اخلاقی مذھبی برائی پیدا ھونے کا اندیشہ ھو اُس کی غلطیاں بتائیئے اور اصلاح کیجیئے دل ما شاد چشم ما روشن *

اگر آپ کو اُس کے مذھبی مضامین سے رنج ھوتا ھو جسے ھم بھی جانتے ھیں کہ ضرور رنج ھوتا ھوگا مگر ذرا انصاف کیجیئے اور ھمکو بتا دیجیئے کہ وہ کونسا مذھبی مضمون لکھا گیا ھی جو کتاب و سنت سے مدلل نہو اور جس کو نہایت مضبوط دلیلوں سے ثابت نہ کیا ھو اور جس میں بڑے بڑے عالموں محققوں کے قول کی سند پیش نہ کی گئی ھو اب رھا یہہ امر کہ من حیث‌المجموع کل یا بعض مضامین میں غلطی ھی ھوئی ھو تو کیا اس سے اکیلے ھم کافر ھوسکتے ھیں بلا شبہہ قبل اس کے کہ آپ کا کفر کا فتوی ھم تک پھونچے اُن پر ھم سے پہلے پھونچیگا جو ھم سے پہلے ھمارا ساتھہ دے گئے ھیں *

آپ یقین فرماویں کہ ھم کو ھرگز منظور نہ تھا اور نہ ھی کہ ھم مذھبی مضامین اس پرچہ میں لکھیں مگر کیا کیجیئے —

ز فرق تا بقدم ھر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست

ھر امر میں معاشرت کی تمدن کی تعلیم کی تربیت کی مذھبی مزاحمت ھوتی ھی اور اس لیئے اُس کی تحقیق کی ضرورت پڑتی ھی اور بمجبوری اُن غلطیوں کا جن سے اصل مذھب پر الزام آتا ھی ظاھر کرنا پڑتا ھی اور پھر بھی اب نہایت لاچار ھوکر میں یہہ لکھتا ھوں کہ موجودہ حالت مذھب کی قوی مانع ھر قسم کی ترقیات کی ھی اور اسے میں ثابت کرتا ھوں *

مسلمان خیال کرتے ھیں کہ مذھب کی رو سے کافروں سے محبت کرنا اختلاط رکھنا منع ھی — میں خیال کرتا ھوں اگر یہہ سچا مسئلہ شریعت کا ھی تو مسلمانوں کو چارا نہیں ھی سوائے اس کے کہ یا تو اُن سے جزیرۃ العرب بھرا جاوے یا وہ شمالی افریقہ کے حصہ کو جاکر آباد کریں کیونکہ وہ کسی ھندو سے صاف نہیں مل سکتے وہ کسی انگریز کو اچھا جان نہیں سکتے وہ اُن سے صاف طینتی اور سچائی اور محبت سے اختلاط و ارتباط نہیں رکھہ سکتے تو پھر وہ اُن ملکوں میں جہاں غیر قوموں کے اختلاط و ارتباط بغیر ایک دن زندگی کی کوئی ادنی ضرورت بھی پوری نہیں ھوسکتی کیونکر رہ سکتے ھیں اُس حالت میں کہ وہ اپنے مذھب پر بھی قایم رھیں *

اب میں زمانہ گذشتہ اور زمانہ حال پر نظر کرتا ھوں کہ مسلمانوں نے اس کی نسبت کیا خیال کیا اور کیسا برتاؤ کیا سو اول میں اپنے ھادی اور ساری دنیا کے ھادی روحی فداہ کا یہہ معاملہ دیکھتا ھوں کہ جب نجاشی کے ایلچی آئے جنکا مذھب رومن کیتھلک تھا تو آپ نے خود اُن کی خدمت کی اور صحابہ کی درخواست پر فرمایا کہ اُنہوں نے میرے یاروں کی خدمت کی تھی میں اُس کی تلافی چاھتا ھوں خاص مسجد نبوی میں رومن کیتھلک عیسائیوں کو نماز پڑھنے کی اجازت دی — کیا یہہ وھی برتاؤ ھی جو مسلمان نسبت غیر مذھب والوں کے از روے اپنے مذھب کے خیال کرتے ھیں — پھر حال کے زمانہ پر نظر کرتا ھوں تو سلطان روم کو معہ علما فضلا کے پیرس میں شاھنشاہ نپولین کے ساتھہ ایک میز پر بیٹھا ھوا کھانا کھاتے اور ملکہ معظمہ اور ولی عہد سلطنت کے ساتھہ دوستانہ برتاؤ کرتے پاتا ھوں کیا یہہ لوگ کافر نہیں ھیں ضرور ھیں اگر مسلمان ھوتے تو شاہ بخارا یا خان خیوا کی طرح اپنے وحشیانہ برتاؤ سے ساری دنیا میں روسیاہ ھوتے مسلمانوں کو آدمیت اور انسانیت سے کیا علاقہ اُن کو کسی کے اختلاط ارتباط سے کیا سروکار *

ان حالات پر بھی ھم نظر نہیں کرتے کیونکہ اگلی حالتوں کو صدھا برس گذر گئے کون جانے کیا سچ ھی کیا غلط روم میں بھی جو ھزارھا کوس دور ھی اللہ کو خبر ھی کہ یہہ معاملہ صحیح ھی یا جھوٹھہ ھم خود ھندوستان کے حال پر نظر کرتے ھیں اور نہ اور لوگوں بلکہ خود اپنے کافر کہنے والوں کے حال پر تو کیا پاتے ھیں کوئی کسی پادیو کے ھاتھہ میں ھاتھہ ڈالے باغ کی سیر کر رھا ھی کوئی کسی سیٹھہ کا پگڑی بدل بھائی ھونے پر ناز کرتا ھی کسی کا ھاتھہ اُس کی بغل میں

ہی جو ابھی کالی کی پوجا کرکے آیا ہی کسی کی مسند اُس کے قدموں کے واسطے خالی ہو رہی ہی جس کے پانو کی گرد مندر کے طواف سے بھری ہوئی ہی ہندوؤں کے ساتھہ دوستی ہی اختلاط ہی ارتباط ہی تو کیا یہہ سب مسلمان مسلمان نہیں ہیں بلاشبہہ کافر ہیں کیونکہ اُن کے دل میں وہ بات نہیں ہی جسکا برتاؤ وہ ظاہر میں کرتے ہیں — ہندوؤں کو بھی جانے دو انگریزوں ہی کے ساتھہ جو برتاؤ ہی اُسپر نظر کرو جن کے ساتھہ کسی قسم کا اختلاط رکھنا ہی کفر سمجھا جاتا ہی — بڑے بڑے مسلمانوں کی مسلمانی اُس وقت معلوم ہوجاتی ہی جبکہ کسی سڑیل انگریز کے ساتھہ کچھہ تعلق ہوجاتا ہی اُن کی خوشامد چاپلوسی عاجزانہ بات چیت پر اسلام کا نور چمکتا ہی اور اگر کسی سے دوستی ہوگئی تب تو اُس مسلمان کی قدر و وقت کی اور اپنے فخر و ناز کی کوئی حد باقی نہیں رہتی — چنانچہ مجھے یاد ہی کہ جب شاہزادہ ایڈنبرا کو کانپور میں ایڈریس دیا گیا تھا تو ہمارے ایک مولانا قبلہ نے اُسے نہایت خوشی سے پیش کیا تھا اور یہہ کہا تھا کہ ایسے مہمان کے قدم ہمارے سر پر ہماری آنکھوں پر — اُس وقت اس کہنے پر اسلام نے ضرور اُنکا مونہہ جنت کی شکر سے بھر دیا ہوگا باقی رہی عام دوستی انگریزوں سے وہ ظاہر ہی کہ اُسکا سبب نہ مسلمانوں کا اسلام ہی بلکہ اُن کی ذلیل حالت کہ انگریز اُن کو دوستی کے لایق ہی نہیں جانتے ورنہ مسلمان اپنی طرف سے ہر طرح کی خدمت کرنے کو حاضر ہیں چہ جاے دوستی و محبت وہ خداوند کہنے پر مستعد ہیں ہاتھہ جوڑنے کو موجود ہیں رکوع کرنے اور قدموں کے چومنے تک کو طیار ہیں *

کیوں جناب کاشف الغطا اور کشاف حقیقت ان حالات پر نظر کرکے بینی و بین اللہ یہہ فرمادیجیئے کہ یہی اصلی اسلام ہی اور کیا ایسے ہی لوگ مسلمان ہوتے ہیں اور ایسے ہی اسلام کو آپ قایم رکھنا چاہتے ہیں اور اسی سے مسلمانوں کی عزت کی توقع ہی حاشا ثم حاشا یہہ وہ باتیں ہیں کہ مسلمان نہ شنوہ کافر مبیناد *

پس ہمارے پرچہ تہذیب الاخلاق کا قصور ہی تو یہہ ہی کہ وہ سچائی سکھاتا ہی اور دل اور ظاہر کو یکساں رکھنے کی نصیحت کرتا ہی ہاں کافر مسلمان بننے کو منع کرتا ہی *

بڑا بھاری کفر جو آپ سے اُٹھائے بھی نہیں اُٹھتا وہ کیا ہی انگریزوں کے ساتھہ کھانا سو اول تو آپ اُن اصحاب رسول کو کافر بتائیے جنھوں نے بیت المقدس کے گرجے میں عیسائیوں کی دعوت کھائی ہی پھر اُن مسلمان فخر اسلام بادشاہوں کی تکفیر کیجیئے جنھوں نے صیدا اور شقیق کے عیسائی امیروں کو اپنے ساتھہ کھلایا تھا پھر اُن تمام مسلمان ترکوں پر لعنت کیجیئے جو روز مرغیاں چٹ فرماتے ہیں اور اُن خلیفۃ اللہ ظل اللہ کو جنکا خطبہ مکہ کے اونچے منبر پر صبح شام پڑھا جاتا ہی کرسٹان بتائیئے جو فرانس اور لندن اور استریا کے بادشاہوں کے ساتھہ ہم نوالہ اور ہم پیالہ رہتے ہیں جب ان سب کی تکفیر سے کچھہ کفر بچے تو خیر بنارس اور مرزا پور بھی بھیجدیجیئے مگر مجھے تو اُمید نہیں ہی کہ کچھہ بچے کیونکہ کیا وہ لوگ محروم رہ جاوینگے جو بت پرستوں کے پگڑی بدل بھائی بن کر اُن کی جھوٹی پوریاں چٹ اور چمار حلوائیوں کے مگد کے لڈو فٹ فرمایا کرتے ہیں اُن کے لیئے بھی تو کچھہ آخر حصہ چاہیئے *

اے حضرات ذرا گردن جھکائیئے کچھہ تو انصاف کیجیئے کہ کیا دل میں ہی اور کیا زبان پر کہتے کیا ہو کرتے کیا ہو حالت کیا ہی

اور نصیحت کیا ہی اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم و انتم تتلون الکتاب افلا تعقلون *

میں اسوقت زیادہ لکھہ نہیں سکتا صرف محبت اور ارتباط پر اس مضمون کو ختم کرتا ہوں آیندہ انشاء اللہ چند مریضے اسی کے متعلق اور لکھونگا *

راقـــــــم
مہدی علی

نمبر ۱۵۸

مہمان و میزبان

مہمانی اور میزبانی کی خوبیاں اور برکتیں ایسی صریح اور صاف ہیں کہ اُن کے بیان کی کچھہ حاجت نہیں ہی — آپس میں محبت اور ارتباط بڑھانے کے واسطے یہہ رسم بہت ہی موثر ثابت ہوئی ہی اس رسم سے غیر بھی اپنے ہوجاتے ہیں بلکہ دشمن بھی دوست بن جاتے ہیں اور اُسی کے جاری نہ رہنے سے قریب تر عزیزوں کی قدرتی محبت میں بھی کمی آجاتی ہی — پس جو شی اسقدر مفید ہو مناسب ہی کہ وہ ہر ایک قسم کے نقصانات اور خرابیوں سے پاک و صاف رہے ورنہ اُس کے تمام فائدے برباد ہوجاوینگے — لیکن جس طریقہ پر اس عرصہ میں ہم لوگوں میں مہمانی اور میزبانی ہوتی ہی وہ کچھہ مفید نہیں ہی بلکہ اعتراض کے قابل ہی اور کچھہ شبہہ نہیں کہ موجودہ رسم و رواج کے سبب سے اکثر اوقات مہمان اور میزبان دونوں کو تکلیف ہوتی ہی اسلیئے ضرور ہی کہ مسلمان موجودہ طریقہ مہمانی اور میزبانی پر غور کریں اور جسقدر اصلاح اُس میں ضروری ہو وہ عمل میں لاویں *

اب ہم اُن خرابیوں کا بیان کرتے ہیں جو قابل اعتراض ہیں سب سے بڑی غلطی جو اکثر مہمانوں کی طرف سے ہوتی ہی وہ یہہ ہی

کہ وہ اپنے میزبان کو پہلے سے اپنے آنے کی خبر نہیں کرتے حالانکہ اس بےخبر وارد ہونے سے میزبان کو بڑی تکلیف ہوتی ہی اور خود مہمان کو بھی تکلیف اوٹھانی پڑتی ہی علاوہ اس کے اس طرح پر بے خبر کسی کے مکان پر بطور مہمان کے وارد ہونا خلاف تہذیب بھی ہی *

اکثر یہہ ہوتا ہی کہ گھر والے کھانے سے فارغ ہوجاتے ہیں اُس کے بعد مہمانوں کی آمد ہوتی ہی اور اُسوقت ایک تازہ تشویش پیش آتی ہی ادھر تو کھانے کا کچھہ سر انجام نہیں ہوتا اور اردھر یہہ خیال ہوتا ہی کہ مہمانوں کے واسطے کھانے میں دیر نہ ہو — فکر حاکر جنکو دو بارہ پھر چولہ جھونکنا پڑتا ہی جدا دل میں ناخوش ہوتے ہیں اور اگر کبھی رات کو ناوقت یہہ مہمان داری پیش آگئی تو اَور زیادہ مصیبت آتی ہی اور یہہ آفت خاص کر اُن مقامات میں زیادہ آتی ہی جو ریل کے اسٹیشنوں سے قریب ہیں اب یہہ ہوتا ہی کہ رات کے گیارہ یا بارہ بج گئے ہیں یا رات ڈھل گئی ہی اور پچھلا پہرہ ہی سب لوگ اپنے ارام کی نیندیں لے رہے ہیں کہ یکا یک دروازہ پر سے آوازیں آنی شروع ہوئیں [کواڑ کھولو کواڑ کھولو] پھر بعض سونے والے ایسے غافل سوتے ہیں کہ مشکل سے جاگتے ہیں یا دروازہ سے بہت فاصلہ سے ہوتے ہیں یا جاڑوں کے موسم میں مکانوں کے اندر کواڑ بند کرکے سوتے ہیں ایسی صورت میں بےخبر آنے والے مہمان کو گھڑیوں پکارتے پکارتے اور چلاتے چلاتے اور کواڑ کھٹکھٹاتے اور زنجیریں ہلاتے گذر جاتے ہیں اور جب ان تمام مشکلات کے بعد کواڑ کھلے اور صاحب خانہ بھی بڑی بے لطفی اور تکلیف کے ساتھہ جگایا گیا تو اب خیال کرلینا چاہیئے کہ اُس غریب پر اُسوقت کیا گذرتی ہوگی — پھر کبھی یہہ ہوتا ہی کہ مکان مختصر ہی یا اُس میں پہلے سے اور مہمان فروکش ہیں اور مکان میں زیادہ جگہہ نہیں ہی یا صاحب خانہ کسی ایسی تشویش میں ہی کہ اُس کو اپنے مہمانوں سے باطمینان و خوشی ملنے کی فرصت نہیں ہی اِن تمام باتوں کے لحاظ سے ضرور ہی کہ اپنے آنے سے قبل اپنے میزبان کو حتی‌الامکان اطلاع دی جاوے اور نہایت صفائی قلب اور دوستی کی بات یہہ ہی کہ اگر کسی وقت میزبان یہہ اطلاع دے کہ مجھکو ملنے کی فرصت نہیں ہی تو بغیر کسی مخل خاطر کے اپنے ارادہ کو ملتوی کرنا چاہیئے میںنے بعض اوقات یہہ بھی دیکھا ہی کہ ایسے میزبان نے اپنی تکلیف بچانے کے واسطے یا مہمان کے آرام کی نظر سے مہمان کو کسی اور مکان میں اوتارا تو مہمان نے دل میں بہت ہی برا مانا حالانکہ میزبان کا یہہ برتاؤ کسی طرح اعتراض کے لایق نہیں ہوتا بلکہ بڑی عمدہ بات خیال کی جاتی ہی *

بعض لوگوں کا یہہ خیال ہوگا کہ جن خرابیوں کا ذکر اس مضمون میں ہی وہ صرف اُس حالت سے متعلق ہیں جب کہ مہمان اور میزبان میں باہم نہایت دوستی نہو مگر یہہ خیال غلط ہی اس لیئے کہ یہہ ایسے امور ہیں جو بطور واقعات کے پیش آتے ہیں جنمیں زیادہ دوستی ہونے یا نہونے کو کچھہ مداخلت نہیں ہی *

نیز اس بے خبر آنے کا نتیجہ یہہ بھی ہوتا ہی کہ اصل مقصود فوت ہوجاتا ہی جس سے ملنا مقصود ہوتا ہی وہ مکان پر نہیں ملتا اور زیادہ افسوس اُسوقت ہوتا ہی جب یہہ معلوم ہوتا ہی کہ آج ہی یا ابھی آپ کے تشریف لانے سے تھوڑی ہی دیر بعد وہ نکل مقام کو سوار ہوگئے اور تب حسرت کے ساتھہ وہاں سے لوٹ جانا ہوتا ہی اور یہہ ایک کافی سزا اپنے بلا اطلاع آنے کی اُسوقت آنے والے کو ملجاتی ہی *

اس بے خبر آنے کے علاوہ چند اور خرابیاں بھی بیان کے لایق ہیں جنمیں سے ایک یہہ ہی کہ بعض میزبانوں کے مزاج میں تکلف اسقدر ہوتا ہی کہ اُنکا مہمان بھی تنگ آجاتا ہی ان تکلفات کی وجہہ سے کھانا اکثر دیر میں ملتا ہی اور تکلیف ہوتی ہی اور میزبان کو بھی زیادہ عرصہ تک اپنے عزیز مہمان کا قیام ناگوار معلوم ہونے لگتا ہی اور اُس کے آنے کی وہ ساری خوشی اُس کی موجودگی ہی میں جاتی رہتی ہی *

سعدی علیہ‌الرحمۃ کسی مقام پر اپنے ایک دوست کے ہاں مہمان ہوئے اُن کے دوست نے بہت اہتمام سے اُن کی مہمانداری کی بہت تکلف کے کھانے پکوائے اور بڑی شان کے ساتھہ دستر خوان چنا گیا شیخ نے جب یہہ سامان دیکھے تو بے اختیار اُس کی زبان سے یہہ نکلا ہائے دعوت شیراز صاحب خانہ نے یہہ سمجھا کہ دعوت کے اہتمام میں کچھہ کمی رہی اس لیئے اُس نے دوسرے تیسرے وقت میں بیش از پیش اہتمام کیا لیکن ہر مرتبہ شیخ نے وہی افسوس ظاہر کیا آخر شیخ نے جب دیکھا کہ اب میزبان کو بہت تکلیف ہوتی ہی تو اُس نے اپنی اقامت کو مختصر کیا اور میزبان سے رخصت ہوا — کچھہ عرصہ بعد اُن کے اُس میزبان کا گذر شیراز میں ہوا اور شیخ کے ہاں اُترا اور دل میں اس بات سے بہت خوش تھا کہ اب شیراز کی دعوتوں کے اہتمام دیکھنے میں آوینگے جب کھانے کا وقت آیا تو شیخ گھر میں گیا اور وہاں سے وہی روزمرہ کا سیدھا سادھا کھانا لے آیا اور اپنے دوست کے سامنے رکھدیا اور کہا کہ بسم‌اللہ کیجیئے — اُسوقت شیخ کے دوست کو بہت ہی حیرت ہوئی اور اُس نے آہستہ آہستہ کھانے کی طرف ہاتھہ بڑھایا اور کھانا شروع کردیا شیخ نے اُس کی حیرت کو دیکھکر کھانا کھا چکنے کے بعد اُس سے کہا کہ اے دوست دعوت شیراز سے میرا یہی مطلب تھا تمنے میرے واسطے بہت سا تکلف کیا جسکا نتیجہ یہہ تھا کہ اگر میں زیادہ قیام کرتا تو تمکو سخت ناگوار گذرتا اور میری

مہماني خوشي کي جگہہ ملال سے مبدل ہوجاتي اسي لیئے مہنے اُسوقت مجبور ہوکر اپني مدت اقامت کو مختصر کیا اور جس غرض سے میں وہاں گیا تہا وہ بہي پوري نہ ہوئي نہ میں اچہي طرح وہاں ٹہرسکا نہ سیر کرسکا اور جلدي سے رخصت ہوا یہاں اب آپ جسقدر مدت تک چاہیں قیام کریں جتنے روزوں آپ رہینگے میري خوشي بڑہتي جاویگي *

میرا مطلب اس حکایت سے یہہ نہیں ہی کہ اپنے دوستوں کي مہماني کے زمانہ میں اُن کي خوشي خاطر کے لیئے مطلق توجہہ نکي جاوے نہیں بلکہ میرا یہہ مطلب ہی کہ جو کچہہ کیا جاوے ایسے اعتدال سے کیا جاوے جو آیندہ نبہہ سکے اور مہمان کے قیام سے سوائے خوشي کے دوسري بات حاصل نہو *

ان تکلفات کے علاوہ ایک اور اہتمام بہي جو اکثر عمل میں آتا ہی مہمان اور میزبان دونوں کے لیئے سخت تکلیف کا باعث ہوتا ہی اور وہ مہمان اور میزبان کا ساتہہ کہانے پر اصرار کرنا ہی اگر اتفاق سے اُن میں سے کوئي باہر کو چلا گیا اور آنے میں دیر ہوئي تو دوسرے صاحب اُن کے منتظر رہتے ہیں اور کہانا نہیں کہاتے اور جب زیادہ دیر ہوتي ہی توجي میں نہایت تنگ ہوتے ہیں — تلاش کے واسطے چاروں طرف کو آدمي دوڑائے جاتے ہیں اور جب بڑي سي دیر کے بعد دوسرے صاحب آئے تب کہانا نصیب ہوتا ہی اگر اتفاق سے کسي صاحب خانہ نے بہي انتظار اپنے مہمان کے کہانا کہا لیا اور مہمان صاحب بعد کو آئے تو بہت کم مہمان اس مزاج کے ہوتے ہیں جو میزبان کے اس برتاؤ سے برا نہ مان جاتے ہوں — مینے خود ایک دفعہ یہہ دیکہا ہی کہ ایک مہمان جو باہر کو گئے ہوئے تہے جب وہ ایک بجے تک بہي نہ آئے اور صاحب خانہ نے ظہر کي نماز بہي پڑہ لي تب مجبور ہوکر بہي انتظار مہمان کے کہانا کہا لیا اُس کے بعد مہمان صاحب سیر کرکے بہوکے پیاسے واپس تشریف لائے اور ٹہک کر بیٹہہ گئے اور فرمانے لگے کہ آج تو مر مٹے جس سے صاف معلوم ہوتا تہا کہ بہوک بہي اُنکو لگي ہوئي ہی اور بشرہ سے بہي ایسا ہي ظاہر ہوتا تہا لیکن جب اُنہوں نے یہہ سنا کہ صاحب خانہ نے کہانا کہانے میں میرا انتظار نہیں کیا تو نہایت ہي برا مانا یہاں تک کہ کہانا بہي نہ کہایا اور یہہ عذر کردیا کہ میں بہي کہانا کہاچکا ایک دوست مل گئے تہے اُنہوں نے بغیر کہانا کہلائے نہ اُٹہنے دیا — اب غور کرنا چاہیئے کہ ان حماقتوں کا کیا نتیجہہ ہوگا کیا اس مہماني اور اس میزباني سے کچہہ محبت اور خوشي بڑہ سکتي ہی *

ایک اور خراب طریقہ یہہ ہی کہ مہمان کو کوئي موقع تخلیہ اور آرام کا نہیں ملتا اور یہہ خرابي دو وجہہ سے پیدا ہوتي ہی اول اس لیئے کہ ہمارے مکانات کا طرز خواب ہوتا ہی دوم ملنے جلنے کا طرز بہي اچہا نہیں ہی ہمارے مکانات اس طرح پر علحدہ علحدہ حصوں میں تقسیم نہیں ہوتے کہ ہر ایک شخص کے لیئے بغیر اسکے کہ اوروں کو تکلیف ہو آرام کے ساتہہ تخلیہ ممکن ہو ایک ہي کہلا ہوا مکان ہوتا ہي وہي اپنے بیٹہنے اُٹہنے کا وہي مہمانوں کے قیام کا — اگر کوئي بیمار ہی تو اُسي مکان میں ہی چبوترہ کے نیچے نل بہپکا بہي اُسي کے سامنے چڑہا ہوا ہی ایک طرف کو ملاں لڑکے بہي اُسي مکان میں پڑہا رہے ہیں وغیرہ وغیرہ اور اس لیئے صاحب خانہ مجبور ہوتا ہی اور اپنے مہمان کے لیئے کوئي موقع تخلیہ کا آساني سے موجود نہیں کرسکتا — اس خرابي کا دور کرنا بالفعل غربا اور متوسط الحال شخصوں کے اختیار سے باہر ہی لیکن امراء کو اسطرف توجہہ کرنا ضرور ہی چنانچہہ بعض امرا اپنے نو تعمیر مکانوں میں اس قسم کي رعایتیں اب ملحوظ رکہتے ہیں یا اُنکے متعدد مکانات ہوتے ہیں جنکي وجہہ سے یہہ دقتیں اُن کو کمتر پیش آتي ہیں لیکن اکثر امراء کو اب تک بہي اِس طرف توجہہ نہیں ہی اور اُن کي پچاس پچاس ہزار اور ایک ایک لاکہہ روپیہ کي عمارتیں ابتک بہي اکثر اُسي پرانہ نقشہ پر بناؤي جاتي ہیں جنمیں نہ سردي کا آرام نہ گرمي کا نہ مہمان کے لیئے کوئي تخلیہ ممکن نہ اپنے لیئے پس اگر امراء اس طرف توجہہ کریں تو آخرکار متوسط الحال شرفاء بہي اُن کي پیروي کریں اور رفتہ رفتہ غرباء بہي حتی الامکان اُنہیں کي تقلید کرنے میں ساعي ہوں *

ایک اور تکلیف مہمان اور میزبان کے طرز ملاقات سے پیدا ہوتي ہی جسوقت مہمان کسي اپنے دوست یا عزیز و قریب کے مکان پر وارد ہوا صاحب خانہ اور اُس کے اور عزیز و اقارب اور دوست و آشنا سب اُس مہمان غریب کے گرد ہوئے اور گوڑیوں اور گہنٹوں بلکہ پہروں اُس کے پاس بیٹہنا شروع کیا ایک صاحب اُٹہکر تشریف لے گئے تو دو صاحب اَور آ موجود ہوئے غرض ہر وقت یہہ جلسہ اُس کے پاس رہنے لگا اب جتنا کوئي مہمان کسي کو عزیز ہوا اُسي قدر یہہ اہتمام زیادہ ہوتا ہی اور زیادہ عزیز کي مٹي زیادہ خوار ہوتي ہی — بہت ہي کم ہم سے وال ایسے بے تکلف مہمان ہوتے ہیں جو اس جم غفیر کا کچہہ ادب اور لحاظ نہیں کرتے اور اپنے آرام میں خلل نہیں ڈالتے — اور میزبان بہي ایسے بہت کم ہیں جو اپنے مہمان کي تکان راہ اور صعوبات سفر کے لحاظ سے اُس کے آرام و آسایش کا خیال کرتے ہوں اور بخوشي خاطر اُن کو ایسا موقع دیتے ہوں کہ جب تک وہ چاہیں آرام کریں اور غسل و نقاہت وغیرہ کا جو کچہہ شغل وہ چاہیں تخلیہ میں اطمینان کے ساتہہ کرسکیں — ایک اور بڑي مشکل یہہ ہی کہ مہمان بہي چونکہ ہماري ہي جنس سے ہوتے ہیں اور

اسی قسم کے تپاک اور طرز ملاقات کے عادی ہوتے ہیں اِسلیئے ایسا بھی اکثر ہوتا ہی کہ اگر کوئی میزبان یا میزبان کا کوئی عزیز و قریب اپنے مہمان کے پاس زیادہ حاضر نرہے تو مہمان صاحب بھی برا مان جاتے ہیں اور حماقت سے یہہ سمجھہ کر کہ ہماری کچھہ قدر و منزلت نہوئی خود اپنی نظروں میں حقیر اور تھوڑے تھوڑے ہونے لگتے ہیں اِس لیئے صاحب خانہ اپنے مہمان کے سر پر ہر وقت ایک بک بک کرنے والا پہرہ متعین کرنے پر مجبور ہوجاتا ہی — اب دیکھنا چاہیئے کہ یہہ کیسی کچھہ دقت اور تکلیف کی بات ہی اور چونکہ ہم خواہ بحیثیت مہمان اور خواہ بحیثیت میزبان اس قسم کی تکلیفیں جھیلنے کے عادی ہو رہے ہیں اور اپنے بیش بہا وقت کو رائگان کھونے میں نہایت مشاق ہیں اِسلیئے یہہ برتاؤ ہمکو کچھہ زیادہ ناگوار نہیں گذرتا ورنہ وہ شخص جو اپنے وقت کی کچھہ بھی حفاظت کرتا ہو ایک دن کے واسطے بھی کبھی کسی کے یہاں اس طرح مہمان ہوکر یا ایسے کسی طمنہ شاہ کا میزبان ہوکر خوش نہیں رہ سکتا *

مہمانی اور میزبانی کی ان تمام مذکورہ بالا مصیبتوں کے علاوہ اور بہت سی ایسی ہی بیہودہ باتیں ہیں جو ہم لوگوں میں رائج ہیں اور جنکے بیان کرنے کے واسطے ایک مستقل رسالہ مرتب ہونا چاہیئے اِس لیئے میں اُن کی طول و طویل تفصیلوں میں پڑنا ضروری نہیں سمجھتا اور میں خیال کرتا ہوں کہ اگر وہ بڑی بڑی خرابیاں جنکا میںنے اوپر ذکر کیا رفع ہوجاویں تو اور چھوٹی چھوٹی خرابیاں بھی جو اُنہیں بڑی خرابیوں سے پیدا ہوتی ہیں خود بخود رفع ہوجاوینگی لیکن ختم مضمون پر اُس تازہ مصیبت کا تذکرہ البتہ مناسب ہی جو مہمان کو رخصت کے وقت نومان واجب الاذعان آمدن بہ ارادت و رفتن بہ اجازت سے پیش آتی ہی *

مہمان نے اب ڈرتے ڈرتے اور نگاہیں نیچی کرکے صاحب خانہ سے رخصت ہونے کی اجازت چاہی مگر صاحب خانہ نے صاف انکار کیا مہمان ہرچند منت کرتا ہی اور اپنی سخت سخت ضرورتیں بیان کرتا ہی لیکن صاحب خانہ راضی نہیں ہوتے اُس مجلس میں اور جسقدر صاحب موجود ہوتے ہیں وہ بھی اپنا فرض یہی سمجھتے ہیں کہ صاحب خانہ کی تائید کریں وہ بھی مہمان کو قیام کرنے پر مجبور کرتے ہیں اور اُس بیکسی کے گھنٹے میں ایک متنفس بھی ایسا نہیں دکھلائی دیتا جو خدا لگتی ہوئی کہے اور مہمان کی بیکسی پر بھی رحم کرے کوئی صاحب فرماتے ہیں کہ ابھی آپ کہاں جاوینگے کوئی فرماتے ہیں کہ خاں صاحب کا کہنا نیچے نہ ڈالیئے — خاں صاحب حرف رخصت سے جدا تیوہری چڑھاے ہوئے فرماتے ہیں کہ کبھی نہ کبھی تو آپ تشریف لائے اور آتے ہی جانے کی سنائی آپ کے اس آنے سے نہ آنا بہتر تھا دنیا کے کام چلے ہی جاتے ہیں یہاں آپ کب کب آتے ہیں — المختصر یہاں تک اُس مہمان کو تنگ کیا جاتا ہی کہ وہ سخت رنج میں مبتلا ہوجاتا ہی اور اپنے دل میں کہتا ہی کہ الہی میں کس عذاب میں آگیا اور کیونکر اس سے نجات ہوگی اور اپنے آنے پر نہایت افسوس کرتا ہی اور قہر درویش بر جان درویش ایک دو مقام کرنے پر مجبور ہوجاتا ہی — پھر کیا یہہ قیام فریقین میں کچھہ محبت اور خوشی کو بڑھاسکتا ہی — نہیں ہرگز نہیں بڑھاسکتا بلکہ برعکس اُس کے دلوں کو رنجیدہ کردیتا ہی *

اگر کوئی سخت بے حیا مہمان ہوا اور اُس نے نالایقی سے اپنے شفیق میزبان کے اصرار پر کچھہ خیال نہ کیا اور سمجھانے والوں کی بات بھی نہ مانی اور چلنے کا ارادہ مصمم ہی کرلیا تو اب یہہ جنجال کسی طرح اُسکا پیچھا نہیں چھوڑتا کہ کھانا کھاکر جاتا ہوگا اور یہہ اصرار خاص کر اُن مقامات میں مہمانوں کو مصیبت میں مبتلا کرتا ہی جہاں ریل کے اسٹیشن قریب ہیں اور مسافروں کو ریل کے ذریعہ سے سفر منظور ہوتا ہی اکثر یہہ ہوتا ہی کہ اثناء سفر میں کوئی دوست اپنے دوست سے ملنے کے واسطے جو کسی اسٹیشن سے قریب ہوتا ہی اُترا اور یہہ ارادہ کرلیا کہ دوسرے وقت کی ریل میں چلا جاؤنگا ایسے مسافروں سے بھی جب وہی معمولی تکلف آمیز جھگڑے اور قصے پیش آتے ہیں تو اُنکو سخت حیرانی ہوتی ہی *

اودھر ریل کے وقت میں صرف ایک گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ باقی ہی یہاں صاحب خانہ کے ہاں نوکر بازار سے گوشت لیکر بھی نہیں لوٹا مہمان کہتا ہی کہ براے خدا مجھکو رخصت کیجیئے لیکن صاحب خانہ اس میں اپنی نہایت ذلت سمجھتے ہیں کہ بغیر کھانا کھائے یا کھانا ساتھہ لیئے مہمان گھر سے رخصت ہو — اب نوکر بھی بازار سے آگیا اور ریل کا وقت بھی بہت نزدیک پہونچا اور مہمان پر ایک سخت اضطراب کی حالت طاری ہوئی کبھی وہ اپنے اس خوف کو کہ ریل چلی جاویگی اور میں رہ جاونگا شرم سے ضبط کرکر چپکا ہو رہا اور کچھہ دیر کے بعد گھبرایا اور کئی دفعہ چلنے کے قصد سے اٹھنا چاہا مگر صاحب خانہ نے نہ اُٹھنے دیا آخر جب وقت بہت ہی نزدیک آ گیا اور صاحب خانہ کو بھی کچھہ ندامت سی ہوئی تو وہ بھی جلدی سے اُٹھے نوکر بازار کو پھر بھاگا گیا کچھہ مٹھائی بازار سے آئی کچھہ آدھا کچا آدھا پکا کھانا میزبان صاحب گھر میں سے لائے اور بہزار سرعت و شتابی مہمان نے دس پانچ لقمہ کھائے اور تھوڑا سا کھاکر اوٹھہ کھڑا ہوا — میزبان صاحب اب بھی مصر ہوئے کہ آپ نے کچھہ نہ کھایا اور کھائیئے غرض جس طرح سے ہوا وہ کمبخت مہمان صاحب خانہ سے رخصت ہوا سڑک پر درز کو خدمتگار نے پان دیا اب مہمان صاحب بھاگم بھاگ

اسٹیشن کو چلے راستہ میں ریل کی آواز سنائی دی اُڑ بھی اوسان خطا ہوئے گاڑی والے سے تقاضہ ہوا کہ جلدی چلو اور کچھہ دور پہونچکر انعام کا بھی وعدہ کیا گیا اُس نے بھی بے تحاشہ گاڑی دوڑائی اور ریل چھوٹنے سے بھی پہلے اسٹیشن پر پہونچا دیا اور کرایہ اور انعام لیکر علحدہ ہوا اسٹیشن کے مزدور چلائے کہ پہلی گھنٹی ہوچکی ہی جلدی چلو ٹکٹ گھر میں پہونچکر جلدی سے ٹکٹ لیا اتنے میں دوسری گھنٹی بھی ہوئی میاں اور مزدور دوڑے جب ہی اسٹیشن کے اندر کے چبوترہ پر آئے تیسری گھنٹی ہوئی سیٹی بجی اور ریل نے آہستہ آہستہ آگے کو بڑھنا شروع کیا اب مہمان کمبخت حیران کھڑا ہی اور حسرت کے ساتھہ ٹرین کی اُس نرم نرم رفتار کو دیکھہ رہا ہی اسباب والے مزدوروں نے سمجھایا کہ میاں آپ ہی نے دیر کردی جانا تھا تو گھڑی بھر پہلے سے آئے ہوتے اب چلو دوسرے وقت کی ریل پر جانا یہہ سنکر مہمان غریب اترتا اور پھر گاڑی کرایہ کرکے میزبان صاحب کے مکان پر آیا راستہ میں سو سو طرح کے غمگین خیالات نے اُس کو رنجیدہ کیا جب مہمان صاحب مکان پر آئے تو میزبان صاحب دور سے دیکھتے ہی بے اختیار ہنس پڑے اور فرمانے لگے کہ کہیئے ریل پر ہو آئے آپ نے تو کمال کردیا تھوڑی ہی دیر میں پہونچ بھی گئے اور پھر چلے بھی آئے ہم تو پہلے ہی کہتے تھے کہ آج نہ جاؤ ہمارا کہنا نہ مانا یہہ اُس کی سزا ہی *

اب ہم اپنے اہناے جنس سے اس طریق مہمانی اور میزبانی پر انصاف چاہتے ہیں اور دریافت کرتے ہیں کہ آیا یہہ طریقہ تبدیل اور ترمیم کے لایق ہی یا نہیں کیا ایسے برتاؤ کی حالت میں کوئی مہمان خوشی سے کسی اپنے دوست کے پاس آنے کا ارادہ کریگا — یہہ کونسی آدمیت ہی کہ اپنے عزیز مہمان کی تمام ضرورتوں کی طرف سے آنکھیں بند کرکر قیام پر جاہلانہ اصرار کیا جاوے ایسی مصیبت کی حالت میں سفر کرنے والوں کو انواع و اقسام کی تکلیف ہوتی ہی وہ اپنے کوچ و مقام کا کوئی انتظام اپنے اختیار سے نہیں کرسکتے نہ اپنے وقتوں کی تقسیم پر قادر ہو سکتے ہیں اور اس کے علاوہ بہت سے ہرج اور نقصان جو اس قسم کی مزاحمت سے پیدا ہوتے ہیں اور ہوسکتے ہیں اُن کی وجہہ سے بجاے ملاقاتوں کی خوشی کے ایک قسم کا ملال اور رنج پیدا ہو جاتا ہی پس ہماری خواہش یہہ ہی کہ ہمارے اس مضمون کے پڑھنے والے ہمارے اس مضمون پر انصاف سے غور کریں اور جو رسم و رواج اصلاح کے قابل ہیں اُس میں مناسب اصلاح کریں تا کہ مہمانی اور میزبانی کی خوشیاں اور زیادہ ہوں اور مہمان یا میزبان کسی کو تکلیف نہو اور وہ اصلاحیں جیسا ہم نے اُوپر مفصل بیان کیا ہی مفصلہ ذیل مراتب میں ہونا چاہیئے *

اول حتی الامکان بلا اطلاع کسی کے ہاں آنے سے احتراز کرنا چاہیئے گو باہم کیسی ہی بے تکلفی اور یگانگت ہو جہاں تک ممکن ہو اس قدر پہلے اطلاع دی جاوے کہ جواب بھی آسکے ورنہ کم سے کم ایک دن پہلے میزبان کو اطلاع ہو جاوے اگر بدرجہ مجبوری یہہ بھی نہ ہوسکے تو رات کے وقت حتی الوسع کسی کے مکان میں پہونچنے سے کنارہ کیا جاوے مگر جب ایسی کوئی سخت ضرورت پیش آجاوے *

دوم دعوت میں اس قدر تکلف نہ کرنا چاہیئے جس سے اپنے عزیز مہمان کا قیام آخر کار ناگوار معلوم ہونے لگے بیچ بیچ کی چال ہمیشہ بہتر ہوتی ہی و خیرالامور اوسطہا *

سوم یہہ خیال بھی کہ میزبان و مہمان عموماً ساتھہ ہی کھانا کھاویں ترک کرنا چاہیئے کھانے کے معمولی وقت پر اگر کوئی فریق غیر حاضر ہو تو اُس کی حاضری کا انتظار نہ کیا جاوے اور فریق غیر حاضر کو دوسرے فریق کی اس کار روائی سے آزردہ نہ ہونا چاہیئے *

چہارم تخلیہ کے موقع کا بھی جہاں تک ممکن ہو خیال رکھنا چاہیئے تاکہ مہمان اور میزبان دونوں کو آرام ہو ہر وقت کے پاس اُٹھنے اور بیٹھنے سے تکلیف بھی ہوتی ہی اور ملاقاتوں سے بھی جی گھبرا جاتا ہی — اور اُمراء طرز عمارت کا بھی خیال کریں *

پنجم آمدن بہ ارادت رفتن بہ اجازت کے غلط اصول کو بھی منسوخ کرنا چاہیئے اور دونوں باتیں آنے والے ہی کی مرضی پر منحصر کرنی چاہیئیں تاکہ ہر شخص اپنے کوچ و مقام کا انتظام ٹھیک ٹھیک کرسکے *

راقم
مشتاق حسین

از مقام علیگڈھ

بمقام علیگڈھ — مطابع : علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم شعبان سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ سمہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۵۹

روئداد

اجلاس سب کمیٹي مدرسۃ اسلامیۃ علیگڈھ

واقع ۳۱ اگست سنہ ۱۸۷۳ ع

شرکاء کمیٹي

محمد عنایت اللہ خاں صاحب رئیس بھیکم پور *
راجہ سید محمد باقر علیخاں صاحب رئیس پنڈراول *
کنور محمد لطف علي خاں صاحب رئیس چھتاري *
نواب محمد علیخاں صاحب رئیس جہانگیرآباد *
کنور محمد مسعود علیخاں صاحب رئیس دانپور *
کنور محمد معشوق علیخاں صاحب رئیس چکاتھل *
کنور محمد اُمراؤ خاں صاحب رئیس چکاتھل *
محمد عبدالرحمن خاں صاحب رئیس دھرمپور *
سید محمد محمود صاحب بیرسٹرایٹ لا *
حافظ محمد محمود خاں صاحب رئیس رھسرپورہ *
مولوي محمد لطف اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ عربي علیگڈھ *
مولوي حافظ محمد اسمٰعیل صاحب رئیس علیگڈھ *
خواجہ محمد یوسف صاحب رئیس علیگڈھ *
مرزا عابد علي بیگ صاحب منصف هاتھرس رئیس مرادآباد *
قاضي محمد لطافت حسین صاحب وکیل *
سید عاشق علي صاحب رئیس جلالي *
سید محمد فضلحق صاحب رئیس اترولي ضلع علیگڈھ *
منشي محمد سعید خاں صاحب تھرڈ ماسٹر مدرسہ انگریزي علیگڈھ *
منشي غلام حیدرخاں صاحب تحصیلدار اترولي *
محمد مسعود شاہ خاں صاحب منصرم منصفي هاتھرس *
منشي محمد مشتاق حسین صاحب نائب تحصیلدار *
محمد منصرم علي خاں صاحب نائب تحصیلدار هاتھرس *

سکرٹري

مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب *

مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر جج ماتحت کي کوٹھي پر روسا اور عمائد ضلع علیگڈھ اور بلند شہر کے جمع ہوئے اسبات پر غور کرنے کے واسطے کہ مسلمانوں کو اپني تعلیم کے واسطے اس ضلع میں انتظام کرنا چاہیئے *

مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب نے تحریک کي کہ محمد عنایت اللہ خاں صاحب اس جلسہ کے صدرانجمن ہوویں کنور محمد لطف علي خاں صاحب اور راجہ سید محمد باقر علیخاں صاحب نے اس تحریک کي تائید کي اور کل جلسہ کے اتفاق سے خانصاحب موصوف نے صدرانجمن کي کرسي پر اجلاس فرمایا اور مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب سکرٹري ہوئے *

صدرانجمن نے مجمع سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ میں اُس عنایت کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو اسوقت مجمع کي طرف سے میرے صدرانجمن بنانے میں ہوئي ہی اور اُسکے بعد میں چند لفظ کہنا چاہتا ہوں اور وہ یہہ ہیں کہ جن عمدہ مطالب اور مقاصد کي غرض سے یہہ کمیٹي منعقد ہوئي ہی اُن پر آپ سب صاحب غور کریں یعني مسلمانوں کي تعلیم کے واسطے کسي مدرسہ کي ضرورت ہی یا نہیں پس جو اغراض اور مقاصد اس مدرسہ کے اجرا سے ہیں وہ مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب مفصل بیان کرینگے *

بعد اسکے مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب کھڑے ہوئے اور مفصلہ ذیل گفتگو کي *

اے رؤساے ضلع علیگڈھ اور بلند شہر سب سے پہلے میں آپ کي اُس عنایت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میري درخواست کو قبول کرکے آج اس کمیٹي میں آنے کي تکلیف اپنے اوپر گوارا کي اسکے بعد جس کام کے واسطے یہہ کمیٹي منعقد ہوئي ہی اور جس کا آغاز اسوقت صدرانجمن نے کیا اُس کي بابت میں کچھہ کہنا چاہتا ہوں *

اے صاحبوں — جب سے مسلمانوں کا آغاز ہوا چھہ سو سات سو برس تک اُنکي قوم میں علوم و فنون کي ایسي ترقي ہوئي کہ اُسکي وجھہ سے مسلمان دنیا کي قوموں میں اعلی تربیت یافتہ و شایستہ قوم کہلاتے تھے — اِس وقت جو قوم ہمارے اوپر حکمراني کرتي ہی اور شایستگي اور تربیت میں مشہور ہی اُس نے بھي مسلمانوں سے اکثر اکتساب علوم و فنون کا کیا ہی اور اس لحاظ سے مسلمان اُنکے اُستاد کہے جاسکتے ہیں جس کے کہنے سے اب شرم آتي ہی لیکن اُس کے بعد اُن میں کاہلي و سستي کي بیماري پھیلي جس سے ایجاد و ترقي کي قوت کو روز بروز زوال ہوتا گیا یہاں تک کہ آج یہہ حالت پہنچي ہی کہ اُس قوم کو وحشي و نصف وحشي کہا جاتا ہی اور زیادہ تر افسوس یہہ ہی کہ وہ ایسے نا تربیت یافتہ و جاہل ہوگئے کہ اُنکو کسي طرح بھي اپني اس حالت پر تنبہ نہیں ہوتا ہی وہ کچھہ تمیز نہیں کرتے کہ ہم کیا تھے اور کیا ہوگئے بلکہ اسوقت تک یہہ خیال کرتے ہیں کہ دنیا کي لیاقت اور دین کي خوبي کونسي ہی جو ہم میں موجود نہیں ہی جیسے جلد اس قوم نے ترقي کي تھي ویسا ہي

تنزل کیا میں اُن کے هر زمانہ کے تنزل کا ذکر کرنا نہیں چاهتا اسلیئے کہ اُس میں بہت طوالت هوتي هی لیکن اسي پچهلي صدي کے نصف اول کي حالت کو کہ یہہ هي زمانہ گورنمنٹ انگریزي کي سلطنت کا اس ملک میں هی اور جس سے اکثر صاحب واقف هیں ایک مثال کے طور پر بیان کرتا هوں اور اُنکي سب حالتوں میں سے بهي صرف ایک حالت کا ذکر کرتا هوں جو نهایت سریع‌الفهم اور محسوس مثال هی پچهلي صدي کے نصف حصہ اول میں دنیا کي عزت گویا مسلمانوں کا حصہ تها گورنمنٹ انگریزي نے معزز عهدوں اور اعلی منصبوں کے واسطے بطور دستورالعمل کے گویا اسبات کو قرار دیا تها کہ جو عهدے معزز هوں وہ مسلمانوں کو دیئے جاویں سب عهدوں پر خصوصا حکومت کے منصبوں پر مسلمان مقرر کیئے جاویں آپ کو یاد هوگا کہ جسقدر عهدہ‌دار کیا دیواني کیا فوجداري کیا کلکٹري جهاں تک تلاش هوسکتے تهے وہ سب مسلمان تهے اور گورنمنٹ کے انگریزي عهدہ‌دار نهایت عظامت و وقعت سے مسلمانوں کے ساتهہ میل جول رکهتے تهے اور کچهہ شک نہیں هوسکتا هی کہ جو لوگ اُس وقت ان عهدوں پر مامور تهے اُن کي لیاقت نهایت عمدہ تهي اور اُنهوں نے اپني عمدہ لیاقتوں کے ذریعہ سے اُن عهدوں کے لایق اور اُس کا مستحق اپنے تئیں ثابت بهي کردیا تها اور جو لیاقت اُس زمانہ میں اُن عهدوں کے واسطے لازم تهي وہ اُن میں بهمہ وجوہ موجود تهي اسي وجهہ سے وہ اپني مقابل قوم سے جو قدیم اس ملک کي تهي نهایت ممتاز تهے اور دوسري قوم اُن پر رشک کرتي تهي جملہ علوم کیا عقلي و کیا نقلي جهاں تک کہ اُس وقت میں مروج تهے اُن سے عموماً معزز اشخاص کامل طور سے واقفیت رکهتے تهے اپني اولاد کي تربیت میں همیشہ مصروف تهے دور دور وطن سے تحصیل علوم کے لیئے بهیجتے تهے اور وهاں جاکر اُن کي اولاد تکمیلہ علوم کا کرتي تهي دین کے علوم کي اور عالموں کي یہہ کیفیت تهي کہ اگر اُس زمانہ کے عالموں کو آج کل کے اکثر مولوي صاحبوں سے مقابلہ کیا جاوے اور اُس کے نسبت نکالنے کا سوال خود اُنهیں مولوي صاحب کو حل کرنے کو دیا جاوے تو جب جواب نکالینگے سفر هي نکالینگا اسي هندوستان میں ایک شاہ عبدالعزیز صاحب کا دهلي میں خاندان تها پورب میں بڑے بڑے عالموں کا گروہ تها اَور بهي اطراف ملک میں متفرق علما منتشر تهے کہ جن کي تصانیف اگر کوئي مولوي صاحب تمام رات مطالعہ کر کے سمجهہ لیں تو بڑے عالم کهلاتے هیں اور اگر دوسرے کو سمجها بهي دیں تو تو مارے فخر کے پهولے نہیں سماتے هیں علماے سابقین همیشہ اس باب میں ساعي تهے کہ کفار کو دایرہ اسلام میں لائیں آجکل جو مولوي صاحب کهلاتے هیں وہ مسلمانوں کو دایرہ اسلام سے خارج کرنے پر افتخار کرتے هیں اور خاص اسي کام کے واسطے بڑي بڑي مهریں جو هرگز ڈیڑہ ڈیڑہ انچهہ سے کم نہیں کهودوائي هوئي تیار رکهتے هیں دوسري قوم نے تو رشک کها کر اپني حالت کو زمانہ کے مناسب بنانے میں کوشش کي اور همنے روز و شب اپني کاهلي و سستي و جهالت و غفلت میں ترقي کرني شروع کي ان دونوں کا اسي تهوڑے زمانہ میں یہہ نتیجہ هوا کہ معاملہ بالکل منعکس هوگیا عوام مسلمان اس کا الزام گورنمنٹ پر لگا کے اپنے تئیں بري کرتے هیں مگر میں یقیني کهتا هوں کہ وہ شکایت اُن کي محض بیجا هی شاید یہہ بات کسي قدر سخت معلوم هوگي لیکن میں سچ کهتا هیں کہ هرگز مسلمان اس لایق نہیں رهے هیں کہ جو طرز سلطنت گورنمنٹ کي اب هی اُس کے لحاظ سے یہہ کچهہ بهي گورنمنٹ کي عنایت کے لایق هوں ترقي کرنا تو درکنار اُنهوں نے اپني پچهلي صدي کي لیاقت کے قایم رکهنے میں بهي کوشش نہیں کي پهلے کیسے کیسے بڑے عالم و صاحب استعداد عهدہ دار تهے اب جو لوگ اُن کي جگهہ هیں وہ روبکار کے عنوان میں تو اپنے نام پر مولوي کا لفظ نهایت اصرار سے لکهواتے هیں مگر جب حضرت سے کچهہ پوچهیئے تو حقیقت معلوم — کیا یہہ هماري حالت رونے کے لایق نہیں هی کیا همکو اپني اس حالت پر ملامت و تفریں کرنا زیبا نہیں هی کیا همارا یہہ مونهہ هی کہ هم اپني بے لیاقتي کو تو نہ دیکهیں اور گورنمنٹ پر جهوٹا اور بیجا الزام لگاویں — دو چیزیں انسان کي عزت کا باعث شمار هوتي هیں ایک دولت دوسرا علم اول نظر میں یہہ خیال کیا جاتا هی کہ دولت سے عزت هوتي هی لیکن میں یہہ کهتا هوں کہ دولت سے جهوٹي عزت البتہ هوتي هی اصلي عزت هرگز نہیں هوتي دولت ایک بے ثبات چیز هی جو در حقیقت کسي ذاتي صفت کا سبب نہیں هوسکتي عزت بذاتہ ایک صفت مستقل هی اُسکا سبب بهي مستقل هونا چاهیئے بهت سے بوهرے بهت سے بنیئے بهت سے اَوْر اهل حرفہ دولت مند هیں لیکن لیاقت سے بے بهرہ آپ سب صاحب جانتے هیں کہ اُن کي اُس دولت کے سبب سے کسي کا دل اُن کي عزت نہیں کرتا — علم هي ایسي چیز هی جس کي دولت لازوال هی اور جس کي عزت هر انسان کا دل کرتا هی عالم کي اصلي عزت افلاس کي حالت میں بهي داروں سے نہیں جاتي اهل کمال کیسا هي بے حیثیت هو پهر اُس کي عزت هر انسان کا دل کرتا هی اور یہہ کمتر بات هی کہ جو علوم کار آمد سے بهرہ ور هوں اُن کو افلاس صدمہ پهونچاوے اسواسطے کہ یہہ بڑے حکیموں کا قول هی کہ علم و دولت جدا نہیں هوتي علم کے ساتهہ همیشہ دولت چلتي هی جس قوم نے ترقي پائي هی اُس نے علم کي بدولت ترقي پائي هی دیکهیئے انگریز جو اسوقت

اعلی قوم دنیا کی مشہور ہیں اُس کا سبب بجز ترقی علوم کے اور کچھہ نہیں ہی پس یہی عمدہ صفت مسلمانوں نے کھو دی بڑا افسوس یہہ ہی کہ یہہ صفت اس قوم میں موجود تھی اور اُن سے اوروں نے سیکھی اور یہہ اُس کی حفاظت بھی نہ کرسکے اور اپنے ہاتھوں سے کھو بیٹھے — اس بات پر میں یہہ بحث کرسکتا ہوں کہ دنیا کی عزت کا مدار صرف علم ہی پر ہی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہہ ایسی صاف و بدیہی بات ہی جس پر دلائل کی ضرورت نہیں ہی لہذا اس تقریر کو میں طوالت دینا نہیں چاہتا — افسوس ہی کہ مسلمانوں کے ہاتھہ میں نہ دنیا رہی نہ دین نہ مذہبی علوم سے اُن کو آگہی ہی نہ دنیوی علوم کو وہ سیکھتے ہیں معلوم نہیں کس خواب غفلت میں وہ پڑے سوتے ہیں جو کسی طرح سے ہوش میں نہیں آتے بہتیرا اُن کو جھنجوڑ جھنجوڑ کے جگاتے ہیں لیکن وہ نہیں جاگتے مذہب اُن کے نزدیک ہندوؤں کی طرح باپ دادا کی مراسم کا نام ہوگیا ہی اور عقائد اُن کے وہ ہیں جو اُن کے چھٹپن میں اُن کی پالنے والی ماما نے کہانی میں اُن کے سامنے باتیں کہیں تھیں *

اے صاحبو میں نے جو گذشتہ زمانہ کا ذکر کیا اور اُس کی حالت پر افسوس دلایا اُس سے میری اصلی غرض کچھہ اُس زمانہ پر افسوس دلانے کی نہ تھی اس لیئے کہ گذشتہ حالت برباد کرکے افسوس کرنے سے بذاتہ کوئی نتیجہ نہیں ہوتا ہی اس سے میرا مقصود یہہ تھا کہ اپنی پہلی حالت یاد کرکے یہہ دیکھنا چاہیئے کہ جو کچھہ اب تک ہوا وہ تو ہو چکا اب آیندہ ہم سب کو آمادہ ہوکر اپنی آیندہ نسلوں کے شایستہ بنانے کے واسطے جو اسباب تنزل ہیں اُن کو دور کرنا اور اسباب ترقی کا مہیا کرنا چاہیئے تاکہ جو بدنصیبی کا دن ہماری قوم پر عنقریب آتا معلوم ہوتا ہی وہ نہ آوے — جو لایق و شایستہ قومیں دنیا میں ہیں اُن میں سے کوئی ہمکو پورا وحشی اور کوئی آدھا وحشی کا خطاب دیتی ہیں کیا یہہ ہمکو سننا اچھا معلوم ہوتا ہی کیا ہمارا اُس کے سننے سے دل کباب نہیں ہوتا کیا وہی انسان ہیں ہم انسان نہیں جیسی عقل خدا نے اُن کو دی ہی ذہن دیا ہی ویسے ظاہری و باطنی دیئے ہیں ایسے ہی ہمکو بھی دیئے ہیں کیا ہم وہی انسان اور اُن کی نسل نہیں ہیں جو سات سو برس پہلے دنیا کی اعلی قوم شمار ہوتے تھے — بلکہ پہلے زمانہ میں جس قدر ہماری قوم کو مشکلات تحصیل علوم و اکتساب فنون میں پیش آئی ہیں اُن میں سے بیسواں حصہ بھی ہمکو دقت نہیں ہی جیسا تیار مادہ اب ہمکو مل سکتا ہی اُن کو کہاں میسر تھا ہر قسم کا کھانا ہمارے واسطے تیار موجود ہی صرف کھا لینے کی دیر ہی اس لیئے کہ ایک اعلی درجہ کی شایستہ قوم ہمارے ملک میں حکمراں ہی جس سے ہم نہایت آسان ذریعوں سے ہر قسم کے علوم و فنون سیکھہ سکتے ہیں جن لوگوں نے دنیا کی قوموں کے حالات ترقی و تنزل سے واقفیت حاصل نہیں کی اور اُنہوں نے اکتساب کے ذرایع و تدابیر کو نہیں جانا اُنہوں نے اپنی قوم کے تنزل کے علاج کو اپنی بے ہمتی سے ناممکن خیال کرکے لفظ تقدیر کو حیلہ پکڑا ہی جب اُن سے کہا جاتا ہی کہ اپنی قوم کی بھلائی میں کوشش کرو اُن کی ترقی کی فکر کرو اپنے تئیں جنگلی نہ کہواؤ اس داغ کو اپنے اُوپر سے اُٹھاؤ علوم سیکھو اور اپنی اولاد کو سکھلانے کے واسطے تدبیر کرو کیسے ذلیل و خوار ہوگئے ہو لیاقت حاصل کرو تو وہ جواب دیتے ہیں کہ علم و عزت سب تقدیر پر منحصر ہی ہمارے کیئے سے کچھہ نہیں ہوتا جو تقدیر میں ہی وہ ہوگا تدبیر سے کچھہ نہیں ہوتا ہی اور زیادہ کہیئے تو خفا ہوکے فرماتے ہیں کہ کیا ہمنے گلستاں بھی نہیں پڑھی

بخت و دولت پکار دانی نیست * جز بتائید آسمانی نیست

گفتار تو یہہ ہی اور عمل جو حضرت کا دیکھیئے تو یہہ ہی کہ مہینوں تک کوئی تو بامید مخیری کلکٹر صاحب کی کوٹھی پر صبح سے دس بجے تک جب تک وہ کچہری نہ جاویں اور پھر چار بجے سے شام تک جب تک صاحب ہوا خوری کو نہ نکلیں حاضر رہتے ہیں کوئی پانچ روپیہ کی چپراس کے واسطے منصف صاحب یا ڈپٹی صاحب یا تحصیلدار صاحب کے سامنے کمر بستہ و دست بستہ حاضر ہیں جب کہو کہ میاں تقدیر پر کیوں شاکر نہیں ہو تو کہتے ہیں کہ میاں تم تو احمق ہو

شرط عقل است جستن از در ہا

جن کے اقوال یہہ اور افعال یہہ کیا اُن کو کوئی کہہ سکتا ہی کہ اُنہوں نے تقدیر پر اطمینان کیا ہی اور نہ یہہ تقدیر کے معنی ہیں کہ آدمی کوئی تدبیر تو نہ کرے اور پا شکستہ دست بستہ مونہہ کھول کر بیٹھہ جاوے — اگر ہمارے اکابر جو دین کی اشاعت کے باعث ہوئے اور ہمارے علماے سابقین جن کے سبب سے ہماری قوم اعلی قوم شمار ہوتی تھی تیرھویں صدی کے مسلمانوں کی سی عقل کے ہوتے اور ایسے ہی ہمت و غیرت اور ایسے مضمون کی تقدیر پر شاکر ہوتے تو شاید پہلی ہی صدی میں اسلام اور مسلمانوں کی قوم کا خاتمہ ہو جاتا پس در حقیقت تقدیر ایک بہانہ ہی اصل ہماری کاہلی سستی بے غیرتی و بے ہمتی ہی تھوڑا عرصہ ہوا کہ مسلمانوں نے اپنی اس بری حالت پر مطلع ہوکر اپنے تنزل کے اسباب پر غور کیا ہی اور بڑے بڑے مباحثات کے بعد یہہ امر منقح ہوا ہی کہ اصلی سبب ہمارے تنزل کا ہماری بے علمی ہی یہہ تو طے ہوگیا لیکن جو تدبیر کہ اس کے واسطے سوچی گئی وہ یہہ ہی کہ جہاں تک

ممکن ھو تعلیم پر اپنی قوم کی توجھہ کی جاوے اور میری راے بالخصوص یھہ قرار پائی ھی کہ سب سے اول رؤساء و معزز اشخاص اھل اسلام کی تعلیم کی تدبیر ھونی چاھیئے کہ اُس کے ذریعہ سے نھایت جلد اور عمدہ طریقہ سے عام قوم کے شایستہ ھونے کی اُمید ھی میںنے اس بات پر بھت دنوں سے توجھہ کی ھی کہ سب سے اول اس کام کے انجام ھونے کے واسطے اٹھارہ ضلعوں میں سے ممالک مغربی و شمالی کے ضلع علیگڈہ ھی لایق ھی یھی وہ ضلع ھی جھاں کے رئیسوں نے اپنی فیاضی کو قومی ھمدردی میں ثابت کردیا ھی یھی وہ ضلع ھی جھاں مسلمان لایق رئیسوں کا ایک مجمع ھی یھی وہ ضلع ھی جھاں کے رؤساء قومی بھبودی اور اپنی آیندہ نسلوں کی بھلائی میں اپنے روپیہ کا صرف کرنا اپنی نازش کا باعث جانتے ھیں اور بمقابلہ ھمدردی قومی کے روپیہ کی کچھہ حقیقت نھیں جانتے ذاتی لیاقتیں دماغی روشنی اُن کی مسلم ھی اُن کے مصارف ھمیشہ نیک ھیں ھمدردی کا جوش اُن کے دلوں میں بھرا ھوا ھی چنانچھہ اس بات میں کہ جس کا میں ذکر کر رھا ھوں قبل اس سے کہ میں پوری تحریک کروں وہ خود اس بات پر مصر ھوئے کہ تعلیم کی تدبیر کرنی ضرور ھی لیکن چونکہ یھہ گفتگو مجھہ میں اور اُن میں متفرق طور پر تھی لھذا میںنے عام راے لینے کے واسطے آج یھہ کمیٹی منعقد کی اور آپ صاحبوں کو تکلیف دی ھی اور آپ سب صاحبوں کا اسوقت اس مجمع میں تشریف لانا اسبات کو اس وقت بخوبی ثابت کرتا ھی کہ آپ کے دلوں میں قومی ھمدردی اور اپنی آیندہ نسلوں کی بھلائی بیٹھی ھوئی ھی پس اب میری دلی آرزو یھہ ھی کہ ضلع علیگڈہ میں آپ لوگوں کے اھتمام سے ایک مدرسہ قایم ھو اور اُس میں علوم معاد جو ھمارے مذھبی علوم ھیں اور عقبی کی نجات کے ذریعے اور علوم معاش جن پر ھماری دنیا کی عزت و معاشرت موقوف ھی سکھائے جاویں *

شاید کسی صاحب کے خیال میں یھہ گذرتا ھو کہ سرکاری مدارس جو اسوقت اضلاع میں مقرر ھیں کیوں تعلیم کے واسطے کافی نھوں اور مسلمان اپنی اولاد اور قوم کی تربیت اُن کے ذریعہ سے اگر کریں تو کیا خرابی ھی لھذا میں اسبات کا اطمینان کردینا چاھتا ھوں کہ یھہ خیال اور یھہ راے درست نھیں ھی اول تو جو تعلیم انگریزی زبان کی اور دیگر علوم مروجہ کی مدارس میں ھوتی ھی بعد یھت سے مباحث کے یھہ طی ھوگیا ھی کہ وہ عمدہ طرز سے نھیں ھوتی جسقدر زمانہ اُس میں صرف ھوتا ھی اُس قدر اُس سے فایدہ نھیں ھوتا اسکے علاوہ جو ھماری غرض ھی اُسکے پورا کرنے کو تو وہ بالکل ھی ناکافی ھی وہ غرض ھماری مذھبی تعلیم ھی جس کا نام بھی مدارس میں نھیں لیا جاتا آپ صاحب غور فرماویں کہ جو لڑکا دس برس کی عمر یا آٹھہ نو سال کی عمر سے سرکاری انگریزی اسکول میں داخل ھوا اور بیس برس کی عمر تک اُسنے بھی تعلیم پائی تو پورا حصہ اُسکی تعلیم کی عمر کا تو اُس میں ختم ھوگیا اور جسقدر ھمت و شوق تھا وہ تمام ھوگیا اب وہ اپنی مذھبی تعلیم کے واسطے زمانہ کہاں سے لاویگا اور کیونکر وہ ایسی عمر کے بعد اپنی حالت کو ابتدائی حالت بناکر دوسری زبان اور اُن علوم کو جو پھلی زبان اور پھلے علوم سے ھرگز آسان نھیں تحصیل کریگا اور جب انگریزی علوم کی آزادی کے خیالات جو ھر عقلی علم کا خاصہ ھی اُس کے خیالات کا دوسرا ڈھنگ پیدا کردینگے تو اُس سے مذھبی خیالات کی غرر اور اُنکے سمجھنے اور سیکھنے اور باور کرنے کی اُمید بالکل بےبنیاد خیال اور بےاصل اُمید ھوگی پس جب یھہ حال ھوا کہ نہ وہ عقاید سے واقف ھوئے نہ اُصول مذھب پر مطلع ھوئے نہ اُنھوں نے فرایض کو جانا نہ واجب کو سمجھا نہ ارکان اسلام سے خبر ھوئی تو وہ مسلمانوں کا گروہ و جماعت نہ ھوگی بلکہ فلسفی طبیعت کی جماعت ھوگی جن کے خیالات اسلام کے خیالات سے بالکل مباین ھونگے لھذا ضرور ھی کہ مسلمانوں کا مدرسہ جداگانہ ھو جس میں دینی و دنیوی علوم کی تحصیل ھو اور وہ تھوڑے زمانہ میں اُن میں کامیاب ھوجاویں — یھہ بھی شاید بعض رؤساء کے خیال میں گذرتا ھوگا کہ اپنی اولاد کو اپنے سے جدا کرکے ھمکو تعلیم کرانے کی کیا ضرورت ھی کیوں ھم اپنی اولاد کو اپنے گھر پر دینی و دنیوی تعلیم نکراویں لیکن میں اسکو بھی رفع کرنا چاھتا ھوں اس لیئے کہ میری یھہ قطعی راے ھی اور میں اپنے ذاتی تجربہ اور عام واقفیت سے کھتا ھوں کہ ممکن نھیں ھی کہ اس طرز سے عمدہ تعلیم ھوسکے اسوقت انگریزی علوم و اُسکی زبان کو چھوڑ دیجیئے اس لیئے کہ وہ تو ایک نا آشنا اور غیر مانوس زبان ھی عربی فارسی مروجہ علوم و زبانوں کا حال کھتا ھوں کون صاحب رئیسوں میں سے ایسے ھونگے جنکی یھہ خواھش نھو کہ ھماری اولاد تربیت ٹپاوے اور علوم دینی و دنیوی میں لایق و فایق نھوجاوے اور کون ھوگا جس نے اسباب میں پوری کوشش نکی ھوگی اسلیئے کہ اولاد سے زیادہ انسان کسی کی بھلائی نھیں چاھتا مگر تمام رئیسوں میں سے کوئی بھی ایسا سمجھکر معلوم نھیں ھوتا ھی جسکی اولاد نے پوری تو کیا نصف بھی کامیابی حاصل کی ھو — مدارس کی تعلیم میں جو اثر ھی وہ کبھی خانگی تعلیم میں ممکن نھیں ھر شخص کو ایسے مدرس کہاں بھم پھنچ سکتے ھیں جو مدارس میں موجود ھوتے ھیں مختلف استعداد مختلف طبیعتوں کے طالب علم ھم جماعت ھوتے ھیں اور آپس میں میل جول رکھتے ھیں آپس کی بات چیت میں جسقدر مدرسہ میں طالب علم سیکھہ

لیتا ھی وہ بہت زیادہ اُس سے ھوتا ھی جو خرد پڑہ کر و یاد کرکے سیکھے طبیعت میں جو جودت و نذرین مدرسہ میں آتا ھی وہ کبھی خانگی تعلیم میں ممکن نہیں اس کے علاوہ یہہ تجربہ سے متعلق ھی اور ثابت بھی ھوسکتا ھی کہ طالب علم کا گھر سے جدا رھنا اُسکی تعلیم و تربیت میں اثر عظیم رکھتا ھی یہی وجھہ ھی کہ ھم لوگ کیسی ھی خانگی تعلیم پر آمادہ ھوں ھمارا بچہ مدرسہ کے تعلیم یافتہ لڑکے کی برابر ھرگز لایق نہیں ھوتا — پس میری بالکل قطعی راے یہہ ھی اور جو اس پر پوری توجھہ کریگا وہ میری راے سے متفق ھوگا کہ تعلیم ھمیشہ مدارس میں ھونی چاھیئے *

میںنے بہت دیر تک آپ صاحبوں کی سامع خراشی کی اب اخیر میں میں اس سے زیادہ کچھہ کہنا نہیں چاھتا ھوں کہ اس ضلع میں آپکے اھتمام سے ایک مدرسہ قایم کیا جاوے اور ایک مقام اُس کے واسطے تجویز کیا جاوے جس میں ھماری آیندہ نسلیں علم و دولت و عزت حاصل کریں *

اس کے بعد مولوی محمد لطف اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ اسلامیہ مویی علیگڈہ کھڑے ھوئے اُنھوں نے فرمایا کہ جو کچھہ جناب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب نے بیان فرمایا سب صحیح اور درست ھی ۔ میں بھی اُس کی تائید کرتا ھوں فی الواقع بسبب شایع ھونے جہل کے مسلمانوں کے امور دینی اور دنیوی دونوں میں تنزل ھی مسلمانوں کو لازم ھی کہ دین و دنیا کی اصلاح کی فکر کریں اور یہہ اصلاح بغیر علم حاصل کرنے کے نہیں ھوسکتی اور علم بوجھہ کامل بغیر اس کے حاصل نہیں ھوسکتا کہ کوئی بڑا مدرسہ جس میں علوم دینیہ اور فنون متعلقہ بہ دنیا کی تعلیم ھو مقرر کیا جاوے اور ایسا بڑا مدرسہ جس میں عام مسلمانوں کی تعلیم ھو بغیر حسن توجھہ رؤساء کے اور ارباب استطاعت کے مقرر نہیں ھوسکتا پس صاحبان استطاعت کو بنظر خرابی حال مسلمانان لازم ھی کہ اس مدرسہ تعلیم مسلمانان میں دل سے شریک ھوں اور تا بمقدور سعی فرماویں *

بعد اس کے مولوی محمد اسمعیل صاحب کھڑے ھوئے اُنھوں نے فرمایا کہ مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب اور مولوی محمد لطف اللہ صاحب نے جو کچھہ اس وقت بیان فرمایا وہ نہایت مفصل اور مشرح تھا اُس کے بعد میرا کچھہ بیان کرنا بعینہ ایسی مثال رکھتا ھی جیسے آفتاب کے سامنے چراغ جلانا لیکن چونکہ اس جلسہ کی بنا ایک قومی ھمدردی پر ھی اس لیئے میں بھی اس باب میں کچھہ حرج نہیں سمجھتا کہ کوئی کلمہ خیر کہوں — یہہ بات سب مسلمان تسلیم کرتے ھیں کہ جہاں تک اسلام کی ترقی اور معاونت کے فرقے ھیں اُن سب کو فراھم کرنا اور جو اُس کے تنزل کے اسباب ھیں ان کو دفع کرنا تمام مسلمانوں پر فرض ھی لیکن یہہ بات بھی ظاھر ھی کہ ایسی تدابیر کا پورا کرنا صرف ایک شخص کا کام نہیں ھی بلکہ ایک ایسے جلسہ کا کام ھی جس میں قومی محبت اور ھمدردی کا جوش ھی اور میں یہہ بات تسلیم نہیں کرتا کہ پورانی تعلیم مسلمانوں کی ناقص اور خراب ھی بلکہ مجھکو یقین ھی کہ پہلے علوم بھی نہایت عمدہ ھیں مگر چونکہ اُن کے قواعد و ترتیب خواندگی میں نقصان اگیا ھی اور جو ضروری علوم ھیں وہ اس میں شامل نہیں ھیں اس لیئے وہ ناقص معلوم ھوتا ھی پس اگر اُس کی اصلاح کی جاوے تو وہ نہایت عمدہ ھو جاتے ھیں اور یہہ بات بھی ظاھر ھی کہ علوم دین کی ترقی بغیر دنیوی ترقی کے نہیں ھو سکتی پس ضرور ھی کہ سب لوگ اس باب میں کوشش کریں اور دنیا کی ترقی کی اس لحاظ سے خواھش کریں کہ وہ اُن کے ذھن کی رونق اور ترقی کی باعث ھوگی نہ اس لحاظ سے کہ دنیا ھی اصلی مقصود اور دین اُس کا تابع ھی اور اس سے زیادہ کہنے کی مجھکو ضرورت نہیں ھی کیونکہ مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب سب کچھہ بیان فرما چکے ھیں *

اس کے بعد منشی محمد سعید خاں صاحب نے کھڑے ھوکر ایک بہت ھی فصیح مضمون بیان کیا اول اُنھوں نے مسلمانوں کی پچھلی ملکی فتوحات کی وسعت کو بیان کیا اور پھر مسلمانوں کے پہلے علوم کی ترقی کو یاد دلایا اور اُسوقت کی حالت کو اس وقت سے مقابلہ کرکے موجودہ حالت پر بہت کچھہ افسوس ظاھر کیا پھر اُنھوں نے فرمایا کہ اگر کوشش کی جاوے تو مسلمان اب بھی سب کچھہ کرسکتے ھیں اور اس کے ثبوت میں اُنھوں نے مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی کی طرف اشارہ کیا کہ کسطرح سے اُنھوں نے زر خطیر صرف کرکے اپنے بیٹے سید محمد محمود صاحب کو تھوڑی سی عمر میں نہایت اعلی درجہ کی تعلیم کرائی اور سید محمد محمود صاحب کے اُس پر نظر نتیجہ امتحان کا ذکر کیا جو انگلستان میں زبان انگریزی میں اپنے کل کالج پر فایق رھنے سے اُنھوں نے حاصل کیا تھا پھر اُنھوں نے سید محمد محمود صاحب کی اُس آمدنی کا ذکر کیا جو بیرسٹری کے ذریعہ سے اُن کو یوماً فیوماً زیادہ ملتی جاتی ھی اور حاضرین جلسہ کو اس طرف متوجھہ کیا کہ جو کچھہ خرچ اُن کی تعلیم میں پڑا وہ بمقابلہ ایسی روز افزوں آمدنی کے بہت کم تھا پھر اُنھوں نے فرمایا کہ ھم میں سے ایسا کوئی نہیں ھی جو اپنی اولاد سے ایسی ھی محبت نہ رکھتا ھو جیسی سید احمد خاں صاحب کو اپنے پیارے بیٹے سے ھی اور بہت سے مسلمان رئیس اس قدر مقدور رکھتے ھیں کہ کافی روپیہ اپنی اولاد کی تعلیم میں صرف کرسکیں لیکن سمجھہ اور شوق درکار ھی آخر میں خان صاحب نے فرمایا کہ قومی

ہمدردی اور خیر اندیشی اور اولاد کی محبت کا سچا جوش یہی ہی کہ سب صاحب ایسے ایک مدرسہ کے جاری کرنے میں صرف ہمت کریں جس کی تحریک مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب نے فرمائی ہی *

اس کے بعد مرزا ماہد علی بیگ صاحب نے کھڑے ہوکر مفصلہ ذیل گفتگو کی *

جن جن صاحبوں نے اس وقت گفتگو کی اُس کو میں کافی جانتا ہوں اور خاص کر اس وجہ سے کہ ابھی میرے دوست سید محمد محمود صاحب کو بہت کچھ کہنا ہی میں صرف چند فقرہ کہنا چاہتا ہوں — مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب نے جو مسلمانوں کی حالت تنزل میں گورنمنٹ کی نوکریاں نہ ملنے کا ذکر فرمایا اُس کا مقصود صرف یہی نہیں ہی کہ یہہ تنزل صرف اسی امر میں ہی اور نہ صرف گورنمنٹ کی نوکریاں حاصل کرنے کے ذریعہ تلاش کرنا مقصود ہیں بلکہ حقیقت میں مسلمانوں کا تنزل گورنمنٹ کی ملازمت میں ایک بدیہی بات ہی اس لیئے مولوی صاحب نے بطور مثال کے صرف اُسی کا ذکر کیا ہی ورنہ اگر غور سے دیکھا جاوے تو مسلمان ہر طرح حالت تنزل میں ہیں — انسانوں کی معاش چار چیزوں پر محدود ہی زراعت تجارت حرفت خدمت سو مسلمانو کی حالت ان سب باتوں میں جب کسی دوسری قوم سے مقابلہ کیا جاوے تو نہایت حالت تنزل میں پائی جاتی ہی دیکھو علم فلاحت کو جیسا کہ چاہیئے کوئی مسلمان نہیں جانتا تجارت کے اصول کی بالکل لا علمی ہی پیشہ کا حال تو صریح ظاہر ہی جب ہم دوسرے ملک کی چیزیں اہل حرفہ کی بنی ہوئی دیکھتے ہیں تو حیران ہو جاتے ہیں خدمت کا حال مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب نے مفصل بیان فرما دیا ہی *

علم کی بابت بھی مجھکو کچھہ کہنے کی ضرورت نہیں ہی کہ اُس کا حاصل کرنا لازم ہی — علم دین کی رونق اور ترقی بجز علم دنیاوی کے نہیں ہوسکتی اور علم دنیا جو خلاف شرع نہو وہ عین دین ہی حقیقت میں بموجب شرع کے ہم لوگوں کا دین و دنیا ایک ہی اور دین کا بقا بالکل ترقی دنیا پر موقوف ہی اور اسی غرض کے حاصل کرنے کے واسطے یہہ مدرسہ تجویز کیا جاتا ہی — ایک امر یہہ کہنا ضرور معلوم ہوتا ہی کہ اس کام کے لیئے جو سرمایہ ہونا چاہیئے وہ بہت بھاری خیال کیا جاتا ہی لیکن جب غور سے دیکھیئے تو کچھہ بھی مشکل بات نہیں ہی — میں دیکھتا ہوں کہ لوگ امور خلاف شرع میں بہت بہت فیاضیاں کرتے ہیں اس ضلع میں بھی اور دوسرے اضلاع میں اس کی مثالیں بہت موجود ہیں اور حقیقت یہہ ہی کہ اگر اس کام کو دل کے جوش اور خوشی سے کیا جاوے تو تھوڑے آدمیوں کی ہمت سے بھی یہہ کام بآسانی ہوسکتا ہی اور یہہ خیال بھی نہ کرنا چاہیئے کہ ہر ایک شخص اپنی تعلیم خود کرسکتا ہی حقیقت میں جب تک کہ قومی تعلیم اور ملکی بہبودی کا ارادہ نہ کیا جاویگا تب تک کچھہ عمدہ نتیجہ حاصل نہیں ہوگا *

اس کے بعد سید محمد محمود صاحب بیرسٹر ات لا کھڑے ہوئے اُنہوں نے فرمایا *

اے صاحبو ایک ایسے موقع پر جب کہ اس مجلس میں ایسے بڑے بڑے رئیس جمع ہیں اور علی الخصوص ایسی حالت میں جب کہ ایسے لایق لایق شخص گفتگو کرچکے ہیں مجھہ سے اس بات کی توقع نہیں ہوسکتی کہ میں کوئی سودمند بات یا کوئی کارآمد نصیحت آپ کے سامنے بیان کرسکونگا البتہ میرا تجربہ اس باب میں آپ سے زیادہ ہی گو آپ میں سے اکثر مجھہ سے زیادہ بزرگ ہیں کہ میںنے اپنی عمر میں صرف ہندوستان ہی کے مختلف حصوں کو نہیں دیکھا ہی بلکہ میںنے تحصیل علم کی غرض سے یا اُن ملکوں کی ترقی کے سامانوں کی سیر کی غرض سے یا شاید اس لیئے بھی کہ اُن معلومات کے ذریعہ سے اپنی قوم کی جس قدر ممکن ہو مدد کرسکوں اُور ملکوں کو بھی دیکھا ہی جو بہت دور ہیں اور جن کا آپ نام ہی سنتے ہیں اُن ملکوں کی سیر اور تدابیر و عادات و طرز معاشرت دیکھہ کر البتہ میرے جی میں اس بات کا یقین ہوگیا ہی اور یہہ وہ یقین ہی جس کی ابتداء بچپن ہی میں ہوگئی تھی کہ ہماری قوم جو اپنی سخاوت اور شجاعت اور ذکاوت پر نظر کرتی ہی حقیقت میں وہ سب اقوام ہند سے اور سب میں ذلیل ہے ذلیل رتبہ کے لوگوں سے بھی بد تر ہی جس وقت ہم ادنی کسان کی قوم پر نظر ڈالتے ہیں اور یہہ کہ اُس کا کیا کام ہی اور کس طرح وہ دن بھر محنت اور مشقت کرتا ہی اور رات کو واجبی آرام لیکر صبح کو پھر اپنے کام میں مصروف ہو جاتا ہی اور اس محنت و مصیبت سے وہ اُس اناج کو پیدا کرتا ہی جس سے نہ صرف اُس کی اور اُس کے بال بچوں کی پرورش ہوتی ہی بلکہ ہم سب کی زندگی کا بھی ذریعہ ہی اور پھر جس وقت ہم اُسی مثال میں اپنے اوپر غور کریں کہ کیا ہم اُسی دیانت سے اپنا کام کرتے ہیں تو وہی کسان خاص اس امر میں ہم سے بہت زیادہ شرافت رکھتا ہی — کیا صبح سے شام تک فضول عیش و عشرت میں صرف کرنا صبح کو دیر کر اُٹھنا حقہ پینے اور پان کھانے میں بہت سا وقت صرف کرنا ایسی ہی عزت کا باعث ہی جیسا وہ کسان کا کام — نہیں ہرگز نہیں وہ جسقدر اپنا فرض ادا کرتا ہی اُس کا نتیجہ ہم سب کے واسطے مفید ہوتا

ھی اور ھم جن باتوں میں اپنا وقت صرف کرتے ھیں اُس سے صرف برباد ھونے کے سوا اور کوئی نتیجہ نہیں نکلتا *

میںنے بہت سے ملکوں کو دیکھا ھی مگر دوسرے ملک کا حال بیان کرنے سے پہلے یہہ مناسب ھی کہ میں اپنے ھی ملک کے مختلف حصوں کا کچھہ حال بیان کروں — دو مہینے کے قریب عرصہ ھوا جو میرے والد نے میرے پاس اُن انگریزی کاغذات کا ایک بڑا بنڈل بھیجا جو گورنمنٹ مدراس و بنگال و بمبئی سے خاص کر دریاب نئی تدابیر تعلیم مسلمانوں کے اُن کے پاس پہونچے تھے اور مجھہ سے یہہ درخواست کی کہ ان سب کا خلاصہ کرکر تہذیب الاخلاق کے واسطے گورنمنٹ کے شکریہ کا مضمون لکھوں — میں آپ کو یقین دلاتا ھوں کہ جتنا جتنا میں اُن کاغذات کو پڑھتا جاتا تھا اپنی قوم کی حالت سے مجھکو ایک رنج پیدا ھوتا تھا یہاں تک کہ میں اکثر آبدیدہ ھو ھو گیا — کرناٹک کے حال میں وھاں کے صاحب کلکٹر نے یہہ لکھا ھی کہ "تعلیم کی رپورٹوں سے معلوم ھوتا ھی کہ یہاں کے مسلمان پچیس برس پہلے انگریزی کو کفر جانتے تھے مگر اُس وقت سے انگریزی حکومت کو قوت ھوتی گئی اور انگریزی زبان کو وسعت ھوتی گئی یہاں تک کہ وہ مسلمان جن کے باپ انگریزی پڑھنے کو کفر جانتے تھے اب انگریزی کو کار آمد تسلیم کرتے ھیں میںنے سب رئیسوں کو جمع کیا تاکہ وہ اپنی اولاد کو مدرسہ میں بھیجیں مگر سب سے بڑا عذر ان رئیسوں کی طرف سے یہہ تھا کہ مسلمانوں کی اولاد کے پاس کپڑے نہیں ھیں اور اس لیئے وہ اپنی اولاد کو غیرت کے سبب سے مدرسہ میں نہیں بھیج سکتے حالانکہ امیر سے امیر ھندود ھوتی باندھکر اپنی اولاد کو مدرسہ میں بھیج دیتا ھی" یہہ بات رونے کے قابل ھی مسلمان اب نام کے شریف رہ گئے ھیں اور اصلی عزت اور دولت حاصل کرنے کی کچھہ فکر نہیں کرتے اور دن بدن ذلیل ھوتے چلے جاتے ھیں خیال کیجیئے کہ جن کی اولاد کے پاس اب کپڑا تک نہیں رھا یہہ وہ لوگ ھیں جنھوں نے کرنا ٹک کو فتح کیا تھا یہی وہ لوگ ھیں جنکے روبرو ھزاروں مہاجن دست بستہ حاضر رھتے تھے یہی وہ لوگ ھیں جنکے سامنے ھزاروں فوج صف باندھے حاضر رھتی تھی اور اب یہی وہ لوگ ھیں جو اُسی رعایا اور اُنہیں مہاجنوں کے مقروض اور کپڑوں تک کو محتاج ھیں *

اب سہارنپور کے ضلع کی حالت پر غور کیجیئے جہاں تحقیق معلوم ھوا ھی کہ گذشتہ بندوبست میں جو جائداد ارضی مسلمانوں کے ھات میں تھی اس عرصہ میں اُس میں سے تین چوتھائی مسلمانوں کے ھات سے نکل گئی اور زمین کے ھات سے نکل جانے سے یہہ مطلب ھوتا ھی کہ گویا وہ لوگ ملک سے نکلتے جاتے ھیں مسلمانوں کے ھات میں اگر زمین نرھے تو گر کیسی ھی باتیں بناویں لیکن وہ اس ملک سے نکل جانے کی برابر ھونگے مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب جو ھائی کورٹ کے کام سے بہت زیادہ واقف ھیں وہ اسبات کو تسلیم کرینگے کہ سو مقدمات متفرقہ اجرایڈگری جو ھائی کورٹ میں دایر ھوتے ھیں اُن میں کم سے کم نوے مدیون ڈگری مسلمان ھوتے ھیں پس اب بھی اگر مسلمان کچھہ فکر نکرینگے تو ایک دن یہہ ھوگا کہ ھمارے ھات سے زمین نکل جاویگی یعنی ھم ملک سے نکال دیئے جاوینگے معاش کے ذریعوں کی طرف سے مسلمانوں کا یہہ حال ھی کہ سمندر میں رھنا اور مگر سے بیر مچھلیاں ھیں اور مگر سے لڑائی اگر اس عملداری میں رھنا اور عزت سے رھنا منظور ھی تو اپنی اولاد کی تعلیم اس زمانہ کے مناسب کرنا چاھیئے *

محمد سعید خاں صاحب نے جو مجھہ سے ناچیز آدمی کا ذکر کیا میں اُس کا شکریہ ادا کرتا ھوں مگر اُن کا خیال یا کسی اور کا خیال صرف میری نسبت شاید ٹھیک ٹھہرگا اور اگر بالفرض مینے بہت سے کام کیئے تو وہ کوئی ایسے بڑے کام نہیں ایسے کام جب لوگ قصد کریں تو سب کرسکتے ھیں لیکن میں البتہ اسبات کی تفتیش آپ صاحبوں کو دلاسکتا ھوں کہ میرے باپ نے جتنا روپیہ جس طرح سے میرے اوپر صرف کیا اُسقدر روپیہ سے میری طرح کوئی مزت سے زندگی بسر نہیں کرسکتا میری یہہ راے ھی بلکہ میرا ایمان ھی اور شاید مرتے دم تک رھے کہ دینی اور دنیاوی چال چلن بالکل دنیاوی حالت پر منحصر ھی اور اگرچہ شاید بعض شخص اس سے متفق نہ ھوں لیکن میں اسکو بالکل صحیح جانتا ھوں کہ دین میں نیک چلن ھونا دنیا کی معاش پر منحصر ھی اگر آدمی معاش سے تنگ ٹھہرگا چوری نکرے گا اور اَور ایسے ھی ذلیل گناھوں سے بچے گا اسکی صداقت آپ کو اس سے معلوم ھوگی کہ مجرم اکثر غریب ھوتے ھیں پس اگر ھم بھی غریب ھوجاویں تو ھمارے بڑے افعال بڑھتے جاوینگے ھر شخص جو دھلی گیا ھی اسبات سے واقف ھی کہ وھاں ایک پرانا قلعہ ھی جسکو لوگ تغلق آباد کہتے ھیں اس قلعہ میں مسلمان رھتے ھیں جن میں سے کسی کا نام ھی نصیرالدین خاں کسی کا ظہیرالدین خاں کسی کا سراج الدین خاں اور ان ناموں کے ساتھہ جب اُن کے کاموں کو دیکھا جاتا ھی تو کام ھی گھاس کھودنے کا — آثارالصنادید جب میرے والد نے لکھی تو اُس وقت اسبات کا تصفیہ ھوگیا کہ یہہ سب لوگ محمد تغلق کی اولاد ھیں جو ھندوستان کا بادشاہ تھا جب تغلق کی اولاد کا یہہ حال ھوگیا تو کیا پچاس برس کے بعد آپ کی اولاد کے لیئے اور کچھہ توقع ھوسکتی ھی یہہ ایک حساب کا سوال ھی جسکو مدرسہ کا پڑھنے والا سات برس کی عمر کا بچہ بتا سکتا ھی کہ پانچ لاکھہ روپیہ کی جائداد پانچ پانچ بیٹوں پر تقسیم ھوکر ایک ایک لاکھہ کی رہ جاویگی

اور اسي طرح پانچویں پشت میں بالکل ندارد کے قریب ھوجاریگي اور اتني دیر بھي اُس حالت میں ھوگي جب کہ جائداد موروثي بالکل قایم رھے اور اب ایک اور بات سمجھو کہ جائداد کے تقسیم ھونے کے بعد ھر بیٹا اپنے باپ کي پوري نقل کرتا ھی اور جو صرف اُسکا باپ پوري جائداد میں کرتا وہ اپنے منقسمہ حصہ میں سے ویسا ھي صرف کرنا چاھتا ھی یہاں تک کہ اکثر امیر سے امیر کي اولاد بالکل مقروض اور مفلس ھوجاتي ھی اور میں یہہ کیوں بیان کروں اور آساني سے یوں ھي کیوں نہ کہوں کہ جب وسیلہ معاش محدود اور کھانے والے غیر محدود ھوں تو آخر اُسکا نتیجہ اگر مفلسي اور ذلت نھوگا تو اور کیا ھوگا *

اب میں کچھہ اور ملکوں کي حالتوں کا ذکر کرنا چاھتا ھوں جہاں عرصہ تک رہ کر سب کچھہ مینے اپني آنکھہ سے دیکھا ھی میں یقین دلاتا ھوں کہ انگریزوں کي قوم جس کو اب عالم اور فاضل کلوں میں سب سے فایق تار کا موجد ھندوستان کا حکمراں کھلانے کا حق ھی اُسنے صرف چندہ کے ذریعہ سے تعلیم پائي ھی یہي وہ قوم ھی جسنے گورنمنٹ سے کبھي مدد کي درخواست نہیں کي جب میں ولایت میں تھا تو اُن روزوں یہہ تجویز ھوئي کہ اپاھجوں کے لیئے کوئي مقام اور کام تجویز ھونا چاھیئے جہاں وہ اپني زندگي بغیر کسي ذلت کے بسر کریں مینے اُس کے اشتہار کو پڑھا تو یہہ لکھا تھا کہ ھر شخص سے اس کام میں مدد کي توقع ھی لیکن کسي شخص سے ایک پیسہ سے زیادہ کي درخواست نہ تھي تین برس بعد اَور ایک اشتہار آیا جس سے معلوم ھوا کہ اس ایک پیسہ کے چھوٹے سے چندہ کي بدولت لکھوکھا روپیہ جمع ھوگیا تھا ایک دن میرے جي میں آیا کہ ھماري قوم کے مدرسۃالعلوم کے واسطے پندرہ لاکھہ روپیہ یا کسي شاخ مدرسہ کے لیئے پچاس ھزار روپیہ کا سر انجام کس طرح ھوسکتا ھی مینے موجودہ شماري کے حساب سے گھروں کا حساب کیا کہ اگر ھر مہینے میں ھرایک گھر سے ایک پیسہ لیا جاوے تو ماھواري آمدني کم سے کم پچاس ھزار روپیہ کي ھوسکتي ھی پس اب جسقدر شکایت بے استطاعتي کي ھی بالکل غلط ھی فرض کیجیئے کہ جسقدر روپیہ ایک سال میں فضول کاموں میں ناچ رنگ میں دعوتوں کي مجلسوں میں ھماري قوم صرف کردیتي ھی اگر سب جمع ھو تو کیا اس میں کچھہ شک ھی کہ اُس سے ھمیشہ کے لیئے ضروري روپیہ بآساني حاصل ھوسکتا ھی خرابي یہہ ھی کہ ھمارے آپس میں اتفاق نہیں ھی اور اسي لیئے ھمیشہ ھندوستان چوٹي خورا رھا ھی ایک ایسے زمانہ میں جبکہ باپ بیٹے کي کچھہ فکر نہیں کرتا بھائي بھائي کي خبر نہیں لیتا ھر شخص کو اپني عزت تھامنا دشوار ھی تو ھمکو یہہ نہیں سوجھتا کہ سب ملکر کام کریں بلکہ یہہ سوجھتا ھی کہ جس کام کو کرني ایک شخص قومي بھلائي کي نظر سے کرنا چاھے اُس میں ھر طرح سے رخنہ انداز ھوں ھم میں جوش مذھبي یہہ رہ گیا ھی کہ ھم سني تم شیعہ ھم پدمتي تم وھابي جب محرم ھو تو پانسو ھندوؤں کا سر توڑا جاوے جب یہہ ادبار ھماري قوم پر آرھا ھی تو اب ترقي کي کیا توقع ھو اور اور قومیں جو اپنے دل کي شجاعت اور علو ھمتي سے گھوڑدوڑ کي طرح اپني ترقي کررھي ھیں کیا ھمکو کچھہ عزت کي نگاھوں سے دیکھینگي اگر مسلمانوں نے اسوقت کچھہ کوشش نہ کي اور دنیاوي ترقیات میں اپنے آپ کو اپني اور ھمسر قوموں کے مقابلہ میں ذلیل ھونے دیا تو کیا اسلام باقي رہ جاویگا کوئي مورخ اسبات سے انکار نکریگا کہ اگر یہي حال رھا تو پچاس برس بعد خدا نخواستہ مسلمانوں کا مذھب شیخ سدو کے بکروں پر اور مدار کي چوڑیوں پر رہ جاویگا پس جو لوگ انجام پر نظر کرتے ھیں وہ بےشک اس نتیجہ پر آتے ھیں کہ دین کي بقا دنیا کي ترقي پر بالکل منحصر ھی اس وقت ھماري قوم تباھي کے دریا میں ھی اگر ھم کوشش کریں تو ابھي تیرکر اُس سے نکل سکتے ھیں صرف پچاس برس کا عرصہ ھماري اولاد کو ملے کرنا ھوگا لیکن اگر اس وقت کچھہ کوشش نہ ھوئي تو میں اپنے ایمان سے یقین کرتا ھوں کہ آج سے دس برس کے بعد اس ڈوبتي حالت کے نکلنے کے واسطے ھم میں تیرنے کي قوت بھي باقي نرھیگي غدر سے پہلي حالت کو دیکھیئے اُس وقت پچاس ھزار روپیہ فراھم ھوجانا کیسي ذراسي بات تھي اور اب وھي کسقدر مشکل ھی اور اسي پر قیاس کرلیجیئے کہ آیندہ کیا حالت ھوگي *

ولایت کا یہہ حال ھی کہ کوئي عمدہ مدرسہ گورنمنٹ کي جانب سے قایم نہیں ھی تمام عالي درجہ کے مدارس طالب علموں کي فیس وغیرہ کے ذریعہ سے قایم ھیں جس دارالعلوم میں مینے تعلیم و تربیت پائي ھی اُس کي سالانہ آمدني اُس ملک کے اُمراء کي توجہ سے لاکھوں روپیہ سال کي ھی ابتدا میں ایک غریب رئیس نے اپني اولاد کو پوري تعلیم دے چکنے بعد اُن سے کہا کہ تمکو عزت سے اپني زندگي بسر کرنے کے وسیلے بخوبي حاصل ھیں اب مجھکو اپني قوم کے ساتھہ بھلائي کرنا چاھیئے اور اپني قوم کي بھلائي کیا ھی اُس کے لیئے عام تعلیم کا بندوبست کرنا ھی پس اُسنے اپني جائداد اُس فرض سے وقف کي وہ جائداد اُس وقت صرف پانسو روپیہ سال کي تھي اُسکے بعد اور لوگوں نے بھي دیکھا دیکھي اُس کام کے واسطے جائدادیں دیں اور ایک بادشاہ کي ماں نے کثیر آمدني کي جائداد دي یہہ ذکر اُس وقت کا ھی جب ھندوستان کے تخت پر اکبر جلوس کرتا تھا اب رفتہ رفتہ وھي جائداد اپنے صانع کي ترقي اور اَور لوگوں کي فیاضي سے ایک رجواڑہ کي آمدني کے

برابر ھی تین ھزار طالب علم وھاں تعلیم پاتے ھیں امیر کا بیٹا ھو خواہ غریب کا سب اُسی ذریعہ سے تعلیم پاتے ھیں اور وھاں ایسے اسباب بھی موجود ھیں جنکی وجھہ سے ایک جولاھے کا بیٹا بھی سات برس کی عمر سے ستائیس برس کی عمر تک بلکہ تمام عمر بغیر کسی سے مدد مانگے ھوئے اپنے آپ کو تعلیم میں مصروف رکھہ سکتا ھی اس لیئے کہ ھر ایک لایق اور محنتی طالب علم وھاں بڑے بڑے وظیفہ پاتا رھتا ھی *

اب میں یہہ عرض کرتا ھوں کہ اگر یہہ ھماری کوششیں کامیاب ھوں تو صرف چندہ دینے والے امراء ھی کو فائدہ نہ پھونچیگا جیسا کہ بعض کا خیال ھی بلکہ اُس سے مفلسوں کو بھی تعلیم ھوسکیگی اور اب ایک یہہ امر بھی ذکر کے لایق ھی — کیا اب وہ وقت نہیں آتا ھی جو ھم سب ملکر طے کریں کہ آخر ھماری زندگی کا نتیجہ کیا ھونا چاھیئے کیا وہ نتیجہ یہہ ھی کہ کسی روز سب لوگ ملکر اس عملداری کو اُٹھارینگے یا یہہ ھی کہ سب توکل کربیٹھیں اور اپنی کاھلی سے اپنی اولاد کو مصیبت میں ڈال دیں اور گنہگار ھوں میں سچ کہتا ھوں کہ ھرشخص جو خوشی خوشی شادی کرتا ھی اور اولاد کی تعلیم کی کچھہ فکر نہیں کرتا اور اُن کے لیئے ایسے وسیلہ بہم پھونچانے کی فکر نہیں کرتا جس سے وہ آیندہ نسل عزت سے اپنی زندگی بسر کوسکے وہ خدا کا گنہگار ھی ھمارے اور آپ کے افعال پر آیندہ نسلوں کی بھلائی برائی منحصر ھوتی ھی پس ھم کو اپنے وقت میں فرض ھی کہ اپنی اولاد کی تعلیم کے واسطے کوئی معقول بندوبست کریں — علیگڈھ اور بلند شہر ھی کے لوگ جہاں بہت سے مسلمان رئیس اور تعلقہ دار ھیں اگر اس کام میں مدد نہ کرینگے تو اَور ضلعوں والے کیا کرینگے کیا پچاس ھزار روپیہ کچھہ مشکل ھیں کیا دس آدمی پانچ پانچ ھزار روپیہ یا پانچ آدمی دس دس ھزار روپیہ بآسانی نہیں دے سکتے ھیں صرف ایک مہینے کی آمدنی سے پچاس ھزار نہیں بلکہ ستر ھزار جمع ھو سکتے ھیں — ھاں اگر کسی کی یہہ راے ھو کہ کسی ایسے مدرسہ کی ضرورت نہیں تو وہ راے کا اختلاف ھوگا لیکن جب آپ سب صاحب اُس ضرورت کو تسلیم کرتے ھیں اور پھر کچھہ اُس کا بندوبست نہیں کرتے تو نہایت نادانی ھی اور مجھکو نظر آ رھا ھی کہ اس زمانہ میں جب کہ مسلمانوں کی ھمسر قومیں نے اُن کو اُن کے عہدوں اور منصب اور زمینوں ھی سے بیدخل نہیں کیا بلکہ اُن کے مونھہ میں سے اُن کی زبان نکالنا چاھتی ھیں یعنی عربی و فارسی کی موقوفی کی فکر میں ھیں اگر مسلمانوں نے اپنی حالت کو درست نہ کیا تو ضرور وہ زمانہ آنے والا ھی جس کا ذکر ھم لوگوں میں مشہور ھی کہ مسلمان الحمد کو الحمد پڑھنے لگینگے پھر اُس وقت دین کی کیا عزت ھوگی اور اسلام کیا باقی رھیگا *

اَور ملک والوں کی فیاضیوں کا حال اس لیئے تھوڑا سا اور بیان کرنا ضرور ھی کہ آپ کو معلوم ھو جاوے کہ وہ لوگ صرف اپنی ھی قوم اور اپنے ھی مذھب والوں کے علوم کی قدر نہیں کرتے بلکہ غیر قوموں اور غیر مذھب والوں کے علوم پر بھی یکساں توجھہ کرتے ھیں — اس وقت ایک انگریز نے عربی لغات کی ایک کتاب چھاپی ھی جو شاید سولہ جلدوں میں ھوگی اور ھزار ھا روپیہ اُس میں صرف ھوا ھی اور ھوگا — آنریبل سرولیم میور صاحب کے بڑے بھائی ڈاکٹر جان میور صاحب نے اپنی تمام عمر کی کمائی ایک مدرسہ کو صرف اس لیئے دیدی کہ اُس کی آمدنی ایڈن برا کے کالج میں سنسکرت کے مدرسوں کی تنخواہ میں اور وظیفوں میں صرف ھو — جب اَوْر قومیں کر نہ صرف اپنے بلکہ اَوْروں کے علوم کی طرف یہاں تک توجھہ ھو اور جس زمانہ میں ھم شمع سحری کی مانند اپنی حالت بسر کرتے ھوں تو کیا ھمکو اپنے اوپر افسوس کرنا نہیں چاھیئے اور کیا ھمکو ایسا بندوبست کرنا مناسب نہیں ھی جس سے یہہ خرابی رفع ھو اور جو عزت پہلے وقتوں میں مسلمانوں کو حاصل تھی اب پھر وہ اپنے آپ کو اُس کا مستحق ثابت کریں *

اب میں آپ لوگوں کی نہایت منت کرتا ھوں کہ آپ مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب کی کوشش میں شریک ھو جیئے ورنہ یاد رکھیئے کہ آپ ھی کی اولاد آپ پر ھزاروں لعنت کریگی اور میں خدا سے دعا کرتا ھوں کہ وہ ھم سب کو وہ دن نہ دکھلاوے *

ان سب گفتگوؤں کے ختم ھونے کے بعد مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب پھر کھڑے ھوئے اور اُنھوں نے سب حاضرین کی طرف مخاطب ھوکر فرمایا کہ اب میں آپ سب صاحبوں سے یہہ پوچھتا ھوں کہ اس وقت کے یہہ بیان آپ کی راے میں پسندیدہ ھیں یا نہیں اگر پسندیدہ ھیں تو آپ صاحب مدرسہ کے جاری کرنے پر آمادہ ھیں یا نہیں *

صدر انجمن اور راجہ سید محمد باقر علی خاں صاحب اور کنور محمد لطف علی خاں صاحب نے فرمایا کہ جو راے مدرسہ کے جاری کرنے کی اس وقت بیان ھوئی ھی اس سے بہتر اور عمدہ کوئی بات ھماری آیندہ بہبودی اور ترقیات کے واسطے خیال میں بھی نہیں آسکتی اور جملہ حاضرین نے بالاتفاق یہہ خواھش ظاھر کی کہ ضرور ایک ایسا مدرسہ علیگڈھ میں قایم ھو اور اُس کے سرمایہ کے واسطے علیگڈھ اور بلند شہر کے لوگوں سے چندہ جمع کیا جاوے اور چونکہ آج سب رئیس موجود نہیں ھیں اس لیئے چندہ کے واسطے سکرٹری صاحب کوئی اور مناسب تاریخ مقرر کرکے سب رئیسوں کو اطلاع دیں پھر سب رئیسوں نے جو اس وقت کمیٹی میں موجود تھے اس بات کا وعدہ بھی کیا کہ ھم اپنے لڑکوں کو بھی جو مدرسہ میں آنے کے قابل ھونگے بخوشی اس مدرسہ میں بھیجینگے تاکہ یہاں اُن کی تعلیم و تربیت بروجھہ احسن عمل میں آوے *

بعد اس کے خدا کا شکر ادا کیاگیا اور مجلس برخاست ھوئی *

محمد سمیع اللہ

سکرٹری

بمقام علیگڈھ — مطابع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم رمضان سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۴ نبوي [نمبر ۱۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَور کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۶۰

مسائل متفقہ

باوجود اتحاد قلبی کے پیارے مہدی کو ہمسے متعدد مسایل میں اختلاف ہی جیسا کہ ہمارے پرچہ تہذیب الاخلاق کے ناظرین کو اُنکی تحریروں سے ظاہر ہوا ہوگا مگر مفصلہ ذیل وہ مسایل ہیں جن میں ہمارے مخدوم مولوی مہدی علی صاحب تو بھی ہمسے اتفاق ہی — شیطان کا منہہ کالا انشاءاللہ تعالی آیندہ اور مسایل میں بھی بعد تحقیق و تدقیق وہ متفق ہونگے *

۱ لاتحریف فی الکتب المقدسۃ الا صعنریا *
۲ لیس الاسترقاق فی الاسلام *
۳ لاوجود للسموات جسمانیاً *
۴ ماکان الطوفان عاما *
۵ الاجماع لیس بحجۃ *
۶ التقلید لیس بواجب *
۷ کل الناس مجتہدون لانفسہم فیمالم ینص فی الکتاب والسنۃ *
۸ کل ما نزل من القران فہو مابین الدفتین *
۹ مانسخت تلاوۃ اٰیۃ من آیات القران *
۱۰ لیس النسخ فی القران *
۱۱ لیس خلافۃ النبوۃ بعد النبی صلعم *

راقم
سید احمد

نمبر ۱۶۱

تکفیر مسلمانان

دہلی اور الہٰ آباد اور رامپور اور بھوپال کے مولوی صاحبوں کے کفر کے فتوی جو اخبار نورالانوار کانپور میں چھپے ہمنے دیکھے جن میں چند اقوال کے سبب سے ایک سچے پکے موحد مسلمان آل رسول اولاد بتول یعنی سید احمد کو کافر اور ملحد اور مرتد ٹھہرایا ہی نہایت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون الا کذبا اب ہمکو یہہ دیکھنا چاہیئے کہ جن اقوال کے سبب مولویوں نے سید کو کافر کہا وہ اقوال صرف سید ہی کے ہیں یا اگلے بزرگوں نے بھی وہ باتیں کہی ہیں تاکہ معلوم ہو کہ ان نادان مولویوں نے ایک سید کی تکفیر سے کس کس کو کافر اور مرتد اور ملحد ٹھہرایا ہی — وہ کلمات کفر جو سید کی نسبت منسوب کیئے گئے ہیں یہہ ہیں *

پہلا کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ہی کہ متعدد مسائل میں اُن کو مسلمانوں سے اختلاف ہی *

بلاشبہہ یہہ سید کا قول ہی مگر جو اختلاف کہ اُنکو متعدد مسایل میں اس زمانہ کے مسلمانوں سے ہی اُنمیں سے سب سے بڑا اختلاف یہہ ہی کہ وہ کسی کلمہ گو کو کسی قول و فعل کے سبب کافر نہیں کہتے اور اس زمانہ کے پکے مسلمان ذرا ذراسی بات پر لوگوں کو کافر بتلاتے ہیں اُنکا ایمان اس حدیث نبوی صلعم پر ہی عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اصل الایمان الکف عمن قال لاالہ الا اللہ لا تکفرہ بذنب و لا تخرجہ من الاسلام بعمل — الحدیث رواہ ابوداؤد *

دوسرا اختلاف بھی بہت بڑا ہی کہ وہ سوائے خدا و رسول کی سچی اور ثابت اور صحیح بات کے اور کسی کی بات ماننے کو کسی پر واجب نہیں جانتے نہ کسی کے قول یا راے کی مخالفت کو کچھہ بھی نقص ایمان کا سبب سمجھتے ہیں کانوارجالاً و نحن رجال و الامر بیننا و بینہم سجال اُن کا قول ہی اور ہمارے زمانہ کے پکے مسلمان کسی قران خواں کو جب تک وہ عقاید نامہ یا شرح عقاید پر ایمان نہ لاوے اور کسی محمدی کو ماتریدی کہ وہ اپنے آپ کو ماتریدی یا اشعری نہ ٹھہراوے مومن ہی نہیں جانتے — اس اختلاف کے سبب اگر سید احمد کافر ہیں تو اُن کے ساتھہ امام حجۃ الاسلام غزالی بھی کافر ہیں جو سات سو برس پہلے کہہ چکے ہیں کہ "جو لوگ ماتریدی اور اشعری مذہب سے مخالفت کو کفر کہتے ہیں وہی کفر کے قریب ہیں" اور ابن قیم بھی کفر سے نہیں بچ سکتے جنکا یہہ قول ہی کہ و ماعند المتکلمین و غیرہم فہو فی القران اصح تقریراً و احسن تفسیراً فلیس عندہم الا التطویل و التعقید الخ احیاء کا یہہ فقرہ کہ و منہا ان یکون اعتمادہ فی علومہ علی بصیرتہ وادراکہ اصفاء قلبہ لاعلی الصحف والکتب ولا علی تقلید مایسمعہ من غیرہ حقیقت میں خلاصہ سارے تہذیب الاخلاق کا ہی *

دوسرا کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ہی کہ جو مذہب نیچر یعنی اصلی حالات فطرت انسانی کے برخلاف ہی وہ صحیح نہیں ہی اور جو نیچر کے مطابق ہی وہ صرف ایک مذہب ہی جسکو وہ نیچرل اسلام کہتے ہیں *

یہہ کہنا کہ مذہب سچا وہ ہی جو فطرت انسانی کے مطابق ہو اور وہ صرف ایک مذہب اسلام ہی درحقیقت کمال ایمان ہی نہ کہ عیاذاً باللہ کفر ہاں اندیشہ اُسکے کفر کا ہی جسکا یہہ قول ہو کہ

مذھب اسلام فطرت انسانی کے برخلاف ھی کیونکہ یہہ خلاف ھی ایک محکم اور صریح نص کے قال اللہ تعالی فاقم وجھک للدین حنیفا فطرۃ اللہ التی فطرالناس علیھا لاتبدیل لخلق اللہ ذلک الدین القیم ولکن اکثرالناس لایعلمون *

یعنی اللہ تعالی فرماتا ھی کہ " قایم رکھہ اپنے تئیں دین پر سچے دل سے پیروی کر خدا کی بنائے نیچر کی جس پر پیدا کیا ھی اللہ نے انسان کو اول بدل کرنا نہیں ھی خدا کے بنائے نیچر میں یہہ ھی مضبوط دین لیکن اکثر آدمی نہیں جانتے " *

شاید کوئی اعتراض کرے کہ ھم نے ترجمہ صحیح نہیں کیا اس لیئے شاہ ولی اللہ صاحب کا ترجمہ اس مقام پر لکھتے ھیں اور وہ یہہ ھی " پس راست کن روے خود را براے عبادت ضعیف شدہ پیروی کن دین خدا را کہ پیدا کرد مردمان را بروے بدل کردن نبود دین خدا را این است دین درست و لیکن اکثر مردمان نمی دانند " *

اس ترجمہ میں فطرت اللہ کا ترجمہ دین خدا کیا ھی اور پھر لکھا ھی کہ اُسی دین پر آدمیوں کو پیدا کیا ھی پس اللہ کا دین اور فطرت یعنی نیچر انسانی دونوں مطابق ھیں پس یہہ قول در اصل خدا کا قول ھی کہ جو مذھب نیچر کے مطابق ھی وہ صحیح ھی اور جو اُس کے برخلاف ھی وہ صحیح نہیں اور جو کہ ٹھیک مذھب اسلام سچا مذھب ھی اس لیئے وہ نیچر کے مطابق ھی اور اسی لیئے وہ سچا ھی *

سید کی تکفیر کیا کرتے ھو اس زمانہ کے جو مقتدا ھیں اور جن کو ھم بھی علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل کا مصداق سمجھتے ھیں اور جن کی برکت سے دیوبند و سہارنپور کے مسلمانی مدرسے قایم ھیں یعنی جناب حافظ مولوی حاجی محمد قاسم صاحب اور جناب حافظ مولوی حاجی محمد یعقوب صاحب بھی یہی کہتے ھیں پس اگر سید کافر ھی تو وہ اُس سے بھی بڑے کافر ھیں چنانچہ اُن کے یہہ قول ھیں جو ھم نقل کرتے ھیں *

قولھما " اُس کی (یعنی خدا کی) متانت اور دانائی سے یہہ بعید ھی کہ عقل کو اپنی طرف سے اپنی مخلوقات پر حاکم بنائے اور ھر بات میں قوانین حکمرانی عطا فرمائے جب وہ کسی قضیہ میں اُن قوانین کے موافق حکم لگائے تو اُس کے خلاف اور کسی کے ھات کھلا بھجوائے اس صورت میں بیشک اگر خدا کی طرف سے کوئی حکم آتا ھوگا تو اُسی کے کرنے نہ کرنے کا آتا ھوگا کہ جسے عقل صائب اور ذھن ثاقب نافع یا مضر بتلائے " *

قولھما " اس جگھہ سے یہہ بات بھی ثابت ھوئی نہ بھلائی برائی ھوشے کی ازلی ھی اور دین حق کے کرنے نہ کرنے کی باتیں وھی ھونگی جو عقل صاف اور روح پاک کو اُس کی رغبت یا اُس سے نفرت ھو " (تقریر دلپذیر) مولوی حاجی محمد قاسم اور مولوی حاجی محمد یعقوب صاحب بھی کفر میں سید کے ساتھی نہیں ھیں بلکہ اگلے تمام محقق عالم اُن کے ساتھی ھیں — سب محقق مفسروں اور دانا عالموں نے حکمت کے لفظ کی جو آیۃ من یوت الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیراً میں مذکور ھی یہہ تعریف کی ھی کہ " العلم بحقایق الاشیاء " یعنی ھر چیز کی فطرت اور نیچر کو جاننا ایسی حکمت ھی کہ جس کو خدا یہہ دیتا ھی تو اُس کو بہت سی نیکیاں ملتی ھیں پس شرم ھو اُن جاھل مولویوں کو جو مذھب اسلام اور نیچر کو مطابق کہنے والے کو کافر ٹھہراتے ھیں اور خود قران کے منکر ھوتے ھیں *

پھر یہہ امر کہ مذھب اسلام کی کوئی بات عقل اور نفس الامر کے برخلاف نہیں ھی وہ بات ھی جس کا دعوی سب دانا مسلمانوں نے کیا ھی بلکہ علم کلام کی بنیاد اسی دعوی کے ثابت کرنے کے لیئے ڈالی گئی ھی اور یہہ وھی بات ھی جس کو سید نے ان لفظوں سے بیان کیا ھی کہ اسلام نیچر یعنی فطرت کے مطابق ھی اگر یہہ بات سید کی جو واقع میں وھی ھی جسے سب دانا مسلمان کہتے آئے ھیں کفر ھی تو افسوس ھی کہ زندہ اور مردہ محققوں میں سے کوئی بھی مسلمان نہ ٹھہریگا *

میں مبارکی دیتا ھوں سید کو کہ اُسکے لیئے جنت میں یا دوزخ میں غرض کہ جو کچھہ ھو مولوی صاحبوں نے وہ جگھہ تجویز کی ھی جہاں امام غزالی صاحب تشریف رکھتے ھیں کیونکہ وہ سات سو برس پہلے یہہ لکھہ گئے ھیں کہ معقول اور منقول کو جو کوئی مخالف سمجھے وہ اندھا ھی اور یہہ ٹھیک ٹھیک وھی ھی جو سید کہتا ھی کہ جو نیچر اور مذھب اسلام کو مخالف جانے وہ پاگل ھی

قال الامام فی الاحیاء و ظن من یظن ان العلوم العقلیۃ مناقضۃ للعلوم الشرعیۃ و ان الجمع بینھما غیر ممکن ھو ظن صادر من عمی فی عین البصیرۃ ذموم باللہ منہ *

یہہ نہ خیال ھو کہ ایک امام غزالی ھی (جن کے کفر کے فتوی پہاڑی مولویوں نے اِس سے بڑھ کر دیئے تھے جیسے اب دیسی مولوی سید کی نسبت دے رھے ھیں) سید کے ساتھی ھیں بلکہ اَور ایک بڑے امام صاحب بھی سید کے لیئے اپنی مسند صاف کر رھے ھیں یعنی امام فخرالدین رازی جنھوں نے ھر شے کی حقیقت اور اصلی فطرت کے دریافت کرنے یعنی نیچر کی تحقیق کرنے ھی کو اصل ایمان ٹھہرایا ھی کما قال فی تفسیرہ ان اللہ تعالی امر بالنظر فقال افلا یتدبرون

اولم ینظروا في ملکوت السموات والارض الی قولہ و ان ذلک یدل علی وجوب النظر والاستدلال والتفکر و ذم التقلید فمن دعی الی النظر والاستدلال کان علی وفق القران و دین الانبیاء و من دعی الی التقلید کان علی خلاف القران و علی وفاق دین الکفار پس سید کیا کہتا ہی سوائے اس کے کہ قرآن پر غور کرو آسمانوں اور زمینوں کی حقیقت سوچو جو کچھہ موجودات اور معلومات سے تمھارے سامنے ہی اُس کی فطرت دریافت کرو بے سوچے سمجھے کسی کی بات کو نہ مانو تانہ تمکو معلوم ہوجاوے کہ صرف مذہب اسلام ہی اصلی فطرت یعنی نیچر کے مطابق ہی جسکے دریافت کرنے کی قران نے بڑی تاکید کی ہی اب اِس مضمون کو سید کے چاہو النظر في ملکوت السموات و الارض کہو چاہے تطبیق معقول و منقول سے تعبیر کرو چاہے ادراک حقایق اشیاء اُس کا نام رکھو بات وہی ہی جو سید نے کہی ہی کہ مذہب اور نیچر ایک ہی — یہہ تحریر میری غالباً اُن مولوی صاحبوں کو جنھوں نے پوچھا ہی کہ نیچر کیا بلا ہی بتاویگی کہ وہ بلا ہی جو بڑے بڑے اماموں اور عالموں کے پیچھے پڑی ہوئی تھی اور جسکے سبب سے کوئی حجۃالاسلام اور کوئی فخرالدین ٹھہرا اور جس سبب آپنے ایک مسلمان کامل الایمان سید کے کفر کا فتوی لکھا *

تیسرا کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ہی کہ بدعات محدثات ثبوت اسلام نہیں ہی *

نعوذ باللہ منہ اِس قول پر کفر کا فتوی یہہ تو قول جناب سرور کائنات علیہ الصلوات کا ہی ان پاگل مولویوں کو جنون ہوگیا ہی کہ رسول خدا کے مقولہ پر بھی فتوی جاری کرتے ہیں عن جابر رضي اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم فان خیر الحدیث کتاب اللہ و خیر الھدي ھدي محمد و شرالامور محدثاتھا و کل بدعۃ ضلالۃ — رواہ مسلم *

امام صاحب نے احیاء میں اُس سے کچھہ کم نہیں کہا جو سید کہتا ہی وہ فرماتے ہیں و منھا ان یکون شدید الترقي من محدثات الامور وان اتفق علیہ الجمھور الی قولہ فالاعتماد علی الکتب و التصانیف ابعد بل الکتب و التصانیف محدثۃ *

اب قیم سید سے کچھہ کم نہیں ہی اِس کہنے میں کہ ان ماعداہ (ای ماعدا القران) من کتب الناس و اوھم و معقولا تھم بین علوم لاشبۃ بھا و بین ظنون کاذبۃ لا یغني من الحق شیئاً ان سبکو جانے دو ان نادان مولویوں نے تو حضرت ابن عمر کے مقولہ پر بھی فتوی کفر کا دیدیا کیونکہ وہ بھی قران و حدیث کے سوا سبکو ھلاکت کا سبب بتاتے ہیں قال ابن عمر لجابر ابن زید ذلک من فقھاء البصرۃ فلا تفت الا بقران ناطق اوسنۃ ماضیۃ فانک ان فعلت غیر ذلک ھلکت و اھلکت *

چوتھا کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ہی کہ غلط خیال اجماع کا ثبوت اسلام نہیں ہی *

یہہ قول بلاشبہہ سید کا ہی اور بالکل ٹھیک اور ثبوت مسلمانوں کا سا ہی *

اجماع جیسا کہ ہم حقیقت اُس کی † چند مرتبہ لکھہ چکے ہیں ایک غلط خیال ہی کیونکہ جو امر نص صریح یا حدیث متواتر یا مشہور یا صحیح سے ثابت ہو اُس کے لیئے وہ نص اور حدیث حجت ہی نہ اجماع اور جو امر منصوص نہیں ہی اُس پر اجماع کا دعوی ہی ایک غلط دعوی ہی اِس لیئے کہ کوئی غیر منصوص مسئلہ آج تک ایسا نہیں ہی جسپر اجماع ہوا ہو من ادعی فعلیہ البیان اور اگر غیر منصوص مسائل کی نسبت اجماع کے انکار سے سید کافر ٹھہرایا گیا ہی تو اُن سے بڑھ کر بڑے کافر اُنکے ہمنام امام احمد ٹھہرینگے جنکا قول ہی من ادعی الاجماع فھو کاذب *

لو میں ایک اور بڑے کافر کا نام بتاتا ہوں جس نے سید سے بھی بڑھ کر لکھا ہی یعني امام ابو محمد علي بن احمد بن سعید اُلاندلسي قال الامام دعوی الاجماع في غایۃالفساد لانہ یبطل علیھم جمھور اقوالھم ویلزمھم ان لایلزموا زکوۃ الاحیث اوجبھا الاجماع و لافریضۃ حج او صلوۃ الاحیث صح الاجماع علی وجوبھا و لاسرد الزناۃ الا حیث جمعت الامۃ انہ زناۃ و من لزم ھذا المذھب خرج من دین الاسلام بلاشک *

ہم بہ سبیل تسلیم و تنزل اب یہہ کہتے ہیں کہ اگر اجماع ثابت بھی ہو کسی غیر منصوص مسئلہ میں تو وہ ایک امر ظني ہوگا نہ یقیني اور ظني مسئلہ ثبوت اسلام کا مسئلہ نہیں ہوسکتا کیونکہ اسلام امر یقیني ہی نہ ظني اسي لیئے امام الحرمین ابوالمعالي نے فرمایا ہی کہ کیف تکفر من خالف الاجماع و نحن لانکفر من رد اصل الاجماع اس آخري زمانہ کا ایک بیچارہ مولوي بھي سید کا ساتھي ہی جس نے اپني کتاب دراساۃ میں لکھا ہی کہ لیس في نفس اجماع الامۃ بمجردہ عندي مایوجب القطع *

† دیکھو مضمون تقلید و عمل بالحدیث جلد دوم اور اجماع جلد سوم تہذیب الاخلاق —

پانچواں کلمۃالکفر — سید کا یہہ قول ھی کہ قیاس ثبوت اسلام نہیں ھی *

پلا پہلو ثبوت اسلام کا ھی جس کے من اللہ ھونے میں ذرا بھی شک نہو اور جو کہ قیاس ایسا نہیں ھی اس لیئے وہ ثبوت اسلام بھی نہیں اگر یہہ قول کفر ھی تو تمام حنفیہ (نعوذباللہ منہا) کافر ھیں کیونکہ کوئی بھی قیاس کو امر یقینی نہیں کہتا نورالانوار میں لکھا ھی " القیاس ظنی " اور امر ظنی ثبوت اسلام نہیں ھوسکتا افسوس ھی ان کتنہ ملاؤں پر کہ " القیاس ظنی " بھی کہتے ھیں اور جو اُسے ثبوت اسلام نہ کہے اُسے کافر بھی ٹھہراتے ھیں ان یتبعون الاالظن و ان الظن لایغني من الحق شیئاً *

پھر سب سے بڑا کر امام شافعي کافر ھیں (و حاشا جنابہ من ثبوتالکفر) جنکا یہہ قول تھا کہ من استحسن فقد اراد ان یکون شارعاً و لاحجۃ في قول احد دون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ان کثروا لا في قیاس و لا في شی امام ابوحنیفہ رحمۃاللہ علیہ جنکي طرف سارے قیاسات اصول بزدوي اور منار اور اشباہ و نظایر کے منسوب کیئے گئے ھیں اور جنکا واقع میں اُن سے منقول ھونا بھی بشوبي ثابت نہیں خود فرمایا کرتے تھے کہ " ھذا رای النعمان بن ثابت " شعبي سب سے بڑا کافر ھی (و نعوذ باللہ منہ) جس نے قیاس کے ذھنوسلوں کي کثرت سے مسجد کا جانا چھوڑ دیا تھا اور اصحاب الراے کے سبب سے مسجد کو پاخانہ سے بدتر کہتا تھا (و نعوذباللہ منہ) قیل للشعبي الاتحضر المسجد فقال لقد ابغض الي ھولاء ھذا المسجد حتی صار ابغض الي من کناسۃ داري فقیل لہ من ھولاء یاابا عمرو فقال اصحاب الراے امام شعراوي کو تو میں بھول ھي گیا جو کفر میں سید کا شریک ھی حیث قال لایقوم معہ [اے مع الرسول] حجۃ و لاقیاس میرے نزدیک باوجود اس کے کہ خود مجتہدین کبار نے قیاس کو اصول دین سے نہیں ٹھہرایا اور نہ اپني راے اور سمجھہ کو کوئي حجت سمجھي اور سارے قیاسات و اصول کا یہہ ثبوت بھي نہیں کہ وہ ائمہ کبار کے قول ھیں اور سارے اصولي بلکہ کل مقلدین بھي قیاس کو امر ظني کہتے ھیں سید قیاس کو ثبوت اسلام نہیں کہتا تو اُس کے کفر میں کیا شبہہ ھی و کفوہ اذہ لایومن علی کل سرشار متشدق سماہ الشباہ الناس واراذلہم عالما ولم یعش فی العلم یوماً سالماً *

چھٹا کلمۃالکفر — سید کا یہہ قول ھی کہ اصول فقہ قواعد موضوعہ ھیں ثبوت اسلام نہیں ھی *

اس قول کا کلمۃالکفر ھونا بھي عجیب ھی ھم نہیں جانتے کہ کسي شخص نے آج تک قواعد موضوعہ اصول فقہ کو منصوص من الشارع سمجھا ھو علماء اسلام نے بلحاظ قواعد و طریقہ بیان عربي کي زبان کے اور بلحاظ اقسام دلالات کے جو صرف عقلي ھیں چند قواعد ایسے بنائے ھیں کہ اُن کے ذریعہ سے کتاب و سنت سے احکام استخراج کرتے ھیں اور وہ قواعد کچھہ کتاب و سنت ھي سے خصوصیت نہیں رکھتے بلکہ ھر ایک مضمون سے جو زبان عربي میں لکھا ھو اور ھر ایک کلام سے جو زبان عربي میں بولا جاوے علاقہ رکھتے ھیں جیسا کہ نورالانوار میں لکھا ھی " امام ان اصول الشرع ثلثۃ * * * و انمالم یتل اصول الفقہ لان ھذہ الاصول نما انما اصول الفقہ فکذلک ھی اصول الکلام ایضا " ملا مبین علیہ الرحمۃ لکھتے ھیں " ھر علم بقواعد یتوصل بہا الی استنباط مسائل الفقہ اے استخراج الا حکام الفقہیۃ ای مسائلہا من دلائلہا التفصیلیۃ " پس یہہ ضرور نہیں ھی کہ جو مسئلہ اُن اصول پر نکالا جاوے وہ بالکل صحیح ھي ھو بلکہ احتمال ھی کہ غلط استدلال کیا گیا ھو اور اس لیئے اُس کو ثبوت اسلام نہیں کہہ سکتے اگر اصول فقہ ثبوت اسلام سمجھے جاویں تو بڑي مشکل ھو شافعیہ حنفیوں کو حنفي شافعیوں کو کافر سمجھیں اسلیئے کہ اُن کے اصول فقہ باھم مختلف ھیں پس اسلام بھي ھمارے زمانہ کے مسلمانوں کا ایک عجیب اسلام ھی کہ اُنھیں باتوں کو جنکا ھدا اور ثبوت اسلام نہونا خود اُن کے امام و مجتہد کہتے ھیں اور جس کے ثبوت اسلام کہنے سے اُن کے ماننے ھوئے امام اور بزرگ کافر ھوئے جاتے ھیں جبکہ سید کے مونھہ سے نکلتے ھیں تو کفر ٹھہراتے ھیں *

اگر اصول فقہ کو قواعد مخترعہ کہنا اور اُس کو من اللہ نہ جاننا اور مثل ایات منصوصہ کے واجب القبول نہ سمجھنا کفر ھی تو بڑے کافر سید کے ھمنام امام احمد ھیں (و نعوذ باللہ منہ) جنکي نصیحت یہہ ھی لا تقلدني و لا تقلدن مالکا و لا الاوزاعي و لا النخعي و لا غیرھم و خذ الاحکام من حیث اخذوہ من الکتاب و السنۃ *

ابن حزم بیچارہ بھي کفر میں سید کا ساتھي ھی جسکا یہہ قول ھی کہ لا یحل لاحد ان یاخذ قول احد غیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم بلا برھان اور یہہ بات ظاھر ھی کہ اصول فقہ میں سے کوئي اصول من اللہ یا من الرسول نہیں ھی *

ساتواں کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ھی کہ خطاے اجتہادات ثبوت اسلام نہیں ھی *

اس کلمۃ الکفر میں بھي تمام مسلمان اور تمام حنفي داخل ھیں کیونکہ اجتہادیات کو کوئي حنفي امر یقیني نہیں سمجھتا بلکہ ظني

سمجھتے ھیں اور امر ظني تہیں یقیني ھوتا اِس لیئے کہ اسلام امر یقیني ھی نہ امر ظني قولہ الانوار میں لکھا ھی " و حکمہ الاصابۃ بغالب الرای ای حکم الاجتہاد المذکورہ قریبا او حکم القیاس المذکورہ فی الاجمال اصابۃ الحق بغالب الرای ھون الیقین حتی قلنا ان المجتہد یخطي و یصیب " پس کون شخص ھی جو خطای اجتہادیات کو تہیں مذھب اسلام سمجھتا ھی ھم نہایت افسوس سے کہتے ھیں کہ سید کي تکفیر کے فتوی نے لاکھوں مسلمانوں اور عالموں اور مجتہدوں اور اماموں کو کافر بنا دیا *

آٹھواں کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ھی کہ اکثر عالموں نے قرآن مجید کي حالت کي نسبت غلطي کي ھی *

یہہ قول سید کا سچ اور سراپا سچ ھی اور کوئي منصف مسلمان اِس سے انکار نہیں کرسکتا کہ عالموں نے قرآن مجید کي حالت کي نسبت ایسي ایسي غلطیاں کي ھیں کہ اگر وہ قول غلط نہ مانے جاویں تو ضرور قرآن کا غلط اور غیر منزل من اللہ بلکہ محرف ھونا اُس کا ماننا پڑیگا اگر سید اِس قول سے کافر ٹھہرتا ھی تو زھی نصیب اُس کے بعض عالموں نے قرآن کي نسبت ایسي روایتیں لکھي ھیں کہ جس سے ثابت ھوتا ھی کہ قرآن موجودہ نہ جامع ھی نہ مانع *

میں جامع نہ ھونے کي نسبت چند اقوال نقل کرتا ھوں علامہ سیوطي نے ابن عمر رضي اللہ تعالی عنہ کي طرف اِس قول کو منسوب کیا ھی کہ قال (ابن عمر) لایقل احدکم قد اخذت القران کلہ و ما یدریہ ما کلہ قد ذھب منہ کثیر اور حضرت عایشہ کي طرف اس قول کو منسوب کیا ھی کہ قالت کانت سورۃ الاحزاب تقرأ فی زمان النبي صلی اللہ علیہ و سلم مأتی آیۃ فلما کتب عثمان المصاحف لم تقدر منھا الا علی ما ھو الان اور ابي ابن کعب سے نقل کي گئي ھی کہ وہ فرماتے ھیں کہ یہہ آیت قران مجید سے نکل گئي ھی اذا زنا الشیخ والشیخۃ فارجموھا ھما البتۃ نکالاً من اللہ واللہ عزیز حکیم اور ابو موسي اشعري کي طرف سے یہہ روایت نقل کي گئي ھی کہ ھم ایک سورۃ پڑھا کرتے تھے کہ اب اُس میں سے صرف یہہ ایک آیت یاد رہ گئي ھی کہ یاایھاالذین آمنوا لم تقولون مالا تفعلون فتکتب شھادۃ في اعناقکم میںنے تیسوں پارے دیکھے یہہ آیت نہ ملي خدا جانے چھاپہ والے بھول گئے یا حضرت جبرئیل پھیر لیگئے علاوہ اس کے اُور بہت سي اغلر روایتیں جن سے قرآن کا جامع ٹھہرنا پایا جاتا ھی کتابوں میں بھري ھوئي ھیں *

قران کا مانع ٹھہرنا بھي حضرات علما کي مہرباني سے بخوبي ثابت ھی عبداللہ ابن مسعود کي طرف سے روایت کي گئي ھی کہ وہ سورۃ فاتحہ اور معوذتین کو قران نہ سمجھتے تھے کما قال الامام فخرالدین الرازي ان ابن مسعود کان ینکرکون سورۃ الفاتحۃ والمعوذتین من القران اور وہ اپنے قران میں اُن سورتوں کو لکھتے بھي نہ تھے اخرج احمد و ابن حبان عنہ (ای عن ابن مسعود) انہ کان لا یکتب المعوذتین في مصحفہ پھر اُن عالموں کو اسي پر سیري نہ ھوئي کہ عبداللہ بن مسعود کے انکار اور اپنے ھي قران میں ان سورتوں کے نہ لکھنے پر قناعت فرماتے بلکہ یہہ بھي لکھدیا کہ عبداللہ بن مسعود جس قران میں ان سورتوں کو لکھا پاتے مٹا دیتے تھے عن ابن یزید النخعي کان عبداللہ بن مسعود یحک المعوذتین من المصحف و کان عبداللہ لا یقرأ بھما *

ایسے عالموں کے قولوں پر جنھوں نے قران کو تفتہ کے دیوان سے بھي زیادہ غیر جامع مانع بتا دیا اگر سید نے کہا کہ اکثر عالموں نے قران مجید کي حالت کي نسبت غلطي کي ھی تو بڑا شبہہ بڑا کفر کیا مگر وہ محقق عالم بھي سید کے ساتھي ھیں جنھوں نے ایسي روایتوں کو بالکل غلط اور پوچ اور راویوں کو جھوٹا ٹھہرایا ھی اور کہا ھی کہ یہہ اقوال عبداللہ بن مسعود پر تہمتیں ھیں *

مگر افسوس کہ ھمارے زمانہ کے کٹھہ ملاؤں کي طرح اگلے زمانہ میں بھي یہہ حمایت قران کي سند نہ ھوئي بلکہ راویوں کي حمایت پر آمادہ ھوئي جیسا کہ ابن عمر نے فرمایا کہ قد صح عن ابن مسعود انکار ذلک اور علامہ سیوطي نے لکھا کہ اسانیدھا صحیحۃ اور اُسي ابن عمر نے یہہ بھي لکھا کہ فقول من قال انہ کذب علیہ مردود والطعن فی الروایات الصحیحۃ لا یقبل بل الروایۃ صحیحۃ *

پھر بعض عالموں نے قران مجید کي حالت کي نسبت ایسي غلطي کي ھی کہ جس سے ھرگز قران کا قران ھونا ثابت ھي نہیں ھوسکتا اور فصاحت کے اعجاز کا دعوی بھي باطل اور خدا کا بندوں سے توارد ثابت ھوتا ھی — اکثر عالموں نے لکھا ھی کہ فلاں صحابي نے فلاں بات کہي پھر اُسي طرح اُنھیں لفظوں اور اُسي عبارت سے خدا نے آیت نازل کر دي اگر یہہ بات مان لیجاوے تو کہاں رھتا ھی نزول قران کا خدا کي طرف سے اور کہاں باقي رھتا ھی دعوی اعجاز کا — اگر کسي کو اس جنس کي روایتیں دیکھنا ھو تو وہ اتقان اور درمنثور وغیرہ عمدہ کتابوں کو اُٹھالے خرمن کے خرمن اور ڈھیر کے ڈھیر اس نایاب متاع کے جس نے کفر کو بھي ارزاں کردیا ھی وہ پاویگا نمونہ اُس کا میں دکھاتا ھوں ابن ابي حاتم کي سند سے حضرت عمر سے روایت کي گئي ھی کہ اُنھوں نے فرمایا کہ منجملہ اُن باتوں کے

جن سے خدا نے میری موافقت کی ایک یہہ ہی کہ جب آیت لقدخلقنا الانسان من سلالة من طین نازل ہوئی میںنے کہا کہ فتبارک اللہ احسن الخالقین پس خدا نے اُسے ویسا ہی نازل کردیا کہ فتبارک اللہ احسن الخالقین سعد ابن قتادہ کی طرف نسبت کیا گیا ہی کہ حضرت عایشہ کی تہمت کی نسبت اُنھوں نے کہا کہ سبحانک ھذا بہتان عظیم پس بجنسہ انہیں لفظوں سے خدا نے یہہ آیت نازل کردی کہ سبحانک ھذا بہتان عظیم مصعب بن عمیر کیطرف سے روایت کی ہی کہ جب جنگ احد میں اُنکے ہاتھہ کٹ گئے اور پیغمبر صاحب کے شہید ہونے کی خبر اڑی تو وہ اڑتے جاتے تھے اور یہہ کہتے تھے کہ ما محمد الارسول قد خلت من قبلہ الرسل افان مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم بعد چند روز کے انہیں لفظوں سے یہہ آیت نازل ہوئی حضرت عمر کی موافقت خداسی اس آیت میں مشہور ہی کہ اُنھوں نے ایک یہودی سے کہا کہ من کان عدواً للہ و ملائکتہ و رسلہ و جبریل و میکال فان اللہ عدو للکافرین اور پھر نازل ہوگئی یہہ آیت اُسی طور پر جسطور پر کہ حضرت عمر کی زبان سے نکلی تھی سید کہتا ہی کہ یہہ تمام روایتیں اور نیز ایسی ہی اور بہت سی باتیں جو قران کی طرف منسوب ہیں محض غلط ہیں اور اُن عالموں نے قران مجید کی حالت کی نسبت غلطی کی ہی پس اگر سید اُن کے غلط کہنے پر کافر نہ بنے تو وہ جنت میں خدا کے پاس اپنے لیئے جگہہ کیونکر بناوے سبحان اللہ کیا اسلام ہی کہ جو ارگ قران کو نہ جامع مانیں نہ مانع نہ بندوں کے تراود سے ساتھہ خدا کے شرماویں اور حدیثوں اور تفسیروں کی کتابوں میں ایسی لغو اور ہیچ رواتیں اپنی سادہ لوحی سے بھر دیں اور اُن پر ایمان و اعتقاد رکھیں کو سارا کار خانہ اسلام کا جسکا مدار صرف قران پر ہی درہم برہم ہوجاوے وہ تر امام اور فقیہ اور محدث اور عالم ٹھہریں اور جو قران کی حمایت کرے وہ مولویوں کے کفر کے فتوی کا نشانہ بنے انکفرون الذی یعتقد ان القران کتاب منزل لایاتیہ الباطل من بین یدیہ و لامن خلفہ و لا یرمن علی من یحرف الکلم عن مواضعہ و ینطق فی القران بضبطہ و جہلہ *

ہاں ایک بات تر میں بھول گیا کہ ہمارے زمانہ کے علما قران مجید کے اُس غلطنامہ کی نسبت نعوذ باللہ منہا کیا فرماتے ہیں جو بڑے بڑے عالموں نے مرتب کیا ہی اور جس سے تفسیریں اور بڑی بڑی کتابیں بھری ہوئی ہیں کہ اُس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ بعضے مسلمان عالموں نے قران مجید کو کسقدر غلط اور محرف اور غیر صحیح ٹھہرایا ہی نمونہ اُس کا لکھتا ہوں *

صحیح آیت جو قران سے رہ گئی	غلط آیت جو قران میں ہی	سند غلطی کی
فی غلربہم الحمیة حمیة الجاهلیة کما حموا الفساد المسجد الحرام فانزل اللہ سکینة علی رسولہ	کما حموا — سے اخیر تک قران میں لکھنے سے رہ گیا	مستدرک حاکم اور در منثور سیوطی بروایت ابی ابن کعب *
صلوا علیہ و سلموا تسلیماً علی الذین یصلون الصفوف الاول	و علی الذین سے اخیر تک قران سے ندارد ہوگیا	اتقان بروایت حمیدة *
و هواب لهم و ازواجه امهاتهم	و هواب لهم قران مجید سے اُڑ گیا ...	حاکم ابن مردویہ بیہقی عبدالرزاق سعید بن منصور وغیرہ بروایت ابن عباس *
فامضوا الی ذکر اللہ	فاسعوا الی ذکر اللہ	موطاے امام مالک بروایت عمر بن خطاب *
انی انا الرزاق ذوالقوة المتین	ان اللہ هو الرزاق	صحیح ترمذی بروایت عبداللہ بن مسعود *
و وصی ربک	و قضی ربک	اتقان بروایت ابن عباس *
و النهار اذا تجلی و الذکر و الانثی ...	و الذکر و الانثی قران مجید سے ندارد ہوگیا	صحیح مسلم و صحیح بخاری و ترمذی بروایت ابو داؤد *
مثل نوراللہ من مشکوة	مثل نورہ کمشکوة	در منثور بروایت ابن عباس *

سید اپنے اُس مستحکم ایمان سے جو قران مجید پر رکھتا ھی اِس قسم کی روایتوں سے جن سے ایسی غلطی قران مجید کی ثابت ھوتی ھی انکار محض کرتا ھی اور سید پر کیا موقوف ھی علماء محققین نے بھی صاف انکار کیا ھی چنانچہ ایک محقق نے ان روایتوں کے ماننے والوں پر تعجب کرکے لکھا ھی کہ و ما اری مثل ھذہ الروایات الا من کید ازنا دقۃ فی ھذہ الا حادیث انماید بدون ان یکید والاسلام بمثل ھذہ الروایات مگر اُن نادان مولویوں کو کب یہہ بات گوارا ھوتی اِسلیئے ان محققین کی ایسی باتوں کی نسبت اُنھوں نے فرمایا کہ تکذیب المنقول یعد صحتہ لیس من داب اھل التحصیل *

اے میرے پیارے منصف نوجوان ذی علم مسلمانوں خدا کے لیئے انصاف سے سوچو کہ اسلام اس کا نام ھی کہ اُودھر تو ھم ایسے غلط نامہ کو بھی مانتے جاویں اور ان روایتوں کی صحت پر اصرار بھی کرتے جاویں اور ادھر پھر قران کی نسبت اعجاز اور فصاحت اور عدم تحریف کا دعوی بھی کرتے جاویں اور جو شخص مثل سید احمد کے اسلام کی محبت اور قران کی حمایت میں جیسا کہ خدا نے خود فرمایا ھی کہ نحن نزلنا الذکر وا نالہ لحافظون قران مجید کو ساری ان تحریفات اور غلطیوں سے پاک جانے اور ان چند لغو نامعقول غیر صحیح روایتوں کو جسکی نہ راوی کی صحت نہ سند کا ٹھکانا نہ مانے اور اُن لوگوں کو جنھوں نے ان روایتوں کو اپنی نادانی یا سادگی یا غلطی سے مان لیا معصوم نہ سمجھکر اُن سے مخالفت کرے اُسے کافر بناویں فما لھولاء القوم لا یکادون یفقھون حدیثاً ای خدا تو یہہ کفر جیسا کہ سید احمد کا ھی سب مسلمانوں کے داوں میں ایسا ڈال دے کہ جس سے اُن کی ساری تاریکی جاتی رھے *

تواں کلمۃ الکفر — سید کا یہہ قول ھی کہ تفسیریں یہودیوں کے قصوں سے بھری ھوئی ھیں اور رومن کیتھلک فرقہ سے اخذ کی گئیں ھیں *

یہی قول بعینہ حضرت ابو الامداد ابراھیم اور جناب ملا علی قاری اور حضرت علامہ سیوطی اور جناب حضرت اعمش اور جناب ابن حبان اور اَور بہت سے علماء کا ھی اور غالبا کل علماء متقدمین کا یہی مذھب ھی پس اگر اس قول سے سید کافر ھی تو وہ علماء اُس سے بڑھ کر کافر ھیں ھمارے مضمون تفسیر کو جو تہذیب الاخلاق میں چھپا ھی دیکھنا چاھیئے قال ابو بکر بن العیاش قلت لا عمش ما بال تفسیر مجاھد قال اخذ ھا من اھل الکتاب * * * قال ابن حبان کان [ای المقاتل امام المفسرین] یا خذ من الیھود و النصاری من علم القران ماہوا فق کتبھم [میزان الاعتدال ذھبی] پس اس زمانہ کے مفتیوں کو شرم کرنی چاھیئے کہ وہ کس کس بزرگ کی نسبت کفر کا فتوی دیتے ھیں *

دسواں کلمۃ الکفر — احادیث کی کتابوں کی کوئی حدیث قابل یقین نہیں ھی *

ھم نہیں جانتے کہ یہہ کسکا قول ھی غالبا کسی مفتی نے افترا کیا ھی سید کا قول یہہ ھی " کہ جب تک حدیث کی صحت بخوبی پرتال نہ لیجاوے اُس وقت تک اُس کی صحت تسلیم کرنی نہ چاھیئے کیونکہ ایسا کرنے سے اسلام میں خلل آتا ھی اور صرف اِس بات پر کہ یہہ حدیث فلاں کتاب میں مندرج ھی بھروسا کرنا محض بیجا ھی گو وہ کتاب صحیح بخاری ھی کیوں نہو " تہذیب الاخلاق جلد ۲ صفحہ ۱۷۰ *

ایک مقام پر اُنھوں نے لکھا ھی کہ احادیث بالمعنی اور احادیث در حکم مرفوع اور احادیث موقوف اور احادیث مقطوع اور احادیث معلق اور احادیث مرسل یا منقطع اور احادیث معضل اور احادیث مدلس اور احادیث مضطر اور احادیث مدرج اور احادیث معنعن تمام کتب احادیث میں یہاں تک کہ بخاری و مسلم میں بھی موجود ھیں پس جو کچھہ وہ کہتے ھیں اسیقدر کہتے ھیں کہ اس قسم کی حدیثوں میں سے کسی حدیث کو صرف اس وجہ سے کہ فلاں حدیث کی کتاب میں مندرج ھی حدیث نبوی کہنا نہیں چاھیئے بلکہ اُن اصول عقلیہ سے اُنکا امتحان کرنا لازم ھی اگر اُس میں بھی وہ ٹھیک اور پوری اُترے اُس وقت اُسکی نسبت حدیث نبوی ھونے کا ظن غالب کہنا چاھیئے کیونکہ اُس امتحان کے بعد بھی اس سبب سے کہ اُس حدیث کی روایت ھی اس قسم کی ھی جس سے حدیث نبوی ھونے کا ثبوت نہیں ھی اُس حدیث کو بالجزم اور بالیقین حدیث نبوی نہیں کہہ سکتے " تہذیب الاخلاق جلد ۲ صفحہ ۱۸۵ *

اس تحریر سے تو وہ قول نہیں نکلتا جو مفتیوں نے افترا کیا ھی شاید اُنھوں نے اُن بزرگوں اور عالموں کو کافر ٹھہرایا ھی جو خبر احاد کو مفید یقین نہیں سمجھتے اگر یہی ھی تو تمام مسلمان اور خصوص حنفیہ نعوذباللہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے لیکر تمام اُنکے مذھب کے مقلد یہاں تک کہ تکفیر کا فتوی دینے والے بھی کافر ھونگے کیونکہ حنفی مذھب یہی ھی کہ خبر احاد مفید یقین نہیں *

نور الانوار فی اصول المنار میں لکھا ھی خبر الواحد وھو کل خبر یرویہ الواحد او الاثنان فصاعدا *** و لا عبرۃ للعددیہ ان یکون دون المشھور والمتواتر یعنی فی القرون الثلثہ لعالم یبلغ روایۃ حد المشھور والمتواتو

فلاعبرة بعد ذلک بای قدر کان لان کلها سواء في ان لاتخرجه عن الاحادیة و انه یوجب العمل دون العلم الیقین بالکتاب *** و قیل لا عمل الا عن علم بالنص *** فلا یوجب العمل لانه لایوجب العلم او یوجب العلم لانه یوجب العمل لانتفاء اللازم او ثبوت الملزوم *

جن مولوي صاحبوں نے بخاري اور مسلم کي سب حديثوں کو قابل يقين يا لايق تحقيق نہ جاننے پر سيد کے کفر کا فتوی ديا هی اُنکو ميں مژدہ ديتا هوں کہ اُنهوں نے اپنے جد امجد پر جنکے نام سے فرنگي محل کي عزت هی يعني ملک العلما و فخر العلوم رضي الله عنه کو اس کفر کے فتوی کا اثر پهونچايا هی کيا غم هی اگر ايک ايسے نامي کے ساتهه ايک سيد بهي کافر ٹهرا *

شرح مسلم ميں ملک العلما صاحب نے ايک بڑي پر زور تقرير سے يهه لکها هی کہ ابن صلاح وغيرہ جو اپنے آپ کو اهل حديث سمجهتے تهے يهه خيال کرتے تهے کہ بخاري و مسلم کي روايت مفيد يقين هی اور يهه دليل لاتے تهے کہ اُنکي صحت پر اجماع هی يهه اُنکي نادانی هی جو شخص ذرا بهي سمجهه رکهتا هوگا وہ يهه نہ خيال کريگا کہ فقط بخاري و مسلم کي روايت هي يقين پيدا کرنے والي نهيں هی کيونکہ اُس ميں بهت سي مختلف اور متناقض حديثيں موجود هيں کہ اگر وہ دونوں مختلف حديثيں صحيح مانی جاويں تو اجتماع نقيضين کا ماننا پڑتا هی اور يهه خيال ابن صلاح وغيرہ کا جمهور فقها و محدثين کے برخلاف هی کيونکہ لوگوں نے يهه بات بلاشبهه مانی هی کہ اوروں پر بخاري و مسلم کو فضيلت هی مگر اس سے يهه بات لازم نهيں آتي کہ اُنکي روايت بهي مفيد يقين هو بلکہ بحالت صحت وہ صرف مفيد ظن هوگي اور يهه کهنا کہ اُن دونوں کي روايتيں پيغمبر خدا سے مسلسل ثابت هيں اس پر تو هرگز اجماع بهي نهيں هی کيف و لااجماع علی صحة جميع مافي کتابيهما لان روی فيهما منهم قدريون وغيرهم من اهل البدع وقبول روایة اهل البدع مختلف فيه فاين الاجماع علی صحة مرویات القدریة *

اس سے بڑه کر ميں امام فخر الدين کے ايک قول کا ذکر کرتا هوں جنهوں نے تحقيق روايت اور راوي کے صرف خلاف عقل هونے کے سبب سے ايک مشهور حديث کو غلط کهديا وہ خود لکهتے هيں کہ کسي نے مجهه سے پوچها کہ حديث جهوٹ بولنے ابراهيم کي ثابت هی ميں نے کها کہ غلط لوگوں نے کها کہ اس سے راويوں کي تکذيب لازم آتي هی ميں نے کها اے مشکين اگر راويوں کي هم تصديق کرتے هيں تو ابراهيم خليل کا جهوٹا هونا ثابت هوتا هی اور ميں ابراهيم کو جهوٹ سے بچانا بهتر سمجهتا هوں چند مجهول راويوں کي طرف جهوٹ کي نسبت هونے سے امام ابو حنيفه صاحب بهي (نعوذ بالله منهه) کافر هيں جو حديث لا يزني المومن الخ کو صرف اس وجهه سے کہ يهه حديث مخالف قران کے هی غلط ٹهرا چکے هيں چنانچهه ان قولوں کو هم تفسير و حديث اور تقليد کے مضمونوں ميں لکهه چکے هيں جنکو ديکهنا هو تهذيب الاخلاق ديکهه اے ميرے نزديک ان قولوں سے زيادہ کچهه اور قول سيد کا نهيں هی کہ وہ کافر هو جاوے اور يهه بڑے بڑے حضرات کفر سے بچ رهيں نهيں اول يهه بزرگوار پيچهے سيد *

گيارهواں کلمة الکفر — وجود شيطان نهيں هی *

يهه غلط هی کہ سيد وجود شيطان سے منکر هی هاں جسماني خارج من الانسان سے منکر هی اور اس قول ميں بهي اُسکے ساتهي بهت سے هيں ميں بڑي خوشي سے مبارکي ديتا هوں مولوي عبدالحي صاحب فرنگي محلي کو جنهوں نے انکار وجود خارجي شيطان سے سيد کے کفر پر دستخط کيئے هيں کہ اُن کے والد ماجد ملا عبدالحليم صاحب خدا اُن کو جنت ميں جگهه دے سيد کي طرح وجود خارجي شيطان سے انکار کرچکے هيں کما قال في شرح التسوية ان الشيطان غير خارج عن الانسان بل هو فيه کيا اس سے زيادہ سيد نے اور کچهه کها هی فنعم الرفاق بئسه و بئس ابيه *

کيا غم هی اگر سيد جنت ميں مولوي عبدالحي کے ساتهه نهوا نہ سهي دوزخ ميں اُن کے باپ کے ساتهه تو هوگا اور هوگي دونوں کي حالت جو کچهه هوگي اگر ايسے انکار سے کچهه هونے والي هی *

بارهواں کلمة الکفر — وجود ملائکہ نهيں هی *

يهه قول سيد کا نهيں هی اور وہ کسي ايسي مخلوق کے وجود سے انکار کرنے کي وجهه نهيں پاتے جو فارق الانسان هو هاں بلا شبهه اُس کا يهه يقين هی کہ ملک کے لفظ کا اُن قوای ملکوتي پر بهي اطلاق کيا گيا هی جو خود انسان ميں هيں پس جو کلمة الکفر اُس کي طرف نسبت کيا گيا هی اُس ميں اور اُس کے قول ميں زمين آسمان کا فرق هی *

تيرهواں کلمة الکفر — وجود آسمان نهيں هی *

ذالک افتراء بلا امتراء هرگز يهه قول سيد کا نهيں هی وہ هرگز آسمان کے وجود سے جس کا ذکر قران مجيد ميں آيا هی منکر نهيں هاں وہ آسمان کے اُن معنيوں سے جو يوناني کافر فلسفيوں نے تراديئے هيں اور جنکو مسلمانوں نے کافروں کي تقليد سے اپني ديني کتابوں ميں شامل کيا هی انکار کرتا هی و هذا هوالحق *

سب سے پهلے ايسے وجود آسمان کے انکار کرنے والے حضرت موسی عليه السلام هيں اُنهوں نے توريت ميں فرمايا هی

ויקרא אלהים לרקיע שמים و یعنی الوہیم لرقیع شمائیم یعنی فضا یا وسعت یا جوکا جسے پانیوں کے اُوپر خدا نے بنایا تھا آسمان نام رکھا — سب سے اول یہہ کلمۃالکفر حضرت موسی نے بولا ہی پس اس زمانہ کے مولوی حضرت موسی علی نبینا و علیہ الصلواۃ والسلام کو کافر بتاتے ہیں نہ صرف سید کو *

میں بھول گیا خدا نے بھی تو یہی کہا ہی و انزلنا من السماء ماء یعنی برسایا ہمنے جو میں سے پانی — اس جگہہ خدا نے بھی جو کو آسمان بتایا *

عبری لفظ شما اور عربی لفظ سماء اور فارسی لفظ آسمان کا اُن قوموں نے اُس نیلی نیلی گنبدی چھت کا نام رکھا تھا جو ہمکو دکھائی دیتی ہی اُس کا وجود ہمارے خیال میں معلوم ہوتا ہی الا حقیقت میں نہیں ہی زبان عرب میں بھی اُسی شی پر اور بلندی پر سماء کا اطلاق ہوتا تھا قران مجید بھی اُسی زبان اور اُسی لغت میں اُترا ہی جس کے معنی ہم وہی لیتے ہیں جو عربی زبان میں تھے اُس کے بعد اہل عام نے اُس کے دوسرے معنی قرار دیئے پس کیا وجہہ ہی کہ ہم اصلی معنی چھوڑ کر یونانی کافروں کے معنی اختیار کریں *

ہمکو ایک لفظ بھی ایسا قران مجید میں نہیں ملتا جو اُس حقیقت پر دلالت کرے جو فلاسفہ اور اصحاب ہئیات یونانی نے بیان کی ہی کہ انہا اجرام صلبۃ لا ثقیلۃ ولا خفیفۃ غیر قابلۃ للخرق والالتیام *

قران مجید میں جو لفظ آسمان کا ہی اُس کی نسبت دو قسم کی غلطیاں ہوئی ہیں ایک اُن مفسرین سے جن کو معقولات میں کچھہ دخل نہ تھا دوسری اُن مفسرین سے جو معقولی تھے پہلوں نے تو ہر لفظ کو قران کے اپنے عامیانہ خیالات اور سنی ہوئی کہانیوں پر ایسا منطبق کردیا کہ قران کو اپنے بیہودہ خیالوں کا مجموعہ بنادیا جیسا کہ بعضوں نے لکھا ہی کہ پہلا آسمان زمرد کا ہی دوسرا چاندی کا تیسرا یاقوت وغیرہ وغیرہ کا اور موٹائی ہر آسمان کی اور فاصلہ اُن کا پانچ پانچ سو برس کا ہی پھر بعضوں نے مطابق دستور کے ان کہانیوں کو رسول مقبول سے بھی منسوب کردیا اور غلط غلط روایتوں کا ایک سلسلہ بناکر کہدیا کہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (و حاشا جنابہ عن ذالک) انہیں نادانوں نے فتحنا ابواب السماء سے یہہ خیال کیا کہ اُن کے گھروں کے سے پرنالے یا موریاں یا کھڑکیاں آسمانوں میں بھی ہیں جن کو خدا نے طوفان کے وقت کھولدیا تھا رفع السموات بغیرعمد کے لفظوں کی یہہ تفسیر کی کہ آسمانوں کے ستون ہیں جو کہ پہاڑوں پر رکھے ہوئے ہیں مگر انکھہ سے دکھائی نہیں دیتے پھر والسقف المرفوع کے لفظوں سے تو اکثر مفسرین نے یہہ بات ثابت کی ہی کہ جیسے اُن کے دالان کی مسطح چھت ہی ویسے ہی آسمان بھی مسطح چھت کے موافق ہی اور جن لوگوں نے آسمان کی کرویت کا دعوی کیا ہی اُنہیں اِن بزرگواروں نے کافر ٹھہرایا ہی *

الغرض ایک دفتر چاہیئے کہ ہم ان ظاہر بینوں نادانوں کے قولوں کو نقل کریں اس جگہہ پر ایک نمونہ دکھا دیا ہی مگر ان لوگوں کی نادانیوں کا اظہار اُن مفسرین نے کردیا جو کسیقدر منقول سے واقف ہوئے اور صاف کہدیا کہ جو کچھہ یہہ لوگ سمجھتے ہیں وہ قران کے لفظوں سے ثابت نہیں صرف اُن کی غلط فہمی ہی دوسری قسم کی غلطی جو اُن معقولی مفسرین سے ہوئی کہ اُنہوں نے یونانی ہیئات کو تفسیروں میں داخل کردیا مگر ان عالم مفسرین نے یہہ دعوی نہیں کیا کہ یہہ ضرور ان لفظوں سے ثابت ہوتا ہی بلکہ قران کا اعجاز تو یہہ ہی کہ صدہا برس پہلے محقق مفسرین اُس وجود فرضی آسمان سے انکار کرچکے ہیں جو یونانی فلسفیوں نے خیال کیا تھا چنانچہ امام رازی بھی سید کے ساتھہ کافر ہیں کہ اُنہوں نے لکھا ہی السماء عبارۃ عن کل ما ارتفع — پھر یہہ بھی لکھا ہی فلک کے معنی میں او دائرۃ یفعلہا الکرکب بحرکتہ میں سید کو خوشخبری سناتا ہوں کہ ہزار برس ہوئے کہ ایک بڑا مفسر بھی کفر بک گیا ہی جو وہ لکھتے ہیں یعنی ضحاک رضی اللہ عنہ کما قال الامام فی تفسیرہ الکبیر الفلک لیس بجسم و انما ہو مدار ہذہ النجوم و ہو قول الضحاک پس جب اتنے بڑے بڑے بزرگان دین ان فکروں سے کافر قرار پاتے ہیں تو سید احمد کو ایسے کفر سے کیا ڈر ہی *

چودھواں کلمۃالکفر — سید کا یہہ قول ہی کہ طوفان نوح عام نہ تھا *

کسی آیت قران مجید سے طوفان کا عام ہونا ثابت نہیں ہی اور نہ اُس کا عام ہونا منصوص قرانی ہی مفسرین نے روایات یہود سے طوفان عام سمجھہ کر تفسیروں میں لکھدیا ہی پس اگر یہودی روایتوں کے نہ ماننے سے سید پر کفر لازم آتا ہی تو مجبوری ہی خدا رحم کرے *

پندرھواں کلمۃالکفر — بعثت حضرت نوح عام نہ تھی *

یہہ سید کے لفظ نہیں ہیں اُس کے لفظ یہہ ہیں کہ " عذاب اُسی قوم کے لیئے آیا تھا جس کے لیئے حضرت نوح بھیجے گئے تھے " اور یہہ قول اُن کا نہیں ہی بلکہ خدا کا قول ہی جہاں اُس نے فرمایا ہی و بعثنا نوحاً الی قومہ اور پھر فرمایا ہی و نصرناہ من القوم الذین کذبوا بایتنا انہم کانوا قوم سوء فغرقنہم اجمعین *

سید تو نبوت کو خاص سمجھتے ھي نہیں اُن کا یہہ مذھب ھی کہ اگر بمثل کسي نبي کي کسي خاص قوم کے لیئے ھو تو بھي نبوت اُس نبي کي عام ھوتي ھی موسی اور ھارون پر جو ایمان لایا اُسنے نجات پائي کچھہ خصوصیت بني اسرائیل کي نہیں تھي نبوت اور چیز ھی اور بعثت اور چیز ھی مگر سید کي ان باریک باتوں کے سمجھنے کے لایق اس زمانہ کے کٹ ملاؤں کا مغز نہیں ھی *

سولھواں کلمۃالکفر — سید کا یہہ قول ھی کہ پرند منخنقہ جسکو ذعاری نے گلا گھونٹ کر مار ڈالا حلال ھی *

اس قول کے قایل چند اور عالم بھي مثل قاضي ابن عربي اور عبداللہ العجار کے ھیں اور اس کي نسبت ایک مفصل مضمون محاکمہ طعام اور سوال الآبادي کے جواب میں ھم لکھہ چکے ھیں دیکھہ لے جس کا جي چاھے سید اس مسئلہ میں بھي تنہا کافر نہوسکیگا *

سترھواں کلمۃالکفر — سید کا قول ھی کہ معراج ایک خواب ھی *

یہہ قول سید کا نہیں ھی بلکہ حضرت امالمومنین عایشہ صدیقہ اور حذیفہ اور معاویہ اور اَور بہت سے اگلے عالموں کا ھی اور حسن بصري کا بھي ایک قول یہي ھی کہ معراج ایک سچا خواب ھی اور ابن عباس کا بھي یہي مذھب معلوم ھوتا ھی پس اس زمانہ کے مولوي صرف سید ھي کو کافر نہیں بتلاتے بلکہ ان سب بزرگوں کو کافر بتلاتے ھیں *

* شفاء قاضي عیاض میں لکھا ھی " فذھب طایفۃ الی انہ اسری بالروح و انہ رویا منام مع اتفاقھم ان رویا الانبیاء حق و وحي و الی ھذا ذھب معاویۃ و حکي عن الحسن والمشھور عنہ خلافہ و الیہ اشار محمد ابن اسحاق تفسیر کبیر میں لکھا ھی " و حکي عن محمد بن جریرالطبري في تفسیرہ عن حذیفۃ انہ قال ذالک رویا و انہ ما فقد جسد رسول اللہ صلعم و انما اسری بروحہ و حکي ھذاالقول ایضا عن عایشۃ و عن معاویہ *

بخاري میں ھی " عن ابن عباس في قولہ تعالی و ما جعلنا الرویا التي اریناک الا فتنۃ للناس قال ھي رویا عین اریھا رسول اللہ صلعم لیلۃ اسري بہ الی بیت المقدس *

اٹھارواں کلمۃالکفر — تصویر کھینچنا جایز ھی *

یہہ قول محض جھوٹ و افترا ھی اس لیئے کہ اب تک سید نے نسبت جواز یا عدم جواز تصویر کشي کے ایک حرف نہیں لکھا ھی اور نہ ایک لفظ کہا ھی *

خاتمہ

افسوس ھی کہ جناب مولوي حاجي سید امداد العلي صاحب نے ایک سید کے کفر کے لیئے علماء مذھب امامیہ سے بھي فتوی لیا ھی اور بطور استدلال اُسکو چھاپا ھی مگر علماء امامیہ حضرت ابوبکر و عمر و عثمان کي تکفیر کا بھي فتوی دیتے ھیں غالباً جناب حاجي صاحب اُس کو بھي مستند سمجھتے ھونگے افسوس جناب مولوي سید امداد العلي صاحب کا حال سید کے حسد میں اس شعر کا مصداق ھوگیا —

اُس نقش پا کے سجدہ نے کیا کیا کیا ذلیل
وہ کوچہ رقیب میں بھي سر کے بل گیا

راقم
مہدیعلي

نمبر ۱۶۲

پنجاب

روئداد سب کمیٹي کانگڑہ

تقریر خان بہادر محمد حیات خاں صاحب بہادر ستارہ ھند اسسٹنٹ کمشنر بہادر ضلع کانگڑہ جو ۱۴ ستمبر سنہ ۱۸۷۳ ع کو مسلمانوں کي جماعت میں کي گئي *

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین بعد حمد و ثناے رب العالمین و نعت ختم المرسلین *

اے برادران دین قبل اس کے کہ میں آپ کو آج کي اس نیک مجلس کے جمع ھونے کي وجوہ بیان کروں یہہ اطلاع دینا واجب سمجھتا ھوں کہ آج کا یہہ جلسہ نہ کسي سرکاري مطالب کي غرض سے ھی نہ آج کے مجمع میں کوئي کارروائي بحیثیت منصب سرکاري ھوگي *

اس مجلس میں میرا منصب بدون اس کے کہ جیسا اور اسلام کے خیر خواہ بھائیوں کو ھی اور کچھہ نہیں ھی اس واسطے میري تقریر کا کوئي لفظ یا میري اس استدعا کا کوئي جزو بحیثیت منصب سرکاري نہیں سمجھنا چاھیئے *

اے برادران اسلام یہہ جلسہ صرف اس مراد سے ھی کہ آپ کے سامنے وہ خستہ حالت مسلمان برادران وطن کي بیان کروں جو دیني بھائیوں کے واسطے قابل امداد و توجہہ ھی *

آپ میں سے بعض صاحبان جن کو اتفاق اخباروں کے ملاحظہ کا اور ھند کي تعلیم اور ترقي کي وجوہ دریافت کرنے کا حاصل ھی اُن کو معلوم ھوگا کہ في زمانہ حال ھمارے مسلمان بھائي ھند کے کیسي

ابتر اور خستہ حالت میں ہیں جدھر دیکھو مسلمانوں کا گروہ افلاس اور بیکسي سے گھرا ہوا ہی — کچھہ ضرور نہیں کہ میں یہہ درد ناک حالت زیادہ صراحت سے بیان کروں کیونکہ اس کا ثبوت پدیہي صورت و حالت مجموعي اہل اسلام ہند سے ظاہر ہی کہ بسبب عدم تعلیم ہمارے پاک مذہب کا نامور گروہ دیگر مذاہب کے برادران وطني سے ہر مفید معاملہ میں بہت پیچھے ہي نظر آتا ہی اور یہي سبب افلاس کا ہی تجارت اور دیگر اس قسم کي معاش کے وسائل ہماري دیگر ہمعصر قوموں کے ہاتھہ میں ہیں اور ہمارے پاس سوائے اس کے کہ خزانہ عزت اسلامي ہمارے ہاتھہ میں ہی اور کچھہ نہیں رہا *

اُس لازوال خزانہ کو ہم ایسے ناقص طریق سے استعمال میں لاتے رہے کہ ہمنے برخلاف اپنے اوالعزم بزرگوں کي برتري اور ناموري کے وسایل جو اس امن کے زمانہ میں صرف تعلیم علم ہي سے حاصل ہوسکتے ہیں چھوڑ دیئے ہیں پس ایسي صورت میں اگر افلاس اور بدنامي اس نیک نام گروہ کو حاصل ہوے تو عجب نہیں ہی — اور اگر اس کا اب بھي علاج نہ کیا جاوے تو یہہ مہلک مرض ہمکو بالکل نیست و نابود کردیگا *

اگرچہ سرکار عالي نے اپنے اُس فرض کو جو ایک شہنشاہ کو اپنے مختلف مذاہب کي رعیت کي نسبت پورا کرنا چاہیئے عالم گیر تعلیم کے وسایل ہند میں مہیا کرنے سے کسي قدر پورا کیا — خصوصاً اہل اسلام کي قابل رحم حالت پر خیال کر کے جو سرکار ہند نے گذشتہ اگست میں رزولیوشن واسطے ترقي تعلیم مسلمانان جاري کیا اُس کا سب مسلمانان کو دل سے شکریہ لازم ہی مگر وہ تعلیم —

[۱] کچھہ تو اس سبب سے کہ اُس میں ہمارے بچوں کي ابتدائي تعلیم اسلام کے مذہبي احکام سے شروع نہیں ہوتي *

[۲] اور کچھہ وظیفہ خور میانجي کے گروہ کے لغو توہمات ڈالدینے سے پورے طور پر مسلمانوں کے واسطے کارگر نہیں ہوئي گو بہت کچھہ فائدہ بخش ہی *

اس میں سے امر اول ایک ایسا سقم ہی کہ جس کي اصلاح پر ضرور ہی اور جب تک اُس کي اصلاح نہو تب تک بے شک اہل اسلام کي تعلیم کو کامل ترقي نہیں ہوسکتي اسلام کا علم ادب اور اخلاق ایک ایسا پاک علم ہی جو ہمکو اپنا پاک مذہب سکھاتا ہی اور جس کا سیکھنا ہم پر مذہباً بھي فرض ہی اس علم سے میري صرف یہہ مراد نہیں ہی کہ منیا اور قدوري پڑہ کر عالم مشہور ہوجانا جن کي نسبت نیم ملا اور نیم حکیم کي مثال صادق آتي ہی میرا مطلب یہہ ہی کہ ہمارے مسلمان بھائي اور اُن کي اولاد دین اور دنیا دونوں کے عالم ہوں — پس یہہ امر تب تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک کہ ایک اسلامیہ دارالعلوم ہماري قوم کي طرف سے ہمارے وطن ہند میں مذہبي اصول اور دنیاوي ضرورتوں کے لحاظ سے قایم نہو *

جیسا کہ ابھي بیان ہوا کہ بسبب مصلحت ملکداري سرکار جس کي رعیت مختلف مذاہب کے لوگ ہیں ہر ایک مذہب کي تعلیم کے سامان مہیا نہیں کرسکتي پس ضرور ہوا کہ ہم خود بھي جاگیں اور اپني بہبودي کي طرف توجہ کریں *

خدا کا احسان ہی کہ ایک شخص شریف سید جو مسلمانوں کا سچا خیر خواہ ہی اُس نے اپنے برادران دیني کي تباہ حالت دیکھہ کر اس طرف توجہ کري ہی *

وہ ستارہ ہند جس کو میں اُس کے نیک ارادوں کے سبب سے سچي محبت کے ساتھہ آفتاب ہند کہتا ہوں سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي ہی جس نے اپنے آرام اور جان و مال کو ملک کي بھلائي کے واسطے وقف کردیا ہی اس سید کي تحریک سے اور دیگر اوالعزم برادران اسلام کي ہمت سے بہت کچھہ جہان بیں کے بعد یہہ تجویز قرار پائي کہ ہند میں ایک دارالعلوم اسلامیہ قرار پاوے — جس میں دین اور دنیا دونوں علوم کي تعلیم پوري اور اعلی درجہ تک اہل اسلام حاصل کریں — اور جب وہ قایم ہوچکے تو اُس کي شاخیں اطراف ہند میں قایم ہوتي جاویں جن میں ابتدائي تعلیم ہو اور انتہائي تعلیم اور درجہ فضیلت اس دارالعلوم سے حاصل ہو اور خداوند کریم کے فضل سے وہ تعلیم مسلمانوں کي کامیابي دارین کا ذریعہ ہو *

پس جیسا کہ اس بزرگ کام کي حیثیت سے ظاہر ہوتا ہی ایسے بزرگ دارالعلوم کے قایم ہونے کے واسطے (جو خدا کي بخشش سے ہمیشہ لازوال صورت سے قایم رہے) رقم کثیر کي ضرورت پڑي جس کے سرمایہ سے ایسي آمدني کي سبیل ہو جو ہمیشہ اس دارالعلوم کي کارروائي کو قایم رکھہ سکے اور اس لیئے لابد ہی کہ تمام مسلمان برادران ہند جن کے دین و دنیا کي تقویت اور آیندہ پشتوں کے فرزندوں کي بہبودي کے واسطے یہہ تجویز ہی اس نیک کام میں شریک ہوں اگرچہ اس وقت مجھکو بسبب نہ موجود ہونے رپورٹ کمیٹي اولین کے ٹھیک تعداد یاد نہیں مگر غالبا یہہ قرار پایا کہ کم سے کم دس لاکھہ روپیہ سرمایہ کي ضرورت ہوگي *

ہمارے مسلمانوں کي مشہور ہمدردي اور اوالعزمي سے یہہ رقم کچھہ بھي زیادہ نہیں معلوم ہوتي — اور خدا کے فضل و کرم سے توقع ہی کہ سب مسلمان بھائي ہند کے اس خیرات میں جو محض في سبیل اللہ ہی دل کھولکر ثواب حاصل کرینگے اور یہہ بھي اُمید ہی کہ ہماري مہربان سرکار اس ہمارے نیک ارادے کو اپني بخشش شاہانہ سے گرینٹ ان ایڈ کے قاعدہ پر مدد بھي دیگي جیسا کہ ہمارے فیاض گورنر جنرل صاحب بہادر نے اپني جیب خاص سے

دس ہزار روپیہ کا عطیہ عطا فرمایا ہی اگرچہ ابتداء میں بعض ہمارے دیني بھائیوں نے سید احمد خاں کي بعض بعض تجاویز کي نسبت کچھہ کچھہ اعتراض بھي کیئے جن کا یاد کرنا بھي لاحاصل ہی — الا خداوند کریم کا شکر ہی کہ وہ نامہربان بھائي بھي اپني غلطي کو سمجھہ کر کچھہ راہ راست پر آنے لگے اس عرصہ میں سید موصوف کي کارروائي پنجاب کے معزز اہل اسلام نہایت غور سے دیکھتے رہے اور جب اُن کو معلوم ہوا کہ سید احمد خاں کا مطلب سوائے بہبودي اہل اسلام اور کچھہ نہیں ہی تو ہر ایک فہمیدہ مسلمان کے دل میں یہہ اُمنگ اُٹھي کہ اس نیک کام میں سب کو دل سے شریک ہونا چاہیئے — چنانچہ لاہور میں جناب نواب نوازش علي خاں صاحب بہادر قزلباش — خاں بہادر محمد برکت علي خاں صاحب — نواب عبدالمجید خاں صاحب — نواب غلام محبوب سبحاني صاحب — شیخ سندھي خاں صاحب — سید عالم شاہ صاحب اور فقیر سید نورالدین صاحب اور دیگر رؤساے کي الوالعزمي اور ہمت سے یہہ تجویز قرار پائي کہ سید صاحب آیندہ جاڑے کے موسم میں لاہور تشریف لاویں اور پنجاب کے مسلمان بھائیوں کو بھي اس نیک کام میں شریک ہونے کي دعوت کریں غالباً دسمبر کي تعطیلوں میں خطہ پنجاب اُس بے ریا سید کے قدوم میمنت لزوم سے مفتخر ہوگا اور اُمید ہی کہ پنجاب کے مسلمان بھائي اپنے نامور ملک کي عزت کو نہایت فیاضانہ بخشش سے تصدیق کرینگے الا میري راے میں یہہ بہتر ہی کہ اُن کے تشریف لانے سے پیشتر کچھہ کچھہ کار روائي شروع ہو جاوے نیک کام میں تاخیر واجب نہیں اس لیئے میري دلي خواہش ہی کہ پنجاب میں کانگرہ کے برادران اہل اسلام ایک سب کمیٹي واسطے امداد مدرسۃالمسلمین بنانے میں اول ثواب حاصل کریں اور چونکہ میں صدر کمیٹي خزانۃالاضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین کا ممبر ہوں بموجب اُس اختیار کے جو کمیٹي صدر کے اجلاس سے منظور ہوا میں آپ صاحبوں میں سے —

منشي احمد شاہ صاحب تحصیلدار کانگرہ *

منشي غلام علي خاں سپروایزر *

مرزا نواب خاں صاحب رئیس رہلو *

شیخ محمد بخش صاحب تاجر *

مولوي فیروزالدین صاحب *

حافظ عمرالدین صاحب *

محمد اکبر خاں صاحب *

محمد علي صاحب —

کو اس سب کمیٹي کے ممبر منتخب کرتا ہوں بشرطیکہ آپ صاحبان اس نیک کام میں بخوشي خاطر شریک ہونا پسند کریں *

اس تقریر کے ختم ہونے پر سب صاحبان منتخب نے بطیب خاطر ممبري سب کمیٹي کي منظور کري اور سب کے اتفاق اور اصرار سے واسطے شروع کارروائي کے میر مجلس خان بہادر جناب محمد حیات خاں صاحب بہادر سي ایس آئي اور سکرٹري منشي احمد شاہ صاحب تحصیلدار کانگرہ اور اسسٹنٹ سکرٹري منشي محمد علي صاحب شرف مقرر ہوئے *

تتمہ تقریر خان بہادر محمد حیات خاں صاحب بہادر سي ایس آئي صدر مجلس

اے صاحبان حاضرین چونکہ اب خدا کے فضل و کرم سے سب کمیٹي اسلامیہ حسب ضابطہ معینہ صدر کمیٹي اسلامیہ ہند مقرر ہوگئي اس واسطے بہتر ہی کہ ابھي سے کارروائي سب کمیٹي کي جو فراہمي چندہ ہی شروع کي جاوے *

خاتمہ پر میں چند کلمہ اور کہنا چاہتا ہوں *

اے صاحبان یہہ چندہ جس کو خیرات اور اداے زکوٰۃ کہنا چاہیئے وہ چندہ نہیں ہی کہ جس سے کسي یادگار کے واسطے کوئي تعبد بنائي جاوے یا کسي حاکم کے خوش کرنے کے لیئے کسي اور کام کے واسطے پیش کش کیا جاوے اس خیرات سے اگر رضا مندي متصور ہی تو اُسي خالق برحق مالک الملک کي ہی جس کي مخارق کي ہمدردي میں بہتري کي نیت سے دیا جاویگا اور اگر خوشي ہی تو اُن خیرخواہان اسلام کي ہی جو اپنے دیني بھائیوں کي ابتري کو چشم حسرت اور عبرت سے دیکھہ رہے ہیں اور اس تک و دو میں ہیں کہ اُن کو علم کے خزانہ لا زوال سے مالا مال کردیں *

پس ہم کو اس نیک کام میں ہاتھہ کھولتے وقت یہہ نیت کرني چاہیئے کہ ہم اپنے مال کي زکوٰۃ دیتے ہیں جس کا ادا کرنا ہمارے اوپر فرض عین ہی اور اُس سے کوئي زیادہ دیرے تو خیرات کي نیت سے *

مینے بڑے محقق عالموں سے تحقیق کرلیا ہی کہ اس دارالعلوم اسلامیہ کے واسطے روپیہ دینا زکوٰۃ کي نیت سے زکوٰۃ ادا ہوجاتي ہی اور اب اس نیک مجلس میں عالم اجل حافظ صاحب موجود ہیں جس کو کچھہ شک ہی اُن سے تحقیق کرلے — بسم اللہ کیجیئے *

ایک ماہ کي آمدني اس نیک کام میں جس کي نسبت وہ در دنیا ستر در آخرت مشہور ہی وقف کرنا کچھہ بڑي بات نہیں ہی خداوند کریم توفیق رفیق کرے اور خدا ہمارے نیک کاموں میں برکت دیوے اور ہمارے ہند کے اہل اسلام کو اپني عادل شاہنشاہ ملکہ معظمہ کي سلطنت کي وفادارانہ نمک حلالي کے ساتھہ روز افزوں عام اور دوام عطا فرماوے الہم رینا آمین *

اس نہایت موثر اور دلچسپ تقریر کے خاتمہ پر حافظ مولوی عمرالدین صاحب نے فقہ کی نہایت معتبر کتابوں سے ثبوت دیا کہ مدرسۃ المسلمین کے واسطے جو روپیہ ادائے زکوٰۃ کی نیت کرکے دیا جاوے وہ زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہی اور جو خیرات کے نام سے دیا جاوے وہ خیرات بطور خیرات شرعی کے قبول ہوتی ہی اور چند آیات شریف اور مسایل نسبت تاکید ادائے زکوٰۃ سنائے تب منشی احمد شاہ صاحب سکرٹری نے فہرست واسطے اندراج چندہ پیش کری اور چندہ درج ہونا شروع ہوا *

فہرست چندہ

خان بہادر جناب محمد حیات خاں صاحب		
سی ایس آئی	...	صام
منشی احمد شاہ صاحب تحصیلدار کانگڑہ		ماکہ
منشی غلام علی خاں سپر وایزر	...	ماکہ
مولوی فیروزالدین صاحب	...	ماکہ
شیخ محمد بخش صاحب تاجر	...	صہ
منشی محمد علی صاحب شرف	...	صہ

سب حاضرین اور مہمان کی خواہش سے یہہ قرار پایا کہ یہہ چندہ تین قسط پر ادا کیا جاوے — پہلی قسط ابھی جمع ہونی چاہیئے *

دوسری دو قسط دو سال آیندہ میں دی جاویں یہہ تجویز ہوئی کہ ممبران چندہ کی فراہمی میں صاحبان اہل اسلام سے کوشش کریں اور جس قدر چندہ فراہم ہوتا جاوے صاحب سکرٹری سب کمیٹی کے پاس بھیجتے رہیں *

تجویز ہوئی کہ آج کی پریسیڈنگ کی نقل معہ نقل فہرست چندہ سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی سکرٹری صدر کمیٹی کی خدمت میں بھیجی جاوے اور ایک نقل خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب کی خدمت میں اس مراد سے بھیجی جاوے کہ پنجاب کی صدر سب کمیٹی لاہور کی جب مقرر ہو تو اُس میں پیش کی جاوے *

تجویز ہوئی کہ آیندہ جو چندہ درج فہرست ہوتا جاوے ماہواری پر اسم وار تفصیل صدر کمیٹی میں بھیجی جاوے *

اخیر پر میر مجلس کا شکریہ ادا کرنے کے بعد سب حاضرین نے جسمیں علماء اور فضلاء شامل تھے بعجز و نیاز تمام بارگاہ رب العالمین اور مسلمانوں کو علوم دینی اور دنیاوی سے بہرہ کامل نصیب ہو اور ہمارے بادشاہ وقت کو مسلمانوں کی بیکس حالت پر مہربان فرمائے *

آمین

تب مجلس فرحاں و خنداں برخاست ہوئی *

دستخط احمد شاہ
سکرٹری

مضمون نمبر ۱۶۳

روئداد

اجلاس ممبران مجلس خزنۃ البضاعۃ لتاسیس مدرسۃ العلوم للمسلمین

منعقدہ ۲۲ ستمبر سنہ ۱۸۷۳ع

نمبر ۱۹

پریسیڈنٹ

مولوی سید مہدی علی صاحب *

ممبران موجودہ

شیخ غلام علی صاحب *

مولوی محمد عارف صاحب *

مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب *

سید محمد حامد صاحب *

سکرٹری

سید احمد خاں صاحب بہادر سی ایس آئی *

اجلاس شروع ہوا اور روئداد اجلاس منعقدہ ۱۵ اگست سنہ ۱۸۷۳ع نمبر ۱۸ جو بدستخط سکرٹری مرتب و کتاب روئداد میں مندرج تھی ملاحظہ ہوئی *

سکرٹری نے بعض اخبارات جسمیں تذکرہ مدرسۃ العلوم مسلمانان کا تھا اور تہذیب الاخلاق مورخہ ۱۵ جمادی الاول سنہ ۱۲۹۰ ھجری جسمیں سوال و جواب نسبت مدرسۃ العلوم چھپی ہیں اور خط جناب مولوی علی بخش خاں بہادر سب آرڈنٹ جج گورکھپور جو بجواب تحریر سید احمد خاں کے آیا ہی اور اودہ اخبار مطبوعہ ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۷۳ع جسمیں ایک مضمون کسی بزرگ عبدالحق جونپوری کا چھپا ہی اور نیز بعض ممبروں کے خطوط پیش کیئے اور یہہ اطلاع کی کہ اکثر لوگوں کی یہہ خواہش معلوم ہوتی ہی کہ جسطرح کمیٹی نے طریقہ تعلیم بطور نمونہ کے مشتہر کیا ہی اور بتایا ہی کہ کیا کیا علوم اور کسطرح پڑھائے جاوینگے اسیطرح کمیٹی وہ قواعد بھی بطور نمونہ کے مشتہر کرے جسطرح لڑکے مدرسہ میں رکھینگے اور تربیت پاوینگے *

قبل قیام مدرسہ ان قواعد کے مشتہر ہونے کی خواہش کا سبب یہہ معلوم ہوتا ہی کہ چند روز ہوئے کہ میںنے اسباب میں اپنی ایک راے چھاپی تھی جسکو میں عمدہ سمجھتا تھا اور سمجھتا ہوں میںنے اُس میں صاف صاف بتلا دیا تھا کہ یہہ کمیٹی کی راے نہیں ہی اور نہ میں بحیثیت سکرٹری اُس کو لکھتا ہوں بلکہ یہہ خاص میری راے ہی مگر لوگوں نے یہہ سمجھا کہ یہہ کمیٹی کی راے ہی اور یہہ سے مسلمانوں نے اُس کے چند امور کو ناپسند کیا اگرچہ میں نے متعدد طرح سے ظاہر کیا کہ ان امور کی نسبت کوئی تجویز کمیٹی سے نہیں ہوئی اور جب مدرسۃالعلوم قایم ہوگا اُس وقت اسباب میں کوئی تجویز ہوگی لیکن لوگ اُس کو کافی نہیں سمجھتے اور سب کو اصرار ہی کہ جب تک وہ قواعد کمیٹی سے تجویز نہولینگے لوگوں کے دل کو تسلی نہوگی پس میں تحریک کرتا ہوں کہ نسبت امر مذکورہ بالا کے جو کچھہ کمیٹی کی راے میں آوے وہ تجویز کرے میں یہہ تحریک باصرار کرتا ہوں اور باصرار تحریک کرنے کا سبب یہہ ہی کہ اکثر لوگ یہہ سمجھتے ہیں کہ مجھے اپنی راے پر اصرار ہی اور میں چاہتا ہوں کہ خواہ نخواہ اُسی پر عملدرآمد ہو مگر آپ صاحب بخوبی واقف ہیں کہ یہہ اتہام مجھپر محض غلط ہی ہاں اسمیں کچھہ شک نہیں کہ جس بات کو میں اپنی دانست میں اچھا اور باعث عزت اور تہذیب قومی کے سمجھتا ہوں دل سے چاہتا ہوں کہ وہ تمام قوم میں پھیلے اور جہاں تک مجھہ سے ہوسکتا ہی اُس کو پھیلاتا ہوں اور پھیلاؤنگا لیکن قومی کاربار میں جیسا کہ مدرسۃالعلوم کا کام ہی جب تک کہ اصلی غرض قیام مدرسے کی فوت نہو مجھے اپنی کسی راے پر اصرار نہیں ہی اور نہ وہ میرا اصرار چل سکتا ہی کیونکہ قانون کمیٹی کے بموجب کثرت راے پر عملدرآمد ہوگا نہ میری راے پر *

مدرسۃالعلوم کی بنا اِس لیئے ڈالی ہی کہ مسلمان علوم دینی اور دنیاوی اور علوم جدیدہ غربیہ سے اور مختلف زبانوں اور نئے نئے فنون اور ہنروں سے جو اِس زمانہ میں بکار آمد ہیں واقف ہوں علوم دینی کی نسبت مجھے کچھہ پرواہ نہیں ہی کہ حنفی اصول پر پڑھایا جاوے یا شافعی اصول پر یا مالکی اور حنبلی اصول پر یا اخباری اور اصولی اصول پر یا معتزلی و ناصبی اصول پر یہہ وہ لوگ جانیں جنکے ہاتھہ میں ان علوم کی تعلیم کا انتظام ہوگا نہ میں اُس کے انتظام کے لایق ہوں اور نہ کبھی اُس کے انتظام سے مجھے تعلق ہوگا — میری غرض صرف علوم و فنون سے ہی کہ جسطرح ہوسکے مسلمانوں میں لائے جاویں خواہ وہ کرتہ پتلون پہنکر پڑھیں خواہ عبا و عمامہ باندھکر پس جو اصرار کا اتہام کہ میری نسبت کیا گیا محض غلط ہی اور اسی سبب سے باصرار مجھکو تحریک کرنے کی ضرورت پڑی ہی کہ اسباب میں کمیٹی کچھہ تجویز کرے *

اس تحریک پر ممبران کمیٹی میں اختلاف ہوا بعضوں کی یہہ راے ہوئی کہ قبل قیام مدرسہ اس امر کی ضرورت نہیں اور بعض کی یہہ راے ہوئی کہ جو وجوہات سکرٹری نے بیان کی ہیں اور جو کاغذات پیش کیئے ہیں اُن کے لحاظ سے ضرور ہی کہ قواعد بنائے جاویں آخر کار جملہ ممبر متفق ہوئے کہ قواعد بنائے جاویں *

بعد اس کے باتفاق ممبران موجودہ مسودہ قواعد تربیت و سکونت طالب علمان مدرسۃالعلوم ترتیب کیا گیا اور بالاتفاق یہہ راے قرار پائی کہ چھاپہ ہوکر جملہ ممبران پاس واسطے طلب راے و اصلاح و ترمیم کے بھیجا جاوے اور نیز اخباروں میں مشتہر ہو اور تین مہینہ بعد پھر اجلاس میں واسطے مباحثہ کے پیش کیا جاوے *

بعد اس کے بموجب دفعہ ۴ قواعد کارروائی مجلس مرتبہ سنہ ۱۸۷۲ ع غلام مرتضی خاں صاحب رئیس فتح‌آباد ضلع آگرہ مجلس خزانۃالبضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم المسلمین کے ممبر مقرر ہوئے *

بعد اس کے شکریہ صدر انجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست ہوئی *

دستخط سید احمد خاں بہادر
سی ایس آئی سکرٹری

مسودہ قواعد
سکونت و تربیت طالب علمان
مدرسۃالعلوم میں

دفعہ ۱ مدرسۃالعلوم میں طالب علموں کی سکونت کے لیئے مکانات اس طرح پر بنائے جاوینگے کہ ہر ایک طالب علم کو جدا جدا ایک کمرہ سونے کے لیئے اور ایک بیٹھنے اور پڑھنے کے لیئے اور ایک غسل خانہ مل سکے *

دفعہ ۲ جو مسلمان طالب علم مدرسۃالعلوم میں داخل ہوں اُن کو مدرسۃالعلوم کے مکانات میں رہنا ضرور ہوگا *

دفعہ ۳ اُن سب طالب علموں پر ایک شخص بطور اتالیق کے مقرر ہوگا اور وہ اتالیق بھی دن رات مدرسۃالعلوم میں رہیگا *

دفعہ ۴ جو طالب علم وہاں رہینگے اُن کو اختیار ہوگا کہ جیسا وہ لباس پہنتے ہیں ویسا پہنیں مگر پورا لباس اشرافوں کا سا ہو الا کسی ایسی قسم کے لباس کے پہننے کی اُن کو اجازت نہوگی جو بد وضعی کی طرف مایل ہو کسی کو اجازت نہوگی کہ گوٹے کناری لگا ہوا یا بازار کا رنگا ہوا رنگین یا نیم رنگ یا ایسا باریک جس میں سے بدن دکھائی دے یا ایسا تنگ جس سے پاجامی اور پیٹ نظر آوے کپڑا پہنے *

دفعہ ۵ تمام طالب علموں پر فرض ھوگا کہ صفائي اور اُجلاپن اختیار کریں لباس صاف رکھیں اور ھر طرح کي صفائي اور ستھرائي کي عادت ڈالیں اور قبل اس کے کوئي لڑکا سکونت کے لیئے مکانات مدرسہ میں داخل ھو یہہ بات دیکھہ لي جاویگي کہ جس قسم کے وہ کپڑے پہنتا ھی اُس کے پاس اس قدر تعداد سے ھیں جن سے وہ صفائي اور اُجلے پن سے رہ سکے یا نہیں *

دفعہ ۶ اوقات کھانے اور سونے اور پڑھنے اور جسماني ورزش کے معین کیئے جاوینگے اور ھر ایک شخص کو ضرور ھوگا کہ بجز حالت عذر کے اُن وقتوں میں وھي کام کرے جو اُس وقت کے لیئے مقرر ھو *

دفعہ ۷ طالب علموں کي حفظ صحت کے لیئے اُن کے ٹہلنے اور ھوا کھانے اور ایسے کھیل کھیلنے کے جو نامشروع نہوں اوقات اور طریقے مناسب معین کیئے جاوینگے *

دفعہ ۸ ھر ایک طالب علم کو اختیار ھوگا کہ اپنے مکان مسکونہ کو فرش اور پلنگ اور اسباب ضروري سے جس طرح چاھے خود آراستہ کرلے اتالیق مدرسہ صرف اس بات کي نگراني کریگا کہ خراب چیزیں میلي اور ناقص مستعمل نہوں اور کسي طرح کرزا کرکٹ نہ پھیلنے پاوے اور صفائي میں کچھہ خلل نہ واقع ھو اور کسي طرح کي بد تمیزي نہونے پاوے *

دفعہ ۹ اس بات کي نہایت تاکید رھیگي کہ اسباب اور کتابیں اور لکھنے کا سامان اور کپڑے وغیرہ بد سلیقگي سے مکان میں پھیلے اور ادھر اُدھر پڑے نہ رھیں بلکہ سب چیزیں انتظام اور سلیقہ سے سجي اور درستي سے رکھي رھیں *

دفعہ ۱۰ ھر ایک طالب علم کو اختیار ھوگا کہ اگر وہ چاھے تو خود اپنے کھانے پکانے کا انتظام کرلے اور بذریعہ اپنے خاص ملازموں کے آپ پکوائے اور کھائے اور یہہ بھي اختیار ھوگا کہ دو چار طالب علم آپس میں ھنڈیا وال کرکو شریک ھو جاویں اور مجموعاً خود اپنے کھانے پکانے کا بذریعہ ملازمان خاص انتظام کرلیں *

دفعہ ۱۱ مگر جو طالب علم یہہ چاھینگے کہ مہتممان مدرسۃالعلوم ان کے کھانے پکانے کا انتظام کریں تو اُن کے لیئے مہتممان مدرسہ انتظام کرینگے اور رسدي اخراجات اُن سے لیلینگے *

دفعہ ۱۲ طالب علمان مدرسہ کو اختیار ھوگا کہ جو طریقہ تناول طعام کا اُن کو پسند ھو وہ اختیار کریں اور جب کہ چند طالب علم آپس میں ملکر شرکت میں اپنے کھانے کا بندوبست کرینگے تو اُن کو ایک ایسا کمرہ دیا جاویگا جہاں سب شریک بیٹھہ کر کھانا کھا سکیں *

دفعہ ۱۳ بالیں ھمہ ھر ایک طالب علم پر فرض ھوگا کہ ایک وقت معین پر کھانا کھاویں تاکہ اختلاف اوقات سے اَوْر کاموں میں ھرج نہ پڑے *

دفعہ ۱۴ کسي طالب علم کو اجازت نہوگي کہ وہ بہت بڑے بڑے بال جو کان کي لو سے زیادہ نیچے ھوں سر پر رکھے یا کاکلیں بناوے یا پٹیاں جماوے یا مسي لگاوے یا ایک سے زیادہ انگوٹھي و چھلے پہنے یا مہندي لگاوے *

دفعہ ۱۵ الفاظ بد جو لڑکوں کي زبان پر چڑھ جاتے ھیں اُن کے بولنے کا سخت امتناع ھوگا یہاں تک کہ اگر کوئي لڑکا کسي کو جھوٹا کہہ بیٹھیگا تو وہ بمنزلہ دشنام سخت کے سمجھا جاویگا *

دفعہ ۱۶ طالب علموں کو جو مدرسۃالعلوم میں رھتے ھوں علم مجلس یعني باھمي گفتگو کے طریقے سکھائے جاوینگے مہذبانہ گفتگو کي عادت ڈالي جاویگي اور اُن پر تاکید اکید ھوگي کہ آپس کي ملاقات اور بات چیت میں اُس کو برتیں اور مہذبانہ گفتگو کا اپنے تئیں عادي کریں *

دفعہ ۱۷ جو طالب علم مکانات مدرسہ میں سکونت اختیار کرینگے اُن کو ضرور ھوگا کہ نماز پنجگانہ میں حاضر ھوں سنیوں پر فرض ھوگا کہ اُس مسجد میں جو مدرسۃالعلوم میں سنیوں کے لیئے بنائي جاویگي پانچوں وقت کي نماز جماعت سے پڑھیں اور شیعہ طالب علموں پر فرض ھوگا کہ اُس مسجد میں جو شیعوں کے لیئے بنائي جاویگي کم سے کم تین وقت حاضر ھوکر نماز پنجگانہ اپنے طریقہ مذھبي پر ادا کریں *

دفعہ ۱۸ ان دونوں مسجدوں کے لیئے موزن ھونگے اور سني مذھب کے طالب علموں کي مسجد کے لیئے ایک امام حافظ قران ملازم ھوگا اور تمام ضروري چیزیں مہیا رھینگي تاکہ کسي قسم کا ھرج و تکلیف نمازیوں کو نہو *

دفعہ ۱۹ مدرسہ میں تعطیل کا دن جمع کا ھوگا اس لیئے بعد نماز جمعہ کوئي عالم قرآن و حدیث سے کچھہ عام احکام و اخلاق مذھبي بطور تحقیق عالمانہ جس سے طالب علموں کو فائدہ ھو بقدر مناسب بطور وعظ کے کہا کریگا جس میں في استعداد طالب علم اور خصوصاً وہ طالب علم جنھوں نے علوم مذھبي کي تکمیل اعلی درجہ تک کي اختیار کي ھو حاضر رھا کرینگے *

دفعہ ۲۰ ان تمام قواعد کي خبر گیري اور انتظام اتالیق مدرسہ کے سپرد رھیگي اور جو طالب علم خلاف ورزي قواعد معینہ کریگا اُس کي رپوٹ مجلس مدبران تعلیم کي خدمت میں پیش ھوگي *

دفعہ ۲۱ مدبران تعلیم اُس طالب علم کو فہمایش مناسب کرینگے اور جب متعدد فہمایش سے وہ نہ مانیگا تو اُس کو مدرسۃالعلوم سے خارج کرنے کا اُن کو اختیار ھوگا *

دستخط سید احمد خاں بہادر
سي ایس آئي سکرٹري

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اھتمام سے شایع ھوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم شوال سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اُس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو في پرچہ چار آنہ مع اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۶۴

لکچر

جو مولوي سيد مهدي علي صاحب
نے
مرزا پور انسٹیٹیوٹ میں
۲۲ اکتوبر سنہ ۱۸۷۳ع کو دیا

اس رات کو میرا لکچر مسلمانوں کي تہذیب پر ھی کہ وہ پہلے کیسي تھي اور اب کیسي ھی اور آیندہ کیسي ھوگي — تہذیب کا لفظ میںنے انگریزي لفظ سویلیزیشن کے مقابلہ میں استعمال کیا ھی ' سویلیزیشن ایک انگریزي لفظ ھی جو کہ قدیمي رومي زبان کے لفظ سرس سے جسکے معني شہري اور جماعت کے ھیں نکلا ھی اور اِسکي نسبت اُس جماعت یا شہر یا ملک کي طرف کي جاتي ھی جس میں لوگوں کي آزادي اور حقوق کي حفاظت کے قانون ' اور آپس میں ملنے جلنے کے قاعدے ' اور زندگي بسر کرنے کے طریقے ' اور فرایض انساني ادا کرنے کے قواعد ' عقلي اور اخلاقي اصول پر منضبط کیئے گئے ھوں ' اور جن میں موافق حالت زمانہ کے خوبي اور شایستگي پائي جاتي ھو اس انگریزي لفظ کي اصل پر اگر خیال کیا جاوے تو مجھکو بجاے لفظ تہذیب کے لفظ تمدن کا استعمال کرنا مناسب ھوتا کیونکہ اُسکا مادہ مدینہ ھی جسکے معني بستي کے ھیں اور اسلیئے تمدن کے ٹھیک معني بستي کے ھیں (یعني آپس میں ملکر رھنا) مگر میں اس لفظ کو سویلیزیشن کے مقابلہ میں استعمال نہیں کرتا اس لیئے کہ جس مراد میں یہہ انگریزي لفظ استعمال کیا جاتا ھی تمدن کے لفظ سے وہ مراد پائي نہیں جاتي ' تمدن کا لفظ آپس میں ملکر بستي پر دلالت کرتا ھی ' اور سویلیزیشن کا لفظ تمدن کي ترقي یافتہ حالت کو بتاتا ھی نہ صرف تمدن کو ' بہت سے ملک اور بہت سي قومیں اب موجود ھیں جو میں تمدن ھی پر سویلیزیشن نہیں ' ھم ھندوستاني بھي اپني بد بختي سے سویلیزیشن کے درجہ کو نہیں پہونچے گو کہ مدت سے تمدن کے اعلی درجہ پر ھیں' اس لیئے میںنے تہذیب کا لفظ اختیار کیا ھی جسکے معني چھانٹنے اور اصلاح کرنے اور درست کرنے اور خالص کرنے اور پاکیزہ کرنے کے ھیں عرب بولتے ھیں " ھذبہ ای اصلحہ " اصطلاح میں بھي تہذیب کا لفظ ھر چیز کي درستي ' پر بولا جاتا ھی عادت کي درستي ' رسم و رواج کي درستي ' اخلاق کي درستي ' علم و ھنر کي درستي ' معاملات کي درستي ' زبان کي درستي ' انتظام مملکت کي درستي ' جذبات نفساني کي درستي ' سب پر تہذیب کا اطلاق ھوتا ھی اور یہي ٹھیک معنے سویلیزیشن کے ھی *

جن اصلاحي معنوں میں لفظ تہذیب یا لفظ سویلیزیشن کا ھم استعمال کرتے ھیں اُس پر بہت سا مباحثہ ھوسکتا ھی اور ھوا ھی مگر جو مراد کہ اِس لفظ سے میرے دوست سید احمد خاں بہادر نے بیان کي ھی وہ تمام خیالات کي جامع ھی اور میں اُسي کے بیان کرنے پر اکتفا کرونگا ' وہ کہتے ھیں کہ " سویلیزیشن سے مراد ھی انسان کے تمام افعال ارادي اخلاق اور معاملات اور معاشرت اور طریق تمدن اور صرف اوقات اور علوم اور ھر قسم کے فنون و ھنر کو اعلی درجہ کي عمدگي پر پہنچانا اور اُن کو نہایت خوبي اور خوش اسلوبي سے برتنا جس سے اصلي خوشي اور جسماني خوبي ھوتي ھی اور تمکین و وقار اور قدر منزلت حاصل کیجاتي ھی اور وحشیانہ پن اور انسانیت میں تمیز نظر آتي ھی " *

مبارکي ھو اُس شخص کو جس نے ان مختصر لفظوں میں ایسے مطالب بیان کردیئے جس سے ھمارے خیالات کو نہایت وسعت ھوتي ھی اور وہ بیان ھي خود بخود ھمارے دل کو سویلیزیشن کي ترقي کے لیئے برانگیختہ کرتا ھی *

جو مراد کہ میںنے لفظ تہذیب یا سویلیزیشن کي بیان کي اُس سے ثابت ھوتا ھی کہ تہذیب ' مذھب ' اور علم و ھنر ' اخلاق و معاشرت ' تمدن و تجارت ' زراعت و سیاست ' سب سے متعلق ھی اور جب تک یہہ سب چیزیں اپنے درجہ کمال پر نہوں پوري پوري تہذیب کا وجود نہیں ھوسکتا ' جن لوگوں میں یہہ سب چیزیں نہایت خراب حالت میں ھیں وہ وحشي کہلاتے ھیں اور جنمیں کچھہ کچھہ درست ھوگئي ھیں وہ نصف وحشي پکارے جاتے ھیں اور جنمیں زمانہ کي ترقي کے موافق یہہ سب چیزیں ترقي پاگئي ھیں وہ مہذب یا سویلیزڈ کہلاتے ھیں ' زمانہ کي ترقي کے موافق کي قید میںنے اسلیئے لگائي کہ کچھہ عجب نہیں کہ آیندہ زمانہ میں انسان کو زمانہ موجودہ سے بھي ایسي زیادہ ترقي ھو کہ حال کي مہذب قومیں اُس زمانہ کے لوگوں کے سامنے وحشي یا نصف وحشي تصور ھونے لگیں *

مذھب کو قوموں کي تہذیب پر بہت بڑا اثر ھوتا ھی اگر کسي قوم کے مذھبي اصول تہذیب کے برخلاف ھوں تو ممکن نہیں ھی کہ وہ قوم اعلی درجہ کي تہذیب میں پہنچے جسقدر اصول مذھبي تہذیب کے برخلاف ھوتے ھیں اُسي اندازہ کے موافق تہذیب میں بھي نقصان رھتا ھی اور یہہ بات نہایت آساني سے مختلف مذاھب کے اصول اور اُس کے پیروؤں کي حالت کے دیکھنے سے ثابت ھوجاتي ھی *

مسلمانوں نے مذھب اسلام کي پہلي صدیوں میں مذھبي تہذیب کو اعلی درجہ پر پہونچایا تھا ' اُس زمانہ کے ناخدا نے لات و منات و عزی کي پرستش کو چھوڑایا ' اور ایک نہایت قوي ھستي

مطلق کي پرستش کا بیج ہر ایک کے دل میں بویا ' ہمکو ایک ایسي ہستي کا خیال دلایا جو ہمارے ادراک اور قواے عقلي سے بہت بڑھکر ہی ' اور اُسي پر یقین کو نجات کا مدار ٹھہرایا جو تمام مذہبي تہذیب کي اصل اصول ہی *

تمام روحاني تہذیب کو ان چند لفظوں میں کہ " قد افلح من زکاھا و قد خاب من دساھا " پورا کردیا یعني اپنے دل کو بُرے خیالوں اور بد جذبوں سے پاک کرنا مراد کو پہونچنا ہی اور اُس کو بدي میں آلودہ کرنا گمراہي کے گڑھے میں گرنا ہی *

مذہبي تعلیم کو نہایت تہذیب کے اصول پر یہہ کہہ کر ختم کردیا کہ " فذکر انما انت مذکر " یعني لوگوں کو نصیحت کر کہ تو بجز نصیحت کرنے والے کے اور کچھہ نہیں ہی *

تمام مذہبوں کي ناگواري ان لفظوں سے مٹا دي کہ " لکم دینکم ولي دین " یعني تمہارا دین تمہارے لیئے ہی اور ہمارا دین ہمارے لیئے ہی ' جہاد کا سبب مذہبي ناگواري نہیں ہی جیسا کہ اکثر لوگوں نے غلطي سے خیال کیا ہی ' کیونکہ اگر جہاد کا سبب مذہبي ناگواري ہوتي تو صلح یا فتح یا اطاعت قبول کرنے کے بعد کیوں تمام مختلف مذاہب گوارا کیئے جاتے اور ہر شخص کو کیوں احکام مذہبي ادا کرنے کي اجازت رہتي ' عرب کے ہادي نے بلاشبہہ خداے واحد کے نام کي منادي کرانا فرض ٹھہرایا ہی پس جو لوگ اُس منادي کي مزاحمت کریں اور منادي کرنے والوں کو اُن کے ہاتھہ سے امن نہو اُنہیں سے لڑنا صرف امن قایم رکھنے کو فرض قرار دیا گیا ہی نہ غیر مذہب کي ناگواري کے سبب ' اور یہہ وہ اصول ہی جس پر آج کل کي تمام نیشنیں یہاں تک کہ وہ نیشن بھي جس کا مذہبي یہہ حکم ہی کہ اگر کوئي ایک گال پر تیرے طمانچہ مارے تو تو اُس کے سامنے دوسرا گال بھي کردے چلتے ہیں *

امامت کو یعني کسي ایک کا کسي گروہ کے لیئے پیشوا ہونا اور اُس گروہ کا اُسي کي راے پر چلنا جو اُس زمانہ کے تمام مذہبوں میں رائج تھا یہہ کہکر بالکل نیست و نابود کردیا کہ " ولا تتبعوا من دونہ اولیاء " یعني خدا کے کلام کے سوا کسي دوسرے کو اپنا پیشوا مت بناؤ *

اجتہاد کو یعني دین کي باتوں کے سمجھنے کو جیسا کہ سب اگلي قوموں میں خاص خاص لوگوں سے مخصوص تھا ان مختصر لفظوں سے عام کردیا کہ " استفت قلبک " یعني ہر شخص کا دل اسکا مجتہد

جرگي پنے اور تجرد کو جسکا رواج روے زمین کي ساري قوموں میں تھا بالکل معدوم کردیا یہہ فرماکر " لارھبانیۃ فی الاسلام " تبرکات اور رسوم اور تیرھاروں کو جس سے لوگوں کے دلي خیالات بتپرستوں کے سے ہو جاتے ہیں " لاتجعلوا قبري عیدا " فرماکر بالکل ممنوع ٹھہرا دیا *

یہہ وہ اصول ہیں جو مذہبي تہذیب میں اس سے اعلی نہیں ہوسکتے *

علوم کو اگلے مسلمانوں نے ایک اعلی درجہ کي تہذیب پر پہونچایا تھا ' ادب و انشاء میں عرب قدیم سے نامور ہیں شاعري بھي اُنکي مشہور ہی ' کیٹي لوٹیا اور پرو وینس اور اٹلي کے شاعروں نے اُنہیں کي روش پر شعر کہنا اختیار کیا ' اور یورپ کي نظم میں بحر و وزن وغیرہ عرب ھي سے لیا گیا ' فصاحت و بلاغت کي اعلی درجہ پر ترقي کرنے کے ثبوت میں حریري اور یمیني اور متنبي کي کتابیں اب تک دنیا میں موجود ہیں ' ساتویں صدي کي عورتوں کا کلام اب تک ہمارے پاس ہی جس کے ایک ایک فقرہ پر ہزاروں درشاہوار کي لاکھوں لڑیاں نثار ہوتي ہیں *

عرب کے شاعر قدرتي کیفیتوں کے بیان کرنے کي طرف بھي مایل ہیں مگر شکسپیر سا قدرتي جذبوں کا بتانے والا کوئي نہیں ہوا اس لیئے یہہ کہا جاسکتا ہی کہ شاعري کي قسموں میں رزمیہ اور عشقیہ تو ترقي پر تھیں مگر جو اصل جان شاعري کي ہی اور جس میں فطرتي جذبات اور قدرتي حالات کے بیان سے انسان کے دل پر اثر ڈالا جاتا ہی اُس میں بڑي ترقي نہیں ہوئي *

ناول یعني قصہ کے پیرایہ میں علمي یا اخلاقي باتوں کے بیان کرنے سے بھي مسلمانوں نے چشم پوشي نہیں کي بدیع ہمداني اور ابوالقاسم حریري کے مقامات اسي فن میں ہیں ' الف لیلی اس فن کي ایک عمدہ کتاب ہی جسکا مسلسل بیان کسي جگہہ سے نہیں ٹوٹتا اور جس سے اُس زمانہ کے مسلمانوں کے مختلف خیالات کا پورا پورا عکس سننے والے کے دل پر پڑتا ہی *

ڈراما میں بعض کتابیں تالیف تو ہوئیں مگر عملي رواج اُس کا مسلمانوں میں نہیں ہوا *

فارسي زبان کو بھي جو دنیا کي سب زبانوں میں شیریں سمجھي جاتي ہی مسلمانوں نے بہت رونق دي فردوسي رزمیہ نظم میں ' خسرو قدرتي کیفیات کے اظہار میں ' سعدي اخلاق و تمدن کے ادا کرنے میں ' فارس اور ہندوستان میں ایسے ھي ہوئے ہیں جیسے کہ ہومر یونان میں یا شکسپیر فرنگستان میں *

ھمارے مذھب کے پانی نے تحصیل علم کی طرف متعدد طرح سے لوگوں کو رغبت دلائی تھی جسکا نتیجہ یہہ ھوا کہ اسلام کی دوسری صدی میں مسلمانوں نے علوم کی طرف توجہہ کی اور جہاں سے اُنکو ملا اُنھوں نے علوم کو اخذ کیا غیر قوموں اور غیر مذھب والوں کی کتابوں کو نہایت عزیز رکھا اور چند روز میں اور قوموں کے لیئے اُستاد ھونے کی عزت حاصل کی *

اسکندریہ کے کتب خانہ کے جلانے کا الزام جو بعض ناواقف یا متعصب مورخوں نے مسلمانوں کو دیا ھی وہ غلط ھی کیونکہ یہہ بات ثابت ھوچکی ھی کہ ٹوامیز کے کتبخانہ کی چار لاکھہ یا سات لاکھہ کتابیں جولیس سیزر کی لڑائی میں جل گئی تھیں اور سنٹ کرائی نے جسنے اسکندریہ کے کتب خانہ کی تحقیق میں بہت سی کتابیں لکھی ھیں اس روایت کو جھوٹا ٹھہرایا ھی ' جن دو مورخوں نے یہہ کہانی لکھی ھی کہ حضرت عمر نے اسکندریہ کا کتب خانہ جلادیا جو چھہ مہینے تک جلا کیا ' محض غلط ھی خود وہ دونوں مورخ ۵۸۰ برس بعد اس واقعہ کے پیدا ھوئے تھے اور کوئی پہلی سند اُن کے پاس نہ تھی *

فلسفہ کی بنیاد منصور خلیفہ نے ڈالی مگر مامون رشید اُس کے پوتے نے اُن کی تکمیل کی یہہ خلیفہ بڑا مربی علم کا تھا اھل شام اور نسٹورین فرقے کے عیسائی ترجمہ میں فلسفہ کے اُسکے حامی اور معاون تھے اسکے زمانہ میں بوسیلہ اھل فارس اور اسپین اور علماء یہود کے فلسفہ کو بے انتہا رونق ھوئی اسکے گماشتہ بلاد ارمن اور شام اور مصر میں یونانی کتابوں کے ڈھونڈھنے کے لیئے مقرر تھے اور ھزارھا اونٹ قلمی کتابوں کے بھرے ھوئے اُسکے دربار میں لیا کرتے تھے نتب فلسفہ کے ترجمہ کا ایک جدا کار خانہ اس نے مقرر کیا تھا اور بغداد اور کوفہ اور بصرہ اور نیشا پور میں بڑے بڑے مدرسہ اور کتب خانہ قایم کیئے تھے — یہہ خلیفہ بے تعصبی میں مشہور تھا چنانچہ اُس نے ایک عیسائی عالم کو دمشق کے کالج کا پرنسپل یعنی مدرس اعلی مقرر کیا تھا *

جس طرح خلفاے عباسیہ کی بدولت بغداد کی سلطنت میں فلسفہ نے ترقی پائی اُس سے زیادہ اسپین میں خلفاء بنی امیہ کے سبب سے روشنی فلسفہ کی پھیلی ' اس ملک میں بڑا حامی علم اور حکمت کا خلیفہ عبدالرحمن ابن حکم تھا جس نے ھجرت کی تیسری صدی میں وفات پائی ' اس ملک میں علم کی اسقدر ترقی ھوئی کہ ایک کتبخانہ میں چھہ لاکھہ کتابیں تھیں اور پرانی کتابوں کے نقل کرنے کے لیئے تین سو کاتب مقرر تھے *

اسپین اور اٹلی میں صدھا مدرسے ایسے جاری تھے جنمیں صدھا عیسائی طلبہ آکر فلسفہ اور حکمت پڑھتے اور پھر اپنے یہاں اُسے جاری کرتے اُسوقت کے مسلمانوں اور فرنگستان کے عیسائیوں کے خیالات کا فرق اس سے ظاھر ھوتا ھی کہ جربرٹ نامی ایک فرانسیسی عالم جب مسلمانوں کے مدرسہ میں فلسفہ اور حکمت سیکھہ کر اپنے ملک کو گیا تو لوگوں نے اُسے کافر ٹھہرایا اور جب مرگیا تو یہہ کہا کہ شیطان نے علم کا پھل کھلاکر اُسے مار ڈالا *

خلفاے عبیدین نے بھی جنکو یورپ کے مورخ خلفاے فاطمہ لکھتے ھیں مصر میں کچھہ کم ترقی نہیں کی اُن کے شاھی کتب خانہ میں بھی ایک لاکھہ قلمی کتابیں موجود تھیں جو سنہری جلدوں سے آراستہ اور نہایت خوبصورتی سے رکھی ھوئی تھیں *

ھندوستان کے فتح کرنے والے بادشاھوں نے بھی اِس طرف سے غفلت نہیں کی محمود غزنوی نے جسکو بعض تربیت یافتہ نامور مشہور ھندوؤں نے اپنی تحریروں میں وحشی اور قزاق لکھا ھی باوجودیکہ وہ لڑائیوں میں مصروف رھا ایک بڑے مدرسے کی بنیاد غزنین میں ڈالی اور مختلف زبانوں کی عجیب عجیب کتابیں جمع کیں اور قدرتی عجائبات کا ایک عجائب خانہ بنایا اور اس مدرسے کے قیام کے لیئے بہت سا روپیہ مقرر کیا ' سلاطین غوریہ اور تیموریہ نے بھی منطق ' اور ریاضی ' اور طبعیات ' اور ادب ' کے رونق دینے میں بڑی کوشش کی اکبر کا زمانہ علم کی ترقی کے حق میں مشہور ھی *

اُس زمانہ سے جو کہ یونان کی تاریخ کا چوتھا زمانہ سمجھا جاتا ھی فلسفہ کے چھہ مختلف طبقے تھے مگر مسلمانوں نے ان میں سے عموماً ارسطو کی حکمت کو اختیار کیا کیونکہ اُسکی فلسفہ کو یہ سبب کوشش علماء اسکندریہ کے ھزار برس سے غلبہ تھا اور اُسکا رواج بھی بہت ھوگیا تھا اور یہی سبب ھوا کہ اُس کی حکمت کی کتابوں کا زیادہ ترجمہ ھوا مگر وہ افلاطون کی تصنیفات سے بھی محروم نہیں رھے بلکہ اُسکی کتابوں کا بھی ترجمہ عربی میں ھوا چنانچہ مسلمانوں میں ابو نصر فارابی اور بوعلی سینا حکمت مشائی میں ویسے ھی ھوئے ھیں جیسے کہ یونانیوں میں ارسطو ' اور حکمت اشراق میں شیخ شہاب الدین مقتول ویسا ھی نامور ھوا ھی جیسا کہ افلاطون یونانیوں میں ' مگر اور طبقہ کی حکمت کا زیادہ تر رواج مسلمانوں میں نہیں ھوا گو کہ وہ اور حکماء کے اصول سے بے خبر نہیں رھے *

مسلمانوں نے ارسطو کی منطق کو زیادہ پسند کیا اور اُسیکا ترجمہ بھی اُن کے وقت میں بہت ھوا اول ترجمہ ارسطو کے قیاسات کا حنین ابن اسحاق کے ذریعہ سے مسلمانوں میں پھیلا پھر ابوبشر نے چند کتابوں کا سریانے سے ترجمہ کیا اور یحیی ابن عدی اور کندی نے اُسے مرتب کیا اور آخر کو فارابی اور بوعلی سینا نے اُس کی تکمیل کی '

مسلمان عالموں نے جس خوبی سے یونانی اور سریانی اصطلاحات کا ترجمہ اپنی زبان میں کیا اُس پر وہ بڑی تعریف کے مستحق ہیں جارج هنری لوئیس صاحب بھی اپنی تاریخ فلسفہ میں اس پر بڑی حیرت ظاہر کرتے ہیں *

مسلمانوں نے اس علم میں ترجمہ اور تقلید ہی پر قناعت نہیں کی بلکہ اُس میں بہت کچھ ترقی کی چنانچہ تصور و تصدیق کے مباحث، اور جزئیات و کلیات کے اصول، اور استخراج نتائج کے ضابطے، اور صغری و کبری کی ترتیب، اور حد اوسط کا بیان، اور قیاسات کی قسمیں، جس خوبی سے اُنھوں نے کی ہیں اُس سے اُن کے دماغ کی قوت ظاہر ہی *

مسلمانوں نے ارسطو اور افلاطون کی الہیات سے بھی واقفیت حاصل کی اور واجب الوجود اور عقول عشرہ اور روح اور تناسخ اور دیگر مسائل کی بخوبی تحقیق کی اور اُن مسائل کو اپنے مذہبی مسائل سے تطبیق یا تردید کرنے میں اپنی طبیعت کی چالاکیاں اچھی طرح دیکھائیں اور اُسکے واسطے اُنھوں نے ایک خاص علم اپنے مذہبی علوم میں داخل کیا جسکا نام علم کلام ہی *

طبیعیات میں مسلمانوں نے پوری تقلید یونانیوں کی کی مگر چونکہ اُنھوں نے تجربہ اور مشاہدے اور آلات کے ذریعہ سے کسی چیز کے ثبوت کرنے کی بجاے باریک اور دقیق منطقی استدلال سے کام لیا اس لیئے وہ اُسکی غلطیوں کو درست نکرسکے اس واسطے ہیولی اور جزو لایتجزی اور صورۃ نوعیہ و جسمیہ اور حیز طبیعی اور خلاء کی نازک بحثوں کو اُنھوں نے بھی دقیق کردیا اور کائنات الجو اور اجرام فلکی اور عناصر اربعہ کی ماہیت کی تحقیق کرنے سے قاصر رہے، بااین ہمہ اُنھوں نے اس علم میں بعض نہایت بکار آمد چیزوں کی تحقیق کی ہی جیسا کہ محمد بن ذکریا نے اسباب قوت جاذبہ مقناطیسی پر نہایت عمدہ رسالہ لکھا ہی *

علم ہیئت میں مسلمانوں نے بڑی ناموری پائی اور بہت زمانہ تک وہ اُسکی تحقیقات پر مترجمہ رہے بطلمیوس کی عمدہ مشہور کتاب مجسطی کا پورا ترجمہ جو حنین ابن اسحاق نے کیا تھا اور جسکی ابن یوسف اور ابن قرۃ نے تصحیح اور حکیم نصیرالدین طوسی نے تہذیب و تکمیل کی مسلمانوں کی ترقی علم پر شاہد ہی، وہ اس علم کے ایسے قدردان تھے کہ خاص بطلمیوس کا بنایا ہوا کرۂ قاہرہ کے کتب خانہ میں سنہ ۴۳۵ ھجری تک موجود تھا *

اس علم میں مسلمانوں نے تقلید ہی نہیں کی بلکہ اُسکو تحقیق بھی کیا اور اُسے کام میں بھی لائے خلیفہ مامون رشید کے زمانہ میں اچھے اچھے آلات ایجاد ہوئے *

سنجر اور کونہ کے میدانوں میں زمین کے دائرہ عظیمہ کی پیمایش ہوئی جس سے اُس کا وہ صحیح درجہ تک مانا جاتا ہی ثابت ہوا *

پھر اُنھوں نے رصد خانے بھی کثرت سے بنوائے اور زیج کواکب بھی تیار کیئے جسکا نشان سماسیہ بغداد دمشق اندلس سمرقند کے ٹوٹے کھنڈروں سے اب بھی ظاہر ہی *

مسلمانوں نے بطلمیوسی نظام کی غلطی کا کوپرنیکس سے پہلے خیال کرلیا تھا چنانچہ محمد بن عبدالملک طفیل جسکو انگریزی میں ابو باسر کہتے ہیں اور جو بارھویں صدی میں اندلس میں پیدا ہوا اُسنے اس نظام سے انکار کیا جسکی تصدیق الپٹ ریجیس اپنے رسالہ علم ہیئت کے دیباچہ میں کرتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ نامی گرامی ابو باسر نے کہا ہی کہ نظام شمسی اور حرکات اجرام فلکی میری تحقیقات میں اُڑھی طرح پر ہیں جو نظام قدیمہ یونانیہ کے خلاف ہیں *

علم مرایا و مناظر میں بھی مسلمانوں نے بڑی ترقی کی چنانچہ ابو علی الحسن جو گیارھویں صدی میں ہوا اُسکا رسالہ علم مرایا و مناظر کا یورپ کی مشہور کتابوں میں سے ہی جسکو وزنیر نے ترجمہ کیا اور جو سنہ ۱۵۷۲ع میں بمقام بیل چھاپہ گیا، اس محقق نے یونانیوں کی یہہ غلطی ثابت کی کہ شعاع نظر آنکھہ سے نکل کر کسی چیز پر نہیں پڑتی ہی بلکہ اُس نے تشریح اور علم مثلث کی دلیلوں سے ثابت کیا ہی کہ تمام چیزوں کی شبیہہ آنکھہ میں آکر بنتی ہی جس کی تحقیقات کا نتیجہ وہ ہی جو آج فوٹوگراف کی تصویروں سے دیکھائی دیتا ہی هیبت اللہ بن حنین بغدادی نے جو کہ مسترشد باللہ خلیفہ عباسی کے زمانہ میں تھا نور کی رفتار کا اندازہ نکالا اور اُس کو دلایل هندسیہ سے ثابت کیا *

علم ہوا میں ابوعلی الحسن ہی اس مسئلہ کا موجد ہی کہ جس قدر ہوا زمین کے طبقے سے اُرنچی ہوتی ہی اُسی قدر وہ سبک اور ہلکی ہوتی ہی *

علم هندسہ اور حساب میں مسلمانوں نے بہت توجہ کی اقلیدس کے مقالوں کا ترجمہ یونانی اور سریانی اور رومی زبان سے مختلف عالموں نے کیا جن میں سے حجاج اور حنین اور ثابت اور ابو عثمان کے ترجمے مشہور ہیں پھر اُس کی اصلاح و تہذیب صدہا عالموں نے کی اُس پر سیکڑوں شرحیں لکھیں آخر علامہ نصیرالدین طوسی نے اس کی تکمیل کی اور اُس کے بعد بھی بہت سے عالم ترتیب و تہذیب اور شرح پر مترجمہ رہے *

مسلمانوں نے ارشمیدس حکیم کی کتاب اصول هندسہ کا بھی ترجمہ کیا اور اُس کی شرحیں لکھیں چنانچہ ابوالحسن علی ابن

احمد اور نصیرالدین طوسی اور ابو سہل قوشجی کی شرحیں اب تک مشہور ہیں اپلینوس کی کتاب جو مخروطی شکلوں اور خطوط منحنی کے بیان میں ہی اُس کے سات مقالے ترجمے کیئے گئے جس میں سے چار مقالوں کا ترجمہ احمد بن موسی حصفی نے اور باقی کا ثابت ابن قرہ نے کیا اور اُن کے سوا اَور بھی چند نامی حکماء یونان کی کتابیں اس فن کی عربی میں ترجمہ ہوئیں *

حساب میں بھی مسلمانوں نے کم توجہہ نہیں کی اُنھوں نے ہندوؤں سے مراتب اعداد کا رکھنا سیکھا اور اسی لیئے اُس کا نام اُنھوں نے اعداد ہندیہ رکھا ' فن جبر و مقابلہ کی نسبت اختلاف ہی بعض مسلمانوں کو اُس کا موجد بیان کرتے ہیں مگر صحیح یہہ ہی کہ مسلمانوں نے یہہ علم ہندوستان کے پنڈتوں اور یونان کے عالموں سے اخذ کیا تھا مگر پھر اُس میں بہت سی ترقی کی *

علم طب میں بھی مسلمانوں نے بہت ترقی کی تھی اُنھوں نے ہندوستان میں سفر کیا زبان سنسکرت کو سیکھا اور نہایت مشہور دو کتابیں سنسکرت زبان کی جن کا نام چرک اور ششرت تھا عربی زبان میں ترجمہ کیں سب سے پہلے سنہ ۱۵۶ ھجری میں موسی بن مرسی الفراری نے سنسکرت کا ترجمہ شروع کیا پھر محمد بن اسمعیل خود ہندوستان میں آیا اور اُس کے بعد دس عالم ہندوستان میں آئے اور ہندوؤں کے علوم کی کتابوں کو عربی میں ترجمہ کیا بقراط اور جالینوس کی عمدہ کتابوں کو بھی اُنھوں نے نہیں چھوڑا بوعلی سینا کا قانون صدہا برس تک یورپ کے مدرسوں میں پڑھایا جاتا تھا *

اس نامی حکیم کی نسبت جارج ہنری لوئیس صاحب لکھتے ہیں کہ " وہ صرف مترجم اور شارح ارسطو کی حکمت کا نہ تھا بلکہ اُس نے بروجہہ اپنے علم کمال کے اپنی رائے کو بھی بہت کچھہ دخل دیا اور مردوں کو چیر کر علم تشریح انسان کی غلطیاں درست کیں " *

حواس خمسہ ظاہری و باطنی کی تقسیم اسی کی تحقیق ہی جس کی پیروی اب تک سب کرتے ہیں ہمبولٹ کاشمش میں لکھا ہی کہ دوا سازی کا علم عرب نے پیدا کیا چند دواؤں کے مرکب کرنے اور نسخہ لکھنے کا طریقہ اُنھیں کا ایجاد ہی اور پھر وہاں سے اور ملکوں میں پھیلا *

علم کیمیا یعنی حل و عقد کی ترقی کی نسبت ڈرپر صاحب کا کافی ہی کہ وہ لکھتے ہیں کہ اس کی ایجاد عرب ہی سے ہی *

علم نباتات و معدنیات میں ابو عثمان اور عبدالرحمن سرخسی اور عباس ابن بیطار کی کتابیں اُن کی توجہہ پر گواہی دیتی ہیں طاہر بن محمد یوسف غزنوی نے دس جلدیں اس علم میں لکھی ہیں *

علم حیوانات میں اُن کو زیادہ ترقی نہیں ہوئی انھوں نے صرف ارسطو اور گیان کی کتابوں کے ترجمہ پر اکتفا کیا *

علم جغرافیہ میں بھی اُنھوں نے بسبب اپنے دریائی سفروں اور خشکی کی سیاحت اور کثرت تجارت کے اور آخر کو بسبب اپنے فتوحات کے بہت عمدہ تہذیب حاصل کی ادریسی اور ابوالفدا اس فن میں مشہور ہیں *

علم موسیقی میں فارابی نے وہ کمال حاصل کیا تھا جس کی اہل یورپ بھی تصدیق کرتے ہیں جارج ہنری لوئیس صاحب نے لکھا ہی کہ علم موسیقی میں اس کی تصنیف بہت کامل ہی اور اُس نے اگلے مصنفین کی غلطیوں کو بہت اچھی طرح درست کیا ہی *

غرض کہ مسلمانوں کے تہذیب علوم میں نہایت اعلی درجہ کی ترقی تھی مسٹر ارث جرمن کے مورخ نے نہایت انصاف سے یہہ بات لکھی ہی کہ " مسلمانوں نے اور قوموں سے کتنا ہی کچھہ کیوں نہ سیکھا مگر اُنھوں نے اپنی قابلیت و لیاقت سے اُسکو بہت کچھہ ترقی دی " جارج ہنری لوئیس صاحب اپنی ہسٹری آف فلاسفی میں لکھتے ہیں کہ " یہہ بات تسلیم کرلی گئی ہی کہ عرب ہی نے تمام کتابوں اور تحریروں کو فلسفہ یونان کی تباہی سے محفوظ رکھا اور اُنھیں کی وجہہ سے یورپ میں علم اور فلسفہ پھونچا اس امر خاص میں یورپ اُنکا ممنون احسان ہی اور اس سے بڑا احسان عرب کا یورپ پر یہہ ہی کہ اُن لوگوں نے علم ہندسہ اور ہیئت اور طب اور کیمیا میں بڑی کوشش کی اور اُنھیں کی بدولت اسپین سے فرانس ہوکر فرنگستان میں علم پھیلا " ڈاکٹر ڈراپر صاحب لکھتے ہیں کہ " علم کے سیکھنے میں اہل فرنگ ابوعلی الحسن اور ابو موسی اور ابوالوفا اور اور علماء عرب کے زیادہ تر احسان مند ہیں " ابوالولید جسے انگریز " او ور روص " کہتے ہیں وہ شخص تھا کہ جسکی تصنیفات کی چار سو برس تک عیسائی یہود تعظیم و تکریم کرتے رہے اور بہت سی کتابیں اُس کی جنکا نام بھی اب مسلمان نہیں جانتے زبان عربی اور لیٹن میں موجود ہیں چنانچہ جرمن میں پچاس سے زیادہ اُس کی تصنیفات چھاپہ ہوچکی ہیں *

ڈاکٹر ہیلی صاحب بھی اپنی تاریخ اسپین میں اُسکی تصدیق کرتے ہیں اس نامی ڈاکٹر نے جو مقابلہ اُس زمانہ کے مسلمانوں کی حکمت اور فلسفہ کا یورپ سے کیا ہی اُس کے دیکھنے سے اندازہ اُس ترقی کا ہوسکتا ہی جو مسلمانوں نے علوم میں کی تھی سدلیو نامی فرانسیسی مدرس علوم تاریخ کا اپنی تاریخ میں لکھتا ہی کہ " جب علم طب اور طبعیات اور کیمیا اور نلاحت عرب کے ہاتھہ آیا تو اُنھوں نے اُس میں بہت کچھہ ترقی کی یہاں تک کہ ان علوم میں اُن کی

فضیلت حد سے زیادہ بڑھ گئی تھی اور جہاں تک ہمکو معلوم ہی گویا وہ ایک شمہ ہی اُس اصلی فضیلت کا جو آج تک ہمکو معلوم ہی نہیں ہوئی پھر کیف عرب کی قوم ہمارے جملہ فضل و کمال کا اب بھی سرچشمہ ہی اور جن کمالات کو ہم یہہ سمجھتے تھے کہ یہہ اور قوم کا ایجاد ہوگا وہ اب ہمکو اُن کی کتابوں کے دیکھنے سے معلوم ہوجاتا ہی کہ اُن کے اصل موجد عرب ہی ہیں " ایک دوسرا فرانسیسی عالم لکھتا ہی کہ " عرب کی قوموں کو خدا نے دنیا میں اس لیئے پیدا کیا تھا کہ وہ علوم و فنون اور اسباب تمدن کو اُن مختلف قوموں تک پہنچاویں جو فرات کے کنارے سے لیکر اسپانیہ کے اندی کبیر تک پھیل رہی ہیں چنانچہ اُن تمام قوموں نے جملہ کمالات اسی قوم عرب سے حاصل کیئے تھے " *

فنون و دستکاری کو اہل عرب نے رومیوں کے بڑے بڑے شہروں میں جاکر بخوبی حاصل کیا تھا اور پھر خود اُس کو ترقی دی تھی ہارون رشید خلیفہ عباسی نے جو ایک گھڑی بطور تحفہ کے شارلمین بادشاہ فرنگستان کو جو اُس کا بڑا دوست تھا بھیجی تھی اور جسکا ذکر ایجنی ہارڈ صاحب نے کیا ہی مسلمانوں کے فنون و دستکاری میں ترقی کرنے کا بڑا ثبوت ہی *

عرب و اسپین کے ہتیار و غرناطا یعنی کرینڈا کا حریر نہایت مشہور تھا *

فن عمارت میں بھی اُنھوں نے بہت ترقی کی تھی ' وہ حوض و فوارہ نہایت خوبی سے بناتے تھے اور مختلف قسم کے پتھروں کے گل بوٹے تراش کر مکانات کی عمارت کو آراستہ کرتے تھے گنبد بنانے کی ترکیب اُنھوں نے یونانیوں سے اخذ کی مگر پھر اُس کو نہایت ہی خوبصورت کردیا قرطبہ یعنی کارڈوبا کی جامع مسجد ' اور اسپین کے وادی کبیر میں عبدالرحمن ثالث کا قصر عالی ' اور کارڈوبا کا محل ' اور ہندوستان میں قطب کا مینار ' اور تاج کا روضہ ' اور علی مردان کی نہر ' اُن کی صناعی کی شاہد ہیں *

تصویر بنانے میں مسلمانوں نے کچھہ ترقی نہیں کی کیونکہ بت پرستی کی جڑ مٹانے کی غرض سے وہ ممنوع کی گئی تھی مگر مکانات کی آراستگی کے لیئے اُنھوں نے ایک قسم کے نقوش جدیدہ ایجاد کیئے تھے پہلے تو وہ کچھہ نقش وغیرہ تھے پھر وہ ایسے خطوط ہوگئے جنکا آپسمیں تقاطع ہوتا تھا اور وہ خطوط حروف عربی کے مشابہہ تھے کہ جن سے طرح طرح کی طرافت آمیز عمدہ عمدہ خوش وضع شکلیں پیدا ہوجاتی تھیں *

جہاز بنانے میں بھی اُنھوں نے ترقی کی تھی چنانچہ سنہ ۹۷۰ع میں عبدالرحمن خلیفہ اسپین نے ایک ایسا بڑا جہاز بنایا کہ اب تک اُن ملکوں میں کسی نے نہ دیکھا تھا اور اسپین کے مسلمانوں کے جہاز بہت بڑے بڑے ہوتے تھے ' غالبا اسپین والے جو بڑے بڑے جہاز کا استعمال کرتے ہیں اُن کے جہاز اہل اسلام کے جہازوں کی نقل ہیں ' ہندوستان میں بھی محمود بادشاہ گجرات نے ایسا ایک بڑا جنگی جہازوں کا طیار کیا تھا جس سے بڑھکر ہندوستان میں کبھی نہیں ہوا ضلع کمبرجا پر اس بادشاہ کے بہت سے جنگی جہاز جنپر توپیں چڑھی رہتیں طیار رہتے *

اخلاق کو بھی مسلمانوں کے بانی مذہب نے نہایت عمدہ اصول پر قایم کیا سچائی اور وفاداری اخلاص اور نیکی ہمدردی و محبت دشمنوں کو معافی اور برائی کا بدلا بھلائی اصلی اصول نجات کے ہیں *

غیر مذہب والوں کے ساتھہ جو اخلاق خود بانی اسلام نے برتے وہ اِس مثال سے ظاہر ہوسکتے ہیں کہ عیسائی ایلچی جب مدینہ میں آئے تو خود اپنی ذات سے اُنکی مہمانداری کی اور باوجودیکہ رومنکیتھلک تھے اور تثلیث کے قایل مگر اُنکو اجازت دی کہ اپنی نماز اُسی مسجد میں پڑھیں جو ایک خدائے واحد ذوالجلال کا نام پکارنے کو کچی مٹی اور کھجور کے درختوں کی لکڑی سے بنائی گئی تھی ' اگرچہ بعد کو اس نہایت قابل تعظیم اخلاق کی پیروی کم ہوئی مگر کچھہ نہ کچھہ اسکا اثر ہر ایک زمانہ میں پایا جاتا تھا ' جب کہ بیت المقدس فتح ہوگیا تو وہاں کے عیسائیوں نے اُن اصحاب رسول کی دعوت کی جو کہ بیت المقدس کی فتح کے لیئے گئے تھے چنانچہ اُن سب نے قبول کی اور گرجے میں اُنکو کھانا کھلایا گیا وہ سب کھانا کھاتے اور گرجے کی تصویروں کو تعجب سے دیکھتے جاتے تھے *

سلطان صلاح الدین بھی عیسائی بادشاہوں سے باوجودیکہ ہمیشہ اُنکا مقابلہ کرتا رہا نہایت حسن اخلاق سے پیش آتا اور اُنکی تعظیم کرتا تھا امیر صیدا جو عیسائی مذہب رکھتا تھا جب صلاح الدین کے پاس آیا تو اُس نے نہایت تعظیم و تکریم کی اور اُسے اپنے ساتھہ کھانا کھلایا ' اور شقیق کا امیر جو کہ فرنگیوں کے نامی امیروں میں سے تھا سلطان کے خیمے پر آیا تو اُس نے بڑی عزت کی اور اُس کے ساتھہ کھانا کھایا اسپین کے حاکموں اور امیروں نے جیسا برتاؤ غیر مذہب والوں سے کیا تھا اُس کی نسبت جارج ہنری لوئیس صاحب یوں لکھتے ہیں کہ " اسپین میں علم اور حکمت کے کمال نے تعصب کو ایسا مٹا دیا تھا کہ زمانہ حال کے لوگ سنکر تعجب کرینگے کہ یہودی اور عیسائی اور مسلمان ایک ہی زبان بولتے اور ایک ہی قسم کے گیت یا شعر پڑھکر خوش ہوتے تھے ایک ہی طرح کا خیال رکھتے تھے عرب یہود نصاری کو اپنے فرایض مذہبی اور رسمیات کے ادا کرنے سے مطلقاً

حارج اور مانع نہ تھے بلکہ اُنکی دوستی و محبت و ربط و ضبط یہاں تک بڑھا کہ مسلمان اور عیسائی اور یہود میں شادی بیاہ ہونے لگا" *

ما باپ کے ادب کی نہایت تاکید کی گئی جن لوگوں نے کسی نہایت متعصب مسلمان ترک کو اپنی بوڑھی عیسائی ماں کو اتوار کے دن اپنی پیٹھ پر سوار کرکر گرجا نماز پڑھانے کو لیجاتے دیکھا ہوگا وہ نہایت تعجب کرتے ہونگے کہ مسلمانوں کے مذہب کے بانی نے ماں باپ کی کسقدر تعظیم و ادب کی تعلیم کی ہی *

عرب کے پیغمبر نے عورتوں کو روحانی زندگی میں بالکل مردوں کی برابر کردیا ' اتنا فرق بھی اُن میں نہیں رکھا جیسا کہ دائیں اور بائیں ہاتھہ ' یا سولہ آنہ و روپیہ میں ہی ' وہ اُسی طرح نیکی کرسکتی ہیں جس طرح کہ مرد ' وہ اُسی طرح روحانی ترقی پاسکتی ہیں جس طرح کہ مرد ' کوئی مذہبی نیکی ایسی نہیں ہی جو مرد پاسکتا ہو یا کرسکتا ہو اور وہ نیکی عورت کے لیئے نہو ' اُنکے دنیاوی حقوق سے بھی غفلت نہیں کی وہ اُسی طرح اپنے مال کی مالک ہیں جیسا کہ مرد ' وہ سب قسم کے معاہدہ کی مجاز ہیں ' اپنی جائداد کی خواہ وہ منقولہ ہو یا غیر منقولہ وہ خود آپ مالک ہیں ' ہبہ کرسکتی ہیں ' بیع کرسکتی ہیں ' تمام تصرفات جو مرد کرسکتا ہی وہ بھی کرسکتی ہیں *

پالیگمی یعنی تعدد ازواج میں بانی مذہب کا یہہ قول ہی کہ ایک دو تین چار تک عورتیں نکاح میں لاسکتے ہو لیکن اگر اندیشہ بھی عدل نکرسکنے کا ہو تو پھر صرف ایک ہی چاہیئے پس اگر اُسکے حکم منعی کا خیال ہو تو پھر ایک کے سوا جایز نہیں رہتی پس اجازت اور امتناع کو ایسی عمدگی سے ایک ساتھہ بیان کیا ہی کہ بجز حالات خاص کے جسکا جایز رکھنا بلاشبہہ عقل کے موافق ہی تعدد کو معدوم کردیا ہی *

اس سے بھی زیادہ عمدگی سے طلاق کے مسئلہ کو بتایا ہی ' طلاق کی اجازت دی جسکی اجازت دینا بلاشبہہ نہایت ضروری تھی مگر اُس کو ایسا مباح فعل بتایا جس سے بے انتہا ناراضی خدا اور رسول کی پائی جاتی ہی یہاں تک کہ بعض صحابہ نے خیال کیا کہ طلاق دینے والا قتل ہونے کے لایق ہی اور اس عمدہ نصیحت سے طلاق نہایت معتدل طور پر برتی جانے لگی مگر افسوس صد ہزار افسوس کہ ایک بات جو اپنی اخیر عمر میں بانی اسلام نے فرمائی اور جو سب سے مقدم تہذیب انسانی کا مسئلہ تھا اور جس کو اُس وقت تک کسی نے نہ کہا تھا اُس پر اس وجہہ سے کہ رواج عام کے بالکل برخلاف تھا کسی کا خیال نہیں گیا اگر بانی اسلام چند روز اور دنیا میں رہتے تو وہ مسئلہ بھی مثل اور مسائل کے عام ہو جاتا اور وہ مسئلہ غلامی کو بالکل معدوم کردینے کا تھا بانی اسلام نے ان چند لفظوں سے کہ "فامامناً بعد و اما فداء" یعنی لڑائی کے قیدی سب چھوڑ دیئے جاویں خواہ کچھہ لیکر خواہ احسان رکھہ کر غلامی کو بالکل معدوم کردیا ہی اور کچھہ شبہہ نہیں ہی کہ اس نص صریح سے مسلمانوں کے مذہب میں غلامی بالکل ممنوع ہی گو کہ کسی کو اس کا خیال نہ آیا ہو *

دختر کشی کی رسم جس پر عرب کو اس ملک کے ہندوؤں سے بھی زیادہ فخر تھا کیسی کچھہ مسلمانوں میں سے مٹ گئی جس کا نام و نشان بھی نہیں پایا جاتا *

مسلمانوں کی معاشرت کے طریقے ' ملنے جلنے کے قاعدے بھی نہایت عمدہ تھے بزرگوں کا ادب بڑے بوڑھوں کی تعظیم بات چیت میں نرمی و اعتدال کسی کی طرف جھوٹ و عیب کی نسبت کرنے کا خیال طعن و طنز کا لحاظ فحش اور اخلاق و حیا کے خلاف باتوں سے نفرت بے پوچھے کسی بات میں دخل نہ دینا سرگوشی نہ کرنا جاہلوں نادانوں سے نہ جھگڑنا مذہبی گفتگو بے ضرورت نہ کرنا بیہودہ ہنسی اور جہل سے نفرت ' وہ اداب مجلس تھے کہ جن کے لحاظ نہ رکھنے سے انسان بد تمیز اور سوسیٹی سے خارج کرنے کے لایق سمجھا جاتا *

شادی بیاہ کے دستور بھی تہذیب سے خالی نہ تھے قبل نکاح کے مرد و عورت کا ایک دوسرے کو دیکھہ کر پسند کرلینا بے خرف اور بلا لحاظ کسی جاہلانہ خیال کے اور زن و شو کا اپنی رضامندی ظاہر کرنا ' ایک عام دستور تھا نکاح کے وقت ایک مختصر مجلس عزیزوں اور خاص دوستوں کی مرتب ہوتی ' اور ایک مختصر حسب حیثیت سامان ما باپ کی طرف سے لڑکی کو دیا جاتا ' اور بعد نکاح کے ایک مختصر سی دعوت دوست آشناؤں کی کی جاتی عورتیں بالکل اپنے گھر کی مالک اور منتظم سمجھی جاتیں ' اور سب گھر کا کام کاج اُن کے تعلق ہوتا نوکر چاکر بھی اُن کے تابعدار ہوتے یہاں تک کہ مرد بھی بے رضامندی اُن کے کوئی کام نہ کرتا اگرچہ عورتوں کو باہر نکلنے کی عام اجازت نہ تھی مگر مسجدوں میں نماز کے لیئے آنے اور بضرورت باہر نکلنے یا اپنے عزیز اور خاص عزیزوں کے ساتھہ سفر کرنے سے ممنوع نہ تھیں اور مونہہ اور ہاتھہ کو تو شرع نے بھی پردہ میں داخل نہیں کیا اولاد کی تعلیم اور تربیت پہلے تو اُستادوں اور اتالیق کے ذریعہ سے خاص خاص طور پر دی جاتی مگر تیسری صدی سے عام مدرسوں میں تعلیم دینے اور دور و دراز شہروں میں لڑکوں کو بھیج دینے کا عام رواج ہوگیا فارس اور دیلم کے سلطانی و امرا کا تو یہہ ایک عام طریقہ تھا کہ اپنی اولاد کو باہر ہی بھیجکر تعلیم و تربیت دلاتے ' اسی سبب سے اُس زمانہ کے اکثر شہزادے اور

امیر زادے عالم اور ادیب اور منشی ہوتے جسکی تصدیق رچرڈسن صاحب نے کی ہی ابوالفدا جو ایک نامی بادشاہ تھا ایسا مورخ و جغرافیہ داں اور مصنف ہوا ہی کہ اُسکی نظیر دوسری قوم میں کم ملیگی کرخ کا مدرسہ جسے وزیر ابونصر نے بنایا اور ناصریہ کالج جسے مستنصر باللہ نے دجلہ کے کنارے پر تعمیر کیا اور جسکے متعلق شفاخانہ اور حمام اور رہنے کے مکانات بھی تھے اور جس کے لیئے لاکھوں روپیہ کا سرمایہ وقف تھا اور نظامیہ مدرسہ بغداد کا عام تعلیم و تربیت کے لیئے عمدہ مدرسے تھے *

لڑکیوں کی بھی تعلیم گھر پر بذریعہ پڑھی لکھی عورتوں کے یا پرتھے نیک چلن اُستادوں کے ایسی عمدہ ہوتی کہ صدہا مسلمان عورتیں ایسی گذری ہیں کہ اُنکا کلام اُنکی کتابیں اسوقت ہمارے سامنے موجود ہیں ' اُس عمدہ تعلیم و تربیت کے سبب سے خیالات اُنکے ایسے روشن ہوجاتے تھے کہ ہمدردی اور قومی بھلائی کے جوش میں اپنا سارا سرمایہ خرچ کردیتیں ناصرالدین بادشاہ حمص کی بی بی زمرد نام نے جو ساتویں صدی میں ہوئی ہی کل اپنا مال و متاع ایک بڑے کالج دمشق کے بنانے اور اُسکے آیندہ اخراجات میں صرف کردیا *

لباس و پوشاک کا حال یہہ ہی کہ عرب کا اصلی لباس کرتہ اور تہبند تھا اور ایک خاص قسم کا عمامہ یا گول ٹوپی ' اور موزہ یا چوتہ کو بھی وہ ایک ضروری جز و لباس کا جانتے تھے جسکو شارع نے بھی زینت نماز فرمایا ہی مگر پھر مسلمانوں نے کیانیوں اور عجمیوں کا لباس زیادہ پسند کیا اور تھوڑی سی تبدیلی سے اُسے اپنے یہاں رواج دیا ' بعض بادشاہوں نے خود بھی لباس میں کچھہ ایجاد کی جیسا کہ سنہ ۱۵۲ ھجری میں منصور خلیفہ نے ایک لمبی گول ٹوپی جو لکڑیوں کی پتلی تیلیوں سے بنائی جاتی جسپر سیاہ رنگ یا کالا کپڑا منڈھا جاتا اور غالبا وھی ٹوپی ہی جسے اب انگریز استعمال کرتے ہیں پھر تاتار کے مسلمانوں نے وہ سرخ ٹوپی ایجاد کی جسے اب ترک پہنتے ہیں اور ہندوستان کے بھی بعض تھیٹ مسلمانوں کے مبارک سروں پر دکھائی دیتی ہی ' شاہ اسمعیل صفوی نے بھی ایک خاص قسم کی لال ٹوپی ایجاد کی جس کے سبب سے ایرانی اپنے آپ کو قزلباش یعنی لال سروں والا کہتے ہیں ہندوستان میں بھی ایک خاص قسم کا درباری لباس تجویز کیا گیا یعنی سفید ململ کا جامہ جسے آیا کی کہتے چاہیئے اور کمر بند اور پگڑی جسکی بڑی زینت بازوبند اور مالا سے سمجھی جاتی تھی یہہ لباس شاید مصریوں کا تھا اس لیئے کہ اُس کا نقشہ شہر تھیبس کے قبرستان میں بعض بادشاہوں کی تصویروں میں پایا گیا ہی *

عورتوں کا لباس گو بہ نسبت ایک چادر اور تہبند کے بہت درست کیا گیا مگر در حقیقت اُس میں کوئی عمدہ ترقی نہیں ہوئی کھانے پینے میں بھی کیانیوں اور عجمیوں کی طرح دستر خوان کی رونق اور آراستگی حضرت معاویہ امیر شام کے وقت سے شروع ہوئی پھر عباسیوں کے زمانہ میں چھوٹی میز پر کھانا رکھکر کھانے کا رواج ہوا جسے بعض نادان مواریوں نے بدعت بتایا اور چھٹویں صدی تک اُس کا جھگڑا رہا جسکی نسبت امام غزالی نے یہہ تصنیف کیا کہ نہ گناہ ہی نہ بدعت ہی بلکہ اُس میں صرف تعظیم کھانے کی ہی غرض آٹھویں صدی سے لیکر تیرھویں صدی تک مسلمانوں کی طرز معاشرت کو ترقی ہوتی رہی یہاں تک کہ یورپ نے مسلمانوں ہی کی معاشرت و تمدن دیکھکر اس میں ترقی کی گیارھویں صدی کے آخر سے تیرھویں صدی تک جو صلح لڑائیاں مسلمان اور عیسائیوں میں بیت المقدس میں ہوئیں اُس کی نسبت یورپ کے مورخوں کا قول ہی کہ " گو ان لڑائیوں سے بیشمار آدمی ضایع ہوئے اور بہت سا نفیس مال بغیر کسی فائدہ کے ضایع ہوا لیکن انجام کار اُس سے فائدے بھی بہت پہنچے ہوئے جس میں سے ایک فائدہ یہہ ہی کہ اُسی زمانہ سے اہل یورپ نے فوج کی ترتیب اور اصلاح شروع کی اور تجارت اور زراعت کے طریقے اُن مشرقی قوموں سے سیکھے اور شہریوں کی سی عادتیں اختیار کیں اور دنیا کے حالات کی تحقیق کے واسطے سفر کی عادت ڈالی خلاصہ یہہ ہی کہ یورپ کی قوموں کو تمدن کے طریقے اُسی وقت سے معلوم ہوئے جب سے وہ مسلمانوں کی اُن قوموں سے ملے جو تمدن اور حسن معاشرت اور علوم و فنون اور ہنر و کمالات میں اُن سے فایق تھیں " *

تجارت اور زراعت میں بھی مسلمانوں نے بہت ترقی کی تھی اُنکو ہمیشہ سفر کی طرف رغبت رہی ہی جب اُنکی سلطنت فرانسیس اور اسپین کے پہاڑوں کے بیچ سے گذر کر ہمالیہ تک پہونچی تو اُسوقت وہ دنیا کے بڑے نامی تاجروں میں ہوگئے اور فن زراعت میں تو مثل اُنکے کوئی نہ تھا اسواسطے کہ جسقدر پانی کے خزانے بنانے اور اُسکو اپنی کھیتی کی کیاریوں میں برابر پہونچانے میں یہہ لوگ مضبوط تھے دوسرا نہیں ہوا ' اہل عرب پہلے سے تجارت میں نامور ہیں چنانچہ وہ جزیرہ بحر احمر کا جسکو جزیرہ سکاترہ کہتے ہیں اور لنکا کا مغربی کنارہ اور ملیبار عربوں کی بستی سے معمور تھی اور جب مشہور جہازران ورسکوڈیگاما صاحب پندرھویں صدی کے اخیر میں ملیبار کے کنارہ پر پہونچے تو اُنہوں نے تمام تجارت مسلمانوں کے ہاتھہ میں پائی چنانچہ اب تک اُنکی نسل باقی ہی جو مرپلا کے نام سے مشہور ہیں اور باوجودیکہ اب وہ بالکل وحشی ہو رہے ہیں مگر ہر قسم کی تجارت کرتے ہیں *

مسلمانوں نے جب ایران کو فتح کیا اُسوقت دجلہ اور فرات کے مرغزار پر اُنھوں نے بصرہ شہر کو اس ارادے سے بسایا کہ گجرات اور سندھ بھی جو دریاے سندھ کے پورب واقع ھی تجارت کرسکیں اُنھوں نے دریاے فرات کے کناروں سے بھر ظلمات کے ساحل تک اپنی تجارت پھیلائی اور کارسیکا اور سارڈینیا اور جنوبی اٹلی میں بہت سے شہر آباد کیئے ایک عرصہ دراز تک میڈی ٹیرینین میں اُنکے تجارتی جہاز اپنے بادبانوں سے سمندر کی لہروں کو روندتے رہتے *

سیاست ملکی کا طریقہ جو اب امریکا میں جاری ھی وہ مدت ھوئی کہ مسلمانوں نے قایم کیا تھا ممتاز و ممتاز لوگوں کی راے سے جو کہ راے دینے کی لیاقت رکھتے تھے اور جنکو اہل حل و عقد کہتے ھیں ایک شخص کا بطور پریسیڈنٹ کے ھونا قرار پایا تھا وہ پریسیڈنٹ جب تک کہ اپنے عہدہ کا کام انصاف سے کرے اپنے عہدہ پر بحال رھنے کے لایق تھا بیت المال میں سے اُسکو مثل ایک عام مسلمان کے اور کچھہ زیادہ حق نہ تھا *

اس پریسیڈنٹ کو جسے ھم خلیفہ کہتے ھیں تمام امور میں معتبر لوگوں سے مشورہ کرکر کام کرنا واجب تھا غلطی سے روکنے کا ھر ایک مسلمان کا حق تھا اور قصور کی حالت میں مرتکب ھوسکتا تھا پہلے خلیفہ نے لوگوں سے کہا تھا کہ اچھی باتوں میں میری مدد کرو اور بری باتوں میں روکنے کا تمکو حق ھی دوسرے خلیفہ نے رعایا کے دلوں کے امتحان لینے کے لیئے ایک روز خطبہ میں پوچھا کہ اگر میں ناجایز حکم دوں تو تم کرو گے تب ایک عام جوان آدمی تلوار لیکر کھڑا ھوگیا اور کہا کہ فوراً خلافت کی گدی سے تمکو اوتار دیں اور دوسرے کو خلیفہ بناویں *

چوتھے خلیفہ کو ایک یہودی کے مقابلہ میں زرہ کے دعوی میں ایک عام مسلمان کی طرح جج کے محکمہ میں حاضر ھونا پڑا اور جج نے اُس سچے نیک عادل خلیفہ کے برخلاف حکم دیا اسوجہ سے کہ قانون کے موافق ثبوت نہ تھا *

پانچویں خلیفہ برحق حسن ابن علی کے عہد میں بھی اصول سیاست اسیطرح قائم رھے مگر افسوس ھی کہ بہت سببوں اور بےانتہا خون ریزیوں کے بچانے کی غرض سے اس خلیفہ برحق نے اپنا عہدہ چھوڑ دیا اور سلطنت شخصیہ قایم ھوگئی جسکو ھمارے پیغمبر نے ملکاً عضوضاً کہا تھا اور جسکو یونانی ٹیرنٹ یعنی ظالم کہا کرتے تھے اُس دن سے اصول سیاست جو مسلمانوں کے بانی نے قایم کیئے تھے خود مختاری کے پاؤں کے تلے روندے گئے *

شخصیہ سلطنت جاری ھونے کے بعد سلطنت موروثی اور خاندانی ھوگئی اور ولیعہدی اور جانشینی کی خراب رسم جاری ھوئی چنانچہ اکثر ظالم اور بے رحم سلطنت کے مالک ھوگئے جنھوں نے ظلم و ستم سے دنیا کو تاریک کردیا بہت سے لوگ ان واقعات میں مارے گئے اور اکثر اچھے نیک پاک لوگ جلاوطن ھوگئے مدتوں تک لشت و خزن جاری رھا رعایا کا مال اُن بے رحم بادشاھوں کا تحفہ اور لوگوں کی جانیں اُن کی قربانی اور فدیہ ٹھہر گئیں *

جب شخصیہ سلطنت کے جاری ھونے سے حکومت کسی قانون عقلی اور نقلی کے تابع نہ رھی بلکہ سلطنت ایک شخص کی خواھشوں اور اُس کے غیظ و غضب کے تابع ھوگئی تب اُس زمانہ کے دانہ نیک آدمیوں نے اُس خرد مختاری کے روکنے میں بڑی سعی کی اُن کے ایک مجموعہ قانون کا بنایا جو قران و حدیث کے صاف و صریح حکموں یا اُسکے اشاروں کنایوں اور اگلے پانچ وقتوں میں جو واقعات پیش آئے تھے اُن کی نظیروں سے مرکب تھا ' اور اب جو ھماری فقہ کی کتابوں میں مدون ھی اور جسے قانون شریعت یا محمدن لا کہتے ھیں مگر چونکہ اُس پر عمل کرنا ھمیشہ خود اختیار بادشاھوں کے اختیار میں تھا اور کوئی ایسی جماعت یا ایسی کونسل جو بادشاہ کو اُس کی تعمیل پر مجبور کرے موجود نہ تھی اس لیئے اُس پر بہت کم عمل کیا گیا اور خود مختاری کے روکنے میں یہہ قانون کامیاب نہوا *

جیسا کہ سلطنت شخصیہ کا عام قاعدہ ھی ویسا ھی مسلمانوں کی سلطنت شخصیہ میں بھی ھوا کبھی تخت پر ایسا ظالم قابض ھوا جس نے دنیا کو جور و ظلم سے بھر دیا اور کبھی ایسا نیک اور عادل جانشین ھوا جس نے نہایت عدل اور انصاف سے حکومت کی اسوقت سمجھکر نہایت زیبا ھی وہ میں اُس بڑے عادل خلیفہ عبدالعزیز کے نام کو یاد کروں جس نے اپنی حکومت میں نہایت عدل برتا اُس کے عہد کے ایک صربہ دار اُسامہ نے عیسائی رعایا پر پچھپہ زیادتی کی تھی خلیفہ نے پاپزنجیر اُس کو طلب کیا اور دوسرا حاکم اُس کی جگہہ بھیجا جس کو ان احکام کی تعمیل کا حکم دیا تھا کہ تمام عہد و پیمان جو خراج گذاروں سے کیئے گئے ھیں وہ باحتیاط قایم رکھے جاویں اور وہ لوگ اپنے عبادت خانوں اور گرجوں پر قابض رھیں کوئی مسلمان اُن سے پرخاش نہ کرے نہ اُن پر جھوٹی تہمت لگانے پاوے انصاف کے وقت مسلمان اور غیر مسلمان برابر سمجھا جاوے ' سلطان صلاح الدین بھی انھیں نیک اور عادل بادشاھوں میں ھوا ھی جس نے کہ مسلمان اور غیر مسلمان کو انصاف میں برابر جانا اور مرنے کے وقت اپنا مال جو وقف کیا اُس کی نسبت وصیت کی کہ بلا لحاظ مذھب کے محتاجوں کو تقسیم کیا جاوے مسلم ھو یا عیسائی یا یہود '

ابن سہم نلبی جو ایک مشہور تنھمند مسلمان سردار ھوا ھی جب وہ قرطبہ میں مسند نشین ھوا اور مسلمانوں کو زمین تقسیم کرنی

چاھي تو جتني زمين مزروعہ عيسائيوں کے قبضہ ميں تھي وہ بدستور اُن کے پاس رھنے دي صرف بنجر اور غير مزروعہ زمين کے ٹکڑے جس کا کوئي مالک نہ تھا مسلمانوں کو ديئے *

عبدالرحمن جب اسپين کا امير ھوا تو اُس نے سارے گرجے جو خلاف شرط عہد و پيمان کے ضبط کرليئے گئے تھے واپس کرديئے *

طارق نے جس کا نام جبل الطارق يعني جبل الطارق کي اُونچي چوٹي پر لکھا ھوا ھی جب دارالسلطنت اسپين کا محاصرہ کيا اور شہر کے رھنے والوں نے صلح چاھي تو وہ اُن کے ساتھہ نہايت مستقل مزاجي سے پيش آيا اور اُن کے قبضہ ميں رھنے ديا اُن کے مذھبي دستوروں ميں کچھہ مداخلت نہ کي بلکہ اُن کے باھمي حقوق و معاملات کے تصفيہ کے ليئے اُن کو اپنے ججوں سے فيصلہ کرانے کي اجازت دي *

محمد قاسم جس نے اول اول ھندوستان پر چڑھائي کي گو نيک اور منصف اميروں ميں نہ تھا مگر جسوقت اُس نے مغلوب ھندوؤں کے حقوق کي ھدايت چاھي تو يہہ جواب عرب سے اُس کو ملا کہ جب لوگوں نے اطاعت قبول کرلي تو حقوق رعايا کے مستحق ھوگئے اور اس ليئے مذھبي رسومات کے اجرا کي اُن کو اجازت دينا چاھيئے اور جو جاگيريں کہ برھمنوں کي ضبط کي گئي ھوں وہ واپس کردي جاويں بلکہ تين روپيہ سينکڑا ملک کے محاصل پر جو راجے اُن کو ديتے تھے وہ سرکاري خزانہ سے دينا چاھيئے کيا نظير اِس کي اَور کسي فتحمند قوم کي تاريخ ميں پائي جاتي ھی *

اس ميں کچھہ شبہہ نہيں ھی کہ مسلمانوں نے اسي بات ميں ناموري نہيں پائي، کہ وہ بھر عرب سے نکلکر اسپانيہ کے وادي کبير ميں جا پھونچے اور وھاں سے ھندوستان کے دريائے سندہ ميں آنکلے، يا عرب ريگستان اور گرم و خشک پہاڑوں سے چلکر اُنھوں نے اپني فتح کي جھنڈي اسپين اور فرانس کے پہاڑوں پر گاڑ دي، اور تھوڑے زمانہ ميں اپني حکومت اٹھارہ سو فرسخ ميں قايم کرلي بلکہ وہ اس باب ميں بھي نامور ھيں کہ اُنھوں نے اپنے مفتوحہ اور مقبوضہ ملکوں پر اپني راست بازي اور عہد و پيمان ميں ثابت قدمي ثابت کردي اور اپني تھوڑي اطاعت ميں غير قوموں کو ھر قسم کي آزادي بخشي جيسا کہ ڈاکٹر جے اے کانڈي اپني تاريخ اسپين ميں لکھتے ھيں کہ "وہ شرطيں جو مفتوحہ قوم پر قايم کي گئي تھيں ايسي ھيں کہ لوگوں کو بجاے تکليف کے اُن فتح کرنے والوں سے اطمينان ھوگيا اور جب اُنھوں نے اپني اُس تقدير کا جو پہلے تھي اپني موجودہ حالت سے مقابلہ کيا تو اُنکو يقين ھو گيا کہ اُن کي خوش قسمتي ھوگي، مذھبي رسموں کے بجالانے ميں آزادي، گرجا اور عبادت خانوں کي بخوبي حفاظت، مال عزت جان سے پورا اطمينان، يہہ سب چيزيں اُس اطاعت کا معاوضہ نہ تھيں جو اُنھوں نے اُس فتح مند قوم کي کي تھي، محصول جو لگايا گيا تھا وہ بہت ھي ھلکا تھا، اور تمام لوگوں پر عرب کا يہہ اعتبار بڑھا ھوا تھا کہ وہ اپنے عہد و پيمان کو خوب قايم رکھتے ھيں، اُس عام انصاف نے جو وہ ھر درجہ کے لوگوں سے بلا تميز کسي قوم و مذھب کے کرتے تھے اُن لوگوں کا سب پر اعتبار کرا ديا اور تمام قوموں کي آنکھوں ميں اُن کي عزت ھوگئي اور نہ صرف اپنے معاملات بلکہ دل کي فياضي اور عادات کي سمدگي اور اپني جبلي خاطر داري سے عرب والے اپنے وقت کے عام لوگوں ميں ممتاز تھے *

ايک نامي مورخ انگلستان کا لکھتا ھی کہ جب سلطان صلاح الدين نے دربارہ بيت المقدس کو فتح کيا تو وہ اُن سے اُسي طرح پيش نہ آيا جيسا کہ دسويں صدي کي آخر لڑائي ميں فتح کرنے والے مسلمانوں سے پيش آئے تھے اور جنھوں نے بيت المقدس کے قلعہ ميں چاليس ھزار مسلمان معہ زن و فرزند کے قتل کرڈالے تھے بلکہ اُس نے کچھہ ظلم نہ کيا اور جب اھل قلعہ نے اپنے تئيں اُس کے سپرد کيا سلطان نے اُن عيسائي قيديوں پر نہايت مہرباني کي اور جو لوگ ايسے غريب تھے کہ اپني رھائي کي قيمت نہ ادا کرسکے اُنھيں مفت آزاد کرديا اس بادشاہ کے تہذيب اخلاق کے سامنے بادشاہ فرانس تو کيا بلکہ رچرڈ شير دل کي بھي کچھہ حقيقت نہ رھي *

ملک اسپين کو جو ترقي اور آبادي اور رونق مسلمانوں کي حکومت کے زمانہ ميں ھوئي اُسکي نسبت ايک فرانسيسي عالم لکھتا ھی کہ اُس کي ترقي اور آبادي کا قياس اس پر کرلينا چاھيئے کہ ايک مقام قرطبہ ميں دو لاکھہ گھر اور چھہ سو مسجديں اور پچاس شفاخانے اور اَسي عام مدرسے اور نوسو حمام تھے اور سڑکوں پر قنديليں اسقدر روشن ھوتي تھيں کہ شہر ميں چلنے والے اُس کي روشني ميں پھرا کرتے تھے *

جن فتح مند مسلمان بادشاھوں نے ھندوستان کو فتح کيا اُن ميں بھي اچھے اور برے عادل و ظالم سب طرح کے ھوئے مگر اُنھيں کي بدولت ھندوؤں ميں تہذيب و شايستگي پھيلي جسوقت مسلمانوں نے اپني فتح کا نشان ھمالية پہاڑ کي اُونچي چوٹي پر اوڑايا اُسوقت ديکھنا چاھيئے کہ ھندوستان کي قوموں کا اُن کے لباس کا اُن کي طرز و معاشرت کا کيا حال تھا اور مسلمان فتح مندوں کي فتوحات نے ھندوستان کے داؤں اور اُن کي خصلتوں پر کيا اثر کيا اور اُن کے اخلاق و معاشرت و تمدن ميں کيسي تبديلي پيدا کي جوتا پہننا اُنھوں نے سکھايا، کپڑا پہننا اُنھوں نے بتايا، فرش پر بيٹھنا، مختلف طرح کے

کھانوں کا پکانا ' مکانات کی آراستگی ' علم مجلس' اور ہزاروں چیزیں تہذیب و شایستگی کی اُنھیں کی بدولت ہندوؤں میں پھیلیں ' بڑے بڑے شہر اُن کی بدولت آباد ہوئے عمدہ عمدہ عمارتیں جو اب دنیا میں بےنظیر گنی جاتی ہیں اُنھیں کی توجہ سے تعمیر ہوئیں ' ہاں یہہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اُنکا زمانہ ایسی تہذیب اور سویلیزیشن کا تھا جیسا کہ اب کرٹین وکٹوریا کا ہی ' جن متعصب مورخوں نے مسلمان بادشاہوں کے کچھہ صحیح کچھہ غلط حالات ایک تعصب کے جوش سے بیان کیئے ہیں اُنکو چاہیئے کہ اُنکے وقت کا مقابلہ نارمن لوگوں کے اُس عہد سے کرتے جبکہ اُنھوں نے اینگلوسیکسن پر فتح پائی تھی نہ کرٹین وکٹوریا کے عہد سے *

چند سال ہوئے کہ ایک ہندو نے ویسراے کی دارالحکومت یعنی کلکتہ سے پورانی مغل کی دارالخلافت یعنی دہلی تک سفر کیا اور اس مختصر سفر کا ایک سفر نامہ طیار کیا جس کی عبارت اُنھوں نے اپنی دانست میں لارڈ مکالی کو شرمانے والی لکھی تھی اُس میں اُنھوں نے لکھا تھا کہ کوئی آفت اور کوئی مصیبت مسلمانوں کی عملداری سے زیادہ ہندوستان میں نہ تھی اُنھوں نے تمام خوبیوں کو برباد کردیا تھا ' اس کتاب پر ٹیمز لندن کے اخبار میں ایک ریویو نکلا تھا اُس ریویو میں یہہ فقرہ مندرج ہی کہ " مسلمانوں کو برا کہنا اُنکے عیبوں کو دھرنا گو وہ صحیح ہوں ایک ہندو کے مونہہ سے نہایت نازیبا معلوم ہوتا ہی " *

ایک بڑا الزام مسلمانوں کی سیاست پر یہہ دیا جاتا ہی کہ مذہب تلوار کے زور سے پھیلایا گیا اور لوگ زبردستی مسلمان کیئے گئے مگر یہہ الزام حقیقت میں صحیح نہیں ہی سیل صاحب لکھتے ہیں کہ " وہ لوگ نہایت دھوکہ کھاتے ہیں جو خیال کرتے ہیں کہ مذہب اسلام بزور شمشیر پھیلا ہی " پھر یہہ بھی لکھتے ہیں کہ " اُن لوگوں نے اسلام کیوں قبول کیا جنپر مسلمانوں نے کبھی فوج کشی نہ کی تھی اور پھر اُن لوگوں نے کیوں قبول کیا جنھوں نے اہل عرب کو اُن کے فتوحات سے محروم کردیا اور اُن کی سلطنت بلکہ خلیفوں کا خاتمہ کردیا معلوم ہوتا ہی کہ کوئی بات اس سے بڑھکر تھی جو ایک مذہب میں مورما خیال کی جاتی ہی اور جس سے ایسی عجیب ترقی ہوئی وہ لوگ جو مسلمانوں کو یہہ الزام دیتے ہیں کیا جواب دیسکتے ہیں اسبات کا کہ ترکی جنھوں نے حجازیوں پر آٹھویں صدی کے اخیر پر حملہ کیا مسلمان نہ تھے اور پھر تھوڑے ہی دنوں بعد اپنے مغلوب حجازیوں کے دین میں مسلمان ہوگئے اس سے معلوم ہوتا ہی کہ خود اسلام کی خوبیوں نے اُنکو مسلمان کردیا گبن صاحب کہتے ہیں افریقہ اور ایشیا کے لکھو کھا نو مسلم جنھوں نے کہ عرب کے مسلمانوں کی تعداد بڑھادی ایک خدا اور اُس کے رسول پر ایمان لانے میں فریفتہ ہوگئے تھے " الفنسٹن صاحب نے بھی ہندوؤں کا جبراً مسلمان کرنا تسلیم نہیں کیا چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ محمود غزنوی نے ایک ہندو کو بھی جبراً مسلمان نہیں کیا نہ سراے لڑائی کے کسی ہندو کے خون سے تلوار کو آلودہ کیا *

یہہ حال مسلمانوں کے پہلے زمانہ کی تہذیب کا تھا مگر جب ہم اس کا بیان کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اب کیسی ہی تو نہایت درد و حسرت سے ہمکو یہہ لکھنا پڑتا ہی کہ یہہ نسبت سابق کے ہر بات میں مسلمانوں کی تہذیب نہایت تنزل پر ہی *

مذہب کا یہہ حال ہی کہ جو مسئلہ اصل اصول اسلام کا تھا یعنی سواے ایک خدا کے اور کسی کو نہ ماننا وہ اپنی اصلیت پر نہ رہا ' ہزار ہا مسلمان ہیں جو سواے خدا کے ظاہراً یا باطناً زندوں یا مردوں ' جاندار یا بیجان چیزوں' کو پوجتے ہیں اور جن اور بھوت و پلید کو مانتے ہیں تعویز و گنڈہ بناتے ہیں حاضرات کا عمل کرتے ہیں شگونوں پر چلتے ہیں خدا کے سوا دوسروں کی نذر نیاز کرتے ہیں یہاں تک کہ بعض کم بخت خدا کے سوا اوروں کی نماز بھی پڑھتے ہیں *

روحانی تہذیب جو جان اسلام کی تھی اُس کا لوگوں کے دلوں میں کچھہ بھی اثر پایا نہیں جاتا صرف ظاہری بناؤ و سنوار پر اصل اسلام رہ گیا ہی صدہا مسلمان ہیں نہ پہروں ہاتھہ پانوں دھوتے ہیں گھنٹوں دریا میں پڑے رہتے ہیں بے محراب دار جا نماز کے نماز نہیں پڑھتے ' بے زیتون کے دانوں کے خدا کا نام نہیں لیتے ' دیکھانے کے لیئے جیب میں مٹی کے ڈھیلے ' اور بند میں پیالو کی مسواک ' اور دوش پر مصلی اور رومال میں سرمہ دانی لیئے ' اور ہاتھہ میں تسبیح لیئے پھرتے ہیں مگر افسوس ہی کہ دل کو بڑے خیالوں اور بد جذبوں سے پاک کرنے سے مراد پر پہنچنے کی کچھہ فکر نہیں کرتے *

مذہبی تعلیم بھی اپنی حالت پر باقی نہیں رہی اچھے اچھے عالم بجاے وعظ و نصیحت کے جب کسی مخالف سے بات کرتے ہیں تو اُنکا چہرہ سرخ آنکھیں نیلی پیلی ہوجاتی ہیں برا بھلا کہنے لگتے ہیں یہاں تک کہ اگر سیاست کا خوف مانع نہو تو مار ڈالنے میں بھی تامل نکریں *

ایسے مغلوب الغضب لوگوں کے علاوہ جو نہایت نیک عالم ہیں اُنکا بھی وعظ اپنے ہی مسجد کے سایہ اور مریدوں کے حلقہ میں ہوتا ہی اور اُنھیں باتوں پر جنکو ہر کوئی جانتا ہی' ہمنے آج تک نہیں سنا کہ کبھی مولوی صاحب نے مسجد سے نکلکر مذہبی منادی کرنے کے لیئے

کسی ریگستان کی گرم ہوا کا صدمہ اُٹھایا ہو کسی پہاڑ پر جنگلی لوگوں سے اسلام کے پھیلانے میں مصیبت سہی ہو یا سوائے اُن معمولی باتوں کے جس سے سب کے کان پھرے ہوئے ہیں کسی نے کوئی تحقیق کی بات بھی زبان سے نکالی ہو *

امامت کی یہہ کیفیت ہی کہ ہرایک فرقہ ہرایک گروہ نے اپنا ایک جدا امام ٹھہرا لیا ہی اور اُن کو روم کے پوپ سے بھی بڑھکر معصوم سمجھہ رکھا ہی اور قرآن تو صرف تعویذ بناکر بازو پر باندھ لینے یا مردوں پر فاتحہ پڑھنے کے لیئے رہ گیا ہی *

اجتہاد پر وہ اعتقاد ہی کہ ہرایک نے اپنے مجتہد کو نبی سمجھہ رکھا ہی سو جو اُن کے قول یا فعل یا راے سے تجاوز کرنا جایز نہیں جانتے اُن کے نزدیک اُس پاک اور معصوم نبی کے قول جسکی باتیں ریگستان اور عرب کے پھرنے والے سمجھہ لیتے تھے اُن کے مجتہدوں کے سوا دوسرا کوئی سمجھہ ہی نہیں سکتا نہ بے واسطہ اُن کے مجتہدوں کے کسیکو اُس پر چلنا جائز ہی *

جوگی پنے اور تجرد اور رہبانیت کا وہ حال ہی کہ صدہا جوگی مسلمان خیالی دنیا چھوڑے ہوئے جزیہ تحصیل کرتے اور اپنی جھولیوں کو گول گول ابیض قوراني سے بھرے ہوئے دنیا داروں کو برا بھلا کہتے پھرتے ہیں اور مسلمان جاہل بھی اُن کو ولی اور خدا رسیدہ سمجھکر اُن کے ہاتھوں خدا کو رشوت بھیجتے ہیں *

تبرکات اور رسوم اور تیوہاروں کا حال ظاہر ہی کہ ہر شہر میں قدم رسول اور مولا علی کی درگاہ اور امام حسن کی کربلا اور حضرت عباس کا روضہ اور بی بی فاطمہ کی زیارت موجود ہی اور صدہا مرے ہوئے ولیوں کے مزاروں پر عید گاہوں سے زیادہ ہجوم ہوتا ہی اور اُن کے تبرکات کی زیارت نجات کا ذریعہ سمجھی جاتی ہی اور اُنکے مٹی کے ڈھیروں سے مرادیں مانگی جاتی ہیں *

علم کا یہہ حال ہی کہ علم ادب کسی کو اِس زمانہ میں آتا ہی نہیں شاید معدودے چند مسلمان عالم ہونگے جو ٹوٹی پھوٹی عربی لکھہ سکتے یا بول سکتے ہوں *

علوم مذہبی کا جاننے والا اور تحقیق کرنے والا ایک بھی نہیں رہا بڑی عالمیت اسمیں رہ گئی ہی کہ فقہ و حدیث یا تفسیر کی کتابوں میں سے کسی مطلب کے لیئے کوئی روایت ڈھونڈ کر نکال لیجاوے خواہ وہ صحیح ہو یا غلط *

فلسفہ تو اب ہماری قوم میں نام کو بھی نہیں سنا جاتا چند طالب علم کہیں کہیں یونانی فلسفہ کی کتابیں پڑھتے ہیں جسکی اصلیت سے پڑھانے والا پڑھنے والے سے کچھہ زیادہ واقف نہیں ہوتا *

طبعیات جاننے والا مسلمانوں میں کوئی نہیں رہا ہاں چند مسائل کا بیان اس زمانہ کے عالم اس طرح پر کرتے ہیں کہ عناصر چار ہیں خاک باد آب آتش یہہ چاروں بسیط ہیں خاک کے اوپر آب اور آب کے اوپر باد اور باد کے اوپر آگ ہی اور وہ بہت بڑا ڈاری کرہ ہی آسمان کی حرکت سے مشتعل رہتا ہی مگر چونکہ قطبین کی طرف حرکت کم ہی اس لیئے وہاں مشتعل بھی کم ہی اور اس سبب سے اس کی شکل اہلیلجی ہوگئی ہی جب شاگرد پوچھتا ہی کہ اہلیلجی کیا شکل ہی تو اُستاد اپنی سرمہ دانی نکالکر کھولا دیتے ہیں کہ ایسی بیچ میں سے موٹی دونوں طرف سے پتلی پس اس زمانہ میں عالموں کی یہہ طبعیات رہ گئی ہی جسپر ہر کوئی ہنستا ہی *

علم ہیئت بڑے بڑے درسگاہوں میں تشریح الافلاک اور قرشچی سے زیادہ نہیں پڑھایا جاتا ' بڑے بڑے عالم اس زمانہ کے چغمینی سے زیادہ نہیں جانتے اُس میں یہہ پڑھایا جاتا ہی کہ آسمان پیاز کے پتروں کی مانند تہہ در تہہ ہی سب سے اوپر کے پتر کی حرکت سے تمام اندرونی پترے حرکت کرجاتے ہیں اور اسی طرح سے دن رات اور رات دن ہوجاتا ہی ' دم دار ستارے کو اب تک ہمارے مولوی صاحب بھی سمجھتے ہیں کہ وہ زمین کا دھواں ہی جو کہ آگ کے کرہ تک پہنچنے سے جلنے لگتا ہی اور رفتہ رفتہ بجھہ جاتا ہی *

ہندسہ و حساب کچھہ باقی ہی اقلیدس کا ایک مقالہ اور خلاصۃ الحساب کی تحصیل اربعہ یا جذر تک فضیلت کی پگڑی بندھوا دیتی ہی ' مگر طالب علم یہہ سوچتے ہیں کہ تحریر اقلیدس کے پڑھنے اور ان ٹیڑھی سیدھی شکلوں کے بنانے میں کیا فائدہ ہی *

علم طب ہاں یہہ علم بے شک بڑی ترقی پر ہی جسکے عالم یعنی طبیب ابھی تک معدہ سے جگر تک ما ساریقا ہی کی تنگ راہ کو ڈھونڈ رہے ہیں ' قطع نظر اس کے یہہ علم جسقدر کہ مسلمانوں میں تھا اب اُس قدر کا جاننے والا ہی نہیں رہا *

علم نباتات کی تحقیقات اعلی درجہ پر پہنچ گئی ہی اچھے پڑھے لکھے مسلمانوں نے لکھا ہی کہ سرندیپ میں ایک درخت ہی جسپر کلمہ لکھا ہوا ہی نہ زمین پر اُس کا پتہ گرتا ہی نہ کوئی جانور اُسے کھا سکتا ہی ہمیشہ تر و تازہ رہتا ہی *

بڑے بڑے عالموں کا اس پر یقین ہی کہ بعضی بوٹیاں ایسی ہیں جس سے سونا چاندی بن سکتا ہی *

علم حیوانات میں بلاشبہہ بڑی ترقی ہی کیونکہ ہم اپنے ہاں کے بڑے بڑے عالموں کو تقریر کرتے سنتے ہیں کہ اگر بکری و کتے سے بچا پیدا ہو تو اُس کا کونسا درجہ ہی یا نہیں *

عام جغرافیہ کا بیان کرنا بے فائدہ ہی بڑے بڑے عالم یہہ یقین رکھتے ہیں کہ عدن میں شداد کی بہشت موجود ہی جسکی دیواریں سونے چاندی کی اور ستون زمرد و یاقوت کے ہیں اور موتی و جواہر کنکر پتھر کی طرح پڑے ہیں اگر کوئی بھولے سے پہونچ جاتا ہی تو اُونٹ اپنا جواہروں سے بھر لاتا ہی *

دستکاری و فنون بعض تو معدوم ہوگئے اور جو مفید تھے وہ اب تک ہیں اور ہیری دانست میں بہ نسبت زمانہ سابق کے زیادہ ترقی پر ہیں *

اخلاق کا یہہ حال ہی کہ سچائی اور وفاداری اخلاص و محبت نیکی و ہمدردی کا نام نہیں جھوٹ اور مکر ریا اور نفاق کینہ اور عداوت سے گنتی ہی کے مسلمان محفوظ ہونگے *

دو آدمی جن سے کبھی کی جان پہچان نہو اس اخلاص سے ملینگے کہ گویا ماں جائے بھائی ہیں مگر دو دوست ایسے کم نکلینگے کہ پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کی بدگوئی اور غیبت نکریں منہہ پر تعریف کرنا اور پیچھے گالیاں دینا ایک عام خصلت ہی اقرار کا پورا کرنا وعدہ کا وفا کرنا کوئی جانتا ہی نہیں مکر و ریا کی مجسم صورت کسی نے نہ دیکھی ہو وہ ہمارے زمانہ کے مولویوں اور درویشوں کو دیکھہ لے صورت میں فرشتے اور سیرت میں شیطان *

حسد اور عداوت تو ہمارگوں کا خمیر ہورہا ہی کسی کی عزت ہمارگوں سے دیکھی ہی نہیں جاتی ہمدردی اور عام محبت کا تو سایہ بھی کسی کے دل پر نہیں پڑا ' ہمارے خیال ہی میں یہہ بات نہیں آتی کہ انسان اپنے ذاتی کاموں کے سوائے عام بھلائی کے کام بھی کرتا ہی *

غیر مذہب والوں سے سچائی اور اخلاص اور محبت سے پیش آنا تو مسلمان کو اسلام سے خارج کردینا ہی ہاں جھوٹی خوشامد کرنا اور نہایت عاجزی اور ذلت سے کسی اُمید یا خوف کے سبب سے سر قدموں پر رکھہ دینا عام دستور ہی *

اداب مجلس کے تو ایسے ہیں کہ جسنے جنگل میں بھیڑ بکریونکا ریوڑ نہ دیکھا ہو وہ مسلمانوں کی مجلس آکر دیکھہ لے بلا اطلاع بے اجازت کے بےضرورت کسی کے ہاں جانا ' بے وجہہ پہروں بیٹھے رہنا ' اور بیہودہ فضول اور لغو باتیں کرنا ' اور فحش اور اخلاق و حیا کے برخلاف مثلوں اور کہاوتوں اور شعروں کا زبان پر لانا ' بات بات پر قسم کھانا ' ایک کا دوسرے کو برملا جھوٹا کہدینا ' حرکات و سکنات میں آدمیت کا لحاظ نرکھنا ' بات کرتے کرتے قہقہہ مار کر دوسرے کے ہاتھہ کو زور سے جھٹک دینا ' یا اُس کے زانو پر ہاتھہ مارنا ' کسی کی بات کو پوری ہونے سے پہلے بیچ میں بول اُٹھنا ' معمولی آداب ہمارے یہاں کی مجلسوں کے ہیں *

شادی بیاہ کے دستور نہایت ہی نامعقول ہیں اول تو سب سے بڑا مقصود نکاح کا یعنی رضامندی طرفین کی حاصل ہی نہیں ہوتا نہ مرد عورت کو دیکھنے پاتا ہی نہ عورت مرد کو ' پرمشوں بالغیب پر نکاح کا مدار آ رہا ہی ' اکثر ایسا ہوتا ہی کہ مرد و عورت دونوں نکاح سے ناراض ہوتے ہیں مگر شرم و خوف سے کچھہ بول نہیں سکتے ' مرد تو دل سے انکار اور زبان سے اقرار کرتا ہی اور عورت اپنی زار حالت پر آٹھہ آٹھہ آنسوؤں سے روتی ہی میں نکاح کے وقت جو نامعقول رسمیں ادا کی جاتی ہیں وہ تو ذکر کرنے کے بھی لایق نہیں ' اگر ہندوستان کا دولہہ پھولوں کا سہرہ سر پر ڈالے سرخ جوڑا پہنے آنکھوں میں کاجل لگائے ہاتھہ پاؤں میں مہندی ملے گھوڑے ایک ٹٹو پر سوار ولایت کی کسی تھیٹر میں کھڑا کردیا جاوے تو غالبا سارا شہر اس عجیب تماشہ کے دیکھنے کو جمع ہوجاوے پھر فضول اخراجات شادی کے اور کھانا بانٹنا یا عام گروہ کو بھیڑ بکریوں کے ریوڑ کی طرح اکٹھا کرکے کھانا کھلانا کیسی نامعقول رسم ہی اُسپر تصیات و دیہات کی وحشیانہ رسمیں تو وبال جان ہیں شرم اس کا نام ہی کہ عورت مرجاوے پر کسی کے سامنے خاوند سے نہ بولے پڑھی ہوجاوے مگر ماں باپ کے سامنے گھر کا انتظام نکرے اور اگر بھولے سے نام خاوند کا لے لیتی ہی تو نکاح ہی ٹوٹ جاتا ہی *

اس میں کچھہ شبہہ نہیں کہ مسلمان عورتیں شریف خاندان کی اکثر پڑھی لکھی اور خوش سلیقہ باتمیز صاحب عصمت و حیا ہوتی ہیں اور اپنے گھر کا انتظام نہایت خوبی سے کرتی ہیں اور خاندانی عزت کا خیال تو اُنکا خمیر ہی مگر مردوں کی نالایقی اور بدچلنی اور نکاح کے نامعقول دستوروں اور معاشرت کی بد رسموں کے سبب سے اکثر وہ اُس خوشی سے محروم رہتی ہیں جس کی وہ مستحق ہیں *

بیوہ عورتوں کے نکاح کا معیوب جاننا جو سراسر اسلام کے خلاف ہی عام دستور ہی مگر یہہ ساری خرابیاں ہمارے ملک ہندوستان ہی میں ہیں اَور مسلمانی ملکوں میں یہہ خرابیاں کم ہیں *

اولاد کی تعلیم و تربیت کا یہہ حال ہی کہ تمام ہندوستان میں ایک مدرسہ بھی ایسا نہیں ہی جو موافق اس ترقی یافتہ زمانہ کی حالت کے کافی ہو ' بعض نیک مسلمانوں نے اپنے طور پر چند جگہہ عربی فارسی کے مدرسے قایم کیئے مگر افسوس ہی کہ اُنکی بھی مدد مسلمانوں نے نہ کی ' روز بروز اُنکی حالت بھی تنزل پر ہی لیکن اگر وہ ترقی بھی پاویں تب بھی ہماری حاجتوں کے لیئے کافی نہیں ہیں ' اسلیئے کہ جو علوم اُن میں پڑھائے جاتے ہیں اُن میں سے بعض تو ایسے ہیں کہ جنکے اصول ہی غلط ہیں اور بعض ایسے ہیں کہ زمانہ حال کی ترقی نے اُنکا رنگ ڈھنگ بدل دیا اور بعض بالکل غیر مفید

اور فضول ہیں ان ملکوں سے ہرگز یہہ امید نہیں ہوسکتی کہ ہمارے خیالات کو ترقی ہو ' یا ہمارے دلوں میں آزادی اور تحقیق کا ولولہ پیدا ہو ' یا دنیا کے عجائبات اور موجودات کے حقایق کے دریافت کرنے میں ہمکو اُنسے کچھہ مدد ملے' یا وہ ہمارے فنون کی ترقی اور تجارت اور زراعت اور مال و دولت کے بڑھانے میں کچھہ کام آویں' پھر جسطور پر تعلیم ہوتی ہی وہ بھی ایسی نہیں ہی کہ جسقدر عمر کا حصہ اُس میں صرف ہوتا ہی اُسکا پورا معاوضہ ملتا ہو یا سوائے لفظوں اور عبارتوں کے علوم کی حقیقت کا اثر پڑھنے والے کے دلپر ہوتا ہو *

۰ تعلیم سے بڑہ کر ہماری اولاد کو تربیت کی حاجت ہی جسکا کچھہ بھی سامان نہیں ہی ' ہزارہا لڑکے اُن خاندانوں کے جو کہ علم اور شرافت اور عزت میں نامور ہیں کمینوں کی صحبت میں بیٹھہ کر اُنکی بد عادتیں اختیار کرلیتے ہیں ' اور بد چلن بازاری آدمیوں کے ساتھہ رہ کر آوارہ ہوجاتے ہیں اور امیروں اور نوابوں کی اولاد کا بدچلن ہونا تو ایک ضروری امر ہی ' اسلیئے کہ ہندوستان کی امیری اور بدچلنی نوابی اور جہالت لازم و ملزوم ہیں ' ان آفتوں سے بچکر اگر تربیت بھی ہوتی ہی تو ایسی کہ جسکا فائدہ تربیت کہ پانے سے زیادہ نہیں ہوتا ' مدرسوں کے طالب علم اگر صبح سے آدھی رات تک برابر کتاب دیکھتے رہیں تو بڑی تعریف کے مستحق ہوتے ہیں ' اور کوئی ایسا کھیل جس سے اُنکے تواے جسمانی کو طاقت ہو اور قدرتی جذبات شگفتہ ہوں کھیلنے نہیں پاتے ' نہ اُسکا کچھہ سامان ہی اسواسطے اکثر طالب علم ایسے ضعیف و کمزور و لاغر ہوتے ہیں کہ جب وہ مدرسہ سے نکلتے ہیں تو شبہہ ہوتا ہی کہ شاید کوئی مردہ قبر سے نکلا ہی ' پھر اخلاق کے درست کرنے اور چال چلن میں شایستگی پیدا کرنے اور عمدہ طور سے زندگی بسر کرنے کی عادت ڈالنے کا کوئی سامان نہیں ہی یہہ مثال ٹھیک ٹھیک ہمارے مدرسہ کے پڑھے ہوؤں پر صادق ہوتی ہی کہ سواویوں کی عقل لڑکے اور لڑکوں کی عقل کتاب لے لیتی ہی ' یہہ نقص تعلیم و تربیت کا زیادہ تر ہندوستان میں ہی مگر ٹرکی اور مصر اور اور ٹرنس میں انتظام ہوتا جاتا ہی چنانچہ پندرہ ہزار مدرسے ٹرکی کی عملداری میں ہیں جس میں دس لاکھہ سے زیادہ لڑکے پڑھتے ہیں اور خاص قسطنطنیہ میں ایک یونیورسٹی قایم ہی اور دستور التعلیم کے مدرسے اور عورتوں کے اسکول انتہائی علوم کے کالج بالکل یورپ کے ڈھنگ پر جاری ہیں مصر میں بھی اسی طور کا انتظام ہی خود خدیو مصر کے دونوں لڑکے لندن کے مدرسہ میں تعلیم و تربیت پاتے ہیں *

لباس و پوشاک ہم ہندوستانیوں اور سنٹرل ایشیا کے مسلمانوں کا کچھہ عمدہ نہیں ہی نہ خاص خاص وقتوں اور جلسوں کے لیئے کوئی مخصوص لباس ہی ' مگر جو لباس ترکوں نے سلطان محمود کے وقت سے پسند کیا ہی اور جسے بعض دانا مسلمانوں نے ہندوستان کے بھی اختیار کیا ہی وہ نہایت عمدہ ہی ' عورتوں کا لباس تو ایسا ہی کہ خود مہذب مسلمان اُس سے شرماتے ہیں *

ہم ہندوستان اور ایشیا کے مسلمانوں کے کھانے کا طریق بھی کچھہ عمدہ نہیں مگر ترکوں اور اکثر مصریوں نے بالکل یورپ کے طور پر یا قریب قریب اُس کے طرز کھانے پینے کا اختیار کیا ہی اور ہندوستان کے بھی بعض تہذیب یافتہ مسلمانوں نے اُسے رواج دیا ہی *

سیاست مدن میں ایشیا کے مسلمان نہایت ابتری کی حالت پر ہیں بخارا اور خیوا اور مسقط اور زنجبار میں جیسے شرع اور عقل اور انصاف اور اخلاق کے برخلاف سیاست کے قاعدے جاری ہیں اور جس میں سے بعض ظلموں کے دور کرنے کے لیئے یورپ کی تربیت یافتہ گورنمنٹوں نے اپنا فرض بھی ادا کیا اُن سے مسلمانوں کی بہت کچھہ بد نامی ہوتی ہی ہاں یورپ کی دیکھا دیکھی ٹرکی اور مصر اور ٹرنس میں کچھہ کچھہ ترقی شروع ہوئی ہی اور سیاست مدن کی اصلاح ہوتی جاتی ہی اُن کے پورانے تاریک خیالات بدلتے جاتے ہیں چنانچہ ایک نامہ سے جو سلطان نے جنوری سنہ ۱۸۶۷ ع میں شاہ بخارا کو لکھا تھا جب کہ اُس نے سلطان سے بمقابلہ روس کے مدد مانگی تھی شاہ بخارا اور سلطان کے خیالات کا تفاوت معلوم ہوتا ہی سلطان لکھتا ہی کہ " داب سلطنت یہہ ہی کہ اپنے دوست اور آشنا کو پہچانتا رہے اور سلاطین دور و نزدیک سے راہ و رسم جاری رکھے اور رشتہ محبت اور الفت کو محکم و مضبوط رکھے مگر تمنے کسی سلطنت سے راہ و رسم ظاہری پیدا نہ کی اور وضع و برتاؤ اپنا یہہ رکھا کہ کوئی سیاح یا کوئی وکیل کسی سلطنت کا تمہارے ملک میں وارد ہوا اگر وہ قوم انگریز یا روس ہوا تو اُس کو تمنے سر بازار قتل کیا اور اگر اہل ایران تھا تو اُس کو شیعہ ہونے کے سبب پکڑ کے فررخت کیا اگر باشندہ روم تھا تو اُس پر تہمت جاسوسی اور خفیہ نویسی لگا کر چاہ سیاہ میں قید کرکے ہلاک کیا اب انصاف کرنا چاہیئے کہ یہہ راہ و رسم کیسی ہی تمنے وہ طریقہ رکھا ہی کہ کسی سلطنت کی تمہارے ساتھہ دوستی نہیں تو اب کس واسطے اور کس رابطہ سے امداد چاہتے ہو اور میں باظہار کون سی راہ و رسم کے شاہ روس سے بگاڑوں " یہہ فرق جو شاہ بخارا و سلطان کے خیالات میں ہوا صرف نتیجہ یورپ سے نفرت اور اختلاط کا ہی یہہ کیفیت حال کے تنزلات کی جو میں نے بیان کی ضرور ہی کہ اُس کے سببوں پر بھی کچھہ غور کرنا چاہیئے اس لیئے کہ ہر نتیجہ ایک مناسب

سبب سے پیدا ہوتا ہی ' اور ہر ایک سبب کا اُس کے مناسب نتیجہ ہوتا ہی ' پس یہہ ایک نہایت ضروری امر ہی اُن سببوں کی جہان بین کی جاوے جن سے یہہ تنزلات پیدا ہوئے چنانچہ میرے نزدیک اُس کے چند سبب ہیں اول شخصیہ سلطنت کا ہونا — تمام ایشیا میں ملکی اور قومی اور علمی ترقیاں یا تنزلات ایک بادشاہ کے خیال پر منحصر ہیں جس طرف وہ مترجہہ ہوتا ہی دل رعایا کی ترجہہ اُسی طرف ہوتی ہی چونکہ مسلمانوں میں سوائے ابتدائی زمانہ کے ہمیشہ شخصیہ سلطنت رہی اور مختلف مزاج اور مختلف خیال کے بادشاہ تخت نشین ہوئے اس لیئے پوری پوری ترقی کسی بات میں حاصل نہیں ہوئی اور اخیر میں جب بادشاہ برابر نالایق اور جاہل اور کاہل ہوتے گئے اور علوم و فنون کی طرف اُنہوں نے کچھہ ترجہہ نہ کی مسلمانوں کو بھی ہر بات میں تنزل ہوتا گیا اگر مسلمانوں میں بے خیال بادشاہ کے ہر چیز کی طرف وہ ترجہہ ہوتی جو اب یورپ کی رعایا کو ہی تو ہرگز یہہ قومی تنزلات نہوتے ' *

دوسرا سبب مذہبی اوہام — میرے نزدیک جیسا کہ ایک سچا مذہب جو اوہام اور غلط خیالات سے پاک ہو تہذیب کی ترقی کا بڑا سبب ہوتا ہی اُسیطرح چھوٹا مذہب یا وہ مذہب جس میں لغو اوہام اور بیہودہ خیالات مل جل گئے ہوں ساری ترقیات کے روکنے کا بڑا قوی سبب ہی *

مذہب اسلام فینفسہ نہایت سچا اور صحیح مذہب ہی مگر خود ہمنے اپنے لغو خیالات سے اُسکو ایسا کر رکھا ہی کہ علوم میں فنون میں اختلاط میں ہمدردی میں غرضکہ ہر چیز میں بجاے ترقی کے ہمکو مذہبی مزاحمت ہوتی ہی اور آزادی راے جو ایک قدرتی حق اور ایک سچے مذہب کا پہلا اُصول ہی وہ بالکل جاتی رہتی ہی حالانکہ آزادی راے کی مزاحمت ہی ساری خرابیوں اور تمام تنزلات کی جڑ ہی کیا خوب کہا ہی مل صاحب نے کہ " جب انسان کا دل قانون کے خرف یا کسی اور تر سے بڑی بڑی ضروری باتوں پر آزادانہ گفتگو نہیں کرسکتا تو اکثر سست اور ضعیف ہوجاتا ہی اور جب کہ یہہ سستی کسیقدر اور زیادہ ہوتی ہی تو روز مرہ کی باتوں اور معمولی معاملوں میں بھی کچھہ ترقی نہیں کرسکتا اور جبکہ اور بھی زیادہ سستی بڑہ جاتی ہی تو وہ اپنی پہلی حاصل کی ہوئی باتیں بھی بھول جاتا ہی " *

مسلمانوں میں مزاحمت آزادی راے کی ہر زمانہ میں مذہبی اوہام کے سبب سے جاری رہی کسی زمانہ میں کم کسی میں زیادہ ' اور اسیوجہہ سے عام ترقی مسلمانوں نے نہ کی جب یہہ مزاحمت بڑہ گئی تو پورا پورا تنزل اُنکو نصیب ہوا چنانچہ ہم اپنے زمانہ میں سارے تنزلات اس مزاحمت کی ترقی ہی کے سبب سے دیکھتے ہیں *

تعصبات یعنی عام دوستی نہ رکھنا سچائی اور صفائی سے غیر قوموں سے نہ ملنا غیر مذہب والوں کی عمدہ باتوں کو اختیار نکرنا غیر ملکوں کا سفر نہ کرنا جو تہذیب اور ساری ترقیوں کی بڑی روکنے والی چیزیں ہیں صرف مذہبی اوہام کے نتیجے ہیں جس میں ہم مسلمان خصوصا ہندوستان کے مسلمان مبتلا ہیں *

تیسرا سبب اشاعت علوم و فنون کے عام اور آسان وسیلوں کا نہونا — بڑا عمدہ وسیلہ ترقی کا ملکی زبان ہی کسی ملک اور کسی قوم نے کچھہ بھی ترقی نہیں پائی جب تک اُسی ملک یا اُسی قوم کی عام زبان میں علوم کا رواج نہیں ہوا مگر اس سے مسلمانوں نے عموما غفلت کی عام علوم اُنہوں نے عربی زبان میں رکھے اور دنیا کے سارے حصوں میں جہاں جہاں وہ گئے عربی ہی کو علوم کی کنجی سمجھتے رہے اسوسطے مذہبی اور عقلی اور تمام قسم کے علوم اُس فرقہ سے مخصوص رہے جو کہ اول زبان کی مشکل کو طی کرتے اور عالم کہلاتے اور عام لوگ ہمیشہ کانہہ کے آلو رہے *

ہمارے زمانہ میں جو چند مذہبی کتابوں کا ترجمہ دیسی زبان میں ہوا ہی اسکا یہہ اثر ہی کہ ہزاروں مسلمان اُردو خوان ہیں کہ وہ حدیث تفسیر فقہ عقاید تاریخ سے ایسے واقف ہوگئے ہیں کہ تیس برس پہلے شاید سوائے دہلی کے مشہور مولویوں کے کوئی اُن سے واقفیت نرکھتا تھا اور یہہ نتیجہ ملکی زبان میں علوم کے ترجمہ ہونے کا ہی *

چھاپہ کا نہونا بھی اگلے زمانہ میں ترقی نہ کرنے کا ایک بڑا سبب تھا چنانچہ اس زمانہ میں جو ترقی دکھائی دیتی ہی ہرگز نہوتی اگر یہہ عمدہ ہنر ظاہر نہوتا اسی ہنر کا نتیجہ ہی کہ ریویو اور جرنل اور میگزین اور اخبار اور مختلف قسم کے کاغذات کے ذریعہ سے علوم و فنون کی وہ باتیں عوام میں پھیلی جاتی ہیں جنکو صرف عالم لوگ جانتے تھے اور جسکے سبب سے اب علوم و فنون کا تنزل پانا خیال میں نہیں آتا اور معدوم ہونا تو ایک امر محال ہی *

سفر کے ذریعوں کی آسانی بھی ملکی تہذیب کا بڑا سبب ہی انسان کا دل خدا نے ایسا بنایا ہی کہ عمدہ باتوں کے دیکھنے تربیت یافتہ قوم سے ملنے کا اثر ضرور اُس پر پڑتا ہی اور کسیکو اچھا کام کرتے دیکھہ کر لا محالہ اُسے پسند کرتا ہی یہانتک کہ متعصب جاہل سا جاہل بھی اُس سے محروم نہیں رہتا اور یہہ بات حاصل نہیں ہوتی جب تک دوسرے ملکوں میں جانے اور غیر قوموں سے ملنے کا اتفاق نہو چونکہ یہہ آسانی اگلے زمانہ میں نہ تھی

اس لیئے ترقی جیسی کہ چاہیئے نہوئی ' اور اس زمانہ میں علوم و فنون کی جو کچھہ ترقی ھی وہ صرف سفر کی آسانی سے ھی ' اس مبارک زمانہ میں ریل اور تاربرقی وہ چیزیں ھیں جس نے دنیا کے مختلف ملکوں کو ایک کردیا اور اُسی کا نتیجہ ھی کہ مختلف قوموں کے خیالات بھی ایک ھوتے جاتے ھیں یہاں تک کہ اُمید ھی کہ ایک ایسا وحدت کا زمانہ آجاوے جس میں کسی چیز میں بھی اختلاف نہ رھے ' یہاں تک کہ مذھب بھی سب کا ایک ھو جاوے اور غالباً وہ مذھب وھی ھوگا جو کہ بالکل نیچر کے مطابق ھو جسے میرے دوست سید احمد خاں بہادر تھیت اسلام کہتے ھیں *

چوتھا سبب جو خاص ھندوستان کے بد نصیب مسلمانوں کے تنزلات کا سبب ھوا ھندوستان کا وطن کرلینا اور اپنے اصلی وطن کا چھوڑ بیٹھنا ھی مسلمان جب کہ ھندوستان میں آئے اُس وقت نہایت تنومند اور سرخ و سفید اور قوی و تندرست تھے طبیعتیں بھی اُن کی آزاد تھیں دلوں میں بھی اُن کے ایک جوش تھا ' رسوم کی پابندی سے اُن کو خبر نہ تھی ' مگر جب ھندوستان کو اپنا وطن بنا لیا اور اُن قوموں سے مل گئے جو کہ اُن سے قوت میں ' دلیری میں ' آزادی میں ' علم میں ' معاشرت میں ' کم تھیں اور چھوت اور پرھیز اور رسموں کی پابندی ' اور تنگ خیالات ' اُن کے رگ و ریشہ میں سمارھے تھے تو رفتہ رفتہ وہ بھی ویسے ھی ھوگئے ' اُن کی اصلی حالتیں بالکل بدل گئیں وہ خون جو ابراھیم کی رگوں کا ھم میں تھا بدل گیا ' وہ ھڈی جو اسمٰعیل کے خون سے بنی تھی بدل گئی وہ دل جس میں ھاشمی جوش تھا بدل گیا ' غرض کہ چمڑا بدل گیا ' رنگ بدل گیا ' صورت بدل گئی ' سیرت بدل گئی ' دل بدل گیا ' خیال بدل گیا ' یہاں تک کہ مذھب بھی بدل گیا ' تمام وہ جوش جو اُٹھے تھے اُس ریتیلے جنگل عرب سے جس نے فارس اور تمام سنٹرل ایشیا کو سرسبز و شاداب کردیا تھا ھندوستان میں آکر بی آف بنگال میں ڈوب گئے *

اگر اب ھم آیندہ زمانہ کی پیشین گوئی کرنی چاھیں کہ آیندہ کو مسلمانوں کی تہذیب کیسی ھوگی تو ھم کو کسی ترقی یافتہ ملک کے حال پر نظر ڈالنی چاھیئے ' کہ اُس نے کیونکر ترقی کی ' اگر وھی آثار ھماری قوم میں بھی پائے جاویں تو ھمکو ضرور آیندہ کی ترقی کی اُمید کرنی چاھیئے ' ھم یورپ کا حال دیکھتے ھیں کہ اگلے زمانہ میں ارسطو کا فلسفہ یورپ میں جاری تھا اور وہ دین مذھب سے ویسا ھی ملگیا تھا جیسا کہ مسلمانوں کے مذھب سے مختلط ھو رھا ھی اور جب تک وہ قایم رھا کسی طرح کی مذھبی یا عقلی ترقی یورپ میں نہیں ھوئی ' آخر تیرھویں صدی میں تقلید کے چھوڑنے کی راہ نکلی چنانچہ روجر بیکن نے جو سنہ ۱۲۱۴ ع میں پیدا ھوا اور جو حقیقت میں شاگرد مسلمان فلسفیوں کا تھا اپنا پاؤں تقلید سے نکالا اور فلسفہ بعثیہ قیاسیہ کو چھوڑ کر فلسفہ شہودیہ تجربیہ پر مترجھہ ھوا ' اُس نے بہت سی کتابیں لکھیں ' مگر جب کہ ارسطو کی فلسفہ کو لوگوں نے غلط جانا تب وہ افلاطون کی فلسفہ پر مترجھہ ھوئے ' اور اس لیئے ترقی فلسفہ کی رک گئی مگر پندرھویں صدی کے شروع میں طالیسیس اور کوپرنیکا اور ریمس محققوں نے اس فلسفہ کے اصول کے باطل کرنے پر کوشش کی اور تحقیق کی راہ نکالی مگر جس طرح کہ اس زمانہ کے مسلمان ایسے امور میں تحقیق کو کفر بتاتے ھیں وھی مصیبت اُن بیچاروں پر بھی پڑی بیکن کی تکفیر کا فتوی دیا گیا ' اور ریمس قتل کیا گیا پھر بڑا انقلاب یورپ میں ھیئت قدیمہ کی غلطی بیان کرنے اور ھیئت جدیدہ کے ثابت کرنے پر ھوا ' اگلے زمانہ میں یورپ کے لوگ آسمان و زمین کو ویسا ھی جانتے تھے جیسا کہ اب مسلمان بطلمیوسی ھیئت کے موافق مانتے ھیں اور یہہ مسائل مذھب میں ایسے ھی داخل سمجھے جاتے تھے جیسا کہ اب مسلمان سمجھتے ھیں مگر کوپرنیکس نے جو کہ پروشیہ کی اطراف کا رھنے والا تھا سنہ ۱۵۰۷ ع میں چاھا کہ اس ھیئت کی غلطی ظاھر کی جاوے مگر پادریوں اور مذھبی لوگوں کے سبب سے اُسے جرأت نہوتی تھی آخر سنہ ۱۵۳۰ ع میں اُس نے ایک کتاب لکھی مگر اُس کے مشہور کرنے میں بڑا تامل کیا ' آخر سنہ ۱۵۴۰ ع میں کچھہ خلاصہ اُس کا مشہور ھوا مگر وہ اُسی زمانہ میں مرگیا اور بروٹو نامی حکیم نے اُسے مشہور کیا مگر وہ اسی جرم میں نکالا گیا اور دینی محکمہ میں اُس کی تحقیقات کی گئی اور اُس کو کفر و الحاد کے مسائل کا پھیلانے والا ٹھہرایا ' آخرش وہ بیچارہ روم میں زندہ جلایا گیا اس قصور میں کہ اُس نے ایک صحیح مسئلہ ھیئت کا زبان سے نکالا تھا سنہ ۱۵۶۴ ع میں گلیلو نامی حکیم نے دوربین ایجاد کی اور اس حکمت کی رونق دی مگر متعصب پادریوں کو اس سے بڑی برھمی ھوئی اُنھوں نے اُس کو ملحد ٹھہرایا اور آخر ایک حجرہ تنگ و تاریک میں بند کیا ' مگر باوجود اس کے پھر اُن نامور حکیموں کی تحقیقات کو نہ مذھبی تعصب روک سکا ' نہ جاھلانہ خیالات اُس کے مزاحم ھوئے ' اور اب اُس کو وہ رونق ھی کہ اگر اُس کے برخلاف ھیئت قدیمہ کا مسئلہ کسی کی زبان پر آوے تو کیا حکیم کیا پادری سب اُس آدمی کو پاگل اور دیوانہ بناویں ' پھر ارسطو کا فلسفہ جو مذھب میں داخل ھوگیا تھا اور پوپوں کو معصومیت کا درجہ دیا گیا تھا اور نجات کے فرمان بیچنے کا اُن کو اختیار تھا اور آسمانی کتابوں کے پڑھنے اور اُس پر عمل کرنے کی کسی کو اجازت

نہ تھی اس غلط خیال کو نامور اوتھر نے توڑیا مگر جو مصیبت اُس پر اور اُس کی پیروی کرنے والوں پر ہوئی اُس کے سننے سے بدن پر رعشہ ہوتا ہی مگر آخر کار اُسے کامیابی ہوئی *

یہی حال بجنسہ اب ہم مسلمانوں میں پاتے ہیں ٹرکی میں مصر میں اور ہندوستان میں بھی بعض خدا ترس آدمی اپنی قوم کی بھلائی کے لیئے آمادہ ہوئے ہیں اور جس طرح کہ اُن یورپ کے علموں نے مسایل حکمت کے بیان کرنے میں کوشش کی ہی اسی طرح یہہ لوگ بھی کر رہے ہیں ' جز کہ اس زمانہ میں انتظام سلطنت کا دوسرے قاعدہ پر ہی اس سبب سے اُن سچ بات کہنے والوں کو کچھہ مضرت نہیں پہونچتی صرف نفر واتحاد کے فقروں ہی پر خیر گذری ورنہ اُن پر اُس سے بھی زیادہ سخت مصیبت گذرتی جز اگلوں پر گذری ہی مگر ان تمام حالات سے آیندہ کی بہتری کی امید ہوتی ہی *

ٹرکی یعنی روم کی سلطنت جو کسی زمانہ میں نہایت قوی تھی اسی صدی کے شروع میں نہایت تنزل کی حالت پر پہونچ گئی تھی مولویوں کی خیانت اور قاضیوں کی بد دیانتی اور لوگوں کی چھوٹی ایمانداری اور عوام کے مذہبی اوہام اور تعصبات نے یہہ نوبت پہونچائی تھی کہ قریب تھا کہ اسلام کا نشان اسپین کی طرح اُس مبارک زمین سے مٹ جاوے ' مگر خدا نے سلطان محمود کے دل سے ان بیہودہ توہمات کو نکالکر اُسے انتظام مملکت کی طرف متوجہہ کیا چنانچہ اُس نے ایک تبدیلی معاشرت اور سیاست کے قاعدوں میں کرنی چاہی مگر جیسا کہ نادان اور خود غرض مذہبی آدمی جن کا عوام پر بہت کچھہ رعب داب ہوتا ہی ہمیشہ اپنی عزت اور دولت کے خیال سے ایسے کاموں میں حارج ہوتے ہیں خلل انداز ہوئے ' اور گو سلطان نے ہر طرح سے اس فتنہ کو فرو کرنا چاہا مگر آخر نوبت خون ریزی کی پہونچی اور جب تک کہ بہت سے مولویوں اور قاضیوں اور اسلام کے بدنام کرنے والے مسلمانوں کے سر اسلام پر قربان نہ کیئے گئے وہ انتظام پورا نہ ہوا مگر آخر کار سلطان نے فوج کی وردی بالکل بدل دی ' اور یورپ کی سلطنتوں کا سا انتظام جاری کیا ' پوشاک اور طریق خوراک اور طرز معاشرت بھی بدل دیا ' غلاموں کو بھی آزاد کردیا ' اور غلامی بھی قطعاً موقوف کردی ' اور بڑا لحاظ قوم و مذہب کے اپنی عام رعایا کے حقوق ایک کردیئے ٹیکا لگانے کا کارخانہ جاری کیا ' عام تشریح کا مدرسہ بنوایا وبائی بیماریوں کے لیئے شفاخانے طیار کرائے فرانس اور جرمن اور انگلستان کی علمی کتابوں کا اپنی زبان میں ترجمہ کرایا *

بعد مرنے اس سلطان کے اُس کے جانشینوں نے بھی اُس میں ترقی کی ' چنانچہ سلطان عبدالعزیز خاں جو اب تخت پر ہی سنہ ۱۸۶۷ ع میں فرانس اور لندن گیا اور وہاں کی شان و شوکت اور عجیب غریب کارخانوں کو اپنی آنکھہ سے دیکھا پھر شاہ آسٹریا اور ولی عہد انگلستان اُس کے یہاں آئے اور مہمان ہوئے اور رشتہ دوستی و محبت کا جو کہ ملک اور عزت کی ترقی کا بڑا قوی سبب ہی باہم ان بادشاہوں کے مضبوط ہوا *

غرضکہ ان تبدیلوں کا یہہ نتیجہ ہوا کہ اب ٹرکی کی سلطنت کسی طرح ضعیف نہیں سمجھی جاتی اور یورپ کی اور سلطنتیں بھی عزت کی نگاہ سے اُس کو دیکھتی ہیں ' تعلیم و تربیت اور ترقی ملک کے وہی اصول و قواعد جاری ہیں اور ہوتے جاتے ہیں جو یورپ کی اَور شایستہ سلطنتوں میں جاری ہیں یورپ کی صنایع بدایع پر بھی بڑی توجہہ ہی آہنی سڑکیں بھی طیار ہوتی جاتی ہیں انتظام دربار اور عدالت اور کچہریوں کا بھی یورپ کی اور سلطنتوں کے طرز پر کیا گیا ہی ' *

یہہ ترقی جو کچھہ سلطان محمود نے کی وہ نتیجہ یورپ کی سیر اور فرانس اور لندن میں جاکر وہاں کے کارخانوں کے دیکھنے کا ہی جس سے اُس کے خیالات میں ایک بڑی تبدیلی پیدا ہوئی ' چنانچہ جب سلطان یورپ کے سفر سے لوٹا تو اُس نے عام دربار میں ایک اسپیچ کی جسمیں یہہ فقرہ بھی تھا کہ " جن قوانین کی قباحتوں سے ہم از روے تجربہ واقف ہوگئے ہیں ان کی ترمیم و تکمیل اور جن قواعد کی خوبی ہمکو معلوم ہوگئی ہی اُن کے استحکام سے ہمارا ملک اور ہماری قوم بہت جلد درات و اقبال کے اعلی درجہ پر پہونچیگی " *

مصر بھی ترقی پر ہی اُس میں بھی تعلیم و تربیت اور انتظام ممالک یورپ کے ڈھنگ پر ہوتا جاتا ہی خود خدیو مصر کئی مرتبہ فرانس اور لندن گیا اور اِسوقت اُسکے دو لڑکے لندن کے مدرسہ میں تعلیم پاتے ہیں *

ٹرنس جو ایک چھوٹی سی ریاست مسلمانوں کی ہی نہایت ترقی کرتی جاتی ہی اس ریاست کا وزیر سید خیرالدین احمد جو دوسرا رشید پاشا اور ایک روشنضمیر اور لایق آدمی ہی اُس نے یورپ کے حالات سے بخوبی واقفیت پیدا کی بہت سے لوگوں کو اپنے ملک کے فرانس اور لندن کے حالات دریافت کرنے کے لیئے بھیجا اور بہت سی علمی کتابوں کو عربی زبان میں کیا ' خود اس نے ایک ایسی عمدہ کتاب لکھی ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ یورپ کے علوم و فنون اور وہاں کے تمدن و معاشرت کے مقابلہ میں مسلمانوں کی جہالت

اور ذیل حالت پر کسقدر متاسف ھی اس وزیر نے اپنا پرانا طریقہ چھوڑ دیا ھی اور تعلیم و تربیت کے لیئے مدرسے بالکل یورپ کی طرز پر جاری کیئے ھیں ' اسوقت اُسکے چھاپہ خانہ میں بہت سی علمی کتابیں چھپ رھی ھیں اور ایک مسلمان عالم ابوالعباس نامی جو پچیس برس سے زیادہ عرصہ تک فرانس اور لندن اور اور شہروں میں یورپ کے رھا ھی ' اور فرانسیسی اور انگریزی زبان سے بخوبی واقف ھی اُسکا مہتمم اعلی ھی ' اس مسلمان عالم نے بھی کئی کتابیں اس غرض سے تالیف کی ھیں کہ مسلمانوں کو جوش اور ولولہ پیدا ھو ' اور وہ اُن علوم و فنون کو جو یورپ میں جاری ھیں اپنے علموں سے مقابلہ کریں وہ اپنی ایک کتاب میں لکھتا ھی کہ " ھمارے اور یورپ کے علموں میں یہہ فرق ھی کہ ھم مدرسہ میں بیٹھکر بیس برسوں سے صفت مشبہہ کی لفظی بحث کرتے ھیں اور یورپ کے تعلیم یافتہ دو منٹ میں لیور پول سے آسٹریا کو خبر بھیجتے ھیں " ان دونوں تعلیم کا جداگانہ اثر جو ملک اور قوم کی ترقی پر ھوتا ھی وہ اس سے ظاھر ھی ' ایران میں بھی شاہ کے یورپ جانے سے امید ھی کہ ایندہ زمانہ میں کچھہ ترقی ھو *

امیر کابل بھی جب سے انبالہ سے واپس گیا ھی اپنے تاریک خیالات کی پابندی چھوڑتا جاتا ھی یہہ ترقیاں جو کچھہ ان ملکوں میں ھوئی ھیں اور ھوتی جاتی ھیں اُن پر نظر کرکے نہایت افسوس ھوتا ھی کہ مسلمان ان ملکوں کے جو کہ ھمسایہ یورپ کے ھیں ایسی ترقی کرتے جاویں اور ھندوستان کے مسلمان جو ایک تربیت یافتہ گورنمنٹ کے زیر سایہ ھوں وہ جیسے تھے ویسے ھی ھوں *

جن لوگوں نے جناب نواب گورنر جنرل بہادر کی درد و حسرت بھری ھوئی تقریر مسلمانوں کی تعلیم کی نسبت سنی ھوگی اور جن شخصوں نے نواب لفٹننٹ گورنر بہادر حال کو عام جلسوں میں ھمارے کی نسبت افسوس سے اسپیچ کرتے ھوئے دیکھا ھوگا اور جو لوگ گورنمنٹ بنگال و مدراس کی دی توجہ سے جو مسلمانوں کی تعلیم کی طرف ھی واقف ھونگے انکو کسقدر رنج ھوتا ھوگا اس خیال سے کہ اُسکا اثر جیسا کہ چاھیئے اب تک نہیں ھوا *

لیکن جب میں چند سال پہلے کا حال اس زمانہ سے ملاتا ھوں تو کچھہ اُمید اُنکی ترقی کی پائی جاتی ھی ' اور اُن کے خیالات میں بھی ایکہ قسم کی تبدیلی معلوم ھوتی ھی چند سال کا ذکر ھی کہ کلکتہ کے عربی مدرسہ کے لڑکے مدرسہ کے پرنسپل پر ڈھیلے پھینکتے تھے اور اب خرد انگریزی پڑھتے ھیں ' دو تین برس ھوئے کہ انگریزوں کے چھوئے ھوئے گلاس میں پانی پینے سے لوگ ڈرتے تھے اور اب اُن کے ساتھہ عام جلسوں میں کھاتے پیتے ھیں بلوہ سے پہلے سوسئیٹی اور علمی جلسوں کا نام بھی نہ تھا ' اور اب ھر جگہہ اُس کا چرچا ھوتا جاتا ھی ' اخبارات میں سراپے دو سر کی بکری اور چھہ آنکھہ کے بیل کے کوئی عمدہ مضمون نہرتا تھا اور اب کے اخبار ھیں جنمیں عمدہ آرٹیکل ھوتے ھیں جنمیں سے اردو اخبار جسکا اڈیٹر نہایت ھی لایق اور ذی استعداد اور عالی دماغ ھی ھندوستان کا ٹیمز اخبار سمجھا جاتا ھی ' اور علیگڈھ کا اخبار جسکا اڈیٹر ایک روشنضمیر تعلیم یافتہ مسلمان ھی ' اور کلکتہ کا اُردو گائیڈ جسکا مالک ایک مشہور عالم ھی اور پنجاب کا پنجابی اخبار اور میرٹھہ کا اخبار عالم اور بعض اور اخبار عمدہ خیالات پیدا کرنے کے اچھے ذریعے ھیں ' اور ان سب سے بڑھکر وہ روشن ستارہ ھی جسے ھند کے آفتاب نے صرف مسلمانوں میں روشنی پھیلانے کے لیئے نکالا ھی یعنی تہذیب الاخلاق جسکا اثر لوگوں کے دلوں پر بہت کچھہ ھوا اور ھوتا ھی *

ان سب سے بڑہ کر ھمارے دلکو قومی ترقی کی پوری اُمید دلانے والی وہ تجویز ھی جو ایک نامور گروہ نے مسلمانوں کے اپنی قوم کی تعلیم و تربیت کی نسبت کی ھی یعنی قایم کرنا ایک مدرسۃالعلوم کا اس لیئے کہ ھمارے موجودہ مدرسے گو اُن کی کتنی ھی ترقی کی جاوے قومی ترقی کا ذریعہ نہیں ھوسکتے ' جیسا کہ میں اوپر بیان کرآیا ھوں اور ھماری گورنمنٹ کے موجودہ مدرسے بھی ھماری حاجتوں کے موافق نہیں ھیں اسلیئے کہ قطعہ نظر اسکے کہ جو حصہ عمر کا ان مدارس کی تعلیم میں ضایع ھوتا ھی اُسکا پورا معارضہ نہیں ملتا اور نہ اُن علوم تک ھماری رسائی ھوتی ھی جس سے ھم ایک روشن ضمیر عالم سمجھے جاویں یہہ بہت بڑا نقص ھی کہ ھم اپنی مذھبی تعلیم اور تربیت سے محروم رھتے ھیں اور یہی بڑا جزو قومی ترقی کا ھی اگر ھم مدرسہ میں پڑھکر ریل گودام کے پوروں پر انگریزی حرفوں میں نام لکھنے لگے اور اپنے مذھبی عقائد سے ناواقف ھوکر لامذھب ھوگئے ' تو ھم ایک تربیت یافتہ مسلمان نہیں ھوسکتے اسلیئے جو تجویز مدرسۃالعلوم کی کی گئی ھی درحقیقت وہ ایک عمدہ بنیاد ھی جو مسلمانوں کی اصلی ترقی کے لیئے ڈالی گئی ھی مگر افسوس ھی کہ ھم مسلمانوں ھی میں بعض ایسے ھیں کہ گورنمنٹ کی خوشامد سے تاکہ اُسکے انتظام تعلیم کے مدد و معاون ٹھہر کے کسی خطاب کا استحقاق پیدا کریں' یا اپنے مذھبی اوھام کے سبب سے یا ذاتی طبیعت کی تاثیر سے ' اس عمدہ تجویز سے مخالف ھیں اور اپنی اوقات کا بڑا حصہ اُسکی مخالفت میں ضایع کر رھے ھیں ' یہہ مسلمان وہ ھیں جو نہیں چاھتے کہ مسلمان دوسروں کی زبان سیکھیں یا غیر مذھب والوں سے بے صفائی و سچائی ملیں بڑی خواھش اُنکی یہہ ھی کہ وہ نفرت اور عداوت جو نسل اور مذھب اور ملک کی مغایرت سے پیدا ھوگئی ھی قدرت اور عقل کی روشنی سے

نیست و نابود نہ ہونے پاوے، اور وہ قدرتی رشتہ محبت کا جو سارے بنی آدم خصوصاً مسلمانوں اور اہل کتاب میں ہی کسیطرح مضبوط اور مستحکم ہو، مسلمان اُن علوم و فنون کو سیکھنے نہ پاویں جن سے اُن کے دل روشن اور خیال وسیع ہوں یا موجودات کی اصلی حقیقت حاصل کریں اُنکی منتہاے کوشش یہہ ہی کہ وہ قوتیں جو اسوقت تک مسلمانوں میں کسی قدر باقی ہیں ایک جگہہ جمع نہوں، بلکہ متفرق متفرق بیجا طور پر ضایع ہوتی رہیں اگر جمع بھی ہوں تو وہ اُن کاموں میں صرف کی جاویں جن سے بجاے بھلائی کے ضرر پیدا ہو، اگر یہہ لوگ علم کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو یہہ چاہتے ہیں کہ اس اُنیسویں صدی میں وہ علوم پڑھائے جاویں جو آٹھویں صدی میں جاری تھے، اور اگر مذہب پر جھکتے ہیں تو اُنکی یہہ راے ہوتی ہی کہ سولھویں صدی کے روم کے عیسائیوں کا زمانہ پھر اسلام میں آجاوے، یہہ لوگ جب انگریزی طور پر تعلیم و تربیت کا نام سنتے ہیں تو ایک بے اختیاری جوش اُنکے دل سے اٹھتا ہی اور جب کہ کچھہ اَور اُنسے نہیں ہوسکتا تو کفر کا فتوی ہی دیکر اپنا دل ٹھنڈا کرلیتے ہیں، وہ یا تو اپنی نادانی سے یا درحقیقت عوام مسلمانوں میں جنکا دل تعصبات کا خزانہ ہو رہا ہی ایک جھوٹی عزت پیدا کرنے کے لیئے یہہ کہتے ہیں کہ انگریز وحشی علم کی حقیقت کیا جانیں وہ تو صرف ہنر اور بڑھئی اور موچی کے کاموں کو اچھا جانتے ہیں علوم کا خزانہ تو ہمارا صدرا اور میبذی ہی، درحقیقت ایسے لوگوں سے سوائے اس کے کیا اُمید ہوسکتی ہی جو وے کررہے ہیں لیکن یہہ مخالفتیں اُنکی کچھہ ضرر نہیں پہونچا سکتیں، وہ جوش جو اُٹھا ہی مسلمانوں کی تعلیم و تربیت کا اب اُن کفر کے فتووں سے رک نہیں سکتا، صدہا مسلمان ہیں جن کے دلوں میں یہہ بات سما گئی ہی کہ جو زمانہ گذر گیا وہ گذر گیا اب ہماری بھلائی اس میں نہیں ہی کہ جو کچھہ ہمارے بزرگوں نے پڑھا وہی ہم بھی پڑھیں، اور جو کام ہمارے باپ دادا کرتے تھے ہم بھی کریں بلکہ ہماری بھلائی اس میں ہی کہ ہم چاروں طرف آنکھہ کھولکر دیکھیں اور اُن علوم و فنون کو جنکے عجیب و غریب نتیجے ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں حاصل کریں *

اس موقع پر کہ میرے کلام کا سلسلہ مسلمانوں کی ترقی کی تدبیروں تک پہونچا بڑی ناانصافی ہو اگر میں اُس نامور خیرخواہ اسلام کا نام نہ لوں جو ان سارے جوشوں کا سرچشمہ ہی یعنی مولوی سید احمد خاں بہادر اسی نامور شخص نے اول پانوں اپنا تعصبات اور تقلید اور رسم و رواج کی پابندی سے نکالا اور راے کی آزادی اور تحقیق کا شوق لوگوں کے دلوں میں پیدا کیا اور اپنی تقریر سے اپنی تحریر سے اپنے برتاؤ سے اپنے عادات سے ایک نمونہ مسلمانوں کے لیئے قایم کردیا اور وہ مزاحمتیں جو مسلمانوں کے دلوں کو پکڑے ہوئے تھیں اپنے پر زور ہاتھہ سے توڑدیں ابتدائی کوشش اس نامور مسلمان کی غازیپور کا مدرسہ اور علیگڈہ کی سینٹیفک سوسئیٹی ہی اور اخیر کام اسکا مدرسۃالعلوم ہی *

وہ تعلق جو مسلمانوں کو انگلستان سے ہی اور وہ ضرورت جو اہل اسلام کو انگریزی طور پر تعلیم و تربیت پانے کی ہی اُسے بھی اسی شخص نے ظاہر اور ثابت کردیا خود لندن کا سفر اختیار کیا اپنے صاحبزادہ کو کیمبرج کالج میں عمدہ تعلیم دلائی حالانکہ جس زمانہ میں اُنھوں نے ولایت جانے کا قصد کیا مسلمان ولایت جانے اور وہاں کے مدرسوں میں پڑھنے کو کفر جانتے تھے یہاں تک کہ جو اسکالرشپ لارڈ لارنس صاحب نے تجویز کی تھی اُسکا کوئی لینے والا مسلمان ممالک مغربی و شمالی میں نظر نہ آتا تھا اور آج چودہ مسلمان ہندوستانی کے لندن میں موجود ہیں (علاوہ نواب مرشدآباد کے) جن میں سے چند نوجوان لڑکے صرف تعلیم و تربیت کے لیئے گئے ہیں چنانچہ ایک بمبئی کے امیرزادے نے امسال میں منراالوجی کے امتحان میں دوسرا سارٹیفکٹ پایا ہی اور درحقیقت یہہ سب بڑے عمدہ نشان مسلمانوں کی ترقیوں کے ہیں *

اب میں اپنے اس لکچر کو اس دعا پر ختم کرتا ہوں کہ خدا مسلمانوں کے دلوں سے اُن خیالات کو دور کرے جو اُنکی ترقیوں کے روکنے والے ہیں اور جو اسباب اُن کی ترقی کے تجویز کیئے گئے ہیں اُنکو پورا کرے اور جو شخص مسلمانوں کی ترقیوں کی تدبیر کرنے والا ہو اُس کی عمر و دولت میں ترقی ہو آمین *

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ
محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE MOHAMMEDAN SOCIAL REFORMER

تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۵ وال سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَور کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نیي پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۶۵

لکچر

جو

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی

نے

مرزاپور انسٹیٹیوٹ میں

۳ نومبر سنہ ۱۸۷۳ ع کو دیا

رسم و رواج

جسکو انگریزی میں مینر اور کسٹم کہتے ہیں ' رسم اُسکا نام ہی جو ہمارے پرکھوں سے ہوتا چلا آیا ہی گو کہ اب ہمکو یہہ بھی نہ معلوم رہا ہو کہ وہ کیوں ہوتا تھا اور اُس سے کیا فائدہ ہی *

رواج اُسکا نام ہی جسکو سب لوگ کرتے ہوں یا کرنے لگیں اور اُسکے کرنے کو لوگ کچھہ عیب نہ سمجھیں بس ہوسکتا ہی کہ ایک زمانہ میں کوئی کام عیب گنا جاتا ہو مگر جب وہ رواج پایا جاوے تو لوگوں کی آنکھہ میں کچھہ عیب نرہے *

انگریز مصنفوں نے ' کسٹم ' یعنی رسم کی تعریف زیادہ وضاحت سے بیان کی ہی وہ کہتے ہیں کہ ایک کام کا ہمیشہ بار بار کرتے رہنا یا کسی کام پر مدتوں سے بطور قانون کے عمل درآمد چلا آنا رسم کہلاتا ہی ' رسم ہمیشہ ایک بن لکھا قانون ہوتا ہی جس پر سب لوگ مدت سے اتفاق کرتے چلے آتے ہیں اور اس لیئے وہ رسم بطور ایک قانون کے سند ہو جاتی ہی *

سر والٹر ریلی نے نہایت عمدہ بات کہی ہی کہ رسم اور رواج میں وہ فرق ہی جو سبب اور نتیجہ میں ہی کیونکہ جب کسی کام کا رواج مدت تک رہتا ہی تو وہ بطور ایک قانون کے لوگوں میں پھیل جاتا ہی اور آخر کو یہہ نتیجہ ہوتا ہی کہ وہ ایک رسم ہو جاتی ہی *

عادت میں اور رسم میں ایک نہایت باریک تفاوت ہی عادت خود ہماری طبیعت کا ایک اصول ہی جو خود ہم میں سے پیدا ہوا ہی اور جو بالطبع اور بے تکلف ہمکو کسی کام کے بار بار کرنے کو کہتا ہی ' رسم ایک ایسا اصول ہی جو باہر سے ہم میں آیا ہی جس کے سبب سے ہم کسی کام کو بار بار کرتے ہیں مگر اکثر ایسا ہوتا ہی کہ ایک کو دوسرے سے مدد ملتی ہی مثلاً دان پن خیرات و زکوۃ دینے کی رسم سے فیاضی کی عادت پیدا ہوتی ہی اور پوجا کرنے اور نماز پڑھنے کی رسم سے مندروں میں اور گرجاؤں میں اور مسجدوں میں جانے کی عادت ہو جاتی ہی *

لفظ کسٹم یعنی رسم کا ' علم قانون میں بھی آتا ہی اور مقنن اُس کے یہہ معنی بتاتے ہیں کہ " رسم ایک ایسا قانون ہی جو کبھی تحریر میں نہیں آیا مگر مدتوں سے اور عام لوگوں کی رضامندی سے جاری ہی " — رسم و رواج ایک بڑا حصہ ملکی قوانین کا ہوتا ہی اس کا وجود ہر ایک ملک اور ہر ایک عملداری میں پایا جاتا ہی انگلستان میں جو قوانین کہ کامن لا کہلاتے ہیں وہ حقیقت میں وہی بن لکھے قوانین ملکی رسم و رواج کے ہیں ' بڑے بڑے قانون دانوں نے کامن لا کے یہی معنی بیان کیئے ہیں کہ " انگلستان کا قدیمی رواجی قانون " پس ہمارے ہندوستان میں جو رسم و رواج ہی وہ ہمارے ملک کا کامن لا ہی — انگلستان میں تین قسم کے قانون جاری ہیں ' ایک کامن لا ' یعنی رسم و رواج کا بن لکھا قانون ' دوسرا اسٹیٹیوٹ لا ' یعنی قوانین تحریری جن کو واضع قوانین نے بنایا اور گورنمنٹ نے اُن کو جاری کیا تیسرا ایکیوٹی ' یعنی قدرتی انصاف کا قانون مگر ان تینوں قسموں کے قانونوں میں تھوڑا سا فرق ہی تحریری قانون سے رواجی قانون یعنی کامن لا منسوخ ہو جاتا ہی اگر اُن دونوں میں مخالفت ہو لیکن اگر ایکیوٹی یعنی انصافی قانون کے قاعدے اُس کے برخلاف ہوں تو کامن لا یعنی رواجی قانون بحال رہتا ہی اگرچہ میری راے میں ایسا ہونا انسان کے لیئے نہایت افسوس کی بات ہی کیونکہ ایسی حالت میں رواج کے نتیجے قدرتی انصاف دب جاتا ہی — مگر تمام مقننوں کی راے ہی کہ کامن لا یعنی رواجی قانون ایسا ہو جو تحریر میں نہ آیا ہو اور اُس کے قاعدے زبانی روایتوں پر چلے آتے ہوں مگر رسم و رواج کو قانونی رتبہ حاصل ہونے کے لیئے اتنا پرانا ہونا ضرور ہی کہ اُس کے برخلاف ہونا لوگوں کی یاد سے باہر ہو *

یہہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ کامن لا کے لیئے کچھہ تحریری کتابیں نہیں ہوتیں بلکہ کامن لا پر نہایت بڑی بڑی کتابیں بہت بڑے لایق اور قابل اور واقف کار عالموں نے لکھی ہیں فرق یہہ ہی کہ کامن لا پہلے جاری ہوتا ہی اور پھیل جاتا ہی اور اُس کے بعد وہ ضبط تحریر میں آتا ہی یا اُس پر کتابیں لکھی جاتی ہیں اور تحریری قانون اول تحریر میں آتا ہی اور اُس کے بعد جاری ہوتا ہی اور پھیلتا ہی *

نازک بحث اس مقام پر یہہ ہی کہ مذہبی قانون کس میں داخل ہی تحریری قانون میں یا رواجی قانون میں ' میں اس بات

میں کسي مصنف کي راے سے واقف نہیں ھوں مگر میں مذھبي قوانین کو پچھلي قسم میں سمجھتا ھوں کوئي مذھبي قانون یہاں تک کہ موسےٰ کے دس حکم بھي ایسے نہیں ھیں جن کا رواج قبل اُن کے لکھے جانے کے نہو چکا ھو — باني مذھب گرچہ وہ خدا ھي کي طرف سے آیا ھو وعظ و نصیحت سے ایک بات کا رواج دینا چاھتا ھی یہانتک کہ رفتہ رفتہ اُس کے گروہ معتقدین میں رواج پا جاتي ھی اور جب کہ اُس پر ایک عرصہ گذر جاتا ھی تو وہ بمنزلہ قانون مذھبي کے یعني ایسي رسم کے جو ایک مذھب کي بنا پر جاري ھوئي مستند ھو جاتي ھی — پرانے مذھب کے لوگوں میں بہت مذھبي رسمیں انسان کي یاد سے پہلے سے جاري ھیں وہ نہیں جانتے کہ وہ کیوں جاري ھوئي تھیں اور اُن سے کیا فائدہ ھی اور اب ھم کیوں اُن کو کرتے ھیں پس اب وہ تمام باتیں بجز اس کے کہ رسم و رواج میں داخل ھوں اور کسي میں داخل نہیں ھوسکتیں — میري راے ھی کہ مذھب بھي رسم و رواج پیدا ھو جانے کا ایک سبب ھوتا ھی مگر جب تک کہ اُس کے مسایل بطور رسم کے جاري نہو جاویں رسم و رواج سے زیادہ قوت نہیں رکھتا — اکثر قوموں میں بلکہ دنیا کي کل قوموں میں بہت سي ایسي رسمیں پائي جاوینگي جو درحقیقت اُن کے مذھب کے برخلاف ھیں مگر اُن رسموں نے اُن کے دلوں میں ایسي مضبوط جڑ پکڑلي ھی کہ مذھب کي نہایت زبردست اور طاقتور دل بھي اُس کے اُوکھاڑنے سے عاجز ھوگئي ھی *

رسم و رواج کي حکومت انسانوں کے دلوں پر نہایت قوي اور سب سے زیادہ مستحکم ھوتي ھی ' ھر شخص غلام سے بھي زیادہ اُس کي تابعداري کرتا ھی اتا کو اپنے غلام پر کبھي کبھي فرمانروائي کرتیکا اندیشہ ھوتا ھی مگر رسم و رواج کو اپنے غلاموں کي نسبت فرمانروائي کا کبھي اندیشہ نہیں ھوتا *

تعجب یہ ھی کہ جاھل اور عالم نادان اور عقلمند سب برابر اُس کي غلامي کرتے ھیں ' اچھا قابل اور لایق آدمي جو نازني اور حکمت کے باریک باریک مسئلے حل کرتا ھی جب اُن باتوں تک پہنچتا ھی جنکا رسم و رواج مدت سے چلا آتا ھی تو تمام اپني قابلیت اور عقل و تمیز کو بھول جاتا ھی اور محض نادان شخص کي مانند اُس کے آگے سر جھکا لیتا ھی کسقدر ھمکو تعجب آتا ھی جبکہ ھم یہ دیکھتے ھیں کہ سقراط سا شخص جس نے اپني قوم کے رفارم کرنے میں اپني جان دي جب کہ زھر کے پیالہ کا اپني جان پر اثر پاتا ھی اور اپني زندگي کو چند لمحہ سے زیادہ نہیں سمجھتا اُس وقت اپنے پیارے دوست کریٹو کو وصیت کرتا ھی کہ وہ اُس کي منت کو جو اُس کو لیپي اِس دیوتا پر مرغي چڑھانے کي تھي پوري کرے ' اِس واقعہ سے ھم سمجھ سکتے ھیں کہ رسم و رواج کا انسان کے دلوں پر اور سقراط کیسے دل پر بھي جسکے دل کو گویا خدا نے اپنے ھاتھ سے بنایا تھا کیسا کچھ قوي اثر ھوتا ھی — ھاں یہ بات بلاشبہہ تسلیم کرنے کے لایق ھی کہ جو رسم مذھبي سند پر یا مذھبي خیال پر قایم ھوتي ھی اُس کا اثر انسانوں کے دلوں پر بہ نسبت اُن رسموں کے جو اور طرح پر قایم ھوئي ھوں بہت زیادہ سخت اور نہایت قوي ھوتا ھی *

اِس میرے بیان سے یہ بات ثابت ھوتي ھی کہ رسم و رواج کا تعلق مذھب اور حکومت اور معاشرت سب سے برابر ھی ' مگر میں اپنے اِس لکچر میں اِس بات سے کچھ بحث نہیں کرنے کا کہ جو رسمیں دنیا کي قوموں میں جاري ھیں اُن میں سے کون سي اچھي ھیں اور کون سي بري ھیں بلکہ میں اِس بات پر بحث کرونگا کہ رسومات معینہ میں خواہ وہ مذھب سے علاقہ رکھتي ھوں یا حکومت و معاشرت سے اصلاح اور ترقي کي ضرورت ھی یا نہیں اور اگر ھی تو وہ کیونکر ھوسکتي ھی *

جو لوگ مذھبي رسومات کے پابند ھیں وہ یہ سمجھتے ھیں کہ یہي رسمیں سچائي اور انسان کي بھلائي کے لیئے نہایت اعلی درجہ کمال پر ھیں اور اُن سے زیادہ ترقي کرنا ممکن نہیں یہاں تک کہ اگر کوئي شخص اُن میں ترقي یا اصلاح کرني چاھے (گو کہ وہ اُسي مذھب کي سند پر کرتا ھو جس مذھب کي وہ رسمیں ھیں) تو اُسکو کافر اور مذھب سے خارج قرار دینگے اُس کا ٹھکانا بجز جہنم کے اور کہیں نہیں بتلاوینگے مگر ھماري تسلي کو صرف یہي بات کافي نہیں ھی کیونکہ اب تک ایک نہایت ضروري بات پر خیال نہیں کیا گیا ھی اور وہ یہ ھی کہ ان رسومات مذھبي کا اثر ھمارے دل پر درحقیقت اُن کي سچائي کا سبب ھی یا ھماري عادت کا جسکي ھمکو اپنے بچپن سے عادت پڑ گئي ھی *

رسم جو حکومت سے متعلق ھی اُس پر پابند رھنے کے لیئے بڑے بڑے مشہور مقنن اور عالم عارفدار ھیں — ٹیسي ٹس رومي مورخ کا قول ھی کہ " جس سلطنت میں زیادہ قانون ھوتے ھیں اُس میں اُتني ھي زیادہ برائي ھوتي ھی " میں سمجھتا ھوں کہ غالباً میرے ملک کے لوگوں کي بھي یہي راے ھی وہ سمجھتے ھیں کہ ھمارا ھندوستان قانون کے بوجھ کے تلے دبتا چلا جاتا ھی اور اسي سبب سے اُسمیں روز بروز پیچیدہ حالات پیدا ھوتے جاتے ھیں اودھ کے رھنے والوں نے جو اودھ کے شمال مغربي اضلاع میں شامل ھونے سے اپني زیادہ نفرت ظاھر کي غالباً اُس کا سبب غالب یہي تھا کہ بہ نسبت حال کے اُن کا ملک قانون کے بوجھ میں زیادہ دب جاویگا — غالباً ھندوستان کے

راجواڑي اور هندوستاني عملداريوں کو اِس لیئے زیادہ عمدہ سمجھتے هونگے کہ وهاں کي حکومتیں مرجاد یعني قدیم رسم پر چلتي هیں اور تمام جهگڑوں کا فیصلہ رسم و رسم کي پابندي سے ایک عامل کي راے پر هوجاتا هی *

رسم و رواج کے طرفداروں کے لیئے رومیوں کي حکومت ایک بہت بڑي مثال گني جاتي هی جنکي حکومت میں تمام کام (خواہ وہ عام لوگوں سے متعلق هوتے تهے خواہ لوگوں کے ذاتي کاموں سے خواہ عدالت کے فیصلوں سے) باپ دادا کي رسم پر مبني هوتے تهے یہانتک کہ مجرموں کو سزا دیتے وقت جسطرح کہ هم پینل کوڈ کي دفعہ کا حوالہ دیکر سزا دیتے هیں وہ اپنے باپ دادا کي رسم کا حوالہ دیکر سزا دیتے تهے *

سیاست رومي مورخ لکهتا هی کہ " ڈار کوئین کو جلاوطن کرنے کے حکم میں یہہ لکها گیا تها کہ " ایک رسم کي تبدیلي کے سبب جلاوطن کیا گیا " وجل مصنف بهي رسم و رواج کا طرفدار هی اور کہے سسٹم کا قول هی کہ " وہ قوم غلامي کي حالت میں هی جسپر قانون حکومت کرتا هی اور آزاد قوم وہ هی جسپر رسم و رواج کي حکومت هوتي هی *

گراٹ اسمتهہ لکهتے هیں کہ رسم و رواج در حقیقت اپنے باپ دادا کے حکموں کو ورثہ کے طور پر لینا هی جسپر خود بهي لوگ چلتے هیں اور نہایت خوشي اور رضامندي سے اُسکو مانتے هیں اس لیئے ملکي رسم و رواج کا جاري رهنا قومي آزادي کا نشان هی اور جو کہ یہہ رسمیں اُس ملک کے معزز و قابل ادب بزرگوں سے چلي آتي هیں اس لیئے اُن سے آیندہ کو بهي قومي آزادي کے محفوظ رهنے کو بڑي مدد ملتي هی — مگر مفتوحہ ملک کا حال اُس کے برخلاف هوتا هی کیونکہ وهاں کي رعایا جو بسبب مفتوح هونے کے غلاموں کي مانند هوتي هی اُسکو ایسے رتبوں کا دعوی نہیں پهونچتا اس لیئے کہ مغارب هونے کي ذلت نے اُنکے بهادر اور نامور باپ دادا کے آزاد کاموں کے محفوظ رکهنے کا حق بالکل کهو دیا هی اور اُس حق کو فتحمند قوم نے اپني قوت و جرأت سے لیا هی ' فتحمندي کو همیشہ قوانین کے جاري کرنے اور وهاں کي رعایا کو بعرض قدیمي رسم کے قانون کے پابند رهنے سے مضبوط کرنا چاهیئے تاکہ وہ قانون هر گهڑي اُن کو یاد دلاتے رهیں کہ وہ فتح کرنے والوں کے غلام هیں ' گراٹ اسمتهہ صاحب کي یہہ راے هی کہ ایسي مفتوحہ رعایا پر (جنکے هاں اُن کے معزز باپ دادا کي پراني رسمیں جاري هوں جو هر دم اُنکو مفتوحہ هونے کي ذلت سے اُٹهانا چاهتي هیں اور آزادي اور بغاوت کي ترغیب دیتي هیں) کسي طرح وفاداري و خیرخواهي کا اعتماد نہیں هوسکتا — وہ لکهتے هیں کہ شاید یہي سبب تها جو رومن ریپبلکن رسم و رواج کي نہایت عزت کرتے تهے اور نئے قوانین کے جاري کرنے میں نہایت تامل کرتے تهے اور اسي سبب سے اُنکي سلطنت بهت دنوں تک رهي اور تمام دنیا میں بے انتہا نیکیوں کا نمونہ هوئي — وہ یہہ بهي لکهتے هیں کہ قوانین کا فائدہ اُنکے ماننے اور اُنپر عمل کرنے پر منحصر هی پس رسم و رواج کے قانون اُنکے بانیوں کي عزت کے سبب از خود معزز هوتے هیں اور تمام لوگ ان بانیوں کي نیکي اور انتظام کي نقل کرنے میں همیشہ مشغول رهتے هیں ' اسي سبب سے رومن لوگ اپنے باپ دادا کي یاد گاري مذهبي طور پر کیا کرتے تهے اور مدتوں تک اسي طرح عمل در آمد کرنے سے اُنکے هاں کي معزز و قابل ادب رسموں کي گردت پر نئے نئے قوانین کي موٹي موٹي اور بهاري بهاري جلدیں سوار نهوئي تهیں *

میں سمجهتا هوں کہ میرے هندوستاني بهائي گراٹ اسمتهہ کے اس فقرہ کو سنکر بهت خوش هوئے هونگے اور اُنکے دل میں اسبات کا خیال گذرا هوگا کہ هندوستان کي حکومت بهي اسي رومي اصول پر هوني چاهیئے مگر میں چاهتا هوں کہ وہ ابهي تهوڑا سا صبر کریں کہ مجهے ابهي کچهہ اَور کهنا هی *

گراٹ اسمتهہ پهر رسم و رواج کي طرفداري کرتے هیں اور لکهتے هیں کہ قومي رسموں نے بسبب اپنے پرانے اور سیدهے سادهے اور مختصر هونے کے ایک نہایت بزرگ اور همیشہ قایم رهنے والي صورت پیدا کرلي هی جسکي دامیں بڑي عزت بیٹهہ گئي هی مگر نئے قانون جو بڑي بڑي جلدوں میں لکهے جاتے هیں وہ لوگوں کو گهبرا دیتے هیں اور همیشہ ادل بدل هوتے رهتے هیں جسکا نتیجہ یہہ هوتا هی کہ آدمي اُنکو بهول جاتے هیں اور اُنکو حقیر سمجهتے هیں — وہ خیال کرتے هیں کہ جو کام انسان کرتا هی اُسمیں ضرور بڑي بڑي غلطیاں هوتي هیں اور اس لیئے ضرور هی کہ ان قانونوں میں بهي کچهہ غلطیاں اور نقصان هوں اور پهر وہ غلطیاں اور نقصان جلد معلوم بهي هوجاتے هیں اور ایک جزو میں نقصان ثابت هونے سے تمام قوانین حقارت کے قابل هوجاتے هیں رسومات جو قدیم سے چلي آتي هیں شاید اُنمیں بهي کچهہ نقصان هوں مگر لوگ اَن نقصانوں پر کچهہ لحاظ نہیں کرتے بلکہ اُنکي حمایت میں ایک دوستانہ تعصب برتتے هیں *

فرض کرو کہ ایک قانون نہایت انصاف سے بهرا هوا هی اور ضروري بهي هی اور اُسکے برخلاف کوئي دلیل بهي نہیں هی تو بهي لوگ اُس قانون کي عزت نہیں کرتے — مگر رسم و رواج کے برتنے میں وہ بالکل اندهے هوجاتے هیں اور اُسکي غلطیوں کو خود دیکهتے اور سمجهتے هیں اور کچهہ نہیں کهتے بلکہ یہہ یقین رکهتے هیں کہ همارے عقلمند اور دور

اندیش باپ دادوں نے جو کچھہ کیا ھی وہ کچھہ سمجھہ کر کیا ھی اور کوئي نکوئي اُسکا سبب ھوگا اگرچہ اب ھم اُسکا سبب نہیں جانتے مگر جو فائدے کہ اُس رسم کے مقرر کرنے سے تھے اُس رسم کے کرتے رہنے سے برابر ھمکو ملتے رھتے ھیں گو کہ ھم نہیں جانتے کہ وہ کیا فائدے تھے اور کیونکر ھمکو ملتے ھیں *

ایک اور رومي قانون داں سب سے بڑھکر ایک بات کہتا ھی اُسکا قول ھی کہ جو رسمیں ھمارے باپ دادا نے مقرر کي ھیں اُنکا سبب ھم نہیں بتا سکتے مگر ھمکو اُنکا سبب تلاش کرنا نہیں چاھیئے وزنہ جس بات کي خوبي پر ھمکو کامل یقین ھی اُس میں شک پڑ جاویگا *

یہہ وہ دلیلیں ھیں جو رسم و رواج کے طرفداروں نے نہایت مضبوط مضبوط سمجھکر بیان کي ھیں مگر یہہ نہ سمجھنا کہ اُسکي مخالفت کسینے نہیں کي ھی مانتیزک مشہور رومي مصنف اس راے کے بالکل برخلاف ھی اُسکا قول ھی کہ " جس قوم میں جسقدر زیادہ تحریري قانون ھوتے ھیں وہ اُتني ھي زیادہ آزاد ھوتي ھی اُسنے پرشیا کے بادشاہ کو نہایت حقارت سے دیکھا ھی جسنے اپنے ملک کے تحریري قوانین بہت گھٹادیئے تھے " — بعضوں کا قول ھی کہ " اُس سے زیادہ کون ملک نفرت اور حقارت کے قابل ھی جہاں کي حکومت صرف وھاں کے رسم و رواج کے مطابق ھوتي ھی اور کوئي تحریري عمدہ قانون جاري نہیں ھی اور گورنمنٹ اور اُس کي رعایا کے حقوق کي کوئي حد بھي نہیں ھی " میں رسم و رواج کي پابندي کا طرفدار نہیں ھوں کچھہ تھوڑي دیر کے بعد میں آپ صاحبوں کو بتلاؤں گا کہ اُن رایوں میں کسقدر غلطي ھی اور مانتیزک کا قول کیسا ادب کے لایق ھی *

رسم و رواج کا تعلق جہاں تک کہ مذھب اور حکومت سے تھا اُسکا بیان ھوچکا اور معاشرت سے جو اُسکا تعلق ھی اُس کا بیان باقي ھی مگر میں زیادہ اُسکي تشریح کي ضرورت نہیں سمجھتا کیونکہ کوئي قوم بلکہ کوئي خاندان ایسا نہیں ھی جس میں درباب معاشرت ھزارھا اور عجیب عجیب رسمیں جاري نہوں یہاں تک کہ سوشیلیزتی ملک میں بھي ھزاروں لغو رسمیں جاري ھیں — جبکہ انسانوں کے مزاج میں سے وحشت کم ھوئي اور جانوروں کي طرح جنگل میں رھنے اور خانہ بدوش پڑے پھرنے اور جانوروں کے شکار سے پیٹ بھرلینے اور اُنھیں کي کھال پہن لینے کے بدلے اُنھوں نے تمدن اختیار کیا اور آپس میں مل جلکر رھنے لگے اور معاشرت کي حالت پیدا ھونے لگي اُسي کے ساتھہ رسم و رواج نے بھي ظہور پایا گویا تمدن و معاشرت رسم و رواج پیدا ھونے کا سبب ھی اور پچھلا پہلے کا نتیجہ ھی مگر اُنکے قایم ھونے کے اَور بھي سبب ھوئے ھیں ملک کي خاصیت مختلف ملکوں کے لوگوں کي مختلف ضرورت قوموں کي طبیعتوں کا اختلاف اُنکے مزوں کا تفاوت جسکو انگریزي میں ٹیسٹ کہتے ھیں اُنکے اعضاء کي خصوصاً دماغ کي بناوٹ جس سے اعلی یا ادنی درجہ کے طبعي خیالات پیدا ھوتے ھیں اور اخیر کو علم و ھنر کي ترقي *

رسم و رواج کا تبدیل کرنا اور اُنکو ترقي دینا انساني سوسئیٹي کے لیئے ایسا ھي ضرور ھی جیسیکہ ھر ایک انسان کو زندگي کے لیئے سانس لینا اور متغیر ھوا کو نکالنا اور تازہ حیات بخش ھوا کو اندر کھینچنا اگرچہ ھر ایک شخص سمجھتا ھی کہ ھمارے رسم و رواج میں تبدیل کي ضرورت نہیں ھی لیکن جبکہ اُن سببوں پر خیال کیا جاوے جو رسم و رواج کے قایم ھونے کے سبب ھیں اور جنکو میںنے ابھي بیان کیا ھی تو معلوم ھوگا کہ وہ سبب ھی شاید سواے بعض کے ایسے ھیں جن میں ھمیشہ تغیر و تبدیل ھوتي رھتي ھی اور اثر یہہ ھی کہ وہ سبب زمانہ کے گذرنے پر ترقي پاتے جاتے ھیں پس ضرور ھی کہ اُنکے نتیجوں یعني رسموں میں بھي تبدیلي اور ترقي ھو ' یہہ دعوی منطقي شکل پر اس طرح قایم ھوتا ھی کہ " رسمیں نتیجہ ھیں زمانہ کي حالت کا اور زمانہ کي حالت ھمیشہ قابل تغیر ھی پس رسمیں بھي قابل تغیر ھیں " *

یہہ خیال کہ ھماري رسموں میں تبدیل کي ضرورت نہیں ھی (گو وہ کیسے ھي مضبوط یقین سے دل میں بیٹھا ھو) بھروسے اور اعتماد کے لایق نہیں ھی کیونکہ ممکن ھی کہ صرف عادت نے یہہ خیال ھمارے دل میں جمایا ھو ' اسبات کا اندازہ کرنا کہ انسان جن عادتوں میں ابتدا سے پرورش پاتا ھی اور پلتا ھی اور بڑھتا ھی وہ کہاں تک اُس میں اثر کرجاتي ھیں اور دوسري طبیعت سي ھوجاتي ھیں حقیقت میں انسان کي طاقت سے بھي بہت زیادہ اور بلند درجہ پر ھی چنانچہ مختلف قوموں کي مختلف رسموں پر لحاظ کرنے سے اسبات کي بخوبي تصدیق ھوجاتي ھی *

رسومات میں اصلاح کرنے کي ضرورت خود انسان کے حالات پر غور کرنے سے ثابت ھوتي ھی جبکہ ھم انسانوں کي سوسئیٹیوں پر نظر ڈالتے ھیں تو اُن کي تمام رسمیں کیا مذھب کي اور کیا حکومت کي اور کیا معاشرت کي مختلف پاتے ھیں — مختلف کا لفظ شاید میں نے غلط کہا کیونکہ مجھکو یوں کہنا چاھیئے کہ ایک کي رسم کو دوسرے کي رسم کے برعکس یعني نقیض پاتے ھیں اور جو کہ دو نقیضیں کبھي سچ نہیں ھوسکتیں اسلیئے دونوں کي دونوں رسمیں بھي اچھي نہیں ھوسکتیں پس رسومات متناقضہ کا موجود ھوناھي کافي ثبوت اسبات کا ھی کہ رسومات کا توڑنا اور تبدیل کرنا اور ترقي دینا نہایت ضرور ھی *

امیات کے ثبوت کے لیئے کہ مختلف قوموں میں تینوں قسم کی متناقض رسومات موجود ہیں اُن قوموں کی رسومات پر جو مذہب حکومت اور معاشرت سے متعلق ہیں غور کرنی کافی ہی *

دیکھو اگلے زمانہ کے یونانیوں اور مصریوں اور ہندوستان کے ہندوؤں کو جو مذہبی رسومات میں بیسیوں دیوتاؤں کو ماننا اور اُنکی پرستش بجالانا اپنی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں مگر یہودی اور مسلمان ٹھیک اُسکے برخلاف ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ سوائے ایک خدا کے کسی دوسرے کی پرستش کرنا ٹھیک جہنم میں جانا ہی *

یہودی اور مسلمان اور ہندو جنگ کے وقت اپنی نجات کے لیئے قربانیاں کرتے ہیں مگر ایک بدھ مذہب کا ہندو اُس کو پاپ یا ہتیا اور سخت عذاب کا کام سمجھتا ہی *

ہندو اور رومن کیتھلک اپنے پیشواؤں کی مورتوں کے سامنے پرستش کرنا کسقدر روحانی خوشیوں کے حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھتے ہیں مگر یہودی اور پروٹسٹنٹ اور مسلمان اُس کو روحانی موت کا ذریعہ خیال کرتے ہیں ایک نہایت نیک دل ہندو نہایت سچائی اور دلی اعتقاد سے اور بیکنٹھہ میں جانے کے یقین سے ایک دیوتا کی مورت پر اپنی جان کو آپ قربانی کرتا ہی — مگر عرب کے ریگستان کا قانون بنانے والا ایسے فعل کو خود کشی قرار دیتا ہی اور اُس کے کرنے والے کو نرک میں ڈالتا ہی *

ایک ہندو اپنے پیارے باپ کی لاش کو کس محبت اور عزت اور نیکی اور ابدی نجات کے یقین سے نہایت خوفناک اور تیز بھڑکتی آگ میں جلاتا ہی اور پھر اُس کی جلی مٹی سے اُس کی ہڈیوں کو چنتا ہی اور اُنکا نام پیرل رکھتا ہی اور پھر گنگا میں بہاتا ہی — مگر ایک یہودی یا عیسائی یا مسلمان اُسکو نہایت بیرحمی اور سنگدلی کا کام سمجھتا ہی وہ کسی مجرم کی لاش کو بھی آگ میں ڈالنا سخت گناہ سمجھتے ہیں اُن کے خیال میں بھی نہیں آتا کہ یہہ کیونکر ہوسکتا ہی کہ اپنے عزیز کی لاش کو خود اپنے ہاتھوں جلتی آگ میں ڈالدیا جاوے پس یہہ بات غور کے قابل ہی کہ مذہبی رسومات بھی ایک قوم کی دوسری قوم سے کیسی مخالف ہیں *

رسومات جو حکومت سے متعلق ہیں وہ بھی باہمی اختلاف رسومات کے اندازہ سے مختلف ہیں ایک ٹکڑا امریکا کا غلاموں کو آزاد کرنا گورنمنٹ کا ایسا ہی فرض سمجھتا ہی جیسیکہ دوسرا ٹکڑا مالکوں کا حق غلاموں پر قایم رہنا واجب جانتا ہی — زنجبار کا بادشاہ غلاموں کی سوداگری کو ایک عمدہ اور نہایت پاک محاصل بادشاہی خزانہ کا سمجھتا ہی مگر انگلنڈ کی ملکہ اُس کے معدوم کرنے کو جنگی جہاز روانہ کرنے پر آمادہ ہوتی ہی *

اسی ہندوستان کی پہلی حکومت میں دختر کشی ایک رسم ناقابل مزاحمت اور ستی ایک رسم قابل ادب اور تعظیم کے تصور کی جاتی تھی مگر نورث ولیم کا قانون بنانے والا اُسکو قتل انسان مستلزم سزا کا جرم قرار دیتا ہی *

معاشرت و تمدن کی رسومات کے اختلاف کی تو کچھہ انتہا ہی نہیں ہی ایک قوم کو دیکھتے ہیں کہ وہ سر ننگا کرنا اور پاؤں میں جرتی پہنے رہنا نہایت تعظیم و ادب کا ادا کرنا سمجھتی ہی مگر میں سنتا ہوں کہ ہندوؤں میں سر ڈھانکے رہنا اور جرتی اُتار کر ننگے پاؤں ہوجانا غایت درجہ ادب و تعظیم کا کام سمجھا جاتا ہی [مہینے ہندوؤں کی تخصیص اس مقام پر اس لیئے کی کہ مسلمانوں میں جرتی اُتار کر ننگے پاؤں ہونا داخل ادب نہیں ہی] سب سے بڑا معاملہ معاشرت اور تمدن کا شادی و بیاہ سے متعلق ہی ایک قوم کی خوبصورت نیک لڑکی نہایت پاک مگر محبت کے بھرے ہوئے دل سے اپنے لیئے آپ شوہر پسند کرتی ہی مگر ہندوستان کی قوم کی لڑکی بیاہ کے بعد بھی کبھی اپنے شوہر سے بات تک نہیں کرتی *

دیکھو کثرت ازدواج یعنی ایک سے زیادہ شادی کرنی ایک قوم میں کسقدر معیوب اور کیسی قابل نفرت قرار پائی ہی مگر ہندوستان کی ایک قوم کولین میں یہہ رسم کیسی عمدہ اور مبارک سمجھی جاتی ہی ستر برس کے بڈھے سے سات برس کی لڑکی کی جو اٹھتر برس جوڑ اُس بڈھے کی ہوتی ہی شادی کی جاتی ہی اور شادی کرنے والے اُس شادی کو بہت بڑا پن اور نہایت ہی عمدہ کام سمجھتے ہیں اور قوم کے ہندو بھی کثرت ازدواج کو معیوب نہیں سمجھتے اور مسلمان بھی چار تک اور اُن کا ایک فرقہ تو لین فرقہ سے بھی بڑھ کر لا انتہا تک کثرت از دواج کو معیوب نہیں سمجھتا مگر یورپ کی سوسئیٹی میں کثرت ازدواج پر مثل ایک سنگین جرم کے سزا دی جاتی ہی *

آپ زیادہ تر تعجب کرینگے جب کہ آپ اُس قوم کی رسم پر غور کرینگے جو کوھستان سراج کار علاقہ کانگڑہ میں آباد ہی اور جو نیٹ کہلاتی ہی اور جنمیں یہہ رسم ہی کہ چار پانچ بھائیوں میں صرف ایک عورت کرتی ہی یعنی وہ سب ایک سے شادی کرتے ہیں اور وہ سب کی جورو ہوتی ہی جو شوہر خارت کے مکان میں اُس کے پاس جاتا ہی اپنی لاٹھی جرتی باہر چھوڑ جاتا ہی تاکہ دوسرا شوہر اُس نشانیوں کو دیکھکر اُلٹا پھر جاوے *

اِس پہاڑی ملک کو ایک وحشی ملک سمجھکر حقیر مت سمجھو اسپارٹا جیسے ملک میں بھی ایک زمانہ میں ایسی ہی رسم تھی وہاں کے مرد بغیر خاص وجہ کے ایک سے زیادہ شادی نکرسکتے تھے

وہاں کی عورتیں ایک سے زیادہ خصم کرنے کی بلا قید مجاز تھیں اور کئی کئی خصم ساتھہ رکھتی تھیں *

جسطرح کہ ہم لوگ ایک عورت کے کئی خصم ہونا معیوب سمجھتے ہیں اُسیطرح وہ لوگ ایک مرد کی کئی جوروں ہونا سخت عیب اور نہایت ہی عجیب بات خیال کرتے ہیں *

ایک چینی جنمیں دانتوں کا سیاہ کرنا نہایت پیاری رسم ہی جب یورپ میں جاتا ہی تو تمام لیڈیوں کے سفید اور موتی کیسے آبدار دانت دیکھکر نہایت ہی متعجب ہوتا ہی اور جب اُن کو چلتا پھرتا دیکھتا ہی تو اور بھی تعجب میں پڑتا ہی کیونکہ چینیوں میں عورتوں کے پانوں اوھے کے شکنجے چڑھا کر ایسے چھوٹے کردیتے ہیں کہ وہ چلنے پھرنے کے قابل نہیں رھتیں *

اگر نوٹی اشراف مسلمان خاندان کی عورت مردی گھوڑے پر سوار ہوکر شہر میں نکلے تو کون سا عیب ہی جو اُس پر نہ لگایا جاوے مگر تم اسی ہندوستان میں ایک تربیت یافتہ اور فہمند قوم کو دیکھتے ہو کہ اُن کی تمام لیڈیاں مثل مردوں کے باہر پھرتی ہیں اور عجائبات قدرت الہی کو دیکھتی ہیں اور قدرتی چیزوں کے دیکھنے اور ملکوں کے سیر کرنے اور دریاؤں اور جنگلوں کے تماشے دیکھنے سے مردوں کی مانند عقل و علم و تربیت حاصل کرتی ہیں شاید تمہاری نگاہ میں یہہ ہنر عیب ہو مگر جسکو تم ہنر سمجھتے ہو اُس کو وہ نہایت سخت عیب سمجھتی ہیں *

کیا آپ لوگ اس رسم کو عجیب اور نہایت ہی عجیب نہ سمجھینگے کہ میسور کی ایک قوم میں یہہ رسم ہی کہ جب کسی عورت کے ہاں اول مرتبہ لڑکا پیدا ہوتا ہی یا پانچ عورت لڑکے کو متبنی کرتی ہی تو اپنے ہاتھہ کی دو اُنگلیوں کی ایک ایک پور کٹوا ڈالتی ہی اور اُس کو نہایت ہی مبارک سمجھتی ہی *

یہہ چند مثالیں بطور نمونہ کے میںنے آپکے سامنے بیان کیں ورنہ بہت سی ایسی رسمیں نکلینگی کہ جنکو ایک قوم نہایت اچھا اور دوسری نہایت ہی برا سمجھتی ہوگی اور جو کہ وہ دونوں رسمیں آپسمیں برخلاف ہیں اِسلیئے وہ دونوں رسمیں اچھی نہیں ہوسکتیں یا وہ دونوں بری ہونگی یا اُن میں سے ایک اچھی ہوگی اور ایک بری ہوگی پس اگر رسموں کی پابندی کی جاوے تو ضرور کوئی نہ کوئی قوم ایسی رسموں میں جو در حقیقت بری اور خراب ہیں مبتلا رہیگی *

جو لوگ رسموں کی پابندی کے طرفدار ہیں اُن سے یہہ سوال ہوتا ہی کہ جن رسموں کی تم پابندی چاہتے ہو وہ رسمیں بھی بعد اصلاح و ترمیم و تبدیل کے تمہارے بزرگوں نے قایم کی تھیں کیونکہ تمہارے بزرگوں کے بزرگ اس سے بھی زیادہ وحشیانہ رسموں میں مبتلا تھے پس جب کہ ہمارے بزرگوں نے اپنے بزرگوں کی رسموں کو اصلاح کیا ہی تو ہم اپنے بزرگوں کی رسموں کو جو اصلاح کے قابل ہوں کیوں نہ اصلاح کریں *

اگر رسموں کا اصلاح کرنا ابتدا سے اِنسان کی نسلوں میں جاری نہوتا اور ابتدا سے تمام انسان رسموں کی پابندی کے ایسے ہی طرفدار ہوتے جیسیکہ ٹیسی تس — ورجل — کرے سستم — اور مسٹر گرلڈ اسمتھہ تھے جنکے قول میںنے اوپر بیان کیئے تو آپ جانتے ہیں کہ ہماری تمہاری کیا حالت ہوتی ہم میں سے کسیکے آگے پیچھے کسی درخت کے در پتے بندھے ہوتے اور کسی کے کسی جانور کی باروں دار کچھی کھال لپٹی ہوتی اور مدن کے درختوں کی آڑ میں بیٹھے ہوئے خدا کے گیت گایا کرتے پس جو لوگ رسموں کی اصلاح و ترقی کے برخلاف ہیں وہ خود اُس میں مبتلا ہیں جس سے لوگوں کو منع کرتے ہیں کیونکہ وہ ایک ترقی یافتہ زمانہ کی رسموں کو پکڑتے ہیں اور دوسرے ترقی یافتہ زمانے کی رسموں کے پکڑنے سے انکار کرتے ہیں *

تمام کام جو رسم کے برخلاف کیئے جاتے ہیں ابتداء سب کو برے معلوم ہوتے ہیں اس کا بڑا سبب بے علمی اور جہالت ہی کیونکہ اُن کی بے علمی یا ناقص تعلیم اُن کی تعلیم کو اسقدر قوت نہیں بخشتی کہ وہ رسومات کے اُس تعصب اور جہالت اور ہٹ پر جو عادتاً اُن کے دل میں بیٹھی ہوئی ہی غالب آوے اور نہایت انصاف سے دیکھے کہ رسومات معینہ میں در حقیقت کیا نقص ہیں اور اُن کی ترقی اور اصلاح کی ضرورت ہی یا نہیں *

ایک عادل اور منصف گورنمنٹ کو جو اپنی رعایا کی حالت کی ترقی بھی چاہتی ہو قانون بنانے اور اُن کو جاری کرنے نہایت ضرور ہیں جبکہ رعایا کی حالت اُن کی عادت اور اُن کے خیالات اور اُن کے معاملات اور اُن کی معاشرت تبدیل ہوتی جاتی ہی یا نئے قسم کے حقوق اور نئی طرح کی ملکیت پیدا ہوتی ہی یا خود گورنمنٹ کو اپنے استحکام اور استقلال کے لیئے نئے انتظاموں کی ضرورت پیش آتی ہی تو پرانی رسومات کے موافق چلنے سے کام نہیں چلتا اور بلا شبہہ قوانین جدید کے بنانے کی ضرورت پڑتی ہی اور یہی سبب ہی کہ تم ہندوستان میں اور نیز تمام تربیت یافتہ گورنمنٹوں میں نئے نئے قانون جاری ہوتے ہوئے دیکھتے ہو — ہاں یہہ بات میں دل سے تسلیم کرتا ہوں کہ ایسے قوانین کا جاری ہونا بصلاح اور مشورہ رعایا کے نائبوں کے ہونا چاہیئے اور مجھے نہایت افسوس ہی کہ ہندوستان میں ایسا نہیں ہوتا اور ایسا نہونے میں تھوڑہ تو گورنمنٹ کی غلطی ہی اور زیادہ تر ہم رعایا کی نالایقی مگر اُمید ہی کہ چند روز بعد کافی تعلیم سے یہہ دونوں باتیں رفع ہوجاوینگی *

رسومات کي اصلاح و ترقي جس طرح کہ انسان کے ظاهري طريقہ زندگي کو فائدہ ديتي هی اِسي طرح اُس کي عقل کو بهي ترقي ديتي هی — ايک بات کے پيچهے لگے رهنے اور اُسي لکير پر چلے جانے سے انسان کي عقل سوجاتي هی اور قوت ايجاد جو خدا نے انسان ميں رکهي هی وہ معطل بلکہ قريب معدوم هونے کے هوجاتي هی اور اِس سبب سے قومي تنزل شروع هوجاتا هی کيونکہ قوت ايجاد کے معطل هونے سے تمام علوم و فنون ميں فتور آجاتا هی اور کسي چيز ميں ترقي نهيں هوسکتي يہاں تک کہ جولاهے اور بڑهئي اور لوهار بهي اپنے اپنے پيشہ ميں نہ کچهہ ترقي کرسکتے هيں اور نہ کچهہ ايجاد کرتے هيں اور ٹهيک ٹهيک يہي حال هندوستان کا رسومات کي پابندي سے هوگيا هی *

رسومات کي اصلاح اور ترقي کے وقت بلا شبہہ يہہ نازک مسئلہ بحث ميں آتا هی کہ کونسي رسم اچهي اور کونسي بري هی اور اِسکا جانچنا اور تصفيہ کرنا بهي کچهہ آسان کام نهيں هی اور نہ اسپر بحث کرنا ميرے اس لکچر ميں مقصود هی مگر زمانہ اور تعليم اور تربيت خود اچهي اور بري رسموں کو جدا جدا کرتا اور بتلاتا جاتا هی — اسوقت بهي اس کمرہ ميں جسقدر لوگ موجود هيں غالبا اُن ميں چند ايسے بهي هونگے جو اُن رسموں سے جنکو وہ کرتے هيں بهت سي رسموں کو برا سمجهتے هونگے اور اُن کي اصلاح و ترقي کي بهي نهايت خواهش رکهتے هونگے مگر اس بات ميں متحير هونگے کہ کيونکر اُن کو چهوڑيں اور کس طرح اُن کي اصلاح و ترقي کريں *

بعضوں کا يہہ خيال هی کہ اگر گورنمنٹ دست اندازي کرے يا صاحب کلکٹر توجہہ فرماويں تو همکو ان بد رسموں کا اپني قوم سے چهوڑانے کا اور سب کو دهمکا کر راہ پر لانے کا موقع ملے اُن کا مطلب يہہ هوتا هی کہ هم بدنامي سے محفوظ رهيں اور گورنمنٹ کو لوگ بدنام کريں اور گورنمنٹ سے ناراضي کا بيج لوگوں کے دلوں ميں بوئيں اور جو لوگ اس سے زيادہ سنجيدہ اور متين اور معقول هيں وہ هميشہ يہہ کہتے رهتے هيں کہ اگر برادري کا اتفاق هوا اور بزرگ لوگ اس کو کرنے لگيں تو يہہ کام چل جاوے مگر نہ کبهي کسي رسم کے چهوڑنے يا بدلنے پر اتفاق هوتا هی اور نہ کسي رسم ميں اصلاح و ترقي هوتي هی بلکہ اُسي تاريکي کي حالت ميں زمانہ کا زمانہ کا گذرا جاتا هی *

انثروں کا يہي خيال هی کہ آپسميں اتفاق هو تو رسموں ميں اصلاح و ترقي هو گويا وہ اصلاح و ترقي کو اتفاق پر منحصر رکهتے هيں مگر ميں اس راے سے بالکل مختلف هوں ميں سمجهتا هوں کہ رسموں کي اصلاح و ترقي کا ذريعہ اتفاق نهيں هی بلکہ اختلاف هی جس شخص کے دل ميں اصلاح و ترقي کا خيال هو اُسکو چاهيئے کہ خود نهايت استقلال اور مضبوطي اور بهادري سے تمام قوم سے اختلاف کرے اور اُس رسم کو توڑے يا اُسميں اصلاح و ترقي کرے اس ميں کچهہ شک نهيں کہ تمام قوم اُسکو برا کهيگي اور ٹکو بنائيگي مگر پهر رفتہ رفتہ لوگ اُس کي پيروي کرنے لگينگے اور جس طرح کہ اولاً وہ هدف تير ملامت هوا تها انجام کو وهي سب کا هادي اور پيشوا اور مصلح قوم شمار کيا جاويگا — جب تک کوئي شخص تمام قوم سے اختلاف کر کے رسم کو نہ توڑے وہ رسم موقوف هي نهيں هوسکتي پس يہي ايک طريقہ اختلاف هی جس سے قوم کي اصلاح و درستي هو سکتي هی اور اور ايسا کرنے والا هي سچا خير خواہ اپني قوم کا متصور هی پس ميں اپنے عزيز هموطنوں سے کہتا هوں کہ چپکے چپکے اپنے فرقہ کے لوگوں ميں بيٹهہ کر رسموں کو برا کہنا اور اُن کي اصلاح و درستي کے لئے ساتهيوں کو ڈهونڈنا اور قيد سے نکلنے کے ليئے قافلہ کي راہ ديکهنا محض بيفائدہ اور سراپا خلاي هی جو شخص بهادر هی اور اپني قوم کا سچا خيرخواہ اُس کو خود اُس بهاري بيڑي کو توڑ کر ميدان ميں آنا چاهيئے تاکہ لوگوں کو بهي اُس قيد سے نکلنے کي جرأت اور همت هو *

اگلے اور حال کے زمانہ ميں جن لوگوں نے اپني قوم کي بهلائي چاهي اُنهوں نے اسي طريقہ پر عمل کيا هی اور آج تک دنيا ميں کوئي مثال ايسي نهيں هی کہ بغير اس طريقہ کے کسي دوسرے طريقہ سے قومي ترقي اور بد رسومات کي اصلاح هوئي هو ميرا يہہ دعوی چند عمدہ اور قابل ادب قديم زمانہ کي مثالوں سے اور نيز جو واقعات کہ اس زمانہ ميں گذر رهے هيں اُن پر بطور تمثيل غور کرنے سے بخوبي ثابت هوسکتا هی *

ديکهو اس زمانہ سے ساڑهے اڑتيس سو برس پيشتر "اورکلدانيان" ميں ايک جوان تها جس کو ابراهيم کهتے تهے اُس نے اپني قوم کو بت پرستي ميں پڑا اور بهت سي بد رسموں ميں پهنسا هوا ديکها اُس کا دل اپني قوم کي خراب حالت پر جل خدا نے اُس کي مدد کي وہ اپني قوم کے برخلاف کهڑا هوا اور پکار کر يہہ بول اُٹها اني وجهت وجهي للذي فطرالسموات والارض حنيفا و ما انامن المشرکين — تمام قوم نے اُس کو لعنت ملامت کي قتل کرنا چاها آگ ميں ڈالنا چاها مگر خدا نے اُس کو بچايا اور پهر انجام يہہ هوا کہ وهي ابراهيم تمام دنيا کي قوموں کے ليئے رحمت ٹهہرا صلواۃ اللہ عليہ و علی الہ *

پهر خدا کي اُس قرباني کي بهيڑ کو ديکهو جس کا اُسي کي قوم نے اپني دانست ميں نهايت بے رحمي اور سنگدلي سے کالوري پهاڑي کے نيچے بيت المقدس کے پاس خون بهايا — اُس بيگناہ کا يہہ گناہ

تھا نہ اپنی قوم کی رسومات کی برائی کرتا تھا اُن کو بدذاتی اور ریا کاری سے منع کرتا تھا اُس کا یہہ گناہ تھا کہ اُس نے فروسیوں سے کہا کہ تم پیالے و باسن کو باہر سے صاف کرتے ہو پر تمہارا اندر ظلم و برائی سے بھرا ہوا ہی اے فروسیو تم پر افسوس کہ ترکاریوں کا دسواں حصہ دیتے ہو پر انصاف اور خدا کی محبت سے گذرتے ہو اے فقیہوں تم پر بھی افسوس کہ جن بوجھوں کا اُٹھانا تمکو مشکل ہی اُس کو لوگوں پر ڈالتے ہو اور اُنگلی تک نہیں لگاتے — یہہ سچ ہی کہ راست بازی نے اُس کو نہایت مصیبت میں ڈالا اور خود اُسی کی قوم کے ہاتھہ سے اُس پر جو کچھہ گذرنا تھا گذرا مگر اُس کا انجام یہہ ہوا کہ تینتیس کرور پچاس لاکھہ آدمیوں نے اُس کو خدا کا ایکلوتا بیٹا مانا اور سولہ کرور آدمیوں نے اُس کو روح اللہ اور کلمۃ اللہ جانا *

دیکھو ریگستان عرب کے ہادی کو جس نے اپنی قوم کو لات و منات و عزی کی پرستش سے چھوڑایا اور اولاد کے قتل سے بچایا گرچہ اُسی کی قوم نے اُس کو ستایا اور وطن سے نکالا مگر انجام کو خدا کا آخری پیغمبر مانا اور اُسی کی بدولت سب نے خدائے واحد کو پہچانا صلی اللہ علیہ وسلم *

سقراط کا واقعہ بھی کچھہ کم حیرت انگریز نہیں ہی اُس نے نہایت نیکی اور نیک دلی سے اپنی قوم کی بھلائی پر کمر باندھی اُنکی بد رسموں کی اصلاح چاہی مگر اُسی کی قوم نے اُس پر دیوتاؤں کے برا کہنے اور ایتھنز کے نوجوان لڑکوں کے بہکانے کا الزام لگایا یہاں تک کہ زہر کے پیالے سے اُس کو مارا مگر چند روز بھی نہیں گذرے تھے کہ تمام ایتھنز کے رہنے والوں نے اُس کا ماتم کیا اور تمام دیوتاؤں سے اُس کو بڑا دیوتا مانا *

لوتھر مقدس کا ذکر بھی اس موقع کے نامناسب نہیں ہی جسنے عیسائی چرچ کی تمام بد رسموں کا مقابلہ کیا اور اپنی سچائی پر نہایت استقلال سے قایم رہا — پلاطوس کے سیڑھی پر نجات کی اُمید میں گھٹنوں کے بل چڑھتے وقت یہہ غیبی آواز اُس کے کان میں آئی کہ " سچے ایمان سے نجات پاویگا " اسی پر وہ مستقل رہا اور اسی کا وعظ اپنی قوم میں کیا *

وتم برگ کے چوک میں جو آگ جلائی گئی اُس سے کچھہ خوف نہیں کیا اور پوپ کے برخلاف اتوار کے دن گرجا میں چلا کر بولا کہ " خدا تعالی برخلاف اپنی عدالت اور صداقت کے گناہوں کے بدلے دام نہیں لیتا " *

اُسی نے اپنی جان کا خوف نہ کرکے کاردنیل کی اس گفتگو کے وقت کہ پوپ کو سب باتوں پر اور ساری چیزوں پر اختیار ہی یہہ کہا کہ ہاں مگر پاک کتاب پر نہیں *

اُسی کی قوم نے اُس بھلائی کے عیوض اُس کو خوب ستایا اور اُس نے نہایت افسوس سے لکھا کہ " یہہ کیسا زمانہ ہی کہ سچائی کا طالب ہونا ایک بڑی تقصیر معلوم ہوتی ہی " — مگر آج وہی لوتھر ہی جس کا نام کرورں عیسائیوں کے دل میں نہایت مقدس ہی *

امام حجۃ الاسلام غزالی کا نام لیئے بغیر میں اس فہرست کو ختم نہیں کرسکتا جس نے اسرار مسایل اسلام کے بیان کرنے میں تا بمقدور اپنے سعی و کوشش کی اگرچہ بڑے بڑے متعصب مولویوں نے اُس کے کفر کے فتوی دیئے اور اُس کی کتاب احیاء علوم الدین کے جلانے کا حکم دیا اور اُس کے قتل کے عام احکام جاری ہوئے مگر انجام کار وہی غزالی امام اور حجۃ الاسلام کے لقب سے پکارا گیا *

اس زمانہ میں جو واقعات گذرتے ہیں اور جن کو اس کمرے کے اکثر لوگوں نے اپنی آنکھہ سے دیکھا ہوگا وہ بھی یہی ہیں کہ جس شخص نے رسومات کی اصلاح و ترقی چاہی فی الفور اُس نے اپنی تمام قوم سے مخالفت کی اور رفتہ رفتہ لوگ اُس کے ساتھی ہوتے گئے *

دیکھو راجا رام موہن رائے نے کس طرح اپنی قوم سے مخالفت کر کر ہر قسم کی رسومات میں اصلاح کی اور کتنی کچھہ نیکی اپنی قوم میں پھیلائی *

بابو کیشب چندر سین کا حال آپ سب صاحب جانتے ہیں کہ آفتاب کی مانند جو مشرق سے طلوع کرے اُس کی ذات سے اُس کی قوم میں روشنی پھیلتی جاتی ہی جز اُس کی یہی ہی کہ اُس نے رسومات کی پابندی کو توڑا اور اپنی قوم کی مخالفت سے کچھہ نہیں ڈرا *

بنگالہ میں ایشر چندر ودیاساگر کے نام کو اور بمبئی میں رشنو پرسرام شاستری مہاراست برہمن کے نام کو پرکھ ہر جنہوں نے ہندو بیوہ عورتوں کی شادی کے رواج میں نہایت کوشش کی اور اپنی ذات اور اپنی قوم کی رسم کو توڑا *

سریش چندر بھٹا چارج بھی کچھہ کم ادب کے لایق نہیں ہی جس نے صرف زبانی بات چیت پر اکتفا نہیں کیا بلکہ سب سے اول خود ایک بیوہ سے شادی کی اور پورانی رسم کا جو سانپ کی طرح چمٹ رہی تھی سر کچلا *

رام تنولا ہیڑی کا نام بھی نہیں بھولا جاسکتا جس نے اپنی قوم کے مجمع میں سوت کے بٹے ہوئے جنیؤ کو توڑ پھینکا اور سچائی کو سچا جنیؤ اپنے لیئے جانا *

کیا ہمارے سب سے پہلے ہندوستانی سویلین ستایندر ناتھہ ٹاگور کا نام بھولنے کے لایق ہی جو ذات کی نہایت بھاری بیڑی سے آزاد

ھوا سمندر کے پار جانے کے گناہ کو ھزاروں نیکیوں سے بھر دیا — آپ جانتے ھیں کہ کس خاندان کا یہہ شخص ھی یہہ اُن عالم برھمنوں میں سے ایک کی اولاد ھی جن کو گورو کے راجا نے قنوج سے بلایا تھا جس کا نام بہت ذاران تھا اور جس کی تصنیف کی ھوئی دیدی سمہار کتاب موجود ھی *

اس کے بزرگوں میں سے ایک شخص کو بنگالہ کے کسی نواب نے دوستانہ طور پر دعوت میں بلایا وہ گیا مگر کھایا نہیں اُس پر اُسکی قوم کے لوگوں نے کہا کہ کھانے کی خوشبو سونگھنا آدھے کھانے کی برابر ھی اور اسی سبب سے ذات سے اُسے خارج کردیا مگر دیکھو زمانہ کی تبدیلی سے اب کتنا فرق ھی ھمارے ھندو دوست ھمارے ساتھہ کھاتے نہیں مگر کھانے کے وقت ملتے ھیں میز کے پاس بیٹھتے ھیں دوستانہ بات چیت کرتے ھیں اور کوئی کچھہ عیب نہیں سمجھتا *

اب اخیر کو میں سامی دیانند سرستی کا نام لیتا ھوں جس کو مرزا پور کے لوگ بخوبی جانتے ھیں اُس کے خیالات کیسے ھی کیوں نہوں اور وید و دھرم شاستر کے مطابق ھوں یا نہیں کیونکہ میں اُس پر ٹھیک راے دینے کے قابل نہیں ھوں مگر میں اس بات کی تعریف کرتا ھوں کہ اُس کا ارادہ نہایت نیک ھی جو اُس کے دل میں ھی وہ علانیہ کہتا ھی گو اس میں مجھکو شک ھی کہ وھی کرتا بھی ھی یا نہیں *

اے میرے دوستوں یہہ زمانہ ایسا ھی کہ ھر ایک کے دل میں تہذیب و شایستگی کی اُمنگ ھی بہت سے لوگوں کو تم دیکھوگے کہ ھزاروں رسموں کو فضول اور لغو سمجھتے ھیں اور کچھہ بھی اُسمیں یقین نہیں رکھتے پر کرتے ھیں اور بہت سی ایسی باتیں ھیں جن کے بے نقص ھونے پر یقین کرتے ھیں پر کرتے نہیں ایسی باتوں سے کچھہ قوم کی بھلائی نہیں ھوسکتی بلکہ میری سمجھہ میں یہہ بھی ایک قسم کی دغابازی ھی — میری نصیحت تم سبکو یہہ ھی کہ کرو اُسکو جس پر تمکو دلی یقین ھی اور مت کرو اُس کو جس پر تمکو دلی یقین نہیں یہی اصلی سچائی ھی اور یہی ایک بات ھی جس پر دونوں جہان کی نیکی منحصر ھی *

خدا تمہارے نیک کاموں میں تمہاری مدد کرے

نمبر ۱۶۶

اھل کتاب کے ساتھہ کھانا

اھل سنت کے اصول سے اھل کتاب کے ساتھہ کھانے پینے کے جواز میں تو کچھہ شبہہ ھمکو نہ تھا نہ ھی چنانچہ ھم اسے یہہ تفصیل لکھہ چکے ھیں مگر از روے اُصول مذھب امیہ کے ھم جانتے تھے کہ شاید جایز نہو اس لیئے کہ اُن کے نزدیک غیر مسلم نجس ھی مگر آج ھماری نظر سے ایک حدیث حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی جو تہذیب الاحکام میں منقول ھی گذری اُس سے معلوم ھوا کہ امام ممدوح نے بھی اُس کے جواز کا فتوی دیا ھی اس لیئے ھم اُس حدیث کو نقل کرتے ھیں اُمید ھی کہ حضرات شیعہ بھی اُس کے جواز و اباحت میں کچھہ شک نکرینگے *

شیخ طوسی تہذیب احکام میں حسین بن سعید سے روایت کرتے ھیں کہ زکریہ بن ابراھیم کہتے ھیں کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ھوا اور میں نے عرض کی یا حضرت میں ایک آدمی اھل کتاب میں سے ھوں اور اب مسلمان ھوگیا ھوں مگر میرے گھر والے دین نصرانیت پر قایم ھیں اور میں اُنکے ساتھہ ایک ھی گھر میں رھتا ھوں پس اُنکے کھانے میں سے میں کھاؤں یا نہیں آپنے پوچھا کہ وہ سور کھاتے ھیں میںنے کہا کہ نہیں لیکن شراب پیتے ھیں آپنے فرمایا کہ اُنکے ساتھہ کھا اور پی *

اصل عبارت یہہ ھی عن القاسم بن محمد عن معویۃ بن وھب عن عبدالرحمن بن حمزۃ عن زکریا بن ابراھیم قال دخلت علی ابی عبداللہ علیہ السلام فقلت انی رجل من اھل الکتاب و انی اسلمت و بقی اھلی کلہم علی النصرانیۃ وانا معہم في بیت واحد ام افارقہم بعد ذل من طعامہم فقال لی یا کلون لحم الخنزیر قلت لا ولکنہم یشربون الخمر فقال لی کل معہم و اشرب انتہی *

راقم
مہدیعلی

نمبر ۱۶۷

روئداد سب کمیٹی مرزاپور

لتائید

مدرسۃ العلوم المسلمین

۲۰ نومبر سنہ حال کو مرزا پور کے انسٹیٹیوٹ میں مسلمانوں نے ایک جلسہ واسطے مقرر کرنے ایک سب کمیٹی کے مدرسۃ العلوم مسلمانان کی امداد کے لیئے کیا اُس میں اولاً مواوی سید مہدیعلی صاحب نے یہہ تقریر کی —

اے حضرات مدت سے میرا قصد تھا کہ حسب قواعد صدر کمیٹی خزانۂ بضاعۃ لتاسیس مدرسۃ العلوم للمسلمین کے جسکا میں ایک ممبر ھوں مرزاپور میں ایک سب کمیٹی مقرر کروں اور واسطے جمع کرنے چندہ کے آپ لوگوں سے درخواست کروں مگر یہہ سبب اسکے کہ مجھے یہاں رھنے کا اتفاق کم ھوا یہہ خواھش میری پوری نہوئی لیکن آج مجھے یہہ موقع ملا ھی کہ میں آپ صاحبوں سے واسطے مقرر کرنے ایک

سب کمیٹي کے تصویب کروں اور چونکہ آپ لوگوں کو معلوم هی کہ میں بہت جلد اس ضلع بلکہ اس قسمت سے جانیوالا هوں اس لیئے میري دلي آرزو یہہ هی کہ یہہ سب کمیٹي میرے سامنے مقرر هوجاوے اور چندہ کي تحصیل بهي هونے لگے مجھے اسوقت اس کہنے کي کچھہ حاجت نہیں هی کہ مدرسۃ العلوم کیا چیز هی اور اُس کا مقصود کیا هی اس لیئے کہ اس جلسہ میں شاید ایک آدمي بهي ایسا نہیں هی جو اُس سے واقف نہو اور جس نے اُن مباحثوں کو نہ دیکھا هو جو بہ نسبت مدرسۃ العلوم کے هوئے اور هوتے جاتے هیں اور جسکي راے یہہ نسبت اُس کي برائي بهلائي کے قایم نہوچکي هو مگر میں نہایت شکر خدا کا کرتا هوں کہ اثنر ذي علم اور ذي استعداد مسلمان جنہوں نے اسي مدرسہ مرزا پور میں همارے حضرت مولانا مولوي معین الدین صاحب کے دست مبارک سے فضیلت کي سند پائي هی بخلاف اور جگہہ کے متعصب مسلمانوں کے مدرسۃ العلوم کے حامي هیں اور دل و جان سے اُسکي مدد کرنے پر موجود هیں اور چونکہ مجھے اُمید هی کہ اس جلسہ کے اکثر حاضرین اپني راے ظاهر کرینگے اور آپ لوگوں سے کچھہ کہونگے اس لیئے میں کچھہ اور زیادہ کہنے کي ضرورت نہیں سمجھتا *

اس کے بعد منشي نصیرالدین صاحب کرسي سے اُٹھے اور یہہ تقریر کي "ابهي ایک مہینہ پورا نہیں هوا کہ اسي مقام پر همارے مخدوم مولوي سید مہدیعلي صاحب نے ایک عمدہ لکچر مسلمانوں کے حالات پر دیا تها جس سے هم لوگوں کو معلوم هوا کہ پہلے مسلمانوں کي کیا حالت تهي اور اب هم مسلمانوں کا کیا حال هی اور آج واسطے جمع کرنے چندہ کے مدرسۃ العلوم کے لیئے جو کہ مسلمانوں کي ترقي کا عمدہ بلکہ اصلي سبب هی مولوي صاحب نے ایک سب کمیٹي کے مقرر کرنے کي تحریک کي هی اس لیئے سب سے اول هم لوگوں کو اُس کا شکر کرنا چاهیئے بعدہ جس غرض کے لیئے آج اُنهوں نے یہہ جلسہ منعقد کیا هی کہ اُس کے پورے کرنے کے لیئے دل سے متوجہہ هونا لازم هی *

اگرچہ یہہ شہر هندوؤں کا هی اور مسلمان بہت هي کم رهتے هیں هیں مگر خدا کا شکر هی کہ ایک عربي کا مدرسہ ایسا اس شہر میں هی کہ جس میں منقول و معقول کي کل کتابیں پڑهائي جاتي هیں اور همارے جناب مولوانا ایک مشہور نامور عالم هیں اس لیئے اگر هم لوگ ترقي علوم کے معاملہ میں سب سے اول کوشش نہ کریں اور جو باتیں مدرسۃ العلوم مسلمانان کي مخالفت میں بیان کي جاتي هیں اُس پر غور سے نظر نہ کریں تو درحقیقت هماري تحصیل علم کا کوئي نتیجہ حاصل نہیں هوسکتا اور گو اس شہر میں هم لوگ باعتبار گنتي کے تهوڑے هیں مگر بلحاظ علم کے اکثر اور شہروں کے مسلمانوں سے کم نہیں هیں اس لیئے همکو آج اس بڑے اور نازک معاملہ پر بحث کرکے اسکا تصفیہ کردینا چاهیئے کہ ایا مدرسۃ العلوم مسلمانوں کے لیئے مفید هوگا یا نہیں اور ازروے شرع کے اُس کي اعانت ثواب هی یا گناہ *

میں نے اسوقت بہ نسبت مدرسۃ العلوم کے جو یہہ راے ظاهر کي هی غالباً آپ لوگوں نے سمجھہ لیا هوگا کہ مراد میري یہہ هی کہ اس پر مباحثہ کیا جاوے اور هر شخص اُس کي حمایت اور مخالفت میں اپني اپني راے ظاهر کرے اس لیئے کہ جو بات بعد مباحثہ کے قایم هوتي هی وہ نہایت مضبوط هوتي هی *

حضرات صاحبان فضل و کمال میں مدرسۃ العلوم کو نہ صرف مسلمانوں کے حق میں مفید جانتا هوں بلکہ هر مسلمان پر اُس کي مدد کرنا فرض عین سمجھتا هوں اس لیئے کہ هر مسلمان پر علم کا حاصل کرنا فرض هی اور مدرسۃ العلوم اسي غرض سے قایم کیا جاتا هی *

میں نے ایک بڑے نامي عالم کي ایک کتاب دیکهي هی جو مخالفت میں مدرسۃ العلوم کے تالیف هوئي هی اور جسکے اخیر میں چند عالموں کے فتوے بهي نقل کیئے گئے هیں مجھے اُسکے دیکهنے سے نہایت افسوس هوا اس لیئے کہ میرے نزدیک ان صاحبوں نے اب تک مدرسۃ العلوم کے مقصود پر بهي غور نہیں کیا اور جن علوم کي تعلیم اُسمیں تجویز کي گئي هی اُس سے تو وہ محض بےخبر معلوم هوتے هیں *

مدرسۃ العلوم میں دو قسم کے علوم کي تعلیم تجویز هوئي هی ایک مذهبي علوم سے دوسرے عقلي علوم پہلي قسم میں وهي علوم داخل رکهے گئے هیں جنکي تعلیم اب هوتي هی اور دوسري قسم میں علوم جدیدہ جو یورپ کے اعلی درجہ کے مدرسوں میں پڑهائے جاتے هیں مگر اس مضمون کو میں کن لفظوں سے ادا کروں کہ هماري هي قوم کے بعض نامور لوگوں نے انصاف کي آنکهہ بند کرکے یہہ لکها هی کہ اُس میں الحاد اور لامذهبي کي تعلیم هوگي اگرفقط اصول حدیث تفسیر کي تعلیم کا نام اُنهوں نے الحاد اور لامذهبي کي تعلیم رکها هی تو خیر ورنہ عام مسلمانوں کو دهوکہ دینا اور غلط بات کو شہرت دیکر ایک ایسے کام میں جو مسلمانوں کي ترقي کا ذریعہ هو خلل انداز هونا ایک دیندار مسلمان کي شان سے بعید هی *

اِن بزرگواروں نے دوسري قسم کي تعلیم کي نسبت یہہ تحریر کیا هی کہ گورنمنٹ کے مدارس اُس کے لیئے کافي هیں اس لیئے کہ مقصود اُسکا صرف نوکري سرکاري کا حاصل هونا هی چنانچہ وہ لکهتے هیں کہ "یہہ سب علوم دنیا میں انسان کے پیٹ پالنے کے لیئے هیں دنیا میں انسان کے انسان بننے کے لیئے یہہ علوم کچهہ ضروري نہیں سمجهے

جاتے " میرے نزدیک ایسے لوگ جنکا خیال علوم جدیدہ کی طرف ایسا ہو درحقیقت لایق خطاب نہیں ہیں عرب کی یہہ مثل نہایت صحیح ہی کہ الناس اعداءلماجہلوا پھر اس سے بڑھکر یہہ تحریر اُن حضرات کی باعث حیرت ہی کہ وہ لکھتے ہیں کہ قومی بہبودی اور قومی تمول کسی علم اور فن کے جاننے پر منحصر نہیں جن لوگوں کے خیالات ایسے عالی ہوں اُن سے کسی امر کی شکایت کرنا بیر سوائے افسوس کے اور کچھہ کہنا فضول ہی *

میں ایک کہانی سنا کرتا تھا کہ شیطان نے ایک مرتبہ اپنے لشکر کو جمع کیا اور ہر ایک سے اُسکے کاموں کا مستفسر ہوا کسی نے کہا کہ میںنے بھکاکو ایک نیک بخت کو زانی بنادیا کسی نے کہا کہ میںنے دو دوستوں کو باہم لڑادیا کسی نے کہا کہ میںنے خون ریزی کرادی شیطان نے کسی طرف توجہہ نکی مگر ایک نے اُسکے لشکریوں میں سے یہہ کہا کہ ایک طالب علم ایک درخت کے نیچے کتاب دیکھہ رہا تھا میںنے کنکریاں پھینکہ کر اُسے کتاب دیکھنے سے باز رکھا شیطان نے اُسکا مونھہ چوما اور بہت پیار کیا کہ تونے تو یہہ کام ایسا کیا ہی کہ وہ بھلائی جو انسان کو قیامت تک حاصل ہوتی اُس سے روکا مگر اب آنکھوں سے میں دیکھتا ہوں کہ بعض حضرات شہر بشہر مدرسۃالعلوم میں خلل ڈالنے کے لیئے گشت کرتے پھرتے ہیں اور لوگوں کو بھکاتے ہیں اس حالت پر نظر کرکے میں نہایت افسوس سے کہتا ہوں کہ یہہ مسلمانوں کی بدنصیبی کی نشانی ہی کہ نہ صرف جاہل بلکہ بعض مدعیان علم و فضل بھی ایسی باتوں پر خوش ہوتے ہیں اور اپنے ہاتھہ سے اپنی عزت کی جڑ کھودتے ہیں لیکن درحقیقت یہہ کوئی نئی بات نہیں ہی ہر زمانہ میں اسکی نظیریں ہمکو ملی ہیں اور اور جس قوم کی بھلائی اور ترقی کے لیئے کسی زمانہ میں فکر کی گئی ہی خود اُسی قوم کے بعض آدمیوں سے مزاحمت ہوئی ہی لیکن آخرکار ایسے لوگ نادم ہوئے یا ذلیل اور کوششیں اُن بھلائی چاہنے والوں کی پوری ہوئیں چنانچہ وہی بات مدرسۃالعلوم کی نسبت بھی ہم اپنی آنکھہ سے دیکھتے ہیں کہ باوجود ایسی مخالفت کے سب کمیٹیاں مقرر ہوتی جاتی ہیں اور چندہ جاری ہی اور اُمید ہی کہ بہت جلد بنیادی پتھر مدرسۃالعلوم کا رکھا جاوے اور مسلمانوں کی تعلیم شروع ہوجاوے " *

بعد اس کے مولوی عبدالحکیم صاحب نے انجمن سے مخاطب ہوکر یہہ فرمایا کہ آپ صاحبوں کو نہایت خوشی اور مبارکی ہو کہ آج آپ لوگ ایک ایسے امر خیر میں سعی و کوشش کے ارادہ سے اس گورنمنٹی مدرسہ میں جمع ہوئے ہیں جو خدائے برحق کے نزدیک بڑے ثواب کا کام ہی فلہ عشر امثالہا خدا نے ٹھیک ایسے کاموں کی نسبت فرمایا ہی اور پیغمبر خدا نے ایسی باتوں میں کوشش کرنے والوں کو خیرالمسلم کا خطاب دیا ہی *

یہہ بات بدیہی اور ظاہر ہی کہ انسان کی بھلائی خصوصاً اپنی قوم کے ساتھہ ہمدردی کرنا انبیاء کرام علیہم السلام کا ورثہ لینا ہی حضرت نوح اپنی قوم کی بھلائی میں سارے نو سو برس تک بڑی محنت اور کوشش سے سرگرم رہے اور خدائے واحد ذوالجلال کی وحدانیت اور روحانی تہذیب کے سکھانے میں اپنی قوم کی زبان سے انو من لک واتبعک الارذلون نہایت بردباری اور ٹھنڈے دل سے سنتے رہے حضرت موسی نے فرعون کے ہاتھہ سے کیسی کیسی تکلیفیں اُٹھائیں اور ان رسولکم الذی ارسل الیکم لمجنون کا خطاب اُنکو نیک کام کے وعظ سے نہ روک سکا حضرت ابراہیم نے اپنے سچے خدا کی محبت میں آگ میں جلنا گوارا کیا اور لکڑیوں کے اُس انبار کو جو اُن کے جلانے کے لیئے جمع کیا گیا تھا گلزار ارم سے بھی بہتر جانا دیکھو خدا نے کیسا اُنکو بچایا اور کیسی اُنکی حمایت کی اُس سچی ہمدردی کرنے والے کا خود ہی ساتھہ دیا ہمارے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم عرب کے تحقیری اور ہجویہ الفاظ سے خدائے پاک کے سچے مذہب کی تعلیم سے باز نہ رہے اور تمام زندگی بھر ہمکو تہذیب و شایستگی کے طریقے بتلاتے رہے حقیقت میں اسلام نے کسی چیز کو بعد توحید کے انسان کی بھلائی پہونچانے سے زیادہ بہتر نہیں بتلایا اور انسان کی بھلائی کے لیئے علم کو ذریعہ ٹھہرایا ہی اسلیئے عالم کے سونے کو عابد کی عبادت سے بہتر کہا ہی چونکہ آج ہم سب لوگ علم کی ترقی میں کوشش کرنے کے لیئے جمع ہوئے ہیں اسلیئے ہم اس جلسہ کو دینے جلسہ اور علمی جلسہ کہہ سکتے ہیں *

اس وقت مقصود اس مجمع سے یہہ ہی کہ مدرسۃالعلوم مسلمانان کے لیئے چندہ فراہم کرنے کی کمیٹی مقرر ہووے اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ جو صاحب آپ لوگوں میں سے اس کمیٹی کی ممبری قبول فرمائینگے اور فراہمی چندہ میں کوشش کرینگے اور اپنی فیاضی کا نمونہ دیکھائینگے درحقیقت خدا کے نزدیک اُنکا نعل داخل عبادت ہوگا اور اُنکی سچی سخاوت کا مزہ جنات تجری من تحتہا الانہار ملیگا *

شاید بعض لوگ مدرسۃالعلوم میں چندہ دینے اور ایسی قومی بھلائی کو جو ٹھیک انبیاء کرام کی پیروی ہی گناہ سمجھتے ہوں اس وجہہ سے مجھے اس بات سے بحث کرنا لازم ہی کہ مدرسۃالعلوم میں چندہ دینا اور مدرسے کے اجرا میں کوشش کرنا شرعاً گناہ ہی یا ثواب *

چندمراریوں کے فقرے جنمیں سے بعضوں کی تحریر میں فسانہ عجائب کی تحریر کا لطف آتا ہی اخبار نورالانوار میں چھپی ہوئے میری نظر سے

کذرے جسمیں چندہ دینے کو گناہ بلکہ کفر ٹھہرایا ھی بظاہر چند سبب اُس گناہ یا کفر کے قرار دیئے گئے ھیں اول یہہ کہ اُس کا بانی ملحد ھی اس لیئے مدرسہ میں الحاد کی باتیں سکھائی جائینگی اور کلا گھونٹی مرغی کھلائی جائیگی دوسرے یہہ کہ انگریزی طریقے پر تعلیم ھوگی لڑکوں کو یہہ سکھایا جاویگا کہ زمین اپنے محور پر گردش کرتی ھی گائے کے سینگ پر نہیں رکھی ھی آسمان کوئی جسم کروی محیط الارض نہیں ھی نہ کوئی آسمان سونے کا ھی نہ زمرد کا نہ چاندی کا یہہ سب خیالی اور جھوٹے قصے ھیں تو پھر اسلام کاھیکو باقی رھیگا تمام مسلمانوں کے لڑکے عیسائی اور کرسٹان یا ملحد ھوجاوینگے مگر یہہ سب باتیں عامیوں کی سی ھیں — نیز انی مدرسہ کا ملحد و مرتد ھی نہ سوائے ترقی اسلام کے کوئی درسری غرض اُس کی ھی اور اگر بعض افعال اُس کے ھماری کسی رسم یا تقلیدی مذھب کے خلاف بھی ھوں تب بھی مدرسۃ العلوم سے اُسے کچھہ تعلق نہیں ھو عقلمند اور دانا پر یہہ بات روشن ھی کہ اگر کسی قومی کام کے بانی کے افعال اور حرکات پر خیال کیا جاوے اور یہہ لحاظ ھو کہ وہ کس طرح کھاتا ھی کیونکر بیٹھتا ھی کیا پہنتا ھی کیسی گفتگو کرتا ھی کس طریقے سے درستوں سے ملتا ھی تو یقین ھی کہ دنیا میں کبھی کوئی نیک کام جاری نہوسکے تمام لوگ اُس مصلح اور سچے خیرخواہ کی عیب چینیوں اور حرف گیریوں سے اس قدر فرصت اور وقت نہ پاویں کہ وہ اُس کام کے اجرا میں کوشش کریں جو وہ سچا خیرخواہ لوگوں کی بھلائی کے لیئے بتلاتا ھی *

سچے اور متدین آدمی کا یہہ معمول ھوتا ھی کہ وہ بلا لحاظ اس بات کے کہ قومی ترقی چاھنے والا اور سچی بات کا کہنے والا کیسی وضع رکھتا ھی ایک بڑی لنبی سی تسبیح لیکر ابیض نورانی کی تمنا میں صبح سے شام تک دانے ھلایا کرتا ھی یا تمام دن مصنت کرکے شام کو اپنے جھونپڑہ میں آکر پڑ رھتا ھی اور بغیر خیال اس امر کے کہ وہ بھلائی چاھنے والا مکر و ریا کے دام کو پھیلائے ھوئے رقیہ اور منتر بھی پڑھ رھا ھی یا صاف اور سچے دل سے جس بات کو وہ سچی سمجھتا ھی علی رؤس الاشہاد بیان کردیتا ھی اُس کی سچی بات کو پسند کرتے ھیں اور جو سیدھی راہ وہ بتاتا ھی اُس پر چلتے ھیں *

انگریزی طریقے پر تعلیم کا جاری کرنا یا انگریزوں سے علوم سیکھنا کچھہ اسلام کے خلاف نہیں ھمارے بزرگوں کا غیر قوموں سے علوم سیکھنا اور مسلمانوں میں پھیلانا تواریخ سے بخوبی ثابت ھی یونانی سریانی سنسکرت سے علوم کا اخذ کرنا مثل آفتاب کے روشن ھی پس میں نہیں خیال کرسکتا ھوں کہ اس زمانہ میں کرنی پڑھا لکھا مسلمان اھل یورپ سے علوم سیکھنے کو یا اُن کے طور پر تعلیم دینے کو گناہ یا کفر کہے *

بعض مشہور عالموں کے فتوے جو بہ نسبت نہ دینے چندہ اس مدرسہ کے ھیں در حقیقت اُن میں خود عالموں کو دھوکا دیا گیا ھی اور سیدھی بات کو ترو مروڑ کر غلط طور پر بیان کرکے غلط فتوی حاصل کیا گیا ھی عبارت استفتاء کی ایسی ھی کہ جس سے معلوم ھوتا ھی کہ اس مدرسہ میں الحادی باتیں سکھائی جائینگی ایسے سوال کے جواب میں کیا اُمید ھو سکتی تھی کہ سوائے اس کے کہ ایسے مدرسہ میں اعانت گناہ ھی اور کچھہ لکھا جاتا لیکن اگر استفتاء کرنے والے کو کچھہ بھی پاس سچائی اور دیانت کا ھوتا تو ضرور وہ اصلی باتوں کو لکھہ کر صحیح جواب حاصل کرتا اور وہ سوائے اس کے اور کچھہ نہ ھوتا کہ ایسے کار خیر کی شرکت ثواب عظیم ھی *

اب میں پوچھتا ھوں کہ مدرسۃ العلوم میں شرکت کے گناہ کی وجہہ کیا ھی اگر سید احمد خاں صاحب کے ذاتی افعال ھیں تو اُس کا جواب یہہ ھی کہ سید احمد خاں کی ذات خاص کو مدرسۃ العلوم سے صرف اسی قدر تعلق ھی کہ وہ مسلمانوں کے داوں کو برانگیختہ کرتے ھیں اور ایک عمدہ جامع مدرسہ کے قایم کرنے کی صلاح دیتے ھیں انتظامات مدرسہ کے خواہ متعلق تعلیم کے ھوں یا تربیت کے وہ اُن کی راے پر منحصر نہیں بلکہ مسلمانوں کی ایک کمیٹی خاص کی راے پر منحصر ھی پس کیسی حیرت اور افسوس کی بات ھی کہ ایک شخص کی عمدہ قابل تعریف سعی پر لحاظ نہ کرکے بعض افعال کے خیال سے مسلمانوں کی تعلیم کی راہ روکی جاوے اور ایسے نیک کام سے مسلمانوں کو بہکایا جاوے *

جہاں تک میں خیال کرتا ھوں علوم جو پڑھائے جاوینگے وہ یا تو وہ ھونگے جن کو اب بھی مسلمان پڑھتے ھیں اور جن کو مذھبی علوم سمجھتے ھیں یا وہ زبان اور وہ علوم ھونگے جو اب گورنمنٹ اسکولوں میں پڑھائے جاتے ھیں اور نہ پہلے علوم کو مسلمان گناہ جانتے ھیں نہ دوسری قسم کے علوم کو ناجایز بتاتے ھیں مگر مدرسۃ العلوم میں شرکت کو حرام کہتے ھیں پس سمجھہ میں نہیں آتا کہ ایسی بات کیونکر اُن لوگوں کی زبان سے نکلتی ھی جو اپنے آپ کو عالم اور دانشمند سمجھتے ھیں شاید مدرسۃ العلوم میں اُن علوم کی تعلیم اس وجہہ سے گناہ ھوگی کہ مدرسۃ العلوم کے لیئے ایک نہایت عمدہ شاھانہ مکان بنایا جاویگا اور صفائی اور ستھرائی سے مسلمان لڑکوں کو اُس میں رھنے کی پابندی کرنی پڑیگی

هر قسم کے علوم کي تعلیم کا سامان مہیا هوگا میرے نزدیک یہي سبب مدرسۃالعلوم میں شرکت کي حرمت کے هیں *

بعض مولویوں نے انگریزي زبان کے سیکھنے کو بھي حرام سمجھا هی میرے نزدیک ایسے لوگ خود اس وجہہ سے کہ سواے عرب کے هندي اور گیري زبانیں بولتے هیں روز و شب حرام کے مرتکب هوتے هیں ایسے سمجھنے والے عرب کے سوا دوسري زبان کے بولنے سے قیامت کے دن معلوم نہیں کہ کس پاے پرس میں گرفتار هونگے اور اُن کي زبان پر کیا کیا آگ کے انگارے رکھے جائینگے نعوذ باللہ من هذاالعقاید *

علوم جدیدہ یعني حکمت و فلسفہ اور هیئت و هندسہ اگر حرام سمجھا گیا هی تو بڑے آئمہ اور اکابر اسلام مثل شیرازي اور درّاني اور اور تفتازاني اور غزالي اور رازي سب سے بڑہ کر اس فعل حرام کے مرتکب هوچکے هیں اور اب بھي ایسے فعل حرام پر بڑے بڑے علما ناز و فخر فرماتے هیں افسوس هی کہ شرح سلم اور زواهد اور اُس کے حواشي پڑهنے سے تو مسلمان کا اسلام کامل هو اور علوم جدیدہ کے مسائل صحیحہ کے جاننے سے اسلام جاتا رهے *

بهرحال یہہ بات تو میري سمجھہ میں نہیں آتي کہ زبان یا علوم جدیدہ کي تحصیل گناہ سمجھي گئي هی شاید دینیات کي تعلیم گناہ سمجھي گئي هو مگر فتوی دینے والوں نے شاید یہہ خیال نہیں فرمایا کہ دینیات میں وهي علوم پڑهائے جائینگے کہ جو کانپور اور دیوبند میں پڑهائے جاتے هیں *

یہہ بھي بعض لوگ خیال کرتے هیں کہ اگر دینیات کي تعلیم ویسي هي هوگي جیسي کہ اب هوتي هی تو اُس کے لیئے موجودہ مدرسے کافي هیں اور اگر علوم و فنون جدیدہ کا پڑهایا جانا منظور هی تو سرکاري مدرسے کافي هیں مگر حقیقت میں یہہ خیال غلط هی جس شخص نے انصاف اور غور سے مدرسۃالعلوم کي روئدادوں کو دیکھا هوگا وہ تسلیم کریگا کہ بغیر کسي ایسے مدرسہ کے جیسا مجوزہ مدرسۃالعلوم هی مسلمانوں کي تعلیم هو نہیں سکتي اور قومي ذلت منہ نہیں سکتي حق تو یہہ هی کہ مدرسۃالعلوم کي اسوقت ایسي ضرورت هی کہ اگر خدانخواستہ وہ قایم نہوا تو مسلمانوں کے علم اور عزت کا خیال بھي کسي کے دل میں نہ گذریگا اور مثل اور ذلیل اور جاهل قوموں کے کوئي عزت کي آنکھہ سے اُن کو نہ دیکھیگا افسوس هی کہ ایسے وقت میں کہ روز بروز هماري قوم کي ذات بڑهتي جاتي هی اور علم اور دولت اور عزت کو تنزل هوتا جاتا هی اور جرایم اور گناہ بڑهتے جاتے هیں خود مسلمان اُن ذریعوں کے روکنے پر فخر کرتے هیں جو اس ذلت کے دور کرنے اور عزت کے حاصل کرنے کے لیئے پیدا کیئے جاتے هیں ایسے لوگوں کے حق میں سواے اسکے کہ خدا اُن کو سمجھہ دے اور کیا کہا جاے *

بعض لوگ یہہ بھي پوچھتے هیں کہ اس تعلیم کے ذریعہ سے مسلمانوں کي عزت اور دولت کو کیونکر ترقي هوگي سرکار میں اتني نوکریاں کہاں هیں جسپر مسلمان مقرر کیئے جائینگے اُن کا جواب یہہ هی کہ شایستہ ملکوں کے حالات دیکھو جہاں عام تعلیم جاري هی کیا وهاں تمام لوگ گورنمنٹ کي نوکري کرتے هیں در حقیقت تعلیم نے اُن لوگوں کو ایسا کردیا هی کہ گورنمنٹ کي نوکري کو رے مار سمجھتے هیں میں آپ لوگوں سے بطور نظیر کے ایک یورپ کے عالم کا حال بیان کرتا هوں کہ اُس نے ایک کتاب سفر نامہ گرد دنیا تالیف کي اُسکے ورثاء کو ایک چھاپے والا ترانوے هزار روپیہ اس اجازت کي عرض میں دیتا هی کہ چھہ مہینے تک سواے اُس کے اور کوئي چھاپنے کا مجاز نہو اب آپ لوگ انصاف فرماویں کہ یہہ نتیجہ تعلیم کا هی یا وہ نتیجہ جو هماري قوم کے تعلیم یافتہ حاصل کرتے هیں اگر مدرسۃالعلوم قایم هو گیا اور جیسي تعلیم تجویز کي گئي هی هوئي تو نتیجہ اُس کا وهي هوگا جو یورپ کے ملکوں میں هورها هی بے تعلیم کے قومي ترقي کا خیال کرنا یا موجودہ تعلیم سے اُس کي اُمید رکھنا محض ناداني هی *

میں کچھہ اپني تعریف نہیں کرتا مگر آپ لوگ جانتے هیں کہ میں بھي معقول و منقول کے معمولي درسي سلسلہ کو طی کرچکا هوں اور اپنے یہاں کے علوم میں فارغ هوچکا هوں اور چند اور صاحب بھي اس جلسہ میں ایسے هیں کہ جو سند فضیلت کي پا چکے هیں مگر عمدہ تعلیم نہونے کا یہہ نتیجہ هی کہ هم اپني قوم کي ترقي کي کل نہیں بن سکتے اور وہ علمي ترقیات جو اور قومیں کررهي هیں اُن تک رسائي کیسي اُس کے نام سے بھي واقفیت نہیں رکھتے مینے بعد فراغ درسي کتابوں کے انگریزي پڑهنا شروع کي اور استعداد مطالعہ کتب کي پیدا کرلي میں آپ لوگوں سے نہایت سچ کہتا هوں کہ اس زمانہ میں کوئي شخص ذي علم نہیں هوسکتا جب تک وہ علوم جدیدہ سے واقفیت حاصل نکرے اور اس لیئے میں مدرسۃالعلوم کا بڑا حامي هوں کہ اُس میں هماري قومي زبان میں بھي علوم اور فنون جدیدہ کي تعلیم هوگي اور مشکلات اور دقتیں غیر زبان کي تحصیل کي هر شخص کو اُٹھاني نہ پڑینگي میں نہیں سمجھتا هوں کہ ایسے مفید کام میں جیسا کہ مدرسۃ العلوم هی کیونکر خود مسلمان هارج هوتے هیں اور چند حامي آدمیوں کے سامنے عزت حاصل کرنے کے لیئے تمام مسلمانوں کا بلکہ مسلمانوں کي نسل کا خون اپني گردن پر لیتے هیں *

مینے آپ لوگوں کي بڑي سامعہ خراشي کي اُمید هی کہ آپ معاف فرماوینگے اور مدرسۃالعلوم کي اعانت میں دل سے شریک هونگے *

بعد اُسکے میر نجف علي صاحب نے یہہ تقریر کي کہ جو فائدے مدرسۃالعلوم کے اسوقت مولوي عبدالحکیم صاحب نے بیان فرمائے یقین هی کہ آپ سب صاحبوں کے دلپر اُسکا اثر هوا هوگا ضرور نہیں کہ میں دوبارہ اُسکو بیان کروں یہہ بات آپ لوگ جانتے هیں کہ دنیا میں بعض قوموں نے ترقي پائي اور بعض قومیں اپني وحشیانہ حالت پر هیں تجربہ سے اور تاریخ پر نظر کرنے سے همکو یہہ بات معلوم هوتي هی کہ کسي قوم نے بدون علم کے ترقي نہیں پائي کبھي نہ سنا هوگا کہ جاهل قوم نے بھي ترقي کي هو یا سواے نقصان پہونچانے کے کسي وحشي قوم نے انسان کي بھلائي کا کام کیا هو اور علم کا حاصل هونا اُس کے ذریعوں کے مہیا کرنے پر موقوف هی جس طرح کہ کوئي کسان بے کھیت کے درست کرنے اور بیج ڈالنے کے کچھہ غلہ نہیں حاصل کرسکتا اسي طرح سے کوئي قوم بے اس کے کہ مدرسہ موافق حال زمانہ کے قایم کرے تعلیم نہیں پاسکتي اسوقت دنیا کے مختلف حصوں پر نظر کرنے سے میرے اس قول کي تصدیق هوسکتي هی جہاں مدرسے علوم و فنون کے جاري هیں اور موافق ترقي زمانہ کے اُن میں ترقي هوتي جاتي هی اُس قوم کي دولت عزت حکومت سب کو ترقي هو رهي هی جہاں علم کے ذریعے نہیں هیں وہ قومیں روز بروز ذلیل هوتي جاتي هیں عزت میں بھي اُنکي زوال آتا جاتا هی دولت بھي گھٹتي جاتي هی حکومت جو خلافت فی الارض هی هاتھہ سے نکلتي جاتي هی هندوستان کے مسلمان بھي اب اُسي ذلت کي حالت پر پہونچ گئے هیں اور اسي سبب سے اُنکي هر چیز میں زوال آگیا هی بعض خیرخواهان اسلام نے ایسي ذلت پر نظر کرکے مدرسۃالعلوم کي بنیاد ڈالنے کا ارادہ کیا مگر خود مسلمانوں میں سے بعضوں نے بہ سبب جہالت کے بعضوں نے بوجہ تعصب کے مزاحمت کرني شروع کي جو لوگ بوجہ جہالت کے هارج هوئے اور هوتے هیں اُنکو میں بےقصور جانتا هوں مگر جو لوگ تعصب کے سبب سے مزاحم هوئے اُنپر افسوس هی اسلیئے کہ وہ اپنے ذاتي تعصب سے کل قوم کي ذلت کے باعث هوئے *

مسلمانوں کا حال یہہ هی کہ وہ ایسي خرابي کے درجہ پر پہونچ گئے هیں کہ جب تک کامل کوشش نہوگي اُنکو کسي قسم کي ترقي حاصل نہیں هوسکتي اور جو کچھہ اُنکو پہلے آتا تھا یا اب آتا هی وهي اُن کے لیئے کافي نہیں هی اسلیئے کہ اس زمانہ میں انگریزوں نے علم میں اسقدر ترقي کي هی کہ جن علموں کو اگلے زمانہ میں بڑے بڑے محقق جانتے تھے اُنکو اب بازاري لوگ جانتے هیں اور اسلیئے اب ممکن نہیں هی کہ هم اپنے پرانے علموں کے جاننے سے عالم هوسکیں یا همارا عام هماري قوم کو ترقي پر پہونچا سکے *

میںنے اس معاملہ میں بہت کچھہ غور کیا هی اور اُس زمانہ کے تاریخي حالات کو خوب غور سے پڑها هی جبکہ انگریزوں میں علوم کي ترقي کا خیال پیدا هوا تھا جو حال اس وقت کے مسلمانوں کا هی وهي اُسوقت کے انگریزوں کا تھا مگر چونکہ خدا کو اُس قوم کي ترقي منظور تھي کوشش کرنے والے اپني کوششوں میں کامیاب هوئے اور عمدہ عمدہ مدرسوں کے ذریعہ سے علوم و فنون تمام انگلستان میں پھیل گئے هم مسلمانوں کو بھي اس زمانہ میں ایک ایسے مدرسے کي ضرورت هی کہ جو نہ صرف هماري معمولي حاجتوں کے لیئے کافي هو بلکہ موافق اس زمانہ کي ترقي کے همکو اعلی درجہ کے علوم و فنون سے واقف کرے اور مجوزہ مدرسۃالعلوم اس غرض کے لیئے نہایت عمدہ ذریعہ هی مسلمانوں کو لازم هی کہ اس مدرسے کو اپنے ذاتي کاموں سے بڑهکر ضروري سمجھیں اور دل و جان سے اُس کي مدد کریں گو بلحاظ علم کے مسلمانوں کا حال ایسا هی کہ وہ عمدہ مدد نہیں دیسکتے مگر بلحاظ معاش کے ابھي وہ اس لایق هیں کہ ایک مدرسۃالعلوم کیا دس پانچ ایسے مدرسے قایم کرسکتے هیں مگر افسوس کہ اب تک هم نے کسي مسلمان کي فیاضي کا ایسا نمونہ نہ دیکھا کہ هم کو اُسپر نازو فخر کرنے کا موقع ملتا جب کہ هم مسلمانوں کا حال کلکتہ و بمبئي کے هندوؤں سے ملاتے هیں تو همکو بڑي شرم آتي هی اُن لوگوں نے صرف اپني کوششوں سے مدرسے مقرر کیئے شفاخانہ جاري کیئے علوم و فنون میں ترقي کي ایک ایک شخص نے اپني قومي ترقي کے کاموں میں لاکھوں روپیہ چندہ دیئے چنانچہ ایک پرشنو کمار ٹھاکر نے ایک جائداد کئي لاکھہ روپیہ کي ایک سنسکرت کے مدرسے کے لیئے وقف کردي میںنے مسلمانوں میں کسي فیاض نواب کو بھي نہیں سنا کہ دس هزار روپیہ مدرسۃالعلوم کے چندہ کے لیئے دیئے هوں ایسي حالت میں کس بات پر هم فخر کریں اور غیر قوموں کو مونھہ دیکھاویں *

علوم کي ترقي جیسي کہ اس زمانہ میں هوني چاهیئے وہ جمهور اور عام لوگوں کي مدد پر موقوف هی مدرسۃالعلوم کے لیئے خاص مالدار لوگوں سے مدد ملنے پر همکو خوشي نہیں هوسکتي جب تک کہ هم یہہ نہ دیکھیں کہ هر عامي اور هر ادنی پیشہ والا کچھہ اپني معاش کا گو وہ آنوں سے نہ بڑهے اس کام میں دیتا هو حقیقت میں هم لوگوں پر فرض هی کہ اپنے هاتھہ میں جھولي لیکر ایک ایک دوکان پر مدرسۃالعلوم کے لیئے در در پیسے مانگتے پھریں اور اس مانگنے کو هزار عزت سے بڑهکر اپني عزت سمجھیں *

بعد اس کے سید مولوي مهدي علي صاحب نے یہہ تحریک کي کہ اب صاحبان مفصلہ ذیل سب کمیٹي کے ممبر مقرر کیئے جائیں *

مولوي عبدالقادر صاحب مدرس دوم عربي *

میر نجف علي صاحب مترجم کورٹ آف وارڈس *

مولوي عبدالحکیم صاحب *

میر ارشاد حسین صاحب انسپیکٹر *

مولوي فضل عظیم صاحب ڈپٹي کلکٹر *

چنانچہ ان حضرات کي معرفي انجمن نے پسند کي اور یہ تجویز ممپران عنایت خاں صاحب پریسیڈنٹ مقرر ہوئے اور منشي اکرام حسین صاحب سکرٹري و منشي نصیرالدین صاحب سکرٹري انجمن مناظرۃ الحکمہ اسسٹنٹ سکرٹري مقرر ہوئے بعد اس کے شکریہ پریسیڈنٹ کا ادا کیا اور جن حضرات نے چندہ کي فہرست پر دستخط کیئے اُنکا بھي شکر ادا کیا گیا *

راقم
محمد اکرام حسین

فہرست چندہ دھندگان

نام چندہ دھندہ		تعداد چندہ روپیہ
عنایت خانصاحب رئیس مرزا پور	...	۵۰۰
مرزا غلام حسین خانصاحب	...	۳۷۵
پاٹر خانصاحب رئیس مویا ضلع مرزا پور	...	۲۵۰
مولوي فضل عظیم صاحب ڈپٹي کلکٹر علاقہ مہاراجہ بنارس	...	۲۵۰
منشي علي حسین صاحب رئیس جونپور سپرنٹنڈنٹ بندوبست	...	۱۳۰
سید ارشاد حسین صاحب انسپیکٹر	...	۱۰۰
فقیر حسین خانصاحب مختار	...	۱۰۰
مولوي تفضل حسین صاحب	...	۸۰
میر نجف علي صاحب رئیس سہسرام مترجم کلکٹري مرزاپور	...	۷۵
شیخ کاظم حسین صاحب سب انسپیکٹر کوتوالي	...	۵۰
سید احمد حسین خانصاحب رئیس دھلي سر براہ کار راج بدھر	...	۵۰
میر تصدق حسین صاحب وکیل	...	۵۰
میر نادر علي صاحب	...	۴۰
شیخ مظفر حسین صاحب	...	۴۰
لالہ منوھر لال صاحب سب اورسیر	...	۴۰
شیخ مظفر حسین صاحب منصرم	...	۳۰
شیخ عبدالحق صاحب منصرم بندوبست	...	۳۰
مولوي واحد علي صاحب	...	۳۰
سید دلاور حسین صاحب سب انسپیکٹر	...	۳۰
سید امیر علي صاحب	...	۲۵
شیخ مرادعلي صاحب سب انسپیکٹر	...	۲۰
سید عابد حسین صاحب	...	۲۰
قاضي اصغر علي صاحب	...	۲۰
شیخ محمد سعید صاحب محرر عدالت	...	۱۵
منشي محمد ابرار صاحب	...	۱۵
شیخ ماجد علي صاحب محرر ڈپٹي مجسٹریٹي مرزاپور	...	۱۵
شیخ وحید الرحمان صاحب	...	۱۵
محمد فروق صاحب	...	۱۵
غلام رسول صاحب	...	۱۵
شیخ صادق حسین صاحب	...	۱۵
شیخ صادق علي صاحب	...	۱۵
قربان علي صاحب	...	۱۵
علي احمد خانصاحب	...	۱۵
امیر علي خانصاحب	...	۱۵
فضل حسین صاحب مختار	...	۱۵
شیخ فرید الدین صاحب	...	۱۵
سید عبدالعلي صاحب	...	۱۵
محمد یعقوب صاحب	...	۱۵
سلارر جمعدار سڑک	...	۱۲
اعظم علي خانصاحب	...	۱۰
شیخ رجب علي صاحب	...	۱۰
شیخ بخش الہي صاحب	...	۱۰
مولوي عبدالقادر صاحب مدرس درم عربي	...	۱۰
امداد حسین صاحب	...	۸
تفضل حسین صاحب	...	۷
حاجي چوبدے صاحب	...	۵
سید راحت علي صاحب	...	۵
سید اصغر علي صاحب	...	۵
چندہ دھندگان کم از پانچروپیہ	...	۲۸
میزانکل	...	۲۶۷۰

محمد اکرام حسین
عفي عنہ

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم ذیقعدہ سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

مقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساٹھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دینی ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اور ہر مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۶۸

روئداد

نمبر ۲

واقع ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۷۳ ع — مقام علیگڈھ

صدر انجمن

کنور محمد لطف علی خاں صاحب خلف اکبر نواب محمد محمود علیخاں صاحب بہادر رئیس چھتاری *

شرکاء انجمن

راجہ سید باقر علی خاں صاحب بہادر رئیس پنڈراول *
کنور محمد معشوق علی خاں صاحب رئیس چکاتھل *
کنور محمد امراو خاں صاحب رئیس چکاتھل *
مولوی محمد لطف اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ عربی علیگڈھ *
مولوی حافظ محمد اسمعیل صاحب ایڈیٹر اخبار سین ٹیفک سوسئیٹی علیگڈھ
میرزا عابد علی بیگ صاحب منصف درجہ اول ھاتھرس *
سید سید محمد صاحب تحصیلدار کول *
منشی مشتاق حسین صاحب نائب تحصیلدار کول *
قاضی محمد لطافت حسین صاحب وکیل عدالت دیوانی علیگڈھ *
سید عاشق علی صاحب و سید باسط علی صاحب رئیس جلالی ضلع علیگڈھ *
مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب وکیل و رئیس ضلع علیگڈھ *
حکیم مولوی محمد علاءالحق صاحب منصرم بندوبست ضلع علیگڈھ *
ناظر محمد احسن اللہ صاحب محکمہ جج ماتحت علیگڈھ *
میر سید حسن صاحب محرر مثل محکمہ ججی علیگڈھ *
قاضی مدد حسین صاحب وکیل عدالت دیوانی علیگڈھ *
سید عباس علی صاحب پیشکار محکمہ ججی علیگڈھ *
محمد مسعود شاہ خاں صاحب منصرم منصفی ھاتھرس *
حاجی محمد منصور خاں صاحب رئیس پلرام *
محمد مغفوراللہ خاں صاحب رئیس *
محمد ظفریاب خاں صاحب وکیل و مختار ضلع علیگڈھ *
محمد سعید خاں صاحب *
سید عزت علی خاں صاحب رئیس علیگڈھ *
سید فرزند حسن صاحب *
شاہ محمد فضل حق صاحب رئیس اترولی *
میر ضیاء حسنین صاحب *
شیخ محمد غازالدین صاحب رئیس اترولی *
محمد معصوم علی خاں صاحب *
میر صاحب ھمراھی منصف صاحب *
محمد نور خاں صاحب وکیل عدالت ضلع علیگڈھ *
سید سرفراز علی صاحب رئیس و مختار ضلع علیگڈھ *
شیخ سعیدالدین صاحب *
حافظ نظام الدین صاحب تاجر علیگڈھ *
شیخ حیدربخش صاحب ماسٹر *
شیخ محمد فدائے حسین صاحب وکیل عدالت دیوانی علیگڈھ *
محمد نبی داد خاں صاحب وکیل عدالت دیوانی علیگڈھ *
مولوی محمد کفیل صاحب وکیل عدالت ضلع علیگڈھ *
سید احمد حسین محرر اول رجسٹری محکمہ ججی *
مولوی محمد قطب الدین صاحب محرر محکمہ ججی ضلع علیگڈھ *
سید رضاعلی صاحب محافظ دفتر محکمہ ججی ضلع علیگڈھ *

سکرٹری

مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب جج ماتحت علیگڈھ *

جب یہہ سب صاحب روئق افروز جلسہ ھوچکے تو مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب کرسی سکرٹری سے کھڑے ھوئے اور شرکاء جلسہ سے درخواست کی کہ اس جلسہ میں جناب کنور محمد لطف علی خاں صاحب صدر انجمن ھوں *

مولوی محمد اسمعیل صاحب نے اس تحریک کی تائید کی اور سب نے بخوشی منظور فرمایا اور کنور صاحب ممدوح نے صدر انجمن کی کرسی پر اجلاس کیا *

بعد اس کے مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب نے کھڑے ھوکر مفصلہ ذیل گفتگو کی *

اے صاحبوں

میں آپکو سب سے پہلے اس بات کی مبارکباد دیتا ھوں کہ آپ سب صاحب آج ایسے مبارک اور نیک کام کے واسطے جمع ھوئے ھیں جسپر تمام بھلائیاں دین و دنیا کی منحصر ھیں یہہ نہ صرف میری ایکرائے عقلی ھی بلکہ حدیث سے ثابت ھی کہ ھمارے رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی امت پر اس کو فرض کیا ھی آجکا دن اور جو کام کہ آج کے دن تعلیم علم کی نسبت ھونگے وہ مسلمانوں کی نسلوں میں قابل یادگار اور آجکی تاریخ کا ایک عمدہ واقعہ شمار کیئے جاوینگے تیرھویں صدی میں آجکا دن ایک مبارک دن ھمیشہ مانا جاویگا *

اجلاس گذشتہ میں یہہ بات طی ھوگئی ھی کہ مسلمانوں کو اپنے سررشتہ تعلیم کا درست کرنا ضرور ھی اور اس ضلع علیگڈھ میں

ایک مدرسہ روسا اور شرفاء کے لڑکوں کی تعلیم کا قایم ہونا لازم ہی لیکن دیگر مراتب کا تکملہ جنپر اجرا اُس کا موقوف ہی اجلاس آیندہ پر ملتوی ہوا تھا اُن میں سے سب سے زیادہ اہم امر جمع کرنا زر چندہ کا ہی یہہ بھی مجھسے بعض ممبران کمیٹی نے درخواست کی تھی کہ یہہ بھی امر کمیٹی میں ظاہر ہونا چاہیئے کہ کیا طریقہ تعلیم کا اس مدرسہ میں ابتدا سے انتہا تک ہوگا اور اس سے غالباً اُنکا مقصود یہہ تھا کہ جو شبہات بے اصل عوام کو تعلیم کی نسبت ہیں وہ رفع ہوجائیں چنانچہ مختصر طور سے اُسکو بھی میں مرتب کیا ہی جس کو میں اپنی پیش کرونگا لیکن اس سے پہلے میں چند امور گذارش کرنے چاہتا ہوں *

دو سال نہیں گذرے کہ مسلمانوں نے اپنی اصلاح اور بہتری کی طرف توجہہ کی ہی اور اُن کا دل اپنی تباہ حالت پر غیر قوموں کے طعنہ سنتے سنتے اور اپنی ہمسر قوم کو جو اُن سے بہت پیچھے تھی اپنے سے آگے بڑھا ہوا دیکھہ کر جوش میں بھر آیا ہی اُنھوں نے اپنے سررشتہ تعلیم کو جو شایستگی اور ترقی قومی کا اصول اور دین کے استحکام کا مدار ہی قایم کرنے کا عزم کیا اور اس اپنے ارادہ کا عام اشتہار دیا تھوڑے ہی عرصہ میں جیسا ہرکام کے نیک نیتی سے کرنیکا اثر ہوتا ہی اسکا بھی یہہ اثر ہوا کہ ہر اطراف ملک میں چرچہ پھیلا مسلمانوں کے دلوں میں ایک ولولہ اور جوش قومی ہمدردی کا پیدا ہوگیا کسی جگہہ مدرسہ کی بنیاد قایم ہونے کی تدبیریں ہونے لگیں کسی جگہہ چندہ کی کمیٹی چندہ فراہم کرنے لگی مدرسۃالعلوم جو اعلی مدرسہ مسلمانوں کی تعلیم کا قرار پایا ہی اُس کے واسطے ہر طرف سے چندہ آنے لگا ترقی علم اور بہبودی قوم کے آثار نمایاں ہونے لگے *

یہہ عام اصول ہی کہ جب کوئی قوم کسی بدتر حالت میں مبتلا ہوتی ہی اور کوئی شخص یا کوئی گروہ اُس کی اصلاح اور تربیت پر متوجہ ہوتا ہی تو اُس ہی قوم کا دوسرا گروہ جو اپنی تیرہ حالت کے خیالات کا عادی ہوتا ہی وہ اُسپر طرح طرح کی مزاحمت کرتا ہی اور یہہ بات کچھہ نئی نہیں ہی بہت پرانے زمانوں میں بھی اس کی مثالیں پائی جاتی ہیں وہ حکیم جو آئیسنس میں پیدا ہوا تھا اور جو آج مثل ایک دیوتا کے مانا جاتا ہی جب وہ اپنی قوم کی تربیت پر متوجہ ہوا تو اُسی قوم نے اُسپر موت کا فتوی دیکر زہر کے پیالہ سے اُس کی دعوت کی اور پانسو جج بالاتفاق اُس کی سزا کے تجویز کرنے والے تھے *

اسیطرح بہت سے حکیموں کا حال جنہوں نے اپنی قوم کی بھلائی کی تاریخ سے ثابت ہی *

دین کے پیشواؤں سے بھی اُنکی قوموں نے جنکی ہدایت پر وہ بالکل متوجہ تھے کیسے کیسے سلوک کیئے حضرت ابراہیم کے ساتھہ کیا کیا حضرت ذکریا کے ساتھہ کیا کیا حضرت عیسی کے ساتھہ کس طرح پیش آئے اُسی اُصول کے موافق ایک گروہ نے مسلمانوں کے سررشتہ تعلیم کی بھی مزاحمت کا قصد کیا یہہ میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ مزاحمت اُنکی کس طرح سے تھی لمسیات کا یقین کرنا بہت مشکل ہی کہ وہ مزاحمت جوش مذہبی سے ہوئی یا محض نفسانیت یا اصل امر کی جہالت سے مگر میں جہانتک خیال کرسکتا ہوں میری یہہ راے ہی کہ چونکہ علم کی تعلیم سے عمدہ کوئی امر دنیا اور دین کی بھلائی کا نہیں ہی اور کوئی نیکی اُس کی حمایت کرنے سے زیادہ نہیں ہوسکتی اور ہمیشہ شیطان جو انسان کا قدیم دشمن ہی (جسکے اصلی وجود کا میں مقر ہوں گو میرے بعض دوست اُسکے تاریلی منکر ہوں) وہ انسان کا ہر ایک نیک کام سے باز رکھنے والا ہی لہذا اُسنے اُس گروہ کے قلوب میں شاید کسی نیک پیرایہ سے ایسے وسوسے ڈالے کہ جس سے اُس نیک کام کی مزاحمت پر بلا تامل آمادگی ہوگئی یہہ نزاع باہمی بہت بڑھگئی جسکو آپ صاحبوں نے اخبارات میں پڑھا ہوگا مباحثہ کی اُفتاد ایسی پڑی جسکا تحریر کے ذریعہ سے طے ہونا ویسا ہی مشکل ہی جیسے عام دو فرقہ مخالف کے تنازعات کے مباحث کا *

ہماری کمیٹی کے ممبروں نے اس مباحثہ کے طے کرنے کا عمدہ طریقہ یہہ نکالا کہ ضلع علیگڈہ میں جلد ایک مدرسہ قایم کریں اور گروہ مخالف کو بطور نمونہ کے دیکھا دیں تاکہ وہ مضامین اختراعی پر مباحثہ کو چھوڑکر واقعات موجودہ پر توجہہ کریں اور دیکھہ لیں کہ اس قسم کے مدرسہ اور ایسی تعلیم سے مسلمانوں کی نسلیں با علم اور با لیاقت و مہذب ہوتی ہیں یا ملحد اور زندیق اور ناشایستہ — مجھے افسوس ہی کہ اس فرقہ مخالف نے ان مدارس کے انسداد میں بہت ہی کوشش اور غل مچایا لیکن کوئی تدبیر نہ خود کی نہ ہمکو بتائی جس سے ہماری قوم ایسی ذلیل حالت سے نکلے جس میں وہ پڑی ہوئی ہی میری بالکل یہہ راے ہی کہ جس وقت یہہ مدرسہ جاری ہوجاویگا تو جو بے اصل مباحث عوام کو متردد کر رہے ہیں اور جو مہیب آوازیں دماغوں کو پریشان کر رہی ہیں وہ سب بےاثر ہوجاوینگی یہہ ایک بڑا احسان ہماری کمیٹی کا مدرسۃالعلوم بلکہ تمام سررشتہ تعلیم پر اہل اسلام کے ہمیشہ قایم رہیگا *

اے صاحبوں — اس مدرسہ کے مستقل قایم ہونے کے واسطے سردست پچاس ہزار روپیہ کی ضرورت ہی اور اس مقدار کو میں بمقابلہ مالی ہمتی رؤساء علیگڈہ و ضلع بلند شہر کے کچھہ بھی زیادہ

نہیں سمجھتا ہوں اب تک جو بڑے بڑے مصارف اُنہوں نے کیئے یا اُنکے ذاتی نفع آخرت کے متعلق تھے یا اُنکے ذاتی قلب کی مسرت سے یہہ مصرف جسمیں میں اُنسے چندہ کا خواستگار ہوتا ہوں ایک خیر جاری ہی جو انشاءاللہ تعالی اُس وقت تک باقی رہیگی جبتک مسلمانوں کی نسل اس ملک میں باقی ہی اور جوثواب کہ اُنکو اس احسان قومی سے متصور ہی اُسکا مقابلہ تو کسی چیز سے متصور ہی نہیں ہی *

یہہ مدرسہ جسکے قایم کرنے کو آپ اور ہم جمع ہوئے ہیں صرف مسلمانوں کی نسلوں کی بہتری اور برادرانہ جوش محبت اور اُنکی دین اور دنیا کی بھلائی کی بنا پر قایم ہوتا ہی لہذا جو چندہ اس میں مانگا جاتا ہی وہ نہ کسی دباؤ سے مانگا جاتا ہی نہ اس میں کسی حاکم کی رضامندی کا لحاظ ہی نہ اس میں کچھہ زور حکومت کو دخل ہی یہہ چندہ صرف اپنے اُن قریبی بھائیوں کے نکالنے کے واسطے جنکے گلے تک پانی پہونچ گیا ہی اور صرف سر کھلا ہوا ہی مانگا جاتا ہی یہہ چندہ ہم اپنے قومی بھائیوں سے برادرانہ دعوی سے لیتے ہیں منت کرکے خوشامد کرکے لڑ لڑ کر جھگڑ جھگڑ کر اور یوں بھی ندیں تو گردن پکڑ کے مگر جس طرح دینگے اُسیطرح لینگے *

وہ طریقہ تعلیم جس کا ذکر اوپر میںنے کیا

یہہ ہی

نمبر ۱ ابتداء طالب علم کو اُردو پڑھائی جاویگی اور جب وہ اُردو کی عبارت پڑھنے پر قادر ہوجاوے تو اُسی زبان میں اُسکو مسائل و عقاید ضروریہ اسلامیہ اور مسائل طہارت غسل اور وضو اور نماز اور روزہ اور نیز کسی قدر تاریخ کی تعلیم کی جاویگی اُردو کا لکھنا بھی سکھایا جاویگا یہاں تک کہ طالب علم اُردو زبان کو صاف طور سے پڑھ لے اور کچھہ لکھہ سکے *

نمبر ۲ جب پہلی مرتبہ کی تکمیل ہوجاویگی تو طالب علم کو فارسی شروع کرائی جاویگی فارسی میں اُسکو علم اخلاق اور علم انشا پڑھایا جاویگا نثر کی تعلیم نسبت نظم کے زیادہ ہوگی اور فارسی میں خط کا لکھنا اور اپنے ہر مطلب کو بعبارت سلیس تحریر کرنیکی تعلیم ہوگی — اور اُسی کے ہمراہ طالب علم کو حساب سیکھنا ہوگا *

نمبر ۳ جب دوسرے درجہ کی تحصیل سے فراغت ہوگی تو طالب علم کو عربی شروع کرائی جاویگی اول صرف و نحو کی پوری تکمیل کرائی جاویگی اور جب اِن دونوں کا بخوبی تکملہ ہوجاویگا تو اُسکو علم اُصول فقہ اور فقہ کی کتابیں اُصول میں نورالانوار تک اور فقہ میں شرح وقایہ تک حدیث میں مشکوٰۃ شریف اور تفسیر میں جلالین اور ضروری رسائل منطق پڑھائے جاوینگے اور اُسکے ہمراہ علم ادب کی تعلیم یعنی نفحۃالیمن تک ہوگی اور طالب علم کو انشا عربی کی مشق بھی کرائی جاویگی اسقدر کہ وہ عربی زبان میں سلیس گفتگو کرسکے اور ترجمہ ایک زبان سے دوسری زبان میں سیدھا سادہ صحیح کرے *

نمبر ۴ جب سے عربی شروع ہوگی اُسیوقت سے طالب علم کو انگریزی بھی شروع کرائی جاویگی اور اُسکو اس مدرسہ میں اُس مرتبہ تک تعلیم کی جاویگی جو امتحان انٹرنس کلاس کے واسطے کافی ہو اور انگریزی کی تعلیم میں زیادہ تر ترجمہ لٹریچر پر کی جاویگی اگرچہ تعلیم سب فنون کی ہوگی *

۵ عربی و انگریزی کے ہمراہ تحریر اُقلیدس و جبرمقابلہ جہانتک تجویز ہوگا سیکھنا ہوگا *

نمبر ۶ جب طالب علم دفعہ ۳ و ۴ تک تکمیل علم کی کرچکیگا اور امتحان دیکر سند حاصل کرلیگا تو تکملہ علوم کے واسطے مدرسۃالعلوم میں داخل ہونے کا اُسکو اختیار ہوگا *

نمبر ۷ شیعہ مذہب کی کتابوں کا سلسلہ معتبر عالم شیعہ مذہب سے بتوسط ایک ممبر شیعہ اس کمیٹی کے تجویز کرایا جاویگا *

نمبر ۸ کمیٹی کو ہر وقت بہ اتفاق رائے خواہ بغلبہ آرا اختیار ہوگا کہ اُمور مفصلہ بالا میں وقتاً فوقتاً ترمیم و اصلاح کرے *

اس کے بعد مرزا ماجد علی بیگ صاحب منصف ہاتھرس کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ —

خلاق عالم نے انسان میں ایک بڑی عمدہ چیز عقل پیدا کی ہی لغوی معنی اُس کے دانش اور اصطلاح کی رو سے وہ ایک قوت ہی ادراک کرنے والی خیر و شر کی اور اُن دونوں کے درمیان تمیز کرنے والی اور اسباب اُمور کی جاننے والی یا وہ ایک ملکہ ہی اور حالت ہی نفس میں جو خواہش دلاتی ہی بھلائی اور نفع مند چیز کی اور بچاتی ہی ضرر اور مضرت کی چیزوں سے اور اُس کے سبب سے نفس قوت پاتا ہی یا وہ ایک قوت ہی جس کو لوگ استعمال کرتے ہیں نظام اُمور معاش میں اگر استعمال اُس کا مستحسن طور پر کیا جاوے تو اُس کو عقل معاش کہتے ہیں اور وہ ممدوح ہی اور اگر اُس کا استعمال اُمور باطلہ میں کیا جاوے تو مذموم ہوگیا وہ نفس ناطقہ انسانیہ ہی کہ جس کے سبب سایر بہایم سے تمیز ہوتی ہی فلاسفہ اس طرف گئے ہیں کہ وہ ایک جوہر مجرد قدیم ہی اُسکو ذاتاً اور فعلاً مادہ سے کچھہ تعلق نہیں ہی بعض اُن کے محققوں نے یہہ بھی کہا ہی کہ نسبت عقل عاشر کی نفس کی طرف ایسی

ھی جیسی کہ نفس کی نسبت طرف بدن کے یعنی جیسے نفس صورت ھی باسطے بدن کے اور بدن مادہ ھی اُس کا ایسے ھی عقل صورت ھی نفس کے لیئے اور نفس مادہ ھی اُس کا اپنے خیالات کو فلسفہ نے بڑے بڑے لطف کی عبارتوں سے رنگا ھی میں اس جگہہ بحث فلسفہ اور متکلمین میں پڑنا نہیں چاھتا ھوں میرا مقصد اور ھی دیکھو قران شریف میں عقل والوں اور بیوقلوں کا ذکر متعدد جگہہ آیا ھی اور اُس سے فضیلت عقل کی اور مذمت جہل کی کیسی صاف ظاھر ھی اور کیسا اشارہ اور ھدایت ھی کہ عقل کو کام میں لانا چاھیئے ھمارے خالق نے جو قوتیں ھمکو عطا فرمائی ھیں ھمکو لازم ھی کہ اُن قوتوں کو صرف کریں اور اُن کو کام میں نہ لانا حقیقت میں قانون قدرت کے خلاف کرنا ھی *

اب میں آپ صاحبوں سے التماس کرتا ھوں کہ آپ سب صاحب ذرا عقل کو کام میں لاویں اور غورفرماویں کہ جو حضرات ھمارے اس مدرسۃالعلوم کے جس کی ایک شاخ قایم کرنے کے واسطے یہہ کمیٹی منعقد ھوئی ھی ناجوازی کا خیال کرتے ھیں اور اُس کے بانیوں کے لیئے کفر اور الحاد کے فتوے چھپواکر غل مچاتے ھیں سو میں پوچھتا ھوں کہ اس مدرسۃالعلوم میں کون سی بات نا جایز اور کفر و الحاد کی ھی آپ سب صاحبوں پر ظاھر ھی کہ اس مدرسہ میں دو ھی چیزیں سکھائی جاوینگی ایک انگریزی زبان اور اُس کے علوم جو ھماری معاشرت اور معیشت کے متعلق ھیں بلکہ حقیقت میں وہ ھماری ترقی معاشرت اور معیشت کے آلہ ھیں اور مدت سے اھل اسلام میں اُسکی تعلیم کا دستور چلا آتا ھی اور ھمارے دین و مذھب کی بموجب معیشت اور معاشرت میں ترقی کرنا ضروریات سے ھی اور میں دیکھتا ھوں کہ گورنمنٹ انگریزی کے تمام کالجوں اور اسکولوں میں مسلمانوں کے بچہہ بے دغدغہ اُسی انگریزی زبان اور اُنھیں علوم کی تعلیم پاتے ھیں اور آج تک اُن طالبوں کے مربی اور سرپرستوں کے لیئے نہ کوئی کفر کا فتوی چھپا نہ کسی اخبار نے غل مچایا بلکہ اچھے اچھے پکے مسلمان ھر طرح سے اُس کی ترقی کے لیئے کوشش کرتے رھے ھیں بلکہ سب سے پہلے ھمارے مدرسۃالعلوم کی ناجوازی کا جھنڈا جس نے کھڑا کیا ھی وہ اب تک اس بات کے قایل ھیں کہ مسلمانوں کے واسطے جو گورنمنٹ انگریزی کے کالج اور اسکول ھیں وہ اور جن علوم کی اُن میں تعلیم دی جاتی ھی وہ کافی ھی اب میں اُن حضرات سے جو مدرسۃالعلوم کے مخالف ھیں یہہ پوچھتا ھوں کہ آیا اس مدرسہ میں اُس زبان اور علوم کا تعلیم ھونا صرف اس وجہہ سے نا جایز ھی کہ اس مدرسہ کا اھتمام مسلمان لوگ اپنے ھاتھہ میں لیتے ھیں یا کوئی اور بات ھی مگر ظاھرا سوائے اس کے اور کوئی بات نہیں ھے اور اگر یہی بات ھی تو یہہ مرض لا علاج ھی *

دوسرے اس مدرسہ میں تعلیم دینیات کی ھرگز سو میں نہیں سمجھتا ھوں کہ وہ حضرات تعلیم علم فقہ کو کفر جانتے ھیں یا علم حدیث کو یا علم تفسیر کو یا اُن کے علم اصول کو الحاد سمجھتے ھیں جو شخص انصاف سے اپنے دل میں غور کریگا وہ اس مدرسۃالعلوم کے جایز ھونے کا تو کیا بلکہ واجب ھونے کا قایل ھوگا *

زبان کو مذھبی معاملہ سے کچھہ تعلق نہیں ھی بلکہ زبان ایک ملکی معاملہ ھی عربی کچھہ مسلمانوں کی مذھبی زبان نہیں ھی بلکہ ملک عرب کی زبان ھی ھمارے پیغمبر کے پیدا ھونے سے پہلے اس زبان کو کافر بولتے تھے اگر یہہ زبان اُن کفار کی مذھبی زبان ھوتی تو خداوند عالم اپنے پیغمبر ھرگزیدہ کے لیئے کوئی زبان اَور ایجاد فرماتا اور کبھی اس بات کو روا نہ رکھتا کہ اُس کا محبوب پیغمبر وھی کفار کی زبان استعمال کرے *

تبدیل مذھب کے سبب سے کبھی ایسا نہیں ھوا کہ زبان تبدیل کی گئی ھو جب ایران میں مسلمانوں کا مذھب پھیل گیا تو کیا اُس ملک کی عجمی زبان جو کفر کی حالت میں تھی تبدیل کردی گئی تواریخ کو دیکھو یورپ کے جس جس مقام میں یہہ مذھب پھونچا کیا وھاں کے لوگوں کو اُن کے دیس کی زبان کے استعمال کو منع کیا گیا دور و دراز ملکوں اور پرزانی باتیں تو ایک گپ اور قصہ کہانی معلوم ھوتی ھیں اے حضرات یہہ اُردو زبان کیا چیز ھی کیا ھمارے مذھب میں اس کی اجازت دی گئی ھی جس کو تحقیق ھی اُس کو تحقیق ھی اور جس کو شک ھی وہ تحقیق کرلے کہ مسلمانوں کے مذھب میں تعلیم علم ادیان باطلہ کی ممانعت کی گئی ھی جن علوم کو کہ دین باطل سے علاقہ نہیں ھی اور وہ انسان کی ترقی معیشت اور معاشرت کا وسیلہ ھوں اُس کے حصول کے لیئے برابر اجازت ھی میں پوچھتا ھوں کہ اگر چین میں علم ھو اور اُس کا حصول ظاھر ھی کہ عمدہ طور پر نہیں ھوسکتا جب تک چین کی زبان ھم نہ سیکھیں کیا اب ھم عمل نہ کرینگے اُس ھرگزیدہ قول پر اطلبوا العلم و لو کان فی الصین ھمارے مدرسۃالعلوم کے لیئے بڑی مبارکی اور خوشی کی بات یہہ ھی کہ ھندوستان میں جو بڑے دو فرقہ سنی اور شیعہ کے اھل اسلام ھیں وہ بالاتفاق اس مدرسہ کے قایم کرنے میں کوشش کر رھے ھیں اور اسی بات سے ھمکو اُمید بلکہ یقین ھی کہ یہہ مدرسہ ایک نہ ایک روز اگر خدا چاھے تو بہت جلد قایم ھوگا *

دنیا کی تاریخ میں آجکل کے زمانہ کی بابت یہہ کیسی عمدہ بات لکھی جاویگی جو قیامت تک یادگار رھیگی کہ ھندوستان کے دو رشتہ مسلمانوں نے شامل ھوکر بالاتفاق ایسا مدرسہ قایم کیا *

ان دونوں مذھبوں میں اگرچہ چند مراتب میں ایک قسم کا اختلاف ھی لیکن دونوں فرقوں میں مسئلہ مفتی بہ یہی ھی کہ دونوں فرقہ دائرہ اسلام سے خارج نہیں ھیں اور باھمی ان دونوں فرقوں کا اتفاق ھمکو یقین دلاتا ھی کہ جس امر میں ان دونوں فرقوں نے اتفاق کیا ھی اُس میں یہہ لوگ کامیاب ھوں یہہ بات تجربہ سے ثابت ھو گئی ھی کہ جس امر پر بالاتفاق کوشش کی جاتی ھی وہ کوشش کبھی رایگاں نہیں جاتی اب میں آپ صاحبوں سے اُمید رکھتا ھوں کہ آپ سب صاحب چندہ کی بابت ایسی توجہہ فرماویں جو اجراے اس شاخ مدرسۃالعلوم کے لیئے کافی ھو *

اسکے بعد مولوی لطف اللہ صاحب کھڑے ھوئے اور یہہ فرمایا کہ —

یہہ مدرسہ جو مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب مسلمانوں کے لڑکوں کی تعلیم و تربیت کے لیئے مقرر فرماتے ھیں میرے نزدیک اس مدرسہ میں کوئی امر محذور شرعی نہیں اس لیئے کہ مسلمانوں کو اپنے لڑکوں کی تعلیم میں بڑا اھتمام اس امر کا چاھیئے کہ عقاید اُن کے درست ھوجائیں اور مسائل ضروری نماز روزہ اور طہارت سے واقف ھوں سو اس مدرسہ میں اولاً یہی تعلیم ھوگی کہ طلبہ صغیر سن کو پہلے اُردو لکھنے پڑھنے کی تعلیم کی جائیگی اور اُردو میں عقائد اھل اسلام اور مسائل صوم و صلوٰۃ و طہارت کے پڑھائے جائینگے پھر اس کے فارسی عربی پڑھینگے عربی میں تفسیر حدیث فقہ اصول فقہ کی تعلیم ھوگی اس طرح کی تعلیم میں سراسر منفعت ھی باقی رھا یہہ امر کہ اس مدرسہ میں انگریزی بھی پڑھائی جائیگی اس کا یہہ حال ھی کہ فقط زبان انگریزی سیکھنا ممنوع نہیں بلکہ ایک امر مباح ھی اس میں شک نہیں کہ افضل الالسنہ زبان عربی ھی جس میں قران مجید نازل ھوا اور جو ھمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ و سلم کی زبان تھی مگر ھم لوگ مثلاً جو ان بلاد میں رھتے ھیں اور اُردو زبان رکھتے ھیں اُردو زبان کی جہت سے مورد طعن نہیں اسی طرح اگر ھم کوئی اَور زبان سیکھہ لیں تو مورد طعن نہیں ھوسکتے ھاں مسلمانوں کو یہہ چاھیئے کہ عربی کی تعلیم و تعلم کا زیادہ تر اھتمام رکھیں کیونکہ قران مجید اور احادیث نبویہ جو اساس دین اسلام ھیں اسی زبان میں ھیں اور مسلمانوں کو لازم ھی کہ اپنے اخلاق اور امور معاشرت کی تہذیب اور تکمیل قران مجید اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم سے کریں *

بعد اسکے مولوی محمد اسمعیل صاحب نے یہہ تقریر فرمائی —

جو جلسہ اس سے پہلے اسی کام کے واسطے منعقد ھوا تھا آپ سب صاحبوں کو اس کا اصلی مقصد معلوم ھوچکا ھی اور مولوی سمیع اللہ خاں صاحب کی تقریر سے اسوقت اس جلسہ کا اصلی مقصد بھی معلوم ھوگیا پس اُس کی نسبت تو کسی بات کے کہنے کی مجھکو ضرورت نہیں ھی البتہ اس امر کی نسبت میں کچھہ کہنا چاھتا ھوں جسکو جناب منصف صاحب نے ابھی یاد دلایا ھی اور وہ یہہ ھی کہ مولوی سید احمد خاں کے کفر و الحاد کی نسبت ایک عام غلغلہ پھیلا ھوا ھی جو میرے نزدیک بھی وہ مدرسۃالعلوم کے مقاصد میں خلل انداز ھی اور یہہ بھی کہنا چاھتا ھوں کہ اُس کے لیئے کون سی تدبیر ایسی ھی جس سے یہہ نقصان رفع ھو پس میری دانست میں پہلا شبہہ اُس کے لیئے کوئی تدبیر اس سے بہتر نہیں ھی کہ موافق تجویز مولوی سمیع اللہ خاں صاحب کے علیگڈہ میں ایک ایسا مدرسہ قایم کیا جاوے جو پورا پورا نمونہ مدرسۃالعلوم کا ھو اور اس مدرسہ میں حسب تجویز علماء اسلام فقہ و حدیث و تفسیر و اصول عقاید وغیرہ کی تعلیم ھو اور ساتھہ اُس کے جو علوم ضروری ھیں اور شرعاً جن کے پڑھنے کی کچھہ ممانعت بھی نہیں ھی وہ بھی پڑھائے جاویں اور نماز روزہ جمعہ جماعت کی بھی اس کے طلبہ کو تاکید ھو اور اخلاق کی بھی اصلاح ھو کیونکہ اگر اس مدرسہ کے قایم ھونے کے بعد جملہ مسلمانوں کو کامیابی معلوم ھو اور دینی اور دنیوی عزت کی جانب سے اطمینان ھوجائیگا اور اُن کے مذھب و عقاید میں کچھہ خلل نہ معلوم ھوگا تو لوگ اس مدرسہ کو اور اس کے بعد مدرسۃالعلوم کو دل و جان سے کوشش کرکے تقویت دینگے اور اس میں شریک حال رھینگے اور اگر اس مدرسہ میں بھی کسی کو معلوم ھو کہ یہاں تو کفر و الحاد کی تلقین ھوتی ھی اور لڑکے ابتر اور بد عقیدہ ھوتے جاتے ھیں اور اخلاق بگڑے جاتے ھیں تو میں کہتا ھوں کہ ضرور اے مسلمانوں اس مدرسہ پر اور نیز مدرسۃالعلوم پر تم لات مارکر الگ ھوجانا اور اپنے دین کو مت خراب کرنا دین سے زیادہ ھمارے نزدیک اور ھمارے نزدیک کیا اللہ کے نزدیک کوئی شی عزیز نہیں ھی پھر ایسی عزیز شی کو کیوں ضایع کریں اور یہہ کچھہ ایمانداری کی بات نہیں ھی کہ ھم مولوی سید احمد خاں اور مولوی سمیع اللہ خاں کی وجاھت اور رعب میں آکر جھوٹ سچ ھاں ھاں کردیا کریں بلکہ ھمکو چاھیئے کہ دین کے معاملہ میں مضبوط ھوکر صاف صاف کہدیں یہہ جو لوگ کہتے ھیں کہ تمام ھندوستان میں مولوی سید احمد خان کے کفر کا غلغلہ پھیلا ھوا ھی اور وہ صرف نفسانیت اور ضد سے ھوا ھی ھم اُس کو ھرگز نفسانیت سے نہیں کہتے بلکہ ھم خدا کا شکر کرتے ھیں کہ الحمد للہ ھنوز ھندوستان میں اسقدر محبت دین کی ھی کہ لوگ جب کسی ایسی بات کو مسلمان سے ھوتا دیکھتے ھیں تو اپنے دین کی محبت اور جوش سے اس کو برا سمجھنے لگتے ھیں اور اُس کی مخالفت پر جان و دل سے آمادہ ھوجاتے ھیں اگر لوگوں نے مولوی سید احمد خاں اور

آن کے صاحبزادہ کو لندن جانے کے بعد کوٹ پتلون پہنے دیکھا اور انگریزوں کے ساتھہ کھاتے دیکھا اور نماز روزہ کا پابند نہ پایا اور اس پر وہ غصہ ہوگئے اور اُن کو مسلمانوں کی وضع چھوڑنے کا الزام لگانے لگے اور اُن کی تدبیروں سے اسی خوف سے مخالفت کی تو کچھہ الزام کی اور نفسانیت کی بات نہیں ہی بلکہ سچ پوچھو تو ہندوستان میں اسلام کی بنیاد باقی ہونے کی علامت ہی اگر وہ مولوی سید احمد خاں کی اس حالت کو دیکھکر جو یہاں تمام مسلمانوں کی نظر میں خاص ایک انگریز ہی کی سی حالت ہی چپ ہوجاتے اور اُس پر صبر کرتے تو ہم یہہ کہتے کہ اب ہندوستان میں اسلام کا چراغ گل ہوگیا اور مسلمانوں کو اپنے دین پاک کی پروا نہیں رہی جو وہ ایسی نئی بات دیکھکر خیال بھی نہیں کرتے ہاں البتہ افسوس اور رنج کے لایق یہہ بات ہی کہ صرف اسی خیال میں گرفتار ہوکر خود بھی کچھہ نکریں اور اگر سید احمد خاں اُن سے درخواست کریں کہ تم ہی اس کی کچھہ اصلاح کرو تو نفسانیت سے یہہ بھی نکریں اور مسلمانوں کی حالت کو روز بروز ذلیل ہونے دیں کیا مسلمان اس بات سے خوش ہونگے کہ ایک روز اُن کی اسی ذات کی حالت کے سبب سے یہہ ذریت پہونچیگی کہ مخالف لوگ اُن کی مسجدوں میں اذانوں کی ممانعت کردینگے اُن کے جمعہ جماعت میں مزاحمت کرنے لگینگے اُن کے شعار اسلام کو مٹادینگے اور مفلسی اُن کو کسی کام کا نرکھیگی نہ اُن کا دین اچھا ہوگا نہ اُن کی دنیا اچھی ہوگی سید احمد خاں صرف یہہ کہتے ہیں کہ کیا اب مسلمان انگریزوں کے نوکر نہیں ہیں کیا وہ کچہری کے چپراسی نہیں ہیں کیا وہ خانساماں نہیں ہیں سب کچھہ ہیں پس اُن کو مناسب ہی کہ وہ ایسی کوشش کریں کہ کل کو بجاے ان ذلیل نوکریوں کے عزت کی نوکریوں کے لایق ہوجاویں اور یہہ راے اُن کی نہایت عمدہ ہی باقی اور کسی بات میں تمکو کوئی کچھہ نہیں کہتا پس بہر کیف میں اس مدرسہ کی اس لحاظ سے تائید کرتا ہوں کہ یہہ مدرسہ اس بات کے جانچنے کے لیئے ایک نمونہ ہوگا کہ آیا اس میں مسلمانوں کے لڑکے کافر بنائے جاوینگے یا در حقیقت ان کے اسلام کی عزت سنبھالی جاویگی اور اُن کے دین کی تقویت ہوگی لوگ یہہ کہتے ہیں کہ مولوی سید احمد خاں جھوٹ بولتے ہیں اب جیسا وہ کہتے ہیں آیندہ ویسا نکرینگے پس میں یہہ کہتا ہوں کہ اے لوگو تمنے سنا ہوگا یہہ ایک نہایت عمدہ مثل مشہور ہی کہ دروغگو را تابدر باید رسانید پس اسی مثل کے موافق تم بھی سمجھہ کر اس مدرسہ کو قایم کر دیکھو اگر اس میں اُن کے قول کی صداقت معلوم ہو تو فبہا ورنہ تم مختار ہر ایک کی بات مت مانیو *

میں ایسی باتوں کا ذکر ہرگز نکرتا مگر چونکہ منصف صاحب نے اپنی تقریر میں کفر و الحاد کے قصہ کو چھیڑا ہی (جس کی میں کچھہ ضرورت نہ سمجھتا تھا) اس لیئے میں نے بھی یہہ ذکر کردیا ہی اب میں اس سے زیادہ کچھہ نہیں کہنا چاہتا *

اس کے بعد مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب نے فرمایا کہ —

بعد اُن بیانات کے جو میرے کھڑے ہونے سے پہلے اس جلسہ میں ہوچکے ہیں میرا بیان فضول ہی مگر تاہم جو کچھہ خیالات میرے دل و دماغ میں ہیں اُن کو ظاہر کرتا ہوں یہہ امر تو تسلیم ہوچکا ہی کہ یہہ مدرسہ علیگڈہ کا ایک نمونہ ہوگا مدرسۃالعلوم کے واسطے اور نمونہ ہمیشہ ایسا ہونا چاہیئے کہ جس کے دیکھنے سے اصل کی طرف رغبت و شوق زیادہ ہو نہ نفرت اس لیئے اس مدرسہ کے اہتمام کی زیادہ ضرورت ہی اور میرے خیال میں اس کے واسطے پچاس ہزار سے کم سرمایہ کسی طرح کافی نہوگا اور جو کچھہ خیال اس مدرسہ کی بابت ہیں وہ کسی طرح اس مقدار سے کم میں پورے نہیں ہوسکتے *

اگرچہ ہمارے ضلع علیگڈہ اور بلند شہر کے مسلمان تعلقہدار ایسے ذی مقدور ہیں کہ دو چار بلکہ دو ہی اس مقدار کو بلا تکلف پورا کرسکتے ہیں اور بلاشبہہ دنیا کے امور نام آوری میں ایک ایک رئیس اس مقدار سے زیادہ صرف کردیتا ہی مگر مجھے کبھی اُن کاموں سے اس کام کو مقابلہ نہیں کرنا چاہیئے نہ خیال کرنا چاہیئے کہ صرف دو چار یا دس پانچ بڑے بڑے رئیسوں سے اُس کا چندہ لینا چاہیئے کیونکہ یہہ بات تو ٹھیک ہی کہ جو امور مدت ہاے دراز سے دلوں میں بیٹھے ہوئے ہیں اُن کا اُٹھانا ایک پہاڑ کا ڈھانا ہی اس لیئے یہہ امر کسی رئیس کے سامنے پیش کرنا کہ جب آپ اپنی دنیا کی رسموں میں جو شادی بیاہ وغیرہ سے متعلق ہیں ہزاروں لاکھوں روپیہ صرف کرتے ہیں جس کا کچھہ نتیجہ نہیں ہی تو یہہ کام تو بڑا نیک ہی اس میں کیوں اُس قدر نہیں دیتے بالکل فضول ہی اور کبھی اُس کا اثر اُن کے دلوں پر نہیں ہوسکتا ہی کیونکہ وہ رسمیں تو اُن کے دلوں میں نقش کالحجر ہیں اور اُن کے ادا کرنے کی خوبی اور خوشی اُن کو معلوم ہوتی ہی اور اس مدرسہ کی خوبی اور اس کے فائدے خیالی اور وہمی معلوم ہوتے ہیں اور جس چیز کا فائدہ خیالی معلوم ہوتا ہی اور جو چیز آنکھہ کے سامنے نہیں ہوتی اُس پر زیادہ جرأت اور ہمت نہیں ہوسکتی ہی اور یہہ بھی خیال کرنا ضرور ہی کہ یہی ہمارا مدرسہ ایسا ہوگا کہ جس سے مدرسۃالعلوم کی بنیاد قایم ہو جاویگی اگر اس مدرسہ کے اجرا سے اور طریقہ تعلیم سے کل اعتراضات مخالفین اُٹھہ گئے اور جتنے

شبہہ دل میں آتے ہیں جاتے رہے اور تہذیب اور ترقی اپنی صورت دکھانے لگی تو یقین جانیئے گا ضرور یہہ خیال ہوگا بلکہ یقین ہوجائیگا کہ جب اس چھوٹے سے مدرسہ کی یہہ حالت ہی تو خدا جانے بڑے مدرسہ کی کیا کیفیت ہوگی اور اُس کی تعلیم سے کیسے کیسے فائدہ ہونگے اور ہر شخص بدل اور نہایت ہی خوشی اور آرزو سے چندہ دیگا اس لیئے یہہ راے ضرور بدلنی چاہیئے کہ اس مدرسہ کے واسطے عام چندہ اس ضلع اور ضلع بلند شہر سے نہ لیا جاوے بلکہ میری یہہ راے ہی کہ عام چندہ اس ضلع اور نیز ضلع بلند شہر سے لیا جاوے اور ہرگز یہہ خیال نہیں چاہیئے کہ عام چندہ لینے سے مدرسۃالعلوم کے چندہ میں نقصان آویگا بلکہ جس قدر تعداد چندہ کی اس مدرسہ کے واسطے زیادہ ہوجاویگی اُسی قدر اس مدرسہ کے استحکام اور خوبی میں افزایش ہوگی اور وہی افزایش مدرسۃالعلوم اور اُس کے چندہ کی بنیاد کو زیادہ مستحکم اور مضبوط کریگی *

اس کے بعد محمد ظفر یاب خاں صاحب کھڑے ہوئے اور چند مختصر باتیں کہہ کر بیٹھہ گئے *

فہرست

اُس چندہ کی جو بعد اختتام مجلس ہوا

	روپیہ
نواب حاجی محمد محمود علیخانصاحب بہادررئیس چھتاری	۳۰۰۰
راجہ سید محمد باقرعلیخاں صاحب بہادر رئیس پنڈراول	۲۵۰۰
محمد ہادیٰیارخاں صاحب رئیس دادری ...	۲۰۰۰
کنور محمد لطف علی خانصاحب رئیس چھتاری ...	۱۰۰۰
مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب رئیس ووکیل ضلع علیگڈہ	۱۰۰۰
مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب جج ماتحت علیگڈہ ...	۱۰۰۰
کنور محمد معشوق علی خانصاحب رئیس چکاتھل ...	۷۵۰
کنور محمد اُمراؤ خاں صاحب رئیس چکاتھل ...	۵۰۰
مرزا عابد علی بیگ صاحب منصف درجہ اول ہاتھرس ...	۴۰۰
چودھری حاجی محمد منصور خانصاحب رئیس بلرام ...	۴۰۰
سید عاشق علیصاحب و سید باسط علی صاحب رئیس جلالی	۳۰۰
محمد مغفوراللہ خانصاحب رئیس ...	۲۰۰
شیخ غازی الدین صاحب رئیس اترولی ...	۲۰۰
قاضی محمد اطانت حسین صاحب وکیل ضلع علیگڈہ ...	۲۰۰
محمد ظفریاب خانصاحب وکیل منصفی ضلع علیگڈہ ...	۱۵۰
قاضی محمد مدد حسین صاحب وکیل ضلع علیگڈہ ...	۷۵
مولوی محمد مشتاق حسین صاحب نائب تحصلدار کول ضلع علیگڈہ ...	۷۵
سید سرفراز علی صاحب رئیس و مختار ضلع علیگڈہ ...	۵۰
مولوی سید فضل حق صاحب رئیس اترولی وکیل ضلع علیگڈہ	۵۰
مولوی محمد کفیل صاحب وکیل ضلع علیگڈہ ...	۵۰
محمد نور خاں صاحب وکیل ضلع علیگڈہ ...	۵۰
ناظر محمد احسن اللہ صاحب ناظر محکمہ جج ماتحت ضلع علیگڈہ ...	۴۰
مولوی محمد قطب الدین صاحب محرر محکمہ ججی ضلع علیگڈہ ...	۳۵
محمد مسعود شاہ خاں صاحب منصرم منصفی ہاتھرس...	۳۰
سید عزت علی خاں صاحب رئیس ضلع علیگڈہ ...	۲۵
حافظ نظام الدین صاحب تاجر علیگڈہ ...	۲۵
سید رضا علی صاحب محافظ دفتر محکمہ ججی ضلع علیگڈہ	۲۵
سید احمد حسین صاحب محرر اول رجسٹری محکمہ ججی	۲۵
مولوی ضیاء حسنین صاحب محرر محکمہ ججی ...	۲۵
مولوی محمد اسمعیل صاحب اڈیٹر اخبار سین ٹیفک سوسئیٹی و رئیس ضلع علیگڈہ ...	۲۵
سید عباس علی صاحب پیشکار محکمہ ججی ...	۲۵
مولوی محمد لطف اللہ صاحب مدرس مدرسہ عربی ضلع علیگڈہ ...	۲۰
مولوی عبدالحق صاحب خلف مولوی فضل حق صاحب منصرم بندوبست ...	۲۰
محمد فضل حق صاحب محرر محکمہ جج ماتحت ضلع علیگڈہ	۱۵
سید فرزند حسن صاحب محرر محکمہ جج ماتحت ضلع علیگڈہ	۱۵
شیخ سعید الدین صاحب نقلنویس محکمہ ججی ماتحت ضلع علیگڈہ ...	۱۰
محمد نبی داد خانصاحب وکیل ضلع علیگڈہ ...	۱۰
محمد معصوم علی خانصاحب پیشکار تحصیل ہاتھرس ...	۱۰
شیخ خدابخش صاحب رئیس کول ...	۵
شیخ فداحسین صاحب وکیل ضلع علیگڈہ ...	۵
میر سید حسین صاحب محرر مثل محکمہ ججی ...	۵
میزان ذیل	۱۴۳۴۵ روپیہ

بمقام علیگڈہ — مطبع علیگڈہ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] ۱۵ ذیقعدہ سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترقي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور تونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۶۹

روئداد

صدر انجمن مسلمانان پنجاب مقام لاہور

متعلق

مجلس "خزنۃالبضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین

منعقدہ ۲۹ دسمبر سنہ ۱۸۷۳ع

ممبران صدرانجمن پنجاب نے یہہ تجویز کي کہ مدرسۃالعلوم مسلمانان کے چندہ کے لیئے ایک جلسہ عظیم‌الشان لاہور میں کیا جاوے اور سکرٹري مجلس خزنۃالبضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم المسلمین کو بھي اُس جلسہ میں بلایا جاوے چنانچہ سکرٹري مجلس ممدوح نے اپنا حاضر ہونا بسر و چشم قبول کیا اور بعد اس قرارداد کے ممبران صدر انجمن مسلمانان پنجاب نے انتظام مجلس کے لیئے اور جو امور اُس میں ہونگے اُن کے لیئے مفصلہ ذیل تجویزیں فرمائیں *

تجاویز انتظام جلسہ

۱ مولوي سید احمد خاں بہادر سي ایس آئي ۲۷ دسمبر کو صبح کي ٹرین میں تشریف لاوینگے جس کا اعلان عام طور پر کیا جاویگا اور استقبال کے لیئے کمیٹي کي طرف سے چند معزز اہل‌اسلام اسٹیشن ریلوے پر موجود ہونگے *

۲ اس موقع کے لیئے سواریاں فراہم کیجاویں گي جنکا اہتمام سید عالم شاہ صاحب تحصیلدار لاہور کے سپرد ہوگا *

۳ سید صاحب کے قیام کے لیئے شیخ رحیم بخش صاحب سوداگر انارکلي کي کوٹھي آراستہ کیجاویگي *

۴ ۲۹ دسمبر کو سوموار کے دن بارہ بجے مسلمانوں کا عام جلسہ ہوگا جس میں لاہور اور مفصل کے تمام مسلمان شامل ہونگے اور صاحبان عالیشان بھي — اپني خوشي سے صاحبان اہل ہنود بھي شامل ہوسکتے ہیں *

۵ یہہ جلسہ اُسي مقام میں ہوگا جو آیندہ تجویز کیا جاویگا اول دو معزز صاحب کچھہ کچھہ تقریر کرینگے پھر مولوي سید احمد خاں بہادر مسلمانوں کي حالت پر کچھہ تقریر فرماوینگے اور اُس کے بعد فہرست چندہ ترتیب دیجاویگي *

۶ جو صاحب مفصل سے بلائے جاوینگے اُنکي خدمت میں خاص تحریریں بھیجي جاوینگي اور لاہور والوں اور نیز حکام انگریزي کے لیئے اُردو اور انگریزي زبان کے چھپی ہوئے اعلان تقسیم کیئے جاوینگے اور مناسب مقامات پر چسپاں ہونگے *

چنانچہ بموجب اس قرارداد کے ۲۷ دسمبر کو سکرٹري اور ممبران مفصلہ ذیل کمیٹي خزنۃالبضاعۃ کے میل ٹرین میں سر زمین پنجاب میں داخل ہوئے *

ممبران

مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر سب ارڈینیٹ جج علیگڈہ *

سید محمد محمود صاحب بیرسٹر ات لا *

مولوي سید زین‌العابدین صاحب منصف درجہ اول بلند شہر *

مرزا عابد علي بیگ صاحب منصف درجہ اول ہاتھرس ضلع علیگڈہ *

سید ظہور حسین صاحب وکیل ہائي کورٹ *

مولوي خواجہ محمد یوسف صاحب رئیس و وکیل و آنریري مجسٹریٹ علیگڈہ *

منشي محمد مشتاق حسین صاحب نایب تحصیلدار علیگڈہ

منشي محمد یار خاں صاحب *

غیر ممبر

منشي محمد وجیہ‌الدین صاحب ہیڈ ماسٹر بلند شہر *

محمد حمید اللہ خاں صاحب خلف الصدق مولوي محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر *

دس بجے کے قریب جس وقت ٹرین امروہہ سر کے اسٹیشن میں پہونچي تو معلوم ہوا کہ وہاں کے تمام معزز مسلمان رئیس جن کے نام نامي ذیل میں درج ہوتے ہیں اور سردار دیال سنگھہ صاحب مجیٹیہ رئیس و آنریري مجسٹریٹ امروہہ سر نجم‌الہند مولوي سید احمد خان صاحب بہادر کي ملاقات کے اشتیاق میں اسٹیشن پر تشریف رکھتے ہیں *

آغا نواب عابد خاں صاحب بہادر ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر *

خان محمد شاہ صاحب رئیس و آنریري مجسٹریٹ *

میاں محمد جان صاحب رئیس و آنریري مجسٹریٹ *

شیخ اللہ بخش صاحب سوداگر *

شیخ غلام حسن صاحب ممبر میونیسپل کمیٹي *

شیخ خدا بخش صاحب *

منشي محمد مہدي علي خاں صاحب تحصیلدار *

میاں غلام حسن صاحب *

میاں اسداللہ خاں صاحب وکیل *

شیخ غلام صادق صاحب *

حاجي محمد سیف‌الدین صاحب *

میاں یوسف شاہ صاحب *

میاں وزیر شاہ صاحب *

شیخ سکندر خاں صاحب *

یہہ سب صاحب نہایت خلوص اور محبت اور تپاک کے ساتھہ جناب سید صاحب نجم‌الہند اور اُن کے احباب ہمراہی سے بغلگیر ہو ہو کر ملے رئیسان موصوف نے اس موقع پر سید صاحب کا بہت بہت شکریہ ادا کیا اُنہوں نے بڑے جوش محبت کے ساتھہ سید صاحب سے کہا کہ اس ملک کے تمام مسلمان آپ کا دل سے شکر ادا کرتے ہیں اور حقیقت میں آپ نے اسوقت تمام مسلمانوں کے ساتھہ بہت بڑا احسان کیا ہی آپ کی تشریف آوری سے یہاں ہرشخص کو خوشی اور عزت ہی — سید صاحب نے بھی ان بزرگواروں کے کلمات محبت کا مناسب مناسب جواب دیا اُس کے بعد رئیسان موصوف سید صاحب کو اور اُن کے احباب ہمراہی کو ایک وسیع کمرہ میں لے گئے جہاں پہلے سے بڑے تکلف کے ساتھہ طرح طرح کے میوے اور مختلف قسم کی مٹھائیاں اور چاے کا سامان میز پر چنا ہوا تھا یہاں سب لوگوں نے وہ چاے پی جو بڑی چاہ اور محبت سے مہیا کی گئی تھی اور اپنے مسافر نواز رئیسوں کا شکریہ ادا کیا چند منٹ میں یہہ عمدہ اور محبت کی بھری ہوئی صحبت ختم ہوئی اور ٹرین لاہور کو روانہ ہوئی *

بارہ بجے کے قریب نجم‌الہند مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر اور اُن کے احباب ہمراہی لاہور کے اسٹیشن پر پہنچے — یہاں انجمن کے قرار داد کے مطابق لاہور اور نواح لاہور کے بہت سے معزز اور معاید مسلمان جنکے نام نامی اکثر ذیل میں درج ہوتے ہیں اور منشی ہرسکھہ راے صاحب مالک کوہ نور سید صاحب کے استقبال کے واسطے پہلے سے اسٹیشن پر تشریف رکھتے تھے جو نہایت اشتیاق اور محبت کے ساتھہ سید صاحب سے اور اُن کے احباب ہمراہی سے ملے *

خان بہادر محمد برکت علیخاں صاحب بہادر ایکسٹر اسسٹنٹ *

خان بہادر محمد حیات خاں صاحب بہادر اسسٹنٹ کمشنر *

نواب محمد عبدالمجید خاں صاحب *

نواب شیخ غلام محبوب سبحانی صاحب *

خان بہادر ڈاکٹر رحیم خاں صاحب سب اسسٹنٹ سرجن *

فقیر سید نورالدین صاحب آنریری مجسٹریٹ *

منشی محمد لطیف صاحب مترجم چیف کورٹ پنجاب *

سید فضل شاہ صاحب ریلوے ڈپارٹمنٹ *

منشی محمد شمس‌الدین صاحب اڈیٹر پنجابی اخبار *

سید قادر علی صاحب اڈیٹر کوہ نور *

بابو شیخ وہاب‌الدین صاحب ہیڈ ماسٹر *

مولوی محمد حسین صاحب پروفیسر *

مولوی احمد شفیع صاحب ہیڈ ماسٹر رزیرآباد *

مولوی علیم اللہ صاحب چیف محرر *

مولوی محمد الطاف حسین صاحب *

سید عالم شاہ صاحب تحصیلدار *

ملاقاتوں اور اظہارات خوشی کے بعد سب لوگ اسٹیشن سے سوار ہوکر شیخ رحیم بخش صاحب کی کوٹھی واقع بازار انارکلی پر پہنچے جو پہلے سے سید صاحب کے واسطے ہر قسم کے سامان سے مرتب اور آراستہ کی گئی تھی چنانچہ نجم‌الہند مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر اور اُن کے تمام احباب ہمراہی اُس کوٹھی میں فروکش ہوئی *

۲۹ دسمبر یوم دو شنبہ کو انجمن کے قرار داد کے بموجب بارہ بجے دن کے راجہ دھیان سنگھہ کے دیوانخانہ میں مسلمانان پنجاب کا ایک بڑا عظیم‌الشان جلسہ منعقد ہوا جس میں لاہور اور امرتسر اور دیگر اضلاع کے بہت سے معزز اور عمائد اہل‌اسلام شریک تھے اور اکثر اہل ہنود بھی مہربانی سے شریک ہوئے تھے اور حکام انگریزی میں سے بھی

جناب انڈیل براڈلوز صاحب بہادر چیف جسٹس *

جناب کرنل ینگ صاحب بہادر کمشنر *

جناب مسٹر اسمتھہ صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر *

جناب مسٹر کان صاحب بہادر *

اور بعض اور صاحبان یوروپین نے اپنی تشریف آوری سے جلسہ کو عزت بخشی تھی — جلسہ بہت بھاری تھا اور اُس وسیع دیوانخانہ کے تمام درجہ شرکاء جلسہ سے بھرے ہوئے تھے *

جلسہ کی کارروائی حسب ذیل شروع ہوئی *

اول نواب محمد عبدالمجید خاں صاحب صدرانجمن کرسی پر سے اُٹھے اور اُنہوں نے مجمع سے حسب ذیل گفتگو کی *

تقریر نواب محمد عبدالمجید خاں صاحب صدرانجمن

شکر و احسان خدا تعالی کا کہ اس مجلس مبارک میں ہمارے حکام والا مقام اور نجم‌الہند جناب مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر جو قدیم سے خیر خواہ و ترقی خواہ مسلمانوں کے ہیں اسقدر دور مقام سے یہاں تشریف لائے ہیں اور اس امر اہم ترقی قوم کے واسطے وہ ایک مدرسۃالعلوم قایم کرنا چاہتے ہیں جس میں ہماری اولاد تعلیم پاکر عزت اور خوبی ہاریں حاصل کرے اور اب سید صاحب موصوف اُسکی نسبت تقریر فرماوینگے سامعین گوش دل سے اُسکو سنیں *

بعد اسکے نجم الہند مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر کھڑے ہوئے اور اُنھوں نے حسب ذیل گفتگو کی *

صدر انجمن اور بزرگان و رئیسان و سرداران پنجاب

میں ایک مدت دراز سے آپ صاحبوں کی زیارت کا اور آپ سب کی ملازمت کا مشتاق تھا اُسی اشتیاق سے میں نے ایک لنبا سفر اختیار کیا اور آج میں اپنے تئیں نہایت معزز و خوش قسمت پاتا ہوں کہ آپ صاحبوں کی خدمت میں حاضر ہوں آپ صاحبوں کی ملازمت سے جو عزت کہ مجھکو حاصل ہوئی میں اپنی تمام زندگی کی کسی ساعت کو اُس سے زیادہ معزز نہیں سمجھتا *

صلک پنجاب ایک مشہور و نام آور ملک ہی اُسکی شادابی اور سرسبزی، خوبی اور خوش نمائی تمام ہندوستان میں ضرب المثل ہی یہہ ملک صرف اپنی ملکی خوبیوں ہی کے سبب سے نام آور نہیں ہی بلکہ اس میں ایسے ایسے حالات گذرے ہیں جو ایک نہایت دلچسپ اور عبرت انگیز تاریخی واقعات کو بھی یاد دلاتے ہیں مسلمانوں کی گذشتہ تاریخ کا یہہ ملک ایک سرچشمہ ہی جس کے دیکھنے سے وہ واقعات جو ہمارے بزرگوں پر گذرے سب یاد آتے ہیں اس لیئے خیال ہوسکتا ہی کہ ایسے ملک کے دیکھنے کا انسان کے دل میں شوق پیدا ہوا ہو *

رئیسان و بزرگان و سرداران ملک پنجاب کی نیکی اور فیاضی اور عالی ہمتی اور اُس کے خاندانوں کی نام آوری بھی دور دور ملکوں میں مشہور ہی ملازمین سرکاری بھی اس ملک کے بہ نسبت دوسرے ملکوں کے زیادہ تر معزز و نام آور ہیں یہہ آپ ہی کے ملک کی خوش نصیبی ہی کہ آپ کا ملک ایسے سرکاری نوکروں سے جیسے کہ نجم الہند خان بہادر محمد حیات خاں صاحب سی ایس آئی ہیں اور ایسے آفتاب پنجاب سے جیسے کہ خاں بہادر محمد برکت علی خاں صاحب ہیں روشن و منور ہے جنکا نام نہ صرف ہند و پنجاب میں مشہور ہی بلکہ اُن مسلمانی ملکوں میں بھی جو پنجاب کے ہم سرحد ہیں اُن کی نیکی و فیاضی اور بہادری اور اخلاق کی شہرت ہی پس یہہ تمام چیزیں انسان کے دل کو ضرور ایسے بزرگوں کی زیارت و ملازمت کے لیئے کھینچتی ہونگی *

مگر ان سب باتوں سے زیادہ جس چیز نے میرے دل پر اثر کیا ہی اور آپ صاحبوں کی ملازمت کا مشتاق بنایا ہی وہ ایک ایسی چیز ہی جو ان سب باتوں سے بڑھکر ہی اور جو ہندوستان میں عنقا صفت ہوگئی ہی ہندوستان کے اکثر ملکوں میں اور خصوصاً ہماری قوم میں اُس کا مطلق پتہ نہیں ملتا مگر خدا کا شکر ہی کہ میں پنجاب میں اُسکا نشان پاتا ہوں وہ چیز کیا ہی — قومی ہمدردی — ہی — اے صاحبوں ایسے دل بہت کم ہونگے جو اس دنیا میں عزت اور آبرو کے خواہاں نہوں اور ایسے دل بھی بہت کم ہونگے کہ جب اُن کو عزت و آبرو کا خیال آتا ہو تو اُن کا دل اُس خیال کو اپنی ذات کی طرف نہ کھینچ لیجاتا ہو مگر جب اس نہایت مرغوب معاملہ پر غور کیا جاوے تو شخصی عزت کی خواہش ایک بہت بڑی غلطی معلوم ہوتی ہی کیونکہ جب تک قومی عزت حاصل نہو اُس وقت تک شخصی عزت کا حاصل ہونا محالات سے ہی — اگر ایک کمینہ قوم کا شخص جس کی قوم کے تمام آدمی نہایت ذلت اور خواری اور کمینہ پن سے اپنی اوقات بسر کرتے ہوں جن سے اُس کا ہمیشہ میل جول اور اُنھیں کے ساتھہ رہنا اور زندگی بسر کرنا ہی کسی سبب سے کوئی درجہ عزت کا حاصل کرلے تو بلاشک اُس کی بہت بڑی تعریف ہوگی مگر دنیا کی آنکھہ میں اُس کو کچھہ عزت حاصل نہیں ہوسکتی کیونکہ تمام دنیا اُس کی قوم کو اُسی ذلت و خواری اور کمینہ پن کی حالت میں دیکھہ کر اُس کو بھی اُسی قوم میں کا ایک خیال کرتی ہی — پس شخصی عزت حاصل کرنا بھی درحقیقت قومی عزت پر موقوف ہی اور جب تک قومی ہمدردی نہو قومی عزت حاصل نہیں ہوسکتی — پس جو لوگ قومی ہمدردی اور قومی عزت حاصل ہونے کی کوشش کرتے ہیں وہ حقیقت میں خود آپ اپنی ہمدردی اور اپنی عزت کی ترقی کرتے ہیں اگر یہہ میرا بیان درست ہو تو اس سے صاف یہہ نتیجہ نکلتا ہی کہ جو شخص اپنی عزت چاہتا ہی (اور یقین ہی کہ ہر کوئی چاہتا ہوگا) اُس پر فرض ہی کہ قومی ہمدردی اور قومی عزت پر کوشش کرے *

اب میں آپ صاحبوں کے خیال کو اپنی قوم کی حالت کی طرف پھیرنا چاہتا ہوں اور یہہ خواہش کرتا ہوں کہ ذرا آنکھیں بند کر کر اپنے دلوں کی طرف متوجہ ہوجیئے اور خیال کیجیئے کہ ہماری قوم کا کیا حال تھا اور اب کیا ہی اور آیندہ کیا ہونے والا ہی — پچھلا حال جو تھا وہ گذر گیا اُس کے ذکر پر وہی مثل صادق آویگی کہ دو چیز در دو چیز راست نیاید ذکر جوانی در پیری و ذکر تونگری در فقیری مگر موجودہ حال پر نظر کیجیئے کہ کیا ہی کیونکہ بڑے تجربہ کاروں کا قول ہی کہ —

آدمی را بچشم حال نگر * از خیال پری و دی بگذر

اور آیندہ جو حال ہونے والا ہی اُس کی فکر کیجیئے کیونکہ —

مرد اگر بیں مبارک بندہ ایست

موجودہ حالت ہم مسلمانوں کی یہہ ہی کہ ہندوستان میں جتنی قومیں اسوقت موجود ہیں اُن میں سب سے زیادہ خوار اور

ایسو حالت میں ہی دو چار رئیسوں پر خیال مت کرو جنکو خدا تعالی ہمیشہ باعزت و بااقبال رکھے بلکہ قوم پر خیال کرو کیونکہ مرازنہ ترقی و تنزل کا اشخاص پر خیال نہیں کیا جاسکتا بلکہ قوم پر خیال ہوتا ہی *

ہندوستان میں سب سے زیادہ عزت ہماری قوم کو اُن بزرگوں اور خداپرستوں سے تھی جن کے انفاس متبرکہ سے ہر ایک کے دل کو روشنی ہوتی تھی اور سچائی اور راست بازی نیکی و خداپرستی محبت و رحم دلی روز بروز ترقی پاتی تھی مگر اب آنکھہ اُٹھاکر دیکھو کہ تمام خانقاہیں جو ایسے بزرگوں کی ذات سے آباد تھیں سب ویران پڑی ہیں وہ دینی شان و شوکت قوم کی جو اُن بزرگوں کی ذات سے تھی کیسی ابتر و خواب حالت میں متبدل ہوگئی ہی *

دوسرا فرقہ ہماری قوم کا جن سے دینی اور دنیاوی دونوں قسم کی عزت تھی وہ ہماری قوم کے علماء کبار تھے جن سے مسائل دینی و معاشرت دنیوی میں ہماری قوم کو بڑی عزت و شہرت تھی مگر اب دیکھو کہ شہر کے شہر اور قصبی کے قصبی گانوں کے گانوں جن میں نہایت کثرت سے اس قسم کے علماء موجود تھے سب کے سب خالی پڑے ہیں دو چار عالم جو کہیں سنے جاتے ہیں وہ زبان حال سے یہہ کہتے ہیں کہ کبرنی موت الکبرا پس کیسے افسوس کی بات ہی کہ علم جس میں ہمارے بزرگوں نے تمام دنیا میں شہرت پائی تھی اُس کو بھی ہم کھو بیٹھے ہیں *

اب ہماری قوم کے سرداروں اور نوابوں رئیسوں اور جاگیرداروں پر خیال کرو جو باعتبار جاہ و حشم دنیاوی کے ہماری قوم کی قومی عزت کا سبب تھے بڑے بڑے خاندانوں کو نہایت تباہ حالت میں پاؤگے بلکہ جو جتنا بڑا تھا اُتنی ہی بڑی تباہی میں ہی عام سے اُن کو آشنائی نہیں ہی تدبیر منزل اور روحانی خوشی سے اُن کو کام نہیں ہی جاہ و حشم مال و دولت برباد ہوگیا ہی یا ہوتاجاتا ہی دس پانچ خوشامدی اُن کے پرانے نام کو گاتے ہیں اور اپنا پیٹ پالتے ہیں یا کسی مہاجن و ساہوکار کے گھر میں سود در سود کے حساب میں اور دن دونے رات چوگنے کے پھیر میں اُن کا مال اور اُن کی دولت جاتی ہی *

تجارت جو بڑا وسیلہ دولت و سیاحت کا ہی وہ ہماری قوم میں بالکل نہیں ہی کل ہندوستان کے مسلمان تجارت پیشوں کی اگر تعداد بمشکل حاصل بھی کی جاوے تو وہ ایسی قلیل و ذلیل ہوگی جس کو بیان کرتے بھی شرم آویگی چند معدود مسلمان جو تجارت کرتے ہیں اُن کی بڑی سے بڑی تجارت یہہ ہی کہ غیر ملک اور غیر قوم کے لوگ جو کلکتہ اور بمبئی میں مال لاتے ہیں اُن کو نفع دیکر خریدتے ہیں اور پھر اپنے ہی ملک میں اپنے بھائی بندوں کے ہاتھہ نفع پر بیچتے ہیں پس اُن سے بعرض اس کے کہ قوم کو فائدہ پہونچے اُلٹا نقصان پہونچتا ہی — بعض مسلمان ایسے بھی ہیں جو اپنے ملک کی پیداوار غیر ملک کے لوگوں کے ہاتھہ بیچتے ہیں مگر زیادہ سفر کرنا نہیں چاہتے اُنہیں کے ملک کے کنارہ پر اگر کوئی خریدار ہاتھہ آجاوے تو برابر سرابر یا نہایت قلیل نفع پر مال بیچ ڈالتے ہیں اور خریدار اُس مال کو دوسرے ملک میں لیجاتا ہی اور نفع کثیر اُٹھاتا ہی جو نفع کہ ہماری قوم کو اپنے ملک کی پیداوار کو دوسرے ملک میں لیجا کر اُٹھانا چاہیئے تھا وہ نفع ہمارے ملک کی پیداوار سے دوسری قوم اُٹھاتی ہی — سبب اِس کا یہہ ہی کہ ہماری قوم علوم تاریخ سے جغرافیہ سے دوسری قوم کی تجارت سے دوسرے ملکوں کے حالات سے علوم و فنون تجارت سے محض ناواقف ہی — جو طریقہ تجارت کا اگلے زمانہ میں ایسے طور پر تھا جیسیکہ کوئی مزدور اسباب ادھر سے ڈھو کر اُدھر پہونچادے اور اپنی محنت کا معاوضہ حاصل کرلے اور جس میں چنداں علم و ہنر کی حاجت نہ تھی وہ طریقہ اب نہیں ہی اس زمانہ کی تجارت بھی بغیر علوم و فنون حاصل کیئے نہیں چلتی — یورپ کے ملکوں کی تجارت کے حالات پر آپ غور کیجیئے کہ کسقدر علم و ہنر تجارت میں بھی درکار ہی علاوہ اُن پیچیدہ حسابوں اور تجارت کے کارخانوں کی نگرانی کے اپنے کارخانہ میں ہر دم ترقی کرنے اور اُس کو عام لوگوں کے لیئے زیادہ مفید کرنے کی فکر رہتی ہی ایک دیا سلائی والا ایک ایسی قسم کی دیا سلائی نکالتا ہی جو نہایت مفید اور سب سے عمدہ ہی اُسی وقت تمام دیا سلائی والوں کا کارخانہ مدھم ہو جاتا ہی اور اُن کو ضرور ہوتا ہی کہ اپنے کارخانہ کی دیا سلائی میں کچھہ ایسی ترقی کریں جو اُس سے زیادہ مفید ہو اور جب وہ اُس میں ترقی کرلیتے ہیں تو پھر دوسرے شخص کو اپنے کارخانہ کی رونق کے لیئے اُس سے بھی زیادہ عمدہ و مفید اصلاح اپنے کارخانہ کی دیا سلائی میں دینے کی ضرورت پڑتی ہی ورنہ کارخانہ ابتر ہو جاتا ہی اور یہی حال تمام تجارت کے کارخانوں کا ہی *

اگر ہماری قوم علوم و فنون سے واقف ہو جاوے تو اُن کے لیئے بھی ابھی ہندوستان ہی میں اس قدر دولت اور دولت کے خزانے موجود ہیں کہ پشتوں تک بھی اُن کا ختم ہونا ممکن نہیں مگر ہم اپنی بے علمی کے سبب اُن سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتے بالکل ہماری ایسی مثال ہی کہ کسی کے بزرگوں کی دولت کسی مقام پر گڑی ہو اور اُس کو اُس کی خبر نہو *

تجارت کے بعد زراعت ایک بہت عمدہ طریقہ دولت اور ملک کی آبادی کا ہی ہمنے عام فلاحت میں بہ نسبت زمانہ سابق کے کچھہ

تنزل نہیں کیا بلکہ جیسے تھے ویسے ہی ہیں مگر اس سبب سے کہ بہ نسبت سابق کے بعض کاموں کی زیادہ ضرورت پیش آئی ہی اور اُس ضرورت کے انجام کی لیاقت ہم میں نہیں ہی زراعت میں بھی ہمنے بہت کچھہ نقصان اُٹھایا ہی *

اگلے زمانہ میں بہ نسبت حال کے زمین مزروعہ بہت کم تھی جنگل نہایت زیادہ تھے میدان کے میدان بے تردد پڑے تھے اس زمانہ میں جو ہر طرح کا امن ہی اراضی مزروعہ کثرت سے ہو گئی ہی جس کا انجام بلا ذریعہ نالوں کے دشوار ہی ہم نالوں کے نام بھی نہیں جانتے اُن سے کام لینا ہمکو مطلق نہیں آتا اس مجبوری سے ہمنے اپنی محنت کو جو پہلے ایک بیگھہ پر صرف ہوتی تھی دس بیگھہ پر صرف کیا ہی اور دسوں بیگھہ کی زراعت و پیداوار خراب ہوگئی ہی *

شمال مغربی اضلاع اور ملک اودہ کے بعض زمینداروں و تعلقہ داروں نے زراعت کے لیئے ولایتی کلیں مول لی ہیں مثلاً انھوں نے پمپ مول لیئے ہیں کہ ہماری طرف آب پاشی کی سب سے زیادہ ضرورت ہی اُن پمپوں کو جب تک کوئی انگریز چلاتا ہی تب تک تو خوب چلتے ہیں اور جہاں وہ گیا اور ہندوستانی صاحبوں کے ہاتھہ میں آیا اور بند ہوا اسکا سبب یہی ہی کہ ہم لوگ اُس فن سے واقف نہیں یہہ بھی نہیں جانتے کہ پمپ سے پانی کیوں اوپر اُٹھہ آتا ہی اور کیا چیز بگڑ جاتی ہی جس سے نہیں اُٹھتا اگر ایک انگریز کو دو سو ڈیڑھ سو روپیہ ماہواری ایک پمپ چلانے پر دیں تو کہاں سے لاویں اور کیا ذُدہ اُٹھاویں اگر ہمارے ہندوستان کی قوم ان علوم و فنون سے واقف ہو تو خیال کرنا چاہیئے کہ زراعت میں بھی بسبب استعمال کلوں کے کسقدر ترقی ہوسکتی ہی *

سب سے ذلیل اور ناپسندیدہ ذریعہ حصول معاش کا نوکری تھا اب وہ بھی ہماری قوم سے چھن گیا اور روز بروز چھنا جاتا ہی — میں اسبات کا الزام ہرگز گورنمنٹ پر نہیں دیتا اُسنے جو کچھہ کیا ہی بلاشبہہ بالکل مطابق مصلحت ملکداری کے کیا ہی اور اُسکا نہایت انصاف ہی کہ اُسنے ایک دروازہ عالیشان کھولدیا ہی اور بلا رعایت قومی اجازت دی ہی کہ جو کوئی اس دروازہ میں آوے وہی مرتبہ پاوے جس قوم نے اپنے تئیں اُس دروازہ میں داخل ہونے کے لایق کیا وہ داخل ہوئی اور داخل ہوتی جاتی ہی ہماری قوم نے اپنے تئیں اس لایق نہیں کیا وہ محروم ہی شمال مغربی اضلاع میں ہو چار اور پنجاب میں دس پانچ مسلمان آج معزز عہدوں پر دکھائی دیتے ہیں اگر ہم لوگ اپنی قوم کی فکر نکرینگے اور اُسکی ترقی کے سامان بہم نہ پہونچائینگے اور جو لیاقتیں ایسے عہدوں کے لیئے درکار ہیں حاصل نکرینگے تو اُن چند عہدہ داروں کے بعد مسلمانوں کا خاتمہ بالخیر ہی شاید دس بیس آدمی چپراسی پیادوں میں دکھائی دیں ورنہ سب کے گھاس کھود نے کی نوبت آویگی — اے صاحبوں جبکہ ہماری قوم کا ایسا بدتر حال ہی کیا ہم سب کا یہہ فرض نہیں ہی کہ جہانتک ہوسکے اپنی قوم کے سنبھالنے میں کوشش کریں ؟ *

میںنے اپنی اس گفتگو میں کئی جگہہ عزت قومی کا ذکر کیا مگر میںنے یہہ نہ بیان کیا کہ عزت قومی کیا چیز ہی اور وہ کیونکر حاصل ہوسکتی ہی اگر قومی عزت سے دنیاوی جاہ و حشم کا ہونا مراد لیا جاوے تو یہہ غیر ممکن ہی دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہی اور نہوگی کہ تمام قوم دولت و حشمت سے مالا مال ہو مگر میری مراد قومی عزت سے ایسی حالت کا ہونا ہی جس میں قوم درجہ بدرجہ آسودہ حال ہو اکثر لوگ زیور علم و ہنر اخلاق سے آراستہ ہوں علوم و فنون جو دنیا میں جاری ہیں صنایع و بدایع جو روز بروز دنیا میں پھیلتے جاتے ہیں اُس قوم میں بھی موجود ہوں آپس میں قوموں کا ربط و اتحاد اور میل جول جو تہذیب و شایستگی کی بنیاد ہی ملکوں کی سیاحت اور قوموں کے حالات سے واقفیت جو سرچشمہ تمام نیکیوں اور ترقیوں کا ہی اُس قوم کے لوگوں میں پایا جاتا ہو متانت اور نیکی سچائی رحم و رحم دلی ہمدردی و خدا پرستی جو عمدہ انسانی خصلتوں میں سے ہیں اُن میں بھی موجود ہوں اِن باتوں سے صرف دنیاوی عزت ہی قوم کو حاصل نہیں ہوتی بلکہ دینی عزت کا باعث بھی یہی اُمور ہیں — غور کرو کہ ہر ایک قوم کے لیئے اُسکا مذہب بمنزلہ ایک روحانی معلم کے ہی اور اُس مذہب کی خوبی اُس کے پیروؤں کے حال کی بھلائی یا برائی سے ثابت ہوتی ہی پس اگر کوئی قوم ایسی عمدہ و نیک حالت میں ہو جیسیکہ میںنے ابھی بیان کی تو بلا شبہہ وہ ایک بڑی دلیل مذہبی عزت کی بھی ہی خدا کا شکر ہی کہ ہماری قوم کو جو مذہب خدا نے عطا کیا ہی وہ مجموعہ ان تمام خوبیوں کا ہی پس اگر ہم ایسی کوشش نکریں کہ ہماری قوم اپنے تئیں نمونہ ان خوبیوں کا بنادے تو درحقیقت ہمنے اپنے مذہب کی بھی خیر خواہی نہیں کی مزیدے ہراں یہہ ہی کہ جب کسی قوم کی ایسی حالت ہوجاتی ہی تو دنیاوی دولت بھی اُسکی لونڈی بن جاتی اور تمام قوم درجہ بدرجہ بقدر اپنی حالت کے آسودہ و خوش حال ہوجاتی ہی میری سمجھہ میں اگر وہ غلط نہو تو ہماری قوم کا ان سب باتوں میں خراب حال ہی اور غالباً کوئی شخص جو قومی ہمدردی رکھتا ہوگا اس سے انکار نکریگا پس قوم کی اسی خراب حالت نے میرے دلکو بےچین کررکھا ہی اور میں دربدر پڑا پھرتا ہوں یہہ صدا کہتا ہوا نہ پھاٹیو جاگو ہوشیار ہو اپنی قوم کی خبر لو ورنہ تھوڑی دیر میں ایسا حال

ھوجاویگا کہ تم خبر لینی چاھوگے اور خبر لینے کے قابل بھی نوھوگے *

قومی ترقی اور قومی عزت حاصل کرنے کے دو ذریعہ ھیں اول امن و امان ملک میں — دوسرے تعلیم و تربیت قوم میں *

ھمکو در حقیقت نہایت سچے دل سے خدا کا شکر کرنا چاھیئے کہ انگریزی گورنمنٹ سے جس قدر کہ ملک میں امن و امان اور رعایا میں آزادی ھی اس کی نظیر دنیا کی کسی گورنمنٹ میں نہیں ھی میں نہایت دلی یقین سے یہہ بات کہتا ھوں کہ جن عمدہ اصولوں پر انگریزی گورنمنٹ ھی اُس سے زیادہ عمدہ اصول گورنمنٹ کے لیئے ھو نہیں سکتے جیسے رعایا کے حقوق اور اُنکی دولت اور اُنکی جان اور اُنکی آزادی اس گورنمنٹ میں محفوظ ھی دنیا میں کہیں نہیں ھی مسلمانی مملداریاں جو پنجاب کے ھمسایہ میں ھیں اُن کے حالات و واقعات سے آپ بخوبی واقف ھیں رھیا یعنی روس کے حالات اور اُس کی خود مختاری تمام دنیا کو معلوم ھی اور بخارا و خیوا کے واقعات نے اَور بھی زیادہ اُس کو ظاھر کردیا ھی ایران کی مملداری کا حال بھی آپ صاحبوں سے پوشیدہ نہیں ھی جرمن و فرانس اور اٹلی اور آسٹریا اور اَور چھوٹی چھوٹی یورپ کی سلطنتیں ایسی امن کی اور اپنی رعایا کو ایسی آزادی رکھنے والی نہیں ھیں ٹرکی اور ایجپٹ اور ٹونس میں کسی قدر فرانس کی گورنمنٹ کی تقلید شروع ھوئی ھی مگر جتنا امن اور رعایا کی آزادی فرنچ میں تھی حالانکہ وہ نہایت دسپاٹک اور جابر گورنمنٹ تھی ابھی اُس رتبہ کو بھی وہ سلطنت نہیں پھونچی ھے جاسکے کہ انگریزی گورنمنٹ کا مقابلہ کیا جاوے امریکا کی گورنمنٹ کو لوگ اچھا بتاتے ھیں مگر میری راے میں اُس کے اصول بھی انگریزی گورنمنٹ سے زیادہ عمدہ نہیں ھیں شاید میری اس بات کو لوگوں نے خیال کیا ھوگا کہ انگریزی گورنمنٹ کی خوشامد سے کہی ھی اگر کسی نے ایسا خیال کیا ھو تو در حقیقت نہایت افسوس کی بات ھوگی کیونکہ میرا یہہ خیال ھی کہ جس گورنمنٹ کی رعایا کے دل میں یہہ بات ھو کہ گورنمنٹ خوشامد کی بات سے خوش اور برخلاف بات سے ناراض ھوگی تو اُس سے زیادہ بدتر کوئی گورنمنٹ نہیں ھو سکتی اگر انگلش گورنمنٹ ایسی ھو تو اُس کی حکومت اور ایک ناتربیت یافتہ گورنمنٹ کی حکومت میں کچھہ فرق نہوگا پس یہہ جو کچھہ کہ میں نے گورنمنٹ کی نسبت کہا یہہ واقعی میرا دل کا خیال ھی اگر ایسی پر امن گورنمنٹ میں بھی ھم اپنی قومی ترقی نہ کرینگے تو اس سے زیادہ کوئی بد نصیبی ھم لوگوں کی نہوگی *

ٹرنس جس کا میں نے ابھی نام لیا ایک چھوٹی سی مسلمانی سلطنت افریقہ کے شمالی کنارہ پر ھی جہاں کا حکمراں بی آف ٹرنس کہلاتا ھی سید خیرالدین جو ایک نہایت ذی علم شخص ھی اُس کا ایک وزیر ھی جو مدت تک یورپ میں رھا ھی اُس نے ایک کتاب تالیف کی ھی جس کا نام اقوم المسالک ھی اور یہہ میرے ھاتھہ میں موجود ھی اور اُس کا اُردو ترجمہ بھی جناب خلیفہ سید محمدحسن صاحب وزیر پٹیالہ کی فیاضی سے چھپ رھا ھی جس کے یہہ اوراق میرے پاس ھیں اُس وزیر نے اپنی کتاب میں یہہ ایک فقرہ لکھا ھی جو میں آپ صاحبوں کے روبرو پڑھتا ھوں " جو سلطنتیں رعایا کو کسی قسم کی آزادی دیں خواہ وہ آزادی شخصی ھی کیوں نہو اُن پر واجب ھی کہ وہ آزادی کی خوبیاں اور اُس کے نتایج کو بھی دیکھتی رھیں اور اُس سے کچھہ فائدہ بھی اُٹھاویں یعنی علوم و فنون کا شیوع کریں اور جملہ قسم کی صناعیوں کو جاری کریں جنکے اصول یہہ چار ھیں ایک فلاحت دوسرے تجارت تیسرے معدن چوتھے فکر اور انہیں چاروں اصول پر تمام انسانی ھمتیں اور دنیاوی بہبودی موقوف ھی " پس میرا یہہ مقصد ھی کہ ھماری قوم اس عالم مسلمان وزیر کی نصیحت پر عمل کرے اور سب لوگ اس پر امن اور آزاد گورنمنٹ کے عہد میں جو ملکہ معظمہ وکٹوریا دام ملکہا کے سایہ عاطفت سے ھندوستان میں ھی اپنی قومی ترقی میں نہایت عمانیت سے کوشش کریں اور ملکہ معظمہ کی جان و مال کو دعا دیا کریں *

دوسرا ذریعہ قومی عزت اور قومی ترقی کا میں نے تعلیم و تربیت کو بیان کیا ھی اس کا ثبوت علانیہ ھمارے سامنے موجود ھی جن جن قوموں نے تعلیم و تربیت میں ترقی کی ھی وھی قومیں دنیا میں ترقی و عزت پر ھیں اور مال و دولت و جاہ و حشمت سے بھی نہال ھیں یہہ ایسی بدیہی بات ھی کہ کوئی شخص بھی اس سے انکار نہیں کرسکتا پس اب ھمکو اپنی قوم کی ترقی دولت و عزت کے لیئے جو کچھہ تدبیر کرنی ھی وہ یہی ھی کہ اُن کی تعلیم و تربیت کے لیئے نہایت عمدہ اور نہایت مفید سامان مہیا کریں *

بعض بزرگوں کا جو ھماری تدبیروں سے اختلاف راے رکھتے ھیں یہہ خیال ھی کہ ھندوستان میں ھماری قوم کی تعلیم و تربیت کے لیئے کافی سامان موجود ھی اور جو علوم کہ ھم ھمیشہ سے پڑھتے آئے ھیں وھی علوم اس زمانہ میں بھی ھماری قومی عزت اور قومی ترقی کے لیئے کافی ھیں اگر یہی راے اَور کسی صاحب کی بھی ھو تو معذوری کی بات ھی کیونکہ اس امر کی نہایت صرف ایک اختلاف راے ھی مگر میں آپ صاحبوں کی خدمت میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ کیا در حقیقت اُن لوگوں کی یہہ راے صحیح ھی میں سمجھتا ھوں کہ ھرگز صحیح نہیں ھی ھماری قوم کے لیئے تعلیم

و تربیت کا کچھہ بھی سامان ہندوستان میں موجود نہیں ہی چھوٹے موٹے مکتب جو لوگوں نے تھوڑے تھوڑے ماہواری یا ششماہی چندہ سے قایم کیئے ہیں اور جن میں ایک بے ترتیب اور غیر مفید تعلیم ہوتی ہی اور بڑھے بوڑھے شخص اُن میں کافیہ اور منیہ تدوری پڑھتے ہیں اور مسجدوں میں سے یا لوگوں کے گھروں میں سے روٹی پاتے ہیں کیا یہہ سامان ہماری قومی تعلیم و قومی تربیت و قومی عزت کے لیئے کافی ہیں حاشا و کلا علوم دینی جو اُن میں پڑھائے جاتے ہیں اگرچہ در حقیقت وہ بھی کافی نہیں ہیں لیکن میں قبول کرتا ہوں کہ جس قدر پڑھائے جاتے ہیں وہ فائدہ سے خالی نہیں مگر اور دنیاوی علوم جو ہماری زندگی کے لیئے مثل غذا کے ضروری ہیں اُن کا کیا بندوبست ہی اور اُن کی کیا تعلیم ہی اب وہ زمانہ اور وہ وقت نہیں ہی کہ تصور و تصدیق اور ہیولا و صورت کی بحث میں عمریں کی عمریں ضایع کر دی جاویں — قدیم علوم پڑھے ہوئے عالم جو اس زمانہ میں موجود ہیں مہربانی سے مجھکو بتاؤ کہ اس دنیا میں کس کام کے ہیں اور اُن کی ذات مبارک سے قوم کو ملک کو ملک کے لوگوں کو کیا فائدہ پہونچتا ہی — ہم صبر کرتے اور کہتے کہ جانے دو اُن سے قوم کو ملک کو فائدہ نہوا نہ سہی اُن کی ذات کو تو اُس سے فائدہ ہوا ہوگا مگر سخت افسوس یہہ ہی کہ اُن کی ذات کو بھی کسی فائدہ کا ہونا معلوم نہیں ہوتا اُن سے پوچھو کہ اُنھوں نے اُن علوم کو حاصل کرکر کیا واقفیت اپنے میں پیدا کی کن چیزوں کی حقیقت واقعی سے واقف ہوئے خدا نے جو عجیب عجیب چیزیں دنیا میں پیدا کی ہیں اور جن کی حقیقت اور حالت اور بناوٹ کی حکمت جاننے سے خدا تعالی کی قدرت پر اُس کے کمال پر اُس کی بے انتہا حکمت پر جو دلی تصدیق سے حاصل ہوتی ہی اُن میں سے کس چیز کی حقیقت سے واقفیت پیدا کی ہی البتہ چند لفظوں کے فرضی معنی قرار دیکر اُن کے اولٹ پھیر کے سوا اور کچھہ نہیں آیا *

میرے ایک دوست کا ایک رشتہ دار دیوبند ضلع سہارنپور کے مدرسہ میں جو لوگوں کے ماہواری یا سالانہ چندہ سے اُنہیں قدیم علموں کی تعلیم کے لیئے قایم ہی تعلیم پاتا تھا اُس نے تمام علوم پڑھ کر فراغت حاصل کی فضیلت کی پگڑی سر پر باندھی مدرسہ سے علحدہ ہوکر اُس نے میرے دوست کو لکھا کہ اب میں کیا کروں میرے دوست نے جو اُن کا رشتہ مند ہی جواب دیا کہ دنیا میں کام آنے کے لایق تو تمنے کوئی چیز سیکھی نہیں اب بجز اس کے اور کچھہ چارہ نہیں کہ کسی مسجد یا چوپال میں جاکر بیٹھو اور مردوں کی فاتحوں کی اور جمعرات کی روٹی پر گذر کرو اور دن رات انہیں الفاظ کو یاد کرتے رہو جو بجز فرضی اور اصطلاحی معنیوں کے اور کوئی حقیقت اصلی نہیں رکھتے *

قطع نظر ان سب باتوں کے آپ سب صاحب اُن مدرسوں کے حالات سے بخوبی واقف ہیں آیا اُن میں جو لوگ تعلیم پاتے ہیں اُن سے کچھہ بھی قومی ترقی اور قومی عزت کی توقع ہوسکتی ہی غیرت ' دلیری ' دل کی بہادری ' خود اپنی آپ عزت کرنی ' دل کا جوش ' طبیعت کی عمدگی ' عالی ہمتی ' ہمدردی ' ولولہ ' جو اصل اصول قومی عزت و قومی ہمدردی کے ہیں ان مدرسوں کے طالبعلموں میں ہونے کی (جو خود نہایت قابل افسوس حالت ہیں گذر گرتے ہیں) حاشا و کلا *

علاوہ اس کے آپ خیال فرماویں کہ وہ مکتب ایسی حالت میں ہیں کہ شریف خاندانوں کو اُن کی حالت پر بخوبی امانیت ہو اور اپنی اولاد کو جن کو وہ جان سے بھی زیادہ عزیز رکھتے ہیں اپنا گھر چھوڑ کر اُن مکتبوں میں پڑھنے اور مسجدوں میں یا کسی شخص کے دروازہ کی کوٹھری میں رہنے کے لیئے پردیس میں بھیجدیں — اگر یہہ سب باتیں اُن مکتبوں میں موجود بھی ہوں تو آپ سب صاحب یقینی اس بات کو تسلیم فرماتے ہونگے کہ تعلیم سے بھی زیادہ مقدم تربیت ہی پس کیا طریقہ اور کیا ذریعہ لڑکوں کی تربیت کا اُن مکتبوں میں ہی جس سے ہمکو اپنی اولاد کی اور اپنی قوم کی بھلائی کی اُمید ہو *

اصل یہہ ہی کہ ہمارے ہندوستان میں کسی زمانہ میں قومی تعلیم کا سلسلہ جاری نہ تھا امیروں اور دولتمندوں کے لڑکے پڑھنے لکھنے سے بہت ہی کم سروکار رکھتے تھے متوسط درجہ کے اشراف خاندان بھی لکھنے پڑھنے کو کوئی عمدہ چیز نہیں سمجھتے تھے ادنی درجہ کے خاندان کے لوگ بجز سپاہی پیشہ ہونے کے اور کچھہ نہیں جانتے تھے معدودے چند خاندان تھے جن کے ہاں مثل اور پیشوں کے پڑھنے لکھنے کا پیشہ ہوتا آتا تھا وہ لوگ بھی در حقیقت بطور ایک پیشہ کے اُس کو کام میں لاتے تھے وہ لوگ چند محتاج طالب علموں کو اپنے ہاں جمع کرکے اُن کو پڑھاتے تھے اور امیر لوگ یہہ سمجھہ کر کہ اُن کے مدرسہ میں یا خانقاہ میں محتاج لوگ جمع رہتے ہیں کچھہ روپیہ بطور خیرات کے بھیجے تھے اور یہہ سمجھتے تھے کہ محتاج طالب علموں کی روٹی کپڑہ میں خرچ ہوگا اور دینے والا سمجھتا تھا کہ جس طرح اور خیرات دینے میں ثواب ہوتا ہی اسیطرح اس خیرات کا بھی ثواب ہوگا وہی خیالات اور وہی عادتیں اب تک لوگوں کے دلوں میں جمی ہوئی ہیں وہ جانتے ہی نہیں کہ قومی تعلیم و تربیت کیا چیز ہی اور وہ کس طرح پر ہو سکتی ہی اور

قوم کو کس طرح اُس پر متوجہہ ہونا لازم ہی — اب منقریب ہمارے دوست خان بہادر محمد حیات خاں صاحب ولایت تشریف لیجانے والے ہیں اور ضرور کیمبرج اور آکسفورڈ کا بھی ملاحظہ کرینگے اور مجھہ سے زیادہ اپنی قوم پر اور اپنی قوم کی حالت پر افسوس فرماوینگے آپ سنکر تعجب کرینگے کہ صرف کیمبرج کے مدرسوں کی جائداد اس قدر ہی کہ جس کی آمدنی مہاراجہ سیندھیا کی تمام سلطنت کی آمدنی سے زیادہ ہی اور یہہ جائداد صرف قوم نے اپنی قوم کی تعلیم و تربیت کے لیئے دی ہی اُس کا نتیجہ یہہ ہی جو آج ہم سب اپنی آنکھوں سے دیکھہ رہے ہیں اگر ہماری قوم اُس ضرورت پر خیال کرے جو اولاد کی تعلیم و تربیت کے لیئے ہی اور یہہ بھی ہماری قوم کے دل میں کسی طرح سما جاوے کہ نہایت عمدہ اصول پر مدرسۃالعلوم قایم کیئے بغیر ہماری اولاد کی تعلیم و تربیت غیر ممکن ہی تو ایک مدرسۃالعلوم کیا بیسیوں مدرسۃ لعلوم قایم ہوسکتے ہیں خدا کرے کہ ہماری قوم سمجھے اور اس طرف متوجہہ ہو *

ان مکتبوں کے سوا سرکاری مدرسہ میں اور پنجاب میں بالتخصیص ایشیا کی زبانوں کی ترقی کرنے کا بھی بندوبست ہی جو بزرگ ہماری راے کے مخالف ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہہ سرکاری مدرسے ہمارے لیئے کافی ہیں مگر اُن کا دل خوب جانتا ہی کہ ہماری مخالفت اُن سے یہہ باتیں کہواتی ہی ورنہ وہ یقین جانتے ہیں کہ ہم مسلمانوں کی اغراض کے لیئے یہہ سرکاری مدرسے کافی نہیں ہیں اگر میں اُس کی تفصیل اور وجوہات اور اُن کے اسباب کا بیان کروں کہ کیوں یہہ سرکاری مدرسے ہماری اغراض کے لیئے کافی نہیں ہیں تو بہت لمبی گفتگو ہو جاویگی اور مجھے خوف ہی کہ میں اُس کو آج ختم بھی نہ کر سکونگا مگر میں ایک نتیجہ پر آپ صاحبوں کو متوجہہ کرتا ہوں جس سے تصفیہ ہوجاویگا کہ یہہ سرکاری مدرسے ہمارے دینی و دنیوی اغراض کے لیئے کافی ہیں یا نہیں پس میں سوال کرتا ہوں کہ ہماری قوم کے لوگ ان سرکاری مدرسوں سے دل سے وابستہ ہیں — نہیں — ہماری قوم کے لڑکے بقدر تعداد واجب ان مدرسوں میں جاتے ہیں اور تعلیم پاتے ہیں — نہیں — ہماری قوم کے لڑکوں نے سواے دو تین کے ان مدرسوں کی بدولت یونیورسٹی کی ڈگریاں حاصل کی ہیں — نہیں — کوئی انجینیر بنا ہی — نہیں — کسی نے ایل ایل بی کی ڈگری پائی ہی — نہیں — کسی نے ان مدرسوں میں علم ادب ایسا سیکھا ہی جو ادیب کہلایا جا سکتا ہو — نہیں — پس جب کہ یہہ نتیجہ ہی تو صاف ثابت ہی کہ کچھہ تو ان مدارس میں ایسی بات ہی جو ہماری اغراض کے لیئے کافی نہیں ورنہ ہم لوگ اُن سے گرویدہ ہوتے اور جن سوالوں کا جواب ڈھونڈھا ہی سب کا ہاں ہوتا پھر ہم پوچھتے ہیں کہ ہماری قوم کے جن لوگوں نے ان مدرسوں میں تعلیم پائی ہی آخر کچھہ بھی اُنہوں نے کیا ہی ؟ ہاں یہہ کیا ہی کہ کسی اسکول میں اُنہیں پڑھی ہوئی کتابوں کو طوطے کی طرح پڑھانے کے لیئے یا کسی دفتر میں چٹھیات کی نقل اس طرح نقل کرنے کے لیئے جس کا مطلب اُن کی سمجھہ میں نہ آسکے لیاقت پیدا کی ہی اور اس پر طرہ یہہ ہی کہ بعض تو اپنے مذہب کا ایک مسئلہ تک نہیں جانتے اور بعضے مذہب ہی کو مسلم کرتے ہیں پس اب انصاف کرو کہ کیا یہہ بات سچ ہی کہ یہہ مدرسے ہماری تمام اغراض کے لیئے کافی ہیں اور کیا ان مدرسوں کی تعلیم سے ہمکو اپنی قومی عزت و قومی ترقی کی توقع ہی ہرگز نہیں ہرگز نہیں *

اے صاحبوں میں اُوپر ثابت کرآیا ہوں کہ عمدہ تعلیم و تربیت ہی قومی عزت اور قومی ترقی کا اصلی ذریعہ ہی مگر کوئی قوم عزت نہیں پاسکتی جب تک کہ تعلیم ایک مقدار مناسب سے اُس قوم میں رایج نہو اور اُس مقدار مناسب کا اندازہ حسب تفصیل ذیل ہوسکتا ہی *

ضرور ہی کہ اُس قوم میں ایک گروہ معتدبہ اعلی درجہ تعلیم کا ایسا پیدا ہو جس میں سے کوئی کسی علم میں اور کوئی کسی علم میں دستگاہ کامل رکھتا ہو اور اسی طرح تمام علوم کے کامل لوگ اُس قوم میں موجود ہوں جن کی عقل و فہم اور سعی و کوشش سے علم و فن کو روز بروز ترقی ہو اور جن کے نام سے ہماری قوم کو عزت اور فخر ہو اور پھر اُن لوگوں کی تعداد بھی ایسی ہو جن پر اطلاق النادر کالمعدوم کا نہو *

اس کے بعد ایک بہت بڑا گروہ متوسط درجہ تعلیم کا اُس قوم میں ہونا چاہیئے جو عالی رتبہ مصنفوں کی علمی تصنیفات کو نہایت عمدگی سے جانتا ہو اور ہر ایک دقیقہ اور باریک باریک اصول سے بطوریِ واقف ہو اور تعلیم کے ذریعہ سے وہ سب باتیں اپنی قوم کو سکھا سکتا ہو اس گروہ کی تعداد ایسی ہونی چاہیئے کہ باعتبار قومی تعداد کے ایک مناسب مناسبت رکھتی ہو *

اس کے بعد ادنی درجہ تعلیم کا ہی مگر اس میں بھی تین قسم کے گروہوں کا ہونا ضرور ہی ایک گروہ ایسا ہو جو کل قوم سے تعداد میں ایک مناسبت معقول رکھتا ہو اور اُس نے اسقدر تعلیم پائی ہو کہ خاص اپنی عقل و علم سے اپنے کاموں کو انجام دے سکے *

اس کے بعد اس درجہ کے ایسے لوگ بہ تعداد کثیر ہونے چاہیئیں جو اپنے دنیوی ضروری کاموں کا انجام بطوریِ تمام کرسکتے ہوں اور

جو کہ یہہ لوگ محض جاہل نہیں ہوتے کے تو ضرور ان میں اسقدر علم کی روشنی ہوگی کہ جو ترقیاں علوم و فنون میں ہرروز ہوتی جاتی ہیں اُس کے وسیلہ سے اُن سے فائدہ اُٹھا سکیں گے *

اس کے بعد اُن لوگوں کا درجہ ہی جو جسمانی محنت کرنے کی لیاقت رکھتے ہوں اُن میں بھی اسقدر استعداد ہونی چاہیئے کہ آسان آسان کتابیں اور سہل سہل چھوٹے چھوٹے اخبار مذہبی مسائل کی کتابیں پڑھ سکتے ہوں تھوڑا بہت اپنا مطلب لکھہ لیتے ہوں حساب کرسکتے ہوں *

جن قوموں میں ان سب مراتب کے تعلیم یافتہ مناسب تعداد سے موجود نہوں اُس قوم کو کبھی ترقی نہیں ہوسکتی اور نہ دوسری قوم کی نگاہ میں وہ قوم کچھہ عزت حاصل کرسکتی ہی — مدت سے میں اپنی اس راے پر غور کیا ہی جسپر میں نہایت مضبوط ہوں اور ایک رسالہ میں جو میں لندن میں لکھکر مشتہر کیا تھا اُس میں بھی یہہ راے ظاہر کی تھی — اور میری اس راے کی صحت اُن قوموں کے حالات پر نظر کرنے سے بخوبی ثابت ہوتی ہی جو اب دنیا میں درجہ بدرجہ ترقی یافتہ موجود ہیں جس میں یہہ باتیں پوری پائی جاتی ہیں وہ پوری ترقی میں ہیں اور جس میں جتنی کمی ہی اُتنا ہی اُس میں نقصان ہی پس یہہ اندازہ ہی قومی ترقی کا جو میں نے بیان کیا اور یہی ہمارا مقصد ہی کہ ایسی ہی ترقی تعلیم کی ہماری قوم میں ہو جاوے پس اب میرا سوال یہہ ہی کہ کیا وہ خانگی مکتب جو لوگوں نے کہیں کہیں قایم کیئے ہیں اور کیا یہہ سرکاری مدارس جو بڑی شان و شوکت سے قایم ہیں ان سب قسموں کے تعلیم یافتہ اشخاص اور پھر اُسی تعداد مناسب سے جو میں نے بیان کی ہماری قوم میں پیدا کردینگے ہرگز نہیں — اگر کسی کی راے اس کے برخلاف ہو تو بتلاوے کہ ان مکتبوں اور سرکاری مدرسوں سے کون شخص ایسا پیدا ہوا ہی جس کو ہم اول قسم میں غایت درجہ دوسری قسم میں شمار کرسکیں ایک نہیں تو پھر کیوں نہ میری راے صحیح ہو اور کیوں نہ اُس کو تسلیم کیا جاوے *

یہہ امور جو میں نے بیان کیئے اور مکرر کہا کہ سرکاری مدارس ہمارے تمام اغراض کے پورا ہونے کو کافی نہیں ہیں یہہ ایسے امور ہیں جن کی اصلاح گورنمنٹ کی طرف سے ہونی ناممکن ہی دل سے اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ جو سعی و کوشش گورنمنٹ نے ہندوستان کی تعلیم پر کی ہی وہ ایسی ہی جس کی مثال دنیا میں اور کسی عملداری میں موجود نہیں ہی تمام رعایاے ہندوستان کو گورنمنٹ کی اُس فیاضی اور مہربانی کا جو اُس نے بالخصوص تعلیم کے باب میں ہندوستان کی رعایا کی نسبت کی ہی دل و جان سے شکر گذار ہونا چاہیئے — گورنمنٹ انگلشیہ ہندوستان میں مختلف اقوام اور مختلف مذاہب کی رعایا پر حکومت کرتی ہی اور اس لیئے اُس کو طریقہ تعلیم ایسا اختیار کرنا فرض ہی جو بالکل ثامرفندار ہو اور اُس نے ایسا ہی طریقہ اختیار کیا ہی یہاں تک کہ اُس نے انتظام تعلیم میں اپنے مذہب کی اور اپنی قوم کی بھی کچھہ طرفداری نہیں کی پس یہہ کیسی عجیب اور کیسی عمدہ بات ہی مگر مسلمانوں کی تعلیم کا حال اور قوموں کی تعلیم سے جو ہندوستان میں آباد ہیں بالکل مختلف ہی اُن کا مذہب اُن کی مذہبی تعلیم عام تعلیم میں ایسی ملی ہوئی ہی کہ جیسے جسم و جان جب اُس کو علحدہ کیا جاویگا جسم بے جان رہ جاویگا اور کبھی اس قسم کی بے جان تعلیم سے ہماری تمام اغراض پوری نہونگی برخلاف ہندوستان کی اور قوموں کے کہ اُن کے ہاں مذہبی تعلیم عام تعلیم سے بالکل علحدہ ہی بلکہ سواے ایک قوم کے اور کوئی قوم کسی وقت میں اور اُس وقت میں بھی جبکہ اُن کے ملک پر غیر قوموں نے حملہ نہیں کیا تھا مذہبی تعلیم سے تعلق نہیں رکھتی تھی گورنمنٹ تمام مذہبی تعلیم سے اپنے مدارس میں دست کش ہی اور اُس کو ایسا ہی کرنا چاہیئے پس گورنمنٹ کے مدارس ہندوستان کی اور قوموں کے اغراض پورا کرنے کے لیئے نامناسب نہیں ہیں مگر مسلمانوں کے تمام اغراض کے پورا کرنے کو محض ناکافی ہیں اور یہی باعث ہی کہ ہمارے اُن سے وابستہ نہیں ہیں — پانچوں حصہ ہم مسلمانوں کو بالتخصیص اپنی گورنمنٹ کا زیادہ شکر کرنا اسلیئے واجب ہی کہ اُس نے خاص مسلمانوں کی تعلیم پر یہ نسبت دوسری قوم کے زیادہ توجہ فرمائی ہی اور حضور عالی جناب لارڈ نارتھ بروک صاحب نے متعدد خاص خاص احکام اسباب میں جاری کیئے ہیں گورنمنٹ مدراس نے اسپر زیادہ توجہ کی ہی اور گورنمنٹ بمبئی و بنگال نے بھی بہت کچھہ اندنوں میں تبدیلی کی ہی اور ہمارے ملک کے جناب نواب لفٹننٹ گورنر بہادر نے بھی حال میں کچھہ نئی تجویزیں فرمائی ہیں اور گورنمنٹ پنجاب تو پہلے ہی سے اس طرف زیادہ متوجہ ہی مگر جو کہ گورنمنٹ پوری پوری تدبیر بمجبوری اختیار نہیں کرسکتی اسلیئے وہ تمام تدبیریں ادھوری ہیں جسکو انگریزی میں ہاف میجر کہتے ہیں اور اسلیئے باوصف کافی توجہ گورنمنٹ کے ہمارے اغراض کو کافی اور ہمارے حالات کے پوری پوری مناسب نہیں ہیں پس اس بیان سے بخوبی ثابت ہوتا ہی کہ جب تک ہم خود اپنے لیئے عمدہ تعلیم کا ذریعہ قایم نکرینگے ہماری تمام اغراض جو تعلیم سے متعلق ہیں پوری نہونگی *

ان تمام حالات پر غور کرکر ایک گروہ مسلمانوں نے جس گروہ کا میں خادم ہوں یہہ تجویز کی ہی کہ ایک مدرسۃ العلوم مسلمانوں کی

تعلیم کے لیئے کیمبرج لور آکسفورڈ کے نمونہ پر قایم کیا جاوے جس میں علوم دینی و دنیاوی اور تمام وہ علوم جنکی تعلیم قومی ترقی اور قومی عزت کا باعث ہو تعلیم دیئے جاویں اور مسلمان لڑکوں کی تربیت کا طریقہ بھی جو تعلیم سے بھی زیادہ ضرور ہی اُس میں نہایت عمدگی سے ملحوظ رکھا جاوے اس کام کے لیئے ایک کمیٹی مقرر ہی جس میں مختلف اضلاع کے بزرگ و نیک طینت پاک سرشت لوگ ممبر ہیں اور مجھکو اسبات کے کہنے سے بھی بڑی خوشی ہی کہ پنجاب کے بزرگوں میں سے بھی خان بہادر محمد حیات خاں صاحب سی ایس آئی اور خان بہادر محمد یوسف علی خاں صاحب و نواب نوازش علی خاں صاحب و نواب عبدالمجید خاں صاحب بھی اُس کمیٹی کے ممبر ہیں اور علوم جو اس مدرسۃالعلوم میں پڑھائے جانے تجویز ہوئے ہیں اور جو طریقہ تعلیم و تربیت کا کمیٹی میں پیش ہوا ہی اُسکو کمیٹی نے مشتہر کیا ہی جو میرے پاس موجود ہی اس طریقہ کی جو عمدگی اور خوبی ہی وہ اُسپر غور کرنے سے بخوبی واضح ہوتی ہی مگر ایک ادنہ بات اُس کی اس وقت عرض کرنی مناسب سمجھتا ہوں *

طالب علموں کو جو اس سلسلہ تعلیم میں داخل ہونگے علوم مذہبی کی بھی تعلیم دیجاوے گی سنیوں کو موافق اصول اہل سنت و جماعت کے اور شیعوں کو موافق اصول مذہب امامیہ اثنا عشریہ کے مذہبی تعلیم کا اہتمام خاص خاص ممبروں سے متعلق ہوگا جو اس کام کے لیئے منتخب کیئے جاوینگے سنیوں کی تعلیم سنی ممبروں سے متعلق ہوگی اور شیعوں کی تعلیم شیعہ ممبروں سے — ایک حد معین تک جملہ طالب علموں کو علوم دینی پڑھنے ہونگے اور اُس کے بعد ہر شخص کو اختیار ہوگا کہ اعلی سے اعلی درجہ تک علوم مذہبی کی تکمیل کرے اور جو طالب علم علوم مذہبی میں فایق ہونگے اُن کے لیئے فلوشپ پچاس روپیہ ماہواری کی ایک میعاد مناسب تک ملنی تجویز ہوئی ہی علوم دنیاوی کی تعلیم میں تمام مفید علوم جن سے قومی ترقی متصور ہی داخل ہیں اور عربی و فارسی و انگریزی اور اُڑ قدیم زبانیں بھی داخل تعلیم ہیں اور ایسا عمدہ قاعدہ مقرر کیا گیا ہی کہ جو طالب علم جس زبان میں چاہے تمام علوم کی تکمیل کرے ممکن ہی کہ ایک طالب علم صرف عربی زبان پڑھے اور اُ ی میں جون جون سے علوم چاہے اُن کی تکمیل کرے اور یہہ بھی ممکن ہی کہ اگر کوئی طالب علم انگریزی زبان پڑھے اور اُسی میں علوم کی تکمیل کرنی چاہے اُسی کو پڑھے اور اُسی میں تکمیل کرے اور کامیاب طالب علموں کے لیئے بھی وظیفہ ماہواری اور بعد تکمیل علوم کے فلوشپ پچاس روپیہ ماہواری ملنی تجویز ہوئی ہی اور اُمید ہی کہ یہہ ترغیبیں ایسی مفید ہونگی کہ ہماری قوم کے لوگوں کو تعلیم و تربیت کی طرف زیادہ متوجہ کرینگی *

جو کہ ایک ایسا بڑا قومی کام بغیر امداد تمام قوم کے اور بلا جمع ہونے سرمایہ کثیر کے غیر ممکن ہی اس لیئے تمام قوم سے اس کام کے انجام کے لیئے چندہ دینے کی درخواست ہی ہر ایک غریب امیر کے سامنے ہاتھہ پھیلایا جاتا ہی کہ خدا کے واسطے اپنی قوم کے واسطے اپنی اولاد کے واسطے اپنی قوم پر رحم کرو اور جو مقدور ہو اس کام کے انجام کے لیئے چندہ دو تاکہ سرمایہ جمع ہو اور اُس کی آمدنی اس مدرسۃالعلوم کے اخراجات کے لیئے مکتفی ہو زر چندہ سے اس مدرسہ کے لیئے جایداد خریدنی تجویز ہوئی ہی جایداد دو قسم کی ہوگی اول از قسم اراضی معافی یا دواسپی اور دیہات مالگذاری دریم گورنمنٹ پرامیسری نوٹ اگرچہ مدت ہوئی کہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب نے اُس منافع کو جو گورنمنٹ پرامیسری نوٹ سے حاصل ہوتا ہی مباح و جایز بتلایا ہی اور اُن کا تحریری فتوی لوگوں کے پاس ہی اور جناب مجتہد مذہب امامیہ نے بھی اُسکے جواز کا فتوی دیا ہی اور اہل مذہب شیعہ کو اُس کے جواز میں کچھہ شبہہ و تامل نہیں ہی الا بعض بزرگان اہل سنت و جماعت کو اُس کے جواز میں کلام ہی اور اسلیئے وہ پسند نہیں کرتے کہ اُن کا روپیہ پرامیسری نوٹ میں لگایا جاوے اسلیئے یہہ قاعدہ قرار پایا ہی کہ جو صاحب چندہ دینے والے پرامیسری نوٹ کے خریدنے سے ممانعت کرینگے اُن کا چندہ نہایت احتیاط سے علاحدہ رہیگا اور بجز دیہات کے خریدنے کے اور کسی کام میں نہ لگایا جاویگا یہہ قاعدہ بھی قرار پایا ہی کہ اگر کوئی صاحب یہہ بات متعین کردینگے کہ اُن کا روپیہ فلاں علم کی تعلیم میں خرچ ہو تو اُن کے روپیہ کی آمدنی اُسی علم کی تعلیم میں خرچ ہوگی یہہ قواعد ایسی دوراندیشی سے مقرر کیئے گئے ہیں کہ کسی شخص کو اس بات کا رنج و اندیشہ نہیں رہنے کا کہ اُس کا روپیہ اسطرح پر کام میں آتا ہی جو اُس کی مرضی کے موافق نہیں ہی اس کمیٹی کی رجسٹری حسب قانون عمل میں آئی ہی جس سے کوئی ممبر روپیہ کو اُس کام کے سوا جس کے لیئے روپیہ ہی اور کسی بات میں خرچ نہیں کرسکتا یہہ بھی قاعدہ قرار پایا ہی کہ اصل سرمایہ جو چندہ سے جمع ہوگا وہ کبھی خرچ نہیں کیا جاویگا بلکہ اُس روپیہ سے جایداد لی جاویگی اور صرف زر آمدنی جایداد مدرسۃالعلوم میں خرچ ہوگا اور سرمایہ ہمیشہ قایم رہیگا بہت سے امیروں و غریبوں نے اس کام میں مدد کی ہی اور اس وقت تک مقدار چندہ ایک لاکھہ روپیہ سے زیادہ ہوگئی ہی حضور والی جناب لارڈ نارتھہ بروک صاحب نے اپنی فیاضی سے دس

ھزار روپیہ اپنی جیب خاص سے اس کام کے لیئے چندہ مرحمت فرمایا ھی جس کے لیئے تمام مسلمانوں کو شکر گذار ھونا واجب ھی اور اور رئیسوں نے بھی چندہ دیا ھی سواے جناب لارڈ نارتھ بروک صاحب کے چندہ کے بڑی سے بڑی مقدار چندہ کی پانچ ھزار روپیہ اور چھوٹی سے چھوٹی مقدار ایک پیسہ ھی اگرچہ اس بات سے نہایت افسوس ھی کہ کسی مسلمان رئیس کا چندہ اب تک حضور لارڈ نارتھ بروک صاحب کے چندہ سے بڑا نہیں ھی حالانکہ ضرور تھا کہ ایسے کام کے لیئے متعدد رئیسوں کے چندے حضور ممدوح کے چندہ سے بہت بڑے بڑے ھوتے *

اس وقت تک اسی قدر نتیجہ کمیٹی کی کوشش کا ھی مگر جابجا سب کمیٹیاں مقرر ھوتی جاتی ھیں اور قوم بھی اس کام پر کچھہ کچھہ متوجہ ھونے لگی ھی اور اُمید ھی کہ روز بروز چندہ کو ترقی ھوتی جاویگی ارادہ ھی کہ دس پندرہ لاکھہ روپیہ اسی طرح چندہ سے جمع کیا جاوے — گورنمنٹ نے سرکاری طور پر بھی اس مدرسہ کی امداد کا بموجب قواعد گرینٹ ان ایڈ کے وعدہ فرمایا ھی پس جس قدر چندہ ھم جمع کرینگے اور جس قدر آمدنی اُس سے پیدا کرینگے اُسی قدر گورنمنٹ بھی عطا کریگی پس ایک لاکھہ روپیہ سے زیادہ جو کمیٹی نے جمع کیا ھی اُس کو دو لاکھہ سے زیادہ تصور کرنا چاھیئے اور اسی طرح جس دن کمیٹی پانچ لاکھہ روپیہ جمع کرلیگی حقیقت میں وہ دس لاکھہ ھونگے اور جس وقت ساڑھے سات لاکھہ روپیہ جمع کرلیگی اُس وقت وہ پندرہ لاکھہ ھونگے اور اگر خدا کی مدد سے کمیٹی نے پندرہ لاکھہ روپیہ جمع کرلیئے تو وہ حقیقت میں تیس لاکھہ ھونگے پس اس وقت کمیٹی کی نظر پنجاب کی سخاوت اور فیاضی پر ھی اور اُمید کرتی ھی کہ پنجاب کی فیاضی سے بہت کچھہ فائدہ مسلمانوں کی قومی ترقی و قومی عزت کو ھوگا *

مسلمانوں کی کمیٹی جس وقت کہ اس نیک کام میں سعی کررھی تھی تو اُس کو اُمید قوی تھی کہ ھر فرقہ کے تمام مسلمان بلا لحاظ کسی باھمی اختلاف کے یا اختلاف راے کے اور بلا خیال اختلاف مذھب کے باھم متفق ھوکر اس نیک کام کے انجام میں ممد و معاون ھونگے بڑا اندیشہ اس بات کا تھا کہ مبادا سنی و شیعہ بسبب اختلاف مذھب کے باھم کچھہ اختلاف کریں مگر خدا کا ھزار ھزار شکر ھی کہ ان دونوں فرقوں میں تو اس بات کا کچھہ اختلاف نہیں ھوا سنی و شیعہ دونوں کمیٹی اسلامی کے ممبر ھیں اور دونوں ایک دل ھو کر اس کار خیر کے انجام میں ساعی ھیں مگر نہایت افسوس کی بات ھی کہ سنیوں ہی میں سے بعض لوگوں نے جو تعصب مجسم ھیں اس کام سے اختلاف کیا ھی اور جہاں تک اُن سے ھوسکا ھی اس کام میں خلل ڈالنے اور اس میں ابتری کرنے کی کوشش کی ھی اور کوئی دقیقہ اس قومی بھلائی کے معدوم کرنے میں اپنی دانست میں باقی نہیں چھوڑا جابجا جھوٹے اور اتہام کے پورے ھوئے رسالہ تقسیم کیئے ھیں اور اُمید ھی کہ پنجاب میں بھی بہت سے آئے ھونگے مگر جن کے نام سے وہ رسالہ آئے ھیں اُن کا نام نامی اس معاملہ میں تو صرف ایک پردہ ھی اور جتنی تحریریں اُن کے نام سے چھپی ھیں صرف اُن کا نام ھی نام ھی ورنہ در اصل ایک اَور صاحب جو اُنکی خدمت میں حاضر ھیں اور یہہ سب تحریریں کرتے ھیں اُنھوں نے چند میرے اقوال کو کسی قدر صحیح و کسی قدر تحریف کرکر ایک فتوی تحریر کرایا ھی جس کا مطلب یہہ ھی کہ ان اقوال کے سبب سید احمد کافر و مرتد ھی مجھے اس میں کچھہ کلام نہیں کیونکہ میں اُن کے کافر بنانے سے کافر نہیں ھوسکتا تکفیر کے فتوے کچھہ نئی بات نہیں ھی کون شخص بزرگان دین میں سے بچا ھوا ھی جس کی تکفیر کے فتوے نہیں ھوئے حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تکفیر کے فتوی ھوئے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کافر بنائے گئے جناب حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کافر قرار دیئے گئے اور علماء ھی کے فتوے سے اُن کی ریش مبارک نوچی گئی اور گوالیار کے قلعہ میں قید ھوئے اگر میں اُن سب بزرگوں کا نام لوں جن پر کفر کے فتوے جاری ھوئے تو غالباً کئی جزو میں بھی اُنکی فہرست ختم نہوگی پس جب کہ یہہ حال ھی تو میں غریب کس گنتی میں ھوں مجھکو اپنی تکفیر کے فتووں کا نہ کچھہ ڈر ھی نہ کچھہ غم مگر میں صرف اُس جھوٹی بات کا ذکر کرتا ھوں جو مدرسۃ العلوم کی نسبت اُس فتوے میں مندرج ھی یہہ وہ فتوے ھیں جو میرے ھاتھہ میں ھیں اور یہہ طریقہ تعلیم ھی جو مدرسۃ العلوم کے لیئے کمیٹی میں پیش ھوا ھی جو استفتا کیا گیا ھی اُس میں یہہ بات ظاھر کی گئی ھی کہ میں ایک شخص نہایت بد عقیدہ ھوں اور اُنھیں بد عقیدوں کے موافق مذھبی تعلیم مدرسۃ العلوم میں جاری کرنا چاھتا ھوں اور اس دروغ بے فروغ کو حقیقت واقع قرار دیکر سوال کیا ھی کہ ایسی حالت میں تائید مدرسۃ العلوم جایز ھی یا نہیں پس یہہ بات جو استفتا میں لکھی ھی ھر شخص کمیٹی کی روئدادیں دیکھہ کر کہہ سکتا ھی کہ محض جھوٹ ھی کمیٹی نے صاف صاف تجویز کیا ھی کہ جو مذھب شیعہ و سنی کا ھی اور جو اصول اُن کے مذھب کے ھیں اور جو کتابیں اُن مذھبوں کی ھیں وھی مذھب اور وھی اصول اور وھی کتابیں مدرسۃ العلوم میں پڑھائی جاوینگی میرے بد عقیدہ ھونے یا نہونے کو اُس میں کچھہ مداخلت نہیں ھی — میرے عقیدہ سے لوگوں کو کیا کام ھی یہہ مدرسہ عام لوگوں کے لیئے بنایا جاتا ھی جس میں متعدد

فرقہ مسلمانوں کے شیعہ و سنی و وھابی و بدعتی داخل ھیں اور یقینی ایک دوسرے کو بد عقیدہ سمجھتا ھی پس جو شخص کہ اس مدرسہ کے قیام میں کوشش کریگا وہ بلا شبہہ ایسا ھی ھوگا کہ تین فرقہ منجملہ چار فرقوں کے اُس کو بد عقیدہ سمجھینگے اور ایسا کوئی ایک شخص بھی پیدا نہو سکیگا جس کو چاروں فرقہ نیک عقیدہ سمجھیں پس میں اُن بزرگواروں کے نزدیک جو مجھے کافر بتاتے ھیں خواہ اَوْر دس بیس مسلمانوں کے نزدیک بد عقیدہ سہی مگر مدرسۃالعلوم کا اس میں کیا نقصان ھی ھر ایک فرقہ کے لوگوں کو یہہ بات دیکھنی چاھیئے کہ جو مذھبی تعلیم اُسمیں ھوتی قرار پائی ھی وہ اُس فرقہ کے مذھب سے جس فرقہ کے لیئے وہ تعلیم ھی موافق ھی یا مخالف — اے بزرگان پنجاب میں آپ سے تمثیلاً ایک بات عرض کرتا ھوں — میں فرض کرتا ھوں کہ میں بد عقیدہ ھوں — مگر میں آپ سے پوچھتا ھوں کہ اگر ایک کافر مرتد آپ کی قوم کی بھلائی پر کوشش کرے تو کیا آپ اُسکو اپنا خادم اپنا خیرخواہ نہ سمجھینگے آپ کے لیئے دولت سرا بنانے میں جس میں آپ آرام فرماتے ھیں اور آپ کے بچے پرورش پاتے ھیں آپ کے لیئے مسجد بنانے میں جس میں آپ خدائے واحد ذوالجلال کا نام پکارتے ھیں چوھڑے چمار قلی کافر بت پرست بد عقیدہ سب مزدوری کرتے ھیں مگر آپ نہ کبھی اُس دولت خانہ کے دشمن ھوتے ھیں اور نہ کبھی اُس مسجد کے منہدم کرنے پر آمادہ ھوتے ھیں پس اب مجھکو بھی اس مدرسۃالعلوم کے قایم کرنے میں ایک قلی چمار کی مانند تصور کیجیئے اور میری محنت اور مشقت سے اپنے لیئے گھر بنتے دیکھیئے اور اس وجہہ سے کہ اُس کا بنانے والا یا اُس میں مزدوری کرنے والا ایک قلی چمار ھی اپنے گھر کو مت ڈھائیے کیا آپ صاحب مجھہ ایک بد بخت نامہ سیاہ کی شامت اعمال سے اپنی تمام قوم کو اور اُن کی اولاد کو نسلاً بعد نسل ڈبونا اور خراب و خستہ حالت میں ڈالنا چاھتے ھیں اگر آپ سب صاحب میری حالت کو بدتر جانتے ھو اُسی سے عبرت پکڑو اور برائے خدا اپنی قوم کی اپنی اولاد کی بھلائی و بہتری کی فکر کرو — اگر مجھکو بدعقیدہ و کافر و مرتد جانتے ھو اور میرے ھاتھہ سے اِس کام کا ھونا ناپسند کرتے ھو بسم اللہ میں علاحدہ ھونے پر موجود ھوں کوئی دوسرا شخص کھڑا ھو اور اس تمام کام کو انجام دے چشم ما روشن مگر یہہ بات کسی طرح پسندیدہ نہیں ھی کہ نہ آپ کریں اور جو کوئی دوسرا کرے تو اُس کو کافر و مرتد بتلادیں ھمت و جوانمردی اور قومی ھمدردی کی بات یہی ھی کہ قوم کی بھلائی کرو اور اگر یہہ دیکھتے ھو کہ مجھسے قوم کو برائی پہونچنے والی ھی فی‌الفور مجھکو الگ کرو اور آپ اس کام کے انجام کا بیڑا اُٹھاؤ ورنہ کانپور میں بیٹھے رھنا اور جو کام کرنے کا ھی اُس سے کانوں پر ھاتھہ دھرنا کسی شخص کے نزدیک بھی پسندیدہ نہوگا *

اے صاحبوں میں دن رات اس غم میں اپنی زندگی بسر کرتا ھوں کہ انسان کی زندگی کا کچھہ بھروسا نہیں ھی خصوصاً مجھسے آدمی کا جس نے بہت بڑا حصہ اپنی زندگی کا طی کرلیا ھی اور اگر کچھہ باقی ھی تو بہت قلیل باقی ھی جب میرے کوچ کا وقت آپہونچیگا تو کون شخص اس تمام کام کو اُٹھاویگا اور کون شخص اس کو انجام پہونچا ویگا اگر خدا تعالی کوئی ایسا شخص پیدا کردے کہ وہ میری زندگی ھی میں مجھکو اس کام سے آزاد کردے اور تمام بوجھہ اپنے اوپر اُٹھالے تو مجھکو تو اُس سے زیادہ خوشی اور خورمی کا کوئی وقت نہیں ھونے کا مگر جب تک میری زندگی ھی یہہ مجھسے نہیں ھوسکتا کہ میں اپنی قوم کو کنوئیں میں گرتا دیکھوں اور چپکا بیٹھا رھوں اور اپنی قوم کو مرتا پاؤں اور اُس کے منہہ میں پانی نہ چواؤں *

ھاں ایک بات مدرسۃالعلوم میں تعلیم کی نسبت ضرور قرار پائی ھی اور وہ یہہ ھی کہ جو مسلمان انگریزی پڑھنا چاھے بلکہ انگریزی کے سوا اور چند قدیمی زبانیں تحصیل کرنا چاھے تو اُس کو ضرور پڑھائی جاوینگی پس جو لوگ کہ انگریزی پڑھنے کو کفر و ضلالت سمجھتے ھیں اُن کے جواب دینے کو میرے پاس کچھہ نہیں ھی *

یہہ بھی سچ ھی کہ مدرسۃالعلوم میں یہہ بھی تجویز ھوئی ھی کہ دنیاوی علوم وہ پڑھائے جاویں جو اس زمانہ میں مفید و بکار آمد ھیں اور ایسا انتظام تعلیم کیاجاوے کہ جن علوم و فنون جدیدہ سے جو یورپ میں ایجاد ھوئے ھیں اور جن سے ھماری قوم ناواقف محض ھی اُن سے واقفیت کامل حاصل ھو جن لوگوں کو یہہ بات ناگوار ھی اُس کا بھی کچھہ علاج نہیں مگر اتنی بات تو ضرور سمجھنے اور تصفیہ کرنے کے قابل ھی کہ آیا اُن لوگوں کی ناگواری نسبت اُن علوم کے ناواجب ھی یا اُن علوم کا تعلیم میں داخل کرنا ناواجب ھی میں چاھتا ھوں کہ اس کا تصفیہ ایک ایسے عالم مسلمان کی راے پر چھوڑا جاوے جو خود بھی عالم ھی اور بہت سے عالم مسلمان اُس کے تحت میں ھیں اور وہ خود ایک مسلمانی سلطنت کا نائب‌السلطان ھی اور کئی لاکھہ مسلمانوں پر حکومت کرتا ھی وہ خود مسلمان ھی ملک کا ملک مسلمان ھی حکومت مسلمان ھی پس اب دیکھو کہ وہ کیا کہتا ھی یہہ شخص وھی ھی جس کا نام‌نامی تھوڑی دیر ھوئی کہ مینے لیا تھا یعنی سید خیر الدین وزیر سلطنت ٹرنس یہہ کتاب اُس کی اقوم‌المسالک میرے ھاتھہ میں ھی

اور میں چند مقام اُس کتاب کے آپ صاحبوں کو سناتا ہوں اُنھوں نے ارقام فرمایا ہی کہ "جب میںنے دنیا کی مختلف قوموں کی ترقی اور تنزل کے اسبابوں کو نہایت فکر و تامل کے ساتھہ دیکھا اور مسلمانوں اور فرنگیوں کی تواریخ سے جہاں تک ممکن تھا ڈھونڈ ڈھونڈکر اُنکو نکالا اور جو کیفیت مسلمان لوگوں کی اُن حالات کے لحاظ سے جو اُن پر ابتداے زمانہ میں طاری تھے اور جو فی زمانہا طاری ہیں اور جو آیندہ تجربہ کی روسے اُن پر ہونے والے ہیں اُن دونوں قوموں کے مورخوں نے لکھی ہی اُس کو بھی میںنے دیکھا تو خواہ مخواہ مجھکو یہہ یقین ہوگیا اور میرے اس یقین کا شاید کوئی مرد مسلمان مخالف نہوگا اور نہ اس کی مخالفت کے واسطے وجہہ نکلیگی کہ جب ہم ایک قوم کی ترقی اور انتظام مملکت کی خوبی کا خیال کریں اور اُس کی ہمت کو بھلائی اور نفع کی باتوں پر حد سے زیادہ مایل پائیں تو اس صورت میں ہمکو اپنی بھلائی کی باتوں کے اچھی طرح سمجھنے اور جانچنے کے لیئے بجز اِس کے اور کوئی طریقہ نہیں ہی کہ ہم ایک ایسی قوم کی حالت کو نظر تامل سے دیکھیں جو ہمارے گروہ کی نہیں ہی اور اُس کی ترقی کے اسباب کو دریافت کریں خصوصاً اُس قوم کی حالت کو جو ہمارے قرب و جوار میں ہی رہتی ہو اور پھر ہم اُن جدید ہنرمندیوں اور کمالات کو خیال کریں جو فیزمانہا علم و عمل کے موافق ہونے سے پیدا کیئے گئے ہیں اور ان باتوں کا لحاظ کرکے ہم تمام دنیا کو یہہ سمجھیں کہ گویا ساری دنیا بمنزلہ ایک شہر کے ہی جس میں مختلف قومیں اس قسم کی رہتی ہیں جن کی ضرورتیں باہم ملی جاتی اور ایک دوسرے پر موقوف ہیں اور یہہ خیال کریں کہ گو ہر ایک فرقہ اپنی خاص خاص ضرورتوں میں اپنے ہی نفس کا محتاج ہی مگر بلحاظ اُن فواید کے جو سب کی نسبت عام ہیں سب قومیں ایک دوسرے کی محتاج ہیں پس جو شخص ان باتوں پر غور کریگا جو ہمارے تجربہ کی روسے بلاشبہہ صحیح ہیں اور یہہ بھی اپنی دیانت کی روسے جانتا ہوگا کہ شریعت اسلامیہ دین و دنیا دونوں کی مصلحتوں پر مشتمل ہی کیونکہ دنیاوی معاملات کی اصلاح امور دینیہ کے استحکام کی بنیاد ہی تو اُس شخص کو یہہ بات نہایت بری معلوم ہوگی کہ وہ ایسے علماء اسلام کو جو بسبب اپنی امانت اور دیانت کے اس بات کے ذمہ دار ہیں کہ احکام شرعیہ کے جاری کرنے میں مصلحت وقت کا ضرور لحاظ رکھیں غوامض اور دقایق شرعیہ کے کھولنے اور منافع دینیہ کی حقیقت بیان کرنے سے پہلوتہی کرتا دیکھے اور دانستہ اغماض کرتا پاوے اور ایسے علما کی عقلیں ظاہری اور باطنی مصلحتوں کے سمجھنے سے قاصر ہوں اور اُن کے ذہن اُن سے خالی رہیں کیونکہ یہہ بات سب جانتے ہیں کہ ایسے خاص خاص لوگوں کا ایسا ہونا عوام الناس کو اُن باتوں کے دریافت کرنے سے جو اُن کی ترقی اور بھلائی کے لیئے ضرور ہیں محروم رکھتا ہی" *

پھر وہ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ "سب سے بڑا کام اس کتاب کے تالیف کرنے سے میںنے اپنے دل میں یہہ ٹھہرایا تھا کہ میں اُس کے ذریعہ سے بڑے بڑے ناصی علماء کو اُن باتوں سے آگاہ کروں جن کی اطلاع سے لوگوں کو ایسی باتوں کے دریافت کرنے میں مدد ملیگی جن کی حسب مقتضاے زمانہ اور مصلحت وقت ہمکو نہایت بڑی ضرورت ہی اور اُن باتوں کا ذکر کروں جن پر فی زماننا انسان کے جملہ معاملات ظاہری اور باطنی کا مدار ہونا چاہیئے تاکہ جو اہل سیاست بلکہ علی العموم جو لوگ خراب غفلت میں ہیں وہ سب بیدار ہو جاویں" *

پھر وہ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ "یورپ کی قوموں کے تمام معاملات نظم و نسق اور طریقہ سیاست اور تمدن کو میںنے اس غرض سے بیان کیا ہی کہ مسلمان لوگ بھی اُن میں سے جن باتوں کو اپنے حسب حال اور اپنے حق میں بہتر دیکھیں اُن کو اختیار کرلیں اور جو باتیں ہماری شریعت کے مخالف نہیں ہیں بلکہ مساعد ہیں اُن کو اپنے برتاؤ میں داخل کریں تاکہ شاید وہ اُس تدبیر سے پھر اپنے اُن کمالات کو حاصل کرلیں جو کسی زمانہ میں ہمارے ہاتھوں سے نکل گئے ہیں اور شاید ہم اس ذریعہ سے اپنے ہاں کی اس تفریط کے گرداب سے نجات پاویں جو آجکل ہماروں میں پھیل رہی ہی *

پھر وہ ایک مقام پر لکھتے ہیں کہ "اس کتاب کے تالیف کرنے اور اُس میں مطالب مذکورہ بیان کرنے کی ضرورت مجھکو ظاہرا دو وجہہ سے معلوم ہوئی اگرچہ حقیقت میں ان دونوں وجہوں کا مآل واحد ہی ایک تو اُن دونوں میں سے غیرت دلاکر برانگیختہ کرنا غیرت دار اور متامند اور عالم اور صاحب ثروت اہل سیاست مسلمانوں کا اسبات پر ہی کہ وہ ذرا ہوشیار ہوکر اُن وسیلوں کو دریافت کریں جن کے سبب سے مسلمانوں کی یہہ خراب حالت آیندہ اصلاح پذیر ہو اور جن کے سبب سے اُن کے علم و فضل اور طریق تمدن وغیرہ میں ترقی ہو اور جن کی بدولت اُن کی ثروت و عزت کے سامان مہیا ہوں مثلاً تجارت یا زراعت یا صناعی اور دستکاری کے کام رونق پکڑیں اور اُن سب کاموں کے اسباب اُن کے لیئے پیدا ہو جاویں اور جن باتوں سے اُن پر ذلت اور افلاس چھا رہا ہی وہ سب رفع ہوجاویں * * *

دوسری بات جو اس تالیف کا باعث ہی اُن غافل لوگوں کا ہوشیار کرنا اور متنبہ کرنا ہی جو ایک اچھی بات کو صرف اس خیال سے نہیں اختیار کرتے کہ وہ ظاہرا اُن کی شریعت میں نہیں ہی اور اس

غلط خیال کا منشا یہہ ھی کہ وہ دوسرے مذھب کے لوگوں کی جملہ باتوں کو اسی قابل سمجھتے ھیں کہ اُن کو ترک کیا جاوے خواہ وہ باتیں کسی قوم کی عادات میں سے ھوں خواہ تدابیر ملکیہ سے متعلق ھوں یہاں تک کہ وہ غافل لوگ غیر مذھب والے کی تالیفات کو بھی پڑھنا برا سمجھتے ھیں اور اگر کوئی شخص اُن کے سامنے غیر مذھب والے کی تالیفات یا عمدہ باتوں کی تعریف کرے تو وہ اُس شخص کو برا بھلا کہنے پر مستعد ھو جاتے ھیں حالانکہ یہہ بات بالکل حماقت کی ھی اور سراسر خطا ھی اس لیئے کہ جو کام فی نفسہ اچھا ھو اور ھماری عقل بھی اُس کو تسلیم کرے خصوصاً وہ کام جس کو کبھی ھم لوگ ھی کیا کرتے تھے اور غیروں نے اُس کو ھمسے ھی اُڑا لیا ھی تو ایسے کام سے انکار کرنے یا اُس کے چھوڑ دینے کی کوئی وجہہ نہیں ھی بلکہ جب وہ کام کسی زمانہ میں ھماری ھی قوم کے عمل درآمد میں تھا تو ھمکو ایسے کام کے پھر حاصل کرنے میں نہایت شوق اور تمنا ظاھر کرنی چاھیئے اور گو یہہ بات مسلم ھی کہ ھر اھل مذھب اپنے مذھب کے سامنے دوسرے کے مذھب کو ضلالت خیال کرتا ھی لیکن اس سے یہہ بات لازم نہیں آتی کہ غیر مذھب والے کی دنیوی باتیں بھی بری ھو جاویں یا جو کام کہ مصلحت ملکی کے لحاظ سے اُس نے کیا ھی وہ بھی ضلالت ھوجاوے اور ھمکو اُن کاموں میں غیر مذھب والی قوم کا اتباع ممنوع ھو دیکھو فرنگیوں کا ھمیشہ سے یہہ دستور ھی کہ جب وہ کسی قوم کا کوئی کام اچھا دیکھتے ھیں فوراً اُس کے کرنے پر مستعد ھوجاتے ھیں چنانچہ وہ اپنی ایسی ھی باتوں کے سبب سے آج اپنی ترقی اور بلندی کے اُس رتبہ پر ھیں جس کو سب لوگ آنکھوں سے دیکھتے ھیں اور حقیقت میں ایک پرکھیئے دانشمند کا کام بھی یہی ھی کہ جو بات اُس کے سامنے پیش آوے خواہ وہ کسی کا قول ھو یا فعل ھو اُس کو نظر امتیاز سے تاڑ کر جانچے اور اگر اُسکو اچھا دیکھے تو فورا اخذ کرلے اور دل سے اُس کو بہتر سمجھے گو اُس کا موجد دین میں سچا ھو یا جھوٹا اس لیئے کہ حق بات کچھہ لوگوں سے نہیں پہچانی جاتی بلکہ لوگ حق بات سے پہچانے جاتے ھیں اور حکمت مسلمان کے لیئے بمنزلہ گم شدہ چیز کے ھی جہاں کہیں اُس کو پاوے فورا لیلے * * * حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا ھی قول کی خوبی کی طرف دیکھو قایل کے حال کی صرف مت دیکھو اور جب کہ ھمارے متقدمین نے غیر ملت کے لوگوں سے علوم منطق کو نفع کی چیز سمجھہ کر اپنی زبان میں ترجمہ کرلیا اور اُس کے رواج کو مستحسن جانا یہاں تک کہ امام غزالی علیہ الرحمۃ نے لکھا ھی کہ جو شخص منطق نہ جانتا ھو گویا علم اُس کا اچھا ھی تو پھر ھمکو کس چیز نے منع کردیا ھی کہ ھم اس زمانہ میں غیر ملت قوم کی جن باتوں کو اپنے حق میں نافع اور کارآمد دیکھیں اُن کو نہ یاد کرلیں اور جن باتوں کی طرف ھم کو مکائد اعدا سے محفوظ رھنے اور صدھا منفعتوں کے حاصل کرنے میں نہایت حاجت ھو اُن کو اختیار نہ کریں کتاب سنن المہتدین میں شیخ الموافق المالکی نے صاف لکھا ھی کہ غیر قوم کے ساتھہ جن باتوں میں مشابہت ممنوع ھی وہ صرف وھی باتیں ھیں جو ھماری شریعت کے خلاف ھیں اور جن باتوں کو غیر ملت کے لوگ موافق طریقہ مندوبہ یا مباح یا واجب کے کرتے ھوں اُن کو ھم صرف اس خیال سے نہیں چھوڑ سکتے کہ غیر ملت کے لوگوں کا بھی ان پر عمل درآمد ھی اس واسطے کہ ھماری شریعت نے ھمکو غیر قوم کے ساتھہ ان باتوں میں مشابہ ھونے سے منع نہیں کیا جن کو وہ قوم بھی کارخانہ قدرت کی اجازت سے کرتی ھو اور حاشیہ در مختار میں علامہ شیخ محمد بن عابد بن الحنفی نے تو یہاں تک بتصریح لکھا ھی کہ جن باتوں میں خلاق خدا کی بہتری اور ترقی ھو اگر اُن کے کرنے میں ھم کسی غیر ملت قوم کے ساتھہ مشابہ ھو جاویں تو کچھہ خرابی نہیں ھی اور بڑے تعجب کی بات یہہ ھی کہ جو لوگ فرنگیوں کی باتوں کے اتباع سے سخت انکار کرتے ھیں وہ اپنی بھٹئی کی باتوں میں تو انکار کرتے ھیں اور جو باتیں اُن کے حق میں مضر ھیں اُن میں اُن کی مشابہت سے کچھہ اُن کو انکار نہیں ھی کیونکہ وہ لوگ صریح فرنگیوں کا بنا ھوا کپڑا پہنکر خوش ھوتے ھیں اور اُنہیں کا اسباب گھروں میں رکھتے ھیں اور اُنہیں کے ھتیار اور اوزار ضرورت کی چیزیں استعمال میں لاتے ھیں *

اسی قسم کی بہت سی باتیں اس عالی رتبہ مصنف نے اپنی کتاب میں لکھی ھیں پس دیکھو کہ کس طرح ایک مسلمانی سلطنت کا وزیر اور نہ صرف وزیر بلکہ ایک بہت بڑا عالم ھمکو علوم و فنون جدیدہ کے حاصل کرنے کی رغبت دلاتا ھی اور صرف رغبت ھی نہیں دلاتا بلکہ اُس کو دینی و دنیاوی قومی ترقی و بہبودی کا ذریعہ بتاتا ھی *

بعض بزرگوار ھمکو یہہ نصیحت کرتے ھیں کہ انگریزوں کو سلام مت کرو کیونکہ اس میں اُن کی عزت کرنا ھی حالانکہ مسلمانوں کو انگریزوں کی عزت کرنی جایز نہیں ھی لیکن اگر کچھہ غرض ھو تو مضایقہ نہیں پھر انگریزوں سے مصافحہ کرنے کو حرام بتاتے ھیں اور کہتے ھیں کہ اگر مصافحہ کیا ھو تو ھاتھہ دھو ڈالنا چاھیئے وہ کہتے ھیں کہ اگر غلطی سے کسی انگریز کو سلام کرلے تو جاکر کہے کہ میرا سلام پھیر دو وہ کہتے ھیں کہ انگریزوں سے دل سے جدائی اختیار کرنی چاھیئے اُن سے دوستی نہ رکھے وہ ھر ایک بات کو

جو انگریز کرتے ھیں گو کہ وہ دنیاوی ھی کیوں نہو کفر بتاتے ھیں اُن کے علوم کو سیکھنا اُن کے طریقہ تمدن و معاشرت کو سیکھنا اُنکے ساتھہ بیٹھنا اُن کے ساتھہ کھانا گو کہ اُس میں کوئی چیز بھی محرمات شرعیہ میں سے نہو کفر بتاتے ھیں اُن کی دوستی کو تو اشد کفر میں اُنھوں نے داخل کیا ھی پس اب آپ صاحب ان دونوں نصیحتوں پر غور فرماویں کہ ان میں سے مسلمانوں کے لیئے کون سی بہتر ھی میں تو اس پچھلی نصیحت کو مذھب اسلام کے بھی برخلاف جانتا ھوں کیا ھمارا مذھب اسلام جو بالکل سچائی ھی ایسی دغلی باتیں سکھاتا ھی اور کیا ھندوستان کے مسلمانوں کے حق میں یہہ بہتر ھی کہ انگریزوں سے دشمنی رکھیں دریا میں رھیں اور مگر مچھہ سے بیر اور کیا در حقیقت مذھب اسلام کا یہہ حکم ھی ھرگز نہیں ھرگز نہیں مذھب کی رو سے ھمارا فرض ھی کہ ھم بادشاہ وقت کی گو وہ کافر ھی کیوں نہو دل سے اطاعت کریں سب سے محبت و سچی دوستی سے ملیں جو عیسائی و یہودی و ھندو ھمارے درست ھیں ھم نہایت سچی دوستی اور دلی محبت سے اُن سے پیش آئیں مگر اُن کے مذھب کو سچا نہ سمجھیں بلکہ خدا سے دعا مانگیں کہ وہ ھمارا دوست اسلام کی راہ راست پر آجاوے اگر ھم اپنے مذھب کی خوبی اور نیکی اور عمدگی غیر مذھب والوں کو دکھانی چاھیں اور اُن کے دلوں کو اپنے مذھب کی طرف مایل کرنا چاھیں تو بھی اس سے زیادہ کوئی طریقہ نہیں ھی کہ ھم اُن سے نہایت سچی محبت اور دلی ھمدردی سے پیش آویں ھمارے ھادی ھمارے پیشرا خاتم الانبیا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی کیا خدا فرماتا ھی فبما رحمۃ من اللہ لنت لھم و لو کنت فظاً غلیظ القلب لا نفضوا من حولک تمام بزرگان دین نے یہی طریقہ برتا ھی اُنھیں کی بدولت قبل اس کے کہ سلطنت اسلامیہ ھندوستان میں آوے اسلام کے نور سے ھندوستان منور ھوا ھی جن کے مزارات متبوکہ کے نشانات اب تک ھندوستان کے ھر مقام میں موجود ھیں رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ھمارے دوست مولوی امداد العلی صاحب کے افعال بھی یہی ھیں ایام غدر میں اُنھوں نے بہت کچھہ خیرخواھی انگریزی گورنمنٹ کی کی ھی میوٹنی میڈل جس میں جناب ملکہ معظمہ وکٹوریا کی تصویر ھی اُن کو ملا ھی اُس کو پہنتے ھیں اور نہایت فخر کرتے ھیں ھر ایک انگریز سے نہایت عاجزی سے پیش آتے ھیں اور اگر کبھی نواب لفٹننٹ گورنر صاحب مجلس میں ھوتے ھیں تو اپنا دل اور اپنی آنکھیں فرش راہ کرتے ھین *

اے صاحبوں مجھکو معاف کرو کہ میری گفتگو کچھہ لمبی ھوگئی میرا مقصد تھا کہ اِس مجلس عام میں تمام حالات کو صاف صاف بیان کروں اور یہہ بات ظاھر کردوں کہ مدرسۃ العلوم کی مخالفت کچھہ قوم کے لیئے بھلائی نہیں ھی اگر آپ صاحب اُس میں کچھہ نقصان دیکھیں اُس کی اصلاح کی طرف متوجہ ھوں نہ کہ اُس کی بربادی کی فکر کریں جیسا کہ میں نے اُوپر بیان کیا پھر اخیر میں یاد دلاتا ھوں کہ میری شامت اعمال پر خیال نہ فرماویں بلکہ اس پر غور کریں کہ جو تدبیریں مسلمانوں کی تعلیم و بہتری کی کی گئی ھیں اُن میں کیا نقص ھی اگر میرے ھاتھہ سے اس کا انجام ھونا مناسب نہو اور میری شامت اعمال ایسے درجہ پر پہونچ گئی ھو کہ مسلمانوں کی خدمت کرنے کے بھی قابل نہ رھا ھوں میں نہایت دل سے اور خوشی سے اس بات پر راضی ھوں کہ اَور کوئی صاحب کھڑا ھو اور اس کام کو اپنے ھاتھہ میں لے اور جسطرح مقصود ھی اُسکو انجام پہونچاوے —

اے برادران دینی یہہ سب نزاعیں اور مخالفتیں جو پیش آتی ھیں یہہ پوری دلیلیں ھماری قوم کی بد نصیبی و بد اقبالی کی ھیں دیکھو ھماری قوم کا کیا حال ھو گیا ھی اور کیا ھوتا جاتا ھی اور اس قسم کی لغو و بیہودہ نزاعوں اور تفرقوں سے کیا ھو جاویگا پس ھم سب کو واجب ھی کہ باھم اتفاق و ھمدردی سے اپنی قوم کی بھلائی میں متفق ھوں اور اس مدرسۃ العلوم کے قایم ھونے کے لیئے جو جسکی توفیق ھو خود بھی مدد کرے اور نیز اور لوگوں سے تحصیل کرنے میں بھی کوشش کرے *

اس شہر میں آپ صاحبوں نے جو صدر سب کمیٹی واسطے تحصیل چندہ مدرسۃ العلوم کے مقرر کی ھی اُس کی شکر گذاری ھم مسلمانوں پر واجب ھی اور اُمید ھی کہ جو لوگ اس کے محرک ھوئے ھیں اُس کی جزاے خیر خداے کریم سے پاوینگے اور اس میں بھی شک نہیں کہ جب تک مسلمانوں کی نسل ھندوستان میں ھی اُن کا نام نامی ھمیشہ ھماری قوم میں یاد رھیگا اب میں آپ صاحبوں کا دل و جان سے شکر ادا کرتا ھوں اور جس طرح کہ میں بزرگان پنجاب کا ممنون اور شکر گذار ھوں اسی طرح میں پنجاب کے نامی گرامی اخباروں اور اُن کے ایڈیٹروں بالتخصیص پنجابی اخبار لاھور و کوہ نور و اخبار انجمن پنجاب و وثیقہ اخبار کا شکر ادا کرتا ھوں کہ اُنھوں نے مدرسۃ العلوم مسلمانان کی بڑی تائید کی اور جو حق قومی ھمدردی کا تھا وہ ادا کیا خدا ھمارے کاموں کا مددگار ھو و اخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین و صلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد و الہ و اصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین *

اس کے بعد مولوي محمد سميع الله خاں صاحب بہادر سب آرڈینیٹ جج علیگڈہ نے مجمع سے حسب ذیل گفتگو کي *

تقریر مولوي محمد سميع الله خاں صاحب بہادر

اے حضرات جناب اگرچہ اس سے پہلے میںنے اس بات کا قصد نہیں کیا تھا کہ میں اس انجمن میں کچھہ گفتگو کروں لیکن میرے اُن معزز دوستوں نے جو اس معزز مجلس میں میرے لانے کے باعث ہیں مجھہ سے خواہش کي ہی کہ میں بھي چند الفاظ اس مجلس میں بیان کروں لہذا بپا بندي اُن کے ارشاد کے کچھہ کہنا ضرور ہی سب اہل اسلام اس بات کو جانتے ہیں کہ ہماري قوم کے آغاز کو تیرہ سو برس کے قریب گذرے ہیں — یہہ قوم ایک ایسے ملک میں تھي جہاں در حقیقت علوم عقلي کا نشان بھي نہ تھا لیکن جب سے اس قوم کا آغاز ہوا چھہ سو برس تک اس قوم نے اپني کوشش سے اپني ترقیات ایسے اعلی درجہ پر پہونچائیں جس سے وہ بھي دنیا کي قوموں میں اعلی درجہ کي قوم شمار ہونے لگي — بہت سے فنون اس قوم میں ایسے اعلی درجہ پر پہونچے جن کي وجھہ سے اس قوم کو اُن کا موجد کہنا بیجا نہیں ہی — اس قوم سے اُن قوموں نے بہت سے علوم کو اخذ کیا ہی جو آج شایستہ خیال کي جاتي ہیں چھہ سو برس کے بعد اس قوم نے اپني حالت میں تنزل شروع کیا اور اب اُس ابتر حالت میں پہونچي ہی جس میں آج ہم اور آپ اُسے دیکھتے ہیں جن علوم کے اُن کے باپ دادا موجد تھے آج اُن سے اُن کو مطلق واقفیت نہیں ہی — جو اولوالعزمیاں ان میں پہلے وقتوں میں تھیں اُن کا اب اُن میں اثر بھي باقي نہیں رہا — یہہ ہمیشہ کا قاعدہ ہی کہ جس قوم نے ترقي پائي ہمیشہ اُس نے اپنے قومي اتفاق سے ترقي پائي ہماري قوم میں یہہ بات مدت سے معدوم ہو گئي ہی اس سبب سے ہماري قوم پر اب یہہ حالت تنزل کي طاري ہوئي ہی جس سے آج وہ سب سے ادنی درجہ میں شمار کي جاتي ہی بعض مسلمانوں نے اپني بري حالت دیکھہ کر اور اپني ہمسر قوم کو آگے بڑھا ہوا پاکر اس بات کي فکر کي کہ ہم کو اُن اسباب کا سرچنا چاہیئے جن کے سبب سے ہماري یہہ حالت ہوگئي چنانچہ اُنھوں نے اول ایک کمیٹي قایم کي جس میں اول اس بات کا تصفیہ ہوگیا کہ وہ اسباب کیا ہیں اور نتیجہ اُس کا بالکل یہہ تھا "بے علمي" اسي واسطے اس قوم کے لوگوں نے اپنے واسطے ایک مدرسۃالعلوم قایم کرنے کي فکر کي ہی اور چونکہ اس مدرسۃالعلوم کے واسطے کثیر چندہ کي ضرورت ہی لہذا ہندوستان کے ہر حصہ کے مسلمانوں سے چندہ ہونا ضرور ہی جس جوش سے کہ آج اہل پنجاب مختلف مقامات سے تشریف لاکر اس مجلس میں شامل ہوئے ہیں اُس سے آپ صاحبوں میں قومي ہمدردي کا جوش ثابت ہوتا ہی اور مجھکو اُمید ہوتي ہی کہ اہل پنجاب اپنے فیاضانہ چندہ سے مدرسۃالعلوم میں ایک نمونہ قایم ہونگے *

اس کے بعد سید محمد محمود صاحب بیرسٹر ات لا خلف الصدق نجم الہند جناب مولوي سید احمد خاں صاحب بہادر کھڑے ہوئے اور حاضرین جلسہ کي طرف مخاطب ہوکر حسب ذیل تقریر کي *

تقریر سید محمد محمود صاحب بیرسٹر ات لا

جناب صدرانجمن و بزرگان اسلام سائنان پنجاب

میرا اس موقع پر آپ صاحبوں کے سامنے کھڑے ہوکر کسي قسم کي گفتگو اُن اُمور پر کرنا جن کا حال آج آپ اس قدر مفصل سن چکے ہیں بالکل ایک فضول کام ہی اور گو میرا یہاں آنا محض ایک امر اتفاقي تھا اور نیز اس وقت آپ لوگوں کے سامنے گفتگو کرنا بھي صرف برجھہ اصرار چند احباب کے ہی لیکن تاہم میں یقیناً اس بات کو بہتر سمجھتا ہوں کہ گو میرے چند الفاظ اُس جوش دل کے اظہار کے واسطے جو مجھکو اور میرے ساتھہ تمام مسلمانوں کو اس موقع پر ہونا چاہیئے کسي قدر ناقص اور نا کافي ہونگے اور گو میرے وہ چند الفاظ کچھہ فائدہ مند نہ ہوں مگر اتنا فائدہ اُن سے ضرور ہوگا اور آپ صاحبوں کے دل پر اس قدر بے شک ظاہر ہو جاویگا کہ ایک اَور شخص بھي ایسي ہي دلسوزي کے ساتھہ اس مجلس میں شریک ہی *

آپ صاحب نہایت عمدہ طور سے سن چکے ہیں کہ ہماري قوم جو کسي زمانہ میں فتحمند قوم تھي جس کے پاس کسي زمانہ میں ہر قسم کے علم موجود تھے علم طب علم انجنیري علم عمارت اور اَور ہر قسم کے علوم و فنون جو انسان کي ذاتي راحت اور ذاتي منفعت خواہ قومي نظر سے علاقہ رکھتے تھے اُس کے پاس موجود تھے — وہ قوم جو کسي زمانہ میں تمام دنیا کي قوموں میں معزز تھي — وہ قوم جو ایک نہایت خراب و خستہ ویران جنگلوں سے نکلي جہاں کوسوں تک آبادي اور میلوں تک پاني اور سایہ نہ تھا — وہ قوم جو اُس زمانہ سے رفتہ رفتہ اپنے خدا کي مہرباني سے اور اپني قومي محبت کے واولہ سے اُس جنگل سے جہاں سوائے ستاروں اور ہمارے رسول مقبول کے کوئي اُن کا رہنما اور ہادي نہ تھا ایسے ایسے ملکوں میں داخل ہوئي جو قدیم زمانوں سے اپنے آپ کو نہایت مغرور اور زور آور سمجھہ رہے تھے — وہ سلطنتوں بادشاہان روم کي اور وہ قیصر جن کي فوجوں کي کوئي حد اور شمار باقي نہ تھي — وہ کیان ایران جنکے آگے ہزارہا سوار اور پیدل صف بستہ حاضر تھے سب کو ہماري قوم نے مطیع کیا — ہم جن کي صورت وہ قوم تھي جنھوں نے اُس ویران جنگل سے نکل کر اُن زبردست اور قوي ملکوں کو فتح کیا اور اپنے

مذھب کو جس کو وہ اپنے دل سے سچا سمجھتی تھی ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھیلا دیا اب اُس قوم کی بقایا کون ھی ھم لوگ ھیں جو اس وقت موجود ھیں پس وہ لوگ جو مسلمانوں کی تاریخ سے واقف ھیں خوب جانتے ھیں کہ سنہ ایک ھجری سے سنہ ۶۰۰ ھجری تک مسلمان بے شک ترقی کرتے گئے اپنے پرانے خیالات بت پرستی کو ترک کرتے گئے اور اپنے گرد و نواح کے ملکوں سے اور اُنھیں قوموں سے جن کو اُنھوں نے فتح کیا تھا علم و ھنر کا ثمرہ حاصل کرتے رھے یونان سے ھندوستان سے ھر قسم کے علوم و فنون کو مسلمانوں نے حاصل کیا اور یہہ ترقی قریباً سنہ ۶۰۰ ھجری تک برابر جاری رھی مگر پھر یہہ قوم ایک اوچھالے ھوئے پتھر کی مانند نیچے کو گرتی چلی آئی اب خیال کرو کہ بارہ سو برس پہلے کیا تھا اور غور کرو کہ ملک پنجاب و ممالک مغربی و بنگالہ و اودہ و دیگر ممالک ھند میں غدر سے پہلے کس قدر ھمارے پاس دولت تھی کسقدر ایسے عالم موجود تھے جن کی شاعری جن کی خوش بیانی تمام قوم کے بچہ بچہ کے لیئے بھی موجب فخر تھی اب کہاں ھی وہ زبان جس کی موجد ھماری قوم ھی — وہ مسلمان جنھوں نے اس ملک کو فتح کیا اور جنھوں نے اس زبان کو قایم کیا جس میں اسوقت میں آپکے سامنے یہہ عرض کر رھا ھوں — وہ زبان جو کہ چند قرن پیشتر کوئی زبان نہ تھی اور اب وھی زبان ھماری اصلی زبان خیال کی جاتی ھی وہ زبان جس میں اب ھم اپنے خیالات اپنے درستوں سے اپنے جوروؤں سے اپنے بچوں سے ظاھر کرتے ھیں بتاؤ کہ اس زبان میں وہ کون ھی جسکو اب ھم بڑا شاعر یا ایک بڑا منشی کہہ سکیں دھلی بلشبہہ وہ مقام ھی جس کا ھر در و دیوار سیر کرنے والے کے واسطے ایک بڑا پر اثر سبق ھی جس کے ھر خستہ مینار اور ھر خستہ در سے ملکوں کی تاریخوں کا حال کھلتا ھی جس میں ایسے لوگ بھی گذرے جن کا خطاب طوطی ھند تھا بتلاؤ کہ اب وھاں کون ایسا شخص باقی ھی جس پر ھم فخر کرسکیں آخر زمانہ میں البتہ ذوق مومن خاں اور سب سے آخر میں مرزا غالب ایسے کامل شخص تھے جن کی فارسی جنکی اُردو ھم اپنے ھاتھہ میں لیکر اُس پر فخر کرسکتے ھیں اُن کے مضامین سے اپنے دل کو شاد اور اپنے احباب کو اُن سے خوش کرسکتے ھیں مگر وہ زبان جسکے ھم موجد تھے اب چند سال کے بعد شاید بالکل مر جاویگی کیا آپ کو معلوم نہیں ھی کہ آپ کے ھمسایہ میں یعنی اضلاع شمال و مغرب میں ھمارے بھائی قوم ھندو جو اگر دانشمندی سے ھندوستان کے عام فائدوں پر غور کرتے تو کبھی ایسا خیال نہ کرتے اُنھوں نے یہہ خواھش کی ھی کہ اُس زبان کو سرکاری دفتروں میں سے مٹا ڈالیں ھماری ھمسایہ قوم نے اس بات کا کچھہ خیال نہیں کیا کہ آپس میں لڑ کر کیا نتیجہ حاصل کرینگے میں کہتا ھوں کہ اب یہہ قوم شاید ھمارے ساتھہ دست بدست چلنا نہیں چاھتی اور جو بڑی کوشش اُن کی طرف سے ھو رھی ھی اُس کا نتیجہ بالکل یہہ ھوگا کہ وہ چند مسلمان جو اس ملک میں اب تک بھی کسی کسی دفتر میں بطور محرر یا اظہار نویس کے روزی پاتے ھیں وہ بھی اپنی روزی سے محروم ھو جاویں اب اُن تاریخی واقعات کے اظہار کی طرف بھی اُنھوں نے توجہہ کی ھی جو ھندوؤں اور مسلمانوں سے متعلق ھیں وہ رنج ظاھر کیئے جاتے ھیں جو کسی زمانہ میں ھمارے مورثوں کی بد افعالیوں سے ھندوؤں کو پہونچے تھے میں کہتا ھوں کہ ان پرانی باتوں کا مدفون ھی رھنا بہتر ھی بہ نسبت اس کے کہ وہ جگائی جاویں اور دونوں قوموں کے سامنہ پیش کی جاویں اور وہ ولولہ پیدا کیا جاوے جس سے ملکی خرابیاں پیدا ھوں میرا ھرگز یہہ مطلب نہیں ھی کہ میں ھندوؤں کی طرف سے مسلمانوں کے دلوں میں کسی طرح رنج کو پیدا کریں حاشا و کلا — میں ھمیشہ دل و جان سے اس بات پر یقین کرنے والا ھوں کہ جب تک مسلمان و ھندو ایک برادرانہ محبت سے ملک کی ترقی میں کوشش نہ کرینگے اُس وقت تک ھمارے ملک کو پوری ترقی نہوگی گو ھم کیسی ھی ترقی کر جاویں مگر جب تک ھندو ناشایستہ رھیں جن کی تعداد اس ملک میں ھماری بہ نسبت بہت زیادہ ھی اُس وقت تک ھمارا ملک اندھیرے میں رھیگا جب تک ھمارے وہ درست جن کی محبت سے ھمارے دل کی خوشی جن کی دولت سے ھماری زندگی کی راحت ھی خراب خستہ حالت میں رھینگے ھرگز کبھی پوری خوشی نہیں ھوسکتی ایک ایسے زمانہ میں جس میں دنیا کی سب قومیں ترقی کر رھی ھیں جس وقت ھر قسم کے علم و ھنر کو اعلی درجہ کی ترقی ھوتی جاتی ھی جس وقت کہ سب وہ حق اور استحقاق جو کہ برٹش سبجیکٹ یعنی رعایاے برطانیہ کو دن بدن ملتے جاتے ھیں کیا ھمکو زیبا ھی کہ آپس میں قومی اختلاف کو ترقی دیں کیا ایسے زمانہ میں ھمکو یہہ مناسب ھی کہ آپس میں لڑیں اور ایک دوسرے کو کافر و ملحد ٹھراویں کیا یہہ وہ موقع ھی کہ اپنی کم و بیش کوشش کو بھی اپنے آپس کے اختلافوں سے بیکار کردیں *

اے سائنان پنجاب گو تمھارا ملک ھمارے ملک سے دور ھی اور گو تمھاری اور ھماری زبان میں کچھہ اختلاف ھو اور گو تمھاری اور ھماری شکل میں بھی کچھہ فرق ھو مگر یہہ وہ زمانہ ھی کہ ھم اور تم ملکر مثل ایک آدمی کے ایک ھی مقصد کے واسطے ایک سی جرأت ایک سی عالی ھمتی کے ساتھہ کھڑے ھو جاویں ھمکو اور تمکو یکساں اس مدرسۃالعلوم کی مدد پر آمادہ ھو جانا چاھیئے تاکہ ھماری اور تمھاری اولاد اُس سے فائدہ اُٹھاوے اور ھمکو تمکو دعا دے اب تک ھم یہہ فخر کرتے رھیں کہ ھم فلاں کے پوتے ھیں اس فخر میں کہ

ھمارے باپ دادا ایسے اور ایسے تھے کب تک اپنی عمر گذاریں کیا ھماری قوم اس چھوٹی سچی شیخی کے رسیلہ سے کبھی ترقی پا سکتی ھی کیا ایسی قوم جس کو تمام ھندوستان کی حکومت حاصل ھی اور نہ صرف ھندوستان بلکہ کل ایشیا میں اُس کی قوت پائی جاتی ھی وہ قوم جو ایک نہایت دور دست جزیرہ سے اس ملک میں آئی کیا ان باتوں سے ھماری کچھہ عزت کر سکتی ھی جو احسانات اس قوم نے ھمارے ملک پر کیئے ھیں حقیقت میں ھم اُن احسانات کے شکریہ ادا کرنے کے بھی لایق نہیں ھو سکتے جب تک قریباً قریباً ایک ایسا ھی مدرسہ جس کی بناء کی اب تجویز ھی ھم قایم نہ کریں اگلے زمانوں میں بھی بے شک بڑے بڑے مدرسہ لاکھوں روپیہ کے صرف سے قایم ھوتے تھے عالموں کے واسطے بڑے بڑے وظیفہ مقرر ھوتے تھے مگر وہ سب ایک شخص کی دلی خواھش کا نتیجہ ھوتے تھے جس کو ھم بادشاہ کہتے تھے یا کسی ایک امیر کی فیاضی سے ایسے مدارس جاری ھو جاتے تھے مگر اُن مدارس اور مدرسۃالعلوم میں بڑا فرق ھی مدرسۃالعلوم جو قوم کے اتفاق سے قایم ھوگا بالکل ایک نئی شے ھی اور یہہ اچھی تمثیل سے بیان ھوا ھی کہ کوئی معمار جو کسی مسجد کو بناتا ھی اُس کے ذاتی خیالات کی وجہہ سے مسجد میں کوئی رخنہ نہیں پڑتا پس اسی طرح آپ سب صاحب ھمارے ذاتی خیالات سے قطع نظر کرکے مدرسۃالعلوم کے قیام میں کوشش کیجیئے ھر پیسہ ھر زرہ ھر کوڑی جو اس کام میں صرف ھوگی اُس سے آپ کا قومی جوش قومی محبت ثابت ھوگی پس میں آپ لوگوں کے سامنے بہت ملت و سماجت سے عرض کرتا ھوں کہ آپ صاحب ضرور اس کام میں مدد کیجیئے اور یاد رکھیئے کہ جب تک ھمارا مسلک پر از فساد ھی جب تک ھمارے دلوں میں بغض حسد کینہ اور سب سے کمینہ عادت تعصب مذھبی کی باقی رھیگی تب تک کبھی ھماری قوم کسی طرح اعلی درجہ پر نہیں پہونچ سکتی جب تک ھم سچے دل سے اس بات کا یقین نہ کر لینگے کہ انگریزی قوم ھماری دل سے خیر خواہ اور ھماری ترقی چاھنے والی اور ھمکو آسایش اور راحت پہونچانے والی ھی اور جب تک ھم اُس محبت کو ظاھر نہ کریں جو ایک جاندار کو دوسرے جاندار سے علی‌الخصوص ایک انسان کو دوسرے انسان سے ھونی چاھیئے تب تک ھمکو انگریزوں کی طرف سے کوئی توقع ایسے ھی خیالات کی نہ رکھنی چاھیئے نہایت مشہور مثل ھی کہ دل کو دل سے راہ ھی ایک اُستاد نے بڑی خوبی سے بیان کیا ھی ؎

- دل را بدل رھی ست دریں گنبد سپہر
از سوے کینہ کینہ و از سوے مہر مہر

اب میرا یہہ مطلب نہیں ھی کہ اُنھیں مطالب کو جن کو آپ ابھی مفصل سن چکے ھیں پھر آپ کے سامنے مکرر عرض کروں البتہ میرا صرف یہہ مطلب ھی کہ چند لمحہ کے واسطے پھر آپ غور کریں کہ ھم کون تھے اور کیسے تھے اور اب کیا ھوگئے ھمارے مورث کون تھے اور ھم اپنے تعصب کے سبب سے کیسے ھوگئے نہ ھمارے مذھب ھی کی کچھہ عزت پائی رھی نہ دولت دنیا ھی کچھہ ھات آئی یہہ مصرعہ بالکل مسلمانوں کے حال پر صادق آتا ھی —

نہ خدا ھی ملا نہ وصال صنم نہ ادھر کے ھوئے نہ اودھر کے ھوئے ؎

پس ان سب خراب خستہ حالات سے اور نیز اُس نگاہ سے جو ایک دوراندیش ڈال سکتا ھی ھمکو نہایت دل و جان سے اسبات کی کوشش کرنا چاھیئے کہ بنگالہ کے مسلمان وسط ھند کے مسلمان اودہ کے مسلمان پنجاب کے مسلمان شمال مغربی اضلاع کے مسلمان سب ملکر ایک ایسا بڑا مدرسۃالعلوم قایم کریں جس میں تمام مختلف اضلاع کے طالب علم تعلیم پاکر محبت وطن ھمدردی سچائی سیکھیں جو تمام تعلیم و تربیت کا اصل و اصول ھی اگر یہہ نہ کروگے تو یاد رکھو کہ ھماری اولاد جو ھمارا ھی خون ھماری ھڈی ھمارا پوست ھی ھمکو بہت برائیوں سے یاد کریگی کہ ھمارے مورث جنکے اختیار میں تھا کہ ھمکو اندھیرے گڑھوں سے نکالیں اُنھوں نے اُس میں کچھہ کوشش نہ کی — خوب یاد رکھو کہ اسوقت سنہ ۱۸۷۳ع کے مسلمان جنکی قوت میں اب تک بھی ھی کہ اپنی تربیت ھوئی اولاد کو پھالیریں اگر خدانخواستہ وہ نہ پھچاریںگے تو ھماری اولاد ھمارا نام پڑہ پڑہ کر ھمارے اوپر ھزاروں لعنت و ملامت کریگی پس اے مسلمانوں میری اس دلی نصیحت کو دل سے سنو — نصیحت اگر دیوار پر بھی لکھی ھو تب بھی عقلمند آدمی اُس سے فائدہ حاصل کرسکتا ھی تم بھی میرے ان چند ٹاچیز کلمات پر غور کرو کہ مدرسۃالعلوم کا قائم ھونا حقیقت میں کیسا کچھہ ضروری امر ھی ؎

لیکن جسوقت میں اس موقع پر ھزاروں مسلمانوں کو دیکھتا ھوں جن میں بڑے بڑے رئیس اورلایق اور ھر درجہ کے باوقعت لوگ شامل ھیں — جسوقت میں اُس دلی جوش اور محبت وطن اور قومی ھمدردی پر غور کرتا ھوں جو ان سب لوگوں کو ضلع لاھور اور پنجاب کے مختلف حصوں سے اس موقع پر کھینچ لایا ھی — جسوقت میں غور کرتا ھوں کہ آپ کس غور سے اس کارروائی کو دیکھہ رھے ھیں — جسوقت میں اپنے آپ کو ایسے بزرگوں کے مجمع میں گھرا ھوا پاتا ھوں جنکی زبان بھی ایک ھی ھی تو بے شک وہ بڑا کام جس کے واسطے آج یہہ جلسہ منعقد ھوا ھی اور جس کے واسطے چند لوگ نہایت کمو بستہ طور سے اور نہایت ھمت سے کوشش کرتے ھیں اور جہاں تک ھوسکتا ھی ھر شخص اُس کی سعی میں مصروف ھی سمجھکر کچھہ دشوار معلوم نہیں ھوتا اور اب میں اپنی تقریر کو بڑی دعا کے ساتھہ ختم کرتا ھوں ؎

اس کے بعد نجم‌الہند جناب محمد حیات خاں صاحب بہادر اسسٹنٹ کمشنر نے کھڑے ہوکر حسب ذیل گفتگو کی *

تقریر نجم‌الہند جناب محمد حیات خاں صاحب بہادر

صاحبان — ہماری قوم کے عالم و فاضل صاحبان نے اس جلسہ میں ایسی تقریریں فرمائی ہیں کہ مجھکو اُن مقاصد کی نسبت اپنی طرف سے کچھہ بھی کہنے کو باقی نہیں معلوم ہوتا تاہم اُن کی تائید میں اس قدر کہنا اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ مدرسۃالعلوم جس کی امداد کے واسطے آج کا یہہ مبارک جلسہ منعقد ہوا ہی اُس کے قایم ہونے کی ضرورت آفتاب کی طرح روشن ہی مدرسۃالعلوم کے قیام سے جس کی شاخیں آفتاب کی کرنوں کی مانند ہند کے ہر حصہ میں علم کی روشنی پھیلاوینگی اُس سے یقیناً خدا کے فضل سے ہماری قوم کی دینی اور دنیوی حالت کو کامل ترقی ہوگی یہہ ایک ایسا رفاہ عام کا کام ہی کہ اس میں ہر ایک انسان کو اُس فرض کے ذریعہ سے جو قدرت نے انسانی ہمدردی کا قایم کیا ہی بڑی فراخ حوصلگی سے اعانت کرنی چاہیئے *

برادران اسلام یہہ اپنے قریبتے ہوئے بھائیوں کی دستگیری کا وقت ہی کیا تم لوگ اپنے ہم امت بھائیوں کو جن کی غم خواری میں ہمارے رسول اکرم شفیع‌الامم صلی‌اللہ علیہ وسلم کے مبارک لبوں پر وصال کے وقت بھی اُمتی اُمتی کا پر محبت لفظ تھا مدد نہیں دوگے نہیں مجھے یقین ہی کہ بڑی فیاضی سے دوگے دنیا رفتنی و گذاشتنی ہی سکندر اعظم کا مشہور قصہ کہ اُس کی وصیت کے بموجب مرنے کے بعد اُس کے دونوں خالی ہاتھہ نعش سے باہر کیئے گئے تھے ہمکو عبرت کے ساتھہ یہہ بات یاد دلاتا ہی کہ جب ہم نیست سے ہست ہوئے تو کچھہ ساتھہ نہیں لائے تھے اور جب ہم ہست سے نیست ہونگے تو کچھہ ساتھہ نہیں لیجاوینگے پس ہمارا توشہ آخرت یہہ ہی کہ اپنی کمائی بڑی فیاضی اور سخاوت کے ساتھہ نیک کاموں میں صرف کریں اور اس کے ذریعہ سے " سخیاں ز اموال بر میخورند " کے مصداق بنیں —

نہ کہ " بخیلاں غم سیم زر میخررند " اس کار خیر کے واسطے جو اصلی رفاہ قومی ہی چندہ دو فیاضی اور سخاوت سے دو اور پنجاب جیسا کہ اپنی عادل گورنمنٹ کی نمک حلالی میں نامور ہی ویسا ہی اپنی قومی بہبودی میں مقتدر ہونا چاہیئے — وہ امرا و رؤسا جو تعلق ملازمت نہیں رکھتے اُن کی نسبت میں کوئی مقدار یا پیمانہ اس سخاوت کا گذارش نہیں کرسکتا جسقدر وہ اپنے ہموطنوں کی بہبودی میں دیں اُسی قدر تھوڑا ہی مگر جو شرفاء اور معززین اہل‌اسلام سرکاری ملازم ہیں کیا وہ اس نیک کام کے واسطے سال کے بارہ مہینوں میں سے ایک ماہ کی آمدنی وقف کرنی لازم نہیں سمجھینگے ہمارے ہم وطن بھائی بعض عبث رسمیات شادی وغیرہ میں یہاں تک فضول خرچی کرتے ہیں کہ اُن کی کئی سال کی آمدنی ساعتوں کے بیچ خاک میں مل جاتی ہی جس مصرف پر کارے نہ مصلحتے کا مقولہ صادق آتا ہی کیا وہ اپنے وطن اور قوم کی دوام بہبودی میں اپنی سالانہ آمدنی کا بارھواں حصہ ایک دفعہ سخاوت کرنے سے دریغ کرینگے نہیں ہرگز نہیں کرنا چاہیئے — پنجاب کی پونے دو کرور مردم شماری میں سے مسلمان نصف سے زیادہ تقریباً ایک کرور ہیں اگرچہ نظر بر حالت کثرت باعتبار دراصل مال میں اُنکو مفلس ہی کہتا ہوں (جو مفلسی کہ اُن کی اپنی ہی شامت اعمال اور ترک تعلیم سے حاصل ہوئی ہی) تاہم اگر سب اس ضروری کام کو ضروری سمجھیں تو کسقدر رقم کثیر پنجاب سے حاصل ہوسکتی ہی لاہور امرتسر کے شرکاء اور امراء اور خاص و عام کو جو پنجاب کی دارالامارۃ میں ہیں نہ صرف پنجاب بلکہ کل ہندوستان میں اس رفاہ عام کے کام میں سخاوت اور فیاضی میں ایک درخشندہ اور روشن نظیر اور نمونہ بننا چاہیئے جسکی پیروی خدا کے فضل سے پنجاب کے ہر ایک حصہ میں سب کمیٹیوں کے ذریعہ سے شروع ہی — صاحبان عالیشان انگریز جو ہمارے فرمانروا ہونے کے باعث سے اپنے اُس فرض کے پیرو ہیں جو ہر ایک منصف فرمانروا کو رعایا کی بہبودی عام کی نسبت برتنا چاہیئے وہ ہمکو اپنی فیاضانہ بخشش اور امداد سے کبھی محروم نہیں کرینگے — جائے خوف اور اہل اسلام کی طرف سے شکریہ ہی کہ جناب لارڈ نارتھہ بروک صاحب بہادر جو ہماری مادر سے زیادہ مہربان حضرت ملکہ معظمہ کوئین وکٹوریا دام ظلہا کے ویسرائے و گورنر جنرل بہادر کشور ہند نے ہم مسلمانوں کی بیکس حالت پر رحم فرماکر اپنی جیب خاص سے دس ہزار کا عطیہ عطا فرمایا ہمارے پنجاب کی خوش قسمتی سے ہمارے پنجاب کے لفٹننٹ گورنر انریبل رابرٹ ڈیرڈس صاحب کو بھی اپنی رعایا کی بہبودی واجب اور ترقی قومی کے طرف بہت ہی خیال ہی جو ہمارے مدرسہ کے واسطے مبارک فال ہی اور دیگر بہت سے امراء اور شرکاء انگریز نے دور و نزدیک سے مدد دی اور آیندہ بھی بہت امید ہی — ہمارے مسلمانوں کی صدر مجلس مدرسۃ اسلامیہ کا یہہ اصول ہی کہ صاحبان انگریز جنکی ہم تابعدار رعیت ہیں اُن سے ہم ہرایک مدد اور عطیہ فخر اور شکریہ کے ساتھہ قبول کرینگے — اور صاحبان ہنود میں سے وہ راجے اور مہاراجے اور رؤساء خود مختار جنکے ممالک میں مسلمان رعیت آباد ہی اُن سے بھی اُس فرض کے اصول پر جو مالک کو اپنی رعیت سے ہونی چاہیئے مسلمانوں کی بہبودی کے واسطے عطیہ کی استدعا کرنا ضرور ہی — مگر دیگر صاحبان اہل ہنود سے

جنکو ھم بڑی محبت کے ساتھہ برادران وطنی کہتے ھیں اور جنکی تسبت یہہ عام زبان زد مثل ھی کہ ھندو مسلمان چولی دامن کا ساتھہ ھی کوئی خاص استدعا شمولیت چندہ اس منصفانہ اصول پر نہیں کی جاویگی کہ اُنکا ذاتی فائدہ اس مدرسہ کے متعلق نہیں ھی جو محض اھل اسلام کی تربیت و تعلیم کے واسطے بنایا جاتا ھی — الا اُس پیاری محبت برادران ھم وطنی کے سبب سے اگر کوئی ھندو صاحب اپنی فیاضی اور محبت سے بلاشرط چندہ میں شامل ھوں تو بلا عذر اور رد کے خوشی اور شکریہ کے ساتھہ قبول کیا جاویگا *

قبل اس کے کہ میں اپنی تقریر کو ختم کروں بے انصافی ھوگی اگر میں اپنی قوم کے اُن واجب الاعتراف اشخاص کا شکریہ بھول جاؤں جو پدریا قومی ھمدردی کو کام میں لائے — سب سے اول سید احمد خاں بہادر اسٹار آف انڈیا تمام اھل ھند اور خصوصا اھل اسلام کی طرف سے قابل پیشکش ایسے شکریہ کے ھیں جس کا اندازہ زبان سے ھو نہیں سکتا خداوند کریم اُن کے نیک ارادوں کو برکت دیوے اور مسلمانوں کی اس جہالت اور بیھودہ تعصب کی ظلمت سے آفتاب علم و تربیت کی روشنی درخشاں ھو — سید صاحب اگر مجھکو معاف کریں تو میں یہہ بھی کہنا چاھتا ھوں کہ سید احمد خاں بہادر کا نام ھند کی تاریخ میں ھمیشہ نکتی اور بزرگی کے ساتھہ یاد رھیگا جو قومی فائدہ کے واسطے ایک ایسے باغ کی بنیاد ڈالتے ھیں جس کو خزاں نہیں — یہہ فخر قوم کی طرف سے یعنی دارالعلوم کا قایم ھونا مسلمانوں میں سب سے اول اسی معزز شخص کو حاصل ھوا اُن کے بعد میں سب اُن مسلمان بزرگوں کا جنھوں نے اس نیک کام میں دل و جان سے سعی کی شکر ادا کرتا ھوں جناب سید صاحب میرا التماس ھی کہ جو روپیہ اس نیک کام کے واسطے پنجاب کے صاحب عزم لوگ عطا کریں اُس کی نسبت اگر کوئی زمین رھاں جہاں کہ مدرسۃالعلوم کا صدر قایم ھوگا خریدی جاوے جس کا نام پنجاب احاطہ رکھنا چاھیئے تو ابداً پنجاب کی سخاوت کی عمدہ یادگار رھیگی اور اگر ایسا ھونا ممکن نہ ھو تو پنجاب کا روپیہ علحدہ پنجاب کے نام کے وظائف سے مستقل آمدنی کے وسایل قایم کرکے وھاں لگایا جاوے تاکہ ھمارے وطن کا نام اس نیک کام میں ھمیشہ یاد کیا جاوے *

اب میں خاتمہ پر تحریک کرتا ھوں کہ فہرست چندہ کا اسی جلسہ میں تداول کیا جاوے اور خدا کے فضل اور کرم اور اپنے رفاہ پسند اھل وطن کی فیاضی پر بھروسہ کرتا ھوں کہ بڑی فیاضی اور کامل سخاوت سے اُس کی خانہ پری ھوگی — اب میں سب صاحبان عالیشان اور روساء والا دودمان کا شکریہ ادا کرتا ھوں جنھوں نے اپنی وقعت افروزی سے ھماری اس مجلس کو عزت بخشی خصوصا مسٹر چیف جسٹس بولنوز صاحب و کرنیل ینگ صاحب کمشنر و مسٹر سمایتھ صاحب ڈپٹی کمشنر و مسٹر کان صاحب اور دیگر صاحبان کا خاص شکریہ ادا کرتا ھوں جنھوں نے اپنی رونق افروزی سے ھماری مجلس کو اعزاز بخشا اور حکام انگریز کی مہربانی اور مدد کے سوائے ھماری قوم پوری کامیابی اور بہبودی تعلیم اور ھر رفاہ عام کے کام میں حاصل نہیں کرسکتی *

اخیر پر میری دعا ھی کہ خداوند کریم ھماری قوم کو شایستگی اور تربیت میں کامیاب کرے اور اپنی شاھنشاہ حضرت ملکہ معظمہ کوئین وکٹوریا دام ظلہا کی وفاداری اور نمک حلالی میں سرگرم اور مصروف رکھے جو ھمارے پاک مذھب کی روسے اپنے بادشاہ کی وفاداری کا فرض ھی — امین *

بعد اس کے خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب سکرٹری کمیٹی نے بیان کیا کہ جناب خلیفہ سید محمد حسین صاحب میر منشی جناب مہاراجہ صاحب بہادر پٹیالہ کا مصمم ارادہ اس جلسہ میں تشریف لانے کا تھا لیکن افسوس ھی کہ وہ اپنی علالت طبیعت کی وجہہ سے تشریف نہیں لاسکے مگر جو خط اُنھوں نے میرے نام بھیجا ھی وہ میں اس موقع پر پیش کرنا مناسب جانتا ھوں چنانچہ سکرٹری صاحب موصوف نے وہ خط پیش کیا جس کی نقل بجنسہ ذیل میں درج کی جاتی ھی *

نقل خط

جناب خلیفہ سید محمد حسین صاحب میر منشی ریاست پٹیالہ

بنام

جناب خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب بہادر

جناب خاں صاحب مخدوم و مطاع دوستان زاد الطافکم

تسلیم کے بعد گذارش ھی کہ قبل ازیں ایک نیاز نامہ بجواب عنایت نامہ مطبوعہ متضمن عذر عدم حاضری خود ارسال خدمت کرچکا ھوں — آج مرحمت نامہ دستخطی خاص شرف ورود لایا میں بسروچشم بلکہ بدل و جان آپ کی خدمت میں فی الحقیقت اُس موقع پر حاضر ھونگا گو بظاھر پٹیالہ میں بیٹھا ھوا ھوں — آپ کو اس امر کا یقین دلانا اور جتانا ایک امر زاید ھی کہ میں ھر وقت آپ کی عمدہ کوششوں کو دیکھہ دیکھہ کر کیسا خوش ھوا کرتا ھوں اور اب کیسے شوق و رغبت سے منتظر دریافت نتیجہ ان مساعی نمایاں کا ھوں — امر واقعی یہہ ھی کہ آپ نے مثل اپنے سرکاری بہت سے کارناموں کے یہہ کام ایک بڑا قومی کارنامہ کرکے مسلمانان پنجاب کی ظاھری و باطنی عزت بڑھانے کی تجویز کی ھی — آپ دیکھیئے کہ عموماً ھمارے حضرات پنجاب خصوصاً معزز گروہ صاحبان ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بہادر وغیرہ

عہدہداران معزز کیا کرکے دکھاتے ہیں — ایا پنجاب کو شرمندہ ہی کرینگے یا مثل جناب محمد حیات خاں صاحب یہہ اپنی اور اپنی قوم کی عزت بڑھانے میں کوشش کرینگے — مجھے خوب یقین ہی کہ آپ کو اس تدبیر میں کامیاب ہونے کے لیئے بڑی تکلیف اوٹھانی پڑی ہی بلکہ بعض بعض مخالفتوں کا حال جو آپ کی تدبیر کے مقابلہ میں ہوتی رہی ہیں بعض دوستوں کی تحریرات سے مجھے معلوم بھی ہوتا رہا ہی لیکن استقلال رائے اور حسن تدبیر ایسی چیز ہی کہ سب مشکلات حل ہوجاتی ہیں سو خدا کے فضل سے ایسا ہی ہوا کہ آخر کار آپ سب مشکلات پر غالب آئے اور رضامندی عام حاصل ہوگئی — امدادالاتفاق اور فوراالاثوار نے اشاعت ظلمت اور نفاق و بے اتفاقی میں فی‌الواقع بڑی مدد کی ہی کیوں نہو کیا سید احمد خاں بیچارہ ڈاکٹر لائٹنر صاحب اور مسٹر گرفن صاحب اور سر ڈانالڈ میکلوڈ صاحب جیسی حقیقت بھی اس بارہ میں نہیں رکھتا میری مراد ان الفاظ سے یونیورسٹی کالج پنجاب کی ابتدائی تحریک کی طرف اشارہ کرنے سے ہی جو بالکل دوسرے مذہب کی اور دوسری قوم کی اور دوسرے ملک کے لوگوں کی طرف سے ہوئی تھی اور ہم سب پنجابیوں کے صرف اس خیال سے کہ اُس کے ذریعہ سے عربی و سنسکرت کی بقا اور جلد متصور ہی اثنر کیسے شرق سے اُس کی امداد کی تھی حالانکہ بجز اُن زبانوں کے جس میں مذہبی کتابیں دونوں قوموں کی ہیں مذہب کے اعتبار سے وہ تحریک کچھہ بھی نہ تھی میری دانست میں اگر کوئی یہہ کہے کہ حکام کی خوشی حاصل کرنے کے واسطے اُس میں لوگوں نے زیادہ امداد کی تھی تو زیبا نہیں ہی کیونکہ میری راے میں اکثر دلی خوشی سے امداد یونیورسٹی کی ہوئی تھی البتہ بعض لوگ ایسے بھی ہیں جن کو اپنے حکام کی رضامندی ہی مطلوب تھی *

آپ جملہ مسلمانان پنجاب خصوصاً معزز لوگ دونوں قسم کے خیالوں سے خواہ کسی خیال سے مدرسۃالعلوم کی تائید کریں اور اُن کی مراد بموجب اُن کی نیت کے حاصل ہوسکتی ہی کیونکہ حکام وقت کی بھی میں خوشی قیام مدرسۃالعلوم میں ہی چنانچہ جو صاحب اس نیت سے کچھہ کرنا چاہتے ہونگے وہ خواہ اُس جلسہ میں صاحبان انگریزیہ شریک جلسہ کی زبان سے (جس کا بلانا آپ نے تجویز کرلیا ہی اور ضرور تجویز کرنا ہی مناسب اور واجب تھا) شاباش و آفریں سن لینگے جس قدر حکام اعلی انگریزیہ اس جلسہ میں آسکیں بہت خوب ہی خصوصا وہ حکام جو منتظم ملک ہیں مثلاً صاحب کمشنر و ڈپٹی کمشنر — افسوس ہی کہ نواب لفٹننٹ گورنر بہادر اس موقع پر لاہور میں نہیں ورنہ بڑی مدد ملنی کی توقع تھی *

اس امر کا بھی افسوس ہی کہ گو جناب نواب نوازش علی خاں صاحب بہادر ایک بڑے نیک مقصد کے باعث سے شامل نہیں ہیں مگر اُن کی شمولیت بے شک بڑی مفید تھی مجھے معلوم نہیں کہ جناب نواب نثار علی خاں صاحب اُن کے ہمرکاب ہیں یا اس جلسہ کو معزز کرینگے آپ کی راے بہت ٹھیک ہی کہ گو سید احمد خاں کے بعض خیالات دینی یا دنیاوی کسی خاص شخص کو یا اکثر لوگوں کو ناپسند ہوں مگر اس سے یہہ لازم نہیں آتا کہ اُن کی ایک بات جو ہمکو خود اچھی معلوم ہوتی ہو اس خیال سے بری بتائی جاوے کہ فلاں شخص کے برے مونہہ سے نکلی ہی مقال سے مطلب رکھنا چاہیئے نہ کہ من قال سے —

مرد باید کہ گیرد اندر گوش * ور نوشت است پند بردیوار
باطل است اُنچہ مدعی گوید * خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

یہہ خط خلاف آرزو بہت طول ہوگیا اور میں افسوس کرتا ہوں کہ آپ کا بہت سا گراں بہا وقت اس کے مطالعہ میں صرف ہوگا مگر شوق نے اس خط کو خواہی نہ خواہی طول دیدیا —

لطیف بود حکایت دراز تر گفتم
چنانکہ حرف عصا گفت موسی اندر طور

اب میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ آپ کی سعی کو مشکور کرے اور ہمارے ہم قوموں کی ظاہری اور باطنی ترقیاں جو اس تدبیر سے مقصود ہیں اُن میں برکت ہو موافق لوگوں کو خدا ہمت اور جرأت مثل آپ کے عطا کرے اور مخالفین کو ہدایت و ہو ارحم‌الراحمین زیادہ نیاز و بس *

میرے سب دوستوں کو میری طرف سے نیاز پہونچے یعنی وہ سب صاحب جو لاہور میں ہین یا اس جلسہ پر تشریف لاویں *

۲۴ دسمبر سنہ ۱۸۷۲ ع
روز چہار شنبہ مقام پٹیالہ
خاکسار
محمد حسین عفی عنہ

ان سب گفتگوؤں کے بعد خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب نے جملہ حاضرین اور خصوصا حکام انگریزی شریک جلسہ کا شکریہ بحیثیت سکرٹری کمیٹی کی طرف سے ادا کیا جسکے جواب میں آنریبل بولنوز صاحب بہادر چیف جسٹس نے کھڑے ہو کر ایک مختصر سی تقریر بزبان اُردو ارشاد فرمائی جس کا مطلب یہہ تھا کہ جو کوشش آپ صاحبوں نے کی اور کرتے ہیں اُمید ہی کہ اُس میں آپ کامیاب ہوں اور در حقیقت اس میں بہت سی منفعتیں ہیں *

بعد اس کے فہرست چندہ پیش ہوئی اور جناب نجم‌الہند محمد حیات خاں صاحب بہادر اسسٹنٹ کمشنر و جناب خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب بہادر ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر اور جناب سردار دیال سنگھہ صاحب بہادر مجیٹیہ آنریری مجسٹریٹ امرت سر و جناب نواب شیخ غلام محبوب سبحانی صاحب و بابو شیخ وہاب‌الدین صاحب ہیڈ ماسٹر نے پان پان سو روپیہ عنایت فرمائے اور خان محمد شاہ صاحب بہادر آنریری مجسٹریٹ امرت سر اور جناب آغا کلب عابد خاں صاحب بہادر ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر امرت سر نے ڈھائی ڈھائی سو روپیہ اور نواب محمد عبدالمجید خاں صاحب بہادر رئیس و آنریری مجسٹریٹ لاہور اور میاں محمد جان صاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ امرت سر نے دو دو سو روپیہ اور اَور بہت سے رئیسوں نے ڈیڑھ ڈیڑھ سو اور سو سو روپیہ عنایت فرمائے اور فہرست چندہ مرتب ہو رہی ہی رئیسان پنجاب کی فیاضی سے اُمید ہی کہ مدرسہ کو نہایت کامیابی ہوگی اور بعد مکمل ہونے فہرست کے ہم اُس کو درج اخبار کرینگے *

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ

THE
MOHAMMEDAN
SOCIAL REFORMER
تہذیب الاخلاق

جلد چہارم] یکم ذیحجہ سنہ ۱۲۹۰ ھجري سنہ ۱۳۰۵ نبوي [نمبر ۱۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِطلاع

تشریح قیمت و مصرف منافع

تہذیب الاخلاق

جسقدر روپیہ بابت اِس پرچہ کے بطور چندہ خواہ بطور قیمت وصول ہو وہ کسي خاص شخص کي ملکیت نہوگا بلکہ اِس پرچہ کے اجرا و ترمي میں صرف کیا جاویگا *

جن دوستوں نے شریک ہوکر اس پرچہ کو جاري کیا ہی اور ساٹھہ روپیہ سالانہ اس پرچہ کے اجرا کے لیئے بطور امداد دیتے ہیں وہ اس پرچہ کے متعلق معاملات میں بطور ممبر کے متصور ہیں اُن کو اختیار ہی کہ اگر چاہیں تو اَوْر کسي کو بھي بطور ممبر اپنے ساتھہ شریک کریں اور جو شخص اس طرح پر شریک ہوگا اُس کو بھي ساٹھہ روپیہ سالانہ دینا ہوگا *

یہہ پرچہ ہر مہینے میں ایک بار یا دو بار یا تین بار جیسا کہ مقتضاے مضامین ہوگا چھپا کریگا خریداروں کو چار روپیہ سالانہ قیمت پیشگي دیني ہوگي اور اخراجات روانگي پرچہ سے اُن کو کچھہ تعلق نہوگا *

اگر کوئي شخص کوئي خاص پرچہ خریدنا چاہیگا اُس کو نی پرچہ چار آنہ معہ اخراجات روانگي پرچہ دینا ہوگا *

اِطلاع

بخدمت ممبران و خریداران و ناظرین

تہذیب الاخلاق

اِس پرچہ کي بابت جس صاحب کو کچھہ خط و کتابت کرني منظور ہو یا خریداري اِس پرچہ کي مد نظر ہو یا کوئي مضمون اِس پرچہ میں مندرج ہونے کے لیئے بھیجنا ہو یا زر قیمت اخبار یا زر چندہ یا کچھہ روپیہ بطور ڈونیشن کے عنایت فرمانا ہو تو سید احمد خاں صاحب بہادر سي ایس آئي پاس بمقام بنارس بھیجا جاوے غرضکہ تمام خط و کتابت بابت اِس پرچہ کے اُنھي سے کي جاوے کیونکہ یہہ پرچہ علیگڈہ میں چھپکر اُن کے پاس چلا جاتا ہی اور وہاں سے تقسیم ہوتا ہی اور تمام حساب کتاب اسکا سب اُن کے پاس رہتا ہی *

اس پرچہ میں صرف مضامین مفیدہ جو مسلمانوں سے متعلق ہیں چھاپہ ہوتے ہیں اور اس سبب سے اخبار امصار و دیار اس میں مندرج نہیں ہوتے — مقصود اس پرچہ کے اجرا سے یہہ ہی کہ مسلمانوں کي حسن معاشرت اور تہذیب کي ترقي ہو اور جو غلط اوہام مذہبي اس ترقي کے مانع ہیں اور درحقیقت وہ مذہب اسلام کے برخلاف ہیں وہ بھي مٹائے جاویں *

مضمون نمبر ۱۷۰

روئداد

جلسہ انجمن پنجاب مقام لاہور

واقع ۳۰ دسمبر سنہ ۱۸۷۳ع

جس میں نجم الہند جناب مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر کو سپاسنامہ دیا گیا

اس جلسہ میں ممبران انجمن اور اُن کے علاوہ بہت سے عمائد اہل اسلام اور اہل ہنود لاہور اور مضافات لاہور سے شریک تھے *

بعد جمع ہونے ممبروں کے بابو نوبین چندر رائے صاحب سکرٹری انجمن پنجاب نے تحریک کی کہ چونکہ آج انجمن کے پریسیڈنٹ تشریف نہیں رکھتے اس لیئے نواب محمد عبدالمجید خاں صاحب بہادر رئیس لاہور انجمن کے صدر انجمن مقرر ہوں چنانچہ نواب صاحب نے کرسی صدر انجمن پر اجلاس فرمایا *

اس کے بعد جناب نجم الہند محمد حیات خاں صاحب بہادر اسسٹنٹ کمشنر نے کھڑے ہوکر حسب ذیل گفتگو کی *

تقریر نجم الہند

میں اس وقت انجمن پنجاب کی طرف سے نجم الہند جناب مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر اور اُن کے صاحب زادہ سید محمد محمود صاحب بیرسٹر ایٹ لا و جناب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب سب آرڈینیٹ جج اور مولوی صاحب ممدوح کے اُور احباب ہمراہی کا جو اس وقت تشریف رکھتے ہیں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اُنہوں نے اپنی قوم کی بھلائی کے واسطے اپنے اوپر تکلیف گوارا کی اور سیکڑوں کوس کا سفر اختیار کرکے یہاں تشریف لائے اور آج اپنے قدوم سے اس انجمن کو عزت بخشی انجمن نے اس موقع پر ایک ایڈریس جناب نجم الہند موصوف کی خدمت میں پیش کرنے کے واسطے مرتب کی ہی میں چاہتا ہوں کہ سید صاحب اُس کے پڑھے جانے کی اجازت دیں اور اُس کو منظور فرماویں اور جناب سید محمد محمود صاحب سے میری یہہ درخواست ہی ہ وہ مہربانی سے آج کے جلسہ میں کچھہ تقریر انگریزی زبان میں تعلیم و تربیت اور باہمی میل جول کی نسبت فرماویں اس جلسہ میں بہت سے انگریزی خواں ہندو صاحب اور نوجوان مسلمان اُن کی تقریر سننے کے مشتاق اور منتظر ہیں *

اس کے بعد مولوی محمد حسین صاحب پروفیسر عربی کالج لاہور نے مفصلہ ذیل ایڈریس ممبران انجمن کی طرف سے بڑی فصاحت سے پڑھ کر سنائی *

ایڈریس بخدمت نجم الہند جناب مولوی سید احمد خاں بہادر

بہت سوسئیٹیوں نے بہت سے نامورں کو سپاسنامہ دیئے ہونگے مگر انجمن پنجاب آج اپنا ہدیہ اُس نامور کے سامنے پیش کرتی ہی کہ اگر یہاں کی علمی سوسئیٹیوں کی تاریخ مرتب کی جاوے تو اُس کا نام ہر ورق کی پیشانی پر نظر آئیگا — وہ نجم الہند آپ ہیں جس سے کشور ہند میں اول علمی سوسئیٹی کی شمع روشن ہوئی — آپ کی مبارک سوسئیٹی کی روشنی پر ایک عالم کی نگاہیں اٹھہ گئیں اور گروہ گروہ اہل ہند چراغ اُمید روشن کرکے بیٹھہ گئے — ہندوستان کی تہذیب و شایستگی سالہا سال سے دلوں اور دماغوں میں مردہ اور افسردہ پڑی تھی — پس آپ کی دلسوزی قومی نے اس تاثیر کے ساتھہ آواز بلند کی کہ اُس نے اپنے خواب غفلت سے ایک کروٹ لی اور آپ کی دل گرمی کی کوششوں کا اثر قوت پرقی کی طرح نزدیک و دور دل دل میں درز گیا — حق یہہ ہی کہ ان جلسوں کے لیئے صدر نشینی آپ کا حق ہی اور ان گروہوں کی قافلہ سالاری کا منصب ہی — اگرچہ جو چراغ روشن ہوئے وہ ابھی تک دور سے جھلملاتے ہیں اور اُن گروہوں کے مقاصد بھی خاطر خواہ نہیں حاصل ہوئے مگر اُمیدیں اپنے نشان اوڑا رہی ہیں اور شک نہیں کہ آیندہ جب تک ہند میں علم و شایستگی کی روشنی رہیگی آپ کا نام ان نشانوں پر اہل و یاوت کی روشنائی میں چمکیگا *

اہل ہند کی تہذیب و شایستگی قومی کا جہاز جو برسوں سے تباہی میں تھا اور اب طوفان سے نکلکر بادبان درست کر رہا ہی اس میں آپ کی سعی کا بادبان اپنے استحکام کے ساتھہ بہت بلند نظر آئیگا *

اس میں کچھہ مبالغہ نہیں کہ خیر خواہی قومی کو آپ نے فنافی القوم کے درجہ پر پہونچا دیا — اگر سو مجلس کھڑے ہوکر سوال کیا جاوے کہ اس ملک میں مال سے جان تک بلکہ اپنے سعادتمند اطفال تک قوم کے کام پر کس نے حاضر کردیئے ؟ اپنی روحانی خوشی اور جسمانی آرام کو قوم کے نام پر کس نے قربان کیا ؟ قوم کی خیر خواہی میں اپنی آبرو کے لیئے نادان دشمنوں کی ایذاؤں کو کسنے گوارا کیا ؟ تو سوائے آپ کے دوسرے پر نگاہ نہیں پڑتی — اس اولوالعزمی کا تمغا آپ کے زیب گلو ہی کہ جس وقت اہل ہند ولایت کا جانا معیوب سمجھتے تھے اُس وقت آپ نے اپنے تئیں آماجگاہ اعتراضوں کا بنایا اور بلا غرض منصبی اور غرض ذاتی کے فقط محبت قومی اور جوش ہمدردی میں اپنے لخت جگر کو ہاتھوں پر لیکر

ہزاروں کوس کوہ صحرا اور قلزم و دریا اُلٹ دیئے اور ملک ملک میں ڈاک کردیا کہ قوم جوہر الوالعزمی سے خالی نہیں اب بھی اس میں ایسے اشخاص موجود ہیں جو قوم کی بہبودی کے آگے اپنے ذاتی منافع اور راحت و آرام کو ایک ناچیز شے سمجھتے ہیں *

آپ کی عالی ہمتی نے اپنے خاندانی علو مراتب کو اپنی نظر سے گرا کر اُسے عالم میں علم کردیا اور ساتھہ اُس کے اپنی اولوالعزمیوں سے ثابت کودیا کہ انسان ایسے عالی رتبہ بزرگوں کی اولاد جبھی کہلاسکتا ہی کہ ایسا نیک نیت — ایسا عالی حوصلہ — ہو اور ایسے ایسے کام کرے آپ نے ترویج علوم و فنون کے باب میں نقط زبانی تقریروں یا تحریروں پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنا روپیہ — اپنا وقت — اپنی جان کا ہی — اپنے دل و دماغ کو اس پر وقف کردیا — آپ کی کوشش سے اس قدر کتابیں رائج ہوئیں — کہ ہارون اور مامون کے عہد یاد آگئے — لیکن وہ خلفاء دیندار تھے اور شاہنشاہ تھے — جو کہ دنیاوی حکومت کے بھی اختیار رکھتے تھے آپ نے اس بے اختیاری اور بے سامانی کے زمانہ میں اتنا کچھہ کر انجام کرلیا — پس اسکے مقابل میں اُسکا ذکر کچھہ شاعرانہ تعریف نہیں — مدرسہ اسلامیہ کا بندوبست جو آپ فرماتے ہیں یہہ پہلا مدرسہ ہی جو اسلام میں جمہور قوم کے اجتماع سے قایم ہوتا ہی سلف سے آج تک ممالک ایشیا میں جو تعلیم عام کے سامان ہوئے وہ سلطنت کی طرف سے ہوئے چنانچہ اسی واسطے زوال کے خطر ان پر ہمیشہ موثر رہے — اس امر مفید کے لیئے نہ فقط اہل اسلام بلکہ کل مذاہب ہندوستان آپ کے مؤید ہیں — کیونکہ مہذب ہم صحبت اور شایستہ ہمسائے سے زیادہ دنیا میں اور کیا نعمت ہو سکتی ہی *

آپ کا سین ٹیفک اخبار جو اُردو کے اخباروں میں ایک برگزیدہ اخبار ہی اتنی مدت سے جاری ہی سارے دیسی ایڈیٹر اُسے دیکھتے ہیں مگر آج تک کوئی اُس کے رتبہ کو نہیں پہونچا *

تہذیب الاخلاق کا معمولی کاغذ جو آپ نے جاری فرمایا اُس کے بلند خیال اور مفید مضامین اعلی درجہ کی تعریف کے قابل ہیں بڑے بڑے اس ملک کے فاضل اور انگریزی داں اُسے پڑہ کر حیران رہجاتے ہیں — کیونکہ اس کے عالی مضامین کے لکھنے والوں میں اکثر وہ روشن ضمیر ہیں جو زبان انگریزی سے واقف بھی نہیں ہیں *

آپ کی ہمدردی و دلسوزی کی بے ریائی اور دلی صفائی کا ادنی نتیجہ یہہ ہی کہ اُسے فقط ہندوستان کے اہل اسلام ہی نے تسلیم نہیں کیا — بلکہ اس کے چرچے ایشیا اور یورپ کے ملک ملک میں ہو رہے ہیں اور یہہ امر نہ فقط رعایا اور حکام کے طبقوں میں زبانزد خاص و عام ہی بلکہ دربار لندن سے لیکر سلطان روم اور دارائے ایران تک اعلی طبقہ سلاطین میں اس کے شہرے پہونچ گئے ہیں چنانچہ ثبوت اس کا اُس گفتگو سے ہوتا ہی جو سلطان روم اور شاہ ایران میں ملاقات کے وقت ہندوستان کے باب میں ہوئی اور اس کے ضمن میں آپ کے مساعی جمیلہ کا ذکر بھی آیا *

الغرض انجمن پنجاب نہایت سچے دل سے آپ کا اور آپ کے فرزند رشید اور اُن نامی و گرامی رفیقوں کا شکریہ ادا کرتی ہی جنہوں نے نہ کسی ذاتی غرض یا منصبی مجبوری سے بلکہ محض قومی ہمدردی کے جوش و خروش سے اپنے گراں بہا کاموں اور آراموں کو چھوڑا اور کئی سو کوس کی مسافت طے کرکے اس انجمن کو اپنے قدوم سے ممنون کیا *

اور جو مفید اور موثر لکچر آپ نے دیئے اُن کا شکریہ انجمن کے ذمہ سب سے زیادہ واجب ہی — کیونکہ اس کا بھی فرض اصلی یہی ہی — اور اس سے اُس کے مقاصد کو بے انتہا تائید پہونچیگی *

اب انجمن پنجاب اپنے سپاسنامہ کو مختصر دعا پر ختم کرتی ہی کہ آیندہ بھی آپ کے دیداروں سے دیدۂ شوق روشن ہوں اور آپکو کامیابی دو جہان کے ساتھہ وہ خوشی نصیب ہو جو نیک کاموں سے نیک دلوں کو حاصل ہوتی ہی آمین *

اس ایڈریس کے پڑھے جانے کے بعد جناب مولوی سید احمد خاں صاحب بہادر نجم الہند نے استادہ ہوکر مفصلہ ذیل تقریر میں اُسکا جواب دیا *

تقریر

نجم الہند مولوی سید احمد خانصاحب بہادر

صدر انجمن و ممبران انجمن — آج جو عزت اس ایڈریس کے ذریعہ سے آپ نے مجھکو بخشی میں دلی احسانمندی کے ساتھہ اُس کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں یہہ دن مجھکو اپنی زندگی کے دنوں میں ہمیشہ یاد رہیگا لیکن مجھہ سے جو کچھہ ناچیز خدمتیں ظہور میں آئیں اُن سے بہت زیادہ آپ صاحبوں نے خیال کیا — میں خود اپنے تئیں اُن عزتوں کا مستحق نہیں سمجھتا جو آپ صاحبوں نے مہربانی سے مجھکو دیں — اے ایاز قدر خود بشناس — مجھکو اب تک آپ لوگوں کی خدمت گذاری اور خدمت گاری کا رتبہ بھی حاصل نہیں ہو جائے کہ میں یہہ دعوے کروں کہ میں قوم کی بھلائی کے لیئے کھڑا ہوا ہوں — یہہ ایک ایسا رتبہ ہی جو ایسے شخص کے لیئے زیبا ہی جس نے حقیقت میں وہ کام کیئے ہوں جن سے قوم کی بھلائی ہو میں خوب جانتا ہوں کہ مجھہ سے اپنی قوم کی خدمت کا

حق ادا نہیں ہوا — یہہ سب تقریر جو اس وقت انجمن میں میری نسبت ہوئی یہہ آپ صاحبوں کا حسن ظن ہی ہے

میںنے اس وقت انجمن میں اپنی زبان سے کئی دفعہ قوم کا لفظ بیان کیا اس سے میرا مطلب صرف مسلمانوں ہی سے نہیں ہی میری یہہ راے ہی کہ تمام انسان بالکل شخص واحد ہیں اور میں قوم کی خصوصیت کے واسطے مذہب اور فرقہ اور گروہ پسند نہیں کرتا میری راے اگر سچ ہو تو میں کالے سے کالے رنگ کے انسان کو اور گورے سے گورے رنگ کے انسان کو وہ جو اعلی سے اعلی درجہ کی تہذیب میں اپنی زندگی بسر کرتے ہیں اور وہ جو ابھی نیچر کے جوش میں ہیں اور جنگلوں میں اپنے دن کاٹ رہے ہیں سب کو اپنا بھائی اور ایک قوم تصور کرتا ہوں — میری تمام آرزو یہہ ہی کہ بلا لحاظ قوم و مذہب کے تمام انسان آپس میں ایک دوسرے کی بھلائی پر متفق ہوں — مذہب بے شک سب کا علحدہ علحدہ ہی مگر اُس کے لحاظ سے آپس میں دشمنی کی کوئی وجہہ نہیں ہی — مثلاً فرض کرو کہ ایک دسترخوان پر مختلف قسم کے کھانے موجود ہوتے ہیں اُن میں سے کوئی کسی کھانے کو پسند کرتا ہی اور کوئی کسی کو مگر اس اختلاف طبائع کی وجہہ سے اُس دسترخوان پر بیٹھنے والوں کے باہم کچھہ رنج نہیں ہوتا اسی طرح اس دنیا میں مختلف مذہبوں کی وجہہ سے مختلف مذہب والوں میں کوئی وجہہ باہمی رنج کی پیدا نہیں ہوسکتی ہر شخص اپنے ایمان کا مختار بلکہ میری راے میں اُس پر مجبور ہی اس لیئے کہ جس چیز کا یقین اُس کے جی میں ہی اُسی کو وہ اختیار کریگا مگر وہ یقین دوسروں کے دل میں اثر نہیں کرتا — اچھا ہی تو اُس کے لیئے — برا ہی تو اُس کے لیئے لیکن آپس کی محبت میں جو انسانوں کی راحت کا سب سے بڑا جزو ہی اُس سے کچھہ نقصان نہیں آسکتا *

جس وقت میں یہہ خیال کرتا ہوں کہ اس انجمن میں مختلف خیالات کے ممبروں نے میری خدمتوں کو پسند کیا اور اُن سب نے آپس کے اتفاق سے مجھکو یہہ عزت دی تو میری خوشی حد سے زیادہ ہوجاتی ہی — میری اصلی راے یہہ ہی کہ اُس سچے مذہب میں جس پر میں ہوں اور جس کو میں اپنے نزدیک سب سے اچھا جانتا ہوں جس طرح خدا کا واحد جاننا فرض ہی اسی طرح اس بات کا یقین کرنا فرض ہی کہ تمام انسان آپس میں بھائی ہیں *

محبت قومی اور خیر خواہی قومی ایک بہت بڑی چیز ہی جس کا میں کچھہ کچھہ حال آپ کے سامنے بیان کرنا مناسب سمجھتا ہوں — میرا خیال یہہ ہی (اگر صحیح ہو تو آپ پسند کریں اگر غلط ہو تو آپ مجھکو معاف فرماویں) کہ ہر انسان کا اول فرض یہہ ہی کہ جو کام اُس کے معبود نے اُس پر فرض کیئے اُن کا ادا کرنا — اُس کے بعد سب سے عمدہ چیز جس پر شاید تمام قوموں کا اتفاق ہی وہ خیر جاری کا اختیار کرنا ہی — مگر اب خیال کیجیئے کہ خیر جاری کیا چیز ہی — اگر ہم اُن عادات بدنی کو جو دوسری دنیا میں ہماری نجات کا ذریعہ ہونگی خیر جاری خیال کریں تو معلوم ہوتا ہی کہ وہ سب عبادتیں انسان کی زندگی تک ہیں اور اجل پر سب کا خاتمہ ہو جاتا ہی پس کسی طرح ہم اُس کو خیر جاری خیال نہیں کرسکتے — اگلے بزرگوں نے خیال کیا ہی کہ رفاہ عام کی عمارتیں خیر جاری ہیں مثلاً پل و مسجد و چاہ و مہماں سراے مگر معاف کیجیئے کہ میں اس سے کچھہ اختلاف کرنا چاہتا ہوں میری راے یہہ ہی کہ وہ تمام عمارتیں فانی ہیں — ایک نہ ایک دن قبل قیامت ضرور اُن کو فنا ہی — بہت سی مسجدیں تعمیر ہوئیں جن کا اب نشان تک بھی دکھلائی نہیں دیتا یہہ لاہور کی بڑی بادشاہی مسجد دیکھو کس حالت سے کس حد پر پہونچ گئی ہی اور ضرور ایک زمانہ آنے والا ہی جب کہ اس مسجد کی یہہ حالت بھی باقی نہ رہیگی پس جب ان عمارتوں کو بھی فنا ہی تو ہم اُن کو خیر جاری نہیں کہہ سکتے اور اب ضرور ہی کہ خیر جاری کسی ایسی چیز میں منحصر ہو جس کو فنا نہو اور وہ ظاہرا انسان کی نسل ہی جو اس دنیا میں ہمیشہ باقی رہیگی پس میری راے میں کوئی چیز قومی بھلائی اور انسانوں کی نسلوں کی خیر خواہی سے زیادہ خیر جاری نہیں ہی — زیادہ کے لفظ میں مجبوراً سے اس موقع پر غلطی ہوئی اس لیئے کہ میرے نزدیک اسکے سوا اور کوئی چیز خیر جاری ہو نہیں سکتی *

اب میں مکرر آپ صاحبوں کی عنایت و مہربانی کا شکر ادا کرتا ہوں — تمام ممبران انجمن کو یقین کرنا چاہیئے کہ دنیا میں جس قدر عزتیں انسان کے لیئے ہوئی ممکن ہیں وہ سب آج کے اس جلسہ نے مجھکو دیں اگرچہ شاید وہ اپنے محل پر نہیں ہیں — یہہ عزت نہ صرف میرے لیئے ہمیشہ فخر کا موجب ہوگی بلکہ میری نسل میں ہمیشہ یادگار رہیگی — آپ یقین فرما لیں کہ کوئی تمغہ کوئی خطاب کوئی عزت انسان کے واسطے اپنی قوم کی قدر دانی سے زیادہ فخر کا موجب نہیں ہی — اس میں شک نہیں ہی کہ جیسا خیال آپ نے اپنے حسن ظن سے میری نسبت فرمایا اور جو عمدا ایڈریس آپ نے مجھکو دی اُس سے مجھکو بڑا ٹیک تذکرہ اپنی قوم اور اپنی قوم کی آیندہ نسلوں کے واسطے حاصل ہوا ہی — آپ کی اس کارروائی سے یہہ ثابت ہوتا ہی کہ ہمارے بھائیوں کے دل میں اس بات کا جوش پیدا ہوگیا ہی کہ جو شخص اُن کے ہم قوم

ہمجنسوں کی بھلائی کے واسطے کوشش کرتا ہی وہ اُس کی قدر کرتے ہیں اور اُس کو عزیز سمجھتے ہیں پس یہہ آنے والے زمانہ کے واسطے بڑی عمدہ فال ہی اور یہہ مزتیں جو آج مجھکو دی گئیں کو اپنے محل پر نہوں لیکن اب اُمید ہی کہ آیندہ اوز ایسے لوگ پیدا ہونگے جو ایسی مزتوں کے مستحق ہوں *

اس کے بعد سید محمد محمود صاحب نے قریب ایک گھنٹہ تک انگریزی میں تعلیم و تربیت اور باہمی میل جول پر گفتگو کی اور ایسی فصاحت سے تقریر کی کہ تمام حاضرین اُس کو سنکر نہایت محظوظ ہوئے اور جو فائدے ہندوستان کے طالب علم انگلستان میں جانے سے حاصل کرسکتے ہیں اُس کا اثر اُن سب کے دل پر منقش ہوگیا *

اس کے بعد بابو نوبین چندر راے صاحب سیکرٹری انجمن نے حسب ذیل گفتگو کی *

تقریر بابو نوبین چندر راے صاحب سکرٹری

اگرچہ میں نے آج کچھہ انجمن میں گفتگو کرنے کا ارادہ نہیں کیا تھا میں اس انجمن کے حقیر ممبروں میں سے ہوں اور اپنے آپکو گفتگو کرنے کے لایق بھی نہیں سمجھتا مگر ان دونوں صاحبوں نے صولی سید احمد خاں صاحب اور اُن کے صاحبزادہ نے جو اپنے دل کے خیالات اس وقت ظاہر فرمائے اُن سے ایسا جوش میرے دل میں پیدا ہوا ہی کہ میں بغیر چند کلمات کہے رہ نہیں سکتا *

میں سچے دل سے بیان کرتا ہوں اور آپ مجھے معاف فرماویں کہ جو خیال میرے دل میں مسلمانوں کے اس مدرسہ کی طرف سے تھا اُس سے مجھکو بہت نا اُمیدی تھی مگر اُس کے ساتھہ اسوقت مجھے بہت خوشی ہوئی ہی میں یہہ سمجھتا تھا کہ یہہ مدرسہ اسلامی جو جاری کیا جاتا ہی شاید اُس سے یہہ منشا ہوگا کہ ہندو اور مسلمانوں میں زیادہ تر تفرقہ پڑے لیکن جو خیالات میرے اسوقت دونوں گفتگو کرنے والوں سے سنے اُن سے مجھکو اپنے اُس پہلے خیال کی غلطی ثابت ہوگئی جب کہ اُس کے موجد باہمی اتفاق کا اسقدر خیال رکھتے ہیں تو جس امر کو وہ لوگ قایم کرینگے وہ بھی ضرور اُن خیالات سے پر ہوگا اگرچہ مجھکو یہہ افسوس ہی کہ اس مدرسہ میں کیوں ہندو بھی شامل نہوں — ملک کے واسطے نہایت عمدہ مصلحت یہہ ہی کہ تمام متفرق قومیں اور ذاتیں اور ہر فریق کے لوگ سب آپس میں ایک برادرانہ ارتباط اور محبت سے پیش آویں اور جب تک تمام قومیں خواہ ہندو خواہ مسلمان خواہ سکھہ اپنے پرانے تعصب کو نہ چھوڑینگے اور سب باہم برادرانہ محبت کو ظاہر نہوینگے تب تک ہرگز ملکی ترقی ممکن نہیں ہی — سید صاحب نے جو راے اپنی بیان کی میں نہیں سمجھتا کہ اُن راویوں سے غیر مذہب والوں کو کچھہ بھی اختلاف ہوگا اگرچہ میں ہندو ہوں مگر اس میں شک نہیں ہی کہ جو اتفاق مجھکو سید صاحب کے کلمات سے ہی ویسا شاید اور ہندوؤں کو کم ہوگا جو راے سید صاحب نے بیان کی وہی برہم سماج والوں کا مذہب ہی — نہایت ضرور ہی کہ اہل اسلام اور ہنود جب تک اپنے پرانے خیالات کو ترک نہ کرینگے اور ایک دوسرے کا ہاتھہ نہ پکڑینگے تب تک ملک کی بہبودی ممکن نہیں ہی میں ایک بات سے بہت خوش ہوں کہ مسلمانوں کی قوم میں ایکا بہت ہی اور تاریخ سے کوئی قوم ایسی نہیں معلوم ہوتی جس نے بغیر ایکے کے کسی نوع کی ترقی کی ہو اس ایکے کی خوبی کو اگر اہل اسلام صرف مسلمانوں ہی کے فائدہ کے واسطے مقید نہ رکھیں بلکہ سب مذہبوں میں پھیلاویں تو اس ملک کی بہبودی جلد حاصل ہو جاویگی جو ملک کے خیر خواہ حاکموں کی بھی عین مرضی ہی *

ہمارے ملک میں زیادہ ضرورت یہہ ہی کہ دلی خیالات آزادانہ طور سے بیان ہوسکیں مگر ایسا بہت کم ہوتا ہی زبان سے لوگ بہت مبالغہ کرتے ہیں مگر دلوں میں اُس کا اثر نہیں ہوتا حالانکہ جب تک کھل کر آزاد طور سے اپنے خیال ظاہر نہ کیئے جاوینگے اُس وقت تک کچھہ فائدہ مترتب نہوگا — اختلاف کے خوف سے سچا حال ظاہر نہ کرنا محض بے فائدہ ہوتا ہی اور خوش نیتی سے اپنی مخالف راے ظاہر کرنا موجب دشمنی نہیں ہوتا *

جو کہ سید صاحب کا دورہ اس طرف صرف واسطے خیر خواہی ملک کے ہی اس لیئے میں یقین کرتا ہوں کہ پنجاب و ہندوستان مدراس و بمبئی ان سب حصوں کے لوگوں کا اختلاف عنقریب دور ہوگا اور جب تک پنجابی و ہندوستانی اور بنگالہ جو نہایت حقیر خیال کیا جاتا ہی اُس کے لوگ آپس میں اتفاق نہ کرینگے تب تک اس ملک کو کچھہ ترقی نہیں ہوسکتی *

اخیر میں مجھکو واجب ہی کہ دونوں صاحبوں کا شکریہ ادا کروں *

اس کے بعد پنڈت لمبر ناتھہ صاحب اور بابو شیخ وہاب الدین صاحب ہیڈ ماسٹر اینگلو اورینٹل کالج لاہور نے انگریزی زبان میں گفتگوئیں کیں اور اُس میں پہلی تقریروں کی تائید کی مجلس ان دونوں صاحبوں کی گفتگوؤں سے بہت ممنون ہوئی *

پھر جناب نجم الہند محمد حیات خاں صاحب پہلوٹو نے کھڑے ہوکر حسب ذیل گفتگو کی *

تقریر جناب نجم‌الہند محمد حیات خاں صاحب بہادر

ممبران انجمن جناب سید صاحب کی اس عنایت کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اُنہوں نے ہماری اس ناچیز ایڈریس کو قبول فرمایا میں اس بات پر بھی فخر کرتا ہوں کہ ہمارے ہندو بھائیوں نے بھی ہمارے نجم‌الہند جناب مولوی سید احمد خاں بہادر کو اپنا مربی اور اپنا خیر خواہ پایا — جناب سید احمد خاں صاحب بہادر حقیقت میں جیسے ہم مسلمانوں کے خیر خواہ ہیں اسی طرح تمام کائنہ انام تمام مخلوق خواہ ہندو خواہ عیسائی سب کی یکساں بہبودی چاہنے والے ہیں — بابو نوبین چندر راے سے میں یہہ سنکر بہت خوش ہوا ہوں کہ وہ یہہ نسبت اور ہندوؤں کے سید صاحب کو زیادہ عزیز سمجھتے ہیں مگر یہہ اُن کا ذاتی خیال ہی کیونکہ میرا اپنا خیال یہہ ہی کہ جس طرح بابو نوبین چندر راے صاحب اُن کو عزیز سمجھتے ہیں ویسے ہی ہمارے اور ہندو بھائی بھی اُن کو عزیز رکھتے ہیں — مجھکو اس وقت یہہ بات بیان کرنی واجب معلوم ہوتی ہی کہ ہندوؤں کو اول میں یہہ احتمال ہوا تھا کہ مدرسۃالعلوم اُن کے اور ہمارے درمیان نفاق کا باعث ہوگا مگر نہایت خوشی اور شکر کی بات ہی کہ اب اُن کو اس کے برخلاف ثابت ہوگیا ہی — ہمارے معزز پیشوا ہمارے مذہب کے بانی نے ہمکو صلح کل کی تعلیم کی ہی جس سے ہمکو دینی اور دنیوی دونوں قسم کے فائدے حاصل ہوتے ہیں — دینی تعلیم اہل اسلام کے واسطے نہایت ضروری امر ہی اور ہم اہل اسلام کو گر سوکاری مکاتب اور مدارس سے بہت سا فائدہ پہونچتا ہی مگر اُن میں دینی تعلیم نہ ہونے کی وجہ سے ہم بہت سے فائدوں سے محروم رہتے ہیں اور وہ اخلاق جو ہمارے پاک مذہب میں بھرے ہوئے ہیں اُن کی تعلیم سے ہمارے لڑکے بے نصیب رہ جاتے ہیں اسی لیئے یہہ مدرسۃالعلوم جاری ہونا تجویز ہوا ہی — جس سے مسلمان دینی اور دنیوی تعلیم کے فائدے حاصل کریں دنیوی فوائد کا ذکر مینے اس لیئے کیا ہی کہ دنیوی ترقی اور دینی ترقی دونوں لازم و ملزوم ہیں — جب تک کسی قوم میں دنیاوی عزت اور کافی ثروت نہیں ہوتی تب تک کوئی اُس کی دینی شوکت بھی ظاہر نہیں ہوتی — اسلام کی شوکت جو مشرق سے مغرب تک پھیلی اُس میں اور کیا تھا قومی اتفاق تھا اور قومی ہمدردی تھی اور نیز روز بروز قومی ثروت بڑھتی جاتی تھی *

یہہ مدرسہ ہماری قوم کے لیئے دینی اور دنیوی فوائد کے ساتھہ ہماری دانست میں بہت کامیاب ہوگا اور اُس کے ذریعہ سے لوگوں کے خیالات ہمارے پاک مذہب کی رو سے اس طرف مایل ہونگے کہ اپنی ملکہ معظمہ کی خیر خواہی اپنے اوپر فرض سمجھیں اور جب ہماری قوم اس مدرسہ کے ذریعہ سے اس درجہ اور اس امتیاز کو پہونچیگی اور سمجھکر بھروسہ اور خوشی ہی کہ مسلمان اس عزت کو حاصل کرینگے تو میری دلی آرزو ہی کہ اسی طرح ہمارے ہندو بھائی بھی ایسا ہی ایک اپنا قومی ہندو کالج قایم کرینگے اور ہم خوش ہونگے کہ ہمارا دایاں ہاتھہ اور بایاں ہاتھہ ایک ساتھہ اُٹھینگے ایک ہمارا دایاں دل ہوگا ایک بایاں دل *

اس کے بعد صدر انجمن کی اجازت سے مفتی امام بخش صاحب رئیس پٹیالہ نے ایک قصیدہ مدحیہ فارسی جناب سید صاحب بہادر اور حاضرین کے روبرو پڑہ کر سنایا جس سے تمام حاضرین جلسہ نہایت محظوظ ہوئے — مصنف سلمہ‌اللہ تعالی نے اس قصیدہ میں مدرسۃالعلوم کے مقاصد کی نسبت اچھی طرح سے تائید کی ہی *

اس کے بعد جناب خان بہادر محمد برکت علی خاں صاحب بہادر نے انجمن کی طرف سے جناب صدرانجمن کا شکریہ ادا کیا اور بڑی خوشی اور مبارکی کے ساتھہ مجلس برخاست ہوئی *

نمبر ۱۷۱

روئداد

اجلاس ممبران مجلس خزنۃالبضاعۃ لتاسیس مدرسۃالعلوم للمسلمین منعقدہ

۱۰ جنوری سنہ ۱۸۷۴ ع

نمبر ۲۰

پریسیڈنٹ

نواب محمد حسین خاں بہادر رئیس سنوائی *

ممبران موجودہ

مرزا محمد رحمت اللہ بیگ صاحب *
مولوی اشرف حسین خاں صاحب *
شیخ غلام علی صاحب *
سید علی حسن صاحب تحصیلدار *
مولوی محمد عارف صاحب *
سید محمد حامد صاحب *

سیکرٹری

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی *

روئداد اجلاس منعقدہ ۲۲ ستمبر سنہ ۱۸۷۳ ع نمبر ۱۹ بدستخط سیکرٹری مرتب و کتاب روئداد میں مندرج تھی ملاحظہ ہوئی *

سیکرٹری نے کمیٹی کو مطلع کیا کہ علیگڈھ میں ایک نہایت وسیع اور مرتفع اور خوش آب و ہوا میدان جہاں فوج کی پریڈ ہوتی تھی موجود ہے اور جو کہ علیگڈھ سے چھاونی فوج کی اُٹھ گئی ہے اس سبب سے وہ قطعہ جو ملکیت گورنمنٹ کی ہے کمیٹی مدرسۃالعلوم کو مل سکتا ہے چنانچہ اُس میدان میں سے چند قطعات لوگوں کو واسطے بنانے کوٹھیوں کے عمل گئے ہیں اور قریب ایک سو چوبیس بیگھہ کے جو چھتر ایکڑ کے مساوی ہوتا ہے باقی ہے پس میں تحریک کرتا ہوں کہ مدرسۃالعلوم کے لیئے اُس قطعہ کے ملنے کی کمیٹی کی طرف سے گورنمنٹ میں درخواست کی جاوے مجھے اُمید ہے کہ گورنمنٹ اس قطعہ کو اس مطلب کے لیئے کہ وہاں مدرسۃالعلوم کیا جاوے بطور عطیہ بخش دیگی اور اگر گورنمنٹ کی مرضی کچھ معاوضہ لینے کی ہو تو بموجب دفعہ ۲۰ قواعد کارروائی کمیٹی کے وہ زمین بعد ادائے معاوضہ گورنمنٹ سے لی جاوے *

بعد اس کے سیکرٹری نے نقشہ اُس اراضی کا جو ازروے کمپاس اور اسکیل کے بنایا گیا تھا پیش کیا اور ممبروں نے بالاتفاق تجویز مذکورہ بالا سے اتفاق کیا اور سیکرٹری کو واسطے پیش کرنے درخواست کے گورنمنٹ میں اجازت دی *

سیکرٹری نے اس بات کی تحریک کی کہ کمیٹی سے اجازت ہو کہ بعد ملنے زمین کے اجرائے کار و بار تعمیر مدرسۃالعلوم کی بھی تدبیر کی جاوے سیکرٹری نے کہا کہ مجھے خوب معلوم ہی نہ جو روپیہ بطور سرمایہ مدرسۃالعلوم کے جمع ہوا ہی وہ روپیہ بموجب دفعہ ۲۳ قواعد کار روائی کمیٹی کے تعمیر مدرسہ و تعمیر مکانات متعلقہ مدرسہ میں خرچ نہیں ہوسکتا مگر چار قسم کی آمدنی اس وقت ایسی ہی جس سے کاروبار تعمیر مدرسہ کا شروع ہو سکتا ہی *

اول یہہ کہ علاوہ اُس چندہ عام کے جو بطور سرمایہ مدرسۃالعلوم کے کیا گیا ہی رئیسان ضلع علیگڈھ نے خاص چندہ واسطے قایم کرنے اور جاری کرنے ابتدائی درجہ تعلیم مدرسۃالعلوم کے کرنا شروع کیا ہی جس کی تعداد اس وقت تک چودہ ہزار تین سو پینتالیس روپیہ تک ہو گئی ہی اور اُن کا ارادہ ہی کہ اس چندہ میں سے اُس قدر عمارت مدرسۃالعلوم کی بھی بنائی جاوے جس میں وہ تعلیم ہی جاویگی جو طریقہ تعلیم پیش شدہ میں اسکول ڈپارٹمنٹ یا صیغہ مدرسہ کے نام سے موسوم ہی پس اُس خاص چندہ میں سے جس قدر روپیہ صرف تعمیر میں تجویز ہوگا اُس سے کاروبار تعمیر جاری ہو جاویگا *

دوسرے یہہ کہ بعض لوگوں نے واسطے سرمایہ مدرسہ کے چندہ نہیں دیا ہی بلکہ خاص واسطے تعمیر مکان کے چندہ دیا ہی اور اس لیئے اُن کا چندہ داخل سرمایہ مدرسۃالعلوم کے جس کا ذکر دفعہ ۲۰ و دفعہ ۲۳ میں بھی نہیں ہی اور وہ روپیہ کار و بار تعمیر میں صرف ہو سکتا ہی *

سویم یہہ کہ جس قدر پرامیسری نوٹ زر سرمایہ سے خریدے گئے ہیں اُس کا منافع بموجب دفعہ ۲۵ قواعد کارروائی کمیٹی کے تعمیر مکانات میں صرف ہو سکتا ہی *

چہارم یہہ کہ مجھکو معلوم ہوا ہی کہ بہت سے لوگ علاوہ اُس چندہ کے جو اُنھوں نے بطور سرمایہ مدرسۃالعلوم کے دیا ہی خاص واسطے تعمیر مکانات کے بھی چندہ دینے کو آمادہ ہیں *

مرزا محمد رحمت‌اللہ بیگ صاحب نے کہا کہ میں اس تحریک کی تائید کرتا ہوں کیونکہ اگر تعمیر مکانات میں روپیہ ہمارے سرمایہ مدرسۃالعلوم سے خرچ نہو بلکہ اُس کے منافع یا خاص چندوں سے تعمیر مکانات شروع ہو جاوے تو اِس سے زیادہ خوشی اور کامیابی کی کون سی بات ہوگی بلکہ مجھکو یقین ہی کہ ابتدائی تعلیم شروع ہو جانے اور اُس کے لایق ضروری مکانات کے تعمیر ہونے کے بعد لوگوں کو زیادہ تر توجہ مدرسۃالعلوم کی طرف ہو جاویگی اور نیز ترقی سرمایہ مدرسۃالعلوم میں بھی اُس سے بہت کچھہ مدد ملیگی جملہ ممبران موجودہ نے اس راے سے اتفاق کیا اور تحریک مذکورہ بالا بالاتفاق منظور ہوئی *

بعد اس کے شکریہ صدرانجمن کا ادا کیا گیا اور مجلس برخاست ہوئی *

دستخط

سید احمد خاں بہادر سی ایس آئی

سیکرٹری

نمبر ۲۷۲

عربی مدرسہ دیوبند

اس مدرسہ کی سالانہ مجلس میں جناب مولوی محمد قاسم صاحب نے ایک نہایت لنبی اور دل پر اثر کرنے والی اور صداقت سے بھری ہوئی گفتگو کی اُس کے پڑھنے سے ہمکو اس بات کی بڑی خوشی ہوئی ہی کہ جناب مولوی صاحب ممدوح بھی مسلمانوں کے حق میں علوم و فنون جدیدہ کا حاصل کرنا ضروری تصور فرماتے ہیں چنانچہ اُنھوں نے ارشاد فرمایا ہی "کہ یہاں کے طالب علم اگرچہ بعض علوم و فنون جدیدہ میں کامیاب نہ ہوئے ہوں پر اُنکے حق میں یہہ اُنکی استعداد مثل اُستاد کامل تعلیم کے لیئے کافی ہو اور مدارس میں اگرچہ

بعض علوم جدیدہ کي تعلیم کي کثرت کے باعث طالب علموں کو ایک شوق تازہ اُن علوم کي ایسي ہو جو یہاں کے طالب علموں کو نہ پر بوجہ قوت استعداد اہل انصاف کے نزدیک بالمعني اُن علوم میں بھي اُن کے مدارس کے طالب علموں سے یہاں کے طالب علم زیادہ ہي سمجھے جائینگے بایں ہمہ اگر بالفرض بوجہ مشق نہونے بعض علوم جدیدہ کے کچھہ نقصان بھي متصور ہو تو بوجہ مفقود ہونے قوت استعداد علمي اور نہونے علم دیني کے اُن مدارس کے طالب علم درجہ کا یہاں کے طالب علموں سے ناقص ہونے چاہیئیں اب ہم اُس بات کي طرف بھي اشارہ کرتے ہیں جس سے یہہ معلوم ہو جاوے کہ درباب تحصیل یہہ طریقہ خاص کیوں تجویز کیا گیا اور علوم جدیدہ کو کیوں نہ شامل کیا - منجملہ دیگر اسباب کے بڑا سبب اس بات کا ایک تو یہہ ہی کہ ترتیب عام ہو یا خاص ہو اُس پہلو کا لحاظ چاہیئے جس طرف سے اُن کے کمال میں رخنہ پڑا ہو سو اہل عقل پر روشن ہی کہ آج کل تعلیم علوم جدیدہ تو بوجہ کثرت مدارس سرکاري اس ترقي پر ہی کہ علوم قدیمہ کو سلاطین زمانہ سابق میں بھي یہہ ترقي نہوئي ہوگي ہاں علوم نقلیہ کا یہہ تنزل ہوا کہ ایسا تنزل بھي کسي کارخانہ میں نہوا ہوگا ایسے وقت میں رعایا کو مدارس علوم جدیدہ کا بنانا تحصیل لاحاصل نظر آیا اور صرف بجانب علوم نقلي اور نیز اُن علوم کي طرف جن سے استعداد علوم نقلي اور استعداد علوم جدیدہ بھي یقیناً حاصل ہوتي ہی ضروري سمجھا گیا دوسرے یہہ کہ زمانہ واحد میں علوم کثیرہ کي تحصیل سب علوم کے حق میں باعث نقصان استعداد رہتي ہی ہاں بعد تحصیل فنون دانشمندي جس کو خاص تحصیل استعداد ہي کے لیئے تجویز کیا ہی اگر اور فنون قدیمہ و جدیدہ کو حاصل کیا جاویگا تو البتہ مقدار زمانہ تحصیل برابر رہیگا اگر تقدیم تاخیر سے مطلب بخوبي حاصل ہوگا استعداد ہر علم کي بخوبي حاصل ہوگي اس لیئے علوم نقلیہ اور ان کے ساتھہ علوم دانشمندي کو داخل تحصیل کیا اس کے بعد اگر طلباء مدرسہ ہذا مدارس سرکاري میں جاکر علوم جدیدہ کو حاصل کریں تو اُن کے کمال میں یہہ بات زیادہ مؤید ہوگي کاش گورنمنٹ ہند بھي قید عمر طلباء تو داخل کو اوڑا دیں تاکہ یہہ رفاہ عام عام رہے اور سرکار کو بھي معلوم ہو کہ استعداد اسے کہا کرتے ہیں " *

پس ہم جو مدرسۃالعلوم قایم کرتے ہیں ہمارا مقصد بھي یہي ہی جو جناب مولوي صاحب ممدوح نے فرمایا ہی کہ مسلمانوں کے لیئے علوم دیني اور علوم دانشمندي اور علوم و فنون جدیدہ کا سامان مہیا کیا جاوے *

مگر ہمکو یہہ بات تسلیم نہیں ہی کہ مدارس سرکاري میں علوم جدیدہ کي تعلیم بکثرت جاري ہی بلکہ در حقیقت کچھہ نہیں ہی جو بالفرض اگر ہم تسلیم بھي کر لیں تو علوم دیني اور علوم دانشمندي و علوم و فنون جدیدہ کي تعلیم گاہوں کا جداگانہ ہونا کچھہ مفید نہیں ہی اور اس لیئے ضرور ہی کہ وہ سب ایک جگہہ جمع کي جاویں تاکہ انتظام واحد سے ہو شخص بقدر اپني استعداد اور خواہش کے جس علم کو چاہے حاصل کرے یہہ خیال کرنا کہ ایک مدرسہ میں سے ایک قسم کے علوم کي تکمیل کرکر دوسري قسم کے مدرسہ میں داخل ہوں تجربہ کي رو سے درست نہیں ہے اس لیئے کہ جب عمر تحصیل علوم کي نکل جاتي ہی تو پھر کچھہ حاصل نہیں ہوتا غرض کہ ہمارے مقصد و جناب مولوي صاحب کي گفتگو میں بالکل اتحاد پایا جاتا ہی ہمارا یہہ مقصد ہی کہ جن چیزوں کي ضرورت جناب ممدوح نے فرمائي ہی وہ سب ایک جگہہ جمع کي جاویں تاکہ جس کو جس کي ضرورت ہی وہ اُس کو ملے *

راقم
سید احمد

اِلتماس

بخدمت خریداران تہذیب الاخلاق

جو کہ سال سنہ ۱۲۹۰ ہجري عنقریب ختم ہونے کو ہی اور بموجب قاعدہ معینہ کے سال آیندہ یعني سنہ ۱۲۹۱ ہجري کا روپیہ پیشگي آنا چاہیئے لہذا التماس ہی کہ قبل اختتام ماہ ذیحجہ سنہ ۱۲۹۰ ہجري زر قیمت پرچہ بابت سال آیندہ عنایت ہووے بعد اختتام ماہ مذکور تا آیے زر پیشگي کے اجراے پرچہ کا آپ کے نام پر ملتوي رہیگا *

سید احمد
منیجر تہذیب الاخلاق

بمقام علیگڈھ — مطبع علیگڈھ انسٹیٹیوٹ میں چھپا اور حافظ محمد عبدالرزاق کے اہتمام سے شایع ہوا